NOT FOR SALE

TG TET

مطالعاتی مواد (پرچۂ دوم)

ریاضی و سائنس



مرکز تعلیمی ترقی برائے اقلیتی طبقات

جامعہ عثمانیہ

محکمہ اقلیتی بہبود، حکومت تلنگانہ

احاطہ نظام کالج، گن فاؤنڈری، حیدرآباد۔500 001 فون نمبر: 040-23210316

TG TET

اہلیتی امتحان برائے اساتذہ

ریاضی و سائنس

(مطالعاتی مواد)

پرچہ دوم

مرکز تعلیمی ترقی برائے اقلیتی طبقات

جامعہ عثمانیہ

محکمہ اقلیتی بہبود، حکومت تلنگانہ

احاطہ نظام کالج، گن فاؤنڈری، حیدرآباد۔ 001 500 فون نمبر: 040-23210316

www.tgcedm.com, E-mail:cedm_ou@yahoo.com

اس کتاب کی خرید و فروخت ممنوع ہے۔ **NOT FOR SALE**

مجلس ادارت

مدیر اعلیٰ: پروفیسر ایس۔اے۔شکور
ڈائرکٹر مرکز تعلیمی ترقی برائے اقلیتی طبقات' CEDM جامعہ عثمانیہ
محکمہ اقلیتی بہبود، حکومت تلنگانہ

شریک مدیران: ڈاکٹر سید اسرار احمد، پروجکٹ آفیسر مرکز تعلیمی ترقی برائے اقلیتی طبقات' CEDM' جامعہ عثمانیہ
عبدالکاظم، پراجکٹ اسوسی یٹ، مرکز تعلیمی ترقی برائے اقلیتی طبقات' CEDM' جامعہ عثمانیہ
شیخ کریم النساء، پراجکٹ اسوسی یٹ، مرکز تعلیمی ترقی برائے اقلیتی طبقات' CEDM' جامعہ عثمانیہ

مؤلفین

معشوق ربانی' لکچرر ڈائٹ ہنمکنڈہ، ورنگل
احمد علی طیب، اسکول اسسٹنٹ' گورنمنٹ بائز ہائی اسکول' گولکندہ' حیدرآباد
محمد خواجہ مجتہد الدین' اسکول اسسٹنٹ' ضلع پریشد گرلز ہائی اسکول' جنگاؤں' ورنگل
سید نوید اختر' اسکول اسسٹنٹ' گورنمنٹ ہائی اسکول' جہاں نما' حیدرآباد
محمد علیم الدین' ضلع پریشد اسکول' پتلور' مرپلی' رنگاریڈی
اسماء سلطانہ' گورنمنٹ ہائی اسکول' کوہیر' میدک
سید واجد محی الدین، اسکول اسسٹنٹ، گورنمنٹ بائز ہائی اسکول، کاچی گوڑہ، حیدرآباد
سید عمران، اسکول اسسٹنٹ، گورنمنٹ ہائی اسکول، ناگرکرنول
محمد محمود علی، اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشد ہائی اسکول، 2B گڑی، ظہیرآباد

جملہ حقوق محفوظ بحق مرکز تعلیمی ترقی برائے اقلیتی طبقات' CEDM' جامعہ عثمانیہ' حیدرآباد۔

کمپوزنگ: محمد ذکی الدین لیاقت' ممتاز کمپیوٹرس' شاہ گنج' حیدرآباد فون: 9848615340
سارہ فاروقی' کمپیوٹر پروگرامر' CEDM' حیدرآباد

اس کتاب کی خرید و فروخت ممنوع ہے۔ NOT FOR SALE

CENTRE FOR EDUCATIONAL DEVELOPMENT OF MINORITIES
Osmania University
(Sponsored by Minorities Welfare Department, Govt. of Telengana)
Nizam College Campus, Hyderabad - 500 001.
Website: www.tscedmou.com, e-mail: cedm_ou@yahoo.com

Prof. S.A. SHUKOOR
M.A. M.Phil., Ph.D.
DIRECTOR

پیش لفظ

مسابقتی امتحانات دورحاضر کی ایک ناقابل انکار حقیقت ہے اوران میں بہترنشانات ہی کامیابی کے ضامن ہوتے ہیں۔عموماًیہ دیکھا گیا ہے کہ اقلیتی امیدوارتعلیمی قابلیت وصلاحیت کے حامل ہونے کے باوجود حصول ملازمت میں پیچھے رہ جاتے ہیں۔حالات حاضرہ،نمونہ سوالات،اور جواب دینے کے طریقہ کارسے عدم واقفیت اس کی اہم وجہ رہی ہے۔خصوصاًاردومیڈیم سے تعلیم یافتہ امیدوارمسابقتی امتحانات کے لئے درکارمعیاری مواد کی عدم دستیابی اورمناسب رہنمائی نہ ہونے کی وجہ سے احساس کمتری کا شکارہوکرمسابقتی امتحانات میں شرکت سے گریز کررہے تھے۔ چنانچہ حکومت تلنگانہ نے محکمہ اقلیتی بہبود کے توسط سے جامعہ عثمانیہ کو یہ ذمہ داری سونپی کہ مسابقتی امتحانات میں اقلیتوں کی شرکت اورکارکردگی کوبہتر بنانے اوران میں خوداعتمادی پیدا کرنے کے لئے مناسب تدابیر اختیارکی جائیں۔چنانچہ اس اہم مقصد کے حصول کے لئے جامعہ عثمانیہ نے 1994ءنظام کالج میں سنٹرفارایجوکیشنل ڈیولپمنٹ آف لقنارٹیز(CEDM) قائم کیا۔ جہاں مسابقتی امتحانات میں اقلیتوں کی شرکت اورکامیابی کے امکانات کوبہتر بنانے کے لئے نہ صرف مفت کوچنگ دی جاتی ہے بلکہ مطالعاتی مواد بھی فراہم کیا جاتا ہے جس کے نتائج کافی حوصلہ افزاءرہے ہیں۔

مرکزتعلیمی ترقی برائے اقلیتی طبقات،عثمانیہ یونیورسٹی کی جانب سے حصول ملازمت کے لئے DSC/TRT مسابقتی امتحانات میں شرکت کرنے والے اقلیتی امیدواروں کومفت کوچنگ دینے کے علاوہ حصول داخلہ کے امتحانات NEET ، EAPCET(AM)، EAPCET(E)، ICET، POLY-CET، ECET، Ed-CET، DEECET، LAWCET وغیرہ کے لئے بھی حیدرآباد کے علاوہ دیگراضلاع پرنہ صرف مفت کوچنگ دی جارہی ہے بلکہ مطالعاتی مواد بھی فراہم کیا جارہا ہے جس کے خاطرخواہ اورمثبت نتائج برآمد ہورہے ہیں۔حکومت تلنگانہ نے سال میں دومرتبہ TGTET امتحان منعقدکرنے کا اعلان کیا ہے۔چنانچہ مرکزتعلیمی ترقی برائے اقلیتی طبقات' عثمانیہ یونیورسٹی'CEDM کی جانب سے ریاست تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں TET اردومیڈیم امیدواروں کے لیے نہ صرف مفت کوچنگ کا اہتمام کیا گیا ہے بلکہ انھیں مطالعاتی مواد بھی مفت فراہم کیا جارہا ہے۔یہ تعلیمی مواد جدید نصاب کے مطابق ماہراساتذہ کی مدد سے تیارکیا گیا ہے جویقیناً کارآمد ثابت ہوگا۔لیکن یادرہے کہ کامیابی کے لئے ہماری اس کاوشوں کے ساتھ ساتھ امیدواروں کی سنجیدہ کوشش اورشخصی دلچسپی بھی ضروری ہے۔ہم ان تمام اساتذہ کے شکرگذار ہیں جنہوں نے اس کتاب کی تیاری کے لئے قلمی تعاون کیا۔

پروفیسرایس۔اے۔شکور

ڈائرکٹر

تاریخ: یکم/جون2026ء

TS TET (Paper -II)

فہرست مضامین

ریاضی 1 - 271

سائنس 272-586

نمونہ پرچہ سوالات 587-603

Paper - II

Scheme of Examination

سلسلہ نشان	مضمون	سوالات	نشانات
1)	بچوں کی نشوونما، اکتساب، تدریس	30	30
2)	اردو (زبانِ اول) مواد مضمون وطریقہ تدریس	30	30
3)	انگریزی (زبانِ دوم) مواد مضمون وطریقہ تدریس	30	30
4)	ریاضی و سائنس مواد مضمون وطریقہ تدریس	60	60
	جملہ	150	150

1. عددی نظام (Number System)

1. **طبعی اعداد (Natural Numbers)**: اعداد کا شمار ایک اہم اور ضروری مرحلہ ہے جو زمانہ قدیم سے رائج ہے۔ دوران شمار ہم اعداد یا ہندسوں کو جیسے 1,2,3,..... وغیرہ سے تعبیر کرتے ہیں۔ ان اعداد کو ''طبعی اعداد'' کا نام دیا گیا ہے۔ جس کو انگریزی کے جلی حرف N سے تعبیر کرتے ہیں۔ اس سٹ N کو لامتناہی تک وسعت دے سکتے ہیں۔ $N = \{1,2,3.....\}$

اوپر دیئے گئے اعداد کو طبعی اعداد کا سٹ کہتے ہیں۔

2. **صحیح اعداد (Integers)**: اعداد کا ایسا سٹ جس میں تمام مثبت اور منفی طبعی اعداد کے علاوہ صفر بھی شامل ہوتا ہے ''صحیح اعداد'' کہلاتے ہیں۔ جنہیں "$\mathbb{Z}$" یا "I" سے ظاہر کرتے ہیں۔

$$Z = I = \{.....-3,-2,-1,0,1,2,3,.....\}$$
$$= \{0,\pm 1,\pm 2,\pm 3,\pm 4.....\}$$

3. **کامل اعداد (Whole Numbers)**: مثبت صحیح اعداد کے سٹ میں صفر کو شامل کر دیا جائے تو یہ کامل اعداد کہلاتے ہیں۔ جنھیں "W" سے ظاہر کرتے ہیں:

$$W = \{0,1,2,3.....\}$$

4. **ناطق اعداد (Rational Numbers)**: ایسے اعداد جنہیں $\frac{p}{q}$ جہاں $q \neq 0$ میں لکھا جاتا ہے۔ اس عدد کو ناطق عدد کہتے ہیں۔ یہاں p اور q دونوں بھی اعداد کے لئے استعمال کئے گئے ہیں۔ اس اعداد کے سٹ کو "Q" سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

$$Q = \{2/3, 3/4, 4/5.....\}$$

5. **غیر ناطق اعداد (Irrational Numbers)**: ایسے اعداد جو ناطق نہیں ہوتے یا جو $\frac{p}{q}$ کی شکل میں لکھے جاتے ہیں جہاں او q دونوں صحیح اعداد ہیں، $q \neq 0$ اور $p > q$ ..... $\sqrt{2}, \sqrt{3}, \sqrt{5}$ غیر ناطق اعداد کی مثالیں ہیں۔

6. **طاق اعداد (Odd Numbers)**: ایسے اعداد جن کو 2 سے تقسیم کرنے پر باقی ایک حاصل ہو طاق کہلاتے ہیں۔ یعنی ایسا عدد جو دو سے قابل تقسیم نہیں ہے طاق عدد کہلاتا ہے۔ 1,3,5,7,9.....

7. **جفت اعداد (Even Numbers)**: ایسے اعداد جو 2 سے مکمل طور پر تقسیم ہو جاتے ہیں یعنی 2 سے تقسیم کرنے پر باقی صفر ہو جفت اعداد کہلاتے ہیں۔ 2,4,6,8,10,12,14.....

8. **مفرد اعداد (Prime Numbers)**: ایسے اعداد جو اجزائے ضربی میں تحویل نہیں کئے جا سکتے یا وہی عدد از خود جز ضربی ہو تو اس کو مفرد عدد کہتے ہیں۔ 2,3,5,7,11,13,17,19,23.....

9. **مرکب اعداد (Composite Numbers)**: ایسے اعداد جن کو ایک سے زائد اجزائے ضربی میں تحویل کر کے ظاہر کیا جا سکتا ہے مرکب اعداد کہلاتے ہیں۔

$$4 \quad \begin{matrix} 1\times 4 \\ 2\times 3 \end{matrix} \qquad 15 \quad \begin{matrix} 15\times 1 \\ 5\times 3 \end{matrix}$$

10. **جڑواں مفرد اعداد (Twin Prime Numbers)**: ایسے اعداد کا جوڑ جن میں موجود دونوں اعداد مفرد ہوتے ہیں اور ان کے

درمیان کا فرق 2 ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر 11، 13 اس کے علاوہ 19، 17 وغیرہ۔

11. ملتف اعداد (Complex Numbers): ایسے اعداد جن میں ایک حصہ حقیقی اور دوسرا مجازی ہو اور دونوں کو جمع کی علامت کے ساتھ جوڑ دیا جائے تب اس کو ملتف اعداد کہتے ہیں۔

$a + ib$ جہاں پر a حقیقی عدد

ib مجازی عدد

مشقی سوالات

1) مضروب کہتے ہیں۔

1) عدد جس سے ضرب دیا جائے 2) عدد جس کو ضرب دیا جائے

3) دو اعداد کا حاصل ضرب 4) ان میں سے کوئی نہیں

2) _____ x ضارب = حاصل ضرب

1) ضارب 2) مضروب 3) مفروق 4) مفروق منہ

3) کسی بھی عدد کو 1 سے ضرب دیا جائے تو حاصل ضرب ___ ہوگا۔

1) 1 2) 0 3) خود وہی عدد 4) ان میں سے کوئی نہیں

4) کسی بھی عدد کو 1000 سے ضرب دیا جائے تو اس کے دائیں جانب اتنے صفر کا اضافہ ہوگا۔

1) ایک صفر 2) دو صفر 3) تین صفر 4) چار صفر

5) مقسوم = _____ + (خارج قسمت x مقسوم علیہ)

1) ضرب 2) جمع 3) باقی 4) مقسوم علیہ

6) $(12 \times 8) + _____ = 106$

1) 10 2) 202 3) 12 4) 8

7) $(9 \times ____) + 2 = 92$

1) 10 2) 0 3) 1 4) 3

8) تین متصل اعداد کا حاصل ضرب عدد _____ سے قابل تقسیم ہوتا ہے۔

1) 5 2) 4 3) 6 4) 8

9) اگر کسی عدد کے اکائی مقام پر 8,6,4,2,0 ہو تو یہ عدد _____ سے پورا پورا تقسیم ہوگا۔

1) 2 2) 3 3) 4 4) 5

10) ایک عدد _____ سے قابل تقسیم اس وقت ہوتا ہے جب اس کے اکائی کے مقام پر '0' ہو۔

1) 2 2) 5 3) 10 4) 11

11) ہرعدد 5 سے قابل تقسیم اس وقت ہوگا جب اس کے اکائی مقام پر _____ اور _____ ہو۔

1) 2اور0 2) 3اور0 3) 4اور0 4) 5اور0

12) اگر عدد کے ہندسوں کا مجموعہ _____ سے مکمل طور پر تقسیم ہوتب وہ عدد 3 سے مکمل طور پر قابل تقسیم ہوتا ہے۔

1) 2 2) 3 3) 4 4) 5

13) اگر ایک عدد 2 اور 3 سے پورا پورا تقسیم ہوتا ہوتو وہ عدد _____ سے بھی پورا پورا تقسیم ہوگا۔

1) 2 2) 6 3) 8 4) 12

14) اگر عدد کے ہندسوں کا مجموعہ _____ سے مکمل طور پر تقسیم ہوتو وہ عدد 9 سے مکمل طور پر تقسیم ہو جاتا ہے۔

1) 9 2) 3 3) 6 4) 8

15) کسی بھی عدد کا باقی ___ ہوتو مقسوم علیہ اور خارج قسمت جز ضربی کہلائیں گے اس عدد کے

1) 1 2) 0 3) 2 4) 5

جوابات KEY

1 - 2	2 - 2	3 - 3	4 - 3	5 - 3	6 - 1	7 - 1	8 - 3	9 - 1	10 - 3
11 - 4	12 - 2	13 - 2	14 - 1	15 - 2					

مفرد اعداد اور غیر مفرد اعداد Prime Numbers and Composite Numbers

1) ایسے اعداد جن کے اجزائے ضربی 1 اور وہ خود ہوں۔ مفرد اعداد کہلاتے ہیں۔ (یا)
ایسے اعداد جو سوائے خود اپنے عدد کے اور عدد 1 کے کسی اور عدد سے تقسیم نہ ہوتے ہوں مفرد اعداد کہلاتے ہیں

2) اعداد 1 اور 100 کے درمیان 25 مفرد اعداد ہیں۔ جو یہ ہیں۔

2,3,5,7,11,13,17,19,23,29,31,37,41,43,47,53,59,61,67,71,73,79,83,89,97

3) اقل ترین مفرد عدد 2 ہے۔

4) 2 واحد جفت مفرد عدد ہے۔

5) 1 ایسا عدد ہے جو نہ مفرد ہے اور نہ غیر مفرد۔

6) مفرد اعداد کا آسان طریقہ یونانی ریاضی داں ''ایراٹوستھس'' نے بتلایا تھا اور اس طریقے کو ایراٹوستھیس کی چھلنی کہا جاتا ہے۔

7) ایسے اعداد جو مفرد نہیں ہوتے غیر مفرد (Composite Numbers) اعداد کہلاتے ہیں۔ جیسے 4، 6، 8 وغیرہ

8) اضافی مفرد اعداد یا ہم مفرد اعداد (Relatively Prime) اعداد کی جوڑی جس میں مشترک جز ضربی سوائے '1' کے کوئی دوسرا عدد نہ ہو ایسے اعداد اضافی مفرد اعداد کہلاتے ہیں۔ جیسے (i) 3,2 (ii) 15,8 وغیرہ

9) اضافی مفرد اعداد کی جوڑی میں دونوں اعداد مفرد بھی ہوتے ہیں یا دونوں بھی غیر مفرد۔ یا ایک عدد مفرد اور دوسرا غیر مفرد ہو سکتا ہے۔

10) جڑواں مفرد اعداد (Twin Primes) ایسی مفرد اعداد کی جوڑی جن کا فرق '2' ہو جڑواں مفرد اعداد کہلاتے ہیں۔
(i) 5,7 (ii) 3,5 (iii) 11,13 (iv) 17,19 وغیرہ

مشقی سوالات

1) واحد جفت مفرد عدد.....؟

1) 4 2) 0 3) 2 4) 6

2) جفت مفرد اعداد کی تعداد.....؟

1) 2 2) 1 3) 4 4) 3

3) وہ عدد جو مفرد ہے اور نہ غیر مفرد۔

1) 1 2) 2 3) 3 4) 4

4) اضافی مفرد اعداد کی جوڑی کی ایک مثال۔

1) 3,6 2) 2,8 3) 9,16 4) 30,32

5) ذیل میں جڑواں مفرد اعداد کی جوڑی کونسی ہے۔

1) 31,33 2) 31,29 3) 31,39 4) 31,37

6) ذیل میں جڑواں مفرد اعداد کی جوڑی نہیں ہے۔

1) 7,5 2) 10,9 3) 19,17 4) 31,29

7) سب سے چھوٹا مفرد عدد۔

1) 2 2) 1 3) 0 4) 3

8) مفرد اعداد کو حاصر کرنے کا آسان طریقہ بتلانے والا ریاضی داں؟

1) نیوٹن 2) بھاسکراچاریہ 3) رامانجن 4) ایراٹوستھیس

9) اعداد 1 تا 20 کے درمیان موجود تمام مفرد اعداد کا مجموعہ

1) 67 2) 72 3) 74 4) 77

10) مفرد اعداد کی ایسی جوڑی جن کے درمیان 2 کا فرق ہو کہلاتا ہے۔

1) کامل اعداد 2) ہم مفرد اعداد 3) جڑواں مفرد اعداد 4) طبعی اعداد

جوابات KEY

1 - 3	2 - 2	3 - 1	4 - 3	5 - 3	6 - 2	7 - 1	8 - 3	9 - 1	10 - 3

اضعاف اور اجزائے ضربی Multiples & Factors

مشقی سوالات

1) 18 کے اجزائے ضربی ہوتے ہیں۔

1) 1,2,3,6,18 2) 1,2,3,6,9,18 3) 3,6,18 4) 18

2) 2 کے تمام اضعاف کہلاتے ہیں۔

1) طاق اعداد 2) طبعی اعداد 3) مکمل اعداد 4) جفت اعداد

3) جملہ طلبہ کی تعداد بتلایئے جبکہ اس کی قدر میں 5 جمع کرنے پر وہ 12، 18 اور 15 کے مساوی گروپ تشکیل دیا جا سکے۔

1) 175 2) 180 3) 165 4) 170

4) اقل ترین عدد کیا ہوگا جس میں 3 جمع کرنے پر وہ 15، 21 اور 25 سے مکمل طور پر تقسیم ہوتا ہے۔

1) 399 2) 501 3) 525 4) 522

5) 42,48 کا (ع۔ا۔م) کیا ہوگا۔

1) 5 2) 6 3) 7 4) 8

6) 14,18,21 کا (ذ۔ا۔م) کیا ہوگا۔

1) 136 2) 126 3) 130 4) 18

7) ایک تاجر کے پاس 120 لیٹر، 180 لیٹر، 240 لیٹر تین قسم کے تیل ہیں تاجر تینوں قسم کے تیل کو ایک ہی حجم والے ڈبوں میں بھرنا چاہتا ہے ایسے ڈبے کا بڑے سے بڑا حجم کیا ہوگا۔

1) 30 2) 60 3) 90 4) 120

8) اگر a اور b کوئی دو طبعی اعداد ہوں اور L اور G ان کے ترتیب وار (ا۔م۔ض) اور (ع۔ا۔م) ہوں تو

1) $a\times b=L+G$ 2) $a\times b=L\times G$ 3) $a+b=L+G$ 4) $a+b=L\times G$

9) 12 اور 24 کا (ذ۔ا۔م) 180 اور (ع۔ا۔م) 6 ہے اگر ایک عدد 36 ہو تو دوسرا عدد ہوگا۔

1) 40 2) 45 3) 30 4) 35

10) دو اعداد کا (ذ۔ا۔م) 180 اور (ع۔ا۔م) 6 ہے اگر ایک عدد 36 ہو تو دوسرا ہوگا۔

1) 40 2) 45 3) 30 4) 35

جوابات KEY

1 - 2	2 - 4	3 - 1	4 - 4	5 - 2	6 - 2	7 - 2	8 - 2	9 - 2	10 - 3

مفرد اعداد اور اس کے اقسام

1. **مفرد اعداد (Prime Numbers):** ایسے اعداد جن کے اجزائے ضربی 1 اور وہ خود ہوں (یا) ایسے اعداد جو سوائے خود اپنے عدد کے اور عدد 1 کے کسی اور عدد سے تقسیم نہ ہوتے ہوں۔ مفرد اعداد کہلاتے ہیں۔
2. **غیر مفرد اعداد (Composite Numbers):** ایسے اعداد جو مفرد نہ ہوں غیر مفرد اعداد کہلاتے ہیں۔
3. **جڑواں مفرد اعداد (Twin Primes):** مفرد اعداد کی ایسی جوڑیاں جن کا فرق 2 ہوتا ہے۔ جڑواں مفرد اعداد کہلاتے ہیں۔

   جیسے (i) 5,3 (ii) 7,5 (iii) 13,11 وغیرہ۔
4. **اضافی مفرد اعداد (یا) ہم مفرد اعداد (Co-Primes (or) Relatively Primes):** جب کوئی دو اعداد کا مشترک جز ضربی (سوائے 1 کے) نہیں ہوتا ہو تو ان اعداد کی جوڑی کو اضافی مفرد اعداد کہتے ہیں۔

   جیسے (i) 2، 5 (ii) 2، 7 (iii) 17، 18 وغیرہ۔

5. جفت عدد کی عام شکل 2n ہے۔

6. طاق اعداد کی شکل 2n + 1 ہے۔

مربع و جذرالمربع

7. ایک مربع اکائی ایک ایسا مربع ہے جس کا ضلع '1' اکائی ہے۔

8. **کامل مربع (Perfect Square):** ایک عدد کو اس عدد سے ضرب دینے پر جو حاصل ضرب ہوتا ہے وہ کامل مربع کہلاتا ہے۔ جیسے $2\times2=4$، $3\times3=9$، $4\times4=16$، 4، 9 اور 16 کامل مربع ہیں۔

9. ایسے اعداد جن کے اکائی مقام پر 2، 3، 7 یا 8 ہو کامل مربع نہیں ہو سکتے۔

10. اسی طرح ایسے اعداد جن کے اکائی مقام پر 0، 1، 4، 5، 6 یا 9 ہو۔ اس طرح کے اعداد ہی کامل مربع ہو سکتے ہیں لیکن یہ ضروری نہیں کہ ہر وہ عدد جس کے اکائی مقام پر 0، 1، 4، 5، 6 یا 9 ہو۔ کامل مربع ہو۔

11. Palindrome وہ لفظ ہے جو کسی فقرے، جملہ یا عدد کو سیدھا یا اُلٹا پڑھنے پر بھی وہی پڑھا جائے گا۔ مثلاً 121، 1321 وغیرہ۔

12. **جذرالمربع (Square root):** اگر ایک مربع عدد کو دو مساوی اعداد کے حاصل ضرب کے طور پر ظاہر کیا جائے تو وہ 'جز' اس مربع عدد کا جذرالمربع کہلائے گا۔

13. 2 اور 2- دونوں کا مربع 4 ہی ہے اسی طرح 4 کے جذرالمربع 2 اور 2- ہوں گے۔

14. اسی طرح $\sqrt{1}=\pm1$

$$\sqrt{4}=\pm2$$
$$\sqrt{9}=\pm3$$
$$\sqrt{16}=\pm4$$
$$\sqrt{25}=\pm5$$
$$\sqrt{36}=\pm6$$
$$\sqrt{49}=\pm7$$
$$\sqrt{64}=\pm8$$
$$\sqrt{81}=\pm9$$

$\sqrt{100}=\pm10$ وغیرہ۔

15. جذرالمربع کو (3) طریقوں سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

(i) متواتر طاق اعداد کی تفریق کے ذریعہ

(ii) اجزائے ضربی کے طریقے سے

(iii) تقسیم کے طریقے سے

مکعب و جذر المکعب

16. **مکعب:** ایک مکعب 6 پہلو رکھنے والا مجسم ہوتا ہے۔
17. **کامل مکعب یا مکعبی اعداد:** 2 کو 3 مرتبہ ضرب دینے پر 8 حاصل ہوتا ہے یعنی $2\times2\times2=8$
اسی طرح 3 کو 3 مرتبہ ضرب دینے پر 27 حاصل ہوتا ہے۔ یعنی $3\times3\times3=27$
یہاں 8 اور 27 کامل مکعب یا مکعبی اعداد کہلاتا ہے۔
18. ایک عدد کو اسی عدد سے 3 مرتبہ ضرب دینے پر جو حاصل ضرب ہوتا ہے وہ دیئے گئے عدد کا مکعبی اعداد یا کامل مکعب کہلاتا ہے۔
19. x کا مکعب x^3 ہوگا۔ کیونکہ $x\times x\times x=x^3$
20. کسی جفت عدد کا مکعب بھی جفت ہی ہوگا۔
21. اسی طرح کسی طاق عدد کا مکعب بھی طاق ہی ہوگا۔
22. اگر کسی عدد میں اکائی کا ہندسہ 1 ہو تو مکعب بھی ایک ہی پر ختم ہوگا۔
23. کسی بھی عدد کے اکائی مقام پر جو ہندسہ ہوگا اس عدد کے مکعب کے اکائی مقام پر بھی وہی ہندسہ ہوگا۔

جذرالمکعب CUBE ROOTS

24. اگر 2 کا مکعب 8 ہو تو 8 جذرالمکعب کہلاتا ہے 2 کا۔
25. اگر 4 کا مکعب 64 ہو تو 64 جذرالمکعب ہوتا ہے 4 کا۔
26. ہم اسے $\sqrt[3]{64}=4$ سے ظاہر کرتے ہیں۔
27. $\sqrt[3]{\ }$ کی علامت جذرالمکعب کی علامت کہلاتی ہے۔
28. کوئی عدد x دوسرے عدد y کا جذرالمکعب کہلائے گا۔ جب کہ $y=x^3$ تب $x=\sqrt[3]{y}$ ہو۔
29.

مکعب	جدرالمکعب
$1^3=1$	$\sqrt[3]{1}=1$
$2^3=8$	$\sqrt[3]{8}=2$
$3^3=27$	$\sqrt[3]{27}=3$
$4^3=64$	$\sqrt[3]{64}=4$
$5^3=125$	$\sqrt[3]{125}=5$
$6^3=216$	$\sqrt[3]{216}=6$

اصم (Surd)

1. اگر n ایک مثبت مکمل عدد سے ایک سے بڑا ہے اور a ایک مثبت ناطق عدد ہے مگر n ویں قوت کے کا ناطق عدد نہیں ہے تب $\sqrt[n]{a}$ یا $a^{\frac{1}{2}}$ میں n رتبہ ہوگا۔ یا مختصراً a کا n واں جذر اصم کہلاتا ہے۔
2. جذر میں پائے جانے والے اساس اور $\sqrt[n]{\ }$ کو قوت نما کی علامت کہتے ہیں اور n کو اساس کی قوت یا رتبہ کہا جاتا ہے۔
3. $\sqrt{2}$ ، $\sqrt{3}$ ، $\sqrt[3]{9}$ وغیرہ اصم کی اقسام ہیں۔

4. اگر $a^{\frac{1}{n}}$ قوت نمائی شکل ہوتو $\sqrt[n]{a}$ اصم کی شکل ہے

5. نسب نما کو ناطق بنانے کے لئے $\frac{1}{\sqrt{a}+b}$ کو $\frac{\sqrt{a}-b}{\sqrt{a}-b}$ سے ضرب دیا جاتا ہے۔ جہاں a اور b مکمل اعداد ہیں۔

6. اگر n ایک طبعی عدد ہے لیکن کامل مربع ہے تب $\sqrt{n}$ ایک ناطق عدد ہے۔

7. اگر q ایک ناطق عدد ہے s ایک غیر ناطق عدد ہے تب $q+s$ ، qs اور $\frac{q}{s}$ ناطق اعداد ہوں گے۔

8. $\sqrt{ab} = \sqrt{a}\sqrt{b}$

9. $\sqrt{\frac{a}{b}} = \frac{\sqrt{a}}{\sqrt{b}} \quad (b \neq 0)$

10. $\left(\sqrt{a}+\sqrt{b}\right)\left(\sqrt{a}-\sqrt{b}\right) = a-b$

11. $\left(a+\sqrt{b}\right)\left(a-\sqrt{b}\right) = a^2-b$

12. $\left(\sqrt{a}+\sqrt{b}\right)^2 = a+2\sqrt{ab}+b$

مشقی سوالات

1. طبعی عدد کو اس انگریزی حرف سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

N (1) Z (2) W (3) Q (4)

2. مکمل اعداد کو انگریزی کے اس حرف تہجی سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

N (1) Z (2) W (3) Q (4)

3. اعظم ترین طبعی عدد

0 (1) 1 (2) −1 (3) (4) وجود نہیں رکھتا

4. اقل ترین طبعی عدد

0 (1) 1 (2) −1 (3) (4) وجود نہیں رکھتا

5. اقل ترین مکمل عدد

0 (1) 1 (2) −1 (3) (4) وجود نہیں رکھتا

6. اعظم ترین مکمل عدد

0 (1) 1 (2) −1 (3) (4) وجود نہیں رکھتا

7. اقل ترین صحیح عدد

0 (1) 1 (2) −1 (3) (4) وجود نہیں رکھتا

8. وہ عدد جو نہ مثبت ہے اور نہ منفی

0 (1) 1 (2) −1 (3) (4) وجود نہیں رکھتا

9. ناطق اعداد کو ظاہر کیا جاتا ہے

Q (1) N (2) Z (3) W (4)

10. ..... 2.333 ایک عدد ہے

(1) اعشاری عدد (2) ناطق عدد (3) غیر ناطق عدد (4) مکمل عدد

11. عدد ..... 1.4142135624 ایک عدد ہے

(1) اعشاری عدد (2) ناطق عدد (3) غیر ناطق عدد (4) مکمل عدد

12. ..... 5.333 میں دوریت کیا ہے

3 (1) 2 (2) 1 (3) 0 (4)

13. اگر a اور b صحیح اعداد ہوں تو $a+b=b+a$ صحیح اعداد کی اس جمع کو کہتے ہیں۔

(1) بندشی خاصیت (2) انتشاری خاصیت (3) تلازمی خاصیت (4) تقلیبی خاصیت

14. عمل تفرق کے تحت ناطق اعداد میں یہ خاصیت نہیں پائی جاتی

(1) بندشی خاصیت (2) انتشاری خاصیت (3) تلازمی خاصیت (4) تقلیبی خاصیت

15. حسب ذیل میں مفرد عدد ہے

1 (1) 39 (2) 2 (3) 69 (4)

16. ایراٹوسیتھنس کی چھلنی سے ان اعداد کو معلوم کیا جاتا ہے

(1) ناطق اعداد (2) مفرد اعداد (3) غیر مفرد اعداد (4) جڑواں مفرد اعداد

17. حسب ذیل میں وہ عدد جو مفرد ہے اور نہ غیر مفرد

0 (1) 1 (2) 2 (3) 5 (4)

18. جفت مفرد اعداد کی تعداد ہوتی ہے

0 (1) 1 (2) 2 (3) 5 (4)

19. ذیل میں غیر مفرد عدد نہیں ہے

14 (1) 15 (2) 12 (3) 2 (4)

20. 1 اور 100 کے درمیان غیر مفرد اعداد کی تعداد ہوتی ہے

25 (1) 73 (2) 74 (3) 75 (4)

21. ذیل میں جڑواں مفرد اعداد کی مثال ہے

7,11 (1) 2,3 (2) 13,11 (3) 5,13 (4)

22. اضافی مفرد اعداد کی ایک مثال

8,4 (1) 17,34 (2) 8,15 (3) 2,4 (4)

23. ذیل میں دو ہندسی عدد ہے

xy (1) $10x+y$ (2) $x+10y$ (3) $10x-y$ (4)

24. حسب ذیل میں کامل مربع ہے

4356 (1) 3906 (2) 1442 (3) 7868 (4)

25. حس ذیل میں کونسا عدد کامل مربع نہیں ہوسکتا

12544 (1) 309136 (2) 48782 (3) 13689 (4)

26. 6082 کسی بھی صورت میں کامل مربع نہیں ہوسکتا۔اس کی وجہ
(1) ایک جفت عدد ہے (2) ایک مکمل عدد ہے (3) اکائی کے مقام پر 6 ہے (4) اکائی کے مقام پر 2 ہے

27. عدد 4567654 کہلاتا ہے
(1) PALINDROME (2) جادوئی عدد (3) ایک طویل عدد (4) غیر ناطق عدد

28. PALINDROME کا مطلب
(1) سات ہندسی عدد (2) ہندسوں کو الٹنے پر بھی عدد میں کوئی فرق نہ آئے
(3) ہندسوں کو الٹنے پر عدد کی قدر میں اضافہ ہوجائے (4) ہندسوں کو الٹنے پر عدد کی قدر میں کمی ہوجائے

29. $\sqrt{49}$ کا جذر المربع متواتر طاق اعداد کی تفریق کے ذریعہ معلوم کرنا ہو تو کتنے مراحل طئے کرنا ہوگا
1 (1) 3 (2) 5 (3) 7 (4)

30. $\sqrt{484}$ کا جذر المربع
22 (1) 28 (2) 30 (3) 32 (4)

31. حسب ذیل کی کونسی خالی جگہ $\sqrt{11236}$ کا جذر المربع ہوسکتی ہے
(1) 4 ___ (2) 2 ___ (3) 8 ___ (4) 6 ___

32. وہ اقل ترین عدد جس سے 720 کو ضرب دینے پر وہ کامل مربع بن جائے
3 (1) 4 (2) 5 (3) 6 (4)

33. گورنمنٹ ہائی اسکول کالی کمان حیدرآباد کی روزانہ کی اسمبلی میں ہر کالم میں جتنے طلباء ہوتے ہیں اتنے ہی کالم اسمبلی میں ہوتے ہیں اگر طلباء کی جملہ تعداد 529 ہو تو ہر کالم میں موجود طلباء کی تعداد ہوگی
21 (1) 22 (2) 23 (3) 12 (4)

34. $\sqrt{53.29} = ?$
7.3 (1) 71 (2) 7.7 (3) 6.3 (4)

35. افراح اپنے باغ میں 230 پودے مربعی حصّے پر لگانا چاہتی ہے۔ایسا کرنے پر 5 پودے بچ جاتے ہیں۔ ہر صف میں افراح کے لگائے گئے پودوں کی تعداد
10 (1) 15 (2) 20 (3) 25 (4)

36. $\sqrt{86}$ کی اقل ترین قدر
9.2736184.. (1) 9.0553851.. (2) 9.16515.. (3) 9.0553851.. (4)

37. شکل میں کتنے مکعب استعمال کئے گئے ہیں۔
12 (1) 8 (2) 24 (3) 16 (4)

38. کسی عدد کو اسی عدد سے تین مرتبہ ضرب دینے پر حاصل ہوتا ہے
(1) مربع عدد (2) x^3 (3) $3x$ (4) مکعب عدد

39. ذیل میں ایک کامل مکعب ہے
81 (1) 16 (2) 125 (3) 1296 (4)

40. ذیل میں کامل مکعب نہیں ہے
1296 (1) 216 (2) 64 (3) y^3 (4)

41. کسی جفت عدد کا مکعب ہمیشہ ہوتا ہے

(1) طاق عدد (2) مفرد عدد (3) جفت عدد (4) منفی عدد

42. کسی منفی عدد کا مکعب ہمیشہ ہوتا ہے

(1) منفی عدد (2) مثبت عدد (3) مکمل عدد (4) طبعی عدد

43. 1 اور 100 کے درمیان مکعبوں کی تعداد؟

(1) 10 (2) 6 (3) 3 (4) 5

44. 1 اور 100 کے درمیان سب سے بڑا مکعب عدد؟

(1) 96 (2) 64 (3) 81 (4) 27

45. 1 اور 1000 کے درمیان سب سے بڑا مکعب عدد؟

(1) 1000 (2) 729 (3) 991 (4) 512

46. 1 اور 100 کے درمیان مکعب عدد کی تعداد؟

(1) 7 (2) 9 (3) 8 (4) 10

47. 1 اور 50 کے درمیان یہ مکعب اعداد ہوتے ہیں

(1) 1,8,27 (2) 8,27 (3) 8,27,36 (4) 8,27,49

48. وہ اقل ترین عدد جس سے 2560 کو ضرب دینے پر حاصل ضرب کامل مکعب بن جاتا ہے

(1) 5 (2) 25 (3) 10 (4) 6

49. $\sqrt[3]{\ }$ یہ علامت کہلاتی ہے

(1) جذر المربع (2) جذر المکعب (3) 3 کا جذر (4) 2 کا جذر

50. 42875 کا جذر المکعب ہوتا ہے

(1) 34 (2) 35 (3) 45 (4) 25

51. $\sqrt[3]{13824} = ?$

(1) 22 (2) 24 (3) 23 (4) 21

52. دو ہندسی عدد جو مربع اور مکعب دونوں ہو

(1) 36 (2) 27 (3) 64 (4) 100

جوابات KEY

1-1	2-3	3-4	4-2	5-1	6-4	7-4	8-1	9-1	10-2
11-3	12-1	13-1	14-3	15-3	16-2	17-2	18-2	19-4	20-2
21-3	22-3	23-2	24-1	25-3	26-4	27-1	28-2	29-4	30-1
31-4	32-3	33-3	34-1	35-4	36-1	37-2	38-4	39-3	40-1
41-3	42-1	43-3	44-2	45-2	46-3	47-2	48-2	49-2	50-2
51-1	52-3								

فیثاغورثی اعداد (Pythagorean Triplets)

1)	3, 4, 5	14)	42, 56, 70
2)	6, 8 , 10	15)	45, 60, 75
3)	9, 12, 15	16)	48, 64, 80
4)	12, 16, 20	17)	51, 68, 85
5)	15, 20 , 25	18)	54, 72, 90
6)	18, 24, 30	19)	57, 76, 95
7)	21, 28, 35	20)	60, 80, 100
8)	24, 32, 40	21)	63, 84, 105
9)	27, 36, 45	22)	66, 88, 110
10)	30, 40, 50	23)	69, 92, 115
11)	33, 44, 55	24)	72, 96, 120
12)	36, 48, 65	25)	75, 100, 125
13)	39, 52, 70		

مشقی سوالات

1. مندرجہ ذیل میں یہ ایک فیثاغورثی اعداد ہیں

(1) 9, 12, 14 (2) 9, 12, 15 (3) 3, 4, 6 (4) 6, 8, 9

2. اگر فیثاغورثی تین اعداد میں دو اعداد 12, 16 ہیں تب تیسرا عدد ہوگا

(1) 20 (2) 19 (3) 25 (4) 36

3. ان اعداد کو قائم الزاویہ مثلث کے لئے اکائی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے

(1) 6, 8, 10 (2) 9, 12, 15 (3) 15, 20, 25 (4) 3, 4, 5

4. فیثاغورثی اعداد اس مثلث کے لئے صادق ہوتے ہیں

(1) مساوی الاضلاع مثلث (2) قائم الزاویہ مثلث

(3) مساوی الساقین قائم الزاویہ مثلث (4) مختلف الاضلاع مثلث

5. فیثاغورثی اعداد کو حاصل کرنے کے لئے اکائی (3, 4, 5) کی جاتی ہے۔ اگر دسواں فیثاغورثی اعداد حاصل کرنے کے لئے 10 سے ضرب دینے پر حاصل ہونے والے اعداد

(1) 30,40,50 (2) 50, 40, 30 (3) 27, 36, 45 (4) کوئی نہیں

جوابات KEY

1-1	2-3	3-4	4-2	5-1	6-4	7-4	8-1	9-1	10-2

کسور (FRACTIONS)

اہم نکات:

1) کسی شئے کے ایک سے کم حصے کو اس کا کسر کہتے ہیں۔

2) کسر میں اوپری عدد شمار کنندہ اور نچلا عدد نسب نما کہلاتا ہے۔

3) $\frac{2}{3}$ میں 2 شمار کنندہ اور 3 نسب نما کہلاتا ہے۔

4) ایک مکمل شئے کو چار مساوی حصوں میں تقسیم کرنے پر اس کا ہر حصہ ایک چوتھائی یا $\frac{1}{4}$ کہلاتا ہے۔ $\frac{1}{4}+\frac{1}{4}+\frac{1}{4}+\frac{1}{4}=\frac{4}{4}=1$

5) ایک مکمل شئے دو مساوی حصوں میں تقسیم کریں تو ہر حصہ آدھا حصہ کہلاتا ہے۔ $\frac{1}{2}+\frac{1}{2}=1$

6) یکساں کسور (Like fractions): کسور جو مساوی نسب نما رکھتے ہوں یکساں (مشابہ) کسور کہلاتے ہیں۔ جیسے $\frac{1}{2},\frac{4}{2},\frac{6}{2}$

7) غیر یکساں کسور (Unlike fractions): کسور جو مساوی نسب نما نہیں رکھتے ہیں غیر مساوی کسور کہلاتے ہیں جیسے $\frac{1}{2},\frac{3}{4},\frac{5}{6}$

8) واجب کسر (Proper fraction): کسر میں شمار کنندہ نسب نما سے چھوٹا ہو تو وہ کسر واجب کہلاتی ہے جیسے $\frac{1}{2},\frac{3}{4},\frac{4}{5}$ وغیرہ

9) غیر واجب کسر (Improper fraction): کسر میں شمار کنندہ نسب نما سے بڑا ہو تو وہ کسر غیر واجب کسر کہلاتی ہے جیسے $\frac{3}{2},\frac{5}{4},\frac{7}{3}$

10) واجب کسر کی قدر ہمیشہ '1' سے کم ہوتی ہے۔

11) غیر واجب کسر کی قدر '1' کے برابر یا اس سے بڑی ہوتی ہے۔

12) مرکب کسور (Compound fractions): ایک صحیح عدد اور ایک واجب کسر کے مخلوط اعداد کو ''مرکب کسور'' کہتے ہیں جیسے $1\frac{1}{4},2\frac{3}{5}$ وغیرہ

13) مرکب کسور کی قدر '1' سے زیادہ ہوتی ہے۔

14) معادل کسر (Equivalent fraction): اگر کسی کے شمار کنندہ اور نسب نما کو ایک ہی عدد سے ضرب یا تقسیم کیا جائے تو حاصل ہونے والی دی گئی کسر کا معادل کسر کہلاتی ہے۔ مثال: (i) $\frac{2}{3}\times\frac{3}{3}=\frac{6}{9}$ (ii) $\frac{2}{3}\times\frac{4}{4}=\frac{8}{12}$

$\frac{6}{9}$ اور $\frac{8}{12}$ معادل کسور ہیں $\frac{2}{3}$ کے۔

15) اقل ترین کسر (Lowest fraction): اگر کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما میں مشترک جز ضربی موجود نہ ہو تو یہ کسر اقل ترین کسر کہلاتی ہے۔

16) مشابہہ کسور کا مجموعہ = $\frac{\text{کسور کے شمار کنندوں کا مجموعہ}}{\text{مشترک نسب نما}}$

17) مشابہہ کسور کا فرق (تفریق) = $\frac{\text{کسور کے شمار کنندوں کا فرق}}{\text{مشترک نسب نما}}$

18) ضربی معکوس (Multiple Inverse): ایسی کسر جو دی گئی کسر کے شمار کنندہ نسب نما کو باہم تبدیل کرنے پر حاصل ہوتی ہے پہلی کسر کا ضربی معکوس کہلاتی ہے۔

19) اعشاری کسور (Decimal fractions): کسور جن کے نسب نما.....10‘100‘1000 وغیرہ ہوتے ہیں اعشاری کسور کہلاتے ہیں۔

20) ایک اعشاری عدد میں اعشاریہ کے بائیں جانب والا عدد کامل عددی حصہ اور دائیں جانب والا عدد اعشاریائی حصہ کہلاتا ہے۔

21) اعشاریائی حصے میں اس کے دائیں جانب کتنے ہی صفر کا اضافہ کیوں نہ کیا جائے اس کی قدر میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

22) ایک عدد کا اعشاریائی حصہ ہمیشہ '1' سے کم ہوتا ہے۔

23) جب کسی اعشاری عدد کو.....1000‘100‘10 سے تقسیم کیا جائے تو اعشاریہ کا مقام اعشاری کے بائیں جانب اتنے ہی مقام آگے بڑھتا ہے جتنے صفر تقسیم دینے والی مقدار میں ہیں۔

24) جب کسی اعشاری عدد کو 1000‘100‘.....10 سے ضرب دیا جائے تو اعشاریہ کا مقام اعشاری کسر کے دائیں جانب اتنے ہی مقام آگے بڑھتا ہے جتنے صفر ضرب دینے والی مقدار میں ہو۔

25) کسر میں اگر شمار کنندہ اور نسب نما مساوی ہوں تب اس کی قدر '1' کے مساوی ہوگی۔

26) ساری دنیا کو ’’اعشاریہ کے اظہار‘‘ سے روشناس کروانے والا ملک ہندوستان ہے۔

مشقی سوالات

1) $\frac{2}{5}$ کی مساوی کسر ہے۔

1) $\frac{4}{12}$ 2) $\frac{6}{15}$ 3) $\frac{5}{2}$ 4) $\frac{4}{15}$

2) $\frac{2}{3} = \frac{\quad}{15}$ تو خالی میں عدد ہوگا۔

1) 4 2) 5 3) 10 4) 3

3) $3\frac{2}{5} = \frac{\quad}{5}$ ہو تو خالی میں عدد ہوگا۔

1) 15 2) 6 3) 17 4) 30

4) $\frac{7}{15}+\frac{3}{15} = $ _____

1) $\frac{10}{15}$ 2) $\frac{2}{3}$ 3) $\frac{15}{10}$ 4) $\frac{3}{2}$

5) $\frac{6}{7}+\frac{4}{21} = $ ____

1) $\frac{22}{21}$ 2) $\frac{10}{21}$ 3) $\frac{10}{7}$ 4) $\frac{7}{21}$

(6 $\frac{13}{17}-\frac{5}{17}=$ ____

1) $\frac{8}{17}$ 2) $\frac{18}{17}$ 3) $\frac{10}{17}$ 4) $\frac{7}{17}$

(7 $\text{____}=5\times\frac{3}{7}$

1) $\frac{8}{7}$ 2) $\frac{38}{7}$ 3) $\frac{15}{7}$ 4) $\frac{22}{7}$

(8 $6\frac{3}{7}$ مرکب کسر کی غیر واجب کسر ہوگی۔

1) $\frac{9}{7}$ 2) $\frac{63}{7}$ 3) $\frac{42}{7}$ 4) $\frac{45}{7}$

(9 کسر $\frac{50}{175}$ کی اقل ترین شکل ہے۔

1) $\frac{5}{9}$ 2) $\frac{2}{7}$ 3) $\frac{1}{4}$ 4) $\frac{10}{17}$

(10 $\frac{5}{4}$ ، $\frac{1}{4}$ ، $\frac{3}{4}$ میں بڑی کسر ہے۔

1) $\frac{5}{4}$ 2) $\frac{1}{4}$ 3) $\frac{3}{4}$ 4) $\frac{4}{3}$

(11 $\frac{3}{5}$ ، $\frac{4}{15}$ ، $\frac{2}{15}$ ، $\frac{4}{5}$ ، $\frac{1}{5}$ کی بڑھتی ہوئی ترتیب۔

1) $\frac{2}{15},\frac{1}{5},\frac{4}{15},\frac{3}{5},\frac{4}{5}$ =صعودی ترتیب

2) $\frac{4}{5},\frac{4}{15},\frac{1}{5},\frac{3}{5},\frac{2}{15}$ = صعودی ترتیب

3) $\frac{1}{15},\frac{2}{15},\frac{4}{5},\frac{3}{5},\frac{4}{15}$ =صعودی ترتیب

4) $\frac{1}{5},\frac{3}{5},\frac{4}{5},\frac{4}{15},\frac{2}{15}$ =صعودی ترتیب

(12 $?=\frac{3}{7}+\frac{5}{14}+\frac{5}{28}+\frac{2}{7}$

1) $\frac{4}{5}$ 2) $\frac{5}{4}$ 3) $\frac{4}{7}$ 4) $\frac{7}{4}$

(13 $?=\frac{4}{3}-\frac{7}{18}-\frac{2}{19}+\frac{5}{15}$

1) $\frac{17}{18}$ 2) $\frac{9}{19}$ 3) $\frac{19}{18}$ 4) $\frac{18}{19}$

(14 $=3\frac{2}{5}+2\frac{4}{5}-\frac{3}{10}$

1) $\frac{9}{10}$ 2) $\frac{59}{100}$ 3) $5\frac{9}{10}$ 4) $\frac{9}{10}$

(15 $?=\frac{2}{5}+\frac{4}{5}+3\frac{2}{5}-\frac{6}{5}\times\frac{2}{3}$

1) $\frac{31}{10}$ 2) $\frac{10}{31}$ 3) $3\frac{1}{5}$ 4) 5

(16) $\frac{9}{10}, \frac{87}{100}, \frac{737}{1000}$ میں بڑی کسر ہے۔

1) $\frac{737}{1000}$ 2) $\frac{87}{100}$ 3) $\frac{9}{10}$ 4) ان میں سے کوئی نہیں

(17) $\frac{3}{100}+\frac{5}{100}+\frac{7}{100}=?$

1) $\frac{357}{1000}$ 2) $\frac{357}{300}$ 3) $\frac{18}{100}$ 4) $\frac{15}{100}$

(18) $\frac{17}{100}-\frac{7}{100}=?$

1) $\frac{1}{10}$ 2) $\frac{7}{10}$ 3) $\frac{24}{100}$ 4) 0.7

(19) $\frac{3}{10}+\frac{45}{1000}+\frac{67}{100000}=?$

1) 0.34567 2) 34.567 3) 0.817 4) 1.42

(20) 123.456 مساوی ہے۔

1) $123+\frac{4}{10}+\frac{5}{10}+\frac{6}{10}$ 2) $123+\frac{4}{10}+\frac{5}{100}+\frac{6}{100}$

3) $123+\frac{4}{10}+\frac{5}{100}+\frac{6}{1000}$ 4) ان میں سے کوئی نہیں

(21) 7.0707 مساوی ہے۔

1) $\frac{70707}{100}$ 2) $\frac{70.707}{1000}$ 3) $\frac{70707}{10000}$ 4) $\frac{0.70707}{10000}$

(22) $5\frac{55}{100}$ مساوی ہے۔

1) 55.5 2) 0.555 3) 5.55 4) 555

(23) 6.007 مساوی ہوگا۔

1) $6\frac{7}{10}$ 2) $6\frac{7}{100}$ 3) $6\frac{7}{1000}$ 4) $\frac{67}{1000}$

(24*) 0.78‘0.56‘0.34‘0.23 میں سب سے بڑی قدر ہے۔

1) 0.78 2) 0.56 3) 0.34 4) 0.23

(25) 462.5673×1000 مساوی ہے۔

1) 46.25673 2) 4625.673 3) 462567.3 4) 46256.73

(26) کسر جو تین۔چوتھائی کو ظاہر کرتی ہے۔

1) 1/4 2) 3/4 3) 2/4 4) 0

(27) $\frac{1}{3}$ ، $\frac{4}{3}$ ، $\frac{2}{3}$ یہ کونسی کسور ہے؟

(1) یکساں کسور (2) غیر یکساں کسور (3) واجب کسور (4) غیر واجب کسور

(28) ان میں غیر یکساں کسور کی مثال یہ ہے۔

(1) $\frac{1}{2},\frac{3}{2},\frac{5}{2}$ (2) $2,\frac{2}{3},\frac{2}{5}$ (3) $1,2,3$ (4) $0.1,\frac{1}{10},\frac{1}{100}$

(29) کسر میں اگر شمار کنندہ اور نسب نما مساوی ہو تو اس کسر کی قدر ہوگی۔

(1) 1 سے زیادہ (2) 1 سے کم (3) 1 کے مساوی (4) 2

(20) عدد '0' کس کسر کو ظاہر کرتا ہے۔

(1) صفر کسر (2) مرکب کسر (3) واجب کسر (4) غیر واجب کسر

(31) $\frac{9}{4}$ کو مرکب کسر میں تحویل کرنے پر؟

(1) $4\frac{1}{2}$ (2) $1\frac{2}{4}$ (3) $2\frac{4}{1}$ (4) $2\frac{1}{4}$

(32) $3\frac{1}{2}$ ذیل میں اس کسر کو ظاہر کرتا ہے؟

(1) واجب کسر (2) غیر واجب کسر (3) مرکب کسر (4) یکساں کسور

(33) دی گئی کسور کس کو ظاہر کرتی ہے $\frac{1}{2},\frac{2}{4},\frac{3}{6},\frac{4}{8}$

(1) یکساں کسور (2) غیر یکساں کسور (3) معادل کسور (4) 2 اور 3 دونوں

(34) $\frac{4}{5}$ کی معادل کسر کیا ہوگی جس کا نسب نما 15 ہو۔

(1) $\frac{12}{15}$ (2) $\frac{8}{15}$ (3) $\frac{6}{15}$ (4) $\frac{4}{15}$

(35) $\frac{24}{32}$ کو اقل ترین شکل میں ظاہر کیجیے۔

(1) $\frac{48}{64}$ (2) $\frac{12}{16}$ (3) $\frac{6}{8}$ (4) $\frac{3}{4}$

(36) ذیل کی کسور کی جوڑیوں میں معادل کسر کی نشاندہی کیجیے۔

(1) $\frac{7}{3},\frac{21}{49}$ (2) $\frac{4}{7},\frac{40}{70}$ (3) $\frac{2}{5},\frac{29}{10}$ (4) $\frac{8}{7},\frac{79}{56}$

(37) ایک کلوگرام میں 250 گرام اسے کسور کی اقل ترین شکل میں ظاہر کرنے پر حاصل ہوتا ہے۔

(1) $\frac{1}{250}$ (2) $\frac{250}{1000}$ (3) $\frac{1}{4}$ (4) $\frac{1000}{250}$

(38) $3+5\frac{1}{8}+2\frac{1}{6}$ کو مختصر کرنے پر جواب حاصل ہوگا؟

(1) $10\frac{7}{24}$ (2) $\frac{107}{24}$ (3) $7\frac{10}{24}$ (4) $\frac{710}{24}$

(39) $13\frac{1}{2} - 6\frac{1}{4}$ کومختصر کرنے پر حاصل ہوگا؟

(1) $\frac{27}{4}$ (2) $7\frac{1}{4}$ (3) $4\frac{1}{7}$ (4) $1\frac{4}{7}$

(40) ایک 10 میٹر لانبی ربن میں سے $8\frac{1}{4}$ میٹر لانبی ربن کاٹنے پر ربن کا کتنا حصہ باقی رہ جائیگا؟

(1) $3\frac{1}{4}$ (2) $1\frac{3}{4}$ (3) $4\frac{1}{3}$ (4) $\frac{13}{3}$

(41) ایک کار ایک گھنٹے میں $60\frac{2}{3}$ کیلومیٹر کا فاصلہ طے کرتی ہے تب کار کا $3\frac{1}{2}$ گھنٹوں میں طے شدہ فاصلہ کیا ہوگا؟

(1) $1\frac{3}{212}$ (2) $3\frac{1}{212}$ (3) $212\frac{1}{3}$ (4) 180

(42) $35 \div \frac{1}{2} = ?$

(1) 35 (2) 40 (3) 60 (4) 70

(43) 40,000 روپیوں میں سے A کو $\frac{3}{5}$ حصہ، B کو $\frac{1}{5}$ حصہ C کو اور باقی حصہ D کو تقسیم کیا جائے تو D کو ملنی والی رقم کیا ہوگی؟

(1) 24,000 روپے (2) 4000 روپے (3) 8,000 روپے (4) 6,000 روپے

(44) 15 میٹر لمبے دھاگے میں $2\frac{1}{2}$ میٹر کے کتنے ٹکڑے کٹ کیے جا سکتے ہیں؟

(1) 2 (2) 4 (3) 6 (4) 8

(45) 6.028 کو کسور عام میں تبدیل کرنے پر حاصل ہوتا ہے۔

(1) $\frac{1507}{250}$ (2) $\frac{628}{1000}$ (3) $\frac{6028}{100}$ (4) $\frac{1000}{6028}$

(46) $21\frac{29}{1000}$ کو اعشاریائی شکل میں تبدیل کرنے پر حاصل ہوتا ہے۔

(1) 21×0.029 (2) 21.029 (3) 210.29 (4) 2102.9

(47) $48 \div 10,000 = ?$

(1) 0.00048 (2) 0.0048 (3) 0.048 (4) 0.48

(48) 4 کا ضربی معکوس ہے۔

(1) -4 (2) 0 (3) $\frac{1}{4}$ (4) 2

(49) $4\frac{2}{3} + 3\frac{1}{4}$ کی قدر؟

(1) $\frac{3}{4}$ (2) $\frac{4}{3}$ (3) $\frac{95}{12}$ (4) $\frac{12}{95}$

جوابات KEY

1-2	2-2	3-3	4-2	5-1	6-3	7-4	8-4	9-2	10-1
11-1	12-2	13-3	14-3	15-1	16-3	17-4	18-1	19-1	20-3
21-3	22-3	23-3	24-1	25-3	26-2	27-1	28-2	29-3	30-3
31-4	32-3	33-4	34-1	35-4	36-2	37-3	38-1	39-2	40-2
41-2	42-4	43-2	44-3	45-1	46-2	47-2	48-3	49-3	

واجب کسر کا تصویری اظہار: جیسے $\frac{1}{2}$ ، $\frac{3}{5}$ ، $\frac{6}{8}$ ، $\frac{5}{7}$

$\therefore \frac{1}{2} =$ 

$\therefore \frac{3}{5}$ 

$\therefore \frac{6}{8} =$ 

$\therefore \frac{5}{7} =$ 

☆ غیر واجب کسر کا تصویری اظہار: جیسے $\frac{3}{2}$ ، $\frac{4}{3}$ ، $\frac{6}{4}$ ، $\frac{12}{5}$ وغیرہ وغیرہ

$= \frac{3}{2} = \frac{1}{2} =$  $= 1 + \frac{1}{2}$

$\therefore \frac{4}{3} = 1\frac{1}{3} =$  $= 1 + \frac{1}{3}$

$\therefore \frac{6}{4} = 1\frac{2}{4}$  $= 1 + \frac{2}{4}$

$\therefore \frac{12}{5} = \frac{2}{5} =$  $= 1 + 1 + \frac{2}{5} = 2 + \frac{2}{5}$

☆ مرکب کسور: جیسے $1\frac{2}{3}$ ، $4\frac{1}{2}$ ، $3\frac{2}{3}$

$\therefore 1\frac{2}{3} =$  $+$  $= 1+\frac{2}{3} = 1\frac{2}{3}$

$\therefore 4\frac{1}{2} =$  $= 4+\frac{1}{2} = 4\frac{1}{2}$

$\therefore 4\frac{1}{2} =$  $= 3+\frac{2}{3} = 3\frac{2}{3}$

☆ کسور عددی خط پر

واجب کسور: جیسے $\frac{1}{2}$ ، $\frac{3}{4}$ ، $\frac{5}{7}$ ، $\frac{6}{9}$

$\therefore \frac{1}{2} \Rightarrow$ 

$\therefore \frac{3}{4} \Rightarrow$ 

$\therefore \frac{5}{7} \Rightarrow$ 

$\therefore \frac{6}{9} \Rightarrow$ 

☆ **غیرواجب کسر** $\frac{3}{2}$ ، $\frac{9}{5}$ ، $\frac{6}{9}$

$$\frac{3}{2}=\frac{3}{2}+\frac{1}{2}=1+\frac{1}{2}$$

$\therefore \frac{3}{2} \Rightarrow$



$\therefore \frac{9}{5} \Rightarrow$



$\therefore \frac{6}{4} \Rightarrow$



☆ **مرکب کسر:** $1\frac{1}{2}$ ، $3\frac{2}{4}$ ، $5\frac{2}{3}$

$\therefore 1\frac{1}{2} \Rightarrow$



$\therefore 3\frac{2}{4} \Rightarrow$



$\therefore 5\frac{2}{3} \Rightarrow$



مشقی سوالات

(1) $\frac{1}{2}$ کی کسری شکل تصویر پر اس طرح ہوگی

(1) 
(2) 
(3) 
(4) یہ تمام

(2) $\frac{3}{4}$ کی کسری شکل یہ ہے

(1) 

(2) 

(3) 

(4) یہ تمام

(3) $\frac{5}{2}$ کی کسری شکل یہ ہے

(1) 

(2) 

(3) ممکن نہیں

(4) A اور B دونوں

(4) $\frac{4}{3}$ کی کسری شکل میں سایہ دار حصے ہیں

(1) 

(2) 

(3) 

(4) A اور C دونوں

(5) $1\frac{2}{3}$ کا سایہ دار حصہ اس طرح ہوگا

(1) 

(2) 

(3) ممکن نہیں

(4) A اور B دونوں

(6) $\frac{3}{4}$ عددی خط پر یہاں واقع ہے

(1) 

(2) 

(3) 

(4) ممکن نہیں

(7) $\frac{2}{5}$ عددی خط پر یہاں واقع ہے

(1) 

(2) 

(3) ممکن نہیں

(4) A اور B دونوں

(8) $\frac{5}{3}$ عددی خط پر یہ ہے

(1) 

(2) 

(3) ممکن نہیں

(4) A اور B دونوں

(9) $\frac{25}{4}$ عددی خط پر یہ ہے

(1) 

(2) 

(3) ممکن نہیں

(4) A اور B دونوں

(10) $5\frac{2}{4}$ عددی خط پر یہ ہے

(1) 

(2) 

(3) ممکن نہیں

(4) A اور B دونوں

جوابات KEY

1-4	2-3	3-1	4-4	5-2	6-1	7-2	8-4	9-1	10-1

حقیقی اعداد (Real Numbers)

اہم نکات:

-1 $N = \{1,2,3,.....\}$ طبعی اعداد کا سٹ

-2 $W = \{0,1,2,3,.....\}$ مکمل اعداد کا سٹ

-3 $Z = \{.....-3,-2,-1,0,1,2,3,.....\}$ صحیح اعداد کا سٹ

-4 $Q = \left\{ x / x = \frac{p}{q}, p,q \in z, q \neq 0 \right\}$ ناطق اعداد کا سٹ

-5 $\frac{p}{q}$ کی شکل میں لکھے جانے والے اعداد ناطق اعداد کہلاتے ہیں۔

-6 $\frac{p}{q}$ کی شکل میں نہ لکھے جانے والے اعداد غیر ناطق اعداد کہلاتے ہیں۔اور اسے 'Q سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

-7 ناطق اعداد اور غیر ناطق اعداد کا اجماع حقیقی اعداد کا سٹ کہلاتا ہے اور اسے R سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

-8 ایسی اعشاریہ جو کہیں پر ختم ہو جاتی ہے مختتم اعشاریہ کہلاتی ہے۔

-6 $\frac{p}{q}$ کی شکل میں نہ لکھے جانے والے اعداد غیر ناطق اعداد کہلاتے ہیں۔اور اسے 'Q سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

-7 ناطق اعداد اور غیر ناطق اعداد کا اجماع حقیقی اعداد کا سٹ کہلاتا ہے اور اسے R سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

-8 ایسی اعشاریہ جو کہیں پر ختم ہو جاتی ہے مختتم اعشاریہ کہلاتی ہے۔

جیسے (i) $\frac{7}{2} = 3.5$ (ii) $\frac{24}{5} = 4.8$ (iii) $\frac{7}{25} = 0.28$ وغیرہ

-9 ایسی اعشاریہ جس کا سلسلہ لامتناہی تک جاری رہتا ہے غیر مختتم اعشاریہ یا متوالی اعشاریہ کہلاتی ہیں جیسے

(i) $\frac{2}{3} = 0.666.....0.\overline{6}$ (ii) $\frac{1}{11} = 0.0909.....0.\overline{09}$

-10 اعشاریہ کے کسی حصہ میں ایک ہندسہ یا ایک سے زاید ہندسے ایک ہی ترتیب میں مکرر پائے جائیں تو تکراری حصے کو ''دور'' اور تکراری حصوں کے ہندسوں کی تعداد کو دوریت Periodicity کہتے ہیں۔

-11 اس کے برخلاف کچھ اعشاری عدد ایسے بھی ہیں جو مختتم ہوتے ہیں اور نہ ہی غیر مختتم اور ان کے اعشاری حصے کوئی خاص وضع کے ہو بھی سکتے ہیں اور نہیں بھی۔ان اعشاری اعداد کو p/q کی شکل میں ظاہر نہیں کیا جا سکتا۔ان ہی اعداد کو غیر ناطق اعداد کہتے ہیں۔

-12 اعشاری اعداد جیسے..... 1.23 234 2345 23456 اور.....4.5671230145 وغیرہ غیر ناطق اعداد کی مثالیں ہیں۔

مشقی سوالات

-1 بندشی خاصیت بلحاظ تقسیم اس سیٹ میں موجود ہوتی ہے۔

(1) طبعی اعداد کا سیٹ (2) مکمل اعداد کا سیٹ (3) صحیح اعداد کا سیٹ (4) ناطق اعداد کا سیٹ

-2 تقلیبی خاصیت بلحاظ تفریق کس سیٹ میں موجود ہوتی ہے۔

(1) طبعی اعداد کا سیٹ (2) مکمل اعداد کا سیٹ (3) صحیح اعداد کا سیٹ (4) کسی میں بھی نہیں

-3 بلحاظ تفریق تقسیمی خاصیت کس سیٹ میں موجود ہوتی ہے۔

(1) طبعی اعداد کا سیٹ (2) صحیح اعداد کا سیٹ (3) مکمل اعداد کا سیٹ (4) ان میں سے کوئی نہیں

-4 طاق اعداد کی عام مساوات

(1) $2n+1$ (2) $2n$ (3) $2n+3$ (4) $n+1$

-5 جفت اعداد کی عام مساوات

(1) $2n+1$ (2) $2n$ (3) $2n+4$ (4) $4n$

-6 1 تا100 کے درمیان مفرد اعداد کی تعداد

(1) 25 (2) 27 (3) 33 (4) 15

-7 40 تا50 کے درمیان جڑواں مفرد اعداد کا جوڑ ہے۔

(1) 43,41 (2) 43,47 (3) 41,47 (4) 49,32

-8 دو اعداد کا جزضربی 1 کے علاوہ دوسرا نہ ہو تو ان کو کہتے ہیں۔

(1) مفرد اعداد (2) جڑواں مفرد اعداد (3) اضافی مفرد اعداد (4) جفت اعداد

-9 4 سے تقسیم ہونے والا عدد ہے۔

(1) 235609 (2) 235002 (3) 235008 (4) 235019

-10 ان اعداد میں 3 سے تقسیم ہونے والا عدد ہے۔

(1) 53501 (2) 53502 (3) 53503 (4) 53504

-11 ان اعداد میں 8 سے تقسیم ہونے والا عدد ہے۔

(1) 23624 (2) 25124 (3) 25120 (4) 25225

-12 یہ عدد 9 سے تقسیم ہوگا۔

(1) 25343 (2) 25344 (3) 25451 (4) 25532

-13 کونسا عدد 11 سے تقسیم ہوگا۔

(1) 320408 (2) 320480 (3) 324800 (4) 32804

-14 $\frac{2}{3} = 0.6666 = 0.6$ کو کہتے ہیں۔

(1) اعشاریہ (2) لامتناہی اعشاریہ (3) متوالی اعشاریہ (4) متناہی اعشاریہ

-15 غیر متناہی، غیر تکراری اعشاری اعداد کو کہتے ہیں۔

(1) ناطق اعداد (2) غیر ناطق اعداد (3) ملتف اعداد (4) مفرد اعداد

-16 $\sqrt{441}$ کا جذر المربع ہوگا۔

(1) 19 (2) 11 (3) 21 (4) 17

-17 $\sqrt{-625}$ کا جذر المربع ہوگا۔

(1) 25 (2) 25i (3) 125 (4) 125i

-18 $\frac{2}{3}$ کی اعشاریہ ہے۔

(1) مختتم اعشاریہ (2) غیر مختتم اعشاریہ (3) غیر متوالی (4) غیر ناطق

-19 $\sqrt{49}$ کی مطلق قیمت ہوگی۔

(1) +7 (2) -7 (3) 7 (4) $\sqrt{7}$

-20 ذیل میں دیا گیا کونسا عدد غیر ناطق ہے۔

(1) $\sqrt{1.44}$ (2) $\sqrt{144}$ (3) $\sqrt{11}$ (4) $\sqrt{16}$

-21 اعشاری عدد.....0.121321432 کونسا عدد ہے۔

(1) ناطق عدد (2) طبعی عدد (3) غیر ناطق (4) مکمل عدد

-22 اعشاری عدد $4.\overline{6}$ میں دور کیا ہے۔

(1) 1 (2) 4 (3) 6 (4) 4.6

-23 اعشاری عدد $156.\overline{123}$ کی دوریت کیا ہے۔

(1) 1 (2) 2 (3) 23 (4) 123

-24 ایک باغ میں جتنے آم کے درخت ہیں ہر ایک درخت پر اتنے ہی پھل ہیں اگر جملہ پھلوں کی تعداد 961 ہو تو باغ میں درختوں کی تعداد ہوگی۔

(1) 31 (2) 33 (3) 35 (4) 37

-25 $1.2\overline{13}$ کو p/q کی شکل میں ظاہر کرنے پر

(1) $\frac{990}{1201}$ (2) $\frac{1201}{990}$ (3) $\frac{1213}{1000}$ (4) 1.2131313.....

26 بندشی خاصیت بلحاظ تفریق اس سیٹ میں موجود ہوتی ہے۔

(1) طبعی اعداد کا سیٹ (2) مکمل اعداد کا سیٹ (3) صحیح اعداد کا سیٹ (4) ملتف اعداد کا سیٹ

جوابات KEY

1-**4**	2-**4**	3-**2**	4-**1**	5-**2**	6-**1**	7-**1**	8-**3**	9-**3**	10-**3**
11-**3**	12-**2**	13-**1**	14-**3**	15-**2**	16-**3**	17-**2**	18-**2**	19-**3**	20-**3**
21-**3**	22-**3**	23-**2**	24-**1**	25-**2**	26-**1**				

قوت نما اور قوتیں

(Exponents & Powers)

قوت نما کے قوانین:۔

(i) $a^m \times a^n = a^{m+n}$ (ii) $(a^m)^n = a^{mn}$ (iii) $(ab)^m = a^m b^m$

(iv) $\frac{a^m}{a^n} = a^{m-n}$ (v) $\left(\frac{a}{b}\right)^m = \frac{a^m}{b^m}$ (vi) $a^0 = 1$

(vii) $a^{-n} = \frac{1}{a^n}$ (یا) $a^n = \frac{1}{a^{-n}}$

مشقی سوالات

.1 مساوات $x - 2 = -4$ میں x کی قدر ہے۔

(1) -2 (2) +2 (3) 6 (4) 0

2. $\frac{x}{3}=12$ تب x کی قدر ہے۔

(1) 4 (2) 36 (3) -4 (4) -36

3. $5x-(+6x)$ کی قدر ہے۔

(1) $\frac{1}{x}$ (2) $-x$ (3) x (4) $-\frac{1}{x}$

4. $5x-10\le 10$ کا حل ہوگا۔

(1) $x<4$ (2) $x>4$ (3) $x\ge 4$ (4) $x\le 4$

5. $x-a$ کثیر رکنی کا صفر ہے۔

(1) a (2) -a (3) $\frac{1}{a}$ (4) $\frac{-1}{a}$

6. $2x+7=9$ ، x کی قدر ہے۔

(1) -8 (2) 8 (3) 1 (4) -2

7. $4x=25-x$ تب x کی قدر ہے۔

(1) -5 (2) 5 (3) $5-x$ (4) $5+x$

8. $2x+1=x+2$ تب x کی قدر ہے۔

(1) -1 (2) 1 (3) -2 (4) 0

9. $5x=20$ تب x کی قدر ہے۔

(1) 15 (2) 4 (3) $\frac{1}{4}$ (4) 25

10. $\frac{2}{x}=\frac{3}{4}$ تب x کی قدر ہے۔

(1) $\frac{3}{8}$ (2) $\frac{8}{3}$ (3) $\frac{6}{8}$ (4) $\frac{8}{6}$

11. ایک ریاضیاتی جملہ یا تو صادق ہوگا یا کاذب ہوگا لیکن دونوں نہیں کہلاتا۔

(1) مساوات (2) کھلا جملہ (3) بیان (4) نامساوات

12. 4 میں کسی عدد کو جمع کرنے سے 10 حاصل ہوتا ہے اس کا عبارتی جمع ہوگا۔

(1) $x+4=10$ (2) $4x=10$ (3) $x+10=4$ (4) $\frac{x}{4}=10$

13. ax^3+bx^2+cx+d کا درجہ ہے۔

(1) 1 (2) 2 (3) 3 (4) 4

14. اگر $a=3$ ، $b=2$ تب $(a+b)^2$ کی قدر ہے۔

(1) 13 (2) 10 (3) 25 (4) 16

15. $x+2$ کثیر رکنی کا صفر ہے۔

(1) $x=-2$ (2) $x=2$ (3) $x=0$ (4) $x=1$

16. اگر نامساوات $x<4$ میں x ایک طبعی عدد ہے تو اس نامساوات کا

(1) کوئی حل نہیں (2) ایک حل ہے (3) دو حل ہے (4) تین حل ہیں

17. کثیر رکنی $\frac{-11}{9} - \frac{17}{2x} + x^2$ کی قدر جب کہ $x = 0$ ہو

(1) 0 (2) $\frac{-11}{9}$ (3) $\frac{-17}{20}$ (4) 1

18. $x\,y\,z$ میں ارکان کی تعداد ہے۔

(1) 1 (2) 2 (3) 3 (4) 4

19. $3x + (2x - x - y)$ کا مختصر

(1) $(2x - 3y)$ (2) $6x - y$ (3) $6x - 3y$ (4) $3x - 6y$

20. اگر کسی عدد کے دوگنے میں 6 جمع کیا جائے تو 26 ہوتا عدد کیا ہوگا۔

(1) 10 (2) 20 (3) 16 (4) 12

21. تین متصل اعداد کا مجموعہ 33 ہے اعداد کیا ہے۔

(1) 12,11,10 (2) 10,13,16 (3) 3,10,15 (4) 5,15,13

22. ایک خط مستقیم پر دو متصل زاوئے $(3x + 20)^0$ اور $(5x + 40)^0$ ہیں تو ان کی قدری ہوگی۔

(1) 90,90 (2) 70,110 (3) 95,85 (4) 100,80

23. باپ کی عمر بیٹے کی عمر کی تین گنا ہے اگر ان کے عمروں کا مجموعہ سال ہو تو باپ کی عمر ہوگی۔

(1) 20 سال (2) 60 سال (3) 30 سال (4) 15 سال

24. $n = 5$ پر $\frac{1}{2}n^2 + \frac{1}{2}n$ کی قدر ہوگی۔

(1) 15 (2) 7 (3) 12 (4) 27

25. $9^{x+1} = 3^{x+7}$ تو x کی قدر ہوگی۔

(1) 6 (2) 3 (3) 5 (4) 2

26. $2^x = 512$ ہو تو x کی قدر

(1) 6 (2) 8 (3) 9 (4) 12

27. $\left(\frac{x^a}{x^b}\right)^c \times \left(\frac{x^b}{x^c}\right)^a \times \left(\frac{x^c}{x^a}\right)^b$ کی قدر

(1) x^{abc} (2) 1 (3) 2 (4) 0

28. $100y$ میں 100 ' Y کا کہلاتا ہے۔

(1) حرفی ضریب (2) عددی ضریب (3) متغیر (4) جبری عبارت

29. $100y$ میں Y '100 کا کہلاتا ہے۔

(1) حرفی ضریب (2) عددی ضریب (3) متغیر (4) جبری عبارت

30. a^n میں a کو _____ کہتے ہیں۔

(1) اساس (2) قوت (3) قوت نما (4) ان میں کوئی نہیں

.31 a^n میں n _____ کہلاتا ہے۔

(1) اساس (2) قوت (3) قوت نما (4) ان میں کوئی نہیں

.32 $-x$ میں x کا ضریب کیا ہے۔

1 (1) -1 (2) x (3) $-x$ (4)

.33 $4(x+y)(x+y)(x+y)(x+y)(x+y)$ کی قوت نمائی شکل

(1) $(x+y)^4$ (2) $4(x+y)^4$ (3) $4(x+y)$ (4) $(x+y)$

.34 ذیل میں خارج قسمت کی قوت کسے کہتے ہیں۔

(1) $(ab)^m = a^m b^m$ (2) $a^0 = 1$ (3) $a^{-1} = \frac{1}{a}$ (4) $\left(\frac{a}{b}\right)^m = \frac{a^m}{b^m}$

.35 قوتوں کی حاصل تقسیم ذیل میں سے کس ضابطہ کو کہتے ہیں۔

(1) $\frac{a^m}{a^n} = a^{m-n}$ (2) $(ab)^m = a^m \times b^m$ (3) $a^n = \frac{1}{a^{-n}}$ (4) ان میں کوئی نہیں

.36 $(4^0 - 3^0) \times 6^0$ کی قدر ہے؟

1 (1) -1 (2) 2 (3) 0 (4)

.37 m معلوم کیجیے جبکہ $4 \times 8^m = 2^5$

1 (1) -1 (2) 2 (3) 0 (4)

.38 $(-1)^{621}$ کی قدر کیا ہوگی۔

1 (1) -1 (2) 2 (3) 0 (4)

.39 $a^{x(y-z)} \times a^{y(z-x)} \times a^{z(x-y)}$

1 (1) -1 (2) 2 (3) 0 (4)

.40 $4^{-3} \times x = 64$ ہو تو x کی قدر؟

(1) $2^4 \times 2^6$ (2) $2^5 \times 2^6$ (3) $2^6 \times 2^6$ (4) $2^7 \times 2^6$

جوابات KEY

1-1	2-2	3-2	4-4	5-1	6-3	7-2	8-2	9-2	10-2
11-3	12-1	13-3	14-3	15-1	16-4	17-2	18-1	19-3	20-1
21-1	22-3	23-2	24-1	25-3	26-3	27-2	28-2	29-1	30-1
31-3	32-2	33-2	34-4	35-1	36-4	37-1	38-2	39-1	40-1

2. حساب (Arithmetic)

اکائی کا قاعدہ (Unitary Method)

اہم نکات:

1) اکائی کا قاعدہ: چند اشیا کی دی گئی قیمتوں سے ایک شئے کی قیمت معلوم کرنے کا طریقہ جس سے مطلوبہ اشیا کی قیمت معلوم کی جاتی ہے اکائی کا قاعدہ کہلاتا ہے۔

2) مطلوبہ اشیاء کی قیمت = $\frac{\text{دی گئی جملہ اشیا کی قیمت}}{\text{دی گئی جملہ اشیا کی تعداد}}$

نسبت (Ratio)

3) نسبت: تقسیم کے ذریعہ ہم جنس مقداروں کا مقابلہ کرنا نسبت کہلاتا ہے۔ نسبت کی علامت (:) ہے۔

4) دو ہم جنس مقداروں کے درمیان نسبت حاصل کرنے کے لیے ہم ایک مقدار کو دوسری مقدار سے تقسیم کرتے ہیں

5) نسبت a:b میں a اور b ارکان کہلاتے ہیں۔

6) نسبت کا پہلا رکن a مقدم (Antecedent) اور دوسرا رکن تالی (Consequent) کہلاتا ہے۔

7) a:b کو b:a کو معکوس نسبت کہا جاتا ہے۔

8) نسبت کی کوئی اکائی نہیں ہوتی یہ صرف دو مقداروں کے درمیان اعداد کی شکل میں ایک رشتہ کو ظاہر کرتی ہے۔

9) نسبتوں کے مقدم اور تالی ارکان کو کسی بھی غیر صفر کامل عدد سے ضرب دیں یا تقسیم کریں تو اس نسبت کی قیمت نہیں بدلتی۔

تناسب (Proportion)

10) تناسب Proportion: دو نسبتوں کا مساوی ہونا تناسب کہلاتا ہے۔ a:b = b:a

11) تناسب کی علامت ':: ' ہے اس کو 'متناسب ہے' پڑھا جاتا ہے۔

12) اگر a:b :: c:d میں یہ کہا جاتا ہے کہ a، b، c اور d تناسب میں ہے۔

13) a:b :: c:d میں a، b، c اور d بالترتیب پہلا، دوسرا، تیسرا اور چوتھا رکن کہلاتا ہے۔

14) a:b :: c:d میں b، c ارکان کو وسطین Mean اور a، d ارکان طرفین Extreme کہلاتے ہیں۔

15) چار اعداد تناسب میں ہو تو طرفین کا حاصل ضرب = وسطین کا حاصل ضرب (یا) a:b = c:d ہو تو $a \times d = b \times c$

16) درمیانہ تناسب Mean Proportional: a، b، c تناسب میں ہو تو $b^2 = ac$ کو تناسب کا درمیانہ تناسب کہتے ہیں۔ c کو تناسب کا تیسرا رکن کہتے ہیں۔

17) راست تناسب (یا) راست تغیر Directly Proportion: ایک مقدار بڑھتی ہے تو دوسری بھی بڑھتی ہے ایک مقدار گھٹتی ہے تو دوسری بھی گھٹتی ہے لیکن ہر حالت میں اس کا حاصل تقسیم مستقل ہوتا ہے۔ ایسے تناسب کو راست تناسب کہتے ہیں۔

18) x اور y راست تناسب میں ہوں تب اس کو $x \propto y$ کے طور پر لکھتے ہیں اس کو x راست متناسب ہے y کے پڑھا جاتا ہے

ہرصورت میں $\frac{x}{y}$ کی قیمت مستقل رہتی ہے۔اس کو $\frac{x}{y} = k$ کے طور پر لکھا جاتا ہے اس کو $x = ky$ کے طور پر بھی لکھا جاتا ہے۔

19) معکوس تناسب Inverse Proportional: ایک مقدار گھٹتی ہے تو دوسری بڑھتی ہے اور ہر حالت میں دونوں کا حاصل ضرب مستقل ہوتا ہے۔

20) مرکب تناسب Compound Proportional: بعض اوقات ایک مقدار میں تبدیل کا انحصار دو یا زائد مقداروں کے تغیر پر منحصر ہوتا ہے جو کسی ایک تناسب میں ہوتے ہیں۔اس طرح کے تناسب کو مرکب تناسب کہا جاتا ہے۔

فیصدی (Percentage)

21) فیصدی Percentage: ایسی کسور جن کا نسب نما 100 ہوتا ہے فیصدی کہلاتا ہے۔فیدی کی علامت (%) ہے۔

22) کسر کو فیصدی میں تبدیل کرنے کے لیے 100 سے ضرب دے کر حاصل ضرب کے ساتھ علامت % لکھنا ہوگا۔

23) فیصدی کو کسر میں تبدیل کرنے کے لیے 100 سے تقسیم کرنا ہوگا۔

24) اگر کسی مقدار میں $x\%$ کا اضافہ ہو تو نئی مقدار، پرانی مقدار کو $(100+x)\%$ سے ضرب دینے پر حاصل ہوتی ہے۔

25) پرانی مقدار x $(100+x)\%$ = نئی مقدار

26) اگر کسی مقدار میں $x\%$ کی کمی ہو تو نئی مقدار، پرانی مقدار کو $(100-x)\%$ سے ضرب دینے پر حاصل ہوتی ہے۔

27) پرانی مقدار x $(100-x)\%$ = نئی مقدار

اوسط (Average)

28) اوسط Average: چند قدروں کے ایک گروہ کو بطور نمائندہ ایک ہی قدر سے ظاہر کرنا اوسط کہلاتا ہے۔

29) اوسط = $\frac{\text{مقداروں کا مجموعہ}}{\text{مقداروں کی تعداد}}$ (یا) اوسط = $\frac{\text{مجموعہ}}{\text{تعداد}}$

30) اوسط ہمیشہ دی گئی مقداروں کے اقل ترین اور اعظم ترین قدر کے درمیان واقع ہوتی ہے۔

31) دی گئی مقداروں میں سے کوئی بھی مقدار اوسط کے مساوی یا نامساوی ہوسکتی ہے۔

32) پہلے 'n' طبعی اعداد کا اوسط $\frac{n+1}{2}$ ہے۔

3.6 نفع، نقصان (Profit / Loss)

33) نفع profit: اگر قیمت فروخت، قیمت خرید سے زیادہ ہو تو یہ زائد رقم نفع کہلاتی ہے۔

34) نفع = قیمت فروخت - قیمت خرید (یا) $p = sp - cp$

35) نفع فیصدی = $\frac{\text{نفع}}{\text{قیمت خرید}} \times 100$

36) نقصان Loss: اگر قیمت فروخت، قیمت خرید سے کم ہو تو یہ کم رقم نقصان کہلائے گی۔

37) نقصان = قیمت خرید - قیمت فروخت (یا) $l = cp - sp$

(38) نقصان فیصدی = $\frac{\text{نقصان}}{\text{قیمت خرید}}$

(39) قیمت فروخت زیادہ ہوتو نفع ہوگا اور اگر قیمت خرید زیادہ ہوتو نقصان ہوگا

(40) نفع یا نقصان کو فیصدی میں بتلاتے وقت قیمت خرید ہی پر فیصد ظاہر رتے ہیں۔

سود کے اقسام (Types of Interest)

(41) سومفرد Simple Interest: وہ سود جو فیصدی کے حساب سے فی سال ادا کرنے کے لیے مقرر کیا جاتا ہے سود مفرد کہلاتا ہے۔

(42) اسے انگریزی حرف I سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

(43) سود مفرد کا ضابطہ: $I = \frac{PTR}{100}$

(44) جہاں I= سود مفرد، P = اصل زر Principal Amount: قرض پر دی گئی یا لی گئی رقم اصل زر کہلاتی ہے۔

T = مدت، Time ‘ R = شرح سود Rate of Interest

(45) کُل زر Total Amount: اصل زر اور سود دونوں کو ملا کر کُل زر کہا جاتا ہے اور اسے انگریزی کے حرف تہجی A سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

(46) سود مفرد میں کُل زر معلوم کرنے کا ضابطہ: A = P + I

(47) سود مرکب Compound Interest: بعض اوقات سود اصل زر میں جمع کیا جاتا ہے اور کُل رقم دوسرے سال کے لیے بطور اصل زر لی جاتی ہے پس اصل زر اور سود دونوں مسلسل سالوں میں پڑھتے جاتے ہیں اس قسم کے سود کو سود مرکب کہا جاتا ہے۔

(48) سود مرکب کا ضابطہ: $C.I. = A - P$

(49) سود مرکب میں کُل زر معلوم کرنے کا ضابطہ: $A = P\left[1 + \frac{R}{100}\right]^N$

جہاں A = کُل زر P = اصل زر R = شرح N = اس مدت کو ظاہر کرتا ہے جتنی مرتبہ سود مرکب محسوب کیا جاتا ہے

وقت اور فاصلہ (Time and Distance)

(50) وقت اور فاصلہ Time and Distance: وقت x رفتار (یا) $d = s \times t$ (یا) $S = \frac{d}{t}$ (یا) $t = \frac{d}{s}$

(51) اگر رفتار کلومیٹر فی گھنٹہ دی گئی ہو تو اس کو میٹر فی سکنڈ میں تبدیل کرنے کے لیے $\frac{5}{18}$ سے ضرب دینا ہوگا۔

(52) اگر رفتار میٹر فی سکنڈ دی گئی ہو تو اس کو میٹر فی گھنٹہ میں تبدیل کرنے کے لیے $\frac{18}{5}$ سے ضرب دینا ہوگا۔

مشقی سوالات

(1) 5 دستہ زیرا کس کاغذ میں کتنے فل اسکوپ کاغذ ہونگے

500 (1) 480 (2) 120 (3) 400 (4)

2) 2 گروس .H.B پنسل کی قیمت 576 روپئے ہے، تو دو درجن پنسل کی قیمت ہوگی؟

(1) 48 روپئے (2) 60 روپئے (3) 24 روپئے (4) 30 روپئے

3) ایک جماعت کے 40 طلباء میں 10 نے مضمون ریاضی میں 55 نشانات، 15 طلباء نے 62 نشانات، اور باقی 75 نشانات حاصل کرتے ہیں تو بتاؤ اوسط نشان کیا ہوگا۔

(1) 55 (2) 62 (3) 75 (4) 64

4) ایک ہیرو ہانڈا موٹر سیکل سوار 400 کلومیٹر کا فاصلہ 40 کلومیٹر فی شمیمہ کی رفتار سے طئے کرتا ہے، 45 کلومیٹر کا فاصلہ 60 کلومیٹر فی شمیمہ کی رفتار سے طئے کرتا ہے، اور 15 کلومیٹر کا فاصلہ 50 کلومیٹر فی شمیمہ کی رفتار سے طئے کرتا ہے تو موٹر سیکل کی اوسط رفتار کیا ہوگی؟

(1) 60 کلومیٹر گی گھنٹہ (2) 50 کلومیٹر فی گھنٹہ (3) 40 کلومیٹر فی گھنٹہ
(4) 80 کلومیٹر فی گھنٹہ

5) 12 املی کے تھیلوں کا وزن 360 کلوگرام ہے، 10 تھیلوں کا وزن ہوگا۔

(1) 250 کلوگرام (2) 300 کلوگرام (3) 100 کلوگرام (4) 36 کلوگرام

6) ایک شخص کی سالانہ آمدنی 72,000 روپئے ہے ہر مہینہ اس کو کتنے روپئے ملیں گے۔

(1) 600 روپئے (2) 6000 روپئے (3) 7200 روپئے (4) 7200 روپئے

1 (1) -1 (2) 2 (3) 0 (4)

(40) $4^{-3}\times x=64$ ہوتو x کی قدر؟

$2^{4}\times 2^{6}$ (1) $2^{5}\times 2^{6}$ (2) $2^{6}\times 2^{6}$ (3) $2^{7}\times 2^{6}$ (4)

جوابات KEY

1-1	2-2	3-2	4-4	5-1	6-3	7-2	8-2	9-2	10-2
11-3	12-1	13-3	14-3	15-1	16-4	17-2	18-1	19-3	20-1
21-1	22-3	23-2	24-1	25-3	26-3	27-2	28-2	29-1	30-1
31-3	32-2	33-2	34-4	35-1	36-4	37-1	38-2	39-1	40-1

Simple Equations ساده مساواتیں

اہم نکات:

1. 4×3، $(-1)+4$، $10\div 2$ وغیرہ شکل کی عبارتوں کو عددی عبارتیں (Numerical Expressions) یا عددی جملے (Numerical Sentences) کہتے ہیں۔
2. ایک ریاضیاتی جملے کی تصدیق صادق یا کاذب لیکن دونوں نہیں سے کی جاسکتی ہے ریاضیاتی بیان (Methematical Statement) کہلاتا ہے۔
3. ایسے ریاضیاتی جملے جن کی صورت کو جانچا نہیں جاسکتا کھلے جملے (Open Sentences) کہلاتے ہیں۔
   جیسے: (i) $x-3=4$ (ii) $y+2=-2$ (iii) $x<-2$ (iv) $y<-1$ وغیرہ۔
4. ایسا کھلا جملہ جس میں ''مساوی ہے'' کی علامت پائی جاتی ہے مساوات کہلاتی ہے:
   جیسے: (i) $y+2=6$ (ii) $x+4=8$ وغیرہ۔
5. ہر مساوات کے دو بازو ہوتے ہیں (i) R.H.S اور (ii) L.H.S
6. R.H.S کا مطلب Right Hand Side یا دائیں ہاتھ کی جانب اور
   R.H.S کا مطلب Left Hand Side یا بائیں ہاتھ کی جانب ہوتا ہے۔
7. مساوات کا حل مساوات کا ریشہ (Roots) کہلاتا ہے۔
8. مساوات میں موجود انگریزی کے حروف تہجی ''متغیر'' کہلاتے ہیں۔

9. مساوات کو حل کرنے کا مطلب مساوات میں موجود متغیر کی قدر معلوم کرنا ہے۔

10. مساوات جس میں متغیر کا بڑے سے بڑا قوت نما ایک ہوتا ہے خطی مساوات (Linear Equation) کہلاتا ہے۔

11. اگر خطی مساوات میں موجود متغیرات کی تعداد ایک ہو تو اس کو سادہ مساواتیں کہتے ہیں۔

12. کسی رکن کو مساوات کی ایک جانب سے دوسری جانب منتقل کرنا جابدلی (Tranzposition) کہلاتا ہے۔

13. ایک مساوات میں دائیں جانب اور بائیں جانب کی قدریں مساوی ہوتی ہیں۔

14. اگر خطی مساوات میں ایک متغیر ہو تو اس مساوات کو واحد متغیر کی خطی مساوات کہتے ہیں۔

15. اگر کسی خطی مساوات میں دو متغیر ہوں تو اس کو دو متغیرات والی خطی مساوات کہتے ہیں۔

16. دو متغیرات x اور y میں خطی مساوات کی عام شکل $ax + by + c = 0$ ہے۔ جہاں a اور b بہ ایک وقت صفر نہیں ہو سکتے جب کہ a ، b اور c حقیقی اعداد ہیں۔

17. ایک متغیر کی خطی مساوات کا صرف ایک منفرد حل ہوتا ہے۔

18. دو متغیرات میں خطی مساوات کے کئی حل ہوتے ہیں۔

19. متغیرات x اور y کی قدروں کی جوڑ جو دونوں مساواتوں کو مطمئن کرتا ہے۔ خطی مساوات کی جوڑ کا حل سٹ کہلاتا ہے۔

20. ایسی خطی مساواتوں کا جوڑ جس کا حل سیٹ ایک ہی ہوتا ہے ''خطی مساواتوں کا مستقل جوڑ'' کہلاتا ہے۔

21. ایسی خطی مساواتوں کا جوڑ جس کا کوئی حل سیٹ نہیں ہوتا ''غیر حقیقی مساواتوں کا جوڑ'' کہلاتا ہے۔

22. ایسی خطی مساواتوں کا جوڑ جس کے لامتناہی حل سیٹ ہوتے ہیں ''دو متغیر پر مبنی منحصر مساواتوں کا جوڑ'' کہلاتا ہے۔

23. ''خطی مساواتوں کا مستقل جوڑ'' میں دونوں خطی مساوات ایک نقطہ سے گذرتے ہیں یعنی کہ یہ قاطع ہوں گے اور حقیقی ہوں گے۔

24. ''غیر حقیقی خطی مساواتوں کا جوڑ'' میں دونوں خطی مساوات ایک دوسرے پر قطع نہیں کرتے۔

25. ''دو متغیر پر مبنی منحصر مساواتوں کا جوڑ'' میں دونوں خطی مساوات ایک دوسرے پر منطبق ہوتے ہیں۔

مساواتوں کے خواص:

26. برخود خاصیت (Reflexive Propert): ہر عدد خود اپنے مساوی ہوتا ہے۔
مثال: $X = X$ ، $10 = 10$ وغیرہ۔

27. متشاکل خاصیت (Symmetric Property): اگر دو اعداد میں پہلا عدد دوسرے عدد کے مساوی ہے تب دوسرا عدد بھی پہلے کے مساوی ہوگا۔
اگر a اور b دو اعداد ہیں اور $a = b$ تب $b = a$

28. انتقالی خاصیت (Transitive Propertive): تین اعداد میں اگر پہلا عدد دوسرے عدد کے مساوی ہو اور دوسرے عدد، تیسرے عدد کے مساوی ہو تب تیسرا عدد پہلے عدد کے مساوی ہوگا۔ جیسے کسی تین اعداد a ، b اور c کے لئے اگر $a = b$ اور $b = c$ تب $a = c$

الجبراء :

1. ریاست کی نصابی کتاب میں جماعت ششم سے الجبراء کا تعارف کروایا گیا ہے۔
2. الجبراء میں اعداد کے ساتھ کسی بھی زبان کے حروف تہجی کو ملایا جاتا ہے۔
3. لفظ الجبراء عربی زبان سے ماخوذ ہے جو کہ ''ال جبر'' سے بنا ہے۔
4. فارسی ریاضی داں محمد ابن موسیٰ خوارزمی نے عربی زبان میں ایک کتاب لکھی جس میں الجبراء پر روشنی ڈالی گئی۔
5. یک رکنی عبارت یا یک رکنی جملہ کا درجہ اس میں موجود متغیر کے درجوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔
6. کثیر رکنی عبارت یا کثیر رکنی جملہ میں سب سے بڑی قوت اس کا درجہ کہلاتی ہے۔
7. مستقل رکن کا درجہ صفر ہوتا ہے۔
8. کسی عبارت کے ارکان کو ان کے درجوں کے لحاظ سے نزولی ترتیب میں رکھا جائے تو وہ عبارت کی معیاری شکل کہلاتی ہے۔
9. الجبراء کے ارکان کا حاصل ضرب معلوم کرنے کیلئے ایک ہی اساس رکھنے والے ارکان کے قوت نما جمع کیئے جاتے ہیں۔
10. جب کوئی دو ایک رکنیوں کو ضرب دیا جاتا ہے تو ایک رکنی ہی حاصل ہوتی ہے۔
11. ایک رکنی کو دو رکنی سے ضرب دیا جائے تو دو رکنی جملہ حاصل ہوتا ہے۔
12. ایک رکنی اور سہ رکنی کے حاصل ضرب میں تین ارکان ہوتے ہیں۔
13. جب دو، دو رکنیوں کو ضرب دیا جاتا ہے تو تین ارکان حاصل ہوتے ہیں۔
14. دو رکنی اور سہ رکنی کے حاصل ضربوں میں زیادہ سے زیادہ '5' ارکان ہوتے ہیں۔
15. متماثلہ (Equivalent) : اگر کسی مساوات میں LHS = RHS کے تو ایسی مساوات متماثلہ کہلاتی ہے۔
16. ایک متماثلہ ایک ایسی مساوات ہے جو متغیرات کی تمام قیمتوں کے لئے درست ہوتی ہے جب کہ ایک مساوات اس کے متغیرات کی بعض قیمتوں کیلئے ہی صحیح ہوتی ہے۔

عملِ اجزائے ضربی، جبری عبارتوں کے جذر المربع، دو درجی مساوات

(Quadratic Equations, Square roots of Algebraic Expressions)

اہم نکات :-

☆ x ایک متغیر ہے جس کا مربع a^2 ہوگا۔ a کو a^2 کا مثبت جذر المربع کہا جاتا ہے۔

☆ x^2 کا جذر المربع $\sqrt{x^2}$ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ $\sqrt{x^2} = \pm x$

ہر x جس کا تعلق R یعنی حقیقی اعداد سے ہو۔ $x^2 \geq 0$

☆ $x = \sqrt{x^2}$ جیسا کہ $x^2 \geq 0$ تو بتلاتا ہے کہ $\sqrt{\ }$ صرف غیر منفی اعداد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

☆ $\sqrt{-5}$ اور $\sqrt{-4}$ حاصل نہیں کیے جاسکتے جو حقیقی اعداد کے سٹ میں موجود نہیں ہوتے اور منفی اعداد کو مجازی اعداد کہا جاتا ہے۔

☆ جبری عبارتوں کا جزر المربع ان تین طریقوں سے معلوم کیا جاتا ہے ((1) تنقیدی تخلیقی طریقہ ((2) تقسیم کا طریقہ ((3) عددی ضریب کا طریقہ۔

☆ ہر الجبری عبارت کے ہر عدد کی قوت مساوی ہوتی ہے تب یہ عبارت کو یکساں عبارت (متجانس عبارت) Homogenious Expression کہتے ہیں۔

☆ متشاکل عبارتیں: دو متغیروں x ' y کی عبارت $f(x,y)$ متشاکل عبارت کہلاتی ہے۔ اگر $f(x,y)=f(y,x)$

☆ مدوری عبارتیں: تین متغیروں x,y,z کی جبری عبارت $f(x,y,z)$ مدوری عبارت کہلاتا ہے اگر

$$f(x,y,z)=f(y,z,x)=f(z,x,y)$$

☆ دودرجی مساوات $ax^2+bx+c=0$ میں $a\neq 0;\ b,c\in Z$

☆ مساوات $ax^2+bx+c=0$ کے ریشے $\dfrac{-b\pm\sqrt{b^2-4ac}}{2a}$

☆ مساوات $ax^2+bx+c=0$ کا ممیّز $\Delta=b^2-4ac$ کہلاتا ہے۔

☆ مساوات $ax^2+bx+c=0$ کے ریشے حقیقی اور مختلف ہوں گے اگر $\Delta>0$

☆ مساوات $ax^2+bx+c=0$ کے ریشے حقیقی اور مساوی ہوں گے اگر $\Delta=0$

☆ مساوات $ax^2+bx+c=0$ کے ریشے خیالی/مجازی ہوں گے اگر $\Delta<0$

☆ اگر α,β مساوات $ax^2+bx+c=0$ کے ریشے ہیں تب $\alpha+\beta=\dfrac{-b}{a},\quad \alpha\beta=\dfrac{c}{a}$

☆ دودرجی مساوات جس کے ریشے α,β ہیں $x^2+(\alpha+\beta)x+\alpha\beta=0$

☆ اگر (x,y) ایک مسلسل متشاکل عبارت $f(x,y,z)$ تب $(y-z)$ اور $(z-x)$ b[y $f(x,y,z)$ کے جزضربی ہوں گے تب $(x-y)(y-z)(z-x)$ کو $\pi(x-y)$ لکھا جائے گا۔

☆ اگر $(x+y)$ ایک جزضربی ہے جو مسلسل متشاکل عبارت $f(x,y,z)$ $(y+z)$ اور $(z+x)$ بھی $f(x,y,z)$ کے جزضربی ہوں گے۔

☆ مساوات جو کہ معیاری طریقہ مساوات درجہ دوم میں منتقل کی جاتی ہو تو اس کو حل کیا جا سکتا ہے۔

-1 اگر α,β مساوات $x^2-px+q=0$ کے ریشے ہیں تو قدریں معلوم کیجئے۔

$\alpha^3+\beta^3$ کی قدر ہوگی۔

(1) p^3-3pq (2) $3p-(pq)^3$ (3) $2p^2-3pq$ (4) p^3-2pq

-2. $\dfrac{\alpha^2}{\beta}+\dfrac{\beta^2}{\alpha}$ کی قدر ہوگی۔

(1) $\dfrac{p^3-3pq}{q}$ (2) p^3-3pq (3) $\dfrac{3pq-p^3}{q}$ (4) $\dfrac{3pq-p^3}{q^3}$

-3 $\dfrac{1}{\alpha^3}+\dfrac{1}{\beta^3}$ کی قدر

(1) $\dfrac{p^3-3pq}{q}$ (2) $\dfrac{p^3-3pq}{q^3}$ (3) $\dfrac{3pq-p^3}{q^3}$ (4) $\dfrac{3pq-p^2}{q^3}$

-4 دودرجی مساوات معلوم کیجئے جس کے ریشے $3+\sqrt{2},\ 3-\sqrt{2}$ ہیں۔

$x^2-6x+7=0$ (1) $x^2-7x+6=0$ (2)

$x^2+7x-6=0$ (3) $x^2+6x-7=0$ (4)

-5 $x^2-5x+k=0$ مساوات کا ایک ریشہ 2 ہے تب k کی قدر معلوم کیجئے۔

3 (1) -3 (2) 2 (3) 6 (4)

-6 $px^2+qx+r=0$ کا ایک ریشہ دوسرے ریشے کا تین گنا ہے۔تب بتلایئے کہ $3q^2=16pr$

$3q^3=16pr$ (1) $3q=16p^2r^2$ (2) $3q^2=16pr$ (3) $3p^2=16qr$ (4)

-7 عبارت $f(x,y)$ سے مراد مساوات x اور y میں کہلاتی ہے اگر ہو تو $f(x,y)=f(g,x)$ یہ عبارت کہلاتی ہیں۔

(1) تشاکل (2) متجانس (3) مدوری (4) مسلسل عبارت

-8 $\Sigma a_3(b-c)=-1$ اجزائے ضربی میں تحویل کیجئے

$a^3(b-c)+b^3(c-a)+c^3(a-b)$ (1) $a^3(b-c)^3$ (2)

$\{a(b-c)^3+b(c-a)^3+c(a-b)^3\}$ (3) $\{a(b-c)\}^3$ (4)

-9 P کی کونسی قدروں کیلئے مساوات $x^2+p+4=0$ کے ریشے مساوی ہونگے۔

4 (1) -4 (2) ± 4 (3) ± 2 (4)

-10 k کی کونسی قدروں کیلئے مساوات $kx^2+(k-1)x+(k-1)=0$ کے ریشے مساوی ہونگے۔

$1,\frac{-1}{3}$ (1) $-1,\frac{1}{3}$ (2) $1,\frac{-1}{2}$ (3) $-1,\frac{1}{2}$ (4)

-11 مساوات معلوم کیجئے جبکہ ریشوں کا مجموعہ 3- اور حاصل ضرب 10 ہے۔

$x^2+3x+10=0$ (1) $x^2-3x+10=0$ (2)

$x^2+3x-10=0$ (3) $x^2+10x-3=0$ (4)

-12 اگر $9x^4+25=30x^2$ تب x کی قدر ہوگی۔

$\sqrt{\frac{5}{3}}$ (1) $-\sqrt{\frac{5}{3}}$ (2) $+\sqrt{\frac{5}{3}}$ (3) $\pm\sqrt{\frac{3}{5}}$ (4)

-13 m کی قدر اس طرح معلوم کیجیے۔ $x^4-2x^3+3x^2-mx+5$ $(x-3)$ سے مکمل طور پر تقسیم ہوجائے۔

$\frac{59}{3}$ (1) $\frac{-59}{3}$ (2) $\frac{3}{-59}$ (3) $\frac{58}{3}$ (4)

-14 اگر $ax^2+2a^2x+b^2$، $(x-a)$ سے قابل تقسیم ہے تب

$a-b=0$ (1) $a+b=0$ (2) $(a+b)^2=0$ (3) $a^2-ab+b^2=0$ (4)

-15 اگر $ax^4 + bx^3 + cx^2 + dx + e$ ' $(x^2 - 1)$ سے مکمل طور پر تقسیم ہوتا ہے تب

(1) $a + c + e = 0$ (2) $b + d = 0$ (3) a اور b دونوں (4) $a + d + e = 0$

-16 $x^n + y^n$ ' $(x + y)$ سے کس وقت قابل تقسیم ہوگا۔

(1) n جفت ہو (2) n طاق ہو (3) n جفت یا طاق ہو (4) n جفت اور طاق دونوں صورتوں میں

-17 دو اعداد کا فرق 5 ہے اور ان کا حاصل ضرب 84 ہے تب اعداد

(1) 12,7 (2) 13,8 (3) -12,7 (4) -12,-7

-18 عدد معلوم کیجئے جو اس کے مقلوب سے $2\frac{2}{3}$ زیادہ ہے۔

(1) $x = 3, \frac{1}{3}$ (2) $x = 3, \frac{-1}{3}$ (3) $x = -3, \frac{1}{3}$ (4) $x = 5, \frac{-1}{5}$

-19 دو متصلہ جفت اعداد کے مربعوں کا مجموعہ 52 ہے وہ اعداد

(1) 6,4 (2) 4,2 (3) $\pm 4, \pm 6$ (4) 4,6

-20 عدد جو کہ اس کے مربع سے 132 کم ہے وہ

(1) 11,12 (2) -11,12 (3) -11,-12 (4) 11,-12

-21 ایک عدد کے مربع کا دگنا اس کے 4 گنا سے 30 زیادہ ہے اس عدد کو معلوم کیجئے۔

(1) 5,-3 (2) +3,5 (3) 4,7 (4) -5,3

-22 ایک کسر کا نسب نما شمار کنندہ سے 4 زیادہ ہے اور شمار کنندہ نسب نما کے مربعوں سے بنے والی کسر $\frac{4}{9}$ تب وہ کسر

(1) $\frac{16}{81}$ (2) $\frac{9}{4}$ (3) $\frac{8}{12}$ (4) $\frac{12}{8}$

-23 ایک دو ہندسی عدد جس میں ایک ہندسہ دوسرے کا مربع ہے اور ہندسوں کی ترتیب کو الٹا کرنے سے بننے والا عدد کے دُگنے سے 15 زیادہ ہے تب وہ عدد ہوگا۔

(1) 24 (2) 39 (3) 12 (4) 49

-24 ایک مستطیل کمرے کا احاطہ 34 میٹر ہے اور ایک وتر کا طول 13 میٹر ہے کمرے کے ابعاد ہونگے۔

(1) 5,12 (2) 6,13 (3) 17,5 (4) 4,11

-25 $\left(2x^2 + \frac{3}{x}\right)^6$ کے پھیلاؤ میں کونسا رکن x سے آزاد رکن ہے۔

(1) پانچواں (2) چوتھا (3) چھٹا (4) تیسرا

-26 عبارت $ax^2 + bxy + ay^2 + b$

(1) متجانس (2) متجانس اور متشاکل (3) متجانس اور متشاکل دونوں (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-27 دومتشاکل عبارتوں کا فرق

(1) متشاکل (2) متجانس (3) صفر (4) مثبت

-28 $\Pi_{a,b,c}(x+a)$ کا مطلب ہے۔

(1) $(x+a)(x+b)(x+c)$ (2) $(x-a)(x-b)(x-c)$

(3) $(a+b)(a+c)(x+c)$ (4) $abc(x+a)$

-29 ایک عبارت $f(x,y,z)$ مدوری ہے اگر

(1) $f(x,y,z)=f(0,0,0)$ (2) $f(x,y,z)=f(y,z,x)$

(3) $f(x,y,z)+f(x,y,z)=0$ (4) $x=y=z$

-30 دودرجی مساوات میں $b^2-4ac<0$ ہوتو ریشے ہیں۔

(1) حقیقی (2) خیالی (3) ناطق (4) غیر ناطق

-31 اگر مساوات $2x^2+px+4=0$ کے ریشے مساوی ہوں تو p کی قدر

(1) $\pm 4\sqrt{2}$ (2) $\pm 2\sqrt{2}$ (3) $-\sqrt{3}$ (4) 2

-32 مساوات $ax^2+bx+c=0\,(a\neq 0)$ کا ایک ریشہ صفر ہوتو c کی قدر

(1) 1 (2) 2 (3) 0 (4) -a

-33 مساوات $ax^2+bx+c=0$ میں اگر $b=c=0$ ہوتو اس کا ایک ریشہ ہوگا۔

(1) 0 (2) -a (3) a/b (4) c/a

-34 اگر $2x^2-3x+k$ کا ایک جزوضربی $(x+1)$ ہے تب K کی قدر

(1) 3 (2) -2 (3) -5 (4) 5

-35 مساوات $3x^2+2x+1=0$ کے ریشوں کی نوعیت ہے۔

(1) حقیقی غیر مساوی (2) حقیقی مساوی (3) خیالی (4) ان میں سے کوئی نہیں

-36 اگر ایک مساوات کے ریشے α اور β ہوتو مساوات ہوگی۔

(1) $x^2+(\alpha+\beta)x+\alpha\beta=0$ (2) $x^2-(\alpha+\beta)x+\alpha\beta=0$

(3) $x^2+(\alpha+\beta)x-\alpha\beta=0$ (4) $x^2-(\alpha+\beta)x-\alpha\beta=0$

-37 مساوات $3x^2+5x+7=0$ کا مجموعہ

(1) $\frac{-5}{3}$ (2) $\frac{7}{3}$ (3) $\frac{+5}{3}$ (4) $\frac{7}{5}$

-38 عبارت x^3-4x^2+5x-2 کا ایک جزضربی

(1) $(x-1)$ (2) $(x+1)$ (3) $2x$ (4) $x=0$

-39 $x = y^2$ کی ترسیم متشاکل ہے۔

(1) $x-$ محور (2) $y-$ محور (3) مبداء (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-40 اگر $ax^2 + bx + c < 0$ ہوتو ریشے ہیں۔

(1) $0 < x < \alpha$ (2) $\alpha < x < 0$ (3) $\alpha < x < \beta$ (4) $x \geq 0$

-41 $(x+y)^{2n}$ کے پھیلاؤ 9 ارکان ہوں تو n کی قدر ہے۔

(1) 4 (2) 2 (3) 3 (4) 9

-42 $\left(x + \frac{1}{x}\right)^6$ کا درمیانی رکن ہے۔

(1) $6C_2$ (2) $6C_4$ (3) $6C_3$ (4) $6C_6$

-43 $(x+a)^n$ کا $(r+1)$ واں رکن ہے۔

(1) $nC_r x^{n-r} a^r$ (2) $nC_r x^{n-r} a^n$ (3) $nC_r x^{r-n} a^n$ (4) $nC_n x^{n-r} a^r$

-44 اگر $2x^2 + 5xy + ay^2 + 7x + 7y + 12$ ایک متشاکل عبارت ہوتو $a =$

(1) 2 (2) 5 (3) 7 (4) 12

-45 $f(x)$ کو $ax + b$ سے تقسیم کرنے کے بعد باقی ہوگا۔

(1) -b/a (2) b/a (3) $f(b/a)$ (4) $f(-b/a)$

-46 اگر $(a+1)$ ، $ax^2 bx + c$ کا جزوضربی ہوتو تب

(1) $a+b+c=0$ (2) $a+b=c$ (3) $a+c=b$ (4) $b+c=a$

-47 $x+y$ عبارت $n \in N$ $x^n + y^n$ کا جزوضربی ہوگا اگر n

(1) کوئی طبعی عدد ہو (2) طاق عدد ہو (3) حقیقی عدد ہو (4) مساوی صفر ہو

-48 اگر $(x-1)$ عبارت $2x^3 - 5x^2 + kx + 7$ کا جزوضربی ہوتو K مساوی ہوگا۔

(1) 0 (2) 4 (3) -4 (4) 14

-49 اگر $a \neq b$ ہواور $x^2 + bx + a$ اور $x^2 + ax + b$ مشترک جزوضربی رکھتے ہوتب

(1) $a+b=0$ (2) $a=b$ (3) $a+b=1$ (4) $a+b=-1$

-50 اگر $(x-2)^2$ عبارت $x^3 - x^2 - 8x + 12$ جزوضربی ہوتو دوسرا جزوضربی ہوگا۔

(1) $x+2$ (2) $x-6$ (3) $x+6$ (4) $x+3$

-51 اگر $(3,k)$ ایک نقطہ گراف $y = x^2$ پر ہوتو k کی قدر ہوگی۔

(1) 3 (2) 0 (3) 9 (4) 6

-52 $x = y^2$ گراف ربع میں ہوگا۔

(1) $Q_1\ Q_2$ (2) $Q_1\ Q_3$ (3) $Q_2\ Q_3$ (4) $Q_1\ Q_4$

-53 مساوات جس کے ریشے ہیں 2,-3

(1) $x^2 + 5x - 6 = 0$ (2) $x^2 + x + 6 = 0$

(3) $x^2 + 5x + 6 = 0$ (4) $x^2 + x - 6 = 0$

-54 اگر $x^2 - 4x + 3 < 0$ ہوتب

(1) $x < 1$ (2) $x > 3$ (3) $1 < x < 3$ (4) $x < 1 \cup x > 3$

-55 5^{2n-1}، $(n \in N)$ کا جزوضربی ہوگا۔

(1) 10 (2) 24 (3) 48 (4) 50

-56 $(x + y)^4$ پھیلاؤ میں ارکان کے ضربیوں کا مجموعہ ہوگا۔

(1) 8 (2) 16 (3) 5 (4) 32

-57 مساوات $x^2 + 2x - 1 = 0$ کا اک ریشہ ہے۔

(1) $\sqrt{2} + 1$ (2) $\sqrt{3} - 1$ (3) $\sqrt{2} - 1$ (4) 1

-58 مساوات $ax^2 + bx + c = 0$ کا ایک ریشہ دوسرے ریشہ کا مغلوب ہونے کی شرط ہے۔

(1) $a + c = b$ (2) $a + b + c = 0$ (3) $b + c = 0$ (4) $a = c$

KEY

1-1	2-1	3-2	4-1	5-4	6-3	7-1	8-1	9-1	10-1
11-1	12-3	13-1	14-4	15-1	16-2	17-1	18-2	19-3	20-2
21-1	22-3	23-2	24-1	25-1	26-3	27-3	28-1	29-2	30-2
31-1	32-3	33-1	34-3	35-3	36-1	37-1	38-1	39-1	40-3
41-1	42-3	43-1	44-1	45-4	46-3	47-2	48-3	49-4	50-4
51-3	52-4	53-4	54-3	55-2	56-2	57-3	58-4		

6. تحلیلی جیومٹری
Analytical, Co-ordinate Geometry

- ایک تا ایک رشتہ نقاط کے درمیان جو ایک سطح میں واقع ہیں اور جو صحیح اعداد کے مختصات ہیں۔
- ایک سطح کو 4 حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے جس کو ربع کہتے ہیں۔
- اس ربعی سطح میں آڑی لکیر (horizantal line) کو x محور اور عمودی خط (Vertical line) کو y محور کہتے ہیں ان دونوں محوروں کا نقطہ تقاطع مبدا Origin کہلاتا ہے۔
- کسی نقطہ کو اس سطح پر x اور y میں ظاہر کیا جاتا ہے جس سے مراد یہ ہوتا ہے کہ x اور y محوروں کی دوری کے لیے اعداد استعمال کیئے جاتے ہیں۔
- پہلے ربع کے اعتبار سے ان مختصات کی علامت بدلتی رہتی ہے۔ جیسے پہلے ربع میں x اور y دونوں مثبت ہوتے ہیں۔
- دوسرے ربع میں x کی علامت منفی اور y کی علامت مثبت ہوگی۔
- تیسرے ربع میں دونوں مختصات یعنی x اور y کی علامت منفی ہوں گے۔
- چوتھے ربع میں x مثبت اور y منفی ہوگا۔
- $Q_1 \cap Q_2$ مثبت y محور ہوگا۔
- x ۔ محور کی مساوات $y = 0$ اور y محور کی مساوات $x = 0$
- $x = k$ مساوات y محور کے متوازی خط ہوگا۔
- $y = k$ مساوات x محور کے متوازی خط ہوگا۔
- x ۔ محور سے مخالف گھڑی سمت میں اس کا ڈھال کہتے ہیں۔ اگر α زاویہ ہو تو $0 \le \alpha < 180^o$
- ایک مرتب جوڑے (x, y) میں x کو پہلا مختص اور y کو دوسرا مختص کہتے ہیں۔
- ڈھال $= \dfrac{y \text{ محور پر کے مختصات کا فرق}}{x \text{ محور پر کے مختصات کا فرق}}$ خط کے ڈھال کو $\tan\theta$ بھی کہا جاتا ہے۔
- $m \in R$ کے لیے $y = mx$ ایک خط کو ظاہر کرتی ہے جس کا ڈھال m اور جو مبدا C گذرتی ہے۔
- $x -$ محور کے متوازی خط کا ڈھال صفر ہوگا۔
- $y -$ محور کے متوازی خط کا ڈطال لامتناہی ہوگا۔
- جیسا کہ $m > 0$ اور اس کی قیمت بڑھتی جاتی ہے وہ y محور کے قریب ہوتی جاتی ہے۔
- جیسا کہ $m > 0$ اور اس کی قیمت بڑھتی جاتی ہے وہ y محور کے بائیں جانب بڑھتی ہے۔
- کوئی دو خطوط متوازی ہیں تب اس کے عکس کے طور پر دو متوازی خطوط مستقیم کا ڈھال مساوی ہوگا۔
- دو خطوط مستقیم کا درمیانی نقطہ جو دو خطوط کو نقاط $(x_1y_1)(x_2y_2)$ سے ملاتی ہیں۔

$$\left(\frac{x_1 + x_2}{2}, \frac{y_1 + y_2}{2}\right)$$

❖ اگر $A(x_1, y_1)$ اور $B(x_2, y_2)$ اور دونقاط ربعی سطح میں تب ان کے درمیان کا فاصلہ

$$AB = \sqrt{(x_2 - x_1)^2 + (y_2 - y_1)^2}$$

❖ پہلے درجہ کی مساوات $ax + by + c = 0$ جہاں پر $a \neq 0$ ' $b \neq 0$ ایک خط مستقیم کو ظاہر کرتی ہے۔

❖ خط مستقیم $ax + by + c = 0$ کا ڈھال $= m = -\frac{a}{b} = \frac{x \text{ کا (عددی ضریب) - }}{y \text{ کا عددی ضریب}}$

❖ خط مستقیم جو مثلث کے اضلاع کے درمیانی نقاط کو ملاتی ہے اور تیسرے ضلع کے متوازی ہوتی ہے۔

❖ اگر ایک خط مستقیم y – محور کو نقطہ $(0, b)$ پر قطع کرتی ہے تب b کو y – مقطوعہ کہا جاتا ہے۔

❖ اگر ایک خط مستقیم x – محور کو نقطہ $(a, 0)$ پر قطع کرتی ہے تب a کو x – مقطوعہ کہا جاتا ہے۔

❖ خط کی مساوات جس کا ڈھال m اور y مقطوعہ c ہے تب $y = mx + c$ ہوگی۔ اس کو ڈھال اور مقطوعہ طریقہ کہتے ہیں۔

❖ اگر خط مستقیم کا ڈھال m اور جو نقطہ (x_1, y_1) سے گذرتی ہے۔ $y - y_1 = m(x - x_1)$

❖ اگر a اور b اس طرح جس کو x اور y محوروں پر مقطوعہ کہتے ہیں تب اس کی مساوات $\frac{x}{a} + \frac{y}{b} = 1$

❖ اگر خط مستقیم دو نقاط (x_1, y_1) اور (x_2, y_2) سے گذرتی ہے تب اس کی مساوات

$$y - y_1 = \frac{y_2 - y_1}{x_2 - x_1}(x - x_1)$$

$$\frac{x - x_1}{x_2 - x_1} = \frac{y - y_1}{y_2 - y_1}$$

❖ ایک سطح خط مستقیم $ax + by + c$ کی وجہ تین حصوں میں تقسیم ہوتی ہے۔

(i) نقاط کاسٹ خط مستقیم پر واقع ہوگا۔

(ii) نقاط کاسٹ خط مستقیم کے آدھے حصہ پر واقع ہوگا جس کو $ax + by + c > 0$ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

(iii) نقاط کاسٹ آدھا سطح پر واقع ہوگا۔ اگر $ax + by + c < 0$ ۔

❖ ایک مسطح سطح کو خط مستقیم $ax + by + c = 0$ تین حصوں میں تقسیم کرتی ہے۔

(i) $ax + by + c = 0$ (ii) $ax + by + c > 0$ اور (iii) $ax + by + c < 0$

❖ $ax + by + c < 0$ کا حل سٹ

(i) $c < 0$ ہو تو $(0,0)$

(ii) $c > 0$ جس میں نقطہ $(0,0)$ نہیں ہوتا۔

❖ اگر دو خطوط مستقیم کا ڈھال کا حاصل ضرب -1 ہو تو دونوں ایک دوسرے پر عمود وار ہوں گے۔

❖ مسئلہ فیثا غورث: وتر کا مربع مساوی ہوتا ہے ارتفاع کا مربع جمع قاعدے کے مربع کے

$$(\text{وتر})^2 = (\text{ارتفاع})^2 + (\text{قاعدہ})^2$$

مشقی سوالات

-1 اگر $(1,x)$ اور $(0,0)$ کے درمیان کا فاصلہ $\sqrt{10}$ اکائیوں کے فاصلہ پر ہو تب x کی قدر کیا ہوگی۔

(1) +3 (2) -3 (3) ± 3 (4) 9

-2 اگر P‘Q‘R ترتیب وار $(1,3)(6,-1)(x,8)$ ہیں تب x کی قدر کیا ہوگی جبکہ $PQ = QR$

(1) 5 (2) -3 (3) 1 اور 2 دونوں (4) -5

-3 خط کی مساوات معلوم کیجئے جس کا x-مقطوعہ $= -3$ اور y-مقطوعہ $= 2$ ہو۔

(1) $2x - 3y = 6$ (2) $2x - 3y + 6 = 0$ (3) $3x - 2y = 6$ (4) $2x + 3y = 6$

-4 خط کی مساوات معلوم کیجئے جس کا x-مقطوعہ 4 ہے اور $x + 2y + 3 = 0$ کے متوازی ہے۔

(1) $2x + y = 8$ (2) $x + 2y = -8$ (3) $x + 2y = 8$ (4) $x - 2y = 8$

-5 دیئے گئے راس $(3,2)(5,-3)(0,0)$ کونسے مثلث کے ہیں۔

(1) مساوی الاضلاع مثلث (2) مختلف الاضلاع مثلث

(3) مساوی الساقین مثلث (4) قائم الزاویہ مساوی الساقین مثلث

-6 اگر $R(x,8)$ ‘ $Q(1,3)$ ‘ $P(6,-1)$ ہو تو x کی قدر اس طرح معلوم کیجیے کہ $PQ = QR$

(1) $x = 5,-3$ (2) $x = -3,-5$ (3) $x = 3,-5$ (4) $x = \pm 3, \pm 5$

-7 اگر $A = (4,2)$ $B = (1,y)$ اور $AB = 5$ ہو تو y ممکنہ قدریں معلوم کیجیے۔

(1) $y = -2,-6$ (2) $y = -2,6$ (3) $y = 2,-6$ (4) $y = 2,\pm 6$

-8 اگر $Q = (x,-7)$ $P = (2,5)$ ہو تو x کی ممکنہ قدریں اس طرح معلوم کیجیے کہ $PQ = 13$

(1) $x = 7,-3$ (2) $x = -7,3$ (3) $x = -7,-3$ (4) $x = 5,-3$

-9 اگر $(4,0)$ اور (a,b) کا درمیانی فاصلہ $(0,0)$ اور (a,b) کے درمیانی فاصلہ کا دُگنا ہو تو a اور b کے درمیان رشتہ معلوم کیجیے

(1) $3a^2 + 3b^2 + 8a = 16$ (2) $3a^2 + 3b^2 + 8a + 16 = 0$

(3) $3a^2 + 3b + 8a + 16 = 0$ (4) $3a^2 + 3b^2 = 16$

-10 x – محور پر نقط معلوم کیجیے جو (2,3) اور (4,-2) سے مساوی فاصلہ پر ہو۔

(1) $x = \frac{7}{4}$ (2) $x = \frac{9}{4}$ (3) $x = \frac{7}{3}$ (4) $x = \frac{5}{3}$

-11 مثلث کا احاطہ معلوم کیجیے جس کے راس $(0,a),(a,0),(-a,0)$ ہیں۔

(1) $(2 + 2\sqrt{2})a$ (2) $(2 - 2\sqrt{2})a$ (3) $(2 + \sqrt{2})a$ (4) $(2 - \sqrt{2})a$

-12 دائرے کے قطر کا ایک سرا $(3,2)$ ہے اور اس کا مرکز $(0,0)$ ہے قطر کے دوسرے سرے کے مختصات ہوں گے۔

(1) (-3,2) (2) (3,-2) (3) (2,3) (4) (-3,-2)

-13 نقط C کے مختصات معلوم کیجیے جو نقاط $A = (2,6)$ اور $B = (5,1)$ کو ملانے والے خط کو 2:3 کی نسبت میں تقسیم کرتا ہے۔

(1) $\frac{16}{5},4$ (2) $\frac{5}{16},4$ (3) $\frac{4}{5},16$ (4) $\frac{16}{3},4$

-14 نقاط $A = (-2,3)$ اور $B = (6,7)$ کو ملانے والے خط کو نقط $P = (4,6)$ کی نسبت میں تقسیم کرتا ہے۔

(1) 3:1 میں داخلاً (2) 3:1 میں خارجاً (3) 2:3 میں داخلاً (4) 3:2 میں خارجاً

-15 مثلث کے مرکز وسطانی کے مختصات جس کے راس (-2,2) (-4,4) اور (6,12) ہیں۔

(1) (6,0) (2) (0,6) (3) (2,3) (4) $\left(\frac{2}{3},\frac{3}{2}\right)$

-16 نقاط (4,6) اور (-7,-1) کو ملانے والے خطی قطعہ کو x - محور کس نسبت میں تقسیم کرتا ہے۔

(1) 6:1 (2) 2:3 (3) 3:2 (4) 5:1

-17 نقاط (-3,2) اور (6,1) کو ملانے والے خطی قطعہ کو y- محور نسبت میں تقسیم کرتا ہے۔

(1) 1:2 داخلاً (2) 2:1 خارجاً (3) 1:2 خارجاً (4) 2:1 داخلاً

-18 مثلث کے وسطانیوں کا نقط تقاطع معلوم کیجئے جس کے راس (5,-2) (-1,0) اور (8,-2) ہیں۔

(1) $\left(4,\frac{4}{3}\right)$ (2) $\left(-4,\frac{-4}{3}\right)$ (3) $\left(4,\frac{-4}{3}\right)$ (4) $\left(2,\frac{-4}{3}\right)$

-19 مثلث کا تیسرا راس معلوم کیجیے اگر اس کے دو راس (-1,4) اور (5,2) ہیں اور اس کے وسطانیے نقط (0,-3) پر قطع کرتے ہیں۔

(1) (-4, -15) (2) (-4, 15) (3) (-2,-13) (4) (-4,-13)

-20 ایک دائرے کے قطر کا ایک سرا (2,3) اور اس کا مرکز (-2,5) ہے۔ دوسرے سرے کے مختصات معلوم کیجیے۔

(1) (-6,7) (2) (-6,-7) (3) (6,-7) (4) $(\pm 6,\pm 7)$

-21 اگر A = (-2,5) اور B = (3,-2) دو نقاط ہیں تو خارج شدہ AB پر ایک نقط C کے مختصات اس طرح معلوم کیجئے کہ $AC = 2BC$

(1) 2,3 (2) 2,-3 (3) -3,2 (4) 8,-1

-22 A = (-3,2) اور B = (9,5) کو ملانے والے خطی قطعہ کے نقاط تثلیث کے مختصات

(1) (1,2),(3,4) (2) (1,3),(5,4) (3) (1,-3),(-5,4) (4) (-1,3),(5,-4)

-23 اگر P(a,b)، Q(a+3, b+4)، R(a-1, b+7) ایک متوازی الاضلاع PQRS کے تین راس ہوں تو چوتھے راس S کے مختصات

(1) $S = (a-4, b+3)$ (2) $S = (a+4, b-3)$

(3) $S = ((a-2, b+4)$ (4) $S = (a-4, b-2)$

-24 ثابت کیجیے کہ نقاط (2,3) اور (3,4) کو ملانے والے خط کے نقط وسطی کے مختصات مساوات $x - y + 1 = 0$ کو مطمئن کرتے ہیں۔

(1) $\left(\frac{7}{2},\frac{5}{2}\right)$ (2) $\left(\frac{5}{2},\frac{7}{2}\right)$ (3) $\left(\frac{2}{5},\frac{2}{7}\right)$ (4) $\left(\frac{3}{5},\frac{2}{5}\right)$

-25 نقاط (3,-5) (-7,5) (-2,3), سے بننے والے مثلث کا رقبہ

(1) 16 مربع اکائیاں (2) 15 مربع اکائیاں (3) 18 مربع اکائیاں (4) 20 مربع اکائیاں

-26 بتایئے کہ نقاط A(1,2) B (-3,4) C(7,-1) ہم خط ہیں وہ نسبت معلوم کیجیے جس میں A' BC کو تقسیم کرتا ہے۔

(1) 2:3 (2) 3:2 (3) 1:3 (4) 3:4

-27 اگر تین نقاط A(p,2) B(-3,4) C(7,-1) ہم خط ہوں تو p کی قدر

(1) 1 (2) 5 (3) -1 (4) 0

-28 اگر A(-1,5) B(3,1) C(5,7) مثلث ABC کے راس ہوں اور D,E,F ترتیب اور BC,CA اور AB کے وسطی نقطے ہوں تو ثابت کیجیے مثلث ABC کا رقبہ ہوں تب ΔDEF کا رقبہ

(1) 16 مربع اکائیاں (2) 8 مربع اکائیاں (3) 4 مربع اکائیاں (4) 32 مربع اکائیاں

-29 اگر راس (t, 2t) (-2,6) (3,1) سے بننے والے مثلث کا رقبہ 5 مربع اکائیاں ہو تو t معلوم کیجیے۔

(1) 7/15 (2) 15/7 (3) 14/7 (4) 8/15

-30 ایک خط مستقیم کے مساوات کیا ہوگی جو نقط (3,-5) سے گذرتا ہے اور جس کی ڈھال 7/3 ہے۔

(1) $7x+3y+36=0$ (2) $7x-3y+36=0$

(3) $7x-3y-36=0$ (4) $3x-7y-36=0$

-31 ایک خط مستقیم کی مساوات کیا ہوگی جو (4,3) سے گذتا ہے اور جس کی ڈھال 3 ہے۔

(1) $3x-y-9=0$ (2) $3x+y+9=0$

(3) $3x-y+9=0$ (4) $x-3y+9=0$

-32 ایک خط مستقیم کی مساوات کی ہوگی جو $X-$ محور کی مثبت سمت کے ساتھ 135^0 کا زاویہ بناتا ہے اور $y-$ محور پر 3 اکائیاں کا مقطوعہ بناتا ہے۔

(1) $x+3y=3$ (2) $3x+y=3$ (3) $x-y=3$ (4) $x+y=3$

-33 خط کی مساوات کیا ہوگی جو $X-$ محور کی مثبت سمت کے ساتھ 150^0 کا زاویہ بناتا ہے اور جس کا $y-$ مقطوعہ 1- ہے۔

(1) $x+\sqrt{3}y+\sqrt{3}=0$ (2) $x-\sqrt{3}y+\sqrt{3}=0$

(3) $x-\sqrt{3}y-\sqrt{3}=0$ (4) $\sqrt{3}x-y+\sqrt{3}=0$

-34 خط $\frac{x}{a}+\frac{y}{b}=1 a,b,\neq 0$ کا ڈھال

(1) b/a (2) $-b/a$ (3) a/b (4) -a/b

-35 خط $3x+4y+4=0$ سے مختصات کے محوروں پر بننے والے مقطوعے ہونگے۔

(1) $\frac{-1}{4}=y,\frac{-4}{3}=x$ (2) $-4=y,\frac{-4}{3}=x$ (3) $4=y,\frac{-3}{4}=x$ (4) $4=y,\frac{4}{3}=x$

-36 خط کی مساوات جو نقاط (a,0) اور (0,b) سے گذرتی ہے۔

(1) $\frac{a}{x}+\frac{b}{y}=1$ (2) $\frac{x}{a}+\frac{b}{y}=1$ (3) $\frac{x}{a}+\frac{y}{b}=1$ (4) $ax+by=1$

-37 خط کی مساوات کیا ہوگی جو نقط (3,4) سے گذرتا ہے اور $4x + 7y = 8$ کے متوازی ہے۔

(1) $4x + 7y = 40$ (2) $4x - 7y = 40$ (3) $4x - 7y + 40 = 0$ (4) $4x + 7y + 40 = 0$

-38 ایک خط مستقیم x اور y محور پر مقطوعے 4 اور 7- بناتا ہے اس خط کی مساوات ہے۔

(1) $7x - 4y = 28$ (2) $7x + 4y = 28$ (3) $7x - 4y + 28 = 0$ (4) $7x + 4y + 28 = 0$

-39 خط $\mathbf{2x - 4y - 7 = 0}$ اور محصات کے محوروں سے بننے والے مثلث کا رقبہ

(1) $\frac{16}{49}$ مربع اکائیاں (2) $\frac{49}{16}$ مربع اکائیاں (3) $\frac{36}{49}$ مربع اکائیاں (4) $\frac{40}{36}$ مربع اکائیاں

-40 (4,6) اور (2,-5) کو ملانے والے خط کا ڈھال

(1) 6/5 (2) -2/4 (3) 5/6 (4) 11/2

-41 دو خطوط مستقیم متوازی ہوتے ہیں اگر ان کے ڈھال ہیں

(1) صفر (2) غیر مساوی (3) مساوی (4) غیر معرف

-42 خط $3x - 2y + 1 = 0$ کے متوازی خط کا ڈھال

(1) 3/2 (2) 2/3 (3) 3 (4) -2/3

-43 $5x - 2y + 4 = 0$ پر عمودوار خط کا ڈھال

(1) 2/5 (2) -2/5 (3) 2 (4) 5/2

-44 اگر $x < 0$، $y > 0$ تب نقطہ (x, y) میں واقع ہے۔

(1) Q_1 (2) Q_2 (3) Q_3 (4) Q_4

-45 $x -$ کی مساوات ہے۔

(1) $x = 0$ (2) $y = 0$ (3) $x = y$ (4) $x + y = 0$

-46 $y -$ محور کی مساوات ہے۔

(1) $x = 0$ (2) $y = 0$ (3) $x + y = 0$ (4) $\boldsymbol{x = y}$

-47 خط $x = 2$ کی متوازی ہے۔

(1) $x -$ محور (2) $y -$ محور (3) $x + y = 0$ (4) $\boldsymbol{y = 2}$

-48 خط $y = 2$

(1) $x -$ محور (2) $y -$ محور (3) $x + y = 0$ (4) $x = 5$

-49 $y = 5x + 4$، $y = x + 4$ نقطہ سے گذرتے ہیں۔

(1) (0,4) (2) (4,0) (3) (0,0) (4) (−4,−4)

-50 خطوط $y = x + 1$، $y = 2x + 1$، $y = 3x + 1$ کا $y -$ محور پر نقطہ تقاطع ہے۔

(1) (0,1) (2) (1,1) (3) (-1,-1) (4) (0,0)

-51 اگر ایک خط $x-$ محور سے $(a,0)$ پر اور $y-$ محور سے $(0,b)$ ملتا ہے تب اس خط کی مساوات ہے۔

(1) $\frac{x}{a}+\frac{y}{b}=1$ (2) $\frac{x}{b}+\frac{y}{a}=1$ (3) $x-a=0, y=b$ (4) $x=a, y=b$

-52 ایک چار ضلعی کے متصلہ ضلعوں کے وسطی نقاط کو ملانے سے بننے والا چار ضلعی ہے۔

(1) مربع (2) مثلث (3) متوازی الاضلاع (4) منحرف

-53 مساوات $ax+by+c=0$ کا $x-$ مقطوعہ اور y-مقطوعہ ہے۔

(1) $\frac{-c}{a},\frac{-c}{a}$ (2) $\frac{-c}{b},\frac{-c}{a}$ (3) $\frac{a}{b},\frac{b}{a}$ (4) $0,-a$

-54 خط کی مساوات جس کی ڈھال 2y مقطوعہ 3- ہے۔

(1) $x+y=0$ (2) $x-y=5$ (3) $y=2x-3$ (4) $x=0$

-55 ایک خط کا ڈھال جو نقاط (-2,3) اور (4,a) سے گذرتا ہے۔ $\frac{-5}{3}$ ہے تب a کی قدر

(1) 2 (2) -2 (3) 4 (4) -7

-56 خط $4x-5y+20=0$ مختصات کے محوروں پر بننے والے مقطوعے ہیں۔

(1) -5,4 (2) 4,-5 (3) 5,4 (4) 20,5

-57 خطوط $2x+3y+4=0$ اور $3x-ay+5=0$ ایک دوسرے پر عمود وار ہیں تب a کی قدر

(1) 1 (2) -1 (3) 2 (4) -2

-58 اگر خط مستقیم $2x-3y=k$ مبداء سے گذرتا ہے تو K کی قدر

(1) -1 (2) 1 (3) 0 (4) 5

-59 اگر ایک مثلث کے زاویوں میں 1:2:3 کی نسبت ہو تو ان ضلعوں میں نسبت ہوگی۔

(1) 1:2:3 (2) $1:\sqrt{3}:2$ (3) $1:3:\sqrt{2}$ (4) $1:\sqrt{2}:\sqrt{3}$

-60 نقطہ (a,b) کا فاصلہ مبداء سے۔

(1) $\sqrt{a+b}$ (2) $\sqrt{a-b}$ (3) $\sqrt{\frac{1}{a^2+b^2}}$ (4) $\sqrt{a^2-b^2}$

-61 نقاط D,E,F ترتیب وار مثلث ABC کے اضلاع BC, CA, AB کے وسطی نقاط ہیں مثلثات DEF اور ΔABC کے رقبوں میں نسبت ہے۔

(1) 1:2 (2) 2:1 (3) 1:4 (4) 4:1

-62 اگر ایک خط کا میلان $x-$ محور سے θ ہو تو تب اس کی ڈھال ہے۔

(1) $\tan\theta$ (2) $\sin\theta$ (3) $\cos\theta$ (4) $\cot\theta$

-63 مبداء اور نقطہ (0,3) کا درمیانی فاصلہ

(1) 0 (2) 3 (3) 9 (4) 12

-64 خط $2x-3y+4=0$ کی ڈھال

(1) $\frac{2}{3}$ (2) $\frac{-2}{3}$ (3) $\frac{2}{4}$ (4) $\frac{-2}{4}$

-65 خط $2x + 3y = 9$ کا x – مقطوعہ

(1) 9/2 (2) 3 (3) 2/9 (4) 1/3

-66 ذیل کے کونسے نقاط خط $3x + 4y = 6$ کی مخالف جانب واقع ہیں۔

(1) (0,0) (-1,0) (2) (0,1) (1,0) (3) (0,2) (2,1) (4) (1,1), (0,0)

-67 ارتقاعوں کا نقطہ تراکز کہلاتا ہے۔

(1) اندرونی مرکز (2) حائط مرکز (3) عمودی مرکز (4) مرکز وسطانی

-68 نقاط $(aCos\theta,0)$ اور $(0, a\sin\theta,)$ کا درمیانی فاصلہ

(1) 0 (2) a (3) $\sqrt{a}$ (4) a^2

-69 اگر ایک خط X – محور کے مثبت ساعت سمت سے 120^0 زاویہ بناتا ہے۔تب ڈھال

(1) $\frac{1}{\sqrt{3}}$ (2) $\sqrt{3}$ (3) $-\frac{1}{\sqrt{3}}$ (4) $-\sqrt{3}$

-70 خط مستقیم کی مساوات جو نقطہ (5,-2) سے گذرتا ہے اور محوروں پر مساوی مقطوعے بناتا ہے۔

(1) $5x - 2y = 0$ (2) $3x + 3y = 0$ (3) $x + y = 3$ (4) $5x + 2y = 0$

-71 ایک دائرہ مرکز (0,0) ہے اس کے قطر کا ایک سرا (2,3) ہے قطر کا دوسرا سرا ہے۔

(1) (2,3) (2) (-2,-3) (3) (2,0) (4) (0,2)

-72 نقاط (a,-a) اور $(0, a + a\sqrt{3})$ کو ملانے والے خط کی ڈھال

(1) $\sqrt{3}$ (2) $a\sqrt{3}$ (3) 2a (4) 0

-73 ایک مثلث کے وسطانیوں کا نقطہ تراکز ہے۔

(1) اندرونی مرکز (2) حائط مراکز (3) عمودی مرکز (4) مرکز وسطانی

-74 مبداء سے نقطہ $(2\cos\theta, 2\sin\theta)$ کا درمیانی فاصلہ

(1) 0 (2) 1 (3) 2 (4) 4

-75 نقطہ پر خطہ $x + y > 3$ کو مطمئن کرتا ہے۔

(1) (0,1) (2) (1,0) (3) $\left(\frac{1}{3}, \frac{1}{3}\right)$ (4) (1,3)

-76 نقاط (3,4), (2,3), (1,2) مرکز وسطانی

(1) (2,3) (2) (6,9) (3) (0,-1) (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-77 اگر خط کی ڈھال $\sqrt{3}$ ہو تو اس کا میلان ہے۔

(1) Π (2) $\frac{\Pi}{2}$ (3) $\frac{\Pi}{6}$ (4) $\frac{\Pi}{3}$

-78 نقاط (4,0),(0,0),(0,3) مثلث کو تعبیر کرتے ہیں۔

(1) قائم الزاویہ مثلث (2) مساوی الساقین مثلث (3) مساوی الاضلاع مثلث (4) ہم خط

-79 خط کی مساوات جو محوروں سے بننے والے زاویہ کی تنصیف کرتا ہے۔

(1) $y = \sqrt{2x}$ (2) $y = \frac{1}{2}x$ (3) $y = x$ (4) $x = \sqrt{2y}$

-80 ایک چار ضلعی کے وسطی نقاط کو ملانے سے بننے والی شکل ہے۔

(1) معین (2) مستطیل (3) متوازی الاضلاع (4) مربع

-81 خط $2x - 3y = K$ مبداء سے گذرتا ہو تب K کی قدر

-1 (1) 1 (2) 0 (3) 5 (4)

KEY

1-3	2-1	3-2	4-1	5-*	6-1	7-2	8-1	9-1	10-1
11-1	12-4	13-1	14-1	15-2	16-2	17-1	18-3	19-1	20-1
21-4	22-2	23-1	24-2	25-2	26-1	27-2	28-4	29-2	30-3
31-1	32-4	33-1	34-2	35-2	36-3	37-1	38-1	39-2	40-4
41-3	42-1	43-4	44-2	45-2	46-1	47-2	48-1	49-1	50-1
51-1	52-3	53-1	54-3	55-4	56-1	57-3	58-3	59-2	60-3
61-3	62-1	63-3	64-1	65-3	66-1	67-3	68-2	69-4	70-3
71-2	72-1	73-4	743	75-4	76-1	77-4	78-1	79-3	80-3
81-3									

7. کثیر رکنیاں (Polynomicals)

اہم نکات:

1. کثیر رکنیاں مضمون الجبرا کی ایک شاخ ہے۔
2. الجبرا میں اعداد کو ظاہر کرنے کے لئے حروف یا حروف تہجی کا استعمال کرتے ہیں۔ یہ حروف کسی بھی نامعلوم مقدار کو ظاہر کرتے ہیں۔
3. متغیر (Variable): کسی بھی الجبری عبارت میں اعداد کو ظاہر کرنے کے لئے جو حروف تہجی استعمال کئے جاتے ہیں وہ متغیر کہلاتے ہیں۔
4. ایک متغیر مختلف اقدار رکھتی ہے اس کی قدر متعین نہیں ہے۔
5. الجبری عبارت یا الجبری فقرے: وہ الجبری جملے یا عددی جملے جو '+' (جمع) یا '-' (منفی) علامتوں سے جڑے ہوتے ہیں الجبری عبارت یا الجبری فقرے کہلاتے ہیں۔
6. یک رکنی عبارت (Monomial Expression): ایسی عبارت جس میں ایک رکن ہوتا ہے یک رکنی عبارت کہلاتا ہے۔ جیسے (i) x (ii) xyz
7. دو رکنی عبارت (Binomial Expression): ایسی عبارت جس میں دو رکن ہوتے ہیں۔ دو رکنی عبارت کہلاتا ہے۔ جیسے (i) $x + y$ (ii) $2x + 3y$ وغیرہ۔
8. سہ رکنی عبارت (Trinomial Expression): ایسی عبارت جس میں تین رکن ہوتے ہیں۔ سہ رکنی کہلاتی ہے۔
9. کثیر رکنی عبارت (Polynomial Expression): ایسی عبارت جس میں تین سے زائد رکن ہوتے ہیں کثیر رکنی عبارت کہلاتا ہے۔
10. یک رکنی عبارت کا درجہ: یک رکنی عبارت میں موجود تمام متغیرات کے درجوں کا مجموعہ یک رکنی عبارت کا درجہ کہلاتا ہے۔
11. کثیر رکنی عبارت کا درجہ: کسی عبارت کے تمام ارکان میں سب سے بڑا درجہ رکھنے والے رکن کے درجہ کو اس عبارت کا درجہ کہتے ہیں۔
12. مستقل رکن کا درجہ صفر ہوتا ہے۔
13. کسی عبارت کے ارکان کو ان کے درجوں کے لحاظ سے نزولی ترتیب میں رکھا جائے تب وہ عبارت کی معیاری شکل کہلاتی ہے۔
14. کسی یک رکنی عبارت میں اگر متغیرات کا قوت نما ایک ہو تو اس کو ایک درجی عبارت کہتے ہیں۔
15. مشابہہ ارکان (Like Terms): اگر کسی عبارت میں متغیر اور اس کے درجے مساوی ہو تو یہ مشابہہ ارکان کہلاتا ہے۔ جیسے (i) $4x^2, 8x^2$ (ii) $-10x^2y, x^2y$ وغیرہ۔
16. غیر مشابہہ ارکان (Unlike terms): ایسی عبارت جس میں متغیر الگ الگ ہوتے ہیں یا ان کے درجے الگ الگ ہوتے ہیں غیر مشابہہ ارکان کہلاتے ہیں۔
17. ضریب (Coefficient): $4x$ میں 4 عددی ضریب کہلاتا ہے۔ x کا اور x حرفی ضریب کہلاتا ہے 4 کا۔
18. یک رکنی عبارت کو کسی دوسرے یک رکنی عبارت سے ضرب دیا جائے تو یک رکنی عبارت ہی حاصل ہوتی ہے۔
19. کثیر رکنیاں: کثیر رکنیاں، مستقلوں اور متغیرات کے استعمال سے تشکیل دی گئی الجبرائی عبارتیں ہیں۔
20. صفر کثیر رکنی (Zero Polynomial): ایسی کثیر رکنی جس کا درجہ صفر ہوتا ہے صفر کثیر رکنی کہلاتا ہے۔ جیسے $f(x) = 4$، $g(x) = \frac{-4}{3}$

21. خطی کثیر رکنی (Linear Polynomial): ایسی کثیر رکنی جس کا درجہ '1' ہوتا ہے(یا) '1' درجہ والی کثیر رکنی خطی کثیر رکنی کہلاتی ہے۔

22. دودرجی کثیر رکنی (Quadratic Polynomial): ایسی کثیر رکنی جس کا درجہ '2' ہوتا ہے (یا) '2' درجہ والی کثیر رکنی دو درجی کثیر رکنی کہلاتی ہے جیسے $f(x)=6x^2$ ، $g(x)=8x^2-10x$ ، $(x)=x^2-x-1$

23. مکعبی کثیر رکنی (Cubic Polynomial): ایسی کثیر رکنی جس کا درجہ 3 ہوتا ہے یا 3 درجہ والی کثیر رکنی مکعبی کثیر رکنی کہلاتی ہے جیسے $f(x)=3x^3+2x^2+x+1$

24. خطی کثیر رکنی کی عام شکل $p(x)=ax+b$ ، $a\neq 0$ ہے جس کا درجہ 1 ہے۔

25. دودرجی کثیر رکنی کی عام شکل $p(x)=ax^2+bx+c$ ہے۔ جہاں $a\neq 0$ جس کا درجہ 2 ہوتا ہے۔

26. مکعبی کثیر رکنی کی عام شکل $p(x)=ax^3+bx^2+cx+d$ ہے۔ جہاں $a\neq 0$ جس کا درجہ 3 ہوتا ہے۔

27. چار درجی کثیر رکنی کی عام شکل $p(x)=ax^4+bx^3+cx^2+dx+e$ ہے۔ جہاں $a\neq 0$ جس کا درجہ 4 ہوتا ہے۔

28. n درجہ والی کثیر رکنی کی عام شکل $p(x)=a_0x^n+a,x^{n-1}+a_2x^{n-2}+.....+a_{n-1}x+a_n$ جہاں $a\neq 0$ جس کا درجہ n ہوتا ہے۔

29. کثیر رکنی کی قدر (Value of a Polynomial): اگر $p(x)$ ، متغیر x کی ایک کثیر رکنی ہو اور اگر k کوئی حقیقی عدد ہے تب $p(x)$ کو k میں تبدیل کرنے پر جو قدر حاصل ہوتی ہے وہ $x=k$ کے لئے $p(x)$ کی قدر کہلاتی ہے اور اسے $p(k)$ سے ظاہر کرتے ہیں۔

30. کثیر رکنی کا صفر (Zero of a Polynomial): ایک حقیقی عدد 'k' کثیر رکنی $p(x)$ کا صفر کہلاتا ہے اگر $p(k)=0$ ہو۔

(i)



31. دودرجی کثیر رکنی ax^2+bx+c کے صفر مکافی (Parabola) x۔محور پر قطع کرنے والے نقاط x۔مخصات ہیں۔اس میں دو صفر ہوتے ہیں جیسا کہ شکل(i) میں بتلایا گیا ہے۔

32. دودرجی کثیر رکنی کا اگر ایک ہی صفر ہو تو ترسیم میں مکافی شکل x۔محور کو صرف ایک نقطۂ پر قطع کرے گا۔جیسا کہ شکل(ii) میں بتلایا گیا ہے۔

(ii)



33. دودرجی کثیر رکنی کی بعض ترسیمیں کبھی مکمل طور پر x۔محور کے اوپر ہوتی ہے یا مکمل طور پر نیچے۔یہ گراف x۔محور کو کسی بھی نقطۂ پر قطع نہیں کرتا ہے۔
لہٰذا اس صورت میں دودرجی کثیر رکنی کا کوئی بھی ''صفر'' نہیں ہوتا ہے۔
جیسا کہ شکل(iii) میں بتلایا گیا ہے۔

(iii)



34. دودرجی کثیر رکنی کے زیادہ سے زیادہ دو صفر ہو سکتے ہیں۔

35. اسی طرح مکعبی کثیر رکنی کے زیادہ سے زیادہ 3 صفر ہوتے ہیں۔

36. ایک n درجہ والی کثیر رکنی $p(x)$ کا گراف x۔محور کو زیادہ سے زیادہ n نقاط پر قطع کرتا ہے۔اس لئے n درجہ والی کثیر رکنی سے زیادہ 'n' صفر ہوتے ہیں۔

37. کثیر رکنیوں کے صفر اور ضریبوں کے درمیان رشتہ:

(i) خطی کثیر رکنی کا صفر $= \frac{-(\text{مستقل رکن})}{x \text{ کا ضریب}}$

اگر $ax+b$ خطی کثیر رکنی ہو تو اس کا صفر $= \frac{-b}{a}$

(ii) فرض کیجئے $p(x) = ax^2+bx+c$ جہاں $a \neq 0$ ایک دو درجی کثیر رکنی ہے اور α ، β اس کے صفر ہو تو۔

$$\alpha+\beta = \text{صفروں کا مجموعہ} = \frac{\text{مستقل رکن}}{x^2 \text{ کا ضریب}} = \frac{-b}{a}$$

$$\alpha\beta = = \text{صفروں کا حاصل ضرب} \frac{(x \text{ کا ضریب})}{x^2 \text{ کا ضریب}} = \frac{c}{a}$$

(ii) اسی طرح اگر α ، β ، γ مکعبی کثیر رکنی ax^3+bx^2+cx+d کے صفر ہو تو

$$\alpha+\beta+\gamma = \frac{-b}{}$$

$$\alpha\beta+\beta\gamma+\gamma\alpha = \frac{c}{a}$$

$$\alpha\beta\gamma = \frac{-d}{a}$$

38. متماثلہ (Equivalent) : ایک مساوات اس وقت متماثلہ کہلاتی ہے جب کہ اس کی قیمت اس کے متغیرات کی تمام قیمتوں کے لئے درست ہو۔

39. اہم متماثلہ کی علامت کے طور پر علامت $\equiv$ استعمال کرتے ہیں۔اس علامت کو ’’ہر طرح سے مساوی ہے‘‘ پڑھا جاتا ہے۔

40. الجبری متماثلات: $(a+b)^2 \equiv a^2+2ab+b^2$

41. $(a-b)^2 \equiv a^2-2ab+b^2$

42. $(a+b)(a-b) \equiv a^2-b^2$

43. $(x+a)(x+b) \equiv x^2+(a+b)x+ab$

44. $(a+b+c)^2 \equiv a^2+b^2+c^2+2ab+2bc+2ca$

45. $(a+b) \equiv a^3+b^3+3ab(a+b)$

(یا) $a^3+b^3+3a^2b+3ab^2$

46. $(a-b)^3 \equiv a^3-b^3-3ab(a-b)$

$a^3-b^3-3a^2b+3ab^2$

47. $(a+b+c)(a^2+b^2+c^2-ab-bc-ac) \equiv$

$a^3+b^3+c^3-3abc$

48. مسئلہ باقی (Remainder theorem): فرض کیجئے $p(x)$ ایک یا ایک سے زائد درجہ کی ایک کثیر رکنی ہے اور فرض کیجئے کہ a ایک حقیقی عدد ہے اگر $p(x)$ کو ایک خطی کثیر رکنی $(x-a)$ سے تقسیم کیا جائے تو باقی $p(a)$ ہوگا۔

واحد متغیر اور دو متغیرات میں خطی مساوات

(Linear Equation in one and two Variable)

اہم نکات:

1. 2×3 ، $4+(-5)$ ، $8\div2$ وغیرہ شکل کی عبارتوں کو عددی عبارتیں (Numerical Expressions) یا عددی جملے (Numerical Sentences) کہتے ہیں۔
2. ایک ریاضیاتی جملے کی تصدیق صادق یا کاذب لیکن دونوں نہیں سے کی جاسکتی ہے ریاضیاتی بیان (Methematical Statement) کہلاتا ہے۔
3. ایسے ریاضیاتی جملے جن کی صورت کو جانچا نہیں جاسکتا کھلے جملے (Open Sentences) کہلاتے ہیں۔
   جیسے: (i) $y-3=8$ (ii) $x+2=4$ (iii) $x>4$ (iv) $y<-2$ وغیرہ۔
4. ایسا کھلا جملہ جس میں ''مساوی ہے'' کی علامت پائی جاتی ہے مساوات کہلاتی ہے:
   جیسے: (i) $x+2=8$ (ii) $y-4=6$ وغیرہ۔
5. ہر مساوات کے دو بازو ہوتے ہیں (i) R.H.S اور (ii) L.H.S
6. R.H.S کا مطلب Right Hand Side یا دائیں ہاتھ کی جانب اور
   L.H.S کا مطلب Left Hand Side یا بائیں ہاتھ کی جانب ہوتا ہے۔
7. مساوات کا حل مساوات کا ریشہ (Roots) کہلاتا ہے۔
8. مساوات میں موجود انگریزی کے حروف تہجی ''متغیر'' کہلاتے ہیں۔
9. مساوات کو حل کرنے کا مطلب مساوات میں موجود متغیر کی قدر معلوم کرنا ہے۔
10. مساوات جس میں متغیر کا بڑے سے بڑا قوت نما ایک ہوتا ہے خطی مساوات (Linear Equation) کہلاتا ہے۔
11. اگر خطی مساوات میں موجود متغیرات کی تعداد ایک ہو تو اس کو سادہ مساوات کہا جاتا ہے۔
12. کسی رکن کو مساوات کی ایک جانب سے دوسری جانب منتقل کرنا جابدلی (Transposition) کہلاتا ہے۔
13. ایک مساوات میں دائیں جانب اور بائیں جانب کی قدریں مساوی ہوتی ہیں۔
14. اگر خطی مساوات میں ایک متغیر ہو تو اس مساوات کو واحد متغیر کی خطی مساوات کہتے ہیں۔
15. اگر کسی خطی مساوات میں دو متغیر ہوں تو اس کو دو متغیرات والی خطی مساوات کہتے ہیں۔
16. دو متغیرات x اور y میں خطی مساوات کی عام شکل $ax+by+c=0$ ہے۔ جہاں a اور b بہ ایک وقت صفر نہیں ہو سکتے جب کہ a ، b اور c حقیقی اعداد ہیں۔
17. ایک متغیر کی خطی مساوات کا صرف ایک منفرد حل ہوتا ہے۔
18. دو متغیرات میں خطی مساوات کے کئی حل ہوتے ہیں۔
19. متغیرات x اور y کی قدروں کی جوڑ جو دونوں مساواتوں کو مطمئن کرتا ہے۔ خطی مساوات کی جوڑ کا حل سٹ کہلاتا ہے۔
20. ترسیمی خطی مساوات کی جوڑ کا حل معلوم کرنا:
   (i) فرض کیجئے کہ مساوات $a_1x+b_1y+c_1=0(a_1^2+b_1^2\neq0)$ اور $a_2x+b_2y+c_2=0(a_2^2+b_2^2\neq0)$ دو متغیرات پر خطی مساوات کا جوڑ بناتی ہیں۔

(ii) دومتغیرات پر خطی مساوات کا جوڑ کی ترسیم ایک خط مستقیم ہوتی ہے۔اس خط مستقیم پر پائے جانے والے حقیقی اعداد کے مرتب جوڑ اس مساوات کے حل کو ظاہر کرتے ہیں اور مرتب جوڑے (x, y) جو خط مستقیم پر واقع نہ ہوں وہ خطی مساوات کے حل نہیں ہوں گے۔

21. کسی مساوات کے ایک جوڑ کی ترسیم میں بننے والے خطوط ایک ہی مستوی میں واقع ہوتے ہیں۔

22. ایسی خطی مساواتوں کا جوڑ جس کا حل سیٹ ایک ہی ہوتا ہے ''خطی مساواتوں کا مستقل جوڑ'' کہلاتا ہے۔

23. ایسی خطی مساواتوں کا جوڑ جس کا کوئی حل سیٹ نہیں ہوتا ''غیر حقیقی خطی مساواتوں کا جوڑ'' کہلاتا ہے۔

24 ایسی خطی مساواتوں کا جوڑ جس کے لامتناہی حل سیٹ ہوتے ہیں ''دومتغیر پر مبنی منحصر مساواتوں کا جوڑ'' کہلاتا ہے۔

25. ''خطی مساواتوں کا مستقل جوڑ'' میں دونوں خطی مساوات ایک نقطہ سے گذرتے ہیں یعنی کہ یہ قاطع ہوں گے اور حقیقی ہوں گے۔

26. ''غیر حقیقی خطی مساواتوں کا جوڑ'' میں دونوں خطی مساوات ایک دوسرے پر قطع نہیں کرتے۔

27. ''دومتغیر پر مبنی منحصر مساواتوں کا جوڑ'' میں دونوں خطی مساوات ایک دوسرے پر منطبق ہوتے ہیں۔

28. مساواتوں کے نظام کی نوعیت اور عددی ضریبوں کے درمیان رشتہ:

(i) فرض کیجئے کہ مساوات $a_1x + b_1y + c_1 = 0 (a_1^2 + b_1^2 \neq 0)$ اور

$a_2x + b_2y + c_2 = 0 (a_2^2 + b_2^2 \neq 0)$ کا جوڑ بناتی ہے۔

(ii) اس طرح اس کے ضریب a_1، b_1، a_2، c_1، b_1، a_1 اور c_2، b_2 ہیں۔

(iii) ہم ان دومتغیرات پر خطی مساوات کے جوڑ کو $\frac{a_1}{a_2}$، $\frac{b_1}{b_2}$ اور $\frac{c_1}{c_2}$ سے تقابل کرتے ہیں۔

29. اگر $\frac{a_1}{a_2} \neq \frac{b_1}{b_2}$ تب یہ ترسیم میں قاطع خط ہوں گے جس کا ایک ہی منفرد حل سیٹ ہوتا ہے۔

30. اگر $\frac{a_1}{a_2} = \frac{b_1}{b_2} \neq \frac{c_1}{c_2}$ ہو تو یہ ترسیم میں متوازی خطوط ہوں گے جس کا کوئی حل سیٹ نہیں ہوتا۔

31. اگر $\frac{a_1}{a_2} = \frac{b_1}{b_2} = \frac{c_1}{c_2}$ ہو تو یہ ترسیم میں دونوں خط ایک دوسرے پر منطبق ہوں گے جس کے لامتناہی حل سیٹ ہوتے ہیں۔

32. خطی مساوات کے جوڑ کا حل سیٹ الجبری طریقے سے معلوم کرنے کے دو طریقے ہیں۔ (i) اندراجی طریقہ (ii) اخراجی طریقہ

33. اندراجی طریقہ (Substitution Method): محسوب کردہ x اور y کی قدروں کو دی گئی مساوات میں درج کرنے کے عمل کو اندراجی طریقہ کہتے ہیں۔

34. اخراجی طریقہ (Eiminate Method): دی گئی مساواتوں میں سے دومتغیر سے کسی ایک متغیر کو خارج کرتے ہوئے مساوات کو حل کرنے کا طریقہ اخراجی طریقہ کہلاتا ہے۔

35. متغیر x میں دودرجی مساوات کی معیاری شکل $ax^2 + bx + c = 0$ ہے جہاں a، b، c حقیقی اعداد ہیں اور $a \neq 0$

دودرجی مساوات (Quadratic Equation)

36. دودرجی کثیر رکنی $ax^2 + bx + c$ کے صفر اور دودرجی مساوات $ax^2 + bx + c = 0$ کے ریشے یکساں ہوتے ہیں۔

37. ایک حقیقی عدد α، کو دودرجی مساوات $ax^2 + bx + c = 0$ کا ریشہ کہتے ہیں اگر $a\alpha^2 + b\alpha + c = 0$ ہو۔

38. جس طرح دودرجی کثیر رکنی کے زیادہ سے زیادہ دو صفر ہو سکتے ہیں۔اسی طرح دودرجی مساوات کے بھی زیادہ سے زیادہ دو ریشے ہو سکتے ہیں۔

39. دودرجی مساوات کے ریشے معلوم کرنے کے (3) طریقے ہیں:

(i) پھوڑی کا طریقہ (یا) اجزائے ضربی کا طریقہ (ii) تکمیل مربع کا طریقہ اور (iii) دودرجی ضابطہ کا طریقہ

40. (i) پھوڑی کا طریقہ (یا) اجزائے ضربی کا طریقہ: اگر $ax^2 + bx + c = 0$ ایک دورجی مساوات ہو تو درمیانی رکن پھوڑی کے لئے دو اعداد p اور q اس طرح معلوم کرنا چاہئے کہ $p + q = b$ اور $p \times q = a \times c$

41. تکمیل مربع کا طریقہ: اس طریقہ میں دودرجی مساوات کو اس طرح ترتیب دیا جاتا ہے کہ یہ کامل مربع بن جائے۔

42. دودرجی ضابطہ کا طریقہ: اس طریقہ میں دودرجی مساوات کو دودرجی ضابطے کی مدد سے حل کیا جاتا ہے۔

43. کامل مربع: کسی عدد کو اُسی عدد سے ضرب دینے پر جو حاصل ضرب حاصل ہوتا ہے وہ کامل مربع کہلاتا ہے۔ جیسے 1، 4، 9، 16 کامل مربع ہیں بالترتیب 1، 2، 3 اور 4 کے۔

44. بعض دودرجی مساوات کے ریشے حقیقی نہیں ہوتے ہیں۔

45. دودرجی مساوات کے ریشے معلوم کرنے کا ضابطہ:

$$x = \frac{-b \pm \sqrt{b^2 + 4ac}}{2a}$$

46. اگر $b^2 - 4ac \geq 0$ تب مساوات $ax^2 + bx + c = 0$ کے ریشے $\frac{-b + \sqrt{b^2 - 4ac}}{2a}$ اور $\frac{-b - \sqrt{b^2 - 4ac}}{2a}$ ہوں گے۔

47. اگر $b^2 - 4ac < 0$ تو دودرجی مساوات کے کوئی ریشے نہیں ہوتے۔ چونکہ حقیقی اعداد کا مربع منفی نہیں ہوسکتا۔

48. دودرجی مساوات کے ریشے وہ نقاط ہیں جہاں اس کا خط منحنی x۔محور کو قطع کرتی ہے۔

49. اگر $b^2 - 4ac > 0$ تب ہمیں دو مفرد حقیقی ریشے حاصل ہوتے ہیں۔

$$\frac{-b + \sqrt{b^2 - 4ac}}{2a}, \frac{-b - \sqrt{b^2 - 4ac}}{2a}$$

50. اگر $b^2 - 4ac > 0$ تب دودرجی مساوات کا گراف کچھ اس طرح ہوگا

i)  ii)  iii) 

51. اگر $b^2 - 4ac = 0$ تو دودرجی مساوات کے ریشے کچھ اس طرح ہوں گے $x = \frac{-b}{2a}, \frac{-b}{2a}$

52. اگر $b^2 - 4ac = 0$ تو دودرجی مساوات کا گراف کچھ اس طرح ہوگا

i)  ii)  iii) 

.53 اگر $b^2 - 4ac > 0$ تب دودرجی مساوات کے ریشے حقیقی نہیں ہوتے۔خیالی ہوتے ہیں۔

.54 اگر $b^2 - 4ac < 0$ تو دودرجی مساوات کا گراف کچھ اس طرح ہوگا۔

i) 

ii) 

iii) 

اس صورت میں گراف x۔محور کو قطع نہیں کرتا۔لہٰذا اس کے ریشے حقیقی نہیں ہوتے۔

.55 $b^2 - 4ac$ ' دودرجی مساوات $ax^2 + bx + c = 0$ کے ریشے حقیقی ہیں یا نہیں کا تعین کرتا ہے۔اس لئے $b^2 - 4ac$ کو دودرجی مساوات کا ممیّز (Discriminant) کہتے ہیں اور اسے D سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

.56 دودرجی مساوات $ax^2 + bx + c = 0$ کے

(i) دو ریشے حقیقی اور مختلف ہیں اگر $b^2 - 4ac > 0$

(ii) دو ریشے حقیقی اور مساوی ہیں $b^2 - 4ac = 0$

(iii) دو ریشے غیر حقیقی ہیں $b^2 - 4ac < 0$

.57 اگر $ax^2 + bx + c$ ' $a \neq 0$ کو اجزائے ضربی میں تحویل کرتے ہیں تب دودرجی مساوات $ax^2 + bx + c = 0$ کے ریشے ہر جز ضربی کو مساوی کرتے ہوئے حاصل کیئے جاسکتے ہیں۔

مشقی سوالات اور ان کے حل

مثال - 1: $p(x) = x + 2$ کے لیے $p(1)$ ' $p(2)$ ' اور $p(-2)$ کی قدریں معلوم کیجیے۔کثیر رکنی $x + 2$ کے لیے صفر کی قدر معلوم کیجیے۔

حل: فرض کرو کہ $p(x) = x + 2$

x کے بجائے 1 لکھیے $p(1) = 1 + 2 = 3$

x کے بجائے 2 لکھیے $p(2) = 2 + 2 = 4$

x کے بجائے -1 لکھیے $p(-1) = -1 + 2 = 1$

x کے بجائے -2 لکھیے $p(-2) = -2 + 2 = 0$

اس لیے $1, 2, -1$ کثیر رکنی $x + 2$ کے صفر نہیں ہیں لیکن -2 کثیر رکنی کا صفر ہے۔

مثال - 2: $p(x) = 3x + 1$ کے لیے کثیر رکنی کا صفر معلوم کیجیے۔

حل: $p(x)$ کے لیے کثیر رکنی کا صفر مساوات حل کرنے سے حاصل ہوگا؟

$$p(x) = 0$$

یعنی $$3x + 1 = 0$$

$$3x = -1$$

$$x = -\frac{1}{3}$$

لہٰذا $-\frac{1}{3}$ کثیر رکنی $3x + 1$ کا صفر ہوگا۔

مثال - 3: $2x - 1$ کثیر رکنی کے لیے صفر معلوم کیجیے۔

حل: $p(x)$ کا صفر معلوم کرنے $p(x) = 0$ کو کرنا ہوگا $2x - 1 = 0$

$x = \frac{1}{2}$ (کیسے)

$\mathrm{P}\left(\frac{1}{2}\right)$ کی قدر معلوم کرتے ہوئے اس جواب کی تصدیق کیجیے۔

اب اگر $p(x) = ax + b$ ، $a \neq 0$ ایک خطی کثیر رکنی ہے۔تب آپ کس طرح $p(x)$ کا صفر معلوم کریں گے؟

جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں کثیر رکنی $p(x)$ کا صفر کس طرح معلوم کیا جاتا ہے۔ہمیں کثیر رکنی مساوات $p(x) = 0$ حل کرنا ہوگا۔

جس کا مطلب ہے $ax + b = 0$ ، $a \neq 0$

جہاں $ax = -b$

یعنی $x = \frac{-b}{a}$

لہٰذا $x = \frac{-b}{a}$ کثیر رکنی صرف ایک ہی کثیر رکنی کا صفر ہوگا۔

$p(x) = ax + b$ کا واحد صفر ہوگا۔

ایک ہی متغیر میں ایک خطی کثیر رکنی ایک ہی صفر رکھتی ہے۔

مثال - 4: تصدیق کیجیے کہ کیا 2 اور 1 ، کثیر رکنی $x^2 - 3x + 2$ کے صفر ہیں۔

حل: فرض کرو کہ $p(x) = x^2 - 3x + 2$

x کو 2 سے تبدیل کیجیے

$$p(2) = (2)^2 - 3(2) + 2$$
$$= 4 - 6 + 2 = 0$$

x کو 1 سے تبدیل کیجیے

$$p(1) = (1)^2 - 3(1) + 2$$
$$= 1 - 3 + 2$$

اس لیے 2 اور 1 اس کثیر رکنی $x^2 - 3x + 2$ کے صفر ہیں۔

اس کی تصدیق کا کیا کوئی اور طریقہ کار ہے؟

کثیر رکنی $x^2 - 3x + 2$ کا درجہ کیا ہے۔کیا یہ ایک خطی کثیر رکنی ہے؟نہیں۔

یہ ایک درجہ دوم کی کثیر رکنی ہے۔اس لیے ایک دو درجی کثیر رکنی کے دو صفر ہوتے ہیں۔

مثال - 5: اگر 3 کثیر رکنی کا صفر ہو $x^2 + 2x - a$ تب a معلوم کیجیے۔

حل: فرض کرو کہ $p(x) = x^2 + 2x - a$

جیسا کہ کثیر رکنی کا صفر 3 ہے ہمیں معلوم ہے کہ $p(3) = 0$

$$x^2 + 2x - a = 0$$

لکھیے $x = 3$

$$(3)^2 + 2\,(3) - a = 0$$

$$9 + 6 - a = 0$$

$$15 - a = 0$$

$$-a = -15$$

$$a = 15$$

کثیر رکنیوں کی عمل تقسیم

ذیل کی مثالوں کا مشاہدہ کیجیے۔

(i) فرض کیجیے 25 اور 3، دو اعداد ہیں۔ 25 کو 3 سے تقسیم کیجیے۔ ہمیں خارج قسمت 8 اور باقی حاصل ہوگا۔

ہم لکھ سکتے ہیں۔

مقسوم = (مقسوم علیہ × خارج قسمت) + باقی

جیسا کہ $25 = (8 \times 3) + 1$

اسی طرح 20 کو 5 سے تقسیم کیجیے ہمیں حاصل ہوگا۔ $20 = (4 \times 5) + 0$

یہاں پر باقی صفر ہے۔ اس مقام پر 5 کو 20 کا جز ضربی کہتے ہیں۔ یا 20 عدد 5 کا ضعف ہے۔

جیسا کہ ہم کسی عدد کو غیر صفری عدد سے تقسیم کرتے ہیں۔ اس طرح ہم کسی کثیر رکنی کو دوسری کثیر رکنی سے بھی تقسیم کر سکتے ہیں۔

(ii) کثیر رکنی $3x^3 + x^2 + x$ کو x واحد رکنی سے تقسیم کیجیے۔

$$(3x^3 + x^2 + x) \div x = \frac{3x^3}{x} + \frac{x^2}{x} + \frac{x}{x}$$

$$= 3x^2 + x + 1$$

جیسا کہ x ہر رکن کا مشترکہ جز ضربی ہے۔ $3x^3 + x^2 + x$ میں ہر رکن کا جز ضربی ہے ہم لکھ سکتے ہیں۔

$$3x^3 + x^2 + x = x(3x^2 + x + 1)$$

$3x^3 + x^2 + x$ کے اجزاء کیا ہیں؟

(iii) دوسری مثال کا مشاہدہ کیجیے $(2x^2 + x + 1) \div x$

یہاں $(2x^2 + x + 1) \div x = \frac{2x^2}{x} + \frac{x}{x} + \frac{1}{x}$

$$= 2x + 1 + \frac{1}{x}$$

کیا یہ کثیر رکنی ہے؟

جیسا کہ ایک رکن $\frac{1}{x}$ کا قوت نما منفی عدد ہے (یعنی $\frac{1}{x} = x^{-1}$)

$$\therefore 2x + 1 + \frac{1}{x}$$

کثیر رکنی نہیں ہے۔ ہم یہ اس طرح لکھ سکتے ہیں۔

$$(2x^2 + x + 1) = [x \times (2x + 1)] + 1$$

'1' کو علیحدہ کر کے کثیر رکنی کا باقی حصہ دو کثیر رکنیوں کے حاصل ضرب کے طور پر لکھا جا سکتا ہے۔

یہاں پر ہم کہہ سکتے ہیں $(2x + 1)$ خارج قیمت ہے۔ x مقسوم علیہ اور باقی ایک ہے، ہمیں یہ بات ذہن نشین رکھنا چاہیے کہ باقی صفر نہیں ہے اس لیے x، $2x^2 + x + 1$ کا جز ضربی نہیں ہے۔

مثال - 6: $3x^2 + x - 1$ کو $x + 1$ سے تقسیم کیجیے۔

حل: $p(x) = 3x^2 + 3x - 1$ اور $(x) = x + 1$

$p(x)$ کو $q(x)$ سے تقسیم کیجیے۔ تقسیم کے طریقہ کار کا اعادہ کیجیے۔

مرحلہ I: $\frac{3x^2}{x} = 3x$ خارج قسمت میں یہ پہلا رکن ہوگا۔

مرحلہ II: $(x + 1)3x$ کی قیمت:

$$(x + 1)\ 3x = 3x^2 + 3x$$

$3x^2 + 3x$ کو $3x^2 + x$ سے تفریق کرنے پر ہمیں حاصل ہوگا $2n$ ۔

مرحلہ III: $\frac{-2x}{x} = -2$ یہ خارج قسمت کا دوسرا رکن ہوگا۔

مرحلہ IV: $(x + 1)(-2) = -2x - 2$

$-2x - 1$ اسے تفریق کیجیے جہاں پر 1 حاصل ہوگا۔

مرحلہ V: یہاں پر ہم رک جائیں گے کیونکہ باقی '1' حاصل ہوا جو کہ ایک مستقل مقدار ہے۔

(کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ایک مستقل رکن کو کثیر رکنی سے تقسیم کیوں نہیں کیا جا سکتا؟)

اس سے ہمیں خارج قیمت $(3x - 2)$ اور باقی $(+1)$ حاصل ہوگا۔

نوٹ: تقسیم کا طریقہ کار اس وقت مکمل کہلاتا ہے جب باقی صفر ہو یا جب باقی عدد کا درجہ مقسوم کے درجہ سے کم ہو۔

اب ہم تقسیم کے حقائق کو اس طرح لکھ سکتے ہیں۔

$$3x^2 + x - 1 = (x + 1)(3x - 2) + 1$$

یعنی مقسوم = (مقسوم علیہ × خارج قیمت) + باقی

$p(x)$ میں x کی جگہ -1 رکھ کر دیکھیں گے۔

$p(x) = 3x^2 + x - 1$

$p(x) = 3x^2 + x - 1$

$= 3(+1) + (-1) - 1 = 1$

$p(x) = 3x^2 + x - 1$ کو $(x + 1)$ سے تقسیم کرنے پر

حاصل ہونے والا باقی $p(-1)$ ہوگا۔ جہاں -1، $(x + 1)$ کا صفر ہے i.e: $x = -1$

آیئے چند اور مثالوں پر غور کریں گے۔

مثال - 7: $2x^4 - 4x^3 - 3x - 7$ کو $(x + 1)$ سے تقسیم کیجیے اور کثیر رکنی کے صفر سے تصدیق کیجیے۔

حل: فرض کرو کہ $f(x) = 2x^4 - 4x^3 - 3x - 1$

پہلے دیکھیے کہ $2x^4$، x کا کتنا گنا ہوگا $\frac{2x^4}{x} = 2x^3$

اب $(x - 1)$ کو $2x^3$ سے ضرب دینے پر $2x^4 - 2x^3$ حاصل ہوگا

اب باقی کا پہلا رکن دیکھیے جو کہ $-2x^3$ ہے

اب اسی طرح کا عمل جو پہلے کیا ہے لکھیے۔

یہاں پر خارج قیمت

$2x^3 - 2x^2 - 2x - 5$ ہے اور باقی 6 - ہوگا۔

اب اس کثیر رکنی کا صفر $(x - 1)$ کے لیے ہے۔

$x = 1$، $f(x)$ میں درج کرنے پر

$f(x) = 2x^4 - 4x^3 - 3x - 1$

$f(1) = 2(1)4 - 4(1)^3 - 3(1) - 1$

$= 2(1) - 4(1) - 3(1) - 1$

$= 2 - 4 - 3 - 1$

$= -6$

کیا $f(x)$ کے صفر پر کثیر رکنی $f(x)$ کی قیمت باقی کے مساوی ہے کے صفر کے لیے $(x - 1)$

مثال - 8: $x^3 + 1$ کا باقی معلوم کیجیے جس کو $(x + 1)$ سے تقسیم کیا گیا ہے۔

حل: $p(x) = x^3 + 1$

خطی کثیر رکنی $x + 1$ کا صفر -1 ہوگا۔ $[x + 1 = 0, x = -7]$

اس لیے x کی بجائے -1 درج کر دیجیے

$p(-1) = (-1)^3 + 1$

$= -1 + 1$

$= 0$

اس لیے مسئلہ باقی کی رو سے ہمیں معلوم ہے کہ $x^3 + 1$ کو $x + 1$ سے تقسیم کرنے پر باقی صفر ہوگا۔

آپ $x^3 + 1$ کو $x + 1$ سے تقسیم کرتے ہوئے تصدیق کر سکتے ہیں۔

کیا آپ کہہ سکتے ہیں کہ $(x + 1)$ ' $(x^3 + 1)$ کا جزضربی ہے؟

مثال - 9: جانچئے کہ آیا $(x - 2)$ ' $x^3 - 2x^2 - 5x + 4$ کا جزضربی ہے۔

حل: فرض کرو کہ $p(x) = x^3 - 2x^2 - 5x + 4$

یہ جانچنے کے لیے کہ خطی کثیر رکنی $(x - 2)$ 'دی ہوئی کثیر رکنی کا جزضربی ہے' $(x - 2)$ میں x کو '0' سے بدل دیجیے۔

یعنی $x - 2 = 0 \Rightarrow x = 2$

$$\begin{aligned} p(2) &= (2)^3 - 2(2)^2 - 5(2) + 4 \\ &= 8 - 2(4) - 10 + 4 \\ &= 8 - 8 - 10 + 4 \\ &= -6. \end{aligned}$$

کیونکہ باقی صفر نہیں ہے اس لیے $(x - 2)$ کثیر رکنی $x^3 - 2x^2 - 5x + 4$ کا جزضربی نہیں ہوسکتا۔

مثال - 10: جانچئے کہ کثیر رکنی $p(y) = 4y^3 = 4y^2 - y - 1$ ' $2y + 1$ کا ضعف ہے۔

حل: اگر $(2y + 1)$ ' $p(y)$ کو مکمل طور پر تقسیم کرتا ہو تو $p(y)$ صرف $(2y + 1)$ کا ہی ضعف ہوگا۔

پہلے ہم مقسوم علیہ کا صفر معلوم کریں گے یعنی $2y + 1$ کا

یعنی $y = \frac{-1}{2}$

$p(y)$ میں y کو $\frac{-1}{2}$ سے تبدیل کیجیے

$$p\left(\frac{-1}{2}\right) = 4\left(\frac{-1}{2}\right)^3 + 4\left(\frac{-1}{2}\right)^2 - \left(\frac{-1}{2}\right) - 1$$

$$= 4\left(\frac{-1}{8}\right) + 4\left(\frac{1}{4}\right) + \frac{1}{2} - 1$$

$$= \frac{-1}{2} + 1 + \frac{1}{2} - 1$$

$$= 0$$

لہٰذا $(2y + 1)$ ' $p(y)$ کا جزضربی ہے۔اس طرح $p(y)$' $(2y + 1)$ کا ضعف ہوگا۔

مثال - 11: کثیر رکنیاں $ax^3 + 3x^2 - 13$ اور $2x^3 + 5x + a$ کو $(x - 2)$ تقسیم کرنے پر باقی دونوں صورتوں میں مساوی ہے تب a کی قدر معلوم کیجیے۔

حل: فرض کروکہ $p(x) = ax^3 + 2x^2 - 3x^2 - 13$ اور $q(x) = 2x^3 - 5x + a$

$\because$ $p(x)$ اور $q(x)$ کو $(x - 2)$ سے تقسیم کرنے پر باقی مساوی ہے۔

$$p(2) = q(2)$$

$$a(2)^3 + 3(2)^2 - 13 = 2(2)^3 - 5(2) + a$$

$$8a + 12 - 13 = 16 - 10 + a$$

$$8a - 1 = a + 6$$

$$8a - a = 6 + 1$$

$$7a = 7$$

$$a = 1$$

خطی کثیر رکنی کا ترسیمی اظہار:

پہلے ایک خطی کثیر رکنی $ax + b\ ,\ a \neq 0$ پر غور کریں آپ نے جماعت نہم میں پڑھ چکے ہیں کہ $y = ax+b$ کا گراف خط مستقیم ہے۔

مثال کے طور پر $y=2x+3$ کا گراف ایک خط مستقیم ہے جو y- محور کو نقطہ $(0,3)$ پر قطع کرتا ہے اور نقاط $(-2\ ,\ -1)$ اور $(2,7)$ سے گذرتا ہے۔

جدول

x	-2	0	2
$y = 2x + 3$	-1	3	7
$(x\ ,\ y)$	$(-2\ ,\ -1)$	$(0\ ,\ 3)$	$(2\ ,\ 7)$



گراف سے آپ دیکھ سکتے ہیں کہ $y = 2x+3$، کا گراف x- محور کو $x = -1$، $x = -2$ کے درمیان قطع کرتا ہے۔ یعنی نقطہ $\left(\frac{-3}{2}, 0\right)$ پر۔ لیکن $x = \frac{-3}{2}$ کثیر رکنی $2x+3$ کا صفر بھی ہے۔

پس کثیر رکنی $2x + 3$ کے صفر نقطے کا x- مختص ہے جہاں پر خط مستقیم $y = 2x + 3$، x- محور کو قطع کرتی ہے۔

عام طور پر کسی خطی کثیر رکنی $ax + b,\ a \neq 0$ کے لیے $y = ax + b$ کا گراف ایک خط مستقیم ہوتا ہے۔ جو x - محور کو صرف ایک ہی نقطہ پر قطع کرتا ہے۔ یعنی $\left(\frac{-b}{a}, 0\right)$ اس طرح خطی کثیر رکنی ax+b جہاں $a \neq 0$ صرف ایک صفر رکھتا ہے۔ x محور کا نقطہ جہاں ترسیم y=ax+b محور پر قطع کرتی ہے۔

دو درجی کثیر رکنی کا گرافی اظہار:

آیئے اب ہم دو درجی کثیر رکنی کے صفر کے جیومٹریائی مفہوم کی پر غور کرتے ہیں۔ دو درجی کثیر رکنی پر غور کیجیے۔ آیئے $x^2 - 3x - 4$ کا گراف دیکھنے میں کیسا لگتا ہے مشاہدہ کرتے ہیں۔

جدول میں x کے دیئے گئے چند قدروں کے لیے $y = x^2 - 3x - 4$ کے چند متناظر قدروں کو فہرست میں درج کرتے ہیں۔

جدول

x	-2	-1	0	1	2	3	4	5
$y = x^2-3x-4$	6	0	-4	-6	-6	-4	0	6
(x, y)	(-2 , 6)	(-1 , 0)	(0 , - 4)	(1 , - 6)	(2 , - 6)	(3 , - 4)	(4 , 0)	(5 , 6)



مذکورہ بالا دیئے گئے نقاط کو گراف پیپر پر نشاندہی کرتے ہیں اور ان کی گراف کھینچتے ہیں۔

کیا اس دو درجی کثیر رکنی $y = x^2 - 3x - 4$ کا گراف ایک خط مستقیم ہے؟

یہ ''$\cup$'' شکل کی منحنی ہے۔ یہ x- محور کو دو نقاط پر قطع کرتی ہے حقیقت میں کسی دو درجی کثیر رکنی $ax^2 + bx + c,\ a \neq 0$ کی متعلقہ مساوات $y = ax^2 + bx + c$ کا گراف یا تو اوپر کی جانب کھلتا ہے جیسے $\cup$ یا پھر نیچے کی جانب کھلتا ہے $\cap$، یہ 'a' کی قدر پر منحصر ہوتا ہے۔ $a > 0$ یا $a < 0$، اس طرح کی منحنیاں ۔کافی کو (Parabola) کہلاتے ہیں۔

ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ '-1' اور '4' دو درجی کثیر رکنی کے صفر ہیں۔ اور '-1' اور '4' x- محور کے نقط تقاطع بھی ہیں دو درجی کثیر رکنی $x^2 - 3x - 4$ کے صفران نقاط کے x - مختصات ہیں۔ جہاں پر $y = x^2 - 3x - 4$ کا گراف x - محور کو قطع کرتا ہے۔

یہ کسی بھی دو درجی کثیر رکنی کے لیے صادق ہے یعنی دو درجی کثیر رکنی $ax^2 + bx + c$ کے صفر بے کم و کاست ۔کافی (Parabola) x- محور پر قطع کرنے والے نقاط x- مختصات ہیں۔

ہمارے پچھلے مشاہدات کے مطابق $y = ax^2 + bx + c$ کی گراف کی شکل سے متعلق حسب ذیل تین صورتیں واقع ہو سکتے ہیں۔

صورت(i): یہاں پر گراف 'x- محور کو دو مختلف منفرد نقاط A اور 'A پر قطع کرتا ہے۔اس صورت میں نقاط A اور 'A کے x- مختصات دو درجی کثیر رکنی $ax^2 + bx + c$ کے دو "صفر" ہوتے ہیں۔ مکافی (Parabola) یا تو اوپر کھلتا ہے یا نیچے کی جانب کھلتا ہے۔



(i) (ii)

صورت(ii): یہاں پر گراف 'x- محور کو صرف ایک ہی نقط پر مس کرتا ہے۔یعنی دو منطبق نقاط پر۔لہذا صورت(i) کے دو نقاط A اور 'A یہاں منطبق ہو کر صرف ایک نقط A بن جاتا ہے۔



(i) (ii)

اس صورت میں دو درجی کثیر رکنی $ax^2 + bx + c$ کا "صفر" نقط 'A' کا x- مختص ہی ہوگا۔

صورت(iii) یہاں دو درجی کثیر رکنی کی گراف مکمل طور پر یا تو x- محور کے اوپر ہوگا یا مکمل طور پر نیچے ہوگا یہ گراف x- محور کو کسی بھی نقط پر قطع نہیں کرتا ہے۔



(i)



(ii)

لہذا اس صورت میں دو درجی کثیر رکنی $ax^2 + bx + c$ کا کوئی بھی ''صفر'' نہیں ہوتا ہے۔

لہذا آپ از روے جیومٹری دیکھ سکتے ہیں کہ دو درجی کثیر رکنی کے دو مختلف منفرد یا دو منطبق صفر (یعنی ایک صفر) یا کوئی صفر نہیں ہو سکتے ہیں۔اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ دو درجی کثیر رکنی کے زیادہ سے زیادہ دو صفر ہو سکتے ہے۔

مکعبی کثیر رکنی کے صفر کا جیومٹری مفہوم

مکعبی کثیر رکنی کے صفروں کی جیومٹری مفہوم سے آپ کیا توقع رکھتے ہیں؟ آیئے معلوم کریں مکعبی کثیر رکنی $x^3 - 4x$ پر غور کیجیے۔

آیئے یہ دیکھنے کے لیے $y = x^3 - 4x$ کا گراف دیکھنے میں کیسا لگتا ہے۔جدول 3.3 میں 'x' کے دیئے گئے چند قدروں کے لیے $y = x^3 - 4x$ کے چند متناظر قدروں کو فہرست میں درج کرتے ہیں۔

جدول 3.3

x	–2	–1	0	1	2
$y = x^3 - 4x$	0	3	0	–3	0
(x, y)	(–2, 0)	(–1, 3)	(0, 0)	(1, –3)	(2, 0)



گراف کی تشکیل پر دیکھتے ہیں کہ $y = x^3 - 4x$ کا گراف شکل میں دی گئی صورت میں نظر آتا ہے۔اور دیئے گئے جدول سے ہم دیکھتے ہیں کہ 2-, 0 اور 2' مکعبی کثیر رکنی x^3-4x کے صفر ہیں۔ 2-, 0اور 2' نقاط کے وہ x-مختصات ہیں جہاں پر $y = x^3 - 4x$ x- محور کو قطع کرتا ہے۔لہذا اس کثیر رکنی کے تین صفر ہیں۔

آیئے چند مزید مثالوں پر غور کرتے ہیں۔مکعبی کثیر رکنی بالترتیب x^3 اور $x^3 - x^2$ پر غور کیجیے۔ جدول 3.4اور 3.5 کو دیکھئے۔

جدول 3.4

x	–2	–1	0	1	2
$y = x^3$	–8	–1	0	1	8
(x, y)	(–2, –8)	(–1, –1)	(0, 0)	(1, 1)	(2, 8)

جدول 3.5

x	–2	–1	0	1	2
$y = x^3 - x^2$	–12	–2	0	0	4
(x, y)	(–2, –12)	(–1, –2)	(0, 0)	(1, 0)	(2, 4)



$y = x^3$



$y = x^3 - x^2$

$y = x^3$ میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ $y = x^3$ کا گراف x - محور کو صرف ایک ہی نقطہ پر قطع کرتا ہے جس کا x - مختص '0' ہے۔ لہذا اس کثیر رکنی کا صرف ایک ہی منفرد صفر ہے۔ اسی طرح $y = x^3 - x^2$ کا گراف x - محور کو دو نقاط پر قطع کرتا ہے جسکے x - مختصات 0 اور 1 ہیں۔ لہذا مکعبی کثیر رکنی کے دو مختلف منفرد صفر ہیں۔

مندرجہ بالا مثالوں سے ہم دیکھتے ہیں کہ کسی بھی مکعبی کثیر رکنی کے زیادہ سے زیادہ تین صفر ہوتے ہیں۔ بالفاظ دیگر کے کثیر رکنی جس کا درجہ تین ہو اس کے تین سے زائد صفر نہیں ہو سکتے۔

توجہ فرمائی (Remark): عموماً ایک n درجہ والی کثیر رکنی $p(x)$ کا گراف x- محور کو زیادہ سے زیادہ 'n' نقاط پر قطع کرتا ہے۔ اس لیے n درجہ والی کثیر رکنی کے زیادہ سے زیادہ 'n' صفر ہوتے ہیں۔

مثال- 1: مندرجہ ذیل دیئے گئے گراف کے شکلوں پر نظر ڈالیے۔ ہر ایک $y=p(x)$ کا گراف ہے۔ جہاں $p(x)$ ایک کثیر رکنی ہے۔ ہر ایک گراف $p(x)$ کے صفروں کی تعداد معلوم کیجیے۔



(i) (ii) (iii)



(iv) (v) (vi)

حل: x کے دیئے گئے سمت میں ان کے متعلقہ گراف ہیں۔

(i) صفروں کی تعداد 1 ہے چونکہ گراف x- کو ایک ہی نقط پر قطع کرتا ہے۔

(ii) صفروں کی تعداد 2 ہے چونکہ گراف x- محور کو دو نقاط پر قطع کرتا ہے۔

(iii) صفروں کی تعداد '3' ہے۔ کیوں؟

(iv) صفروں کی تعداد '1' ہے۔ کیوں؟

(v) صفروں کی تعداد '1' ہے۔ کیوں؟

(vi) صفروں کی تعداد '4' ہے۔ کیوں؟

سوالات

1. اگر $5x+4=4x+8$ ہوتو x کی قدر؟

(1) 4 (2) -4 (3) 3 (4) -3

2. طلحہ کے والد کی عمر طلحہ کی عمر کا 3 گنا ہے 5 سال بعد اگر دونوں کی عمر کا مجموعہ 58 ہوتو طلحہ کی موجودہ عمر ہوگی

(1) 10 سال (2) 12 سال (3) 15 سال (4) 11 سال

3. ایک مستطیل کا طول اس کے عرض کے دوگنے سے 8 میٹر کم ہے اگر اس مستطیل کا احاطہ 56 میٹر ہوتو طول اور عرض کا مجموعہ ہوگا

(1) 30 میٹر (2) 28 میٹر (3) 16 میٹر (4) 12 میٹر

4. اگر تین متواتر صحیح اعداد کا مجموعہ 24 ہوتو صحیح اعداد ہوتے ہیں

(1) 1 ‘ 11 ‘ 123 (2) -7 ‘ -8 ‘ -9 (3) 6 ‘ 7 ‘ 12 (4) 7 ‘ 8 ‘ 9

5. 15 سال بعد یُسریٰ کی عمر موجودہ عمر کا 4 گنا ہوتو یُسریٰ کی موجودہ عمر ہے

(1) 20 سال (2) 21 سال (3) 18 سال (4) 15 سال

6. ایک عدد کا چار بٹے پانچ گنا اس عدد کے تین بٹے چار گنا سے چار گنا بڑا ہے عدد ہوتا ہے

(1) 20 (2) 40 (3) 60 (4) 80

7. ایسا عدد جس کا تیسرا حصہ اس کے پانچویں حصہ سے 4 زیادہ ہے

(1) 10 (2) 20 (3) 30 (4) 32

8. ایک عدد کے دو ہندسوں کا مجموعہ 9 ہے اگر عدد میں سے 27 کو تفریق کردیا جائے تو اس عدد کے ہندسے باہم تبدیل ہوں گے‘ عدد ہوگا

(1) 36 (2) 63 (3) 45 (4) 54

9. ذیل میں یہ خطی مساوات ہے

(1) $x^2+b=0$ (2) $x\times x+1=4$ (3) $x\times y\times y+1=-1$ (4) $x+y+4=9$

10. مساوات میں ÷ مقدار کو بائیں جانب لایا جائے تو یہ اس مقدار میں تبدیلی ہوگی

(1) + (2) − (3) × (4) =

11. مساوات میں × (ضرب) مقدار کو بائیں جانب لایا جائے تو یہ اس مقدار میں تبدیلی ہوگی

(1) + (2) − (3) × (4) ÷

12. دو تکمیلی زاویوں کا فرق 34 ہوتو زاویئے ہوں گے

(1) $107^0, 73^0$ (2) $110^0, 70^0$ (3) $120^0, 60^0$ (4) $100^0, 80^0$

13. 500` کی کُل رقم میں 0` اور 10` کے نوٹ ہیں اگر کُل نوٹوں کی تعداد 90 ہو تو ہر ایک نوٹ کی تعداد کیا ہوگی

	5` کی نوٹ	10` کی نوٹ
(1)	50	40
(2)	60	30
(3)	80	10
(4)	70	20

14. دو ہندسی عدد جس کے اکائی مقام پر x اور دہائی کے مقام پر y ہو تو عدد ہوگا

(1) $10y+x$ (2) $x+y$ (3) $x-y$ (4) $10-x$

15. وہ عدد جس کا تیسرا حصہ اکے پانچویں حصہ سے 4 زیادہ ہے

(1) 10 (2) 25 (3) 18 (4) 30

16. دی گئی مساوات میں متغیر کی قدر؟

$$\frac{2p}{3}-\frac{p}{5}=11\frac{2}{3}$$

(1) 25 (2) $\frac{-175}{3}$ (3) $\frac{-3}{175}$ (4) -25

17. دو اعداد کا مجموعہ 95 ہے اگر ایک عدد دوسرے عدد سے 3 کا اضافہ رکھتا ہے تو اعداد ہوتے ہیں

(1) 40, 49 (2) 50, 45 (3) 48,49 (4) 49, 46

18. دو متغیرات میں خطی مساوات کی ترسیم ظاہر کرتی ہے

(1) مقطوعہ مستقیم (2) شعاع (3) خط مستقیم (4) مکافی شکل

19. جماعت ہشتم میں اگر ایک بنچ پر 3 طلباء بیٹھتے ہیں تب ایک طالب علم باقی رہ جاتا ہے۔ اگر ایک بنچ پر 4 طلباء بیٹھتے ہیں تب ایک بنچ باقی رہ جاتی ہے جماعت میں طلباء اور بنچوں کی تعداد ہوگی

(1) طلباء 16 بنچیں 5 (2) طلباء 19 بنچیں 6 (3) طلباء 20 بنچیں 6 (4) طلباء 12 بنچیں 4

20. ذیل میں یہ دو درجی مساوات کو ظاہر کرتی ہے

(1) $(x-1)^3$ (2) $2x^2+x^3+x+1=0$ (3) $x^2+\frac{1}{x^2}=4$ (4) $2x+x^2+4=0$

21. دو درجی مساوات کے ریشے ترسیم پر ہوتے ہیں

(1) y۔محور پر (2) x۔محور اور y۔محور دونوں پر (3) x- محور پر (4) صرف ربع اوّل میں

22. دو درجی مساوات میں ریشوں کی تعداد

(1) 1 (2) 2 (3) 3 (4) 4

23. دودرجی مساوات کے ریشے خیالی یا غیر حقیقی ہوتے ہیں

(1) جب اس کا خطی منحنی x۔محور کو قطع کرتا ہے (2) جب اس کا خطی منحنی y۔محور کو قطع کرتا ہے

(3) جب اس کا خطی منحنی x۔محور کو قطع نہیں کرتا (4) جب اس کا خطی منحنی y۔محور کو قطع نہیں کرتا

24. دودرجی مساوات کا ممیّز $b^2 - 4ac$ کی قدر اگر صفر سے کم ہوتی ہے تب اس کے ریشے ہوتے ہیں

(1) حقیقی (2) غیر حقیقی (3) خیالی (4) 2 اور 3 دونوں

25. اگر $b^2 - 4ac > 0$ تب اس کے ریشے

(1) دو ہوتے ہیں اور حقیقی مختلف ہوتے ہیں (2) دو ہوتے ہیں اور حقیقی مساوی ہوتے ہی

(3) دو ہوتے ہیں اور غیر حقیقی مختلف ہوتے ہیں (4) کوئی بھی ریشہ نہیں ہوتا

جوابات

1-1	2-2	3-2	4-4	5-2	6-4	7-3	8-2	9-4	10-3
11-4	12-1	13-3	14-1	15-4	16-2	17-4	18-3	19-1	20-4
21-3	22-2	23-3	24-4	25-1					

8. تصاعد (Progressions)

اہم نکات:

1. **حسابی تصاعد (Arithmatic Progression):** اعداد کے سلسلے میں سوائے پہلے رکن کے باقی تمام اعداد کو اس کے پیش رو عدد میں ایک معین عدد (مستقل عدد) جمع کرنے سے حاصل ہونے والا عدد سلسلہ حسابی تصاعد کہلاتا ہے۔
2. حسابی تصاعد کے سلسلے میں سوائے پہلے رکن کے باقی تمام اعداد کو اس کے پیش رو عدد میں جس معین یا مستقل عدد جمع کیا جاتا ہے یہ معین عدد ''فرق مشترک'' (Common Difference) کہلاتا ہے۔
3. ایک حسابی تصاعد کے پہلے رکن کو a_1 دوسرے رکن کو a_2، اسی طرح n ویں رکن کو a_n کہا جاتا ہے۔
4. **حسابی تصاعد کی عام شکل:** $AP = a, a + d, a + 2d, a + 3d$ .....

   جہاں a پہلا رکن اور d فرق مشترک ہے۔
5. **محدود حسابی تصاعد:** اگر کسی حسابی تصاعد کے سلسلے میں اعداد کی تعداد محدود ہو تو یہ محدود حسابی تصاعد کہلاتا ہے۔ جیسے:

   $AP = 1, 4, 7, 10$
6. لامحدود حسابی تصاعد: اگر کسی حسابی تصاعد کے سلسلے میں اعداد کی تعداد لامحدود ہو تو اسے لامحدود حسابی تصاعد کہتے ہیں۔ جیسے:

   $AP = 1, 4, 7, 10$ .....
7. حسابی تصاعد کا n واں رکن: $t_n = a + (n-1)d$ جہاں a پہلا رکن، d فرق مشترک، n سلسلے میں موجود ارکان کی تعداد، t_n، n واں یا آخری رکن بھی کہلاتا ہے اسے 'l' سے بھی ظاہر کرتے ہیں۔
8. حسابی تصاعد کے پہلے n ارکان کا مجموعہ:

   $$S_n = \frac{n}{2}[2a + (n-1)d]$$

   جہاں S_n ارکان کا مجموعہ ہے۔
9. اگر ایک حسابی تصاعد کا صرف پہلا رکن اور آخری رکن دیا جائے اور فرق مشترک معلوم نہ ہو تب $S_n = \frac{n}{2}(a + a_n)$ ضابطے کی مدد سے S_n کو بآسانی معلوم کیا جاسکتا ہے۔
10. حسابی تصاعد کے پہلے n ارکان کا مجموعہ معلوم کرنے کا آسان طریقہ بتلانے والا ریاضی دان Carl Fredrich Guass تھا۔ جو کہ جرمن کا رہنے والا تھا۔
11. ایک حسابی تصاعد کے پہلے n طبعی اعداد کا مجموعہ:

    $$\sum n = \frac{n(n+1)}{2}$$
12. ایک حسابی تصاعد کے پہلے n طبعی اعداد کے مربعوں کا مجموعہ:

    $$\sum n^2 = \frac{n(n+1)(2n+1)}{6}$$

13. ایک حسابی تصاعد کے پہلے n طبعی اعداد کے مکعبوں کا مجموعہ:

$$\sum n^3 = \frac{n^2(n+1)^2}{4}$$

14. **جیومٹریہ تصاعد (Geometric Progression):** اعداد کے سلسلے میں ہر رکن (سوائے پہلے رکن کے) اس کے پیشرو عدد کو ایک متعین یا مستقل عدد سے ضرب دینے پر حاصل ہوتا ہے۔ اس طرح کے اعداد کے سلسلے کو جیومٹریہ تصاعد کہتے ہیں اور یہ متعین یا مستقل عدد ''مشترک نسبت'' کہلاتا ہے اور اسے 'r' سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

15. جیومٹریہ تصاعد کی عام شکل:

$$\text{GP} = a, ar, ar^2, ar^3 .....$$

16. جیومٹریہ تصاعد کا عام رکن یا n واں رکن:

$$a_n = ar^{n-1}$$

مشقی سوالات اور ان کے حل

مثال-1. حسابی تصاعد.... $\frac{1}{4}, \frac{-1}{4}, \frac{-3}{4}, \frac{-5}{4}$ میں پہلا رکن a اور فرق مشترک d معلوم کیجیے۔ اور اس حسابی تصاعد کا 7واں رکن معلوم کیجیے۔

حل: یہاں پر $a = \frac{1}{4}$ اور $d = \frac{-1}{4} - \frac{1}{4} = \frac{-1}{2}$

ہم جانتے ہیں کہ دیا گیا سلسلہ حسابی تصاعد میں ہے اس لیے یکے بعد دیگرے آنے والے دو ارکان کا فرق 'd' ہوگا۔

لہٰذا حسابی تصاعد کا ساتواں رکن $\frac{-5}{4} - \frac{1}{2} - \frac{1}{2} - \frac{1}{2} = \frac{-11}{4}$ ہوگا۔

مثال-2. دیے گئے اعداد میں کون سے حسابی تصاعد میں ہیں؟ اگر ان اعداد کی ترتیب حسابی تصاعد میں ہو تب اگلے دو رکن معلوم کیجیے۔

(i) 4, 10, 16, 22, . . . (ii) 1, – 1, – 3, – 5, . . . (iii) – 2, 2, – 2, 2, – 2, . . .

(iv) 1, 1, 1, 2, 2, 2, 3, 3, 3, . . . (v) $x, 2x, 3x, 4x$ .....

حل: (i) یہاں پر $a_2 - a_1 = 10 - 4 = 6$

$a_3 - a_2 = 16 - 10 = 6$

$a_4 - a_3 = 22 - 16 = 6$

یعنی $a_{k+1} - a_k$ کی قدر ہر مرتبہ مساوی یا مستقل ہے۔

لہٰذا دیا گیا سلسلہ حسابی تصاعد ہے۔ اس کا فرق مشترک d=6 ہے۔

تب سلسلہ کے اگلے دو رکن 28 + 6 = 34 اور 22 + 6 = 28 ہوں گے۔

(ii) $a_2 - a_1 = -1 - 1 = -2$

$a_3 - a_2 = -3 - (-1) = -3 + 1 = -2$

$a_4 - a_3 = -5 - (-3) = -5 + 3 = -2$

یعنی $a_{k+1} - a_k$ کی قدر ہر مرتبہ مساوی یا مستقل ہے۔

لہٰذا دیا گیا سلسلہ حسابی تصاعد میں ہے، اس کا فرق مشترک d=-2 ہے۔
تب سلسلے کے اگلے دو رکن ہوں گے۔

$-7 + (-2) = -9$ اور $(-5) + (-2) = -7$

(iii) $a_2 - a_1 = 2 - (-2) = 2 + 2 = 4$

$a_3 - a_2 = -2 - 2 = -4$

چونکہ $a_2 - a_1 \neq a_3 - a_2$ اس لیے دیا گیا سلسلہ حسابی تصاعد میں نہیں ہے۔

(iv) $a_2 - a_1 = 1 - 1 = 0$

$a_3 - a_1 = 1 - 1 = 0$

$a_4 - a_3 = 2 - 1 = 1$

یہاں پر $a_2 - a_1 = a_3 - a_2 \neq a_4 - a_3$

لہٰذا دیا گیا سلسلہ حسابی تصاعد میں نہیں ہوگا۔

(v) $a_2 - a_1 = 2x - x = x$

$a_3 - a_2 = 3x - 2x = x$

$a_4 - a_3 = 4x - 3x = x$

یعنی $a_{k+1} - a_k$ ہر مرتبہ مساوی یا مستقل ہے۔
لہٰذا دیا گیا سلسلہ حسابی تصاعد میں ہوگا۔
سلسلے کے اگلے دو رکن $4x + x = 5x$ اور $5x + x = 6x$ ہوں گے۔

مثال-3. حسابی تصاعد کے سلسلہ . . . 5, 1, –3, –7 کا 10 واں رکن معلوم کیجیے۔

حل: یہاں $a = 5$ ، $d = 1 - 5 = -4$ اور $n = 10$ ہے

ہم جانتے ہیں کہ $a_n = a + (n-1)\,d$

$a_{10} = 5 + (10 - 1)(-4) = 5 - 36 = -31$

لہٰذا دیے گئے حسابی تصاعد کا 10 واں رکن 31- ہے۔

مثال-4. حسابی تصاعد . . . 21, 18, 15 کا کون سا رکن 81- ہوگا؟ کیا کوئی رکن '0' ہوگا؟ اپنے جواب کی وجوہات بتلائیے۔

حل: یہاں $a = 21$ ، $d = 18 - 12 = -3$ اور اگر $a_n = 81$ تب n کی قدر معلوم کرنی ہوگی۔

چونکہ $a_n = a + (n-1)\,d$

$-81 = 21 + (n-1)(-3)$

$-81 = 24 - 3n$

$-105 = -3n$

$\therefore n = 35$

لہٰذا حسابی تصاعد کا 35 واں رکن 81- ہوگا۔

علاوہ ازیں $a_n = 0$ کے لیے 'n' کی قدر معلوم کرنی ہوگی۔

$$21 + (n - 1)(-3) = 0,$$

$$3(n - 1) = 21$$

$$n = 8$$

لہٰذا حسابی تصاعد کا 8واں رکن 0 (صفر) ہوگا۔

مثال-5. ایک حسابی تصاعد معلوم کیجیے اگر اسکا تیسرا رکن 5 اور 7 واں رکن 9 ہو۔

حل: یہاں

$$a_3 = a + (3 - 1)\, d = a + 2d = 5 \qquad (1)$$

اور $$a_7 = a + (7 - 1)\, d = a + 6d = 9 \qquad (2)$$

مساوات (1) اور (2) کو حل کرنے پر

$a = 3, d = 1$ حاصل ہوگا۔

لہٰذا مطلوبہ حسابی تصاعد کا سلسلہ $3, 4, 5, 6, 7, \ldots$ ہے۔

مثال-6. اعداد $5, 11, 17, 23, \ldots$ کی فہرست میں 301 ہوگا یا نہیں؟ جانچ کیجیے۔

حل: یہاں

$$a_2 - a_1 = 11 - 5 = 6,\ a_3 - a_2 = 17 - 11 = 6,\ a_4 - a_3 = 23 - 17 = 6$$

چونکہ $(a_{k+1} - a_k)$ مساوی ہے $k = 1, 2, 3,$ کے لیے۔ لہٰذا دیا گیا سلسلہ حسابی تصاعد ہے۔

اب اس حسابی تصاعد کے سلسلہ میں $a = 5$ اور $d = 6$ ہے۔

ہم فرض کریں گے کہ اس A.P کا nواں رکن 301 ہے ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ $a_n = 301$ کے لیے کیا کوئی n وجود رکھتا ہے۔

ہم جانتے ہیں $a_n = a + (n - 1)\, d$

$$301 = 5 + (n - 1) \times 6$$

یا $$301 = 6n - 1$$

$$\therefore\ n = \frac{302}{6} = \frac{151}{3}$$

لیکن ''n'' مثبت صحیح عدد ہونا چاہیے۔ (کیوں؟)

لہٰذا 301 دیے گئے اعداد کی فہرست میں نہیں ہے۔

مثال-7. 3 سے تقسیم پذیر دو ہندسی اعداد کتنے ہوں گے؟

حل: 3 سے تقسیم پذیر دو ہندسی اعداد کی فہرست یہ ہے۔

$$12, 15, 18, \ldots, 99$$

کیا یہ حسابی تصاعد ہے؟ ہاں۔ یہاں $a = 12$، $d = 3$ اور $a_n = 99$

ہم جانتے ہیں $a_n = a + (n-1)\,d$

$$99 = 12 + (n-1) \times 3$$

$$87 = (n-1) \times 3$$

$$n - 1 = \frac{87}{3} = 29$$

$$n = 29 + 1 = 30$$ (لہذا 99 تیسواں رکن ہے)

لہٰذا 3 سے تقسیم پذیر دو ہندسی اعداد کی تعداد 30 ہے۔

مثال-8. حسابی تصاعد $10, 7, 4, \ldots, -62$ کا آخری سے 11 واں رکن معلوم کیجیے۔

حل: یہاں $a = 10$، $d = 7 - 10 = -3$، $l = -62$

تب $l = a + (n-1)\,d$

سلسلے کے آخری سے 11 واں رکن معلوم کرنے سے پہلے ہمیں سلسلے کے تمام ارکان کی تعداد معلوم کرنی ہوگی۔

لہٰذا $62 = 10 + (n-1)(-3)$

$$-72 = (n-1)(-3)$$

$$n - 1 = 24$$

$$n = 25$$

یعنی حسابی تصاعد کے سلسلہ میں جملہ 25 ارکان ہوتے ہیں۔

آخر سے 11 واں رکن کا مطلب شروعات سے سلسلے کا 15 واں رکن ہوگا (یاد رکھیے کہ یہ 14 واں رکن نہیں ہوگا۔ کیوں؟)

$\therefore a_{15} = 10 + (15-1)(-3) = 10 - 42 = -32$

لہذا سلسلے کے آخر سے 11 واں رکن -32 ہوگا۔

نوٹ: آخر سے 11 واں رکن ابتداء سے بھی 11 واں رکن ہوگا جس کا پہلا رکن -62 اور فرق مشترک 3 ہو۔

مثال-9. سالانہ 8% شرح سود سے 1000 ` سرمایہ کے لیے سالانہ سود مفرد محسوب کیجیے؟ کیا یہ سود حسابی تصاعد میں ہے؟ اگر یہ حسابی تصاعد میں ہو تب 30 سال کے اختتام پر سود معلوم کیجیے۔

حل: ہم جانتے ہیں کہ سود مفرد معلوم کرنے کا ضابطہ یہ ہے۔

$$\text{سود مفرد} = \frac{P \times R \times T}{100}$$

$$\text{لہذا پہلے سال کے اختتام پر سود} = \text{`} \frac{1000 \times 8 \times 1}{100} = \text{`} 80$$

$$\text{دوسرے سال کے اختتام پر سود} = \text{`} \frac{1000 \times 8 \times 2}{100} = \text{`} 160$$

$$\text{تیسرے سال کے اختتام پر سود} = \text{`} \frac{1000 \times 8 \times 3}{100} = \text{`} 240$$

اسی طرح چوتھے، پانچویں، ۔۔۔۔سال کے اختتام پر سود محسوب کیا جا سکتا ہے۔ یعنی پہلے، دوسرے، تیسرے۔۔۔۔سال کے اختتام پر سود (روپیوں میں) ترتیب وار $80, 160, 240, \ldots$

اوپر کے اعداد کی فہرست حسابی تصاعد کو ظاہر کرتی ہے کیونکہ متواتر ارکان کا فرق مشترک 80 ہے۔

یہاں $a = 80$ اور $d = 80$

لہذا 30 سال کے اختتام پر سود معلوم کرنے کے لیے ہمیں a_{30} کی قدر معلوم کرنی ہوگی۔

$$\therefore\ a_{30} = a + (30 - 1)\, d = 80 + 29 \times 80 = 2400$$

30 سال کے اختتام پر سود کی رقم 2400 ` ہوگی۔

مثال-10. ایک پھولوں کی کیاری کی پہلی قطار میں 23 گلاب کے پودے، دوسری قطار میں 21، تیسری قطار میں 19 وغیرہ ہیں۔ آخری قطار میں 5 گلاب کے پودے ہیں تو بتلایئے کہ پھولوں کی کیاری میں جملہ کتنی قطاریں ہیں۔

حل: پہلی، دوسری، تیسری،..... قطار میں گلاب کے پودوں کی تعداد ترتیب وار

$$23, 21, 19, \ldots, 5$$

یہ ایک حسابی تصاعد ہے (کیوں؟)

فرض کیجیے کہ کیاری میں جملہ قطاروں کی تعداد 'n' ہے

تب $a = 23,\ d = 21 - 23 = -2$ اور $a_n = 5$

$$a_n = a + (n - 1)\, d$$

$$5 = 23 + (n - 1)(-2)$$

$$-18 = (n - 1)(-2)$$

$$n = 10$$

لہذا پھولوں کی کیاری میں قطاروں کی تعداد 10 ہے۔

9. جیومٹری(Geometry)

جیومٹری کے اشکال (Shapes of Geometry)

1) نقطہ (Point)

2) خط مستقیم (Straight line)

3) منحنی خط (Curve line)

4) مقطوعہ مستقیم (Intercept line)

5) شعاع (Rays)

6) مثلث (Triangle)



7) مستطیل (Rectangle)

8) مربع (Square)

9) دائرہ (Cirlce)

10) مخروط (Cone)



11) استوانہ (Cylinder)



ہندسہ ،جسکوانگریزی میں جیومیٹری کہاجاتاہے ایک ایسا شعبہ ریاضی ہے کہ جس میں فضائی یا فاصلی (spatial) مقامات کے درمیاں روابط کے بارے میں بحث کی جاتی ہے۔یا یوں کہہ لیں کہ بنیادی طور پر ہندسہ ایسے علم کو کہتے ہیں کہ جسمیں خطوط واشکال (جو کہ ظاہر کہ مرکوز و محدود نہیں بلکہ فاصلی یا اپنی ایک جگہ رکھنے والی ہوتی ہیں) کی خصوصیات کا مطالعہ کیا جاتاہے۔انگریزی میں یہ لفظ دو الفاظ کا مرکب ہے؛ جیو= ارض اور میٹری= پیمائش،اور اس حساب سے دیکھا جائے تو اسکی اردو ارض پیمائی کی جاسکتی ہے لیکن ارض پیمائی کا استعمال جیومیٹری کے لیے بہت ہی اجنبیت کا احساس پیدا کرتا ہے اس لیے اسکا اردو نام وہی اختیار کیا جارہا ہے جو کہ عربی اور فارسی میں مستعمل ہے۔

یہاں فضائی یا spatial سے مراد کسی ایسی چیز، شکل یا عبارت یا وقوعہ یا حادثہ کی ہے جو کہ کسی ایک مقام تک محدود نہ ہو بلکہ اپنے علاقے (جگہ یا فضا) کا مالک ہو۔

ہندسہ ؛ زمانہ قبل از جدیدہ (pre-modern) کے ریاضی کی دو شاخوں میں سے ایک ہے، دوسری مطالعہ اعداد)حساب (کو کہا جاتاہے۔ عہد حاضر میں ہندسہ کا تصور اپنے استعمال میں عمومیت اختیار کرتے ہوئے تجرید (abstraction) اور پیچیدگیوں میں خاصی بلند سطح تک پہنچ چکا ہے اور یوں حسابان (calculus)اور تجریدی الجبرا (abstract algebra) کے ماتحت ہوتے ہوئے کچھ اسطرح مدغم ہو چکا ہے کہ بننے والی اکثر شاخوں کے بارے میں یہ معلوم بھی نہیں ہو پاتا کہ یہ دراصل ہندسہ یا جیومیٹری کی ہی کے قبیلے کی کوئی شاخ ہے۔

12) مکعب (Cube)



13) مکعب نما (Cuboid)

14) کسی بھی نقطہ سے کئی منحنی خطوط اور کئی خطوط مستقیم کھینچے جاسکتے ہیں۔

15) خط مستقیم ایسا خط جس کے دونوں سروں پر تیر کا نشان ہو خط مستقیم کہلاتا ہے۔

16) دونوں سمتوں میں لامتناہی تک جانے والے خط کو خط مستقیم کہتے ہے۔

17) ایک خط مستقیم کا نہ ہی کوئی ابتدائی نقطہ ہوتا ہے اور نہ ہی کوئی انتہائی نقطہ

18) خط مستقیم کی لمبائی معلوم نہیں کی جاسکتی۔

19) مقطوعہ مستقیم (یا) خطی مقطوعہ Intercept line: ایسا خط جس کے دو اختتامی نقطے ہوتے ہیں۔ مقطوعہ مستقیم کہلاتا ہے۔

20) مقطوعہ مستقیم کا طول قاسم کی مدد سے معلوم کیا جاتا ہے۔

21) شعاع Rays: خط مستقیم کا وہ راستہ جو کسی نقطہ (منبع) سے شروع ہوتا ہے شعاع کہلاتا ہے۔

22) شعاع کا صرف ابتدائی نقطہ ہوتا ہے آخری نقطہ نہیں ہوتا۔

23) کسی ابتدائی نقطہ سے ہم مختلف سمتوں میں بے شمار شعاعیں کھینچ سکتے ہیں۔

24) ابتدائی نقطہ سے کسی اور نقطہ کو ملاتے ہوئے ایک ہی شعاع کھینچی جاسکتی ہے۔

25) کسی شعاع کا طول ناپا نہیں جاسکتا۔

26) ایک شعاع میں '1' حدّی نقطہ ہوتا ہے۔

مشقی سوالات

1) خط مستقیم کا وہ راستہ جو کسی نقطہ سے شروع ہوتا ہے کہلاتا ہے۔

1) شعاع 2) مقطوعہ مستقیم 3) خط مستقیم 4) عمودی خط

2) ایک لڑکا سلیٹ پر آڑی تیڑھی لائین کھینچتا ہے۔ جیومتری کی اصطلاح میں ان خطوط کو کیا کہیں گے۔

1) شعاع 2) مقطوعہ مستقیم 3) خط مستقیم 4) منحنی خط

3) ایک شعاع کا طول عام طور پر ہوتا ہے۔

1) 10 سمر 2) 10 میٹر 3) 10 کلومیٹر 4) ناپا نہیں جاسکتا

4) دونوں سمتوں میں لامتناہی تک جانے والے خط کو کہتے ہیں۔

1) شعاع 2) مقطوعہ مستقیم 3) خط مستقیم 4) منحنی خط

5) ایک شعاع میں حدی نقاط ہوتے ہیں۔

1) 1 2) 2 3) 3 4) 4

6) ایک خط مستقیم میں اختتامی نقاط کی تعداد ہوگی۔

1) 1 2) 2 3) 3 4) نہیں ہوتے

7) ایسا خط جس میں 2 اختتامی نقاط ہوتے ہیں۔

1) خط مستقیم 2) مقطوعہ مستقیم 3) شعاع 4) ان میں سے کوئی نہیں

جوابات

1-1	2-4	3-4	4-3	5-1	6-4	7-2

مثلثات (Triangles)

اہم نکات:

1) تین خطی قطعات سے تشکیل دی گئی بند شکل کو مثلثات کہتے ہیں۔

2) مثلث میں تین اضلاع، تین راس اور تین زاویے ہوتے ہیں۔ جسے مثلث کے اجزاء کہتے ہیں۔۔

3) مثلث کے کسی بھی راس سے اس کے مقابل کے ضلع پر کھینچا گیا عمود اس مثلث کا ارتفاع یا بلندی کہلاتا ہے۔

4) مثلث کے ایک راس سے اس کے مقابل کے ضلع کے وسطی نقطہ کو ملانے پر حاصل ہوئے خطی قطعہ کو اس مثلث کا وسطانیہ کہتے ہیں۔

5) مثلث کے چند خواص حسب ذیل ہیں۔

i) مثلث کے تینوں زاویوں کا مجموعہ 180^o ہوتا ہے۔

ii) مثلث کے کوئی دو ضلعوں کا مجموعہ تیسرے ضلع سے بڑا ہوتا ہے۔

iii) مثلث کے کوئی دو ضلعوں کا فرق تیسرے سے کم ہوتا ہے۔

iv) کسی مساوی الساقین مثلث میں مقابل کے زاویے مساوی ہوتے ہیں۔

v) اگر کسی مثلث میں دو زاویے مساوی ہوتے ہیں تب ان کے مقابل کے اضلاع بھی مساوی ہوں گے۔

vi) مثلث کا خارجی زاویہ اس کے دو مقابل کے داخلی زاویوں کے مجموعہ کے مساوی ہوتا ہے اور اس لئے یہ ان میں ہر ایک سے بڑا ہوتا ہے۔

6) مثلث کے اقسام اس کے اضلاع کے لحاظ سے تین ہیں۔

i) مثلث مساوی الاضلاع: ایسا مثلث جس کے تینوں ضلعے بھی مساوی ہوں مثلث مساوی الاضلاع کہلاتا ہے۔

ii) مثلث مساوی الساقین: ایسا مثلث جس کے کوئی دو ضلعے مساوی ہوتے ہیں۔ مثلث مساوی الساقین کہلاتا ہے۔

iii) مثلث مختلف الاضلاع: ایسا مثلث جس کے تینوں ضلعے بھی مختلف ہوتے ہیں۔ مثلث مختلف الاضلاع کہلاتا ہے۔

7) مثلث کے یا قسام اس کے زاویوں کے لحاظ سے بھی تین ہیں۔

i) مثلث حادہ زاوی: ایسا مثلث جس میں کوئی ایک زاویہ حادہ ہوتا ہے۔ حادہ زاوی مثلث کہلاتا ہے۔

ii) مثلث قائمہ الزاویہ: ایسا مثلث جس میں کوئی ایک زاویہ 90^o کا ہوتا ہے قائمہ الزاویہ مثلث کہلاتا ہے۔

iii) مثلث منفرجہ زاوی: ایسا مثلث جس میں کوئی ایک زاویہ منفرجہ ہوتا ہے۔

8) اگرایک مثلث میں تمام زاویے مساوی ہوں تو وہ مثلث مساوی الاضلاع ہوگا۔

9) اگرایک مثلث کے دوضلعےاوران کا درمیانی زاویہ ترتیب واردوسرے مثلث کے دوضلعوں اوران کے درمیانی زاویہ کے مساوی ہوں تو یہ دومثلثات متماثل ہوتے ہیں اوراس خاصیت کومثلث کی (ضل۔زا۔ضل)SAS خاصیت کہتے ہیں۔

10) مثلث کےکوئی دوزاویےاورایک ضلع ترتیب واردوسرے مثلث کے دوزاویوں اورمتعلقہ ضلع کے مساوی ہوں تب یہ دومثلثات متماثل ہوں گے۔اوراس خاصیت کومثلث کی (زا۔ضل۔زا)ASA خاصیت کہتے ہیں۔

11) اگرایک مثلث کے تینوں ضلع دوسرے مثلث کے تینوں ضلعوں کے مساوی ہوں تو یہ دومثلثات متماثل ہوتے ہیں۔اوراس خاصیت کو مثلث کی (ضل۔ضل۔ضل)SSS خاصیت کہتے ہیں۔

12) اگرایک مثلث قائم الزاویہ کاوتراورایک ضلع دوسرے مثلث کے وتراورایک ضلع کے مساوی ہوں تو تب دومثلثات متماثل ہوں گے اورمثلث کی اس خاصیت کوزاویہ قائمہ،وتر،ضلع (RHS) خاصیت کہتے ہیں۔

13) مثلث کے اضلاع کے عمودی ناصف متراکز ہوتے ہیں۔

14) مثلث کے اضلاع کے عمودی ناصفوں کا نقطہ تراکز محیطی مرکز کہلاتا ہے۔

15) مثلث کا محیطی مرکز اس کے راسوں سے مساوی فاصلے پر ہوتا ہے۔

16) مثلث کے تینوں راسوں سے گزرنے والے دائرے کومثلث کا محیطی دائرہ کہتے ہیں۔

17) مثلث کا محیطی مرکز اگرمثلث کے اندر ہوتو یہ مثلث حادہ زاوی مثلث ہوگا۔

(یا) بالفاظ دیگر حادہ زاوی مثلث کی صورت میں مثلث کا محیطی مرکز ہمیشہ مثلث کے اندر پایا جائے گا۔

18) مثلث کا محیطی مرکز اگرمثلث کے باہر ہوتو یہ مثلث منفرجہ زاوی مثلث ہوگا۔

19) مثلث کا محیطی مرکز اگرمثلث کے وتر پر ہوتو یہ قائمہ الزاویہ مثلث ہوگا۔

20) مثلث کے زاویوں کے اندرونی ناصف متراکز ہوتے ہیں۔

21) مثلث کے زاویوں کے اندرونی ناصفوں کا نقطہ تراکز اندرونی مرکز کہلاتا ہے۔

22) مثلث کا اندرونی مرکز اس کے اضلاع سے مساوی فاصلہ پر ہوتا ہے۔

23) دائرہ جومثلث کے تین اضلاع کومس کرتا ہےاور جومثلث کے اندر پایا جاتا ہے۔مثلث کا اندرونی دائرہ کہلاتا ہے۔

24) مثلث کے کسی دوزاویوں کے خارجی ناصف اورمثلث کے تیسرے زاویے کا اندرونی ناصف متراکز ہوتے ہیں۔

25) مثلث کے دوزاویوں کے بیرونی ناصف اورتیسرے زاویہ کا اندرونی ناصف کا نقطہ تراکز بیرونی مرکز کہلاتا ہے۔

26) مثلث کا بیرونی مرکز مثلث کے اضلاع سے مساوی فاصلہ پر ہوتا ہے۔

27) ایسا دائرہ جومثلث کے اضلاع کو بیرونی طور پر مس کرتا ہے مثلث کا بیرونی دائرہ کہلاتا ہے۔

28) ایک مثلث میں تین بیرونی دائرے کھینچے جاسکتے ہیں۔

29) مثلث کے وسطانیہ خطی قطعے ہیں جومثلث کی راسوں کومقابل کے ضلعوں کے وسطی نقاط سے ملاتے ہیں۔

30) ایک مثلث کے وسطانیہ متراکز ہوتے ہیں۔

31) مرکزثقلOrtho centre: مثلث کے وسطانیوں کے نقطہ تراکز کومرکز وسطانی یا مرکزنقل کہا جاتا ہے۔

32) مثلث کا مرکز وسطانی کسی بھی راس سے مقابل کے ضلع کے نقطہ وسطی کوملانے والی خطی قطعہ کو 2:1 کی نسبت میں تقسیم کرتا ہے۔

33) مثلث کے ارتفاع مثلث کی راسوں سے مقابل کے ضلعوں پر گرائے گئے عمود ہیں۔

34) مثلث کے ارتفاع متراکز ہوتے ہیں۔

35) عمودی مرکز Ortho centre: مثلث کے ارتفاعوں کا نقطہ تراکز ہے۔

36) اگر محیطی مرکز، عمودی مرکز، اندرونی مرکز اور مرکز وسطانی ایک دوسرے پر منطق ہوتے ہوں تو یہ مثلث مساوی الاضلاع ہوگا۔

37) اگر محیطی مرکز، عمودی مرکز، اندرونی مرکز اور مرکز وسطانی ہم خط ہوں تو یہ مثلث مساوی الساقین ہوگا۔

38) ایک مثلث بنانے کے لیے تین غیر منحصر حصوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

39) مثلث مساوی الساقین بنانے کے لیے 2 غیر منحصر حصوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

40) مثلث مساوی الساقین بنانے کے لیے 1 غیر منحصر حصے کی ضروت ہوتی ہے۔

41) مثلث قائم الزاویہ بنانے کے لیے 2 غیر منحصر حصوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

42) مثلث مختلف الاضلاع کے لیے 3 غیر منحصر حصوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

43) ہیروں کے ضابطہ کے مطابق مثلث کا رقبہ جس کے اضلاع a، b اور c ہوں $\Delta = \sqrt{s(s-a)(s-b)(s-c)}$

44) مثلث قائیم الزاویہ کا رقبہ: ارتفاع x قاعدہ x $A = \frac{1}{2}$

45) اگر کسی مثلث کے زاویوں میں 1:1:1 کی نسبت ہو تو اس کے متناظر اضلاع میں بھی وہی نسبت ہوتی ہے۔

46) اگر کسی مثلث کے زاویے 1:1:2 کی نسبت میں ہو تو اس کے متناظر اضلاع $1:1:\sqrt{2}$ کی نسبت میں ہوتے ہیں۔

47) اگر کسی مثلث کے زاویے 1:2:3 کی نسبت میں ہوتے ہیں تو اس کے متناظر اضلاع $1:\sqrt{3}:2$ کی نسبت میں ہوتے ہیں۔

مشقی سوالات

1) اگر کسی مثلث کے دو زاویے بالترتیب اگر 80^0 اور 40^0 ہو تو مثلث کا تیسرا زاویہ ہوگا۔

1) 50^0 2) 60^0 3) 70^0 4) 80^0

2) اگر ایک مثلث ABC میں $AB = BC = AC$ تب یہ مثلث ہے۔

1) مثلث مساوی الاضلاع 2) مثلث مساوی الساقین 3) مثلث مختلف الاضلاع 4) قائیم الزاویہ مثلث

3) ذیل میں مثلث کی کونسی پیائش ممکن نہیں۔

1) 8 سمر، 8 سمر، 8 سمر 2) 10 سمر، 9 سمر، 2 سمر 3) 15 سمر، 8 سمر، 1 سمر 4) ان میں سے کوئی نہیں

4) ایک مثلث کے تین زاویے ترتیب وار 80^o ، 80^o ، 20^o تب یہ مثلث ہے۔

1) مساوی الاضلاع مثلث 2) مختلف الاضلاع مثلث 3) مساوی الساقین مثلث 4) قائیمہ الزاویہ مثلث

جوابات

1-2	2-1	3-3	4-3

زاویے (Angles)

1. دو شعاعوں کا اجماع زاویہ کہلاتا ہے۔ اگر ان کا ایک ہی اختتامی نقطہ ہوتا ہو۔

2. گھڑی کے 2 کانٹے زاویہ بناتے ہیں۔

3. دوشعاعیں جب زاویے بناتے ہیں تو ان شعاعوں کو زاویہ کا بازو کہا جاتا ہے اور ان شعاعوں کا راس مشترک نقطۂ زاویہ کا راس کہلاتا ہے۔

4. 

دی گئی شکل میں OA اور OB زاویے کے دو بازو ہیں جب کہ 'O' زاویہ کا راس ہے۔

5. چونکہ زاویہ 'O' پر بنتا ہے اس لئے اس زاویہ کو AOB یا BOA کہا جاتا ہے۔

6. اور اسے $\angle AOB$ یا $\angle BOA$ لکھا جاتا ہے۔

7. زاویہ کی پیمائش چاندے (Protractor) سے کی جاتی ہے۔

8. متقابل راسی زاویے (Vertically Opposite Angles) : جب دو خطوط آپس میں قطع کرتے ہیں نقطۂ تقاطع پر بننے والے مقابل کے زاویے متقابل راسی زاویے کہلاتے ہیں۔



9. $\angle 1$ ، $\angle 3$ متقابل راسی زاویوں کا جوڑ ہے۔

10. اسی طرح $\angle 2$ ، $\angle 4$ بھی متقابل راسی زاویوں کا ایک جوڑ ہے۔

11. قاطع خط (Transversal) : ایک خط جو دو یا دو سے زیادہ خطوط کو مختلف نقاط پر قطع کرتا ہو۔ قاطع خط کہلاتا ہے۔ جیسے



(ii)



(i)

12. شکل (i) میں خط n اور شکل (ii) میں خط s قاطع خط ہیں۔

13. قاطع خط سے بننے والے زاویے



جب کوئی خط دو خطوط کو قطع کرتا ہے تو 8 زاویے بنتے ہیں جیسا کہ شکل میں بتلایا گیا ہے $\underline{1}$، $\underline{2}$، $\underline{3}$، $\underline{4}$، $\underline{5}$، $\underline{6}$، $\underline{7}$، $\underline{8}$ زاویے ہیں۔

14. داخلی زاویے (Internal Angles) : $\underline{3}$، $\underline{4}$، $\underline{5}$ اور $\underline{6}$ چونکہ خطوط l اور m کے اندرونی جانب بنتے ہیں لہٰذا ان زاویوں کو داخلی زاویے کہا جاتا ہے۔

15. خارجی زاویے (External Angles) : $\underline{1}$، $\underline{2}$، $\underline{7}$ اور $\underline{8}$ چونکہ خطوط l اور m کے بیرونی جانب بنتے ہیں لہٰذا ان زاویوں خارجی زاویے کہا جاتا ہے۔

16. داخلی متبادلہ زاویے (Alternate Internal Angles) : $\underline{4}$، $\underline{6}$، $\underline{3}$ اور $\underline{5}$ داخلی متبادلہ زاویوں کی جوڑیاں ہیں۔

17. خارجی متبادلہ زاویے (Alternate External Angles) : $\underline{1}$، $\underline{7}$، $\underline{2}$، اور $\underline{8}$ خارجی متبادلہ زاویوں کی جوڑیاں ہیں۔

18. داخلی اور خارجی متبادلہ زاویوں کی (3) اہم خصوصیات ہوتی ہیں

(i) مختلف راس رکھتے ہیں۔ (ii) قاطع خط کے دونوں جانب پائے جاتے ہیں۔(iii) دو خطوط کے درمیان ہوتے ہیں۔

19. نظیری زاویے (Corresponding Angles) : (i) یہ زاویے مختلف راس پر بنتے ہیں۔ (ii) یہ زاویے قطع خط کے ایک ہی جانب واقع ہوتے ہیں ۔ (iii) ان میں ایک زاویہ بیرونی جانب اور ایک اندرونی جانب واقع ہوتا ہے ۔

(iv) (a) $\underline{1}$ اور $\underline{5}$ (b) $\underline{4}$ اور $\underline{8}$ (c) $\underline{2}$ اور $\underline{3}$ (d) $\underline{3}$ اور $\underline{7}$ نظیری زاویوں کی مثالیں ہیں۔

20. قاطع خط کے ایک ہی جانب پائے جانے والے داخلی زاویے: قاطع خط کے ایک ہی جانب داخلی زایوں کے 2 جوڑیاں ہوتی ہیں: (i) $\underline{4}$ اور $\underline{5}$ (ii) $\underline{3}$ اور $\underline{6}$

21. قاطع خط کے ایک ہی جانب پائے جانے والے خارجی زاویے: قاطع خط کے ایک ہی جانب خارجی زاویوں کی 2 جوڑیاں ہیں:

(i) $\underline{1}$ اور $\underline{8}$ (ii) $\underline{2}$ اور $\underline{7}$

22. ایک قاطع خط جب کسی متوازی خطوط کے جوڑی کو قطع کرتی ہے تب یہ زاویے:

(i) نظیری زاویوں کی ہر ایک جوڑی مساوی ہوتی ہے۔ (ii) داخلی متبادلہ زاویوں کی ہر ایک جوڑی مساوی ہوتی ہے۔

(iii) خارجی متبادلہ زاویوں کی ہر ایک جوڑی مساوتی ہے۔ (iv) قاطع خط کے ایک ہی جانب بننے والے زاویے تکمیلی ہوتے ہیں۔

23. مشابہہ اشکال: ایسی اشکال جن کی وضع یکساں ہوتی ہے مشابہہ اشکال کہلاتے ہیں۔

24. مربع، مثلث مساوی الاضلاع، مشابہہ اشکال کی مثالیں ہیں۔

25. جب کہ مثلث مساوی الساقین غیر مشابہہ اشکال کی مثال ہے۔

26. مثلثات کی مشابہت: ایسے مثلثات جن کی وضع یکساں ہوتی ہے مشابہہ مثلثات کہلاتے ہیں۔ جیسے مساوی الاضلاع مثلثات۔

27. مثلثات اس وقت مشابہہ ہوتے ہیں جب کہ:

(i) اس کے متناظر زاویے مساوی ہوتے ہیں۔ (ii) متناظر ضلعے ایک ہی نسبت میں پائے جاتے ہیں۔

28. ایک منفرد مثلث کی بناٹ کے لئے تین آزادانہ پیمائشات کی ضرورت ہوتی ہے۔

29. دو مثلثات متماثل ہوتے ہیں اگر ایک مثلث کے ضلعے دوسرے مثلث کے ضلعوں کے مساوی اور ان کے متناظر زاویے بھی مساوی ہوں۔

30. متماثل مثلثات میں راسوں کے درمیان ایک تا ایک تعلق پایا جاتا ہے۔

31. متماثل مثلثات میں متناظر حصے مساوی ہوتے ہیں جس کو ہم مختصراً CPCT لکھتے ہیں۔

CPCT = Corresponding Parts of Conqurent Triangles

32. SAS (ضلع زاویہ ضلع) متماثلت کا اصول: ایک مثلث کے دو ضلعے اور ان کے درمیان واقع ہونے والا زاویہ دوسرے مثلث کے متناظر دو ضلعوں اور ان کے درمیان واقع ہونے والے زاویے کے مساوی ہو تو یہ مثلثات متماثل ہوتے ہیں۔

33. ASA (زاویہ ضلع زاویہ) متماثلت کا اصول: ایک مثلث کے دو زاویے اور اس کے درمیان واقع ہونے والا ضلع دوسرے مثلث کے متناظر دو زاویوں اور ان کے درمیان واقع ہونے والے ضلع کے مساوی ہو تب یہ مثلثات متماثل ہوتے ہیں۔

34. SSS (ضلع ضلع ضلع) متماثلت کا اصول: اگر ایک مثلث کے تین ضلعوں کی پیمائش دوسرے مثلث کے تین ضلعوں کی پیمائش کے مساوی ہو تو یہ دو مثلثات کے متماثل ہوتے ہیں۔

35. RHS (قائمہ الزاویہ اور ضلع) اگر ایک قائم الزاویہ مثلث میں وتر اور ایک ضلع دوسرے قائم الزاویہ مثلث کے متناظر وتر اور ایک ضلع کے مساوی ہوں تب یہ مثلثات متماثل ہوتے ہیں۔

36. متناسبت کا بنیادی مسئلہ: اگر ایک خط مثلث کے ایک ضلع کے متوازی ہو اور باقی دو اضلاع کو دو مختلف نقاط پر قطع کرے تو وہ ان کو ایک ہی نسبت میں تقسیم کرتا ہے۔

37. متناسبت کے بنیادی مسئلہ کا برعکس: اگر ایک خط ایک مثلث کے کسی بھی دو ضلعوں کو یکساں نسبت میں تقسیم کرتا ہو تو یہ خط تیسرے ضلع کے متوازی ہوتا ہے۔

38. فیثاغورث کا مسئلہ: کسی مثلث قائمہ الزاویہ میں وتر کا مربع باقی دو اضلاع کے مربعوں کے مجموعہ کے مساوی ہوتا ہے۔

39. فیثاغورث کے مسئلہ کا برعکس: ایک مثلث میں کسی ضلع پر بننے والا مربع باقی دو اضلاع پر بننے والے مربعوں کے مساوی ہو تو پہلے ضلع کے مخالف بننے والا زاویہ قائمہ ہوگا اور مثلث ایک قائم الزاویہ مثلث ہوگا۔

40. اگر کسی مثلث قائم الزاویہ میں زاویہ قائمہ کی راس سے وتر پر عمود گرایا جائے تو وتر کے دونوں جانب بننے والے دو مثلثات بڑے مثلث مشابہہ ہوں گے اور آپس میں ایک دوسرے سے مشابہہ ہوں گے۔

مشقی سوالات

1. 68^0 ہے

(1) حادّہ زاویہ (2) قائمہ الزاویہ (3) منفرجہ زاویہ (4) مستقیم زاویہ

2. تکمیلی زاویوں کی جوڑی میں ایک زاویہ 120^0 ہو تو دوسرا زاویہ ہوگا

(1) حادّہ زاویہ (2) قائمہ الزاویہ (3) منفرجہ زاویہ (4) مستقیم زاویہ

3. تمامی زاویوں کا مجموعہ ہوتا ہے

(1) 30^0 (2) 90^0 (3) 120^0 (4) 180^0

4. تمامی زاویوں کی جوڑی میں ایک زاویہ اگر 68^0 ہوتو دوسرا زاویہ ہوگا

(1) 112^0 (2) 42^0 (3) 40^0 (4) 22^0

5. تمامی زاویوں کے دونوں زاویے ہوتے ہیں

(1) حادّہ زاویہ (2) قائمہ الزاویہ (3) منفرجہ زاویہ (4) مستقیم زاویہ

6. تکمیلی زاویوں کی جوڑی میں ایک زوایہ قائمہ ہوتو دوسرا زاویہ ہوگا

(1) حادّہ زاویہ (2) قائمہ الزاویہ (3) منفرجہ زاویہ (4) مستقیم زاویہ

7. دی گئی شکل میں $\angle 1$ اور $\angle 3$ کہلاتے ہیں۔



(1) متقابل داخلی زاویے (2) نظیری زاویے

(3) خارجی زاویے (4) متقابل راسی زاویے

8. دی گئی شکل میں کونسا خط قاطع خط کہلاتا ہے



(1) l (2) m

(3) n (4) p

9. اگر متبادلہ داخلی زاویوں کی جوڑی مساوی ہوتی ہے تب خطوط _____ ہیں

(1) عمودوار (2) متوازی (3) مساوی (4) قاطع

10. اگر دو خطوط آپس میں قطع کرتے ہوں تو ان میں پائے جانے والے مشترکہ نقاط کی تعداد ہوتی ہے

(1) 1 (2) 2 (3) 3 (4) 4

11. اگر دو خطوط آپس میں قطع کرتے ہوں تو ان میں پائے جانے والے مشترکہ نقطہ کہلاتے ہیں

(1) نقطہ تماس (2) نقطہ تراکز (3) نقطہ تقطع (4) وسطی نقطہ

12. اگر دو خط آپس میں قطع کرتے ہوں تو ان خطوط کو کہا جاتا ہے

(1) تماسی خطوط (2) متراکز خطوط (3) متقاطع خطوط (4) مماس

13. جیومٹری کی اصطلاح میں کتاب کے کنارے کا طول کہلاتا ہے

(1) زاویہ (2) طول (3) خط مستقیم (4) منحنی خط

14. دو متوازی خطوط میں مشترکہ نقاط کی تعداد

(1) 0 (2) 1 (3) 2 (4) e

15. انگریزی زبان کا یہ حرف تہجی قاطع خط کی مثال ہے

(1) A (2) X (3) Y (4) H

16. ΔABC میں اگر $\angle A = 2$ (B ' $\angle C = 3$ تب ΔABC کے تمام زاویہ ہوتے ہیں

(1) $60^0, 90^0, 80^0$ (2) $30^0, 60^0, 90^0$ (3) $90^0, 45^0, 45^0$ (4) $30^0, 70^0, 80^0$

17. ایک مثلث کے زاویوں میں 2:3:4 کی نسبت ہوتو زاویے معلوم کیجئے۔

(1) $40^0, 60^0, 80^0$ (2) $30^0, 60^0, 90^0$ (3) $100^0, 40^0, 40^0$ (4) $45^0, 90^0, 45^0$

18. دی گئی شکل میں زاویہ x کی قدر ہوگی

(1) 40^0 (2) 73^0

(3) 67^0 (4) 65^0

19. دی گئی شکل میں x، y، z کی قدر معلوم کیجئے جب کہ DE // BC

(1) $x = 70^0, y = 70^0, z = 40^0$ (2) $x = 40^0, y = 70^0, z = 70^0$

(3) $x = 70^0, y = 40^0, z = 70^0$ (4) $x = 40^0, y = 70^0, z = 50^0$

20. شکل میں اگر $\overline{BC}$ // $\overline{BE}$ اور $\underline{A} = 45^0$، $\underline{B} = 70^0$ تب x، y، z کی قدر ہوگی

(1) $x = 70^0, y = 65^0, z = 65^0$ (2) $x = 65^0, y = 70^0, z = 65^0$

(3) $x = 65^0, y = 65^0, z = 70^0$ (4) $x = 65^0, y = 65^0, z = 65^0$

21. مثلث کا ایک خارجی زاویہ 85^0 ہے اور اس کے مقابل کے داخلی زاویوں میں 1:4 کی نسبت ہے مثلث کے زاویے ہوتے ہیں

(1) $95^0, 17^0, 68^0$ (2) $67^0, 18^0, 95^0$

(3) $90^0, 13^0, 77^0$ (4) $93^0, 19^0, 68^0$

22. ایک ΔABC میں اگر $a^2 = b^2 + c^2$ تب _____ زاویہ قائمہ ہے

(1) a (2) b (3) c (4) 2

23. a، $a+1$، $\sqrt{2a+1}$ ایک _____ مثلث کے تین ضلعے ہیں

(1) حادہ زاوی (2) قائمہ الزاویہ (3) منفرجہ زاوی (4) مساوی الاضلاع

24. مثلث ABC میں اگر $\underline{C} = 90^0$، $AC = 3cm$، $BC = 40m$ ہو تو C کے ذریعہ وسطانیوں کا طول ہوگا

(1) 2.5cm (2) 5cm (3) 4.3cm (4) 3.2cm

25. مثلث XYZ میں اگر $\underline{Z} = 90^0$ اور $XY = 12cm$، $YZ = 13cm$ ہو تو XZ کی قدر ہوگی

(1) 10 سمر (2) 12 سمر (3) 6 سمر (4) 5 سمر

26. مثلث مساوی الاضلاع کے ایک ضلع کا مربع کا تین گنا اس کے ارتفاع کے مربع کا _____ گنا کے مساوی ہوتا ہے

(1) ایک (2) دو (3) تین (4) چار

27. دو مشابہہ مثلثات کے رقبوں کی نسبت مساوی ہوتی ہے اس کے _____ مربعوں کی نسبت کے

(1) متناظر زاویے (2) اضلاع (3) متناظر اضلاع (4) زاویے

28. ایک متوازی الاضلاع جس کا ضلع x ہے کی بلندی

(1) $\frac{\sqrt{3}x}{4}$ (2) $\sqrt{4}x$ (3) $\frac{\sqrt{3}x}{5}$ (4) $\frac{x}{3}$

29. P، Q مثلث XYZ کے اضلاع XY اور YZ کے وسطی نقاط ہیں اگر PQ کا طول 10 سمر ہو تو XY کا طول ہوتا ہے

(1) 10 سمر (2) 20 سمر (3) 15 سمر (4) 18 سمر

30. ایک متوازی الاضلاع مثلث ABC میں اگر $AD \perp BC$ تب

$4AB^2 = 2AD^2$ (4) $2AB^2 = 3AD^2$ (3) $3AB^2 = 4AD^2$ (2) $4AB^2 = 3AD^2$ (1)

31. اگر دو مثلثات کے متناظر اضلاع اور ان کا درمیانی زاویہ مساوی ہو تو ان میں مثلثات کی یہ خصوصیات پائی جاتی ہے

RHS (4) ASA (3) SSS (2) SAS (1)

32. اگر دو مثلثات کے تینوں ضلعوں کے طول مساوی ہوں تو ان مثلثات میں یہ خصوصیات پائی جاتی ہیں

RHS (4) ASA (3) SSS (2) SAS (1)

33. اگر $\Delta PQR \sim \Delta ABC$ ، $\angle C = 45^0$ اور $\angle B = 45^0$ ہو تو $\angle R$ کی قدر؟

45^0 (4) 90^0 (3) 30^0 (2) 60^0 (1)

34. مثلث مختلف الاضلاع میں بڑے ضلع کا مقابل کا زاویہ ہوتا ہے

90^0 (1) چھوٹا (2) بڑا (3) 60^0 (4)

35. متماثل مثلثات میں راسوں کے درمیان پایا جاتا ہے

(1) ایک تا ایک (2) ایک تا دو (3) ایک تا کثیر (4) ایک تا دو

36. تین ہم خط نقاط سے دائیرے کھینچے جا سکتے ہیں

1 (1) 2 (2) 3 (3) 0 (4)

37. دی گئی شکل سے نصف قطر OD کی قدر بتلایئے

جب کہ $OM = 3cm$ اور $AB = 8cm$

(1) 10 سمر (2) 6 سمر

(3) 4 سمر (4) 3.4 سمر

38. دی گئی شکل میں اگر $\angle AOB = \angle DOB$ تب

$AB = DC$ (1) $AB = OC$ (2)

$DC = OA$ (3) $AB = OB$ (4)

39. دائرے کے مساوی وتروں سے مرکز پر بننے والے زاویے ہوتے ہیں

(1) غیر مساوی (2) مساوی (3) دُگنا 45^0 (4)

40. مساوی خطہ دائرہ (Segment) میں زاویے ہوتے ہیں

45^0 (1) عمودوار (2) مساوی (3) 90^0 (4)

جوابات

1-**1**	2-**1**	3-**2**	4-**4**	5-**1**	6-**2**	7-**4**	8-**3**	9-**2**	10-**1**
11-**3**	12-**3**	13-**3**	14-**1**	15-**4**	16-**2**	17-**1**	18-**3**	19-**2**	20-**2**
21-**1**	22-**1**	23-**2**	24-**1**	25-**4**	26-**4**	27-**3**	28-**3**	29-**2**	30-**2**
31-**1**	32-**2**	33-**4**	34-**3**	35-**1**	36-**4**	37-**3**	38-**1**	39-**3**	40-**3**

چار ضلعی

- کسی بھی کثیر ضلعی کو انکے اضلاع کی تعداد پر نام تبدیل ہوتے ہیں۔
- کثیر ضلعی جس کے چار ضلعے ہوں چار ضلعی Quadrilateral کہتے ہیں۔
- ایک چار ضلعی جس کے مقابل کے ضلعوں کی ایک جوڑ متوازی ہو منحرف کہلاتی ہے۔
- اگر منحرف میں غیر متوازی ضلع مساوی ہوتے ہیں تو یہ ایک مساوی الساقین منحرف کہلاتا ہے۔
- اگر چار ضلعی کے مقابل کے ضلعوں کی دونوں جوڑیاں متوازی ہوں تو یہ ایک متوازی الاضلاع کہلاتی ہے۔

ایک متوازی الاضلاع میں:

1) مقابل کے ضلعے مساوی ہوتے ہیں۔
2) مقابل کے زاویئے مساوی ہوتے ہیں۔
3) وتر ایک دوسرے کی تنصیف کرتے ہیں۔

ایک چار ضلعی متوازی الاضلاع ہوتی ہے:

1) اگر مقابل کے ضلعوں کی دونوں جوڑیاں مساوی ہوں۔
2) اگر مقابل کے زایوں کی دونوں جوڑیاں مساوی ہوں۔
3) اگر وتر ایک دوسرے کی تنصیف کرتے ہیں۔
4) اگر مقابل کے ضلعوں کی ایک جوڑی متوازی اور مساوی ہو۔

ایک متوازی الاضلاع جس کا ایک ضلع قائم الزاویہ ہو مستطیل کہلاتا ہے۔

مستطیل کا ہر ایک زایہ قائم الزاویہ ہوتا ہے اس کے وتر مساوی ہوتے ہیں اور ایک دوسرے کی تنصیف کرتے ہیں۔

ایک مستطیل جس کے متصلہ زاویوں کی جوڑی مساوی ہوتی ہے ایک مربع کہلاتی ہے۔

مربع کے تمام ضلعے مساوی ہوتے ہیں ہر زاویہ ایک قائم الزاویہ ہوتا ہے۔ وتر مساوی ہوتے ہیں۔ اور ایک دوسرے کے عمودی ناصف ہوتے ہیں۔

ایک متوازی الاضلاع جس کے متواتر (متصلہ) ضلع مساوی ہوتے ہیں ایک معین ہے۔

معین کے تمام ضلعے مساوی ہوتے ہیں اس کے وتر ایک دوسرے کے عمودی ناصف ہوتے ہیں اگر معین کا ایک زاویہ قائم الزاویہ ہو تو وہ ایک مربع ہوتا ہے۔

اگر متوازی الاضلاع کے وتر مساوی ہوں اور ایک دوسرے کے عمودی ناصف ہوں تو یہ ایک مربع ہے۔

خطی قطعہ جو مثلث کے ضلعوں کے نقاط وسطی کو ملاتا ہے۔ تیسرے ضلع کے متوازی اور اس کا نصف ہوتا ہے۔

ایک مثلث کے ایک ضلع کے وسطی نقطہ سے دوسرے ضلع کے متوازی کھینچا گیا خط تیسرے ضلع کی تنصیف کرتا ہے۔

اگر تین یا زائد متوازی خطوط ایک قاطع خط پر مساوی مقطوعے بناتے ہوں تو وہ کسی اور قاطع خط پر بھی مساوی مقطوعے بناتے ہیں۔

دی گئی شکل	اضلاع کے درمیانی نقاط کو ملانے سے بننے والی شکل
1. چارضلعی	متوازی الاضلاع
2. متوازی الاضلاع	متوازی الاضلاع
3. مستطیل	معین
4. معین	مستطیل
5. مربع	مربع
6. مساوی الساقین منحرف	معین
7. مساوی الاضلاع مثلث	مساوی الاضلاع مثلث
8. مساوی الاضلاع مثلث	مساوی الاضلاع مثلث
9. مثلث مساوی الساقین	مثلث مساوی الساقین

وتر کے درمیانی نقطہ سے گرایا گیا خط جو قائم الزاویہ مثلث سے وتر کا نصف ہوتا ہے۔

اگر تین یا زائد متوازی خطوط مساوی مقطوعے بناتے ہیں جو ایک عمودی سطح پر ہے تو وہ دوسرے سطح پر مساوی مقطوعے بناتی ہے۔

طریق - Locus

- طریق تمام نقاط کا سٹ ہے جو دی گئی شرط یا شرایط کو مطمئن کرتا ہے۔
- مستوی کے تمام نقاط کا طریق جو دیئے گئے نقطے سے اسی مستوی میں مساوی فاصلے پر ہوتا ہے۔ دائرہ کہلاتا ہے۔
- مستوی میں نقاط کا طریق جو دو متوازی خطوط سے اسی مستوی میں فاصلے پر ہو ایک خط ہے جو متوازی ہوتا ہے۔ اور ان کے درمیان ہوتا ہے۔
- نقاط کا طریق کسی دیئے گئے فاصلے سے دی گئی خط مستقیم سے فاصلہ وہ دو خط مستقیم کا اجتماعی ہوگا۔ جو دی گئی خط مستقیم کے دونوں جانب ہوگا۔
- کسی نقطہ کا طریق دو نقاط کے مساوی فاصلے پر ہوتا ہے ان دونوں خطوط مستقیم کے عمودی ناصف پر ہوگا۔
- دو نقاط سے گذرنے والی کا طریق دائرہ عمودی ناصف ہو جو دو نقاط کو ملانے سے بنتا ہے۔
- کسی نقطہ کا طریق تین مساوی نقاط پر جو ہم خط نہیں ہیں وہ مثلث کا محیطی مرکز ہوگا اور یہ نقاط راس ہوں گے۔
- کسی نقطہ کا طریق جو دو نقاط کے مساوی فاصلے پر ہے وہ دو خطوط مستقیم کے جوڑ کے نقطہ تقاطع وہ زاویہ کا ناصف ہوگا۔
- مساوی وتر دائرے کا ہم مرکز ہوں گے جو درمیانی نقاط کا طریق ہوگا۔
- دو متوازی خطوط کے وتر جو مساوی فاصلہ کے درمیانی نقاط کا طریق ہے دائرے کا قطر ہے۔

متراکزیت - Concurrency

مثلث کے اضلاع کے عمودی ناصف متراکز ہوتے ہیں اس نقطہ کو محیطی مرکز (Circum centre) کہتے ہیں اور یہ اس کے مساوی فاصلے پر

واقع ہوتا ہے۔

اگر S محیطی مرکز ہے ΔABC، تب $R = SA = SB, SC$

دائرے کا محیطی مرکز کو R سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

$$\angle ASC = 2\angle B$$

اور $\angle BSC = 2\angle A$

$$\angle ASB = 2\angle C$$

مثلث حادہ زاویہ کا محیطی مرکز دائرے کے اندرونی جانب واقع ہوگا۔ قائم الزاویہ مثلث کا محیطی مرکز دائرے کے اندرونی جانب واقع ہوگا۔ قائم الزاویہ مثلث کا محیطی مرکز وتر کے درمیان واقع ہوگا۔ مثلث مفرجہ زاویہ کا محیطی مرکز دائرے کے بیرونی جانب واقع ہوگا۔

مثلث کے زاویوں کے ناصف کا نقطہ تقاطع متراکز ہوتا ہے اور اس نقطہ کو دائرے کا اندرونی مرکز کہتے ہیں جس کو I سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ یہ اضلاع سے مساوی فاصلے پر واقع ہوگا۔ اگر مرکز I لے کر ایک دائرہ بنایا گیا ہو تو وہ مثلث کے اضلاع کو مس کرے گا اور یہ دائرے کو اندرونی دائرہ کہتے ہیں۔ اس کا نصف قطر اندرونی نصف قطر کہلاتا ہے یہ اندرونی مرکز کو r سے ظاہر کیا جاتا ہے اور یہ اندرونی مرکز مثلث میں ہمیشہ اندرونی جانب ہوتا ہے۔ اگر I اندرونی مرکز ہے

ΔABC تب

$$\angle BIC = 90 + A/2$$

$$\angle AIC = 90 + B/2$$

$$\angle AIB = 90 + C/2$$

دو زاویوں کے بیرونی ناصف اور اندرونی ناصف تیسرے زاویہ مثلث میں متراکز ہیں اور اس نقطہ تقاطع کو بیرونی مرکز (Excentre) کہتے ہیں۔ تین بیرونی مرکز ہوتے ہیں۔ $A_1B_1C_1$ راسوں کے مقابل کا مرکز I_1, I_2, I_3 سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اگر ایک دائرہ بنایا جائے بیرونی مرکز کو مرکز مان کر اس کا فاصلہ کسی ضلع سے نصف قطر ہوگا اور یہ دائرہ مثلث کے تینوں ضلعوں کو مس کرتا ہے اور بیرونی جانب ہوگا۔

یہ دائرے کے بیرونی دائرے ہوں گے۔ ہر مثلث کے تین بیرونی مرکز ہوں گے۔

اور بیرونی نصف قطر کو r_1, r_2, r_3 سے ظاہر کیا گیا ہے۔

عمودی مرکز (Orthocentre) ΔABC میں محیطی مرکز $\Delta I_1I_2I_3$

$$\angle BI_1C = 90 - A/2$$

$$\angle CI_2A = 90 - B/2$$

$$\angle AI_3B = 90 - C/2$$

مثلث کے عمودی ناصف متراکز ہوتے ہیں اور اس نقطہ تقاطع کو محیطی مرکز کہتے ہیں۔

اگر O محیطی مرکز ہے ΔABC کا تب

$$\angle BOC = 180 - A$$

$$\angle AOC = 180 - B$$

$$\angle AOB = 180 - C$$

مرکز کے اضلاع کے عمودی ناصف (medians) متراکز ہوتے ہیں اور یہ نقطہ تراکز کو مرکز وسطانی (entriod(3) کہتے ہیں۔ اور مرکز وسطانی درمیانے کو تین حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔

G ایک مرکز وسطانی ہے ΔABC میں

$\overline{AD}, \overline{BE}, \overline{CF}$ اور درمیانہ تب

$$AG : GB = BG : GE = CG$$

$$GF = 2:1$$

$$AG = \frac{2}{3} AD$$

$$GD = \frac{1}{3} AD$$

$$\Delta GAB = \Delta GBC = \Delta GAC = \frac{1}{3}\Delta ABC$$

عمودی مرکز O مرکز وسطانی G اور محیطی مرکز S کوئی مثلث کے ہم خط ہوں گے۔ اور یہ خط مستقیم نقاط O، G اور S سے گذرتی ہے۔

Eulen خط $\overline{OS}$ نقطہ G پر تین حصوں میں تقسیم کرتا ہے $OG : GS = 2:1$

مثلث مساوی الساقین کا محیطی مرکز S اندرونی مرکز I عمودی مرکز O اور مرکز وسطانی G ہم خط ہیں۔ مثلث مساوی الاضلاع میں G, O, I, S منطبق ہوتے ہیں۔

19. مثلث ABC کا محیطی مرکز S ہے D، E اور F ترتیب وار $\overline{AB}$ ، $\overline{BC}$ اور $\overline{CA}$ کے مرکز وسطانی ہیں۔ تب S مثلث DEF کا عمودی مرکز ہے۔

Circles - دائرے

- دائرے کے وتر پر مرکز سے گرایا گیا عمود وتر کے دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔
- خط کو دائرے سے مرکز سے وتر کے نقطہ وسطی پر ملتا ہے تو وہ وتر پر عمود وار ہوتا ہے۔
- وتر جو متوازی ہیں کسی دائرے کے عمودی ناصف دائرے کے مرکز پر ملتے ہیں۔
- تین مختلف نقاط جو دائرے پر واقع نہیں ہے صرف اور صرف ایک ہی دائرہ بنایا جا سکتا ہے۔
- اگر دائرے کے وتر مساوی ہوں تو وہ مرکز سے مساوی فاصلہ پر واقع ہوں گے۔

- دائرے کا وتر مساوی فاصلے پر ہوں گے وتر کے وہ مساوی وتر ہوں گے۔
- دائرے جو مساوی نصف قطر والے ہوتے ہیں متراکز (ongruent(3) ہوتے ہیں۔
- دائرے میں (متراکز دائروں میں) مساوی قوس مساوی وتر بناتے ہیں۔
- کسی دائرے کے قوس میں مرکز پر بننے والا زاویہ دائرے کے کسی بقیہ کسی بھی نقطہ پر بننے والے زاویوں کا دگنا ہوتا ہے۔
- ایک قطع میں زاویئے مساوی ہوں گے۔
- اگر A اور B مساوی زاویئے بناتے ہیں نقاط P اور Q جو کہ دائرے پر واقع ہیں اور اسی سمت $\overline{AB}$ کے تب A,B,P,Q ہم دائرے (Concyclic) ہوں گے۔
- ایک مسلسل چار ضلعی (Cylic quadilateral) میں مقابل کے زاویئے تکمیلی (supplementary) ہوں گے۔
- اگر چار ضلعی کے مقابل کے زاویہ تکمیلی ہوں تو تب وہ چار ضلعی مسلسل چار ضلعی (Cyclic quadrilateral) ہوگا۔
- ایک مسلسل چار ضلعی کا ایک ضلع کو آگے بڑھایا گیا بیرونی والا زاویہ مساوی ہوں گا اندرونی زاویہ مخالف طور پر برابر ہوگا۔
- اگر بیرونی زاویہ جو چار ضلعی کے ایک ضلعے کو آگے بڑھانے سے بنتا ہو تو وہ مقابل طور پر اندرونی زاویہ کے برابر ہو تو اس کو ایک مسلسل چار ضلعی کہتے ہیں۔
- مساوی وتر (مساوی قوس) مرکز پر مساوی زاویہ بناتے ہیں (یا محیطی مرکز پر)
- بڑی قوس سے زاویہ جو بنتا ہے وہ حاد ہے زاویہ ہوگا۔ اور اسی کے برعکس چھوٹی قوس سے بننے والے زاویہ مفرجہ ہوگا۔
- چھوٹے قطاع (segment) منفرجہ زاویہ اور بڑا قطاع حادہ اور نصف دائرے میں زاویہ قائمہ ہوتا ہے۔
- اگر دو دائرے قطع کرتے ہیں ان دونوں کے مرکز کو ملانے والا خط مشترکہ وتر کا عمودی ناصف ہوگا۔
- وتر کے عمودی ناصف قوس کو قطع کرے گا۔
- ایک مسلسل متوازی الاضلاع (Cyclic parallelogram) ایک مستطیل ہے ایک مسلسل معین ایک مربع ہوگا۔
- تمام منتظم کثیر ضلعی مسلسل ہوتی ہے۔
- ایک مساوی الساقین منحرف مسلسل ہوتا ہے اگر ایک منحرف مسلسل ہو تب اس کے غیر متوازی خطوط مساوی ہوں گے۔
- مثلث کے اضلاع کے عمودی ناصف کے قدم کی نقطہ سے محیطی دائرے ایک ہی خط پر واقع ہوں گے اور یہ خط کو Simon's یا Pedel خط کہتے ہیں۔

-1 ABCD ایک چار ضلعی ہے۔ P، Q، R، S ترتیب وار $\overline{AB}$ ، $\overline{BC}$ ، $\overline{CD}$ اور $\overline{DA}$ کے نقاط وسطی ہیں۔
اگر سم $AC = 6$ اور سم $BD = 6$ ہو تو PQ : SR =

1:1 (1) 2:1 (2) 1:2 (3) 1: 3 (4)

-2 P دائرے کا مرکز ہے اور $\overline{AB}$ ایک وتر ہے اگر $\angle PAB = 30^0$ درجہ ہو تو $\angle APB =$ _____

60^0 (1) 90^0 (2) 120^0 (3) 150^0 (4)

-3 ایک مستوی کے تین ہم خط نقاط سے کھینچے جانے والے دائروں کی تعداد ہے۔

0 (1) 1 (2) 2 (3) 3 (4)

4- قوس اکبر اس کے متبادل قطعہ دائرہ میں _____ زاویہ بناتا ہے۔

(1) 90^0 (2) 120^0 (3) 150^0 (4) 30^0

5- ایک قوس اپنے متبادل قطعہ دائرہ میں 110^0 زاویہ بناتا ہے

(1) قوس اصغر (2) قوس اکبر (3) نصف دائرہ (4) ان میں کوئی نہیں

6- ذیل میں کون سا دائری چار ضلعی نہیں ہے۔

(1) مربع (2) مستطیل (3) معین ((4) مساوی الساقین مثلثات

7- ABCD ایک چار ضلعی ہے۔ اگر $\angle A - \angle C = 20^0$ ہو تو $\angle C =$ _____

(1) 80^0 (2) 40^0 (3) 120^0 (4) 70^0

8- نصف دائرے میں بننے والے زاویوں کا مجموعہ

(1) زاویہ حادہ (2) زاویہ خطی (3) زاویہ قائمہ (4) زاویہ منفرجہ

9- ABCD ایک متوازی الاضلاع ہے جس میں $\angle A = (x + 20)$ اور $\angle C = (3x - 10)$ ہے تب $x =$ (1)

(1) 60^0 (2) 30^0 (3) 15^0 (4) 40^0

10- مثلث ABC میں D اور E ترتیب وار $\overline{AB}$ اور $\overline{AC}$ کے وسطی نقاط ہیں۔ اگر 6 سم =DE ہو تو BC=

(1) 8 سم (2) 2 سم (3) 12 سم (4) 16 سم

11- نقطہ کا طریق جو ثابت نقطہ سے مستقل فاصلہ پر اسی مستوی میں..... ہے۔

(1) ایک خط (2) ایک دائرہ (3) دو متوازی خطوط (4) دو قاطع خطوط

12- فضاء میں ایک ثابت نقطہ سے مساوی فاصلے پر ایک نقطہ کا طریق..... ہے۔

(1) ایک دائرہ (2) ایک خط (3) ایک کرہ (4) دو خطوط

13- منحرف ABCD میں $AB \; II \; CD$، PQ ترتیب وار وسطی نقاط ہیں۔ BC، AD کے ان کا درمیانی فاصلہ 8 سم =AB

6 سم =PQ ہو تو CD=

(1) 14 سم (2) 7 سم (3) 4 سم (4) 2 سم

14- دو متوازی الاضلاع ایک ہی قاعدہ اور اسی متوازی خطوط کے درمیان واقع ہیں ان کے رقبوں کی نسبت ہوگی

(1) $3:1$ (2) $1:1$ (3) $1:2$ (4) $2:1$

15- دو مربعوں کے رقبہ کی نسبت 4:9 ہے انکے طول کی نسبت اسی ترتیب میں ہوگی۔

(1) $4:9$ (2) $9:4$ (3) $2:3$ (4) $3:2$

16- دو مشابہہ مثلثات کے احاطے ترتیب وار 30 سم اور 20 سم ہیں۔ اگر پہلے مثلث کا ایک ضلع 12 سم ہو تو دوسرے مثلث کا متناظر ضلع کیا ہوگا۔

(1) 8 سم (2) 6 سم (3) 5 سم (4) 7 سم

-17 مثلث ABC کے اضلاع AB اور AC پر ترتیب وار P اور Q نقاط ہیں۔ اگر سمر AP = 2 ' سمر AQ =3, PB=4 اور QC=6 سمر ہو تو

(1) BC = 3PQ (2) PQ = 3BC (3) BC = PQ (4) 2BC = 3PQ

-18 قوس اکبر مرکز پر زاویہ _____ بناتا ہے۔

(1) $> 180^0$ (2) $< 180^0$ (3) 180^0 (4) 90^0

-19 قطعہ اکبر میں زاویہ _____ ہے۔

(1) منفرجہ (2) حادہ (3) قائمہ (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-20 اگر $\overline{AB}$ ' $\overline{CD}$ ' $\overline{EF}$ اور $\overline{GH}$ ایک دائرے کے وتر ہوں اور اگر سمر AB = 3.5 ' سمر CD = 4 ' سمر EF = 3 اور GH = 5 سمر ہو تو تب دائرے کے مرکز کا قریب ترین وتر ہوگا۔

(1) AB (2) CD (3) EF (4) GH

-21 اگر مخرف ایک دائری چار ضلعی ہو تب

(1) اس کے متوازی ضلع مساوی ہوتے ہیں (2) اس کے غیر متوازی ضلع مساوی ہوتے ہیں

(3) اس کے وتر غیر مساوی ہوتے ہیں (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-22 ایک r نصف قطر والے دائر پر نقطہ P جو مرکز سے d فاصلہ پر واقع ہے کھینچے گئے مماس کا طول ہے۔

(1) $\sqrt{d^2 - r^2}$ (2) $\sqrt{d^2 + r^2}$ (3) $\sqrt{dr}$ (4) $\sqrt{d + r}$

-23 دو دائروی جن کے نصف قطر R اور r ہیں ایک دوسرے کو داخلاً مس کرتے ہیں اگر ان کے مرکزوں کے درمیان کا فاصلہ d سمر ہو تب

(1) $d < R - r$ (2) $d = R + r$ (3) $d > R - r$ (4) $d = R - r$

-24 اگر دو دائرے داخلاً مس کرتے ہوں تو تب ان کے مشترک مماس کی تعداد ہوگی۔

(1) 2 (2) 1 (3) 4 (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-25 ایک دائرے کے مماس اور نقطہ تماس پر کھینچے گئے نصف قطر کے درمیان کا زاویہ ہے۔

(1) 60^0 (2) 30^0 (3) 45^0 (4) 90^0

-26 اگر دو دائرے جن کے نصف قطر 3 سمر اور 5 سمر ہیں داخلاً مس کرتے ہیں تب ان کے مرکزوں کے درمیان کا فاصلہ ہوگا۔

(1) 2 سمر (2) 8 سمر (3) 34 سمر (4) 16 سمر

-27 دو دائروں کے مرکزوں کا درمیانی فاصلہ d ہے اگر ان کے نصف r_1 اور r_2 ہوں تو تب ان کے عرضی مشترک مماس کا طول ہے۔

(1) $d^2 - (r_1 - r_2)^2$ (2) $\sqrt{\{d^2 - (r_1 + r_2)^2\}}$

(3) $\sqrt{\{d^2 - (r_1{}^2 - r_2{}^2)^2\}}$ (4) $\sqrt{\{d^2 - r_1 - r_2 - r_2{}^2 + 2r_1 r^2)\}}$

-28 3 سمر نصف قطر والا ایک دائرہ ہے نقطہ p سے جو دائرے کے مرکز سے 5 سمر کے فاصلہ پر ہے دائرے پر ایک مماس کھینچا گیا ہے۔ اس مماس کا طول ہے۔

(1) 3 سمر (2) 4 سمر (3) 5 سمر (4) 8 سمر

-29 دودائروں کے مرکزوں کا درمیانی فاصلہ d ہے اس کے نصف قطر r_1 اور r_2 ہیں اس کے مشترک مماس کا طول ہوگا۔

(1) $d^2 + (r_1 - r_2)$ (2) $d^2 - (r_1 - r_2)^2$

(3) $\sqrt{\{d^2 - (r_1 - r_2)^2\}}$ (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-30 ایک منحرف کے متوازی ضلعے 6 سم 8 سم ہیں اوران کا درمیانی فاصلہ 4 سم تب اس کا رقبہ ہوگا۔

(1) 56 (2) 112 (3) 28 (4) 40

-31 چار ضلعی کا ایک وتر 6 سم ہے۔اس پر مقابل کے راسوں سے گرائے گئے عمودوں کے طول 2.6 سم اور 1.4 سم ہیں تب اس کا رقبہ ہوگا۔

(1) 24 (2) 12 (3) 48 (4) 96

-32 ایک مثلث ABC کا رقبہ 18 مربع سم ہے۔اس کے ضلعوں کے وسطی نقاط D,E,F ہیں تب مثلث DEF کا رقبہ ہوگا۔

(1) 9 (2) 4.5 (3) 36 (4) $3\sqrt{2}$

-33 دو مثلثوں کے قاعدوں میں a:b کی نسبت ہے اوران کے متناظر ارتفاعوں میں c:d کی نسبت ہے تب ان کے رقبوں میں نسبت ہوگی۔

(1) $ac : bd$ (2) $ad : bc$ (3) $ab : cd$ (4) $a^2c^2 : b^2d^2$

-34 مثلث ABC میں D,E ترتیب اور ضلعوں AB اور AC کے وسطی نقاط ہیں تب _____ = DE:BC

(1) 2:1 (2) 1:2 (3) 1:1 (4) 4:1

-35 مثلث ABC میں P اور Q ترتیب وار ضلعوں AB اور AC کے وسطی نقاط ہیں $\Delta APQ : \Delta ABC$

(1) 1:2 (2) 2:1 (3) 1:4 (4) 4:1

-36 ایک مربع کا ضلع 10 سم ہے تب اس کا وتر ہوگا۔

(1) 20 سم (2) $10\sqrt{2}$ سم (3) $\frac{10}{\sqrt{2}}$ سم (4) $10\sqrt{3}$

-37 مثلث ABC میں زاویے $\angle A$ کا ناصف AD ہے جو BC سے نقطہ D پر ملتا ہے تب BD کا طول ہے۔

(1) $\frac{ab}{a+b}$ (2) $\frac{ac}{a+b}$ (3) $\frac{bc}{b+c}$ (4) $\frac{ac}{a+b}$

-38 مثلث ABC میں $\angle B = 90$ اور BD ارتفاع ہے تب _____ = BD^2

(1) AD.AC (2) CD.AC (3) AD.DC (4) AC

-39 مثلث ABC میں $\angle B = 90$ اور BD ارتفاع ہے تب _____ = AB^2

(1) AD.AC (2) CD.AC (3) AD.DC (4) AC

-40 x اور y کا درمیانہ تناسب ہوگا۔

(1) $\frac{x+y}{2}$ (2) xy (3) $\frac{2xy}{x+y}$ (4) $\sqrt{xy}$

-41 دو مشابہ مثلثات کے متناظر ضلعوں میں a:b کی نسبت ہے تب ان کے رقبوں میں نسبت ہے۔

$b^2 : a^2$ (4) $a^2 : b^2$ (3) a:b (2) b:a (1)

-42 مثلث ABC کے وسطی نقاط P,Q,R ہیں تب..... $\Delta PQR : \Delta ABC =$

1:4 (4) 4:1 (3) 2:1 (2) 1:2 (1)

-43 مثلث ABC میں زاویہ $\angle A$ منفرجہ ہے تب

(4) $a^2 < b^2 + c^2$ (3) $a^2 > b^2 + c^2$ (2) $a^2 = b^2 + c^2$ (1)

$a > b + c$

-44 ذیل میں کونسے قائم الزاویہ کے ضلع نہیں ہے۔

8,12,15 (4) 7,24,25 (3) 5,12,13 (2) 3,4,5 (1)

-45 مساوی الاضلاع مثلث کا رقبہ جس کا ضلع a ہے۔

$\frac{a^2}{4}$ (4) $\frac{\sqrt{3}}{4}a^2$ (3) $\frac{\sqrt{3}}{2}a^2$ (2) $\frac{\sqrt{3}}{2}$ a (1)

KEY

1-1	2-1	3-4	4-3	5-1	6-3	7-4	8-2	9-2	10-3
11-2	12-2	13-2	14-3	15-3	16-1	17-1	18-1	19-4	20-4
21-2	22-1	23-4	24-1	25-4	26-1	27-2	28-2	29-3	30-3
31-2	32-2	33-1	34-2	35-3	36-2	37-2	38-3	39-1	40-4
41-3	42-4	43-2	44-4	45-1					

تحلیلی جیومٹری (Co-ordinate Geometry)

اہم نکات:

1. تحلیلی جیومٹری کا نظریہ پیش کرنے والا ریاضی دان رینی ڈی کارٹے تھا۔
2. کسی مستوی میں افقی خط (Horizental line) X۔محور اور انتصابی خط (Vertical line) Y۔محور کہلاتا ہے۔
3. X۔محور اور Y۔محور کا نقطۂ تقاطع مبداء (Origin) کہلاتا ہے۔
4. مبداء کی قدر (0,0) ہوتی ہے۔
5. کسی مستوی میں افقی خط اور انتصابی خط کھینچے جائیں تو یہ مستوی کو چار مساوی حصے میں تقسیم کرتے ہیں اور یہ سب چار مساوی حصے Q_1، Q_2، Q_3 اور Q_4 کہلاتے ہیں۔
6. Q_1 یا ربع اول میں X۔مختص اور Y۔مختص دونوں مختصات مثبت ہوتے ہیں۔یعنی کہ (+,+) اسی طرح Q_2 یا ربع دوّم میں X۔مختص منفی اور Y۔مختص مثبت ہوتے ہیں۔ یعنی کہ (−,+)
7. Q_3 یا ربع سوم میں دونوں مختصات منفی ہوتے ہیں یعنی کہ (−,−)

8. Q_4 یا ربع چہارم میں X۔مختص مثبت اور Y۔مختص منفی ہوتا ہے یعنی کہ (+,-)

9. نقاط (1,0) ' (2,0)' (-1,0) ' (-2,0) یا (k,0) X۔محور پر پائے جاتے ہیں۔

10. نقاط (0,1) (0,2) (0,-1) (0,-2) یا (0,k) Y۔محور پر پائے جاتے ہیں۔

11. X۔مختص کا دوسرا نام معین اور Y۔مختص کا دوسرا نام فصلہ ہے۔

12. x۔محور کی مساوات $y = 0$ ہے۔

13. y۔محور کی مساوات $x = 0$ ہے۔

14. خطوط $x = 1$ ' $x = 2$ یا $x = k$ y۔محور کے متوازی ہوتے ہیں۔

15. خطوط $y = 1$ ' $y = 2$ یا $y = k$ x۔محور کے متوازی ہوتے ہیں۔

16. خط مستقیم کا ڈھال (Slope of straight line): ایک دیئے ہوئے خط پر کے کوئی دو نقاط کے لئے y-مختصات اور x-مختصات کے فرق میں جو مستقل نسبت ہوتی ہے خط مستقیم کا ڈھال کہلاتی ہے۔

17. اگر کسی خط پر (x_1, y_1) اور (x_2, y_2) دو نقاط ہوں تو $m = \frac{y_2 - y_1}{x_2 - x_1}$

18. $y = mx$ ایک خط ہے جس کا ڈھال m ہے اور جو مبداء سے گذرتا ہے۔

19. x۔محور کا ڈھال صفر ہوتا ہے۔

20. y۔محور کے ڈھال کی تعریف نہیں کی جاسکتی۔

21. اگر کسی دو خطوط کے ڈھال مساوی ہوں تو یہ خط متوازی ہوتے ہیں۔

22. اگر کوئی دو خطوط ایک دوسرے پر عمود وار ہوں تو ان کے ڈھالوں کا حاصل ضرب 1- ہوتا ہے۔

23. دو نقاط $A(x_1, y_1)$ اور $B(x_2, y_2)$ کا درمیانی فاصلہ $\sqrt{(x_2 - x_1)^2 + (y_2 - y_1)^2}$ ہوتا ہے۔

24. اگر $A(x_1, y_1)$ اور $B(x_2, y_2)$ کوئی دو نقاط ہوں تب خطی قطعہ AB کا وسطی نقطہ $\left(\frac{x_1 + x_2}{2}, \frac{y_1 + y_2}{2}\right)$ ہوتا ہے۔

25. ایک ہی خط پر واقع ہونے والے نقاط ''ہم خط نقاط'' (Collinear Points) کہلاتے ہیں۔

26. مبداء سے نقطۂ $P(x, y)$ کا درمیانی فاصلہ $\sqrt{x^2 + y^2}$ ہوتا ہے۔

27. دو مختصات (x_1, y_1) اور (x_2, y_2) کا درمیانی فاصلہ جو Y۔محور کے متوازی خط پر واقع ہیں $|y_2 - y_1|$ ہوتا ہے۔

28. دو مختصات (x_1, y_1) اور (x_2, y_2) کا درمیانی فاصلہ جو x۔محور کے متوازی خط پر واقع ہیں $|x_2 - x_1|$ ہوتا ہے۔

29. وہ مختص جو ہر وسطانیہ کو 2:1 کی نسبت میں تقسیم کرتا ہے مثلث کا مرکز وسطانیہ کہلاتا ہے۔

30. مثلث کا مرکز وسطانیہ وہ نقطہ ہے جہاں پر مثلث کے تینوں وسطانیہ قطع ہوتے ہیں۔اس طرح مختصات کا مرکز وسطانیہ کے راس $\left(\frac{x_1 + x_2 + x_3}{3}, \frac{y_1 + y_2 + y_3}{3}\right)$ ہیں۔

31. اگر $A(x_1, y_1)$ ، $B(x_2, y_2)$ اور $C(x_3, y_3)$ ایک مثلث کے تین راس ہوں تو مثلث کا رقبہ

$$\Delta = \frac{1}{2}\left|x_1(y_2 - y_3) + x_2(y_3 - y_1) + x_3(y_1 - y_2)\right|$$

32. ہیرون کے ضابطے سے مثلث کا رقبہ معلوم کرنے کا ضابطہ:

$$A = \sqrt{S(S-a)S-b)(S-c)}$$

جہاں $S = \frac{a+b+c}{2}$ جہاں a ، b ، c مثلث کے تین اضلاع ہیں۔

33. مختصات (x_1, y_1) اور (x_2, y_2) سے بننے والے خط کا ڈھال معلوم کرنے کا ضابطہ

$$m = \frac{y_2 - y_1}{x_2 - x_1}$$

34. ڈھال۔مقطوعہ شکل: $y = mx + c$ جہاں ڈھال $= m$ ، y۔مقطوعہ $= c$

35. ڈھال۔نقطہ شکل: $y - y_1 = m(x - x_1)$ جہاں m ڈھال اور (x_1, y_1) ایک نقطہ ہے۔

36. دو مقطوعہ شکل: $\frac{x}{a} + \frac{y}{b} = 1$ جہاں a اور b بالترتیب x۔مقطوعہ اور y۔مقطوعہ کہلاتا ہے۔

37. دو نقاط شکل: $y - y_1 = \frac{y_2 - y_1}{x_2 - x_1}(x - x_1)$ جہاں (x_1, y_1) اور (x_2, y_2) دو نقاط ہیں۔

38. اگر نقاط (x_1, y_1) اور (x_2, y_2) کو ملانے والا خط، نقطہ R سے داخلاً $m : n$ کی نسبت میں، تقسیم کیا جاتا ہو تو $(m + n \neq 0)$

x۔مقطوعہ کا $R = \frac{mx_2 + mx_1}{m+n}$

y۔مقطوعہ کا $R = \frac{my_2 + my_1}{m+n}$

39. (x_1, y_1) اور (x_2, y_2) کو ملانے والا خط، نقطہ R سے داخلاً $m : n$ کی نسبت میں، تقسیم کیا جاتا ہو تو $(m \neq n)$

x۔مختص کا $R = \frac{mx_2 - nx_1}{my_2 - ny_1}$

y۔مختص کا $R = \frac{my_2 - ny_1}{m - n}$

40. خط کا نقطۂ تثلیث (Trisectional Points of a line): نقطۂ تثلیث دراصل وہ نقطہ ہے جو خط کو مساوی تین حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔اس کے لئے نسبت 1 :2 اور 2:1 لی جاتی ہے۔

مثلثات (Triangles)

اہم نکات:

1. تین خطی قطعوں سے گھیری ہوئی سادہ بند شکل مثلث کہلاتی ہے اور تین خطی قطعے اس کے ضلعے کہلاتے ہیں۔
2. مثلث میں تین راس، تین زاویے اور تین ضلعے ہوتے ہیں۔
3. وہ نقاط جو مثلث کے اندر پائے جاتے ہیں۔ مثلث کا اندرون اور وہ نقاط جو مثلث کے باہر ہوتے ہیں مثلث کا بیرون کہلاتے ہیں۔
4. مثلث کے اضلاع کے طولوں کا حاصل جمع اس کا احاطہ کہلاتا ہے۔
5. **مثلثات کی درجہ بندی (Types of the triangle)**: مثلثات کی درجہ بندی ان کے اضلاع اور زاویوں کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔
6. بلحاظ اضلاع مثلثات کے اقسام: ضلعوں کے لحاظ سے مثلث کی تین قسمیں ہیں۔
7. **مثلث مساوی الاضلاع (Equilateral triangle)**: ایسا مثلث جس کے تینوں اضلاع کے طول مساوی ہوں۔ مثلث مساوی الاضلاع کہلاتا ہے۔
8. **مثلث مساوی الساقین (Isoceles triangle)**: ایسا مثلث جس کے کوئی دو ضلع مساوی ہوں۔ مثلث مساوی الساقین کہلاتا ہے۔
9. **مثلث مختلف الاضلاع (Scalene triangle)**: ایسا مثلث جس کے تینوں ضلع مختلف ہوں۔ مثلث مختلف الاضلاع کہلاتا ہے۔
10. **بلحاظ مثلث زاویے مثلث کے اقسام**: زاویوں کے لحاظ سے مثلث کی تین قسمیں ہیں۔
11. **حادہ زاوی مثلث (Acute angle triangle)**: ایسا مثلث جس میں تمام زاویے حادہ ہوتے ہیں۔ حادہ زاوی مثلث کہلاتا ہے۔
12. **قائمہ الزاویہ مثلث (Right angle triangle)**: ایسا مثلث جس میں کوئی ایک زاویہ قائمہ ہوتا ہے قائمہ الزاویہ مثلث کہلاتا ہے۔
13. **منفرجہ زاویہ مثلث (Obtuse angle triangle)**: ایسا مثلث جس میں کوئی ایک زاویہ منفرجہ ہوتا ہے منفرجہ زاوی مثلث کہلاتا ہے۔
14. کسی مثلث کے کوئی دو ضلعوں کا مجموعہ تیسرے سے بڑا ہوتا ہے۔
15. کسی مثلث کے کوئی دو ضلعوں کا فرق تیسرے سے کم ہوتا ہے۔
16. **مثلث کا مرکز وسطانی یا مرکز ثقل (Centroid of the triangle)**: مثلث کے وسطانیوں کے نقطۂ تراکز کو مرکز وسطانی یا مرکز ثقل کہا جاتا ہے۔
17. عمودی مرکز (Orthocentre): مثلث کے ارتفاعوں کا نقطۂ تراکز اس کا عمودی مرکز کہلاتا ہے۔

18. مثلث کے تینوں زاویوں کا مجموعہ 180^0 ہوتا ہے۔

19. مثلث کا خارجی زاویہ اس کے مقابل کے دو داخلی زاویوں کے مجموعہ کے مساوی ہوتا ہے۔

20. اگر کسی مثلث کے زاویے 1:2:3 کی نسبت میں ہو تو اس کے متناظر اضلاع $2 : \sqrt{3} : 1$ کی نسبت میں ہوتے ہیں۔

21. اگر کسی مثلث کے زاویوں 1:1:1 کی نسبت ہو تو اس کے متناظر اضلاع میں بھی وہی نسبت ہوتی ہے۔

22. اگر کسی مثلث کے زاویوں میں 1:1:2 کی نسبت میں ہو تو اس کے متناظر اضلاع $\sqrt{2} : 1 : 1$ کی نسبت میں ہوتے ہیں۔

23. ایک مثلث کے بنانے کے لئے 3 غیر منحصر حصوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

مشابہہ مثلثات (Similar Triangles)

اہم نکات:

1. **مشابہہ اشکال:** ایسی اشکال جن کی وضع یکساں ہوتی ہے مشابہہ اشکال کہلاتے ہیں۔

2. شکل ''مربع'' مشابہہ اشکال کی واضح مثال ہے۔

3. ''مثلث مساوی الاضلاع'' بھی مشابہہ اشکال کی مثال ہے۔

4. تمام مثلث مساوی الساقین غیر مشابہہ اشکال ہیں۔

5. معین اور مربع ایک دوسرے کے غیر مشابہہ اشکال ہیں۔

6. **منتظم کثیر ضلعی:** ایک کثیر ضلعی جس میں تمام ضلعے اور تمام زاویے مساوی ہوں منتظم کثیر ضلعی کہلاتی ہے۔

7. اگر دو کثیر ضلعی اشکال کے اضلاع کی تعداد یکساں ہو تو (i) اس کے تمام متناظر زاویے مساوی ہوتے ہیں اور (ii) تمام متناظر ضلعے ایک ہی نسبت میں پائے جاتے ہیں۔

مشابہہ رشتوں کی خصوصیات:

(i) ہر متعلقہ شکل خود اپنی مشابہہ ہوتی ہے یعنی شکل A خود اپنی شکل A کے مشابہہ ہوتی ہے اس خصوصیت کو رشتہ کی رجوعی خاصیت کہتے ہیں۔

(ii) اگر شکل A شکل B کے مشابہہ ہو اور شکل B شکل A کے مشابہہ ہو یعنی $A \sim B$ تب $B \sim A$ تب اس خصوصیت کو رشتہ کی متشاکل خصوصیت کہا جائے گا۔

(iii) اگر شکل A شکل B کے مشابہہ ہو اور شکل B شکل C کے مشابہہ ہو تب شکل A، شکل C کے مشابہہ ہوگی یعنی اگر $A \sim B$، $B \sim C$ تب $A \sim C$ تب اس خصوصیت کو رشتہ کی متشاکل خصوصیت کہتے ہیں۔

8. **مثلثات کی مشابہت:** ایسے مثلثات جن کی وضع یکساں ہوتی ہے مشابہہ مثلثات کہلاتے ہیں۔ جیسے مساوی الاضلاع مثلثات

9. مثلثات اس وقت مشابہہ ہوتے ہیں جب کہ

(i) اس کے متناظر زاویے مساوی ہوتے ہیں۔

(ii) متناظر ضلعے ایک ہی نسبت میں پائے جاتے ہیں۔

10. اگر ایک مثلث کے تمام حصے دوسرے مثلث کے متناظر حصوں کے مساوی ہوں تب مثلثات مماثل ہوتے ہیں۔

11. دو مثلثات متماثل ہوتے ہیں اگر ایک مثلث کے ضلعے دوسرے مثلث کے ضلعوں کے مساوی اور ان کے متناظر زاویے بھی مساوی ہوں۔

12. متماثل مثلثات میں راسوں کے درمیان ایک تاریک تعلق پایا جاتا ہے۔

13. متماثل مثلثات میں متناظر حصے مساوی ہوتے ہیں جس کو ہم مختصراً CPCT کے تحت لکھتے ہیں۔

14. CPCT کا مطلب متماثل مثلثات میں متناظر حصے یا Corresponding Parts of Congruent triangles ہے۔

15. دو مثلثات کی مماثلت کو اس طرح ظاہر کرتے ہیں $\Delta ABC \cong \Delta EFG$

16. **SAS (ضلع زاویے ضلع) متماثلت کا اصول:** ایک مثلث کے دو ضلعے اور اس کے درمیان واقع ہونے والا زاویہ دوسرے مثلث کے متناظر دو ضلعوں اور ان کے درمیان واقع ہونے والے زاویے کے مساوی ہو تب یہ مثلثات متماثل ہوتے ہیں۔

17. **SAS (زاویہ ضلع زاویہ) متماثلت کا اصول:** ایک مثلث کے دو زاویے اور اس کے درمیان واقع ہونے والا ضلع دوسرے مثلث کے متناظر دو زاویوں اور ان کے درمیان واقع ہونے والے ضلع کے مساوی ہو تب یہ مثلثات متماثل ہوتے ہیں۔

18. **SAS (ضلع ضلع ضلع) متماثلت کا اصول:** اگر ایک مثلث کے تین ضلعوں کی پیمائش دوسرے مثلث کے تین ضلعوں کی پیمائش کے مساوی ہو تو یہ دو مثلثات متماثل ہوتے ہیں۔

19. **RHS (قائمہ الزاویہ وتر اور ضلع):** اگر ایک قائم الزاویہ مثلث میں وتر اور ایک ضلع دوسرے قائم الزاویہ مثلث کے متناظر وتر اور ایک ضلع کے مساوی ہوں تو یہ مثلثات متماثل ہوتے ہیں۔

20. اگر مثلث کے دو ضلعے غیر مساوی ہوں تو بڑے ضلع کے مقابل کا زاویہ بڑا ہوتا ہے۔

21. کسی بھی مثلث میں بڑے زاویے کے مقابل کا ضلع بڑا ہوتا ہے۔

22. **متناسبت کا بنیادی مسئلہ:** اگر ایک خط مثلث کے ایک ضلع کے متوازی ہو اور باقی دو اضلاع کو دو مختلف نقاط پر قطع کرے تو وہ ان کو ایک ہی نسبت میں تقسیم کرتا ہے۔

23. **متناسبت کے بنیادی مسئلہ کا برعکس:** اگر ایک خط مثلث کے کسی بھی دو ضلعوں کو یکساں نسبت میں تقسیم کرتا ہو تو یہ خط تیسرے ضلع کے متوازی ہوتا ہے۔

24. مشابہہ مثلثوں کے رقبوں کی نسبت ان کے متناسب اضلاع کے مربعوں کی نسبت کے مساوی ہوتی ہے۔

25. **فیثاغورث کا مسئلہ (بودھیان کا مسئلہ):** کسی مثلث قائمہ الزاویہ میں وتر کا مربع باقی دو اضلاع کے مربعوں کے مجموعے کے مساوی ہوتا ہے۔

26. **فیثاغورث کے مسئلے کا برعکس:** ایک مثلث میں کسی ضلع پر بننے والا مربع باقی دو اضلاع پر بننے والے مربعوں کے مساوی ہو تو پہلے ضلع کے مخالف بننے والا زاویہ قائمہ ہوگا اور مثلث ایک قائم الزاویہ مثلث ہوگا۔

27. اگر کسی مثلث قائمہ الزاویہ میں زاویہ قائمہ کی راس سے وتر پر عمود گرایا جائے تو وتر کے دونوں جانب بننے والے دو مثلثات

بڑے مثلث مشابہ ہوں گے اور آپس میں ایک دوسرے سے مشابہ ہوں گے۔

28. کسی مثلث قائم الزاویہ میں زاویہ قائمہ کی راس سے مخالف ضلع پر عمود کھینچا جائے تو اس طرح بننے والے دو مثلثات اصل مثلث سے مشابہ ہوں گے اور یہ اندرونی مثلثات آپس میں مشابہ ہوں گے۔

دائرے (Circles)

اہم نکات:

29. دائرہ سادہ منحنی شکل ہے جس کے محیط کا ہر نقطہ مرکز سے مساوی فاصلہ پر ہوتا ہے۔

30. **دائرے کا نصف قطر (Radious of the Circle)**: دائرے کے محیط پر پائے جانے والے نقاط سے مرکز کا فاصلہ دائرے کا نصف قطر کہلاتا ہے۔

31. **دائرے کا وتر ((Chord of the Circle)**: وتر وہ خط ہے جو دائرے کے کوئی دو نقاط کو ملاتا ہے۔

32. **دائرے کا قطر (Diameter of the Circle)**: دائرے کا وہ وتر جو دائرے کے مرکز سے گزرتا ہے دائرے کا قطر کہلاتا ہے۔

33. دائرے کا سب سے بڑا وتر دائرے کا قطر ہوتا ہے۔

34. دائرے کے تمام قطر کا طول مساوی ہوتا ہے۔



دائیرہ کا قطاع

35. ایک دائرے میں لاتعداد قطر کھینچے جا سکتے ہیں۔

36. ایک قطر میں دو نصف قطر ہوتے ہیں۔

37. تمام نصف قطروں کا طول مساوی ہوتا ہے۔

38. قطاع دائرہ (Sector of the Circle): دائرہ کا وہ حصہ جو دو نصف قطروں سے گھیرا ہوتا ہے۔ دائرہ کا قطاع کہلاتا ہے۔



39. خطہ دائرہ (Segment of the Circle): دائرہ کا وہ حصہ جو قوس اور ایک وتر پر مشتمل ہوتا ہے خطہ دائرہ کہلاتا ہے۔

40. قوس اصغر (Minor Arc): دائرے کا وہ حصہ جو دائرے کے نصف سے کم ہوتا ہے قوس اصغر کہلاتا ہے۔

41. قوس اکبر (Major Arc): دائرے کا وہ حصہ جو دائرے کے نصف سے زیادہ ہوتا ہے قوس اکبر کہلاتا ہے۔

42. نیم دائرہ (Semi Cirlce): دائرے کا وہ حصہ جو دائرے کے نصف کے مماثل ہوتا ہے نیم دائرہ کہلاتا ہے۔

43. دائرے کا ہر قطر دائرہ کو دو نیم دائروں میں تبدیل کرتا ہے۔

44. قوس اصغر کو خطہ اصغر (Small Segment) اور قوس اکبر کو خطہ اکبر (Big Segment) بھی کہا جاتا ہے۔

45. ہم مرکز دائرے (Concentric Circles) : ایسے دائرے جن کا مرکز ایک ہی ہوتا ہے اور نصف قطر مختلف ہوتے ہیں ہم مرکز دائرے کہلاتے ہیں۔

46. مماثل دائرے (Congruent Circles): ایک ہی نصف قطر رکھنے والے دو دائرے مماثل دائرے کہلاتے ہیں۔

47. دائرے کے مساوی وتروں سے مرکز پر بننے والے زاویئے مساوی ہوتے ہیں۔

48. کسی دائرہ میں مرکز سے وتر پر گرایا گیا عمود اس کی تنصیف کرتا ہے۔

49. دو نقاط سے کئی دائرے کھینچے جاسکتے ہیں۔

50. اگر تین نقاط ہم خط ہوں تو ان نقاط سے گذرنے والا ایک بھی دائرہ نہیں بنایا جاسکتا۔

51. غیر ہم خط تین نقاط سے صرف ایک دائرہ کھینچا جاسکتا ہے۔

52. ایک دائرہ میں مماثل وتر دائرہ کے مرکز سے مساوی فاصلہ پر ہوتا ہے۔

53. کسی دائرے میں مساوی طول والے قوسوں سے مرکز سے بننے والے زاویے مساوی ہوتے ہیں۔

54. کسی دائرے کے مرکز پر قوس سے بننے والا زاویہ دائرے کے باقی ماندہ قوس سے مرکز پر بننے والے زاویے کے دگنا ہوگا۔

55. دو نقاط کو ملانے والا خطی قطعہ اسی خط کی جانب دیگر دو نقاط پر مساوی زاویے بناتا ہے تب چاروں نقاط اسی دائرہ پر واقع ہوں گے۔

56. دائرے کے کوئی دو نقاط کے درمیانی منحنی فاصلے کو قوس کی لمبائی کہتے ہیں۔

57. دائرے کا مماس (Tangent of the Circle): دائرے پر موجود کسی ایک نقطہ سے گذرنے والا خط دائرے کا مماس کہلاتا ہے۔

58. **نقطہ تماس (Point of Contact)**: دائرے کا مماس جس نقطہ سے گذرتا ہے اس نقطہ کو نقطۂ تماس کہتے ہیں۔

59. **متقاطع خطوط (Secant lines)** :ایسا خط جو دائرہ پر موجود کسی دو نقاط سے گذرتا ہو متقاطع خط کہلاتا ہے۔

60. ایک دائرے پر زیادہ سے زیادہ دو متوازی مماس ہوسکتے ہیں۔

61. ایک دائرہ پر لامحدود مماس کھینچے جاسکتے ہیں۔

62. دائرے پر واقع کسی نقطہ پر کھینچا گیا مماس' نقطہ تماس سے گذرنے والے نصف قطر پر عمود وار ہوتا ہے۔

63. دائرے کے اندر موجود نقطہ سے کوئی مماس کھینچا نہیں جاسکتا۔

64. ایک دائرے کے بیرونی نقطہ سے کھینچے گئے دو مماس کے طول مساوی ہوتے ہیں۔

65. قطاع کا رقبہ = $\frac{x^0}{360} \times \pi r^2$ جہاں x زاویہ ہے۔

66. قطاع کی لمبائی = $\frac{x^0}{360} \times \pi r$

67. **خطہ دائرہ کا رقبہ:**



= خطہ دائرہ APB کا رقبہ

ΔAOB کا رقبہ - قطاع AOBP کا رقبہ

68. محیطی دائرہ (Circum Circle) : ایسا دائرہ جو مثلث کے تین راسوں سے گذرتا ہے مثلث کا محیطی دائرہ کہلاتا ہے۔

69. محیطی چار ضلعی: ایسا دائرہ جو کہ کسی چار ضلعی کے چاروں راسوں سے گذرتا ہے محیطی چار ضلعی کہلاتا ہے۔

چارضلعی (Quadrilaterals)

اہم نکات:

1) چار مقطوعہ خطوط سے حاصل ہونے والے بند شکل کو چارضلعی کہتے ہیں۔

2) چارضلعی اضلاع جو ایک راس پر ملتے ہیں متصلہ ضلعے کہتے ہیں اور جو متصل نہیں ہوتے مقابل کے ضلع کہلاتے ہیں۔

3) چارضلعی میں 4 راس، 4 ضلعے اور 4 زاویے ہوتے ہیں۔

4) چارضلعی کے چار زاویوں کا مجموعہ 360^o ہوتا ہے۔

5) چارضلعی کے اقسام:

6) مربع (Square)



☆ ایک مستطیل جس میں متصلہ ضلع مساوی ہوتے ہیں مربع کہلاتا ہے۔

(یا)

☆ ایک معین جس کے زاویوں میں ایک زاویہ قائمہ ہوتا ہے مربع کہلاتا ہے۔

(یا)

☆ ایسی چارضلعی جس کے چاروں ضلعے مساوی ہوتے ہیں مربع کہلاتے ہے۔



7) **مستطیل (Rectangle):** ایک متوازی الاضلاع جس میں ایک زاویہ قائمہ ہو مستطیل کہلاتا ہے۔

8) **متوازی الاضلاع (Parallelogram):**



ایک ایسی چارضلعی جس کے مقابل کے ضلعوں کی دونوں جوڑیاں متوازی ہوتی ہیں۔ متوازی الاضلاع کہلاتا ہے۔

9) متوازی الاضلاع کی خصوصیات

i) اس میں مقابل کے کوئی دو ضلعے مساوی ہوتے ہیں۔ ii) اس میں کوئی دو مقابل کے زاویے مساوی ہوتے ہیں۔

iii) اس میں وتر ایک دوسرے کی تنصیف کرتے ہیں۔ iv) اس میں ہر وتر اس کو دو متماثل مثلثات میں تقسیم کرتا ہے۔

v) متوازی الاضلاع می ں کوئی دو متصلہ زاویوں کا مجموعہ 180^o ہوتا ہے۔ یعنی یہ تکمیلی زاویے ہیں۔

10) **منحرف (Trapezium):** ایسی چارضلعی جس میں مقابل کے ضلعوں کا ایک جوڑ متوازی ہوتا ہے منحرف کہلاتا ہے۔



11) **معین (Rhombus):** متوازی الاضلاع جس میں دو متصلہ ضلعے مساوی ہوتے ہیں معین کہلاتے ہیں۔



12) معین میں وتر ایک دوسرے کو زاویہ قائمہ پر تنصیف کرتے ہیں۔

13) پتنگ نما (یا) مثلث نما چارضلعی (Kite or Deltoid): ایسی چارضلعی جس میں متصلہ ضلعوں

کی جوڑیوں کے طول مساوی پتنگ یا مثلث نما چار ضلعی کہلاتی ہے۔(یا)
ایسی چار ضلعی شکل جس میں ایک ہی مشترک قاعدے پر دو مساوی الساقین مثلثات مشترک قاعدے کے روبرو ہو۔



14) ایک چار ضلعی میں کوئی دو مقابل کے زاویے مساوی ہوتے ہیں۔

15) چار ضلعی بنانے کے لیے غیر منحصر یا غیر تابع پیماشات کی تعداد:

اشکال	غیر تابع یا غیر منحصر پیمایشات کی تعداد
چار ضلعی	5
متوازی الاضلاع	3
منحرف	4
معین	2
مستطیل	2
مربع	1

مشقی سوالات

1) ایک چار ضلعی میں دو زاویے 80^0 اور 120^0 ہیں اگر بقیہ دو زاویے مساوی ہیں تو ان میں کا ہر ایک زاویہ ہوگا۔

(1) 80^0 ، 80^0 (2) 100^0 ، 100^0 (3) 80^0 ، 100^0 (4) 70^0 ، 70^0

2) ایک چار ضلعی کے زاویے x ، $x-10^0$ ، $x+30^0$ اور 2k ہیں تب زاویے ہوں گے۔

(1) 68^0 ، 98^0 ، 58^0 ، 136^0 (2) 68^0 ، 50^0 ، 106^0 ، 136^0

(3) 70^0 ، 100^0 ، 110^0 ، 80^0 (4) 100^0 ، 100^0 ، 100^0 ، 60^0

3) ایک چار ضلعی جس کے مقابل کے ضلعوں کی دونوں جوڑیاں متوازی ہیں۔

(1) مربع (2) مستطیل (3) معین (4) متوازی الاضلاع

4) ایک چار ضلعی جس کے مقابل ضلعوں کی ایک جوڑی متوازی ہو کہلاتی ہے۔

(1) مربع (2) مستطیل (3) منحرف (4) معین

5) منحرف بنانے کے لئے غیر تابع پیمایشوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

(1) 1 (2) 2 (3) 3 (4) 4

6) ایک چار ضلعی جس کے زاویے ترتیب وار 140^0 ، 40^0 ، 140^0 ، 40^0 ہیں تو یہ چار ضلعی کہلاتی ہے۔

(1) منحرف (2) مربع (3) معین (4) متوازی الاضلاع

7) اگر $ABCD$ ایک متوازی الاضلاع ہے $\angle A - \angle C$ ہے؟

(1) 180^o (2) 0^o (3) 360^o (4) 90^o

8) ایک متوازی الاضلاع $ABCD$ میں 4 سم=AB اور 7 سم=BC اس کا ہر وتر ہے۔

(1) 5 سم (2) 6 سم (3) 7 سم (4) 11 سم

دائرہ (Circles)

اہم نکات:

1) دائرہ(Circle): ایک مستوی میں ایک نقطہ سے مساوی فاصلہ پر واقع تمام نقاط کے سٹ کو دائرہ کہتے ہیں۔
2) نصف قطر: دائرہ کے مرکز سے دائرہ پر واقع کسی بھی نقطہ کو ملانے والے خطی قطعہ کو نصف قطر کہتے ہیں۔
3) ایک دائرہ میں لامحدود نصف قطر کھینچے جا سکتے ہیں۔
4) وتر(Chord): دائرہ پر واقع کوئی دو نقاط کو ملانے والا خطی قطعہ دائرہ کا وتر کہلاتا ہے۔
5) ایک دائرے میں لامحدود وتر کھینچے جا سکتے ہیں۔
6) قطر(Diameter): ایک دائرے میں مرکز سے گزرنے والے وتر کو قطر کہتے ہیں۔
7) ایک دائرہ میں لامحدود قطر کھینچے جا سکتے ہیں۔
8) تمام وتروں میں قطر سب سے بڑا وتر ہوتا ہے۔
9) قوس(Arc): دائرے کا ایک حصہ دائرے کا قوس کہلاتا ہے۔
10) قوس اصغر (Minor Arc): دائرے کا وہ حصہ جو دائرے کے نصف سے کم ہوتا ہے قوس اصغر کہلاتا ہے۔
11) قوس اکبر(Major Arc): دائرے کا وہ حصہ جو دائرے کے نصف سے زیادہ ہوتا ہے قوس اکبر کہلاتا ہے۔
12) دائرے کے اطراف بننے والا طول دائرے کا محیط کہلاتا ہے۔
13) نیم دائرہ(Semi Cirlce): دائرے کا وہ حصہ جو دائرے کے نصف کے برابر ہوتا ہے نیم دائرہ کہلاتا ہے۔
14) قطاع دائرہ(Sector): دائرہ کا وہ حصہ جو دائرے کے قوس اور اس کے دو نصف قطروں سے گھیرا ہوتا ہے۔ قطاع دائرہ کہلاتا ہے۔
15) دائرے کا مرکز: دائرے کے اندر کے صرف ایک نقطے سے دائرے پر کے تمام نقاط کا فاصلہ مساوی ہوتا ہے یہ نقطہ دائرے کا مرکز کہلاتا ہے۔
16) ایک قطر میں 2 نصف قطر ہوتے ہیں۔
17) مماثل دائرے Congruent Circles: دو دائرے جن کے نصف قطر مساوی ہوتے ہیں مماثل ثائرے کہلاتے ہیں۔
18) دائرے کی لمبائی دائرے کا محیط کہلاتی ہے۔
19) Π (pie) ایک یونانی زبان کا لفظ ہے۔
20) Π کو آریہ بھٹ نے بتلایا تھا۔
21) Π کی دائروی قدر $\frac{22}{7}$ ہوتی ہے۔
22) $\Pi = \frac{\text{دائرے کا محیط}}{\text{دائرے کا قطر}}$

مشقی سوالات

9) کسی دائرے کے قطر اور نصف قطر کی نسبت ہے۔

1) 1:2 2) 2:1 3) 3:4 4) 4:3

10) دائرے کا سب سے بڑا وتر ہوتا ہے۔

1) قطر 2) نصف قطر 3) قوس 4) وتر

11) ایک دائرے میں وتروں کی تعداد ہوتی ہے۔

1) 1 2) 100 3) لامحدود 4) 2

12) Π ایک عدد ہے۔

1) ناطق 2) غیر ناطق 3) طبعی 4) مکمل

13) Π کی قدر ہوتی ہے۔

1) $\frac{7}{22}$ 2) $\frac{22}{7}$ 3) $\frac{11}{7}$ 4) $\frac{7}{11}$

14) قوس اصغر میں قوس دائرے کے نصف سے ہوتی ہے۔

1) کم 2) زیادہ 3) دوگنا 4) مساوی

15) قوس اکبر میں قوس دائرے کے نصف سے ہوتی ہے۔

1) کم 2) زیادہ 3) دوگنا 4) مساوی

16) ایک مستوی میں ایک نقطۂ سے مساوی فاصلہ پر واقع تمام نقاط کے سٹ کو کہتے ہیں۔

(1) ہم نقاط سٹ (2) دائرہ (3) قاطع خط (4) ان میں سے کوئی نہیں

17) ایک دائرے میں قطر اور نصف قطر کے درمیان نسبت ہوتی ہے۔

(1) 1:2 (2) 3:2 (3) 2:3 (4) 1:5

18) ایک دائرے میں قطر کھینچے جا سکتے ہیں۔

(1) 1 (2) 2 (3) 3 (4) کئی

19) ایک قطر میں نصف قطر ہوتے ہیں۔

(1) 1 (2) 2 (3) 3 (4) کئی

20) دی گئی شکل میں سایہ دار حصہ ظاہر کرتا ہے۔

(1) قوس اصغر (2) قوس اکبر (3) دائرے کے قطر (4) قطاع

21) دی گئی شکل میں سایہ دار حصہ ظاہر کرتا ہے۔



(1) قوس اصغر (2) قوس اکبر (3) دائرے کے وتر (4) قطاع

زاویئے (Angles)

اہم نکات:

1) زاویہ دو مختلف شعاعوں کا اجماع ہوتا ہے جس کا ایک ہی اختتامی نقطہ ہوتا ہے۔

2) وہ شعاع جو مستقل حالت میں ہوتی ہے آغازی شعاع Initiary اور گھومنے والی شعاع کو مختتم Terminatory کہتے ہیں۔



3) زاویوں کے اقسام: زاویوں کی 7 قسمیں ہیں جو ذیل میں دی جارہی ہیں۔

4) زاویہ حادہ (Acute Angle): ایسا زاویہ جو صفر درجے سے زائد اور 90^o سے کم ہوتا ہے۔

5) زاویہ قائمہ (Right Angle): ایسا زاویہ جو 90^o کا ہوتا ہے۔

6) زاویہ منفرجہ (Obtuse Angle): ایسا زاویہ جو 90^o سے زائد اور 180^o سے کم ہوتا ہے۔

7) زاویہ مستقیم: ایسا زاویہ جو 180^o کا ہوتا ہے مستقیم زاویہ یا Straight Angle کہلاتا ہے۔

8) زاویہ مکررہ (Reflex Angle): ایسا زاویہ جو 180^o سے زاپد اور 360^o سے کم ہوتا ہے۔

9) مکمل زاویہ (Complete Angle): ایسا زاویہ جو 360^o کا ہوتا ہے۔

10) صفر زاویہ (Zero Angle): ایسا زاویہ جو صفر درجے کا ہوتا ہے۔

11) تکمیلی زاویوں کی جوڑی (Pair of Complementary): دو زاویے تکمیلی کہلاتے ہیں اگر ان کی پیمائش کا حاصل جمع 90^o ہو۔

12) تمامی زاویوں کی جوڑی (Pair of Supplementary): دو زاویئے تمامی کہلاتے ہیں اگر ان کی پیمائش کا حاصل جمع 180^o ہو۔

مشقی سوالات

22) تمامی زاویوں کی جوڑیوں میں اگر ایک زاویہ 120^o کا ہو تو دوسرا زاویہ ہوگا۔

1) 80^o 2) 90^o 3) 60^o 4) 120^o

23) تکمیل زاویوں میں ایک زاویہ 50^o ہو تو دوسرا زاویہ ہوگا۔

1) 45^o 2) 35^o 3) 50^o 4) 40^o

24) 45^o زاویہ ہوتا ہے۔

1) حادّہ 2) قائمہ 3) مستقیم 4) منفرجہ

25) 101^o زاویہ ہوتا ہے۔

1) حادّہ 2) قائمہ 3) مستقیم 4) منفرجہ

26) دی گئی شکل کس زاویہ کو ظاہر کرتی ہے۔



1) مکررہ 2) صفر 3) مکمل 4) منفرجہ

27) دی گئی شکل کس زاویہ کو ظاہر کرتی ہے۔



1) مکررہ 2) صفر 3) مکمل 4) مستقیم

28) دی گئی شکل کس زاویہ کو ظاہر کرتی ہے۔

1) مکررہ 2) صفر 3) مکمل 4) مستقیم

متوازی خطوط اور قاطع خط (Parallel lines and Transversal)

اہم نکات:

1) ایسے خطوط جو قطع نہیں کرتے متوازی خطوط کہلاتے ہیں۔

2) دو خطوط متوازی ہوتے ہیں اگر (i) وہ ایک ہی سطح میں موجود ہوں اور (ii) و

3) رشتہ ''متوازی ہے'' کو علامت سے تعبیر کیا جاتا ہے اور پڑھا جاتا ہے ''متوازی'' ہے۔ اوپر دی گئی شکل میں m l کے

4) دو متوازی خطوط کے درمیان $\parallel$ عمودی فاصلہ ہر جگہ ایک ہی ہوتا ہے۔ $\parallel$

5) اگر دو خطوط ایک ہی خط پر عمود وار ہیں تو وہ ایک دوسرے کے متوازی ہیں۔

6) ہر خط خود اپنے آپ کا متوازی ہوتا ہے۔

7) دو متوازی خطوط کے درمیان زاویہ صفر ہوتا ہے۔

8) قاطع خط: ایک خط دو یا زائد دیئے ہوئے خطوط کو مختلف نقاط پر قطع کرتا ہے تو وہ دیئے گئے خطوط کا ''قاطع'' کہلاتا ہے۔

9) اگر ایک قاطع خط دو متوازی خطوط کو قطع کرتا ہے تب

a) نظیری زاویوں کی جوڑیاں مساوی ہوتی ہیں (یا)

b) داخلی متبادلہ زاویوں کی جوڑیاں مساوی ہوتی ہیں (یا)

c) خارجی متبادلہ زاویوں کی جوڑیاں مساوی ہوتی ہیں (یا)

d) دو داخلی یا خارجی زاویوں کا مجموعہ جو قاطع خط کی ایک ہی جانب واقع ہوں 180^{o} کے مساوی ہوتا ہے۔

مشقی سوالات

29) ایسا خط جس پر سے دو خط گزر جاتے ہوں۔ کہلاتا ہے۔

1) نقطہ تقاطع 2) نقطہ تراکز 3) ہم خط نقاط 4) ہم نقاط

30) ایسا نقطہ جس پر سے تین یا تین سے زائد خطوط گزرتے ہوں کہلاتا ہے۔

1) نقطہ تقاطع 2) نقطہ تراکز 3) ہم خط نقاط 4) ہم نقاط

31) ایسے دو خطوط جو ایک ہی نقطہ سے گزرتے ہوں کہلاتے ہیں۔

1) متقاطع خطوط 2) متراکز خطوط 3) ہم نقطہ خطوط 4) مستقیم خطوط

32) ایسے تین یا تین سے زائد خطوط جو ایک ہی نقطہ سے گزرتے ہوں کہلاتے ہیں۔

1) متقاطع خطوط 2) متراکز خطوط 3) ہم نقطہ خطوط 4) مستقیم خطوط

33) ایک مستوی میں 4 نقاط ہیں ان کو ملانے والے کتنے خطوط مستقیم ہوتے ہیں۔

1) 2 2) 4 3) 6 4) 8

34) متوازی خطوط کی کوئی ایک مثال

1) چرچ کا کلس 2) مسجد کی مینار 3) مندر کی گھنٹی 4) ریل کی پٹریاں

35) عمودوار خطی کوئی ایک مثال

1) چرچ کا کلس 2) مسجد کی مینار 3) مندر کی گھنٹی 4) ریل کی پٹریاں

36) دو نقاط کو ملانے والے منحنی کی تعداد

1) ایک 2) کئی 3) محدود 4) دو

سہ ابعادی اجسام یا سہ ابعادی شکل

Three Dimensional Objects (or) Shapes

مخروط



اہم نکات:

1) ایسی مجسم شکل جس میں تین ابعاد یعنی طول عرض اور بلندی (موٹائی) ہوتی ہیں سہ ابعادی شکل یا سہ ابعادی اجسام کہلاتی ہیں۔

2) اس کا نچلا حصہ (قاعدہ) ایک دائرہ ہے اس کے نصف قطر کو r سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

3) نقطہ 'O' دائرے کا مرکز ہے۔

4) $\overline{AC}$ کو مائل بلندی (Slant height) کہتے ہیں جسے 's' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

5) $\overline{AO}$ کو بلندی کہتے ہیں (Vertical height) اور اسے h سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

6) مخروطی میں $\perp$ مستوی سطح $\perp$ منحنی سطح، ایک کنارہ اور ایک راس ہوتا ہے۔

مشقی سوالات

37) مخروط میں مستوی سطحوں کی تعداد ہوتی ہے۔

1) 1 2) 2 3) 3 4) 4

38) مخروط میں منحنی سطحوں کی تعداد ہوتی ہے۔

1) 1 2) 2 3) 3 4) 4

39) مخروط میں کنارے ہوتے ہیں۔

1) 3 2) 1 3) کوئی نہیں 4) 2

40) مخروط میں موجود دائرہ کہلاتا ہے۔

1) بلندی 2) وتر 3) قاعدہ 4) قائل بلندی

41) ذیل میں مخروطی کی ایک مثال ہے۔

1) گنبد 2) مثلث 3) پنسل 4) آئیس کریم

استوانہ (Cylinder)

اہم نکات:



1) استوانے میں '2' مستوی سطح '1' منحنی سطح اور 2 دائروی کنارے ہوتے ہیں۔

2) اس کے نچلے حصے کو قاعدہ کہتے ہیں۔

3) اس میں کونے نہیں ہوتے۔

مشقی سوالات

42) استوانے میں مستوی سطحوں کی تعداد ہوتی ہے

1) 1 2) 2 3) 3 4) 4

43) استوانے میں منحنی سطحوں کی تعداد ہوتی ہے

1) 1 2) 2 3) 3 4) 4

44) استوانے میں دائروی کناروں کی تعداد ہوتی ہے

1) 1 2) 2 3) 3 4) 4

45) استوانے میں کونوں کی تعداد

1) 2 2) 3 3) 4 4) کونے نہیں ہوتے

46) استوانے کا نچلا حصہ کہلاتا ہے

1) قاعدہ 2) ارتفاع 3) وتر 4) دائرہ

47) 'پنسل' کی مثال لی جاسکتی ہے۔

1) کرّہ 2) استوانہ 3) مخروطی 4) منحنی خط

کرّہ (Sphere)

اہم نکات:

1) یہ صرف منحنی سطح رکھتا ہے۔

2) اس کے کوئی کنارے نہیں ہوتے ہیں۔

3) اسی طرح اس کے کوئی راس نہیں ہوتے۔

4) اس کی مثال گیند۔شیشے کی گولیاں وغیرہ ہیں۔



مشقی

48) ذیل میں دی گئی کسی شکل میں کوئی کنارے اور کوئی راس نہیں ہوتے۔

1) استوانہ 2) کرّہ 3) 1اور2دونوں 4) مخروط

49) ذیل میں دی گئی مثال کو 'ہم کرّہ' سمجھ سکتے ہیں۔

1) ٹوتھ پیسٹ 2) کتاب 3) دوا کی گولی 4) شیشے کی گولی

40) 'گلوب' کی مثال دی جاسکتی ہے۔

1) استوانہ 2) دائرہ 3) گول گول 4) کرّہ

41) ایک روپے کے سکّے کو کھڑا کر کے گردش دینے پر شکل بنتی ہے۔

1) کرّہ 2) دائرہ 3) مخروط 4) استوانہ

42) ذیل میں دی گئی کس شکل میں مستوی سطح نہیں ہوتی ہے۔

1) مخروط 2) مکعب 3) مربع 4) کرّہ

43) کرہ کی اوپری (بیرونی) سطح کہلاتی ہے۔

1) مسطح سطح 2) منحنی سطح 3) دائروی سطح 4) گول سطح

4.7.4 منشور (Prism)

اہم نکات:



1) اسے مثلثی منشور بھی کہتے ہیں۔
2) اس کا قاعدہ مثلث کی طرح ہوتا ہے۔
3) اس میں 5 سطح (رُخ) ہوتے ہیں۔
4) اس میں 6 راس ہوتے ہیں۔ (واضح ہو کہ راس کو کونا بھی کہتے ہیں)
5) استوانہ اور کرّہ کی طرح اس میں کوئی منحنی سطح نہیں ہوتی۔

مشقی سوالات

44) منشور میں مثلثی سطحوں کی تعداد

1) 1 2) 2 3) 3 4) 4

45) منشور میں مستطیل سطحوں کی تعداد

1) 1 2) 2 3) 3 4) 4

46) منشور میں دائروی سطحوں کی تعداد

1) 1 2) 2 3) 3 4) 0

47) منشور میں منحنی سطحوں کی تعداد

1) 1 2) 2 3) 3 4) 0

48) منشور میں مستوی سطحوں کی تعداد

1) 5 2) 2 3) 3 4) 0

49) منشور میں کناروں کی تعداد

1) 9 2) 12 3) 6 4) 5

اہرام (Pyramid)

اہم نکات:

1) دی گئی اہرام کی شکل میں اس کا قاعدہ مربع نما ہے۔
2) قاعدہ کے اضلاع $\overline{AB}$ ، $\overline{BC}$ ، $\overline{CD}$ اور $\overline{AD}$ ہیں۔
3) Eo بلندی کو تعبیر کرتی ہے۔
4) EC اس کی مائل بلندی ہے۔
5) اس میں مثلث نما طرفی رُخ 4 اور قاعدہ کو ملا کر 5 سطح یا رُخ ہوتے ہیں۔
6) مثلث نما اہرام (Triangular pyramid): ایک اہرام کا قاعدہ مثلث کی شکل کا ہو تو اسے مثلث کا اہرام کہتے ہیں۔

7) اس کے 3 رُخ اور ایک قاعدہ کو ملا کر کُل 4 مثلث نما رُخ ہوتے ہیں۔

8) دی گئی شکل میں BCD اس کا قاعدہ اور AB ، BC اور AD اس کی مائل بلندی ہے۔

9) A کو راس کہتے ہیں جبکہ AE اس کو بلندی کو ظاہر کرتا ہے۔



مشقی سوالات

50) اہرام نما عمارتیں اس ملک کا شاہکار ہیں۔

1) انڈیا 2) سری لنکا 3) مصر 4) جاپان

51) غیر مثلث نما اہرام میں اتنی سطحیں ہوتی ہیں۔

1) 5 2) 8 3) 7 4) 6

52) مثلث نما اہرام میں جملہ سطحوں کی تعداد

1) 3 2) 4 3) 5 4) 6

53) مثلث نما اہرام کے جملہ 4 اس شکل کے ہوتے ہیں۔

1) 3 مثلث نما، 1 مستطیل نما 2) 2 مثلث نما، 2 مستطیل نما 3) چاروں بھی مثلث نما 4) چاروں بھی مستطیل نما

54) مثلث نما اہرام میں مائل بلندیوں کی تعداد

1) 6 2) 5 3) 4 4) 3

مکعب اور مکعب نما (Cube and Cuboid)

اہم نکات:

1) مکعب نما: Cuboid



2) اس میں 6 مستطیل رُخ ہوتے ہیں۔

3) اس میں 8 راس یا کونے ہوتے ہیں۔

4) مکعب نما میں 12 کنارے ہوتے ہیں۔

5) مکعب نما میں مقابل کی سطح ہی مساوی ہوتی ہیں۔ اور وہ مستطیلی ہوتی ہے۔

6) اینٹ، ربڑ، کتاب، ٹوتھ پیسٹ کا ڈبہ مکعب نما کی مثالیں ہیں۔

7) مکعب (Cube):



8) مکعب میں 6 مربع رُخ ہوتے ہیں۔

9) اس میں 8 راس یا کونے ہوتے ہیں۔

10) اس میں 12 اضلاع یا کنارے ہوتے ہیں۔

11) مکعب کی تمام سطحیں مساوی ہوتی ہیں۔

12) لوڈو گیم کا پانسہ (Dice)، ڈسٹر کا ڈبہ وغیرہ اس کی مثالیں ہیں۔

مشقی سوالات

55) مکعب نما کی تمام سطحیں ہوتی ہیں۔
1) مستطیل نما 2) مربع نما 3) دائروی 4) چند مستطیل نما اور چند مربع نما ہو سکتے ہیں

56) مکعب کی تمام سطحیں ہوتی ہیں۔
1) مستطیل نما 2) مربع نما 3) مثلث نما 4) معین نما

57) ذیل کی شکل میں تمام سطحیں مساوی ہوتی ہیں۔
1) مکعب 2) مکعب نما 3) استوانہ 4) کرّہ

58) مکعب نما میں راس ہوتے ہیں۔
1) 10 2) 12 3) 8 4) 4

59) مکعب اور مکعب نما میں یہ چیز مشترک ہے۔
1) دونوں میں راسوں کی تعداد 8 ہوتی ہے 2) دونوں میں کناروں کی تعداد 12 ہوتی ہے
3) دونوں بھی مستطیل رکھتے ہیں 4) 1 اور 2 دونوں

60) ٹوتھ پیسٹ کا ڈبہ کی مثال لی جا سکتی ہے۔
1) مکعب 2) مکعب نما 3) مستطیل 4) صاف ستھری پیکنگ

61) مکعب میں موجود منحنی سطحوں کی تعداد
1) 1 2) 3 3) 0 4) 6

کثیر ضلعی Polygon

اہم نکات:

1) تین یا تین سے زائد خطی قطعات سے ملکر بننے والی سادہ بند شکل کثیر ضلعی کہلاتی ہے۔
2) مخمس (یا) پنج ضلعی Pentagon: ایسی سادہ بند شکل جس میں 5 ضلع ہوتے ہیں (یا) 5 خط قطعات سے مل کر بننے والی سادہ بند شکل مخمس یا پنج ضلعی کہلاتی ہے۔
3) مسدس (یا) شش ضلعی (Hexagon): 6 خطی قطعات سے مل کر بننے والی سادہ بند شکل مسدس کہلاتی ہے۔
4) مسبع (یا) ہفت ضلعی (Septagon): 7 خطی قطعات سے مل کر بنے والی سادہ بند شکل مسبع کہلاتی ہے۔
5) مثمن (یا) ہشت ضلعی (Octagon): 8 خطی قطعات سے مل کر بننے والی سادہ بند شک مثمن کہلاتی ہے۔
6) منتظم کثیر ضلعی (Regular Polygon): ایک کثیر ضلعی جس کے تمام ضلعوں کا طول مساوی ہو۔ منتظم کثیر ضلعی کہلاتی ہے۔
7) محدب کثیر ضلعی (Concave Polygon): ایسی کثیر ضلعی جس کا ہر زاویہ 180^o سے کم ہو محدب کثیر ضلعی کہلاتا ہے۔
8) مقعر کثیر ضلعی (Concave Polygon): ایسی کثیر ضلعی جس کا زاویہ 180^o سے زائد ہو۔ مقعر کثیر ضلعی کہلاتا ہے۔

9) n ضلعوں والی ایک منتظم کثیر ضلعی کا ہر داخلی زاویہ: $\frac{(2n-4)}{n}$ (یا) $= \frac{90 \times (2n-4)}{n}$

10) n ضلعوں والی ایک محدب کثیر ضلعی کے خارجی زاویوں کا مجموعہ: 360^o (یا) 4 قائمہ زاویہ

11) n ضلعوں والی ایک محدب کثیر ضلعی کے داخلی زاویوں کا مجموعہ: $(2n-4)$ = قائمہ زاویہ (یا) $90^o(2n-4) =$

12) n ضلعوں والی ایک منتظم کثیر ضلعی کا ہر خارجی زاویہ: $\frac{360^0}{n}$ (یا) $= \frac{4}{n}$

مشقی سوالات

62) ایک کثیر ضلعی جس کے تمام اضلعوں کا طول مساوی ہوتا ہے کہلاتا ہے۔

1) محدب کثیر ضلعی 2) مقعر کثیر ضلعی 3) منتظم کثیر ضلعی 4) ہشت ضلعی

63) مخمس میں اضلاع کی تعداد ہوتی ہے۔

1) 3 2) 5 3) 7 4) 9

64) مسبع میں اضلاع کی تعداد ہوتی ہے۔

1) 3 2) 5 3) 7 4) 9

65) محدب کثیر ضلعی کے خارجی زاویوں کا مجموعہ ہوتا ہے۔

1) زاویہ قائمہ 2) 2 زاویہ قائمہ 3) 3 زاویہ قائمہ 4) 4 زاویہ قائمہ

66) ایک محدب کثیر ضلعی میں 6 ضلعے ہوں تو اس کا ہر خارجی زاویہ ہوگا۔

1) 72^o 2) 36^o 3) 54^o 4) 70^o

67) ایک کثیر ضلعی کے داخلی زاویوں کا مجموعہ کیا ہوگا جبکہ اس میں ضلعوں کی تعداد 8 دی گئی ہے۔

1) 360^o 2) 1080^o 3) 108^o 4) 720^o

68) اگر 7 ضلعے دیئے گئے ہوں تو اس منتظم کثیر ضلعی کا ہر داخلی زاویہ ہوگا۔

1) $128\frac{4^o}{7}$ 2) $4\frac{128^o}{7}$ 3) 240^o 4) 360^o

69) ایک منتظم کثیر ضلعی کا ہر داخلی زاویہ اگر 135^o ہو تو اس میں ضلعوں کی تعداد کیا ہوگی۔

1) 7 2) 10 3) 15 4) 8

70) ایک منتظم ضلعی کا ہر خارجی زاویہ 30^o ہو تو اس میں ضلعوں کی تعداد

1) 10 2) 12 3) 14 4) 16

71) ایک کثیر ضلعی کے داخلی زاویوں کا مجموعہ اس کے خارجی زاویوں کا 5 گنا ہو تو اس کثیر ضلعی میں ضلعوں کی تعداد کیا ہوگی۔

1) 10 2) 12 3) 14 4) 16

72) ایک منتظم کثیر ضلعی کے داخلی زاویوں کا مجموعہ اس کے خارجی زاویوں کا دوگنا ہے کثیر ضلعی کے ضلعوں کی تعداد ہوگی۔

1) 6 2) 12 3) 8 4) 5

ٹینگرام (Tangrams)



اہم نکات:

1) 5 مثلثات اور 2 متوازی الاضلاع سے مل کر بننے والی شکل ٹینگرام کہلاتی ہے



2) ٹینگرام شکل کو چینیوں نے پیش کیا تھا۔

3) اسے 7 حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

4) اس سے ہم کئی شکلیں اُتار سکتے ہیں۔

5) ٹینگرام مربع بھی ہوتا ہے متوازی الاضلاع بھی ہوتا ہے اور اسے مثلث کی شکل میں بھی مثلث بھی:

6) **ٹینگرام مربع (Square Tangrams)**:

7) دی گئی شکل پر غور کرنے پر معلوم ہوگا کہ اس شکل میں اعداد 1، 2، 3، 5، اور 7 مثلثات ہیں۔ جبکہ اعداد 4 اور 6 متوازی الاضلاع ہیں۔ جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے کہ ٹینگرام کے جملہ 7 حصے ہوتے ہیں۔ جس میں سے 5 مثلثات اور 2 متوازی الاضلاع ہیں۔



8) **ٹینگرام متوازی الاضلاع (Parallelogram Tangram)**:



9) دی گئی شکل متوازی الاضلاع ٹینگرام کو ظاہر کرتی ہے جس میں 7 حصے ہیں۔ 5 مثلثات اور 2 متوازی الاضلاع

10) **ٹینگرام مثلث (Triangle Tangram)**:

11) دی گئی شکل ٹینگرام مثلث کی ہے اس میں 7 حصے ہیں جس میں 5 مثلثات اور 2 متوازی الاضلاع کو ظاہر کرتے ہیں۔

12) ریاضی کی جیومتری کے علاوہ دیگر اشکال بھی ہم ٹینگرام کی مدد سے اُتار سکتے ہیں۔ جیسے کہ بھاگتی ہوئی لڑکی۔ جس کی شکل ذیل میں دی جارہی ہے۔

13) ٹینگرام کی تعداد سے جلتی ہوئی موم بتی اُتاری جاسکتی ہے۔

14) جلتی ہوئی موم بتی پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ اس میں بھی 7 حصے ہیں۔ جس میں سے 5 مثلثات اور 2 متوازی الاضلاع ہیں۔

مشقی سوالات

73) ٹینگرام میں اتنے حصے ہوتے ہیں۔

1) 5 2) 7 3) 4 4) 6

74) ٹینگرام کو ترتیب دینے والی قوم؟

1) جاپانیز 2) امریکن 3) برٹش 4) چینی

75) ٹینگرام میں مثلثوں کی تعداد

1) 3 2) 5 3) 7 4) 2

76) ٹینگرام میں متوازی الاضلاع کی تعداد

1) 3 2) 5 3) 7 4) 2

77) جیومتری کی کس شکل سے آپ بھاگتی ہوئی لڑکی کو بتلا سکتے ہیں۔

1) اہرام 2) منشور 3) ٹینگرام 4) مستطیل

78) ٹینگرام سے ''جلتی ہوئی موم بتی' کو اُتارا جاسکتا ہے۔جلتی ہوئی موم بتی کی 'لو' کو اس شکل سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

1) مثلث 2) متوازی الاضلاع 3) منحرف 4) خط مستقیم

KEY

1-**1**	2-**1**	3-**4**	4-**3**	5-**4**	6-**4**	7-**2**	8-**4**	9-**2**	10-**1**
11-**3**	12-**2**	13-**2**	14-**1**	15-**2**	16-**2**	17-**1**	18-**4**	19-**2**	20-**1**
21-**4**	22-**3**	23-**4**	24-**2**	25-**4**	26-**1**	27-**3**	28-**3**	29-**1**	30-**2**
31-**1**	32-**2**	33-**3**	34-**4**	35-**1**	36-**2**	37-**1**	38-**1**	39-**2**	40-**3**
41-**4**	42-**2**	43-**1**	44-**2**	45-**4**	46-**1**	47-**2**	48-**3**	49-**4**	50-**4**
51-**1**	52-**4**	53-**2**	54-**2**	55-**3**	56-**4**	57-**4**	58-**1**	59-**1**	60-**3**
61-**1**	62-**2**	63-**3**	64-**4**	65-**4**	66-**2**	67-**1**	63**4**	69-**4**	70-**2**
71-**3**	72-**3**	73-**2**	74-**3**	75-**4**	76-**2**	77-**2**	78-**1**		

10. مساحت (Mensuration)

اہم نکات:

☆ اشکال کے نام ☆ تین ضلعی اشکال

(A) **مثلث:** Triangle

I- مثلثات کے نام ان کے زاویوں کے لحاظ سے

1) قائم الزاویہ مثلث 2) حادہ زوایہ مثلث 3) منفرجہ زاویہ مثلث

II- مثلثات کے نام ان کے ضلعوں کے لحاظ سے

1) مساوی الاضلاع مثلث 2) مساوی الساقین مثلث 3) مختلف الاضلاع مثلث

(B) **چار ضلعی اشکال**

1) مربع Square 2) مستطیل Rectangle 3) متوازی الاضلاع Paraellogram

4) معین Rhombus 5) منحرف Trapezium

مثلثات کے خواص اور ضاطبے Properties of Triangles and Formulae

مثلث: تین ضلعی بند شکل مثلث کہلاتی ہے۔

قائم الزاویہ مثلث: ایسا مثلث جس کا ایک زاویہ (90^o) درجے ہو قائم الزاویہ مثلث کہلاتا ہے۔



نوٹ: ہر یہ ایک مثلث کے لیے زاویوں کا مجموعہ

$$\angle A + \angle B + \angle C = 180^o$$

قاعدہ +ارتفاع + وتر =احاطہ (P)

ارتفاع x قاعدہ x $\frac{1}{2}$ = رقبہ (A)

فیثاغورث کا مسئلہ:

قائم الزاویہ مثلث کے لیے

$(وتر)^2 = (قاعدہ)^2 + (ارتفاع)^2$

$$(AC)^2 = (BC)^2 + (CA)^2$$

(2) حادہ زاویہ مثلث: ایسا مثلث جس کا ہر ایک زاویہ (90^o) درجوں سے چھوٹا ہوں حادہ زاویہ مثلث کہلاتا ہے۔



مثلاً: $c^o < 90^o$ ، $b^o < 90^o$ ، $a^o < 90^o$

$$a^o + b^o + c^o = 180^o$$

حادہ زاویہ مثلث کا احاطہ = ضلع AB + ضلع BC + ضلع CA

اگر اضلاع a، b اور c ہوں تب نصف احاطہ 'S' ہوگا۔

$$\text{نصف احاطہ } S = \frac{a+b+c}{2}$$

$$\text{مثلث ABC (حادہ زاویہ) کا رقبہ ہیرو (ہیرون) کے ضابطہ کی مدد سے۔ } Area = \sqrt{s(s-a)(s-b)(s-c)}$$

(3) منفرجہ زاویہ مثلث: ایسا مثلث جس کا کوئی ایک زاویہ 90^o (درجوں) سے بڑا ہو منفرجہ زاویہ مثلث کہلاتا ہے۔



مثلث ABC میں زاویہ "$\angle B$" ، 90^o درجے سے بڑا ہے۔

$$\angle A + \angle B + \angle C = 180^o$$

مثلث ABC کے اضلاع اس طرح ہیں۔

$$AB = c \quad AC = b \quad BC = a$$

مثلث کا احاطہ = $AB + BC + CA$

مثلث ABC کا رقبہ = $\frac{1}{2}$ x قاعدہ x بلندی

$$= h \times b \times \frac{1}{2}$$

مثلث ABC کے رقبہ ہیرو ین کے ضابطے کی مدد سے

$$S = \frac{a+b+c}{2}$$

$$Area = \sqrt{s(s-a)(s-b)(s-c)}$$

II- اضلاع کے لحاظ سے مثلث کے نام:

1) مساوی الاضلاع مثلث: Equilateral Triangle

تعریف: ایسا مثلث جس کے تمام زاویے مساوی ہوں۔ مساوی الاضلاع مثلث کہلاتا ہے یعنی ضلع $CA = BC = AB$



نوٹ: مساوی الاضلاع مثلث میں ہر زاویہ 60^o درجے کا ہوتا ہے۔ اس طرح زاویے بھی مساوی ہوتے ہیں۔

I- مساوی الاضلاع مثلث کا احاطہ = 3 x ضلع

$$3a =$$

II- اگر مساوی الاضلاع کا ضلع 'a' ہو تب اس کا رقبہ $= \frac{\sqrt{3}}{4}a^2$

$\frac{1}{2} \times$ بلندی x قاعدہ

$$\frac{1}{2} \times (a) \times \left(\frac{\sqrt{3}}{2}a\right) =$$

III- مساوی الاضلاع مثلث کی بلندی = $\frac{\sqrt{3}}{2}$ x ضلع

$$\frac{\sqrt{3}}{2}a =$$

IV- مساوی الاضلاع مثلث کا ارتفاع 'h' تب (i) ضلع (ii) رقبہ

(i) ضلع $= \frac{2h}{\sqrt{3}}$ (ii) رقبہ $= \frac{1}{\sqrt{3}}(h)^2$

(2) مساوی الساقین مثلث: Isosceles Triangle

تعریف: ایسا مثلث جس میں کوئی دو اضلاع مساوی ہوتے ہیں مساوی الساقین مثلث کہلاتا ہے۔

نوٹ: مساوی الساقین مثلث میں کوئی دو زاویے بھی مساوی ہوتے ہیں۔

مساوی الساقین مثلث میں مساوی ضلعوں کے مقابلہ زاویے مساوی ہوتے ہیں۔



مثلاً اگر $AB = AC$ تب $\angle C = \angle B$

مثلث کا احاطہ = اضلاع کے طول کا مجموعہ یعنی $= CA + BC + AB$

مثلث کا رقبہ ہیرون کے ضابطے کی مدد سے

رقبہ $\Delta = \sqrt{s(s-a)(s-b)(s-c)}$

(3) مختلف الاضلاع مثلث (Scalene Triangle): ایسا مثلث جس میں ہر ضلع مختلف ہو مختلف الاضلاع مثلث کہلاتا ہے۔



یعنی $AB \neq BC \neq CA$

نوٹ: مختلف الاضلاع مثلث میں زاویے بھی مختلف ہوتے ہیں۔

مثلث کا احاطہ = $CA + BC + AB$

مثلث کا رقبہ = رقبہ $\Delta = \sqrt{s(s-a)(s-b)(s-c)}$

1) ایک مساوی الاضلاع مثلث کا ارتفاع جس کا ضلع 'a' اکائی ہو $\frac{\sqrt{3}}{2}a$ اکائیاں ہوتا ہے۔

2) اگر کسی مثلث کے زاویوں میں 1:1:1 کی نسبت ہو تو اس کے متناظر اضلاع میں بھی وہی نسبت ہوتی ہے یعنی (1:1:1)

3) اگر کسی مثلث کے زاویے (1:1:2) کی نسبت میں ہوں تو اس کے متناظر اضلاع ($\sqrt{2}$ 1:1) کی نسبت میں ہوتے ہیں۔

4) اگر کسی مثلث کے زاویے 1:2:3 کی نسبت میں ہوتے ہیں تو اس کے متناظر اضلاع $2 : \sqrt{3} : 1$ کی نسبت میں ہوتے ہیں۔

I- گروپ (A)		گروپ (B)
1) مربع کا احاطہ	(d)	(a $2(l+b)$
2) مستطیل کا رقبہ	(c)	(b a^2
3) مربع کا رقبہ	(b)	(c lb

4) مثلث کا رقبہ (f) $4a$ (d

5) مستطیل کا احاطہ (a) bh (e

$\frac{1}{2} bh$ (f

II- گروپ (A) **گروپ (B)**

مثلث کے زاویوں اور اضلاع کے پیمائشات			**مثلثات کے اقسام اور زاویئے**
1) 7 سمؔ 7 سمؔ 7 سمؔ	[f]	(a)	قائم الزاویہ مساوی الساقین مثلث
2) 4 سمؔ 5 سمؔ 6 سمؔ	[g]	(b)	مثلث قائم الزاویہ
3) 80^o ، 50^o ، 50^o	[d]	(c)	مثلث مختلف الاضلاع
4) 90^o ، 60^o ، 30^o	[b]	(d)	مثلث مساوی الساقین
5) 90^o ، 45^o ، 45^o	[a]	(e)	مثلث منفرجہ الزاویہ
		(f)	مثلث مساوی الاضلاع

مشقی سوالات

مشق نمبر '1' سے III کے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

مشق (2)

1) قائم الزاویہ مثلث کے عمودی ضلعوں کے طول دیئے گئے ہیں۔اس کے وتر کا طول معلوم کیجیے۔

(i) 3,4

حل: دیا گیا ہیکہ قائم الزاویہ مثلث کے عمودی ضلعوں کے طول 3 اور 4 ہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ قائم الزاویہ مثلث کے لیے (فیثاغورث کا مسئلہ)

(وتر)^2 = (قاعدہ)^2 + (ارتفاع)^2

$$AC^2 = BC^2 + AB^2$$
$$AC^2 = (3)^2 + (4)^2$$
$$= 9 + 16$$
$$AC^2 = 25$$
$$AC = \sqrt{25}$$
$$AC = \sqrt{5 \times 5}$$

اکائیاں $AC = 5$

قائم الزاویہ مثلث کا وتر $AC = 5$ اکائیاں

(ii) عمودی ضلعوں کے طول 7 اور 24 اکائیاں ہیں۔

حل: اگر قاعدہ 7 اور ارتفاع 24 اکائیاں ہوں تب فیثاغورث کے مسئلہ کی مدد سے قائم الزاویہ مثلث کے لیے

$(\text{وتر})^2 = (\text{ارتفاع})^2 + (\text{قاعدہ})^2$

$$(AC)^2 = (AB)^2 + (BC)^2$$

$$(AC)^2 = (24)^2 + (7)^2$$

$$(AC)^2 = (24 \times 24) + (7 \times 7)$$

$$(AC)^2 = 576 + 49$$

$$(AC)^2 = 625$$

$$(AC) = \sqrt{625}$$

$$AC = \sqrt{625}$$

$(AC) = 25$ اکائیاں

قائم الزاویہ مثلث کا وتر 25 اکائیاں ہوگا۔

مشقی سوالات

I- قائم الزاویہ مثلث کے عمودی ضلعوں کے طول ذیل میں دیئے گئے ہیں ان کے وتر معلوم کیجیے۔

(i) 7 اور 24 (ii) 8 اور 15 (iii) 6 اور 8 (iv) 30 اور 16 (v) 15 اور 12

II- قائم الزاویہ مثلث کا وتر اور ارتفاع دیا گیا ہے تب اس کا قاعدہ معلوم کیجیے۔

حل: قاعدہ ؟

ارتفاع = 4 اور وتر 5 ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ $(\text{وتر})^2 = (\text{ارتفاع})^2 + (\text{قاعدہ})^2$

$$(AC)^2 = (AB)^2 + (BC)^2$$

$$(5)^2 = (4)^2 + (\text{قاعدہ})^2$$

$$25 = 16 + (\text{قاعدہ})^2$$

$$25 - 16 = (\text{قاعدہ})^2$$

$$9 = (\text{قاعدہ})^2$$

$(\text{قاعدہ})^2 = 9$

$\sqrt{9} = \text{قاعدہ}$

اکائیاں $3 = \text{قاعدہ}$

قائم الزاویہ مثلث کا قاعدہ $= 3$ اکائیاں

مشقی سوالات

سوال: قائم الزاویہ مثلث کا وتر اور ارتفاع دیا گیا ہو قاعدہ معلوم کیجیے۔

	وتر	ارتفاع	قاعدہ
(a)			
(i)	25	24	؟
(ii)	10	8	؟
(iii)	13	12	؟
(iv)	17	15	؟
(v)	34	30	؟

مشقی سوالات

سوال2: قائم الزاویہ مثلث کا وتر اور قاعدہ دیا گیا ہے تب ایک ارفتاع معلوم کیجیے۔

	وتر	ارتفاع	قاعدہ
(b)			
(i)	34	؟	16
(ii)	13	؟	5
(iii)	25	؟	7
(iv)	10	؟	6
(v)	17	؟	8

(2) مثلث قائم الزاویہ مساوی الساقین کے مساوی ساقوں کے طول دیئے گئے ہیں۔تب ان کے رقبے معلوم کیجیے۔

(i) 5 سمر

حل: دیا گیا ہے کہ مثلث قائم الزاویہ مساوی الساقین کے مساوی ساقوں کا طول '5' سمر ہے۔

مساوی ساقین $\Leftarrow$ قاعدہ = ارتفاع

ہم جانتے ہیں کہ قائم الزاویہ مثلث کا رقبہ

قاعدہ x ارتفاع x $\frac{1}{2}$ = رقبہ

$$\text{رقبہ} = \frac{1}{2} \times AB \times BC$$

$$\text{رقبہ} = \frac{1}{2} \times 5 \times 5$$

$$\text{رقبہ} = \frac{1}{2} \times 25$$

$$\text{رقبہ} = \frac{25}{2}$$

مربع سمر12.5 =مثلث کا رقبہ

(ii) مساوی ساقون کا طول6.5 سمر ہے۔

حل: دیا گیاہیکہ مثلث قائم الزاویہ مساوی الساقین کے مساوی ساقوں کا طول6.5 سمر ہے۔

مساوی ساقین ABاورBC کہلاتی ہیں۔

ارتفاع = 6.5اور قاعدہ6.5 سمر ہے۔

قاعدہ x ارفتاعx $\frac{1}{2}$ = قائم الزاویہ مثلث کا رقبہ

$$= \frac{1}{2} \times 6.5 \times 6.5$$

$$= \frac{1}{2} \times 42.25$$

$$= \frac{42.25}{2}$$

مربع سمر21.125 = Δ کا رقبہ

مشقی سوالات

مساوی ساقوں کا طول دیا گیا ہے۔

10.5 (a)	16 (b)	17.5 (e)	10 (a)
24 (a)	15 (d)	15.6 (a)	4 (c)

(3) مثلث قائم الزاویہ مساوی الساقین کا وتر کا طول دیا گیا ہے۔اس کا رقبہ اور مساوی (ضلع) ساقوں کا طول معلوم کیجیے۔

(ii) 10 سمر

حل: دیا گیا ہے کہ قائم الزاویہ مساوی الساقین مثلث کا وتر = 10 سمر

ہم جانتے ہیں کہ قائم الزاویہ مساوی الساقین مثلث کا وتر = $\sqrt{2}$ x ضلع

$$= \sqrt{2}\, a$$

دیا گیاہیکہ $\sqrt{2}\,a = 10$

$$a = \frac{10}{\sqrt{2}}$$

نطقا نے پہ $a = \frac{10}{\sqrt{2}} \times \frac{\sqrt{2}}{\sqrt{2}}$

$$a = \frac{10\sqrt{2}}{\sqrt{2\times 2}} \times \frac{10\sqrt{2}}{2} = 5\sqrt{2}$$

ضلع کا طول = $5\sqrt{2} = a$

ہم جانتے ہیں کہ

قائم الزاویہ مساوی الساقین کا رقبہ = $\left(\frac{h}{2}\right)^2$ جہاں پر h وتر ہے

مساوی اساقین قائم الزاویہ مثلث کا وتر = 10 سمر

تب $\Delta = \left(\frac{h}{2}\right)^2$ کا رقبہ

$$= \left(\frac{10}{2}\right)^2$$

$$= (5)^2$$

$\Delta = 25$ کا رقبہ

نوٹ: مربع کا وتر مساوی ہوتا ہے $\sqrt{2}$ اوران کے ضلع کے طول کے حاصل ضرب کے معنیٰ

اگر ضلع a ہو تب وتر = $\sqrt{2}(a)$

(ii) مربع کے وتر سے بننے والے مثلث کا رقبہ وتر کے مربع کا ایک چھوتھائی کے مساوی ہوتا ہے۔

معنیٰ وتر=h تب رقبہ $\left(\frac{h}{2}\right)^2 = \frac{1}{4}\times h^2$

(iii) ضلع = $a = \frac{h}{\sqrt{2}}$

مشقی سوالات

I- قائم الزاویہ مساوی الساقین مثلث کا **وتر** دیا گیا ہے۔

(i) اس کا ضلع (ii) اس کا رقبہ معلوم کیجیے۔

(i) 8 سمر (ii)32 سمر (iii) 64 سمر (iv) 42 سمر (v) 35 سمر (vi) 60 سمر (vii) 15 سمر

(viii) 25 سمر (ix) 75 سمر (x) 80 سمر

(4) مثلث مساوی الاضلاع کا رقبہ اور بلندی معلوم کیجیے جبکہ اس کا ضلع دیا گیا ہے۔

(i) 4 سمر

حل: دیا گیا ہے کہ مساوی الاضلاع مثلث کا ضلع = a = 4 سمر

ہم جانتے ہیں کہ

مثلث مساوی الاضلاع کا رقبہ $= \frac{\sqrt{3}}{4} \times (\text{ضلع})^2$

$$\frac{\sqrt{3}}{4}a^2$$

$$= \frac{\sqrt{3}a^2}{4}$$

$$= \frac{\sqrt{3}(4)^2}{4}$$

$$\frac{\sqrt{3}(4\times 4)}{4}$$

مربع سمر $4\sqrt{3}$ = ΔABC کا رقبہ

ہم جانتے ہیں کہ

مثلث مساوی الاع کی بلندی $= \frac{\sqrt{3}}{2}a$

ارتفاع = بلندی $= h = \frac{\sqrt{3}}{2}a$

$$= h = \frac{\sqrt{3}}{2}a$$

$$= \frac{\sqrt{3}}{2}(4)$$

$$= \frac{4\sqrt{3}}{2}$$

$$\text{سمر} = 2\sqrt{3}$$

مشقی سوالات

(i) 8 سمر (ii) 16 سمر (iii) 25 سمر (iv) 64 سمر (v) 45 سمر

(vi) 80 سمر (vii) 64 سمر (vii) 72 سمر (viii) 72 سمر (ix) 100 سمر (x) 30 سمر

(5) مساوی الاضلاع مثلث کا ارتفاع (بلندی) دی گئی ہے تب اس کا رقبہ معلوم کیجیے۔

(i) x سمر

حل: دیا گیا ہے کہ مثلث مساوی الاضلاع کا ارتفاع = x سمر

ہم جانتے ہیں کہ مساوی الاضلاع کا ارتفاع = $\frac{\sqrt{3}a}{2}$

$$x = \frac{\sqrt{3}a}{2}$$

$$2x = \sqrt{3a}$$

$$\frac{2x}{\sqrt{3}} = a$$

ضلع = $a = \frac{2x}{\sqrt{3}}$

ضابطے کی مدد سے

$$\Delta ABC = \frac{\sqrt{3}}{4}a^2$$

$$= \frac{\sqrt{3}}{4} \times \left(\frac{2x}{\sqrt{3}}\right)^2$$

$$= \frac{\sqrt{3}}{4} \times \frac{4x^2}{\left(\sqrt{3}\right)^2}$$

مربع سمر $\Delta ABC = \frac{x^2}{\sqrt{3}}$

نوٹ: ضابطہ

مساوی الاضلاع مثلث کا ارتفاع دیا گیا ہے رقبہ معلوم کرنے کا ضابطہ

$$\frac{1}{\sqrt{3}} \times (\text{ارتفاع})^2 =$$

$$\frac{1}{\sqrt{3}}(h)^2 =$$

مشقی سوالات

(I) مساوی الاضلاع مثلث کا ارتفاع دیا گیا ہے (i) ضلع اور (ii) رقبہ معلوم کیجیے۔

(i) 25 سمر (ii) 9 سمر (iii) 27 میٹر (iv) 8 میٹر (v) 3 میٹر

(6) مثلث مساوی الاضلاع کا رقبہ دیا گیا ہے۔اس کے ضلع کا طول اور ارتفاع معلوم کیجیے۔

(i) $49\sqrt{3}$ مربع سمر

حل: دیا گیا ہے کہ مثلث مساوی الاضلاع کا رقبہ = $49\sqrt{3}$ مربع سمر

ہم جانتے ہیں کہ مثلث کا رقبہ = $\frac{\sqrt{3}}{4}a^2$

$$\frac{\sqrt{3}}{4}a^2 = 49\sqrt{3}$$

$$a^2 = \frac{49\sqrt{3}\times 4}{\sqrt{3}}$$

$$a^2 = 49\times 4$$

$$a = \sqrt{7\times 7\times 2\times 2}$$

$$a = 7\times 2$$

$$a = 14$$

∴ مثلث کا ضلع = 14 سمر ہوگا۔

(ii) ہم جانتے ہیں کہ ''ارتفاع کے لیے''

مثلث کا رقبہ = $\frac{1}{\sqrt{3}}(h)^2$

$$\frac{1}{\sqrt{3}}(h)^2 = 49\sqrt{3}$$

$$h^2 = 49\sqrt{3}\times\sqrt{3}$$

$$h^2 = 49\times 3$$

$$h = \sqrt{49\times 3}$$

$$h = \sqrt{7\times 7\times 3}$$

$$h = 7\sqrt{3}$$

∴ مثلث مساوی الاضلاع کا ارتفاع = $7\sqrt{3}$ سمر

مشقی سوالات

(i) $36\sqrt{3a^2}$ (ii) $100\sqrt{3a^2}$ (iii) $200\,cm^2$ (iv) $625\sqrt{3}$ (v) $900\,cm^2$

(7) قائم الزاویہ مثلث کا رقبہ دیا گیا ہے اور اس کا ایک ضلع دیا گیا ہے تب اس کا عمودی ضلع کا طول معلوم کیجیے؟

(i) رقبہ = 78 مربع سمر، اس کا ضلع 13 سمر تب عمودی ضلع؟

حل: دیا گیا ہے کہ: قائم الزاویہ مثلث کا رقبہ = 78 مربع سمر

اس کا ایک ضلع = 13 سمر

عمودی ضلع کا طول؟

ہم جانتے ہیں کہ قائم الزاویہ مثلث کا رقبہ = قاعدہ x ارتفاع x $\frac{1}{2}$

مربع سمر $\frac{1}{2} \times b \times h = 78$

$$\frac{1}{2} \times 13 \times h = 78$$

$$h = \frac{78 \times 2}{13}$$

$$h = 6 \times 2$$

$$h = 12$$

$\therefore$ عمودی ضلع کا طول = $h = 12$ سمر

مشقی سوالات

(I) رقبہ	ضلع	عمودی ضلع
1) 40 مربع سمر	5 سمر	؟
2) 100 مربع سمر	10 سمر	
3) 60 مربع سمر	15 سمر	
4) 250 مربع سمر	20 سمر	
5) 600 مربع سمر	40 سمر	

(8) اگر مساوی الساقین قائم الزاویہ مثلث کا وتر دیا گیا ہے تب اس کا وتر و عمودی ضلعوں کا طول معلوم کیجیے۔

(i) 98 مربع سمر

حل: دیا گیا ہے کہ مساوی الساقین قائم الزاویہ مثلث کا رقبہ 98 مربع سمر ہے

قائم الزاویہ مساوی الساقین مثلث کا رقبہ = $\frac{1}{2}(a)^2$

$$\frac{1}{2}(a)^2 = 98$$

$$a^2 = 98 \times 2$$

$$a = \sqrt{98 \times 2}$$

$$a = \sqrt{2 \times 7 \times 7 \times 2}$$

$$a = 2 \times 7$$

$a = 14$ سمر

مساوی ساقوں کا طول = 14 سمر

ہم جانتے ہیں کی کہ

قائم الزاویہ مساوی الساقین مثلث کا رقبہ $= \left(\frac{h}{2}\right)^2$ مربع سمر

مثلث کا رقبہ $= \left(\frac{h}{2}\right)^2$

$$\frac{h^2}{4} = 98$$

$$\frac{h^2}{4} = 98 \times 4$$

$$h = \sqrt{98 \times 4}$$

$$h = \sqrt{2 \times 7 \times 7 \times 2 \times 2}$$

$$h = 7 \times 2 \times \sqrt{2}$$

$$h = 14\sqrt{2}$$

مشقی سوالات

I- مساوی الساقین قائم الزاویہ مثلث کا رقبہ دیا ہے۔اس کا وتر ضلع اور وتر معلوم کیجیے۔

(1) $18\,cm^2$ (2) $50\,cm^2$ (3) 72 مربع سمر (4) $200\,cm^2$ (5) $20\sqrt{2}\,cm^2$

(6) $132\,cm^2$ (7) $81\sqrt{3}\,cm^2$ (8) 400 مربع سمر (9) 160 مربع سمر

چار ضلعی Quadrilaterals

چار ضلعی: ایسی بند شکل جس کے چار ضلعے ہوں چار ضلعی کہلاتا ہے۔

چار ضلعی کے عام خواص

(i) چار ضلعی کے چار اضلاع ہوتے ہیں۔

مثلاً AB، BC، CD، DA

(ii) چار ضلعی میں دو وتر ہوتے ہیں۔

مثلاً AC اور BD وغیرہ

(iii) چار ضلعی میں چار اندرونی زاویے ہوتے ہیں۔

(iv) چار ضلعی کے چار زاویوں کا مجموعہ (360^o) ہوتا ہے۔

(v) چار ضلعی کا احاطہ = ان کے ضلعوں کے طول کا مجموعے کا مجموعہ ہے $= AB + BC + CD + DA$

(vi) چار ضلعی کا رقبہ = کوئی ایک وتر سے بننے والے دو مثلثات کے رقبوں کے مجموعے کہ

ΔABC کارقبہ + ΔACD کارقبہ

(vii) چارضلعی کارقبہ = $\frac{1}{2}$ x وتر (وتر پر گرائے گئے دوعمودی خطوط کے طول کا مجموعہ)

$= \frac{1}{2} AC[BE + DF]$ جہاں پر $DF \perp AC$ ، $BE \perp AC$

6) ''سائنس کے تمام شعبوں کی بنیاد ریاضی ہے اور تمام شعبے ریاضی پر انحصار کرتے ہیں'' یہ کس نے کہا؟

(1) پلاٹو (2) فرانسس بیکن (3) پاسکل (4) اقلیدس

7) سب سے پہلے جمع اور تفریق کی علامتیں + ، - رائج کرنے والا

(1) اقلیدس (2) ویڈمن (3) راس (4) ڈیکارٹے

8) الجبراء پر "Wheston of Wetle" نامی کتاب کا مصنف

(1) نیکولے (2) ایسپل (3) پاسکل (4) ریکوڈلے

9) "The Elements" نامی کتاب کا مصنف

(1) پاسکل (2) اقلیدس (3) لوگاس (4) کرونکر کانٹر

10) "The Elements" نامی کتاب کتنے جلدوں پر مشتمل ہے۔

10(1) 12 (2) 13(3) 14 (4)

11) "Father of Geometry" کا خطاب دیا گیا۔

(1) رینی ڈیکارٹے (2) آرشمیدس (3) پاسکل (4) اقلیدس

12) "Mathematics is fun and in Earnt" نامی کتاب کا مصنف

(1) مرواکر (2) پروفیسر ہارڈی (3) پروفیسر ناتھن اے کارٹ (4) پروفیسر کار

13) "Ramanujan Institute of Mathematics" اس سنہ میں قائم کیا گیا۔

1946(1) 1948 (2) 1950(3) 1952 (4)

14) "Mensuration of the Circle" نامی کتاب کا مصنف

(1) اہمیس (2) آرشمیدس (3) تھیالس (4) ارسطو

15) "Arethmetica" نامی کتاب کا مصنف

(1) ہپارکس (2) آرشمیدس (3) ہیران (4) دیافانٹس

16) Digital Calculator کا موجد

(1) جارج ریمن (2) رینی ڈیکارٹے (3) پاسکل تلائسی (4) لاتب رنج

17) مثلث کے تینوں زاویوں کا مجموعہ 180^0 ہوتا ہے یہ کس نے دریافت کیا۔

(1) آرشمیدس (2) اقلیدس (3) فیثاغورث (4) کانٹر

18) ''شعبہ ریاضی منطق پر مبنی شعبہ ہے''، علم منطق انسان کی اندرونی صلاحیتوں سے وجود میں آتا ہے'' یہ کس نے کہا۔

(1) رسّل (2) ہلبرٹ (3) آرشمیدس (4) رامانجم

19) پہلی خاتون ریاضی داں

(1) Hypathia (2) شمعون (3) گلاٹی (4) مریکل

20) ''ریاضی ایک سائنس ہے جو ضروری نتائج کو اخذ کرتی ہے'' یہ کس نے کہا۔

(1) جان بیرڈ (2) ارسطو (3) بنجامن پیرس (4) آریہ بھٹ

21) تحتانوی سطح پر ریاضی کی تدریس کا مقصد۔

(1) طلبا میں غور وفکر کی صلاحیت کا فروغ (2) طلبا میں ریاضی کے تئیں دلچسپی پیدا کرنا

(3) طلبا کو ریاضی کی زبان اور علامتوں سے واقف کروانا (4) یہ تمام

22) وسطانوی سطح پر ریاضی کی تدریس کا مقصد

(1) بنیادی تصورات

(2) ریاضی کی مہارتوں رجحان کو روزمرہ زندگی میں استعمال کے قابل بنانا

(3) طلبا کی ذہانت کو پروان چڑھاتے ہوئے غور وفکر، منطقی سوچ کو فروغ دینا

(4) یہ تمام

23) ریاضی کی تدریس کیوں ضروری ہے؟ یہ سوال کس کو ظاہر کرتا ہے۔

(1) منصوبہ بندی (2) مقاصد (3) جانچ (4) اغراض

24) ریاضی کے کلچری مقاصد کو ظاہر کرنے والے

(1) علم، مہارتیں (2) عمل، مقاصد (3) اعداد (4) رجحانات

25) روزمرہ زندگی میں ریاضی کا استعمال اسی مقصد کو ظاہر کرتا ہے۔

(1) نظم وضبط (2) کلچر (3) اشکال (4) مواقع

26) ریاضی کی تدریس کا اہم مقصد

(1) گنتی کرنا (2) Accuracy (3) تصوری مہارتیں (4) منطقی سوچ

27) ریاضی کی تدریس کے ذریعہ طلبا کے برتاؤ میں ہونے والی تبدیلی

(1) طلبا یہ جانیں گے کہ ریاضی کا دوسرے مضامین سے تعلق نہیں ہے (2) طلبا ریاضی کو سماجی ترقی کیلئے ضروری جانیں گے

(3) طلبا معلم کی رہنمائی پر زیادہ انحصار کریں گے (4) ریاضی کو مشکل مضمون سمجھیں گے

28) مشق کے ذریعہ پروان چڑھتے ہیں۔

(1) تدریسی اقدار (2) تدریسی مقاصد (3) تدریسی اغراض (4) یہ تمام

29) معلم اس کی بنیاد پر منصوبہ سبق تیار کر کے کمرہ جماعت میں تدریسی واکتسابی عمل انجام دیتے ہیں۔

(1) تدریسی مقاصد (2) تدریسی اغراض (3) تدریسی اقدار (4) جانچ

30) ان میں سے کونسا جملہ صحیح ہے۔

(1) ریاضی کے مقاصد ہر سطح پر مختلف ہوتے ہیں (2) ریاضی کے مقاصد ہر یونٹ کے کے لیے الگ الگ ہوتے ہیں

(3) مقاصد زمانے کے ساتھ بدلتے ہیں (4) یہ تمام

31) ایک طالب علم سود مفرد معلوم کرنے کیلئے $\frac{PTR}{100}$ کے ضابطہ کا استعمال کیا۔اس میں کونسے مقصد کا حصول ہوا؟

(1) علم (2) فہم (3) استعمال (4) مہارت

32) ایک طالب علم ریاضی کے جملہ کو عبارتی شکل اور عبارتی جملہ کو ریاضیاتی شکل میں تبدیل کرسکتا ہے۔یہ کس کو ظاہر کرتا ہے۔

(1) استعمال (2) فہم (3) عملی مہارت (4) جانچ

33) $(a+b)^2\ a^2+2ab+b^2$ سے مراد دو متغیرات کے مجموعہ کا مربع' ان دو متغیرات کے مربعوں اور حاصل ضرب کے دگنے کے مجموعہ کے برابر ہوتا ہے۔یہ کس مقصد کو ظاہر کرتا ہے۔

(1) علم (2) فہم (3) استعمال (4) مہارت

34) دائرہ کا رقبہ πr^2 ہوتا ہے۔اس کو ظاہر کرنے والا مقصد

(1) علم (2) فہم (3) استعمال (4) مہارت

35) طلبا میں ریاضی کے اکتساب سے پروان چڑھنے والے اقدار

(1) جمہوری اقدار (2) سائنسی اقدار (3) انتہائی درستگی (4) سائنسی اظہار

36) نقشہ اتارنا' مشاغل کا انعقاد' اس مقصد کو ظاہر کرتا ہے۔

(1) علم (2) فہم (3) استعمال (4) مہارت

37) الجبری عبارتوں کا حل اور اس کی تصدیق کرنا۔

(1) علم (2) فہم (3) استعمال (4) مہارت

38) '0' صفر کو کس نے دریافت کیا۔

(1) بھاسکراچاریہ (2) برہما گپتا (3) راما نجم (4) فیثا غورث

39) اگر طالب علم پیمائش کر کے تصویر بناتے ہیں تو یہ کونسی مہارت ہوگی؟

(1) تصویری مہارت (2) دستی مہارت (3) تصویری اظہار کی مہارت (4) پیمائشی مہارت

40) مثلث کے تینوں زاویوں کا مجموعہ 180^o بنانے کے لئے استعمال ہونے والا تدریسی طریقہ

(1) استقرائی طریقہ (2) استخراجی طریقہ (3) تحلیلی طریقہ (4) ترکیبی طریقہ

41) کونسا طریقہ ریاضی کی تدریس کیلئے موزوں نہیں ہے۔

(1) کلچر طریقہ (2) استقرائی طریقہ (3) استخراجی طریقہ (4) مظاہراتی طریقہ

42) کس ریاضی داں نے استخراجی طریقہ کی خوب تشہیر کی

(1) پستالوزی (2) جان ڈیوی (3) کومینس (4) بیلارڈ

43) یہ استخراجی طریقہ کی خامی ہے۔

(1) اس میں حافظہ کو اہمیت حاصل ہے (2) مشق، اعادہ کو اہمیت نہیں دی جاتی

(3) فوقانوی سطح کے طلباء کے لیے موزوں نہیں ہے (4) ضابطے سے متعلق شکوک وشبہات دور نہیں ہوتے

44) کونسا تدریسی طریقہ ذہانتی قوت کو پیدا کرتا ہے۔

(1) استقرائی (2) استخراجی (3) تحلیلی (4) ترکیبی

45) معلم نے $\left(x^4\right)^3$ کے حل کے لیے $\left(a^m\right)^n = a^{m \times n}$ کا استعمال کرتے ہوئے $\left(x^4\right)^3 = x^{12}$ بتایا۔ اس نے کونسا تدریسی طریقہ استعمال کیا۔

(1) استخراجی طریقہ (2) استقرائی طریقہ (3) تحلیلی طریقہ (4) ترکیبی طریقہ

46) لفظ Heaurisic کس زبان سے ماخذ ہے۔

(1) یونانی (2) اٹلی (3) لاطینی (4) فرانسیسی

47) یونانی زبان میں ''ہورسکو'' سے مراد

(1) اچھا طریقہ (2) میں دریافت کوں گا (3) آسان راستہ (4) بیرونی ماحول

48) انکشافی طریقہ کس طریقہ کی ضد ہے۔

(1) لکچر (2) مظاہراتی (3) تجرباتی (4) ترکیبی طریقہ

49) انکشافی طریقہ میں معلم کا رول

(1) بے احد اہم (2) بطور رہبر (3) نگران کار (4) یہ تمام

50) انکشافی طریقہ کی خصوصیت

(1) یہ رٹنے، یاد کرنے کے عمل کو کم کرتا ہے (2) طلبا خود سے سوچتے ہیں

(3) طلبا، عملی طور پر حصہ لیتے ہیں (4) یہ تمام

51) عمل کے ذریعہ سیکھنا، غور وفکر کے ذریعہ سیکھنا ان اصولوں پر منحصر طریقہ ہے

(1) انکشافی طریقہ (2) منصوبائی طریقہ (3) تجرباتی طریقہ (4) لکچر۔ مظاہراتی طریقہ

52) منصوبائی کام کا پہلا مرحلہ

(1) منصوبہ بندی (2) پراجکٹ کا انتخاب (3) رپورٹ لکھنا (4) صورت حال پیدا کرنا

53) آنکھ اور کان کے استعمال کے ذریعہ طلبا میں ہمہ تن توجہ Concentration پیدا کرنے والا کام

(1) تحریری کام (2) زبانی کام (3) منصوبائی کام (4) یہ تمام

54) اعداد کی تبدیلی کے ذریعہ ایک ہی مسئلہ کا بار بار حل کرنا

(1) زبانی کام (2) مشق (3) تیزی (4) غلطیوں کی تصحیح

55) حسب ذیل میں زبانی کام کا استعمال ہوتا ہے۔
(1) غلطیوں کی تصحیح کے لیے (2) سابقہ معلومات کی جانچ کے لیے
(3) Speed & Accuracy بڑھانے کے لیے (4) یہ تمام

56) یہ عمل ریاضی کے تصورات اور ضوابط کے اصولوں کو مستحکم کرتا ہے۔
(1) مشق (2) زبانی کام (3) تحریری کام (4) منصوبائی کام

57) منصوبہ سبق کی ضرورت
(1) مطلوبہ استعدادوں کے حصول کے لیے (2) دلچسپ تدریس کے لیے
3) اساتذہ میں خوداعتمادی کے لیے (4) یہ تمام

58) ریاضی کے نصاب کے تدوین کرنا کس کی ذمہ داری ہے۔
(1) مدرسہ (2) صدر مدرس (3) ریاضی کا مدرس (4) حکومت

59) منصوبہ سبق کے مدارج متعین کرنے والا ماہر تعلیم
(1) بلوم (2) ہربارٹ (3) آرم سٹرانگ (4) ینگ

60) اکائی منصوبہ بندی کے دوران ان نکات کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔
(1) ذیلی اکائی (2) یونٹ کے مقاصد تصریحات (3) یونٹ کے لیے متعینہ گھنٹے (4) یہ تمام

61) ہربارٹ کے مدارج کا پہلا مرحلہ
(1) پیشکش (2) عمومیت (3) ابتدائیہ (4) نتائج

62) ہربارٹ کے مطابق منصوبہ سبق کے مرحلے
(1) 5 (2) 4 (3) 6 (4) 7

63) ریاضی کے اکتساب میں آسانی کے لیے نصاب کی ان میں تقسیم کی جاتی ہے۔
(1) حصول میں (2) اسباق میں (3) یونٹ میں (4) یہ تمام

64) "Curriculum" لفظ کس زبان سے لیا گیا ہے۔
(1) یونانی (2) جرمنی (3) لاطینی (4) عربی

65) 'منصوبہ سبق' سبق کے اہم نکات کا خاکہ ہے جن کو ترتیب میں رکھا گیا ہے اور اس کو معلم کی جانب سے طلبا میں پیش کرنا ہوتا ہے۔ یہ قول کس کا ہے
(1) بیکن (2) گوڈ (3) ہربارٹ (4) بلوم

66) منصوبہ سبق اکتساب کی ترتیب' منصوبہ بندی اور تنظیم ہے جس کی نگرانی معلم کرتا ہے۔ یہ کس نے کہا
(1) ولیم جیمس (2) ڈیوس (3) کینٹ (4) بیکن

67) پیشکش منصوبہ سبق کا کونسا مرحلہ ہے۔
(1) تیسرا (2) دوسرا (3) چوتھا (4) آٹھواں

68) نصاب دراصل ان مشاغل کا مجموعہ ہے جو طلبا کے تعلیمی مقاصد کے حصول کے لیے مدرسہ کی جانب سے پیش کیا جاتا ہے' یہ کس نے کہا
(1) Cunningham (2) ہربارٹ
(3) Alberty.A & Alberty.E (4) رانا

69) نصاب دراصل (آرٹسٹ) معلم کے ہاتھ میں پایا جانے والا اوزار ہے جس سے وہ اپنے (اشیاء) طلبہ کے خیالات کے لحاظ سے اپنے (اسٹوڈیو) مدرسہ میں موڑ سکتا ہے۔ یہ کس کا قول ہے۔

(1) رونالڈروس (2) بیکن (3) رابرٹ (4) کننگھم

70) نصاب سے مراد

(1) طالب علم کا مدرسہ میں سیکھا گیا علم (2) مضمون کو سیکھنے کیلئے درکار اشیاء

(3) طالب علم کے مدرسہ سے تعلق رکھنے والے تمام اکتسابی تجربات (4) یہ تمام

71) منصوبہ سبق میں اعادہ کی اہم وجہ

(1) طلبا کی ترقی کا اندازہ لگانا (2) اپنی جانچ کرنا

(3) طلبا کے اکتسابی تجربات سے واقفیت حاصل کرنا (4) تدریسی مقاصد کا حصول کس حد تک ہوا؟ معلوم کرنا

72) درسی کتاب کے مضامین اس طرح ہونے چاہئیں۔

(1) بنیادی تصورات کو فروغ دینے والے مضامین پر مشتمل ہونے چاہئیں (2) حقائق پر مشتمل

(3) آسان سے مشکل کی طرف (4) یہ تمام

73) ریاضی کی درسی کتاب کی یہ خصوصیات ہونی چاہیے۔

(1) اس میں تحریری کام کے لیے مناسب جگہ ہونی چاہیے (2) صلاحیتوں کے فروغ کیلئے مشق ہونی چاہیے

(3) طلبا میں نظم وضبط بڑھانے والی (4) بچوں کے وقت کو ضاع ہونے سے بچانے والی

74) جانچ

(1) شخص کی یادداشت کی بنیاد پر (2) برتاؤ میں ہونے والی تبدیلی کی بنیاد پر

(3) طلبا کے خاموش رہنے پر (4) یہ تمام

75) سوچنے کی صلاحیت، طریقہ کار حقائق، مشق، بنیادی معلومات، یہ تمام کس میں موجود ہونا چاہیے۔

(1) ورک بک (2) درسی کتب (3) گائیڈ (4) سوالات بنک

76) یہ طریقہ درج ذیل میں مضمون Syllabus سے تعلق نہیں رکھتا۔

(1) عنوانی (2) مرغولی طریقہ (3) نفسیاتی طریقہ (4) مشغلاتی طریقہ

77) منطقی سوچ کو اہمیت دینے والا طریقہ

(1) منطقی (2) نفسیاتی (3) ذیلی عنوان (4) ہم مرکزی

78) عنوانی Topical Approach کا دوسرا نام

(1) عنوانی طریقہ (2) منطقی طریقہ (3) ذیلی عنوان (4) ہم مرکزی

79) اس سبق کے بعد دوسرے سبق کی تدریس ہونی چاہیے۔ یہ ریاضی کا کونسا طریقہ ہے۔

(1) منطقی طریقہ (2) نفسیاتی طریقہ (3) عنوانی طریقہ (4) ہم مرکزی طریقہ

80) اچھے سوال کی خوبیاں

(1) دلچسپ اور دلچسپی کو پروان چڑھانا (2) صحیح مقصد کی پہچان

(3) تقلیدی صلاحیت اور سماجی اقدار اس میں موجود ہوں (4) یہ تمام

81) ریاضی کا وہ کونسا مشغلہ ہے جو طلبا میں کمرہ جماعت کے ماحول کی اکتاہٹ اور عدم دلچسپی کو دور کرتا ہے۔
(1) ریاضی کا کلب (2) ریاضی کا کتب خانہ (3) ریاضی کی کتاب (4) ریاضی کے ضوابط

82) اکتساب میں سست طلبا کے سستی کی وجہ
(1) I.Q. کم ہونا (2) بار بار مدرسہ بدلنا (3) مدرسہ سے غیر حاضری (4) معلم اور طلبا میں ربط نہ ہونا

83) Association for improvement of Maths Education یہاں واقع ہے۔
(1) گنٹور (2) وجئے واڑہ (3) چینائی (4) حیدرآباد

84) پڑھائی کی ترقی میں راہ دکھانے والے
(1) آزمائش (2) جانچ (3) نصاب (4) مضمون

85) تعلیم نظام کے اہم نکات
(1) مقاصد سیکھنے کے تجربات' جانچ کے تکنیک (2) تصریحات' تاثراتی علاقہ' معروضات
(3) حرکی علاقہ' نفسیاتی علاقہ' مفروضات (4) ان میں سے کوئی نہیں

86) آزمائش کی کتنی قسمیں ہیں؟
(1) 3 (2) 5 (3) 18 (4) 20

87) Anecdotal Record کتنے دنوں میں ایک بار تحریر کرنا چاہیے۔
(1) 2 مہینے (2) 6 مہینے (3) 4 مہینے (4) 9 مہینے

88) اچھے سوال کی یہ خصوصیت ہونی چاہیے۔
(1) Validity (2) Reliability (3) Objectivity (4) یہ تمام

89) انٹرویو کی کتنی قسمیں ہیں۔
(1) 7 (2) 5 (3) 9 (4) 12

90) Rating Scales کے کتنے اقسام ہیں؟
(1) 7 (2) 5 (3) 9 (4) 4

91) ریاضی ہماری تہذیب کا آئینہ ہوتی ہے' یہ بیان ریاضی کی کس قدر کو ظاہر کرتی ہے۔
(1) جمالیاتی قدر (2) ثقافتی قدر (3) افادی قدر (4) تنظیمی قدر

92) مشق ان اصولوں پر مبنی ہے۔
(1) لطف اندوزی اور استحسان (2) قانون مشق اور اکتساب بذریعہ عمل
(3) اکتساب بذریعہ عمل اور اکتساب بذریعہ تجربہ (4) قانون مشق اور قانون آمادگی

93) ریاضی کے مختلف شاخوں کے درمیان ہم رشتگی کی مثال؟
(1) ریاضی اور فزیکس (2) فزیکس اور کیمسٹری (3) جیومٹری اور الجبرا (4) ریاضی اور کیمسٹری

94) کس ریاضی داں کے نام سے پہلا مصنوعی سیارہ داغا گیا۔
(1) بھاسکرا چاریہ (2) رامانجم (3) آریا بھٹ (4) برہم گپتا

95) مثلث کا رقبہ جس کے تینوں ضلع دیئے گئے ہوں معلوم کرنے کا ضابطہ $\sqrt{s(s-a)(s-b)(s-c)}$ کس نے پیش کیا۔

(1) بھاسکراچاریہ (2) ہیرون (3) جارج کٹور (4) پاسکل

96) کونسا تدریسی طریقہ استقرائی طریقہ کا تجربی حصہ اور انکشافی طریقہ کا عملی کام ہے۔

(1) تجرباتی طریقہ (2) انکشافی طریقہ (3) مسائل کے حل کا طریقہ (4) منصوبائی طریقہ

97) عام سے خاص کی طرف بڑھنے والا طریقہ

(1) Problem Solving طریقہ (2) استقرائی طریقہ

(3) استخراجی طریقہ (4) لیبارٹری طریقہ

98) لیبارٹری طریقے میں معلم کا کردار

(1) فلسفی (2) مددگار (3) حکمراں (4) نگران کار

99) ریاضی کے ذہین طلبا کی پہچان کا ٹسٹ Talent Search Test پہلی مرتبہ کس ادارہ نے منعقد کیا۔

(1) NCERT، نئی دہلی (2) SCERT، حیدرآباد (3) CBSE، نئی دہلی (4) SITE، حیدرآباد

100) جانچ کے کتنے اقسام ہوتے ہیں۔

(1) 3 (2) 4 (3) 5 (4) 9

101) کسی قوم کی معاشی اور ٹکنالوجی کے فروغ کے لیئے ضروری مضمون ہے

(1) علم سائنس (2) علم ریاضی (3) علم معاشیات (4) علم سماجیات

102) موجودہ دور میں دنیا میں سب سے زیادہ اہمیت ہے

(1) سائنس اور ٹکنالوجی (2) معاشیات (3) شعبہ طب (4) سماجیات

103) ''علم ریاضی بچوں کی تربیت میں غوروفکر و جوہات کا پتہ لگانے تحلیل کرنے اور منطقی انداز کو فروغ دینے کی صلاحیتوں کو پروان چڑھانے والی سواری کی طرح نظر آنا چاہیئے'' یہ الفاظ کس پالیسی کے تحت ہیں

(1) NPE-1986 (2) RTE-2009 (3) قومی درسیاتی خاکہ 2005 (4) POA-1912

104) فیثاغورث کی پیدائش کونسے مقام پر ہوئی

(1) Samus (2) Somas Ionia (3) یونان (4) مصر

105) فیثاغورث کو علم ریاضی اور علم فلکیات سے دلچسپی پیدا کروانے والا استاد کون تھا

(1) Pherekydis (2) Miletus (3) Thalis (4) Cosmology

106) فیثاغورث Samos میں ایک اسکول کھولا جسکا نام تھا

(1) Babylon (2) Combyses (3) Sami circle (4) Pythais

107) کسی بھی قائمہ الزاویہ مثلث میں وتر کا مربع باقی دو اضلاع کے مربعوں کے مجموعہ کے مساوی ہوتا ہے۔ یہ مشہور مسئلہ کس کے نام سے مشہور ہے

(1) Euclid (2) فیثاغورث (3) Rene Descarts (4) George Cautor

108) "n" اضلاع والی بند منتظم شکل کے اندرونی زاویوں کا مجموعہ (4-n)(2) زاویہ قائمہ ہوتا ہے۔ اس عمومیت کو کس نے پیش کیا

(1) فیثاغورث (2) آرشمیدس (3) Euclid (4) رامانجن

109) ''دائرہ سب سے زیادہ رقبہ کا گھیراؤ کرتا ہے''۔اس خصوصیت کو سب سے پہلے کس ریاضی داں نے پیش کیا

(1) آرشمیدس (2) فیثاغورث (3) جارج کینٹر (4) بھاسکرآچاریہ

110) جارج کینٹر ریاضی داں کہاں کا رہنے والا تھا

(1) یونان (2) مصر (3) جرمنی (4) برلین

111) علم مثلث کے تفاعلی سلسلہ کو کس نے پیش کیا

(1) جارج کینٹر (2) فیثاغورث (3) آرشیمدس (4) Rene Descarts

112) کس ریاضی داں نے ثابت کیا کہ (0,1) کے وقفہ میں ایک تا ایک مطابقت پائی جاتی ہے

(1) Rone Descarts (2) جارج کینٹر

(3) بھاسکراچاریہ (4) فیثاغورث

113) رینے ڈیسکارٹس (Rene Descartes) کہاں کا ریاضی داں تھا

(1) جرمنی (2) یونان (3) مصر (4) فرانس

114) رینے ڈسکارٹ نے ریاضی کے کس شعبہ میں اپنا اشتراک پیش کیا

(1) جیومٹری (2) الجبرا (3) تحلیلی جیومٹری (4) حساب

115) آریہ بھٹا کس ملک کا ریاضی داں تھا

(1) سری لنکا (2) ہندوستان (3) جرمنی (4) یونان

116) آریہ بھٹا کا زیادہ تر ریاضی کا وہ کونسا حصہ ہے جس میں وہ اشتراک پیش کیا

(1) مستوی علم مثلث (2) علم فلکیات (3) الجبرا (4) حساب

117) صفر کے تصور کو کس نے پیش کیا

(1) آریہ بھٹا (2) بھاسکراچاریہ (3) رامانجن (4) فیثاغورث

118) $\pi = 3.1416$ کی قدر کو کس ریاضی داں نے پیش کیا

(1) بھاسکراچاریہ (2) سری نیواس رامانجن (3) آریہ بھٹا (4) فیثاغورث

119) زمین کا محیط 28,835 میل ہے کس ریاضی دان نے زمین کے محیط کی پیائش کی

(1) آریہ بھٹا (2) بھاسکراچاریہ (3) رامانجن (4) جارج کینٹر

120) 1975ء میں فضاء میں چھوڑے گئے مصنوعی سیارہ کا نام کیا تھا

(1) پرتھیوی (2) آریہ بھٹا (3) اگنی (4) Insat - I

121) بھاسکراچاریہ کہاں پیدا ہوا تھا

(1) کیرالا (2) ٹاملناڈو (3) وجے پورا (4) بنگال

122) Lilavathi اور Bijaganitha کس نے لکھی

(1) بھاسکراچاریہ (2) آریہ بھٹا (3) سرینواس رامانجن (4) شکنتلا

123) The Siddhanta siromani کس مضمون کی کتاب ہے

(1) علم فلکیات (2) علم ریاضی (3) سنسکرت (4) ہندی

124) لامتناہی کا تصور پیش کرنے والا ریاضی داں

(1) بھاسکراچاریہ (2) آریہ بھٹا (3) برہما گپتا (4) سرینواس رامانجن

125) دائرہ کا رقبہ×4=کرہ کا رقبہ یہ ضابطہ پیش کرنے والا ریاضی داں کون تھا

(1) آریہ بھٹا (2) بھاسکراچاریہ (3) برہما گپتا (4) سرینواس رامانجن

126) سرینواس رامانجن کی پیدائش کب ہوئی

(1) 22 ڈسمبر 1887 (2) 11 نومبر 1972 (3) 11 سپٹمبر 1857 (4) 12 اکٹوبر 1887

127) ہندوستان میں یوم ریاضی کب منایا جاتا ہے

(1) 22 ڈسمبر (2) 28 فروری (3) 14 اگست (4) 2 اکٹوبر

128) رامانجن عدد کونسا ہے

(1) 1857 (2) 1729 (3) 1887 (4) 1920

129) اعداد کے نظریہ میں سب سے زیادہ تعاون کس ریاضی داں کا رہا

(1) بھاسکراچاریہ (2) آریہ بھٹا (3) برہما گپتا (4) سرینواس رامانجن

130) رامانجن کا انگلینڈ میں استاد کون تھا

(1) فیثاغورث (2) رینے ڈیکارٹ (3) Hardy (4) جارج کینٹر

131) مختلف پیشے جیسے کہ انجینئرنگ، اکونٹنگ، Geologists، Technicians وغیرہ کے فروغ سے ریاضی کے کونسے اقدار میں اضافہ ہوتا ہے

(1) پیشہ وارانہ اقدار (2) سماجی اقدار (3) افادی اقدار (4) سائنسی اقدار

132) موسیقی، شاعری۔ آرکیٹیکچر، فن تعمیر، رقص وغیرہ سے ریاضی کے کونسے اقدار میں اضافہ ہوتا ہے

(1) تہذیبی اقدار (2) نظم وضبط کے اقدار (3) جمالیاتی قدر (4) سماجی اقدار

133) مختصر محاصل جسکو معلم اپنی روزمرہ کی تدریس میں حاصل کرتا ہے، اسکو کہتے ہیں

(1) مقاصد (2) معروضہ (3) تصریحات (4) نتیجہ

134) طلباء کی جانب سے سیکھے ہوئے تعلیمی مواد کو پیش کرنا کیا کہلاتا ہے

(1) مقصد (2) معروضہ (3) تصریحات (4) نتیجہ

135) Blooms کے مطابق، تدریسی معروضات کو کتنے علاقوں میں تقسیم کیا گیا ہے

(1) 2 (2) 3 (3) 4 (4) 5

136) معلومات، تفہیم، اطلاق، تحلیل، تالیف اور جانچ یہ معروضات کس تعلیمی معروضہ کے علاقہ میں شامل ہیں

(1) حرکیاتی علاقہ (2) تاثراتی علاقہ (3) مملکتی علاقہ (4) یہ تمام

137) معروضہ، معلومات کے تصریحات کیا ہیں

(1) دہرانا، شناخت کرنا (2) تعریف کرنا، شکل اُتارنا (3) انتخاب کرنا، تحلیل کرنا (4) غلطیوں کی نشان دہی کرنا

138) نتائج کی تصدیق کرنا، پیش گوئی کرنا، مفروضات کو مرتب کرنا، کس تعلیمی معروضہ کی تصریحات ہیں

(1) معلومات (2) تفہیم (3) اطلاق (4) دلچسپی

139) دلچسپی، مثبت رجحان، سائنسی رجحان یہ معروضات کس تعلیمی علاقہ میں شامل ہیں

(1) مملکتی علاقہ (2) تاثراتی علاقہ (3) حرکیاتی علاقہ (4) ان تمام میں

140) حرکیاتی علاقہ کے معروضات کو حاصل کرنے کے لیئے طلباء کو کن کن علاقہ میں عبور حاصل کرنا پڑتا ہے

(1) مملکتی علاقہ (2) تاثراتی علاقہ

(3) خود حرکیاتی علاقہ (4) مملکتی علاقہ اور تاثراتی علاقہ دونوں میں

141) بلوم کی لکھی ہوئی کتاب کا نام کیا ہے

(1) Bloon's Taxonomy (2) Bloom's Taxonomy of Educational Objectives

(3) Educaitonal objectives (4) Bloom's General Objectives and Specifications

142) Curriculum کے لفظی معنی ہیں

(1) Course to be run (2) Running course (3) Course (4) Run

143) نصاب تمام اکتسابی تجربات کا مجموعہ ہے جو طلباء کو مدرسہ کی جانب سے فراہم ہوتے ہیں'' نصاب کی اس تعریف کو کس نے پیش کیا

(1) Cunningham (2) Albert

(3) H.Robert Beck (4) H.Robert Beck & W.Waltercook

144) ''نصاب ایک آرٹسٹ (معلم) کے ہاتھ میں ایک اوزار ہے جس سے وہ اپنے اشیاء (طلباء) کو اپنے خیالات کے لحاظ سے اپنی اسٹوڈیو (مدرسہ) میں موڑ سکتا ہے'' نصاب کی یہ جامع تعریف کس نے پیش کی

(1) H.Robort (2) Cunningham (3) Dictionary of Edu. (4) Alberty

145) ''ریاضی کا نصاب پر، سائنسی اور صنعتی انقلاب کی ترقی کا انحصار ہے، ریاضی کے نصاب میں وہ تمام منصوبہ بند ترتیب وار مشاغل شامل ہیں جو انفرادی / گروہی طور پر طلباء کی جانب سے معلم کی نگرانی میں مدرسہ کے اندر یا باہر انجام دی جاتی ہے۔ یہ الفاظ کس کمیشن کی جانب سے دیئے گئے ہیں

(1) NPE-1986 (2) کوٹھاری کمیشن 66-1964 (3) P.O.A 1992 (4) R.T.E 2009

146) ریاضی کے معلم کے لیئے اکتسابی مشاغل، طریقہ تدریس تدریسی اور اکتسابی ذرائع، جانچ کے موزوں طریقہ وغیرہ کے مدد فراہم کرتا ہے

(1) نصاب ریاضی (2) خاکہ نصاب (3) درسیاتی خاکہ (4) یہ تمام

147) نصاب ریاضی کی منصوبہ بندی کے اہم مرحلے

(1) نصاب کا انتخاب اور نصاب کی درجہ بندی (2) نصاب کی تدوین اور نصاب کی عمل آواری

(3) نصاب کی تدوین اور نصاب کی تنظیم (4) نصاب ریاضی اور جانچ

148) ریاضی کے نصاب کی تدوین کا اہم اصول

(1) معلم مرکوز (2) سماجی مرکوز (3) طفل مرکوز (4) سائنسی مرکوز

149) نصاب ریاضی کی تدوین میں کونسی اقدار شامل کرنا چاہیئے

(1) عملی، تہذیبی اقدار (2) نظم وضبط اور جمالیاتی اقدار

(3) سماجی اور تہذیبی اقدار (4) یہ تمام اقدار

150) نصاب ریاضی لکچدار ہونی چاہیئے تاکہ

(1) موجودہ دور کی مانگ کو پورا کیا جاسکے (2) طلباء کی ضرورتوں کا لحاظ رکھا جاسکے

(3) ریاضی کی جدید ترقی، سائنسی معلومات، ٹکنالوجی کی جدید ترقی کو اپنے اندر پناہ دے سکیں

(4) عوام کی معاشی ترقی کا لحاظ رکھا جاسکے

151) ریاضی کی تنظیم میں منطقی اور نفسیاتی اصول میں خیال رکھنا چاہیئے

(1) ریاضی کے مشکل مضامین کو آخر میں شامل کرنا چاہیئے

(2) ریاضی کے عنوانات کی ترتیب کے تسلسل کو ابھرتے معیار کے مطابق شامل کرنا چاہیئے

(3) آسان سے مشکل کی جانب ترتیب دینا

(4) منطقی اعتبار سے زیادہ نفس مضمون کو شامل کرنا

152) تنظیم ریاضی میں محرکہ کا اصول کس طرف اشارہ کرتا ہے

(1) طلباء ریاضی کے سیکھنے میں دلچسپی لیں

(2) ریاضی کے ہر عنوان کو شروع کرنے سے پہلے طلباء کے سابقہ معلومات کی جانچ کی جائے

(3) ریاضی کے ہر عنوان کو سیکھنے کے لیئے طلباء کو آمادہ کیا جائے

(4) ریاضی کے ہر نئے عنوان کو سیکھنے کے لیئے طلباء کے سابقہ معلومات کی جانچ کرتے ہوئے نئے عنوان کو سیکھنے پر آمادہ کیا جائے

153) ریاضی کے نصاب کی تنظیم میں ان طلباء کے انفرادی ضرورتوں کا خیال رکھنا چاہیئے

(1) فطین طلباء (2) سست آموز طلباء

(3) دیہی اور شہری علاقوں کے طلباء (4) سست آموز اور اوسط طلباء

154) نفسیاتی طریقہ میں ریاضی کے عنوانات کی ترتیب ہوتی ہے

(1) طلباء کی عمر اور جماعت کے معیار کے لحاظ سے (2) طلباء کی ضرورت اور دلچسپی کے لحاظ سے

(3) طلباء کی عمر، دماغی پختگی، ضرورت، معیار کی سطح اور قوت یاداشت کے لحاظ سے

(4) مضمون کے عنوانات کی طوالت، دلچسپی اور سماجی ضرورتوں کے لحاظ سے

155) عنواتی طریقہ میں ریاضی کے نصاب کو اس طرح ترتیب دیا جاتا ہے

(1) ریاضی کے کسی ایک عنوان کو کسی جماعت میں شروع کیا جائے تو مکمل طور پر اس عنوان کو اسی جماعت میں ختم کیا جانا چاہیئے

(2) مختلف عنوانات کے چھوٹے چھوٹے حصوں کو چھوٹی جماعتوں میں پڑھانا چاہیئے

(3) عنوانات کے چھوٹے اور آسان مواد کو نچلی جماعتوں میں اور مشکل اور بڑے حصوں کو بڑی جماعتوں میں پڑھانا چاہیئے

(4) طلباء کی ضرورتوں کے لحاظ سے ان کی ذہنی صلاحیتوں کے لحاظ سے آسان عنوانات کو ہی پڑھایا جائے باقی چھوڑ دیا جائے

156) ریاضی کے نصاب کی تدوین کے طریقے میں ہم مرکز اور مرغولی طریقہ میں ایسا ہونا چاہئے
(1) ریاضی کے مختلف عنوانات کو مختلف جماعتوں میں چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کر کے پڑھانا چاہئے
(2) ایک ہی جماعت میں ایک عنوان کو مختلف وقفوں میں پڑھانا چاہئے
(3) مختلف عنوانات کو اسکے ذیلی عنوانات میں تقسیم کر کے مختلف جماعتوں میں اسکے مشکل سطح کے لحاظ سے پڑھانا چاہئے
(4) چھوٹی جماعت میں آسان عنوانات، بڑی جماعتوں میں مشکل عنوانات پڑھانا چاہئے

157) مدرسوں میں ریاضی کی درسی کتاب نصاب کی تدوین کے کس طریقہ کو اپنا کر بنائی گئی ہے
(1) منطقی طریقہ (2) نفسیاتی طریقہ (3) عنوانی طریقہ (4) ہم مرکز اور مرغولی طریقہ

158) مدرسہ کے نصاب میں ریاضی کا مقام کیا ہے
(1) اہم مضمون ہے (2) لازمی مضمون ہے (3) اختیاری مضمون ہے (4) غیر ضروری مضمون ہے

159) وقت اور توانائی کو ضائع کئے بغیر تدریسی مقاصد کو حاصل کرنے کے لیئے نفس مضمون کو منظّم اور ترتیب وار پیش کرنے کا طریقہ عمل کہلاتا ہے
(1) طریقہ تدریس (2) عنوانی طریقہ (3) مرکوزی طریقہ (4) نفسیاتی طریقہ

160) استقرائی طریقہ تدریس کو پیش کرنے والا ماہر تعلیم
(1) روسو (2) Pestalozi (3) Becm (4) Frobel

161) کائنات کے حقائق یا مسئلوں کو ثابت کرنے کا عمل
(1) استقرا (2) استخراج (3) انکشاف (4) تجربات

162) کسی ریاضی کے جملہ یا مسئلوں کو عمومیت تک پہونچانا اس طریقہ میں شامل ہے
(1) انکشافی طریقہ (2) استقرائی طریقہ (3) استخراجی طریقہ (4) تالیفی طریقہ

163) ریاضی کے ذہین وفطین طلباء کیلئے یہ طریقہ موزوں نہیں ہے
(1) استقرائی طریقہ (2) انکشافی طریقہ (3) تحلیلی طریقہ (4) تالیفی طریقہ

164) کونسا طریقہ تدریس استقرائی طریقہ کا معکوس طریقہ ہے
(1) استقرائی طریقہ (2) استخراجی طریقہ (3) تحلیلی طریقہ (4) تالیفی طریقہ

165) پیچیدہ و مرکب اصولوں سے سادہ مثالوں کی طرف آگے بڑھنے والا طریقہ ہے
(1) استقرائی طریقہ (2) تحلیلی طریقہ (3) تالیفی طریقہ (4) استخراجی طریقہ

166) عارضی مفروضہ کو تلاش کرنا، مرتب کرنا اور تصدیق کرنا اس طریقہ کے مراحل ہیں
(1) استخراجی طریقہ (2) استقرائی طریقہ (3) تحلیلی طریقہ (4) تالیفی طریقہ

167) ایک ضابطہ یا اصول کے تحت سوالات کو حل کرنا اس طریقہ میں موجود ہوتا ہے
(1) استخراجی طریقہ (2) استقرائی طریقہ (3) انکشافی طریقہ (4) مسائل کے حل کا طریقہ

168) دیئے ہوئے شرطیہ جملوں کے نتیجہ کو لیکر جملہ کے مفروضہ کو ثابت کرنا اس طریقہ میں شامل ہے
(1) استقرائی طریقہ (2) استخراجی طریقہ (3) تحلیلی طریقہ (4) تالیفی طریقہ

169) کس طریقہ میں طلباء کو استفسار اور ایجادی جذبہ کو فروغ دینے کا موقع ملتا ہے
(1) استخراجی طریقہ (2) تحلیلی طریقہ (3) تالیفی طریقہ (4) انکشافی طریقہ

170) کس طریقہ تدریس میں شرطیہ جملے کے مفروضہ کو لیکر نتیجہ اخذ کیا جاتا ہے
(1) تالیفی طریقہ (2) تحلیلی طریقہ (3) انکشافی طریقہ (4) لیبارٹری طریقہ

171) انکشافی طریقہ تدریس کا موجد کون ہے
(1) Ryburn (2) روسو (3) H.E.Armstrong (4) فروبل

172) سائنسی استفسار کے جذبہ کو پروان چڑھانا کس طریقہ تدریس میں شامل ہے
(1) انکشافی طریقہ (2) تالیفی طریقہ (3) تجربہ خانہ کا طریقہ (4) مسئلہ کے حل کا طریقہ

173) ''طلباء میں انفرادی عملی کام، بغور مشاہدہ کرنے، آزادی سے غور وفکر کرنے پر زور دینا اور خود اعتمادی بڑھانا'' اس طریقہ میں شامل ہے
(1) پروجکٹ طریقہ (2) انکشافی طریقہ (3) لیبارٹری طریقہ (4) تحلیلی طریقہ

174) کونسا طریقہ تدریس طفل مرکوز اور نفسیاتی طریقہ ہے
(1) پروجکٹ طریقہ (2) انکشافی طریقہ (3) لیبارٹری طریقہ (4) تحلیلی طریقہ

175) ریاضی کے کسی مشکل مسئلہ کا باشعور، بامقصد طریقہ سے حل ڈھونڈ نکالنا اس طریقہ میں شامل ہے
(1) انکشافی طریقہ (2) پروجکٹ طریقہ (3) مسئلہ کے حل کا طریقہ (4) لیبارٹری طریقہ

176) مسئلہ کی شناخت کرنا، تحلیل کرنا، مفروضات قائم کرنا، جانچ کرنا اور نتیجہ اخذ کرنا اس طریقہ تدریس کے مراحل ہیں
(1) پروجکٹ طریقہ (2) لیبارٹری طریقہ (3) مسئلہ کے حل کا طریقہ (4) کھیل کود کا طریقہ

177) طلباء کے ذہن کو کشادگی، قوت برداشت کو فروغ دینا، خود اعتمادی اور خود انحصاری کو فروغ دینا اور مسئلہ کے کئی پہلوؤں پر غور وفکر کرنا جیسے صلاحیتوں کو ابھارنا اس طریقہ کی خوبیاں ہیں
(1) مسئلہ کے حل کا طریقہ (2) لیبارٹری طریقہ (3) پروجکٹ طریقہ (4) مشغلاتی طریقہ

178) منصوبائی طریقہ (Project Method) کا بانی کون ہے
(1) روسو (2) H.E.Armstrong (3) Dr.Kilpatrik (4) فروبل

179) "Project is a plan of action" منصوبہ کی یہ تعریف کس کی جانب سے دی گئی ہے
(1) Dr.Kilpatrik (2) Ballerd
(3) Oxford's Advanced Learer's Dictionery (4) Stevenson

180) کس طریقہ تدریس میں اکتساب، نفسیاتی قوانین کی بنیاد پر مبنی ہے
(1) انکشافی طریقہ (2) منصوبائی طریقہ (3) لیبارٹری طریقہ (4) مشغلاتی طریقہ

181) منصوبائی طریقہ کے کتنے مراحل ہیں
(1) 4 (2) 5 (3) 6 (4) 7

182) کونسا طریقہ تدریس سماجی رابطہ کو فروغ دیتا ہے اور ایک دوسرے سے تعاون کرنے اور تبادلہ خیالات کے جذبے کو فروغ دیتا ہے
((1) لیبارٹری طریقہ (2) منصوبائی طریقہ (3) انکشافی طریقہ (4) تخلیقی طریقہ

183) طلباء کی کارکردگی، ترقی کی جانچ کیلئے مناسب ترکیب کونسی ہوسکتی ہے

(1) زبانی کام (2) تحریری کام (3) مشقی کام (4) تفویفی کام

184) ریاضی کے سیکھے ہوئے معلومات کومضبوطی سے قائم رکھنے کے لیئے کونسا کام بہتر ہوسکتا ہے

(1) زبانی کام (2) تحریری کام (3) مشقی کام (4) تفویفی کام

185) ایسے عملی کام جوطلباء کو یونٹ کے اختتام پر یونٹ کے متعلق ہوں جیسے کہ نمونہ تیار کرنا، معطیات جمع کرنا، فیلڈ ورک وغیرہ کو کیا کہتے ہیں

(1) عملی کام (2) گھر کا کام (3) تفویفی کام (4) مشقی کام

186) ناموزوں سوالات، غلط طریقہ تدریس ریاضی کے اس عمل میں رکاوٹ ڈالتا ہے

(1) مناسب حل (2) ریاضی میں صحت اور تیزی (3) غلط جوابات (4) طریقہ عمل

187) ریاضی کے ہندسوں، اعداد کو درست انداز میں مقامی قدروں کے لحاظ سے لکھنا، موزوں خاکے بنانا وغیرہ سے ریاضی کے اس عمل میں مددگار رہوتے ہے

(1) ریاضی میں صحت کو فروغ دینے (2) ریاضی کے تحاسبی عمل میں تیزی لانے میں

(3) ریاضی میں صحت اور تیزی پیدا کرنے میں (4) مناسب طریقہ عمل میں

188) کسی بھی کام کو کامیاب طریقہ سے مکمل کرنے کے لیئے ضروری ہے

(1) روپیہ، پیسہ (2) مزدوری (3) منصوبہ (4) مٹیریل

189) کسی ایک سبق کو مکمل اور کامیاب طریقہ سے پیش کرنے کے لیئے ضروری ہے

(1) منصوبہ بندی (2) منصوبہ سبق (3) درس وتدریسی اشیاء (4) ماہر معلم

190) تعلیمی سال کی ابتداء سے سال کے ختم تک کسی مضمون کو مکمل کرنے کا منصوبہ کہلاتا ہے

(1) منصوبہ بندی (2) منصوبہ سبق (3) سالانہ منصوبہ بندی (4) یونٹ منصوبہ بندی

191) سالانہ منصوبہ بندی میں شامل ہوتے ہیں

(1) خاکہ نصاب (2) نصابی ہم نصابی مشاغل

(3) تمام یونٹ منصوبہ بندی (4) خاکہ نصاب، نصابی اور ہم نصابی مشاغل

192) تعلیمی سال میں کام کے ایام کی تعداد ہوتی ہے

(1) 180 دن (2) 220 دن (3) 22 دن (4) 6 دن

193) کسی جماعت کے خاکہ نصاب کو مکمل کرنے کے لیئے کام کے ایام کی تعداد ہونی چاہیئے

(1) 220 دن (2) 90 دن (3) 180 دن (4) 365 دن

194) نویں جماعت کے نظام الاوقات میں ریاضی پڑھانے کے لیئے ہفتہ میں کتنے گھنٹے ہونے چاہیئے

(1) 6 گھنٹے (2) 8 گھنٹے (3) 4 گھنٹے (4) 7 گھنٹے

195) ریاضی کے چھوٹے چھوٹے مشترکہ مفہوم رکھنے والے عنوانات کو ایک جگہ جمع کرنا ہوتا ہے

(1) سبق (2) یونٹ (3) خاکہ نصاب (4) یہ تمام

196) تحلیل مواد، اکتسابی مشاغل، جانچ کا عمل اس کی منصوبہ بندی کے مراحل ہیں

(1) سبق منصوبہ (2) یونٹ منصوبہ (3) سالانہ منصوبہ (4) یہ تمام

197) ''منصوبہ سبق اکتساب کی ترتیب، منصوبہ بندی اور تنظیم ہے جس کی معلم نگرانی کرتا ہے'' یہ تعریف کس نے بیان کی ہے

(1) Good (2) Davies (3) Stand Laster (4) Bossing

198) B.Ed سطح کے منصوبہ سبق کو لکھنے کا طریقہ کس نے پیش کیا

(1) Spencer (2) John Fredrik Herbort

(3) Kilpatrik (4) Davies

199) منصوبہ سبق کے اختتامی دور Culminating Phases میں کونسے ذیلی مرحلے ہوتے ہیں

(1) سابقہ معلومات کی جانچ اور محرکہ (2) اعادہ سبق اور گھر کا کام

(3) اظہار مدعا (4) مطالعہ کی نگرانی

200) درس وتدریس کو موثر بنانے کے لیئے استعمال کی جانے والی اشیاء کو..... کہتے ہیں

(1) درس وتدریسی اشیاء (2) سمعی وبصری آلات (3) چارٹس (4) یہ تمام

201) L.C.D Projector درس وتدریسی اشیاء کی درجہ بندی میں اس زمرے سے تعلق رکھتا ہے

(1) Activity aid (2) NM Projected Aid

(3) Projected Aids (4) 3D Aids

202) Computer Assisted Institution (C.A.I) اس تدریسی اشیاء کی مثال ہے

(1) Projected Aid (2) NM Projected Aid

(3) Activity Aids (4) 2D Aids

203) Dale's کے تجرباتی مخروط کے لحاظ سے 90% معلومات طلباء کو حاصل ہوتے ہیں جبکہ

(1) طلباء مطالعہ کریں (2) طلباء دیکھیں اور سنیں (3) طلباء بولیں اور لکھیں (4) طلباء بولیں اور کریں

204) تعلیمی تفریح، درس وتدریس میں کس قسم کا مقام رکھتا ہے

(1) راست تجربہ (2) بالعکس تجربہ (3) اخذ کردہ تجربات (4) یہ تمام

205) درس وتدریس میں Multi Media کی بہترین مثال ہے

(1) CD's (2) LCD Projector (3) Power Point (4) Video Clips

206) فطین طلباء کا I.Q ہوتا ہے

(1) 120 (2) 100 (3) 140 (4) 100 سے کم

207) ایسا نصاب جو ان طلباء کے لیئے قابلیت کے جوہر دکھانے، تخلیقی صلاحیت، تحلیلی صلاحیت اور ریاضی کے مسئلوں پر آزادی سے کام کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ وہ طلباء کونسے ہو سکتے ہیں

(1) اوسط معیار کے طلباء (2) سست آموز طلباء (3) فطین طلباء (4) تمام قسم کے طلباء

208) کس قسم کے طلباء ریاضی کے Quize مقابلوں، مذاکرات، سیمنار، بحث ومباحثہ میں حصہ لے سکتے ہیں

(1) تمام قسم کے طلباء (2) اوسط معیار کے طلباء (3) فطین طلباء (4) سست آموز طلباء

209) Mathematic olympiad national talent search examination میں کونسے طلباء حصہ لیتے ہیں

((1) سست آموز (2) اوسط معیار کے طلباء (3) فطین طلباء (4) تمام معیار کے طلباء

210) سست آموز طلباء کا I.Q کتنا ہوتا ہے

(1) 140 (2) 120 (3) 100 (4) 100 سے کم

211) Progammed Instruction جیسے تدریسی پروگرام کس قسم کے طلباء کے لیئے مناسب ہے

(1) فطین طلباء (2) ذہین طلباء (3) سست آموز طلباء (4) اوسط طلباء

212) طلباء میں مسلسل طبیعی علت، عدم توجہ، معذور پن جماعت سے غیر حاضر رہنا وغیرہ انکی ذہانت پر اثر ڈالتا ہے جسکی وجہ سے وہ بن جاتے ہیں

(1) ذہین طلباء (2) سست آموز طلباء (3) فطین طلباء (4) اوسط طلباء

213) معلم کی خاص اور انفرادی دلچسپی کی وجہ سے دور ہوسکتا ہے

((1) طلباء کا معیار (2) طلباء کا بچھڑا پن (3) طلباء کی عدم دلچسپی (4) طلباء کی ذہنی کمزوری

214) ریاضی کو دلچسپی سے سیکھانے کے لیئے اور طلباء کو سیکھنے کے لیئے متحرک کرنے میں اہم کردار ادا کرنے والے ذرائع ہیں

(1) ریاضی کے کھیل (2) ریاضی کے معمہ (3) ریاضی کا کلب (4) ریاضی کے میلے

215) طلباء کے ایجادی، تخلیقی، جستجوئی شعبوں کو فروغ دینے والا ادارہ ہے

(1) ریاضی کی لیبارٹری (2) ریاضی کا کلب (3) ریاضی کے کھیل (4) ریاضی کے میلے

216) ریاضی کے کلب کا سرپرست کون ہوتا ہے

(1) ریاضی کا سینئر ٹیچر (2) مدرسہ کا صدر مدرس (3) دسویں جماعت کا لیڈر (4) اسکول کا ایک چپراسی

217) طلباء کو اپنے حقیقی عملی قدر کے تجربہ کا اسٹیج فراہم کرتا ہے

(1) ریاضی کا کلب (2) ریاضی کی لیبارٹری (3) ریاضی کا میلہ (4) ریاضی کی جماعت

218) ریاضی کے اساتذہ اور طلباء کیلئے ایک اسٹیج فراہم کرتا ہے تا کہ وہ اپنے خیالات، ایجادات کی مشق اپنے ساتھی اساتذہ اور عوام کے درمیان بانٹنے کا ذریعہ ہے

(1) ریاضی کا میلہ (2) ریاضی کا کلب (3) ریاضی کی لیبارٹری (4) ریاضی کے کھیل

219) علم ریاضی کی بدولت انسان اپنے جذباتی ردعمل انسانی تخلیق جیسے کہ آرٹ، آرکیٹکچر، نظم نگاری، موسیقی، ڈرامہ پینٹنگس کی شکل میں ظاہر کرتا ہے۔ یہ ریاضی کا.....کہلاتا ہے

(1) ریاضی کی خوبصورتی (2) ریاضی کی خصوصیت (3) ریاضی کا جمالیاتی پہلو (4) ریاضی کی تہذیب

220) $1\times11=11$

$11\times11=121$

$111\times11=1221$

$1111\times11=12221$

$11111\times11=122221$.....etc

اعداد کے اس وضع کو کہا جاتا ہے

(1) ترتیب (2) Pattern (3) Beauty (4) تواتر

221) ایک طرز عمل جو کسی فرد کو پیمائش کی قدر کا فیصلہ کرنے سے متعلق ہوتا ہے

(1) امتحان (2) جانچ (3) معیار (4) آزمائش

222) ایک طالب علم کی انفرادی نشوونما، کمزوری کی تفتیش اور اصلاحی پروگرام کے لیئے ضروری ہے

(1) امتحان (2) جانچ (3) آزمائش (4) معیاری ٹسٹ

223) دوران درس وتدریس طلباء کے محاصل کا منظّم طریقے سے جانچ کرنا کہلاتا ہے

(1) پیشگوئی جانچ (2) تشکیلی جانچ (3) تشخیصی جانچ (4) تخلیقی جانچ

224) کسی کورس یا تدریسی پروگرام کے اختتام پر طلباء کے محاصل کو درجہ دینے کا عمل کہلاتا ہے

(1) تشکیلی جانچ (2) پیشگوئی جانچ (3) تلخیصی جانچ (4) تشخیصی جانچ

225) کسی طالب علم کا معیار اطمیان بخش نہیں ہے تو اس طالب علم کی کمزوریوں کو جانچنے کا طریقہ کہلاتا ہے

(1) تشکیلی جانچ (2) پیشگوئی جانچ (3) تشخیصی جانچ (4) معیاری جانچ

226) طلباء کے کسی خاص مضمون میں کامیابی کے لیئے پس منظر مہارتوں اور قابلیتوں کی جانچ کہلاتی ہے

(1) تشکیلی جانچ (2) معیاری جانچ (3) پیشگوئی جانچ (4) تشخیصی جانچ

227) جانچ کے مختلف طریقے کہلاتے ہیں

(1) جانچ کے اوزار (2) جانچ کے حصے (3) جانچ کے معیارات (4) سوالنامے

228) طلباء کی زندگی کے اہم ضمنی واقعات کی رپورٹ کہلاتی ہے

(1) مشاہدات (2) Anecdotal Record (3) Inventory (4) چیک لسٹ

229) کسی طالب علم کی مکمل تعلیمی تاریخ کو فراہم کرنے والا ریکارڈ کہلاتا ہے

(1) Inventory (2) Anecdotal Record (3) اجتماعی کارڈ (4) Progress Record

230) طلباء کی ایک مخصوص حلقہ کے اکتساب کو تدریسی وقفہ کے بعد مکمل طور پر پیمائش کیا جانے والا اوزار ہے

(1) Case Study (2) تحصیلی ٹسٹ (3) معروضی ٹسٹ (4) شناختی ٹسٹ

231) ایسا سہ ابعادی چارٹ جسمیں معروضات، مواد مضمون سوالات کی قسمیں شامل کئے جاتے ہیں کہلاتا ہے

(1) موافقی تختہ (2) افقی تختہ (3) انتصابی تختہ (4) معروضائی تختہ

232) معطیات کے متماثلات یا غیر متماثلات کے نکات کے لحاظ سے ترتیب دینے کا عمل کہلاتا ہے

(1) تشریحات (2) تحلیل کرنا (3) درجہ بندی (4) شماریات

233) اوسط حسابیہ، وسطانیہ اور بہتاتیہ کہلاتے ہیں

(1) انتشاری پیمانوں کے ناپ (2) مرکزی میلانات کے ناپ

(3) وسطی قدریں (4) اوسط قدریں

234) معطیات میں اقل ترین اور اعظم ترین معطیات کا فرق کیا کہلاتا ہے

(1) وسعت (2) رقبہ (3) فرق (4) علاقہ

235) مرکزی میلان کا مثبت انحراف کا حسابی درمیانہ ہوتا ہے

(1) ربعی انحراف (2) درمیانہ انحراف (3) معیاری انحراف (4) حسابی انحراف

236) تدریس ریاضی کے مقاصد ہوتے ہیں

(1) مختصر مدتی محاصل (2) طویل مدتی محاصل (3) فوری حاصل ہوتے ہیں (4) کبھی بھی حاصل نہیں ہوسکتے

237) طلباء کو بنیادی اعمال میں مہارت حاصل کروانا، پیشہ وارانہ ضرورتوں کو پورا کرنا، ریاضی کے اس مقصد کی تکمیل کرتے ہیں

(1) عملی مقاصد (2) تہذیبی مقاصد (3) سماجی مقاصد (4) نظم وضبط کے مقاصد

238) طلباء کی تعمیری تخیل، ایجادی صلاحیت، تخلیقی سوچ کو فروغ دینا، ریاضی کے اس مقصد کی تکمیل کرتے ہیں

(1) افادی مقاصد (2) نظم وضبط کے مقاصد (3) تہذیبی مقاصد (4) سماجی مقاصد

239) طلباء کو اپنی تخلیقی شعبہ میں فن تعمیر کی صلاحیتیں، آرٹ، تہذیبی ورثے سے واقف کروانا، ریاضی کے اس مقصد کی تکمیل کرتے ہیں

(1) سماجی مقاصد (2) تہذیبی مقاصد (3) افادی مقاصد (4) سماجی مقاصد

240) ریاضی کے اس مقاصد کے تحت طلباء کو سماجی زندگی، سماج میں ضروری سائنسی معلومات اور ٹکنالوجی معلومات کو فراہم کرنا ہے

(1) افادی مقاصد (2) تہذیبی مقاصد (3) سماجی مقاصد (4) نظم وضبط کے مقاصد

KEY

1) **2**	2) **1**	3) **3**	4) **2**	5) **2**	6) **2**	7) **2**	8) **4**	9) **2**	10) **3**
11) **4**	12) **3**	13) **3**	14) **2**	15) **1**	16) **3**	17) **3**	18) **3**	19) **1**	20) **3**
21) **4**	22) **3**	23) **2**	24) **2**	25) **3**	26) **4**	27) **2**	28) **4**	29) **1**	30) **4**
31) **2**	32) **2**	33) **2**	34) **1**	35) **3**	36) **4**	37) **2**	38) **1**	39) **3**	40) **1**
41) **1**	42) **3**	43) **4**	44) **1**	45) **2**	46) **1**	47) **2**	48) **1**	49) **2**	50) **4**
51) **3**	52) **2**	53) **2**	54) **2**	55) **4**	56) **1**	57) **4**	58) **4**	59) **2**	60) **4**
61) **3**	62) **3**	63) **3**	64) **3**	65) **2**	66) **2**	67) **2**	68) **3**	69) **4**	70) **4**
71) **4**	72) **4**	73) **2**	74) **2**	75) **2**	76) **4**	77) **1**	78) **1**	79) **3**	80) **1**
81) **1**	82) **1**	83) **2**	84) **2**	85) **1**	86) **1**	87) **2**	88) **4**	89) **1**	90) **4**
91) **2**	92) **2**	93) **1**	94) **3**	95) **2**	96) **1**	97) **3**	98) **3**	99) **1**	100) **3**

101) **b**	102) **a**	103) **a**	104) **b**	105) **c**	106) **c**	107) **b**	108) **a**	109) **b**	110) **c**
111) **a**	112) **b**	113) **d**	114) **c**	115) **b**	116) **a**	117) **a**	118) **c**	119) **a**	120) **b**
121) **c**	122) **a**	123) **a**	124) **a**	125) **b**	126) **a**	127) **a**	128) **b**	129) **d**	130) **c**
131) **c**	132) **c**	133) **b**	134) **c**	135) **b**	136) **c**	137) **a**	138) **c**	139) **b**	140) **d**
141) **b**	142) **a**	143) **d**	144) **b**	145) **b**	146) **a**	147) **c**	148) **c**	149)**d**	150) **c**
151) **b**	152) **d**	153) **c**	154) **c**	155) **a**	156) **c**	157) **d**	158) **b**	159) **a**	160) **b**
161) **a**	162) **b**	163) **a**	164) **b**	165) **d**	166) **a**	167) **a**	168) **c**	169)**b**	170) **a**
171) **c**	172) **a**	173) **b**	174) **c**	175) **c**	176) **c**	177) **a**	178) **c**	179) **c**	180) **b**
181) **d**	182) **b**	183) **b**	184) **c**	185) **c**	186) **b**	187) **a**	188) **c**	189) **b**	190) **c**
191) **d**	192) **b**	193) **c**	194) **b**	195) **b**	196) **b**	197) **b**	198) **b**	199) **b**	200) **d**
201) **c**	202) **c**	203) **d**	204) **a**	205) **c**	206) **c**	207) **c**	208) **c**	209) **c**	210) **d**
211) **c**	212) **b**	213) **b**	214) **c**	215) **b**	216) **b**	217) **c**	218) **a**	219) **c**	220) **b**
221) **b**	222) **b**	223) **b**	224) **c**	225) **c**	226) **c**	227) **a**	228) **b**	229) **c**	230) **b**
231) **a**	232) **c**	233) **b**	234) **a**	235) **b**	236) **b**	237) **a**	238) **b**	239) **b**	240) **c**

❖❖❖

سائنس (SCIENCE)

1. قدرتی وسائل (Natural Resources)

(پانی' ہوا' دباؤ' سیالی دباؤ)

پانی ہماری زندگی:

- ایک بلین سے زیادہ افراد روزانہ 6 لیٹر سے کم پانی استعمال کرتے ہیں۔
- پانی اور دیگر مائعات کی پیائش لیٹرس اور ملی لیٹرس میں کی جاتی ہے۔
- بیشتر شہروں اور چند گاؤں میں موجود پانی کی ٹانکیوں میں کئی گیلن پانی کو ذخیرہ کرنے کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔
- مائعات کے حجم کی پیائش کیلئے گیلن کو بھی اکائی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔
- ذخائر آب (Reservoirs) میں پانی کی سطح کی پیائش Feet میں کی جاتی ہے۔
- پراجیکٹ کے ذریعہ خارج کئے جانے والے پانی کی پیائش کیوزکس (Cusecs) (مکعب سنٹی میٹر فی سکنڈ) کی جاتی ہے۔
- پانی کے باعث ہونے والی 43% اموات کا سبب اسہال (Diarrhoea) ہے۔
- کنویں، نہریں بیشتر قریہ جات میں کٹے تالاب اور ندیاں اہم آبی ذرائع ہیں۔
- پانی نہ صرف ندیوں، جھیلوں اور تالابوں جیسے ذرائع سے حاصل ہوتا ہے بلکہ چند پھلوں اور سبزیوں سے بھی حاصل ہوتا ہے۔
- پھل جیسے تربوز، ککڑی میں پانی کثیر مقدار میں پایا جاتا ہے۔
- وزن کے اعتبار سے ہمارے جسم میں 70% پانی پایا جاتا ہے۔
- زمین کا تین چوتھائی حصہ پانی سے گھرا ہوا ہے۔
- ہر سال تقریباً 4 ملین لوگ پانی سے متعلق بیماریوں سے فوت ہو جاتے ہیں۔
- پانی سے متعلق 98% اموات ترقی پزیر ممالک میں ہوتی ہیں۔
- ہماری روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والا پانی نمکین نہیں ہوتا یہ صاف اور تازہ پانی کہلاتا ہے۔
- تالابوں، چشموں، ندیوں اور بورویلس اور گھروں میں نلوں کا پانی عام طور پر تازہ ہوتا ہے۔
- محفوظ پینے کے پانی کی سربراہی کے مراحل

  تالاب ← تقطیر ← اپرپشن ← کلوری نیش ← بالائی ٹانکی (Over head tank) ← نل
- کرشنا ندی ضلع نلگنڈہ سے ہو کر گزرتی ہے لیکن وہاں پانی کی شدید قلت ہے۔
- غیر محفوظ پانی پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کیلئے ایک بڑا مہلک ہوتا ہے تمام اسہالی اموات میں 90% اموات اس عمر میں ہوتی ہے۔
- پانی کی سطح کا انحصار بارش پر ہے۔
- عام طور پر برسات کے موسم میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوتا ہے اور موسم گرما میں کمی واقع ہوتی ہے۔
- ہمارے علاقے میں طویل عرصے تک (4 تا 5 سال) بارش نہ ہو تو وہاں خشک سالی یا سوکھا پڑتا ہے۔
- اس دوران انسانوں کیلئے غذاء اور مویشیوں کیلئے چارہ ملنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ پینے کے پانی کی بھی قلت ہو جاتی ہے۔
- پانی کے حصول کیلئے عوام کو طویل فاصلے طئے کرنا پڑتا ہے۔

- زمین سوکھ جانے سے زراعت اور کاشت کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔
- کھیتی باڑی پر انحصار کرنے والے لوگ کام کی تلاش میں دوسرے مقامات کا رخ کرتے ہیں۔
- ہماری ریاست میں محبوب نگر خشک سالی سے متاثر علاقہ سمجھا جاتا ہے۔
- خشک سالی ہماری زندگی کو متاثر کرتی ہے۔
- نہانے، پکوان اور استعمال کیلئے روزانہ فی کس تقریباً 50 لیٹر پانی استعمال کیا جاتا ہے۔
- بارش کم ہونے کی وجہ سے کسان آبپاشی اور فصل اگانے کیلئے زیر زمین پانی پر انحصار کرتے ہیں۔
- پانی کی زیادتی سیلاب کی وجہ بنتی ہے۔
- دنیا میں استعمال ہونے والے پانی کا 70% حصہ صرف زراعت کیلئے استعمال ہوتا ہے جبکہ 22% حصہ صنعتوں میں استعمال ہوتا ہے۔
- مٹی میں پلاسٹک سے بنی اشیاء تحلیل نہیں ہوتیں یہ شدید بارش کے دوران نہروں اور گندے پانی کی موریوں میں رکاوٹ کا سبب بنتی ہیں۔
- جس سے خصوصاً شہری علاقوں میں سیلاب واقع ہوتے ہیں۔
- ایک کلوگرام چاول کی پیداوار کے لئے 5000 لیٹر پانی استعمال کیا جاتا ہے۔

آب وہوا:

- ہماری روزمرہ زندگی میں سورج کی روشنی اور ہوا کی طرح بارش بھی ایک عام مظہر ہے۔
- سمندروں، جھیلوں، ندیوں کے علاوہ زمین کے اندر پانی مائع کی شکل میں موجود ہے۔
- پانی کی گیسی شکل دراصل آبی بخارات ہیں' جو ہوا میں ہمارے اطراف موجود ہیں۔
- برف ⟵ (ٹھنڈا کرنے پر) مائع ⟵ (ٹھنڈا کرنے پر) پانی کے بخارات (پانی گرم کرنے پر / گرم کرنے پر)
- موسم سرما میں فضاء میں موجود ہوا بمقابلہ ہمارے منہ سے نکلنے والی ہوا سے بہت سرد ہوتی ہے۔
- گلاس کے اطراف موجود ہوا میں پانی کے قطرات بہ نسبت گلاس کی سطح سے گرم ہوتے ہیں۔
- گلاس ٹھنڈا ہونے کی وجہ سے گلاس سے قریب ہوا بھی سرد ہو جاتی ہے۔
- گلاس کی سطح کے اطراف پائے جانے والے بخارات پانی میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور گلاس کی بیرونی سطح پر چھوٹے قطروں کی شکل میں جمع ہو جاتے ہیں۔
- وہ عمل جس میں آبی بخارات پانی میں تبدیل ہو جاتے ہیں اس عمل کو ''عمل تکثیف'' (condensation) کہا جاتا ہے۔
- موسم گرما میں سورج کی حرارت کی وجہ سے زمین، سمندروں، ندیوں، تالابوں وغیرہ کا پانی گرم ہو جاتا ہے۔
- اس حرارت کی وجہ سے پانی آبی بخارات میں تبدیل ہو جاتا ہے اس عمل کو ''عمل تبخیر'' (Evaporation) کہتے ہیں۔ جو ایک قدرتی عمل ہے۔
- یہ آبی بخارات فضاء میں داخل ہو جاتے ہیں اور آسمان میں بادل بناتے ہیں۔
- ہم زمین کی سطح سے جس قدر دور ہوتے جاتے ہیں ہوا اتنی ہی سرد ہو جاتی ہے۔

- سرد ہوا سے ملنے کی وجہ سے تکثیف پا کر پانی کے چھوٹے قطرات کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔
- پانی کے یہ چھوٹے قطرے فضاء کی اونچی سطح پر تیرنے لگتے ہیں اور ابر کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں۔
- مختلف آبی ذرائع کی سطحوں پر بننے والے بادل اسی مقام پر نہیں پڑتے۔
- یہ ہوا کی سمت میں ایک مقام سے دوسرے مقام کو منتقل ہوتے رہتے ہیں۔
- بہت سے بادل جب ایک دوسرے کے قریب آجاتے ہیں تو وہ آبی بخارات سے لدے ہوتے ہیں۔
- ہوائیں بادلوں کو سمندر سے زمین کی طرف لاتی ہیں۔
- فضاء کی اوپری سطحوں میں پائی جانے والی سرد ہوا بادلوں کو ٹھنڈا کر دیتی ہے۔
- عام طور پر بادل ہوا میں اونچی سطح پر حرکت کرتے ہیں۔
- بعض اوقات ہوا کے ساتھ سرد ہوا کے جھونکے بھی چلتے ہیں جو بادلوں کو بہت زیادہ ٹھنڈا کر دیتے ہیں۔
- اس کی وجہ سے بادلوں میں پائے جانے والے پانی کے قطرات تکثیف پا کر پانی کے بڑے قطرات میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔
- بادلوں کے سرد ہونے کے عمل میں زیادتی کی وجہ سے پانی کے قطروں کی جسامت میں اضافہ ہو جاتا ہے اور بادل وزنی ہو جاتے ہیں۔
- ایسے بادلوں کا رنگ سفید سے مٹیالے (Gray) رنگ میں تبدیل ہو جاتا ہے جو ہمیں بادلوں کے گہرے ہونے کا احساس دلاتا ہے۔
- جب پانی کے قطروں کی جسامت میں اضافہ ہو جاتا ہے تو بادلوں کو انہیں سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے اور پانی کے قطرے نیچے گرنے شروع ہو جاتے ہیں۔اسی کو ''برسات'' کہتے ہیں۔
- عام زندگی میں بارش ہونے سے قبل ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ بادل سطح زمین سے قریب ترین ہو جاتے ہیں۔اور اس بات کا بھی تجربہ ہے کہ بارش سے قبل ٹھنڈی ہوائیں چلتی ہیں۔
- بہت سرد حالات میں پانی کے قطرے برف کی قلموں کی شکل میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور برفباری کی شکل میں گرتے ہیں۔
- بعض اوقات پانی کے بڑتے قطرے برف کی شکل اختیار کر لیتے ہیں اور برف کے ٹکڑوں کی شکل میں گرتے ہیں جنہیں ''اولے'' (Hailstones) کہا جاتا ہے۔
- بارش کا کچھ پانی زمین میں جذب ہو جاتا ہے جو زمینی پانی کہلاتا ہے۔
- تبخیر کے عمل کی وجہ سے پانی کا بخارات بننا، آبی بخارات سے بادلوں اور عمل تکثیف کی وجہ سے بارش کا ہونا اس پانی کے مکمل گردشی عمل کو ''آبی دور'' Water Cycle کہا جاتا ہے۔
- قدرتی طور پر تبخیر اور تکثیف کا دور مسلسل جاری رہتا ہے۔
- بارش میں کمی کی وجہ سے جنگلات کی تباہی اور کارخانوں کی آلودگی عالمی حدت کی وجہ بن رہی ہے۔اس لیے یہ فضائی حالات بادلوں کے سرد ہونے کیلئے ناموزوں ہیں۔
- آبی دور میں خلل اندازی سیلاب اور قحط کا سبب بن رہی ہے۔
- بارش کے قطروں کی جسامت 0.02 انچ سے 0.031 انچ قطر کے برابر ہوتی ہے۔
- اگر پانی کے قطرے بہت چھوٹے ہوں تو انہیں مجموعی طور پر ''پھوار'' (Drizzle) کہا جاتا ہے۔
- ترشی بارش سلفر ڈائی آکسائیڈ اور نائیٹروجن ڈائی آکسائیڈ جو آلودہ بادلوں اور دوسرے رکازی ایندھنوں کا نتیجہ ہے۔

پانی:

- پانی انسانوں، پودے اور دیگر جانوروں کو بقاء کے لیے بھی پانی بے حد ضرور ہے۔
- سمندروں کا پانی فصلوں کی کاشت کے لیے بھی موزوں نہیں ہوتا۔
- اگر زمین کی سطح پر پانی کی جملہ مقدار دس لیٹر ہو تو صرف ایک ملی لیٹر پانی ہی تازہ پانی ہوگا۔
- صرف 25 فیصد تازہ پانی ہی دستیاب ہے جس کا 2/3 حصہ برف کی شکل میں منجمد ہے۔
- بارش کا 80 فیصد پانی سمندروں پر برستا ہے۔ اس لئے پانی کا وہ حصہ جو زمین پر برستا ہے۔ بہت اہمیت کا حامل ہے۔
- ہندوستان میں زیر زمین پانی کی سطح تقریباً 300 میٹر گہرائی تک گر چکی ہے۔
- معیاری تازہ پانی کی سربراہی میں انسانوں کے ذریعہ کی جانے والی مداخلت تین طرح کی ہے۔

۱۔ سب سے پہلے دریاؤں پر باندھے جانے والے باندھ ندیوں میں پانی کے قدرتی بہاؤ کے رخ کو تبدیل کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے پانی کی قلت ہو جاتی ہے۔

۲۔ دوسرے جنگلات کا صفایا اور ناقص کاشت کاری کے طریقوں سے زمین اپنی نمی کھو دیتی ہے۔

۳۔ سال 2050ء تک عالمی آبادی 9.3 بلین تک بڑھ جانے کا اندیشہ ہے۔

- محفوظ پینے کا پانی اور حفظان صحت کے ساتھ ساتھ غذا اور توانائی کے شعبوں میں بھی تازے پانی کی مانگ بڑھ جائے گی۔
- سال 2025 تک ہر تین میں سے دو افراد پانی کی قلت سے دوچار ہونے کا اندیشہ ہے۔

آب ہوا اور موسم:

- اکثر موسم کے مختلف اجزا یعنی ہوا میں رطوبت کی مقدار، تپش، طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے اوقات وغیرہ بدلتے رہتے ہیں۔
- سال 2004 میں انڈومان اور نکوبار جزائر میں پیش آئے۔ سونامی کے حادثہ میں کئی افراد مارے گئے۔
- لیکن اسی علاقہ میں رہنے والے بعض قبائلی لوگ سمندر کے پیچھے چلے جانے اور پرندوں کی عجیب وغریب آوازیں سن کر اور اسکے ذریعے آنے والے وقت کا اندازہ لگایا اور فوراً وہ اس علاقے کو چھوڑ کر اپنی جان بچانے میں کامیاب ہوئے۔
- تپش پیما (Thermometer) کے ذریعہ کسی مقام کے تپش کی پیائش کی جاتی ہے۔
- سکس نامی سائنسداں نے اعظم ترین، اقل ترین تپش پیما کو ایجاد کیا۔ اس کی مدد سے کسی مقام کی اعظم ترین اور اقل ترین تپش کی پیائش کی جاسکتی ہے۔
- اس کو MMT تپش پیما بھی کہا جاتا ہے۔
- اس میں ''U'' شکل کی ایک شیشہ کی نلی پائی جاتی ہے جس کے ایک جانب اسطوانہ نما جوف (A) اور دوسری جانب کروی جوف (B) جوف الکوہل پایا جاتا ہے اور ''U'' نما نلی میں پارہ لگا ہوتا ہے۔
- تپش کے اضافہ سے بلب 'A' میں موجود الکوہل پھیل کر 'U' نما نلی میں موجود پارہ کو بلب 'B' کی جانب ڈھکیلتا ہے۔
- جس سے نمائندہ I، اوپر کی جانب حرکت کرتا ہے۔ جو اعظم ترین تپش کو ظاہر کرتا ہے۔
- تپش میں کمی واقع ہونے سے بلب A میں موجود الکحل سکڑتا ہے جس سے U نما نلی میں موجود پارہ بلب A میں داخل ہوتا ہے۔
- جس سے نمائندہ I^2 اوپر کی جانب حرکت کرتا ہے یہ اقل ترین تپش کو ظاہر کرتا ہے۔

- اعظم ترین اور اقل ترین تپش کو نوٹ کر لینے کے بعد I^1 اور I^2 نمائندوں کو مقناطیس کی مدد سے اپنے اصلی مقامات پر لایا جاسکتا ہے۔
- ماہرین موسمیات بارش کی پیائش کیلئے ''رین گیج'' یا بار پیا کا استعمال کرتے ہیں۔
- جسے یوڈومیٹر (Udo meter) یا پلیو میٹر (Pulio meter) یا آمبرومیٹر (Ombrometer) کہا جاتا ہے۔
- ان کی مدد سے بارش کی پیائش انتہائی درستگی کے ساتھ کرتے ہیں۔
- بارش کی پیائش سنٹی میٹر یا ملی میٹر میں ظاہر کی جاتی ہے۔
- ہوا میں پائی جانے والی نمی کی مقدار اس مقام کی رطوبت کہلاتی ہے۔
- استوائی خطہ بہت زیادہ گرم اور قطبی خطے بہت زیادہ سرد ہوتے ہیں۔
- کسی علاقہ میں طویل عرصہ یعنی تقریباً 25 سال تک وقوع پذیر موسمی حالات کو اس علاقہ کی آب وہوا کہتے ہیں۔
- طویل عرصہ تک یعنی گذشتہ 25 سالوں کے دوران کسی علاقہ کی تپش، بارش، رطوبت اور تیز ہوا کی رفتار وغیرہ جیسے موسمی حالات کا برقرار رہنا اس علاقے کی آب وہوا کو ظاہر کرتا ہے۔
- کسی علاقے کے رہنے والے لوگ اس علاقے کی آب وہوا سے مطابقت پیدا کر لیتے ہیں۔
- آب وہوا ہماری روزمرہ زندگی پر اثر انداز ہوتی ہے۔
- آب وہوا کے مطابق ہم ہماری طرز زندگی کو بدلتے رہتے ہیں۔ ہم موسم گرما میں سوتی کپڑے پہنتے ہیں اور ٹھنڈے مشروبات کا استعمال کرنا چاہتے ہیں۔

ہوا، تیز ہوا اور طوفان:

- ہوا زیادہ دباؤ والے علاقے سے کم دباؤ والے علاقے کی طرف حرکت کرتی ہے۔
- اگر دو علاقوں کے درمیان ہوا کے دباؤ میں زیادہ فرق ہو تو ہوا زیادہ تیزی سے حرکت کرتی ہے۔
- گرم ہوا اوپر کی جانب حرکت کرتی ہے یہاں اس بات کو بھی ذہن نشین کر لیں کہ ہوا کو گرم کرنے سے وہ پھیلتی ہے اور زیادہ جگہ گھیرتی ہے۔
- کوئی بھی شئے زیادہ جگہ گھیرتی ہے تو اس کی کثافت کم ہو جاتی ہے۔
- گرم ہوا بہ نسبت ٹھنڈی ہوا کے کم کثافت والی ہوتی ہے۔ اسی لئے دھواں اور گرم ہوا اوپر کی جانب حرکت کرتے ہیں۔
- ہوا کو گرم کرنے میں مختلف عوامل ذمہ دار ہوتے ہیں۔
- جب ہوا گرم ہو کر اوپر کی جانب اٹھتی ہے تو اس مقام پر دباؤ کم ہو جاتا ہے۔
- اس طرح کے کم دباؤ والے علاقے میں چاروں طرف کی ہوا داخل ہونے کی کوشش کرتی ہے۔
- سورج کی وجہ سے زمین اور سمندر کے پانی کی حرارت میں پائے جانے والے فرق کی وجہ سے ہوا ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرتی ہے۔
- اسی لئے زمین پر گرم ہوائیں دن کے اوقات ہلکی ہو کر اوپر کی جانب حرکت کرتی ہے۔
- زمین پر دباؤ میں کمی کی وجہ سے سمندری ہوائیں تیزی سے زمین کی جانب حرکت کرتی ہے۔
- رات کے اوقات میں زمین کی سطح پانی کی بہ نسبت بہت جلد ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔
- اس وقت سمندر کی ہوائیں گرم ہونے کی وجہ سے وہاں دباؤ کم ہوتا ہے اور ہوائیں زمین سے سمندر کی سمت چلتی ہیں۔
- وہ علاقے جو خط استوا سے قریب ہوتے ہیں سورج سے زیادہ حرارت حاصل کرتے ہیں۔

- ان علاقوں پر سورج کی شعاعیں سیدھی پڑتی ہے۔اس لئے ان علاقوں میں ہوا گرم ہوتی ہے اور اوپر کی جانب اٹھتی ہے۔
- اس علاقہ کی نسبتاً ٹھنڈی ہوا استواء کی دونوں جانب 300-0 عرض بلد میں اندر داخل ہوتی ہے۔
- موسم گرما میں دن کے اوقات خط استواء کے آس پاس کی زمین جلد گرم ہو جاتی ہے۔
- اس لیے زمین پر موجود ہوا گرم ہو کر اوپر کی جانب اٹھتی ہے۔جس کی وجہ سے سمندری ہوائیں زمین کی جانب حرکت کرتی ہیں۔انہیں مانسونی ہوائیں کہا جاتا ہے۔یہ عام طور پر ماہ جون تا ستمبر تک چلتی ہیں۔
- دسمبر تا مارچ یہ ہوائیں مخالف سمت میں حرکت کرتی ہے۔
- ہوائیں زمین سے سمندر کی سمت حرکت کرتی ہیں۔چونکہ سمندر بہت آہستہ ٹھنڈا ہوتا ہے۔
- سمندروں سے چلنے والی ہوائیں اپنے ساتھ پانی لے آتی ہیں اور بارش برساتی ہیں۔
- تیز ہواؤں کے ذریعہ ہم بجلی بھی پیدا کر سکتے ہیں۔
- زمین پر چلنے والی تیز ہواؤں کو طوفان کہتے ہیں۔
- طوفان کے نام جیسے سائیکلون، ہری کین، ٹائیفون وغیرہ۔
- یہ آنے والی نئی ہوا بھی گرم ہو کہ اوپر کی جانب اٹھتی ہے۔چونکہ گرم ہوا اوپر کی جانب اٹھتی رہتی ہے۔
- جس کی وجہ اطراف کی ہوا گھومتی ہوئی اوپر اٹھنے والی ہوا کی جگہ لیتی ہے ساتھ ہی سمندر کا پانی بھی ہوا کے ساتھ اوپر اٹھتا ہے۔
- جب گرم ہوا اوپر کی سمت اٹھ کر ٹھنڈی ہوتی ہے تو ہوا میں موجود آبی بخارات بادل کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔
- یہ بادل ہوا کے ساتھ حرکت کرتے ہوئے اپنی رفتار بڑھا لیتے ہیں۔
- ہوا کی رفتار، ہوا کی سمت، تپش اور رطوبت جیسے عوامل طوفان کی وجہ بنتے ہیں۔
- ہمارے ملک میں عام طور مئی، جون، اکتوبر، نومبر کے مہینوں میں طوفان آتے ہیں۔
- بہت سارے طوفان مشرقی سمت یعنی خلیج بنگال کی سمت آتے ہیں۔
- طوفان کی تباہی کا انحصار اس کی شدت' جسامت اور مقام پر ہوتا ہے۔
- اگر آپ کے علاقے میں طوفان کی وارننگ دی گئی ہو تو حسب معمول کام کرتے رہیں۔لیکن ریڈیو نشریات سے باخبر ہیں۔
- اہم گھریلو سامان، پالتو جانور اور گاڑیوں وغیرہ کو محفوظ مقامات پر منتقلی کے لئے مناسب اقدامات کئے جائیں۔
- گھر میں بجلی کی سربراہی بند کریں۔
- تمام ہنگامی خدمات جیسے پولیس، آتش فرو عملہ اور طبی مراکز کے فون نمبرات تیار رکھیں۔
- آپ کے خاندان کے لئے ضروری اشیاء، ادویات اور بچوں اور بڑوں کے لئے چند دنوں تک استعمال کے قابل غذائی اشیاء کا ذخیرہ کر لیں۔
- اگر آپ طوفان سے متاثر علاقے میں رہتے ہوں تو ڈھیلے اور جھولتے ہوئے بجلی کے تاروں کو مت چھوئیں۔
- آلودہ پانی نہیں پینا چاہئیے۔
- ہنگامی حالات میں ضروری پینے کے پانی کا ذخیرہ کر لیجئے۔
- آپ کے پڑوسیوں اور دوستوں کی مدد کے لیے ہمیشہ تیار رہیں۔
- آج کل جدید ٹکنالوجی طوفانی حادثات سے محفوظ رہنے کے لیے بے حد مفید ہے۔

- مصنوئی سیارچے اور راڈار کی مدد سے 48 سال قبل ہی طوفان کی پیش قیاسی اور طوفان سے متعلق انتباہ دیا جارہا ہے۔
- طوفان جب ساحل سے قریب ہوتا ہے تو ہر آدھے شمیمہ کے وقفہ سے محکمہ موسمیات (Indian Meterological Department) کی جانب سے اطلاعات بہم پہنچائی جاتی ہے۔
- طوفان کے آنے میں ہوا کی رفتار اہم رول ادا کرتی ہے۔
- اسی لیے ہوا کی رفتار معلوم کرنا ضروری ہوتا ہے۔ ہوائی رفتار معلوم کرنے کے لئے استعمال ہونے والا آلہ باد پیما (Anemometer) کہلاتا ہے۔

تیرنے والے اجسام

- فی اکائی حجم میں پائی جانے والی کمیت کو کثافت کہتے ہیں۔

$$\text{کثافت} = \frac{\text{کمیت}}{\text{حجم}}$$

$$\text{کثافت کی اکائیاں} = \frac{\text{گرام}}{\text{مکعب سنٹی میٹر}} \text{ یا } \frac{\text{کلوگرام}}{\text{مکعب میٹر}}$$

اس لیئے ہم کہتے ہیں کہ زیادہ کثیف اشیاء وزنی اور کم کثیف اشیاء ہلکی ہوتی ہیں۔

کثافت اور کثافت اضافی کا تقابل

جب دو اشیاء کا حجم نامعلوم ہو تو صرف ان کے اوزان کی بنیاد پر یہ بتانا محال ہوتا ہے کہ کونسی شئے زیادہ کثیف ہے۔ کوئی دو اشیاء کی کثافت کا تقابل کرنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ ان اشیاء کا مساوی حجم لیا جائے اور ان کے اوزان کا تقابل کیا جائے لیکن یہ طریقہ چند ٹھوس اشیاء کیلئے ممکن نہیں ہوتا۔

اس کے لیئے ہم ایک سادہ طریقہ استعمال کر سکتے ہیں جس میں کسی شئے کی کثافت کا پانی کی کثافت سے تقابل کر سکتے ہیں۔

مندرجہ ذیل مشغلے میں ہم یہ معلوم کریں گے کہ کوئی بھی ٹھوس شئے پانی کے مقابلے میں کتنے گنا کثیف ہوتی ہے۔ اس کو کسی شئے کی کثافتِ اضافی کہتے ہیں۔

$$\text{کسی شئے کی کثافت اضافی} = \frac{\text{شئے کی کثافت}}{\text{پانی کی کثافت}}$$

کسی شئے کی کثافت اضافی معلوم کرنا مقصود ہو تو ہمیں چاہیئے کہ سب سے پہلے ہم اس شئے کا وزن معلوم کریں پھر اسکے مساوی حجم پانی کا وزن معلوم کریں۔ اس کے بعد ان دونوں کے اوزان کا تقابل کریں۔

کسی مائع کی کثافت اضافی معلوم کرنے کا ضابطہ۔

$$\text{مائع کی کثافت اضافی} = \frac{\text{مائع کا وزن}}{\text{مساوی حجم پانی کا وزن}}$$

- ایسی اشیاء جن کی کثافت ان کے ڈبوئے گئے مائع کی کثافت سے کم ہوتی ہے وہ مائع کی سطح پر تیرتی ہے۔
- مائع کی سطح کے نیچے اگر گہرائی میں اضافہ ہو تو مائع کے دباؤ میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔
- (hydrometer) یا (densitometer) کثافت پیما کے ذریعہ کسی بھی مائع کی کثافت معلوم کر سکتے ہیں۔
- وہ قوت جو کسی شئے کے اکائی رقبہ پر عمل کرتی ہے دباؤ کہلاتی ہے۔
- وہ قوت جو پانی کی فی اکائی رقبہ پر عمل کرتی ہے ہوا کا دباؤ کہلاتی ہے۔
- زمین پر پائی جانے والی اشیاء پر ہوا کا دباؤ مستقل ہوتا ہے

$$\text{کرّہ ہوائی کا دباؤ} = \frac{\rho \times (\text{کرّہ ہوائی کی اوسط کثافت}) \times (\text{کرّہ ہوائی کا حجم}) \times g}{\text{زمین کی سطح کا رقبہ}}$$

$$\text{کرّہ ہوائی کا دباؤ} = \rho \times (\text{کرّہ ہوائی کی بلندی}) \times g$$

$$\text{کرّہ ہوائی کا دباؤ} = \rho hg$$

$$P_0 = \rho hg$$

کرّہ ہوائی کے دباؤ کی پیائش

- ہم کرّہ ہوائی کے دباؤ کو محسوس نہیں کر سکتے لیکن بار پیما (Barometer) کی مدد سے اسکی شناخت اور پیائش کر سکتے ہیں۔ ٹارسلی (Torricelli) نے پارہ (Mercury) استعمال کر کے سب سے پہلا بار پیما ایجاد کیا۔
- اگر کرّہ ہوائی کا دباؤ نارمل (عمومی حالت میں) ہو تو پارہ بھری کٹوری میں موجود کانچ کی نلی میں پارہ کی بلندی 76 سنٹی میٹر ہوگی۔ اسکو 1 کرہ ہوائی کا دباؤ کہا جاتا ہے۔
- نلی میں کالم کا وزن کرّہ ہوائی کے دباؤ کی وجہ سے کٹورے میں موجود پارہ پر پڑنے والے دباؤ کے مساوی ہوتا ہے۔ یہ دونوں مقداریں مساوی اور سمتاً مخالف ہونا ضروری ہے۔
- کسی شئے پر اوپری سمت میں عمل کرنے والی قوت کو قوت اچھال (Buoyancy) کہتے ہیں۔ قوت اچھال شئے کی جانب سے ہٹائے گئے مائع کے وزن کے برابر ہوتی ہے۔
- **آرشمیدس کا اُصول**: اس اُصول کے مطابق جب کسی جسم کو کسی مائع میں ڈبویا جاتا ہے۔ تو اس جسم پر قوت اچھال عمل کرتی ہے جو اس کے ڈبونے سے ہٹائے گئے پانی کے وزن کے مساوی ہوتا ہے۔
- **پاسکل کا کلیہ**: کسی بند برتن میں موجود سیال پر بیرونی دباؤ مائع پر تمام سمتوں میں مساوی طور پر پھیل جاتا ہے۔
- پاسکل کے اصول کو ہائیڈرالک جہاز میں لفٹ کے کام کرنے اور آٹو موبائیل ورک شاپ میں کم قوت لگا کر زیادہ وزنی گاڑیاں اٹھاتے ہیں۔

مشقی سوالات

آب وہوا موسم

1. Sixs کے اعظم ترین اور اقل ترین تپش پیماء میں ایک دن کی نوٹ کرنے کے بعد نمائندہ I^1 اور I^2 کو اگلے دن کی تپش نوٹ کرنے کے بعد

1) خودبخود اصلی مقالات آجاتے ہیں۔ 2) مقناطیس کی مدد سے اصلی مقامات پر لایا جاتا ہے۔
3) ہاتھ کی مدد سے دوبارہ ترتیب دیا جاتا ہے۔ 4) الکوحل اسکو دوبارہ ترتیب دیتا ہے۔

2. موسم کے اجزاء میں شامل نہیں ہے۔

1) تپش 2) بارش، رطوبت 3) ہوائی رفتار 4) تپش پیماء

3. وہ تپش پیماء جس کے ذریعہ کسی مقام کی اعظم ترین اور اقل ترین تپش کی پیائش کر سکتے ہیں۔

1) طبی تپش پیماء 2) لیبارٹری تپش پیماء 3) سنٹی گریڈ تپش پیماء 4) سکس کا تپش پیماء

4. سکس کا تپش پیماء کس نے ایجاد کیا؟

1) گیلیو 2) سیلسیس 3) فارن ہیٹ 4) سکس

5. سکس کے تپش پیماء میں 'U' نما نلی میں پایا جاتا ہے۔

1) پارہ 2) الکوحل 3) نیزین 4) ہوا

6. بارش کے بعد اکثر دیہاتوں میں کسان زمین کی نمی کی بنیاد پر بارش کی مقدار کا اندازہ لگاتے ہیں جیسے

1) بارش کی مقدار 2) پدن 3) تری 4) سنچائی

7. بارش کی وہ مقدار جو زراعتی سرگرمیوں جیسے ہل جوتنے کے لئے کافی ہوتی ہے۔

1) پدن 2) تری 3) سنچائی 4) بارش کی مقدار

8. ماہرین موسمیات بارش کی پیائش کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

1) باراں پیماء 2) باد پیماء 3) بادوباراں پیما 4) بار پیماء

9. Udometer، Pulviometer، Ombrometer، یا Rainguage کے ذریعہ برسی بارش کی پیائش

1) کا اندازہ لگایا جاتا ہے۔ 2) بعض سے انتہائی درستگی اور بعض سے اندازاً کی جاتی ہے
3) انتہائی درستگی کے ساتھ کر سکتے ہیں 4) نہیں کی جاسکتی

10. بارش کی پیائش

1) کلومیٹر اور میٹر میں کی جاتی ہے 2) سنٹی میٹر یا میٹر میں کی جاتی ہے
3) سنٹی میٹر یا لیٹر میں کی جاتی ہے 4) سنٹی میٹر یا ملی میٹر میں کی جاتی ہے

11. دیہی علاقوں میں بروقت بارش ہونے پر لوگ جشن مناتے ہیں۔ جیسے

1) کراپ فیسٹول 2) رین فیسٹول 3) ولیج فسیٹول 4) بسنت فیسٹول

12. حرکت کرنے والی ہوا کہلاتی ہے۔

1) بادفرفر 2) بادنسیم 3) بادصبا 4) بادصرصر

13. ہوا کے رخ اور اسکی رفتار معلوم کرنے کا آلہ

1) بادنما 2) بارپیما 3) باراں پیما 4) بادپیماء

14. کس مقام پر رطوبت زیادہ ہوتی ہے

1) حیدرآباد 2) ممبئی 3) دہلی 4) ناگ پور

15. ہوا میں پائے جانے والی نمی کی مقدار کہلاتی ہے۔

1) دباؤ 2) حرارت 3) تپش 4) رطوبت

16. کسی علاقہ میں ہر سال وقفہ وقفہ سے دہرائی جانے والی موسمی تبدیلیاں اس علاقہ کی کہلاتی ہے

1) تیز ہوا 2) بارش 3) آب وہوا 4) رطوبت

17. گرم آب وہوا کا علاقہ کہلاتا ہے۔

1) علاقہ کی تپش سال بھر وقفہ وقفہ سے زیادہ درج کی گئی 2) علاقہ کی تپش سال بھر مسلسل زیادہ درج کی گئی

3) علاقہ کی تپش کبھی کم کبھی زیادہ درج کی گئی 4) علاقہ کی تپش کسی خاص موسم میں زیادہ درج کی گئی

18. اوسط بارش کی کمی مستقبل میں کا اشارہ ہے۔

1) آب وہوا کی تبدیلی 2) اگلے بارش میں زیادہ بارش 3) قحط سالی 4) اچانک بارش

19. آب وہوا کے مطابق ہم اپنی زندگی کو بدلتے رہتے ہیں۔ کیسے

1) غذائی عادتیں بدل کر 2) لباس اور مشروبات استعمال کرکے 3) کپڑے پہن کر 4) مقام بدل کر

20. رطوبت کی پیمائش کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

1) Hydrometer 2) Odometer 3) Humiditymeter 4) Hygrometer

21. خالدہ کی ماں نے کہا کہ موسم گرما میں وشاکھاپٹنم میں رہنا بہت کٹھن ہوتا ہے۔ سوچئے کہ انہوں نے ایسا کیوں کہا؟

1) بہت سردی ہوتی ہے پسینہ آتا ہے 2) پسینہ نہیں آتا ہے۔ جسم جلتا ہے

3) ہوا مرطوب ہوتی ہے اور پسینہ بہت زیادہ آتا ہے 4) یہ خط استوا سے قریب ہے گرمی زیادہ ہوتی ہے

جوابات KEY

1 - 2	2 - 4	3 - 4	4 - 4	5 - 1	6 - 2	7 - 1	8 - 1	9 - 3	10 - 4
11 - 1	12 - 4	13 - 1	14 - 2	15 - 4	16 - 3	17 - 2	18 - 3	19-2	20 - 1
21 - 3									

ہوا' تیز ہوا اور طوفان

1. درج ذیل میں سے کونسا بیان صحیح ہے۔

1) موسم سرما میں ہوا زمین سے سمندر کی سمت حرکت کرتی ہے 2) موسم گرما میں ہوا زمین سے سمندر کی سمت حرکت کرتی ہے

3) زیادہ دباؤ اور تیز ہواؤں کی حرکت سے طوفان بنتے ہیں 4) ہندوستان کے ساحلی علاقوں کو طوفان کا خطرہ لاحق نہیں ہے

2. ہوا

1) صرف ایک ہی سمت حرکت کرتی ہے 2) ساکت رہتی ہے

3) مختلف سمتوں میں حرکت کرتی رہتی ہے 4) 1اور2دونوں

3. ہوادباؤڈالتی ہے سے غیر متعلق ہے

1) غبارہ کا پھیلنا 2) بورویل سے پانی نکلنا 3) فٹ بال کا سخت ہونا 4) گاڑیوں میں برقی بریک لگانا

4. ہوا

1) زیادہ دباؤوالے علاقے سے کم دباؤوالے علاقے کی طرف حرکت کرتی ہے

2) کم دباؤوالے علاقے سے زیادہ دباؤوالے علاقے کی طرف حرکت کرتی ہے

3) حرکت اور علاقے کے درمیان کوئی تعلق نہیں

4) دباؤ میں کم فرق ہوتو ہوا زیادہ تیزی سے حرکت کرتی ہے

5. اگر دو علاقوں کے درمیان ہوا کے دباؤ میں زیادہ فرق ہوتو ہوا زیادہ حرکت کرتی ہے۔

1) آہستہ 2) تیزی 3) ساکت 4) کوئی نہیں

6. ہوا گرم کرنے پر پھیلتی ہے اور

1) کم جگہ گھیرتی ہے 2) زیادہ جگہ گھیرتی ہے) سکڑ جاتی ہے 4) اسکی کثافت میں اضافہ ہوتا ہے

7. کوئی بھی شے زیادہ جگہ گھیرتی ہے تو اس کی.....کم ہوجاتی ہے۔

1) لطافت 2) حرکت 3) کثافت 4) کمیت

8. گرم ہوا بہ نسبت ٹھنڈی ہوا کے کم.....والی ہوتی ہے۔

1) جگہ گھیرنے 2) کثافت 3) حرارت 4) بخارات

9. دن کے اوقات میں

1) زمین پر گرم ہوائیں ہلکی ہوکر اوپر کی جانب حرکت کرتی ہیں اور زمین پر دباؤ میں کمی کی وجہ سے سمندری ہوائیں تیزی سے زمین کی جانب حرکت کرتی ہیں

2) زمین کی سطح کی پانی بہ نسبت بہت جلد ٹھنڈی ہوجاتی ہے

3) سمندر کی ہوائیں گرم ہونے کی وجہ سے وہاں دباؤ کم ہوتا ہے اور ہوائیں زمین سے سمندر کی سمت چلتی ہیں۔

4) ٹھنڈی ہوائیں سمندر سے زمین کی طرف رات میں سفر کرتی ہیں۔

10. رات کے اوقات میں

1) ہوائیں سمندر سے زمین کی جانب چلتی ہیں۔ 2) ہوائیں سمندر سے سمندر کی سمت چلتی ہیں

3) ہوائیں زمین سے سمندر کی سمت چلتی ہیں 4) ہوائیں چلنا رک جاتی ہیں

11. رات کے اوقات میں زمین کی سطح پانی کی بہ نسبت بہت جلد

1) گرم ہوجاتی ہے 2) ٹھنڈی ہوجاتی ہیں 3) کوئی تبدیلی نہیں آتی 4) بہت زیادہ ٹھنڈی ہوجاتی ہیں

12. موسم گرما میں دن کے اوقات میں خط استواء کے آس پاس کی زمین جلد گرم ہوجاتی ہے اس لیے زمین پر موجود ہوا گرم ہوکر اوپر کی جانب اٹھتی ہے۔اور

1) ہوائیں گردش کرتی ہیں 2) سمندری ہوائیں زمین کی جانب حرکت کرتی ہیں
3) زمین سے سمندر کی طرف حرکت کرتی ہے 4) 1اور3

13. ہمارے ملک میں ماہ جون سے ستمبر تک سمندر سے زمین کی سمت چلنے والی ہوائیں کہلاتی ہیں
1) علاقائی ہوائیں 2) گردشی ہوائیں 3) بخاری ہوائیں 4) مانسونی ہوائیں

14. سمندروں سے چلنے والی ہوائیں اپنے ساتھ پانی لاتی ہیں اور
1) اولے برساتی ہیں 2) بارش برساتی ہیں 3) موتی برساتی ہیں 4) بخارات لاتی ہیں

15. زمین پر چلنے والی تیز ہواؤں کو..... کہتے ہیں۔
1) طوفان 2) آندھی 3) بارش 4) بادوباراں

16. مختلف علاقوں کے لوگ طوفان کو مختلف ناموں سے پکارتے ہیں۔ان میں سے طوفان کا یہ نام نہیں ہے۔
1) Tycon 2) ٹائیفون 3) سائیکلون 4) ہری کین

17. ڈسمبر تا مارچ ہوائیں زمین سے سمندر کی سمت حرکت کرتی ہیں چونکہ
1) سمندر جلدی ٹھنڈا ہوتا ہے 2) سمندر آہستہ ٹھنڈا ہوتا ہے
3) جون تا ستمبر سمندر سے زمین کی طرف چلتی ہیں اس لئے 4) خدا جانے کیوں ایسا ہوتا ہے

18. زیادہ تر طوفان ہمارے ملک میں کس سمت سے آتے ہیں
1) بحرے عرب مغربی سمت سے 2) بحر ہند۔جنوبی سمت سے 3) خلیج بنگال مشرقی سمت سے 4) بحر فارس مغربی سمت سے

19. طوفان آنے پر نہیں کرنا چاہئے
1) دوستوں کی باتوں پر یقین کر لینا چاہئے دوست کہے جیسا کام کرنا چاہئے
2) محکمہ موسمیات کے اعلانات سننا چاہئے۔اس پر عمل کرنا چاہئے
3) گھریلو اشیاء پالتو جانور، گاڑیاں، ضروری اشیاء غذائی اشیاء اور ادویات کو محفوظ مقام پر منتقل کر لیں۔محفوظ رہنا چاہئے
4) پولیس، آتش فرو عملہ اور طبی مراکز کے فون نمبرات ساتھ رکھ لینا چاہئے

20. طوفان تھمنے کے بعد
1) ڈھیلے اور جھولتے ہوئے بجلی کے تاروں کی مت چھوئیں 2) آلودہ پانی پینا چاہئے۔کیونکہ یہ بارش کا صاف پانی ہے
3) شوق سے باہر ادھر ادھر مت گھومیں 4) دوسروں کی مدد کے لئے ہمیشہ تیار رہنا چاہئے

21. طوفان آنے میں اہم رول ادا کرتے ہیں
1) ہوا کی رفتار 2) پانی کے بخارات 3) گرمی 4) سردی

22. ہوا کی رفتار معلوم کرنے والا آلہ
1) Barometer بادپیماء 2) بادپیماء (Anemometer) 3) بادنما 4) Hygrometer

جوابات KEY

1 - 1	2 - 3	3 - 4	4 - 1	4 - 2	5 - 2	6 - 3	7 - 2	8 - 1	10 - 3
11 - 2	12 - 2	13 - 4	14 - 2	15 - 1	16 - 1	17 - 2	18 - 3	19 - 1	20 - 2
21 - 1	22 - 2								

پانی بہت کم ہے۔ضائع مت کیجئے

1. عالمی یوم آب

1) 22/مارچ 2) 22/جولائی 3) 27/مارچ 4) 8/جون

2. زمین پر دستیاب تازہ پانی

1) 2% 2) 1% 3) 97% 4) 3%

3. کل بارش کا کتنا فیصد حصہ زمین پر برستا ہے۔

1) 80% 2) 20% 3) 1% 4) 3%

4. بارش کے پانی کو جمع کرنے کے لئے بناتے ہیں

1) کانٹور خندق 2) انجدابی گڑھے 3) چیک ڈیمس اور راک فل ڈیمس 4) یہ تمام

5. کانٹور خندق کا فائدہ

1) لوگ خندق پار نہیں کر سکتے اور ہم محفوظ رہتے ہیں 2) بارش کا پانی جذب ہو کر زیر زمین سطح آب میں اضافہ ہوتا ہے۔
3) یہ قلعہ کو محفوظ رکھنے کے لئے استعمال کرتے ہیں 4) کہا نہیں جا سکتا

6. ڈرینج سسٹم

1) 2 2) 3 3) 1 4) 4

7. پانی کی تخلص کرنے کا حیاتی طریقہ ہے۔

1) Calcination 2) Chlorination 3) Aeration 4) Ozonation

جوابات KEY

1 - 1	2 - 1	3 - 2	4 - 4	5 - 2	6 - 2	7 - 3

سیالی دباؤ (Fluid Pressure)

1) ایسی شئے جو ایک مقام سے دوسرے مقام تک بہتی ہے _____ کہلاتی ہے۔

1) پانی 2) سیال 3) ٹھوس 4) یہ تمام

2) ان میں سیالی حرکت ہوتی ہے

1) پانی اور کوئلہ 2) مائعات اور ٹھوس 3) مائعات اور گیس 4) یہ تمام

3) سیال میں ذرات آپس میں _____ ہوتے ہیں

1) سختی سے جڑے 2) بہت زیادہ سختی سے جڑے 3) جڑے نہیں ہوتے ہیں 4) کم سختی سے جڑے ہوتے ہیں

4) سیال ایک عام نام ہے جو _____ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے

1) مائع اور ٹھوس 2) صرف مائعات 3) صرف گیس 4) مائعات اور گیس

5) مائعات کی سطح _____ ہوتی ہے

1) آزاد 2) آزاد نہیں 3) گیس نہیں کہہ سکتے 4) کوئی بھی نہیں

6) قوت اُچھال (Thrust) کو کہتے ہیں

1) وہ قوت جو جسم میں موجود ہو 2) وہ قوت جو سطح پر عموداً عمل کرتی ہے

3) کودنے کے لیے استعمال ہونے والی قوت 4) یہ تمام

7) قوت اچھال کی اکائی S.I. نظام میں ہے۔
1) ڈالٹن 2) نیوٹن 3) پاسکل 4) کوئی بھی نہیں

8) قوت اچھال کی اکائی M.K.S. نظام میں ہے۔
1) ڈالٹن 2) نیوٹن 3) نیوٹن فی مربع میٹر 4) کوئی بھی نہیں

9) کسی سطح پر دباؤ سے مراد ہے۔
1) وہ قوت اچھال فی گھنٹہ 2) وہ قوت اچھال فی سکنڈ 3) وہ قوت اچھال فی رقبہ 4) یہ تمام

10) دباؤ مساوی ہوتا ہے۔
1) قوت اچھال x رقبہ 2) قوت اچھال + رقبہ 3) قوت اچھال - رقبہ 4) قوت اچھال/رقبہ

11) پانی کا نچلہ دباؤ کیا ہے۔
1) پانی کا کل وزن/برتن کی نچلی سطح کا رقبہ 2) پانی کا وزن x برتن کا رقبہ 3) دونوں 4) کوئی بھی نہیں

12) سیالی دباؤ' جانبی دباؤ کی وجہ سے برتن میں موجود پانی دیوار سے _____ گرتا ہے۔
1) قریب 2) کچھ فاصلہ طئے کرتے ہوئے 3) نہیں گرتا 4) دیوار سے بہتا ہے

13) ایک فٹ بال لے کر اس کو ایک برتن میں موجود پانی میں ڈبو کر چھوڑنے پر وہ گولہ فوری اوپر آ کر پانی پر تیرنے لگتا ہے یہ وجہ ہے
1) سیال کی قوت کی وجہ 2) سیال کے اوپری دباؤ کی وجہ 3) سیال ہلکے ہوتے ہیں 4) کوئی بھی نہیں

14) ذیل میں کونسا صحیح ہے۔
1) سیال دو قسم کا دباؤ ڈلتے ہیں نچلا اور اوپری 2) سیال صرف اوپر دباؤ ڈالتے ہیں
3) سیال صرف نچلا دباو ڈالتے ہیں 4) سیال تین قسم کا دباو ڈالتے ہیں نچلا' اوپری اور جانبی

15) سیالی مشین _____ کے کلیہ کے اصول پر کام کرتی ہے۔
1) نیوٹن 2) پاسکل 3) ڈائن 4) تمام

16) اس نے سونے کے خالص پن کو جانچنے کا طریقہ معلوم کیا۔
1) نیوٹن 2) پاسکل 3) ارشمدیس 4) کوئی نیں

17) کسی سیال میں ڈوبے ہوئے جسم پر یہ دو طرح کی قوتیں عمل کرتی ہیں۔
1) تجاذبی قوت اور جسم کا وزن 2) تجاذبی قوت اور قوت اچھال 3) تجاذبی قوت اور نچلہ دباو 4) کوئی نہیں

18) ایک جسم کا وزن ہوا میں _____ ہوتا ہے پانی کے اندر کے وزن کے
1) کم 2) زیادہ 3) نہیں کہہ سکے 4) 1 اور 2

19) جسم کو مائع میں ڈبایا جائے تب اس پر اوپری قوت اچھال مساوی ہوتی ہے۔
1) جسم کے وزن 2) سیال کے ہٹاتے ہوئے وزن کے 3) دونوں کے 4) کوئی نہیں

20) پتھر کا ظاہری نقصان وزن مساوی ہے۔
1) پتھر کا اصل وزن 2) پتھر کا پانی میں وزن
3) پتھر کا پانی میں وزن + ہٹائے گئے پانی کا وزن 4) (پتھر کا اصل وزن)-(ہٹائے گئے پانی کا وزن)

21) جسم کا وزن ہوا میں w_1 اور پانی میں w_2 تب جسم کی کثافت اضافی ہوگی۔

1) $\frac{w_1}{w_1+w_2}$ 2) $\frac{w_1}{w_1-w_2}$ 3) $\frac{w_1+w_2}{w_1}$ 4) $\frac{w_1-w_2}{w_1}$

22) جسم کا وزن ہوا میں w_1 اور تیل میں w_2 تب جسم کا ظاہری نقصان وزن تیل میں ہوتا ہے۔

1) w_1+w_2 2) w_2-w_1 3) $w_1\times w_2$ 4) w_1-w_2

23) کثافت C.G.S. نظام میں ہے۔

1) کیلوگرام فی مکعب سمر 2) گرام فی مکعب سمر 3) گرام فی مکعب میٹر 4) کیلوگرام فی مکعب میٹر

24) کثافت MKS نظام میں ہے۔

1) کیلوگرام فی مکعب میٹر 2) کیلوگرام فی مکعب سمر 3) گرام فی مکعب میٹر 4) گرام فی مکعب سمر

25) _____ کا اصول ٹھوس اشیاء کی کثافت اضافی معلوم کرنے کے استعمال کیا جاتا ہے۔

1) نیوٹن کا تیسرا کلیہ 2) نیوٹن کا دوسرا کلیہ 3) پاسکل کا کلیہ 4) ارشمیدس کا کلیہ

26) مائع کی کثافت اضافی

1) (مائع میں شئے کا نقصان وزن)/(پانی میں شئے کا نقصان وزن) 2) (پانی میں شئے کا وزن)/(مائع میں شئے کا وزن)

3) دونوں 4) کوئی نہیں

27) اگر جسم کا وزن ہوا، پانی اور مائع میں ہی ترتیب وار w_1 ، w_2 ، w_3 گرام ہے تب مائع کی کثافت ہوگی۔

1) $\frac{w_1+w_2}{w_1+w_2}$ 2) $\frac{w_1-w_2}{w_1-w_2}$ 3) $\frac{w_1+w_1}{w_2-w_2}$ 4) $\frac{w_1-w_1}{w_1+w_2}$

28) جسم کی کثافت اضافی =

1) جسم کا وزن ہوا میں/ہٹائے ہوئے پانی کا وزن 2) ہٹائے ہوئے پانی کا وزن/جسم کا وزن ہوا میں

3) دونوں 4) کوئی نہیں

29) شئے کی کثافت اضافی =

1) شئے کا وزن ہوا میں/شئے کا ظاہری وزن نقصان پانی ہے 2) شئے کا ظاہری وزن نقصان/شئے کا وزن ہوا میں

3) دونوں غلط 4) معلوم نہیں کر سکتے

30) مائع کی کثافت اضافی =

1) (شئے کا وزن ہوا میں - شئے کا وزن مائع میں)/(شئے کا وزن ہوا میں - شئے کا وزن پانی میں)

2) (شئے کا وزن ہوا میں)/-(شئے کا وزن ہوا میں - شئے کا وزن پانی میں)

3) (شئے کا وزن پانی میں)/(شئے کا وزن ہوا میں) 4) کوئی نہیں

31) تیراؤ کے کلیہ اس سے منسلک ہیں۔

1) نیوٹن 2) پاسکل 3) آرسیمدس 4) تمام

32) مائع میں ڈالے گئے جسم پر یہ قوتیں عمل کرتی ہیں۔

1) جسم پر تجاذبی قوت نچلے کی طرف اور قوت اچھال اوپر رقبہ کی طرف 2) جسم کی تجاذبی قوت اوپر کی طرف اور اچھال نیچے کی طرف

3) جسم پر کوئی قوت عمل نہیں کرتی ہے 4) جسم کھوکلہ ہو جاتا ہے۔

33) جسم کا زیادہ حصہ پانی کی سطح سے اوپر اس وقت تیرتا ہے۔
1) جسم کے تجاذبی قوت زیادہ ہو قوت اچھال ہے۔ 2) جسم کے تجاذبی قوت کم ہو قوت اچھال ہے
3) 1اور2 4) جسم کی تجاذبی قوت مساوی ہو قوت اچھال ہے

34) جسم مکمل طور پر پانی کی سطح کے ساتھ تیرتا ہے۔
1) جسم کی تجاذبی قوت زیادہ ہو قوت اچھال سے 2) جسم کی تجاذبی قوت کم ہو قوت اُچھال سے
3) جسم کی تجاذبی قوت مساوی ہوتی ہے قوت اچھال سے 4) تمام

35) جسم ڈوب جاتا ہے۔
1) جسم کی تجاذبی قوت زیادہ ہو قوت اچھال سے 2) جسم کی تجاذبی قوت کم ہو قوت اُچھال سے
3) جسم کی تجاذبی قوت مساوی ہوتی ہے قوت اچھال سے 4) تمام

جوابات KEY

1) **2**	2) **3**	3) **4**	4) **4**	5) **1**	6) **2**	7) **3**	8) **2**	9) **3**	10) **4**
11) **1**	12) **2**	13) **2**	14) **4**	15) **2**	16) **3**	17) **2**	18) **2**	19) **2**	20) **4**
21) **2**	22) **4**	23) **2**	24) **1**	25) **4**	26) **1**	27) **2**	28) **1**	29) **1**	30) **1**
31) **1**	32) **1**	33) **2**	34) **3**	35) **1**					

-1 سیال سے کیا مراد ہے۔
(1) مائع (2) گیس (3) دونوں 1,2 (4) ان میں سے کچھ نہیں

-2 مادہ Matter کی کونسی حالت state حرکت کرتی ہے۔
(1) مائع (2) گیس (3) ٹھوس (4) سیال

-3 . گیسوں کی کثافت دباؤ کی وجہ سے ہے۔
(1) تبدیل نہیں ہوتی (2) بدلتی ہے (3) مستقل ہوتی ہے (4) کوئی نہیں

-4 جب ہم کرسی پر پر یا پلنگ کی نرم سطح پر بیٹھتے ہیں تو وہ _____ کی وجہ سے نیچے کی جانب دب جاتی ہیں۔
(1) قوت اچھال (2) قوت (3) میکانکی قوت (4) مقناطیسی قوت

-5 قوت اچھال Thrust کی MKS نظام میں اکائی
(1) Dyne (2) نیوٹن (3) پاسکل (4) واٹ

-6 دباؤ کی اکائی نیون فی مربع میٹر کا دوسرا نام کیا ہے۔
(1) Dyne (2) نیوٹن (3) پاسکل (4) واٹ

-7 سیال دباؤ ڈالتا ہے۔
(1) نچلا دباؤ (2) اوپری دباؤ (3) جانبی دباؤ (4) تینوں جانب دباؤ

-8 ''ساکن مائع کے کسی بھی مقام پر دباؤ میں اضافہ کو بغیر کسی تبدیلی کے کسی دوسرے مقام پر منتقل کیا جاسکتا ہے۔یعنی تمام سمتوں میں مساوی منتقل کیا جاسکتا ہے۔''
(1) پاسکل کلیہ (2) برنالی کا کلیہ (3) ارشمیدس کا کلیہ (4) کوئی نہیں

-9 سیالی مشین کے استعمالات

(1) روئی کے گھٹوں کو دبانے کیلئے (2) تیل کے بیجوں کو دبا کر تیل نکالنے کیلئے

(3) گاڑیوں میں بریک لگانے کیلئے (4) یہ تمام

-10 ارشمیدس نے کس دھات کے خالص پن کو جانچنے کیلئے ''ارشمیدس کا اصول'' دریافت کیا۔

(1) سونا (2) چاندی (3) لوہا (4) تانبہ

-11 ایک بکٹ جب وہ پانی کے اندر ہوتی ہے تو ہلکی معلوم ہوتی ہے۔ بہ نسبت جب وہ پانی کے باہر ہوتی ہے کیوں؟

(1) اوپری قوت اچھال کی وجہہ سے (2) نچلی قوت کی وجہہ سے

(3) تجاذبی قوت کی وجہہ سے (4) ان میں سے کوئی نہیں

-12 جب ایک جسم کو پوری طرح یا اسکا کچھ حصہ مائع میں ڈبایا جائے تو اس پر اوپری قوت اچھال عمل کرتی ہے۔ جو مائع کے ہٹائے ہوئے وزن سے

(1) بڑھکر (2) کم (3) مساوی (4) کچھ نہیں

-13 کثافت اضافی کی اکائی

(1) مکعب میٹر (2) مکعب سنٹی میٹر فی گرام (3) مکعب میٹر فی کیلوگرام (4) ان میں سے کوئی نہیں

-14 ایک پتھر کا وزن ہوا میں 15 گرام اور پانی میں 12 گرام ہے۔ اس کی کثافت اضافی معلوم کرو۔

5(1) 10 (2) 15 (3) 12 (4)

-15 زمین کی سطح پر ہر شئے پر ہوا کا دباؤ ہوتا ہے۔

(1) کرہ ہوائی کا دباو (2) کثافت (3) رطوبت (4) طوفان

-16 کرہ ہوائی کا دباؤ معلوم کرنے کیلئے آلات

(1) مائع کا بارپیماء (2) بے مائع کا بارپیماء (3) دونوں 2,1 (4) ان میں سے کوئی نہیں

-17 پارہ Mercury کی کثافت اضافی

(1) 7.6 gm/cc (2) 13.6 gm/cc (3) 13.6 kg/cm (4) $9.8\ ms^{-2}$

-18 سطح سمندر سے بلندی کی طرف جانے پر کرہ ہوائی کے دباؤ میں _____ واقع ہوتی ہے۔

(1) زیادتی (2) کمی (3) مستقل رہتا ہے (4) ان میں سے کوئی نہیں

-19 کرہ ہوائی کا دباؤ کا انحصار _____ ہوتا ہے۔

(1) کثافت (2) تپش (3) رطوبت (4) یہ تمام

-20 اگر بارپیماء کی بلندی اچانک گر جائے تو یہ نشانی ظاہر کرتی ہے۔

(1) طوفان کی آماد (2) بارش کی آمد (3) قحط (4) تمام

-21 اگر بارپیماء کی بلندی آہستہ آہستہ گرنے لگے تو یہ نشانی ظاہر کرتی ہے۔

(1) طوفان کی آمد (2) بارش کی آمد (3) قحط (4) تمام

-22 ایک مقررہ کمیت والی گیس کی تپش کو مستقل رکھا جائے تو دباؤ بالعکس متناسب ہوتا ہے۔ اس کے حجم کے مستقل = PV

(1) بائیل کا کلیہ (2) برنالی کا کلیہ (3) ارشمیدس کا کلیہ (4) تمام

-23 جب ہوا تیزی کے ساتھ کسی جسم کی سطح کے متوازی چلتی ہے تو سطح پر ہوا کا دباؤ بہ نسبت نیچے کی سطح کے کم ہو جاتا ہے۔
(1) بائیل کا کلیہ (2) برنالی کا کلیہ (3) ارشمیدس کا کلیہ (4) تمام

-24 ہوائی جہاز کے اڑنے کیلئے۔
(1) برنالی کا کلیہ (2) ارشمیدس کا کلیہ (3) بائیل کا کلیہ (4) تمام

-25 وہ آلہ جس سے مائعات کی کثافت اضافی معلوم کی جاتی ہے۔
(1) ہائیڈرومیٹر (2) بارپیاء (3) تھرمامیٹر (4) تمام

-26 گیسوں پر تپش اور دباؤ کا اثر مائع کے برخلاف _____ ہوتا ہے۔
(1) زیادہ (2) کم (3) مستقل (4) ان میں سے کوئی نہیں

-27 استواریت کی خاصیت اس میں ہوتی ہے۔
(1) پانی (2) لکڑی (3) آکسیجن (4) شہد

-28 آب پیما کا استعمال معلوم کرنے کے لیے ہوتا ہے۔
(1) مایع کا حجم (2) مایع کی کمیت (3) مایع کی کثافت اضافی (4) مایع کے لزوجیت

-29 لزوجی خاصیت اس مایع میں ہوتی ہے۔
(1) پانی (2) تارکول (3) الکوہل (4) کلورین کا پانی

-30 کثافت دراصل کمیت اور حجم کے درمیان ہوتی ہے
(1) حاصل ضرب (2) باہمی نسبت (3) دونوں کا مجموعہ (4) دونوں کا باہمی فرق

-31 C.G.S نظام میں کمیت کی اکائی ہوتی ہے۔
(1) پونڈ/ کیوبک فیٹ (2) گرام/ مکعب سمر (3) کیلوگرام/ کیوبک میٹر (4) کوئی اکائی نہیں ہوتی

-32 یہ مادے کی تین حالتوں میں پایا جاتا ہے۔
(1) مائع (2) ٹھوس (3) گیس (4) آبی بخارات

-33 اضافی کثافت سے مراد
(1) کسی شئے کی کثافت کا پانی کی کثافت سے تقابل کرنا (2) پانی کی کثافت کا کسی شئے کی کثافت سے تقابل کرنا
(3) 1اور2 (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-34 وہ مقدار جو کسی شئے کے جسم میں پائی جاتی ہے۔
(1) وزن (2) لمبائی (3) طاقت (4) کمیت

-35 سختی کی خصوصیات ٹھوس اجسام میں پائی جاتی ہے۔ یہ کہلاتی ہے۔
(1) Fluid Pressure سیالی دباؤ (2) کثافت (3) Rigidity سختی (استواری) (4) یہ تمام

-36 کثافت اضافی =
(1) $\frac{\text{شئے کی کثافت}}{\text{پانی کی کثافت}}$ (2) $\frac{\text{شئے کی کمیت}}{\text{شئے کا حجم}}$ (3) $\frac{\text{پانی کی کثافت}}{\text{شئے کی کثافت}}$ (4) $\frac{\text{کمیت}}{\text{حجم}}$

-37 .M.K.S نظام میں کثافت کی اکائی ہوتی ہے۔

(1) $\frac{\text{کیلوگرام}}{\text{میٹر}3}$ (2) $\frac{\text{میٹر}2}{\text{کیلوگرام}}$ (3) $\frac{\text{گرام}}{\text{سنٹی میٹر}3}$ (4) کوئی بھی نہیں

-38 وہ قوت جو مایعات میں عمودی سمت نیچے سے اوپر کی جانب عمل کرتی کہلاتی ہے۔

(1) اچھال Crust (2) Gravitational Force (3) مقناطیسی قوت (4) سیالی دباؤ

-39 مائع کے ایک ہی گہرائی تک ڈوبتا ہے جس کو آب پیما کہا جاتا ہے۔

(1) Common Hydrometer (2) Nicholsons Hydrometer

(3) یہ دونوں (4) کوئی نہیں

-40 ایسی خاصیت جو مایعات میں سست رفتاری پیدا کرتی ہے کہلاتی ہے۔

(1) لزوجیت Viscosity (2) کثافت Density (3) رفتار Velocity (4) یہ تمام

-41 مایعات کے دباؤ کو کہتے ہیں۔

(1) آبی دباؤ (2) برقی دباؤ (3) سیالی دباؤ (4) دنوں 1 اور 3

-42 ''تیرنے والی اشیاء کا وزن مساوی ہوتا ہے ہٹائے ہوئے مائع کے وزن کے'' یہ تیراؤ کا کونسا کلیہ ہے۔

(1) کمیہ 1 (2) کمیہ 2 (3) کمیہ 1 اور 2 (4) تیراؤ کا کوئی بھی کمیہ نہیں ہے

-43 گیسوں پر تپش اور دباؤ کا اثر مائع کے برخلاف ہوتا ہے۔

(1) زیادہ (2) کم (3) بہت زیادہ (4) کچھ بھی نیں

-44 سیال یا بہنے والے مایعات کی مثالیں ہیں۔

(1) پانی۔الکوہل (2) گیس۔الکوہل (3) 1 اور 2 (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

-45 جب کوئی جسم پانی کی سطح پر قائم پذیر ہو تو تب T اور W دو قوتوں میں یہ رشتہ ہوتا ہے۔

(1) $W = T$ (2) $W > T$ (3) $W < T$ (4) یہ تمام

جوابات KEY

1-3	2-3	3-2	4-1	5-2	6-3	7-4	8-1	9-4	10-1
11-1	12-3	13-4	14-1	15-1	16-3	17-2	18-2	19-4	20-1
21-2	22-1	23-2	24-1	25-1	26-1	27-2	28-3	29-2	30-2
31-3	32-1	33-1	34-4	35-3	36-1	37-1	38-1	39-2	40-1
41-3	42-1	43-1	44-1	45-1					

2. ہماری کائنات (Our Universe)

ستارے اور شمسی نظام

- نظام شمسی میں آٹھ سیارے ہیں۔
- نظام شمسی کے آٹھ سیاروں میں زمین ہی وہ واحد سیارہ ہے جہاں زندگی پائی جاتی ہے۔
- سورج کے اطراف مریخ اور مشتری کے درمیان سیارے نما کثیر تعداد میں گردش کرتے ہیں۔
- سورج سے قریب پہونچتے ہوئے دمدار ستارے کی دم کی جسامت بڑھتی ہے۔
- شہاب ثاقب عام طور پر نسبتاً ایک چھوٹا جسم ہوتا ہے جو کبھی کبھار ہی زمین کی فضاء میں داخل ہوتا ہے۔
- جو مجسم زمین تک پہنچتا ہے اسے حجر ثاقب کہتے ہیں۔
- آریہ بھٹ ہندوستان کا سب سے پہلا مصنوعی سیارہ ہے۔
- موسم کی پیش قیاسی، ریڈیوں اور ٹیلیویژن کے سگنلوں کی ترسیل مواصلات اور ریموٹ سنسنگ مصنوعی سیارچوں کے استعمالات ہیں۔

نظام شمسی کے آٹھ سیارے

- **عطارد:** سورج سے قریب سیارہ ہے۔ عطارد کو ہم طلوع آفتاب سے بالکل پہلے یا غریب آفتاب کے بالکل بعد افق پر دیکھ سکتے ہیں۔
- **زہرا:** زمین کا سب سے قریب سیارہ ہے۔ زہرا کو صبح یا شام کا تارہ کہا جاتا ہے۔ اس کا کوئی ذیلی سیارہ نہیں ہے۔
- بہت بڑا سیارہ ہے اس میں 1300 زمینیں سما سکتی ہیں۔ مشتری کی کمیت زمین سے 318 گنا ہی زیادہ ہے۔
- **مریخ:** کو سرخ سیارہ بھی کہتے ہیں مریخ کے دو چھوٹے سے قدرتی سیارے ہیں
- زحل کا رنگ زردی مائل ہے اس کے اطراف پائے جانے والے دائروی ہالے اسے دوسروں سے ممیّز کرتے ہیں
- **جدول: سیاروں کے درمیان تقابل**

سیارے کا نام	تقابل قطر زمین کے قطر سے	سورج سے فاصلہ کروڑ کلومیٹر میں	مداری گردش کا وقت	سیاروں کی تعداد (تا حال دریافت کے مطابق)
عطارد	0.38	5.79	88 دن	0
زہرا	.95	10.8	225 دن	0
زمین	1.0	15.0	365 دن	1
مریخ	.53	22.8	687 دن	2
مشتری	11.19	77.8	12 سال	50
زحل	9.40	142.7	29.5 سال	53
یورانس	4.04	286.9	24 سال	27
نیپچون	3.88	449.7	169 سال	13

چاند

❖ کیا آپ جانتے ہیں کہ ہمارے ملک نے چاند کا سیارچہ چندرائن۔1، 22 اکتوبر 2008 کو روانہ کیا۔اس کا مقصد چاند کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہے۔

❖ **چندرائن۔1 کے مقاصد:**

1۔ چاند پر پانی کی موجودگی کے امکانات کا جائزہ لینا

2۔ چاند پر عناصر کی کھوج

3۔ ہیلیم۔3 کی تلاش

4۔ چاند کا سہ ابعادی (Three Dimensional) اٹلس تیار کرنا

5۔ نظام شمسی سے متعلق معلومات حاصل کرنا

ہمارا ملک دنیا کے ان چھ ممالک میں سے ایک ہے جنہوں نے چاند کے مصنوعی سیارچے داغے ہیں۔اس سلسلے میں آپ اخبارات یا انٹرنیٹ کی مدد سے چندرائن 1 کی اکٹھا کی ہوئیں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

سورج گہن (Solar Eclips)

❖ سورج گہن اس وقت ہوتا ہے جب چاند کا سایہ زمین پر پڑتا ہے۔اور ایسا ہلالی دن ہی ہوتا ہے۔

❖ **سورج گہن کی مختلف اشکال**

1۔ **مکمل سورج گہن:** یہ اس وقت ہوتا ہے جب چاند، سورج اور زمین کے درمیان حائل ہو جاتا ہے۔

2۔ **جزوی سورج گہن:** اس وقت دیکھا جاتا ہے جب چاند کی بیرونی جزوی سطح کا سایہ زمین پر پڑتا ہو۔

3۔ **سالانہ سورج گہن:** یہ اس وقت واقع ہوتا ہے جب چاند سورج کے سامنے حائل ہو کر سورج سے چھوٹا دکھائی دیتا ہے۔اس موقع پر سورج ایک روشن چھلہ سا دکھائی دیتا ہے۔

4۔ **مخلوط سورج گہن:** یہ شاذ و نادر واقع ہونے والا فلکیاتی نظارہ ہے۔جو دائروی گہن سے مکمل گہن کا رخ کرتا ہے۔

چاند گہن (Lunar Eclips)

چاند پر زمین کا سایہ پڑنے کی وجہ سے چاند گہن واقع ہوتا ہے۔چاند گہن بدر کامل کے دن ہی واقع ہوتا ہے۔

❖ **چاند گہن کی اقسام:**

1۔ **مکمل چاند گہن:** زمین کا سایہ چاند کی دکھائی دینے والی پوری سطح پر پڑنے سے مکمل چاند گہن ہوتا ہے۔

2۔ **جزوی چاند گہن:** جزوی چاند گہن اس وقت ہی ہوتا ہے جب کہ چاند کی دکھائی دینے والی سطح زمین کے اس پر پڑنے والے سائے سے ڈھنک جاتی ہے۔

3۔ **نیم جزوی چاند گہن:** ایسا گہن اس وقت واقع ہوتا ہے جب چاند زمین کے سائے کے بیرونی علاقے سے جزوی طور پر گزرتا ہے۔

❖ زمین پر کسی عمودی شئے کا اقل ترین سایہ ہمیشہ ہی شمال اور جنوب کی سمت ہوتا ہے۔

❖ کسی شئے کا اقل ترین سایہ دوپہر کے وقت پڑتا ہے۔

- چاند کی مختلف ہیئتیں چاند کے مراحل کہلاتی ہیں۔
- ہلالی دن سورج اور چاند، زمین کی ایک ہی جانب آجاتے ہیں۔
- چودھویں کی رات، سورج اور چاند، زمین کے دونوں جانب واقع ہوتے ہیں۔
- چاند پر کوئی فضا نہیں ہوتی، جیسے کہ زمین کی اپنی فضاء ہوتی ہے۔
- قطب تارہ زمین کے محور کی جانب واقع ہوتا ہے اس لیئے یہ ساکن نظر آتا ہے۔
- سورج کا قطر 13,92,000 کلومیٹر ہے
- زمین کا قطر 12,756 کلومیٹر ہے
- چاند کا قطر 3474 کلومیٹر ہے
- سورج سے زمین کا فاصلہ 15,00,00,000 کلومیٹر ہے
- زمین سے چاند کا فاصلہ 3,84,399 کلومیٹر ہے
- اسکیل ایک لاکھ کلومیٹر = ایک سمر لیجئے۔غور کیجئے کہ ہماری کائنات میں سورج، زمین اور چاند کی ترتیب کیسی ہوگی۔

3. قدرتی مظاہر (Natural Phenomenon)

نور LIGHT

نور اور اسکی خصوصیات

- روزمرہ زندگی میں زمین کی سطح پر کئی سالوں کا مشاہدہ کرتے ہیں ان کی تمام صورتوں میں زمین ایک پردہ کا کام کرتی ہے۔
- سایہ وہ علاقہ ہے جہاں روشنی غیر موجود ہوتی ہے اس لئے سایے کا کوئی رنگ نہیں ہوتا چاہے شئے کا کوئی بھی رنگ ہو۔
- سایہ کو دیکھ کر حقیقی شئے کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا۔
- ایک ہی واحد شئے کی حالتوں کو بدل کر مختلف اشکال کے سایوں کو حاصل کیا جاسکتا ہے۔
- پن ہول کیمرے سے حاصل شدہ کی بہ نسبت تکبیری عدسے سے حاصل ہوا خیال زیادہ واضح ہے۔
- جب روشن کسی شئے پر پڑتی ہے تو واپس لوٹتی ہے اس کو انعکاس Reflection کہتے ہیں۔روشنی کی شعاع کسی شئے پر پڑتی ہے ٹکرا کر اسی واسطہ میں واپس لوٹتی ہے۔
- آپ سورج کی روشنی کو آئینے کی مدد سے منعکس کر سکتے ہیں لیکن اس بات کی احتیاط ضروری ہے کہ یہ روشنی آنکھوں پر نہ پڑے۔
- سایہ خیال سے مختلف ہوتا ہے۔
- وہ شے جو روشنی دیتی ہے روشنی کا ذریعہ کہلاتی ہے۔
- سورج، روشن بلب جلائی ہوئی موم بتی وغیرہ چند روشنی کے ذرائع ہیں۔
- کوئی شئے جو جلتی ہے یا روشن ہوتی ہے وہ روشنی کے طور پر کام کرتی ہے۔
- **شفاف شئے:** شیشہ اور ہوا روشنی کو اپنے اندر سے گزرنے دیتے ہیں اس لئے ان کا سایہ نہیں بنتا۔ ایسی اشیاء شفاف اشیاء (Transparent) کہلاتی ہے۔

- **غیر شفاف شئے:** کاغذ، تختہ، لکڑی لوہا وغیرہ جیسی اشیاء اپنے اندر سے روشنی کو گزرنے نہیں دیتی یہ چیزیں سایہ بناتی ہے یہ چیزیں غیر شفاف (Opaque) کہلاتی ہیں۔
- **نیم شفاف:** پولیتھن بیگ اور روغن کاغذ وغیرہ اشیاء روشنی کو جزوی طور پر گزرنے دیتی ہیں ان کے سایے غیر واضح ہوتے ہیں۔ ان اشیاء کو نیم شفاف (Translucent) اشیاء کہتے ہیں۔
- کسی شئے کا سایہ حاصل کرنے صرف روشنی اور غیر شفاف شئے ہی ضروری نہیں بلکہ اس کے علاوہ ہمیں ایک پردہ بھی درکار ہے۔

انعکاس نور

- سایہ کی شکل نور کے ماخذ اور شئے کی حالت کے لحاظ سے بدلتی رہتی ہے۔
- نور کی شعاع خط مستقیم میں سفر کرتی ہے۔
- جب نور کی شعاع کسی شئے کی سطح پر پڑ کر منعکس ہوتی ہے۔ اور اگر منعکس شدہ نور کی شعاع ہماری آنکھ تک پہنچتی ہے تب ہم اس شئے کو دیکھ سکتے ہیں۔
- جب نور کی شعاع آپ کے چہرہ پر مرکوز کی گئی ہو تب آئینہ میں آپ کا خیال واضح نظر آتا ہے۔
- باوجود اس کے کہ سورج کی روشنی کئی اشیاء کی سطحوں پر جیسے کہ دیوار، فرش، چھت پر مسلسل پڑتی ہے۔
- آئینہ پر پڑنے والی یہ نور کی شعاع، شعاع وقوع (Incidentray) کہلاتی ہے۔
- اور ٹکرا کر واپس لوٹنے والی شعاع، شعاع منعکس کہلاتی ہے۔
- شعاع واقع اور عمود کے درمیان میں بننے والا زاویہ، زاویہ وقوع (Angle of Incidence) کہلاتا ہے۔
- انعکاس شدہ شعاع اور عماد کے درمیان بننے والا انعکاس Angle of Reflection کہلاتا ہے۔
- کاٹے ہوئے گیند کی اندرونی سطح مقعر اور بیرونی حصہ محدب سطح کہلاتی ہے۔
- وہ آئینے جن کی انعکاسی سطح منحنی ہو وہ کروی آئینے کہلاتے ہیں۔
- یہ دو قسم کے ہوتے ہیں
- اگر آئینہ کی انعکاسی سطح مقعر ہو تو اس کو مقعر آئینہ کہتے ہیں۔
  1) مقعر آئینہ Concave Mirror
  2) محدب آئینہ Convex Mirror
- پردہ پر حاصل ہونے والے خیال کو حقیقی خیال Real Image کہا جاتا ہے۔
- وہ خیال جو پردہ پر حاصل نہ کیا جا سکتا ہو لیکن دیکھا جا سکتا ہو ''مجازی خیال Virtual Image کہلاتا ہے۔
- ڈاکٹر کی جانب سے استعمال کئے جانے والے مقفر آئینہ دانتوں کے خیال کو بڑا کر کے دیکھنے میں مدد دیتے ہیں۔
- جب چکنی سطح والے آئنوں سے انعکاس ہوتا ہے۔ اس کو باقاعدہ انعکاس (Regular Reflection) کہتے ہیں۔
- باقاعدہ انعکاس کی صورت میں واضح خیالات حاصل ہوتے ہیں۔
- غیر مسطح یا کھردری سطح سے ہونے والے انعکاس کو ''بے قاعدہ انعکاس'' (Irregular Reflection) کہتے ہیں۔
- بے قاعدہ انعکاس کی صورت میں خیالات واضح نظر نہیں آتے۔
- شیشہ کی سطح چکنی ہو باقاعدہ انعکاس کی وجہ سے ان شیشوں میں ہم اپنا خیال واضح دیکھ سکتے ہیں۔
- اگر کھڑکی کے شیشہ کی سطح کھردری ہو تو بے قاعدہ انعکاس کی وجہ سے ہم اپنا خیال حاصل نہیں کر سکتے یا اس شیشہ میں خیال غیر واضح ہوتا ہے۔

انعکاس

انعکاس کے پہلے کلیہ کے مطابق کسی زاوے پر شعاع وقوع نقطہ وقوع پر کھینچے گئے عمادی خط سے ایک خاص زاویہ بناتی ہے تب وہ عمودی خط سے مساوی زاویہ بناتے ہوئے منعکس ہوجاتی ہے۔

انعکاس کا یہ کلیہ تمام سطحوں کے لیے صحیح ہے۔ چاہے یہ سطح مستوی ہو یا منحنی۔

- (Fermat's principle) فرماٹ کا اصول: اپنے سفر کے دوران روشنی وہ راستہ اختیار کرتی ہے جس میں اقل ترین وقت درکار ہوتا ہے، روشنی کے انعکاس کے لیے بھی یہی بات صادق آتی ہے۔
- آئینے کا ضابطہ: $1 / f = 1 / u + 1 / v$

تکبیر m = $\frac{\text{خیال کی جسامت}}{\text{شے کی جسامت}}$ یا $\frac{\text{شے کا فاصلہ}}{\text{خیال کا فاصلہ}}$

موم بتی کا مقام (شے)	خیال کا مقام	بڑا/چھوٹا	سیدھا یا الٹا	حقیقی یا مجازی
آئینے اور F کے درمیان	آئینے کے پیچھے	بڑا	سیدھا	مجازی
ماسکی نقطہ پر	لامتناہی مقام پر			
F اور C کے درمیان	C سے آگے	بڑا	الٹا	حقیقی
مرکزِ انحنا پر	C پر	شے کی جسامت کے برابر	الٹا	حقیقی
C سے پرے	C اور F کے درمیان	چھوٹا	الٹا	حقیقی

انعطاف

- روشنی ایک واسطے سے دوسرے واسطے میں داخل ہوتے ہوئے اپنی رفتار بدل دیتی ہے۔ اس عمل کو روشنی کا انعطاف نور کہا جاتا ہے۔ انعطاف کے عمل میں روشنی کی شعاعیں واسطے کے تبدیل ہونے کے نقطہ پر مڑ جاتی ہیں سوائے اسکے شعاع عموداً واقع ہو۔
- روشنی کی شعاع جب ایک واسطے سے دوسرے واسطے میں داخل ہوتے ہوئے اپنی سمت میں جو تبدیلی لاتی ہے اس تبدیلی کو اس انعطاف نما (refractive index) کی شکل میں ظاہر کیا جاتا ہے۔

انعطاف نما (refractive index)

- خلا میں روشنی کی رفتار تقریباً 3×10^8 میٹر/سکنڈ (روشنی کی رفتار کو c سے ظاہر کرتے ہیں) ہوتی ہے۔ دیگر شفاف واسطوں میں روشنی کی رفتار c سے کم ہوتی ہے۔
- فرض کیجیے کہ کسی واسطے میں روشنی کی رفتار 'V' ہو تب خلا میں روشنی کی رفتار اور اس واسطے میں روشنی کی رفتار کی نسبت کو انعطاف نما (refractive index) کہیں گے۔ اسے بہ لحاظ خلا 'n' سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

مطلق انعطاف نما = خلا میں روشنی کی رفتار / واسطے میں روشنی کی رفتار

$$n = c / v \qquad \text{----------} \quad (1)$$

چوں کہ یہ قدر یکساں طبعی مقدار کی نسبت ہے، اس کی اکائیاں نہیں ہوتیں۔ اس قیمت سے ہمیں اس بات کا اندازہ ہو جاتا ہے کہ کسی واسطے میں روشنی کی رفتار کتنی سست یا کتنی تیز ہوتی ہے۔ کسی واسطے میں روشنی کی رفتار دھیمی ہو تو انعطاف نما زیادہ ہوگا اور رفتار تیز ہو تو انعطاف نما کم ہوگا۔ انعطاف نما (n) کا مطلب دراصل یہ ہے کہ اس واسطے میں روشنی کی رفتار خلا میں رفتار کا n واں حصہ ہے۔

مثلاً شیشے کا انعطاف نما 3/2 ہے تب شیشے میں روشنی کی رفتار 3×10^8 میٹر/سکنڈ کا 2/3 ہوگا یعنی 2×10^8 میٹر/سکنڈ

چند واسطوں میں انعطاف نما کی قدریں

واسطہ	اشاریہ ٔ انعطاف	واسطہ	اشاریہ ٔ انعطاف
ہوا	1.0003	نباتی ویزش (canada balsam)	1.53
برف	1.31	راک سالٹ (rock salt)	1.54
پانی	1.33	کاربن ڈائی سلفائیڈ	1.63
کیروسین	1.44	فلنٹ گلاس (معدنی بلوری شیشہ)	1.65
سوان (fused quartz)	1.46	لعل، یاقوتِ احمر (ruby)	1.71
ٹرپنٹائن تیل	1.47	نیلم (sapphire)	1.77
سخت شیشہ	1.52	ہیرا	2.42
بنزین	1.50		

نوٹ: جدول 1 سے ہم کو اندازہ ہوتا ہے کہ یہ ضروری نہیں کہ بصری اعتبار سے کثیف واسطے کی کمیتی کثافت بھی زیادہ ہو۔ مثال کے طور پر کیروسین کا انعطاف نما زیادہ ہے باوجود اس کے کہ یہ مرکب پانی سے زیادہ کثیف ہے اگر چہ اس کی کثافت پانی سے کم ہے۔

ٔ انعطاف نما حسب ذیل عوامل پر منحصر ہوتا ہے۔ (1) شے کی نوعیت (2) استعمال ہونے والی روشنی کا طولِ موج

اضافی انعطاف نما

ایک واسطے کا انعطاف نما کسی دوسرے واسطے کے انعطاف نما کے بلحاظ پہلے واسطے میں روشنی کی رفتار اور دوسرے واسطے میں روشنی کی رفتار کی نسبت ہے۔

فرض کیجیے کہ V_1 اور V_2 بالترتیب پہلے اور دوسرے واسطے میں روشنی کی رفتار ہو تب دوسرے واسطے کا انعطاف نما بلحاظ پہلا واسطہ

n_{21} = روشنی کی رفتار پہلے واسطے میں (V_1) / روشنی کی رفتار دوسرے واسطے میں (V_2)

$$n_{21} = V_1 / V_2$$

شمار کنندہ اور نسب نما کو c سے تقسیم کرنے پر

$$n_{21} = (V_1/C) / (V_2 / C) = (1/n_1)\ (1/n_2)$$

$$n_{21} = n_2 / n_1 \text{ ---------- (2)}$$

اس نسبت کو اضافی انعطاف نما کہا جاتا ہے۔ ہم اضافی انعطاف نما کی تعریف اس طرح کریں گے۔

$$\frac{\text{دوسرے واسطے کا انعطاف نما } (n_2)}{\text{پہلے واسطے کا انعطاف نما } (n_1)}$$

عدسے: عدسہ اس شئے کو کہتے ہیں جو کسی شفاف شئے سے بنا ہو اور جس میں دو سطحیں ہوں ان دو سطحوں میں سے دونوں یا پھر کوئی ایک سطح کروی یعنی عدسہ کی کم از کم ایک سطح منحنی ہوتی ہے۔ عدسے مختلف قسم کے ہوتے ہیں۔ ان میں سے چند شکل 6 میں دکھائے گئے ہیں۔



کسی عدسے کی بیرونی جانب ابھری ہوئی دو کروی سطحیں ہوسکتی ہیں۔ ایسے عدسے کو دوہرا محدب عدسہ (Bi Convex Lens) کہتے ہیں

یہ عدسہ کناروں کے مقابلہ میں مرکز پر موٹا ہوتا ہے۔

اسی طرح ایک دوہرا مقعر عدسہ دو ایسی کروی سطحوں پر مشتمل ہوتا ہے جو مرکز پر پتلا اور کناروں پر موٹا ہوتا ہے۔ اسے دوہرا محدب عدسہ کہتے ہیں۔

1. کسی عدسے کی ہر منحنی سطح دراصل کرہ کا حصہ ہوتی ہے۔
2. کرہ کا مرکز جس کا کروی حصہ عدسہ ہے۔ مرکز انحنا (Centre of Curvature) کہلاتا ہے۔ اسے انگریزی حرف C سے ظاہر کیا جاتا ہے۔
3. اگر کسی عدسہ میں دو منحنی سطحیں ہوں تو ان کے مرکز انحنا کو C1 اور C2 سے ظاہر کیا جائے گا۔



fig-7

4. مرکز انحنا اور منحنی سطح کا درمیانی فاصلہ منحنی سطح کا نصف قطر (R) کہلاتا ہے۔ منحنی سطح کی نصف قطروں کو بالترتیب R1 اور R2 سے ظاہر کرتے ہیں۔ C1 اور C2 کو ملانے والے خط کو محور اصلی (Pricipal Axis) کہتے ہیں۔ پتلے عدسہ کے وسطی نقطہ کو عدسہ کا مناظری مرکز (P) Optic Centre کہا جائے گا۔

عدسے کا ماسکی طول (Focal length of the lens)

وہ نقطہ جہاں سے طیف یا روشنی کی لکریں یا شعاعیں مرکوز ہو جاتی ہیں (یا) وہ نقطہ جہاں سے شعاعیں نکلتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں ماسکی نقطہ یا ماسکہ Focal Point or Focus (F) کہلاتا ہے۔ ہر دوہرے عدسہ کے دو ماسکی نقاط ہوتے ہیں۔ ماسکی نقطہ اور مناظری مرکز کے درمیان فاصلہ کو ماسکی طول Focal length کہتے ہیں اور اسے f سے ظاہر کیا جاتا ہے۔



شعاعی خاکوں کے لئے ہم ⇳ کو محدب عدسہ کی علامت کے طور پر اور ⤫ کو مقعر عدسہ کی علامت کے طور پر ظاہر کریں گے۔

عدسوں سے خیال کی تشکیل کے لئے شعاعی خاکے کھینچنے کے اُصول:

خیال کے مقام اور اس کی جسامت کو معلوم کرنے کے لئے شعاعی خاکے بنانے کی خاطر ہمیں ذیل کے اصولوں پر عمل کرنا ضروری ہے۔ عدسہ کے سبب خیال، محورِ اصلی پر شئے کے کسی بھی مقام کے لئے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

مقام کے تعین اور خیال کی جسامت کو معلوم کرنے کے لئے ہمیں مندرجہ بالا بتلائی گئی I تا IV چار صورتوں کے منجملہ کوئی دو شعاعوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

- محورِ اصلی کے کسی مقام پر رکھی گئی شئے کا کوئی نقطہ منتخب کریں۔
- مذکورہ چار صورتوں میں سے منتخبہ کوئی دو شعاعوں کا خاکہ بنائیے۔
- دونوں شعاعوں کو اس حد تک بڑھائیں کہ وہ ایک دوسرے کو قطع کر سکیں۔ یہ نقطہ خیال کا مقام ہوگا۔
- نقطہ تقاطع سے ایک عمادی خط محور اصلی پر لیجئے۔
- عمادی خط کی لمبائی خیال کی جسامت کو ظاہر کرے گی۔

ذیل کی ایک شئے کے مختلف مقامات پر محدب عدسہ سے بننے والے خیال کو ظاہر کرتی ہیں۔

1- شئے لامتناہی فاصلہ پر

آپ جانتے ہیں کہ لامتناہی فاصلہ پر ایک شئے سے عدسہ پر پڑنے والی شعاعیں، محور اصلی کے متوازی ہوتی ہیں۔ یہ شعاعیں ماسکی نقطہ پر مرکوز ہوں گی۔ لہٰذا ماسکی نقطہ پر انتہائی چھوٹا خیال بنے گا۔

2- محور اصلی پر مرکز انحنا سے دور رکھی گئی شئے



میں آپ دیکھ سکتے ہیں کہ جب کسی شئے کو مرکز انحنا (C2) سے دور رکھا جاتا ہے تو حاصل ہونے والا خیال C1 اور F1 کے درمیان واقع ہوتا ہے جو حقیقی الٹا اور چھوٹا ہوتا ہے۔

شکل کے تحت ہم نے دو شعاعیں منتخب کی ہیں۔ ایک شعاع محور اصلی کے متوازی گزرتی ہے تو دوسری شعاع مناظری مرکز سے گزرتی ہے تا کہ عکس کے مقام کا تعین کیا جا سکے۔

شعاعوں کی جوڑی کو استعمال کرتے ہوئے شعاعی خاکہ بنانے کی کوشش کیجئے جس میں ایک شعاع محور کے متوازی اور دوسری شعاع ماسکہ سے گزرتی ہو۔

3- مرکز انحنا پر رکھی گئی شئے



جب کسی شئے کو محور اصلی پر مرکز انحنا (C2) پر رکھا جاتا ہے تو عکس C1 پر حاصل ہوتی ہے جو کہ حقیقی، الٹا اور شئے کی جسامت کے مساوی ہوتا ہے۔ شکل 14 دیکھئے۔

4- مرکز انحنا اور ماسکی نقطہ کے درمیان رکھی گئی شئے



جب کبھی کوئی شئے مرکز انحنا (C2) اور ماسکہ (F2) کے درمیان رکھی جاتی ہے تو آپ کو ایسا خیال حاصل ہوتا ہے جو کہ حقیقی، الٹا اور شئے کی جسامت سے بڑا ہوتا ہے۔ اس صورت میں خیال C1 سے دور حاصل ہوگا۔

5- ماسکی نقطہ پر رکھی گئی شئے



جب شئے کو ماسکہ پر رکھا جائے تو خیال لامتناہی فاصلہ پر حاصل ہوگا۔ شکل 16 دیکھئے۔ جب خیال لامتناہی پر حاصل ہوگا تو ایسی صورت میں ہم خیال کی جسامت اور نوعیت پر تبصرہ نہیں کر سکتے۔

6- ماسکی نقطہ اور مناظری مرکز کے درمیان رکھی گئی شئے

اگر ہم شئے کو ماسکی نقطہ اور مناظری مرکز کے درمیان رکھیں تو ہمیں مجازی، سیدھا اور شئے سے بڑا خیال حاصل ہوگا۔



شکل کے شعاعی خاکہ کے مطابق آپ دیکھیں گے کہ خیال مجازی، سیدھا ہوگا اور عدسہ کے اسی طرف بنے گا جس طرف شئے رکھی گئی ہے۔ یہ خیال شئے کی جسامت سے بڑا ہوگا۔ اسے تکبیر شدہ خیال بھی(magnified image) کہتے ہیں۔

کسی محدب عدسہ کی اس خصوصیت سے ہمیں خوردبین(Microscope) بنانے میں مدد ملتی ہے۔ یہ آلہ کسی شئے کو اس کی جسامت سے بڑا ظاہر کرتا ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ مجازی خیال کا بڑا ہونا اس وقت ممکن ہے جبکہ شئے کا فاصلہ عدسہ کے ماسکی طول سے کم ہو۔

جب زاویۂ وقوع، زاویہ فاصل سے بڑا ہو تو دونوں واسطوں کی خط فاصل پر روشنی کی شعاع منعکس ہوجائے گی یعنی یہ شعاع لطیف واسطے میں داخل ہی نہیں ہوگی۔ اس واقعے کو کلی داخلی انعکاس(total internal reflection) کہتے ہیں۔

کلی داخلی انعکاس کے اطلاق(Application of total Internal reflection)

i) **ہیروں کی چمک:** ہیروں کی چمک کی اصل وجہ کلی داخلی انعکاس ہی ہے۔ ہیرے کا زاویہ فاصل بہت ہی کم(24.4^o) ہوتا ہے۔

ii) نوری ریشے **Optical fibres:** نوری ریشے کے کام کرنے کا بنیادی اصول کلی داخلی انعکاس ہی ہے۔ یہ دراصل بہت باریک ریشہ ہوتا ہے جو شیشہ یا پھر پلاسٹک سے بنا ہوا ہوتا ہے۔ اس کا نصف قطر 10^{-6} میٹر ہوتا ہے۔ ایسے کچھ ریشوں کے مجموعہ سے مل کر ایک ہلکا پائپ تیار ہوتا ہے۔





زاویۂ وقوع، زاویہ فاصل سے بڑا ہوتا ہے اور نتیجتاً کلی داخلی انعکاس واقع ہوتا ہے اور روشنی ریشے کے ذریعے منتقل ہوتی ہے۔

- ضابطہ $n_2/v-n_1/u=(n_2-n_1)/R$ اس وقت استعمال کیا جائے گا جب روشنی کی شعاع 'R' نصف قطر والے منحنی سطح کے واسطے سے (جس کا انعطاف نما n_1 ہے) انعطاف نما n_2 والے واسطہ کی مشترکہ انحنا میں داخل ہو۔
- کوئی دو سطحوں سے دو واسطوں کے علحدہ ہونے پر جبکہ ان دو سطحوں میں سے کوئی ایک سطح منحنی ہو عدسہ بنتا ہے
- عدسہ کا ضابطہ $1/f=1/v-1/u$ ہے جہاں f عدسہ کا ماسکی طول u شئے کا فاصلہ اور v خیال کا فاصلہ ہوتا ہے۔
- عدسہ کی بناوٹ کا ضابطہ $1/f=(n-1)(1/R_1-1/R_2)$ جہاں R_1 اور R_2 منحنی سطح کے نصف قطر n انعطافی نما اور f ماسکی طول ہے۔

Lens Marker's Formula: وہ اعظم ترین زاویہ جہاں سے ہم مکمل شئے دیکھ سکتے ہیں زاویہ نگاہ یا زاویہ بصارت کہلاتا ہے۔ ایک صحت مند آدمی زاویہ بصارت 60^0 ہوتی ہے۔ عمر کی مناسبت سے یہ ایک فرد سے دوسرے فرد میں مختلف ہوتی ہے۔ عام آدمی

کے لئے واضح بصارت کا اقل ترین فاصلہ تقریباً 25 سمر اور زاویہ نگاہ 60^0 ہوتا ہے۔عمر کی مناسبت سے یہ فرد سے فرد میں مختلف ہوتا ہے۔

انسانی آنکھ کی ساخت (Structurel of Human Eye)

انسان کی آنکھ بے حد قیمتی اور نازک حسی اعضاء میں سے ایک ہے یہ ہمیں اشیا اور اپنے چاروں طرف موجود رنگوں کو دیکھنے کے قابل بناتی ہے۔



آنکھ کے ڈھیلے (Eyeball) کی ساخت تقریباً کروی ہوتا ہے۔اس کی اگلی سطح منحنی ہوتی ہے جو شفاف پرت سے گھری ہوتی ہے جس کو قرنیہ (Cornea) کہتے ہیں۔یہ حصہ بیرونی جانب سے بھی دکھائی دیتا ہے۔

قرنیہ کے پیچھے جو جگہ ہوتی ہے وہ مائع سے پُر ہوتی ہے اس کو آبی کہفہ (Aqueos Humour) کہتے ہیں۔اس کے پیچھے قلمی عدسہ (Crystalline Lens) ہوتا ہے جو خیال بناتا ہے۔آبی کہفہ اور عدسہ کے درمیان ایک گہرا عضلاتی ڈایافرام ہوتا ہے جس کو قزحیہ (Iris) کہتے ہیں۔اس میں ایک سوراخ ہوتا ہے جو پتلی (Pupil) کہلاتا ہے۔ قزحیہ (Iris) ایک رنگین حصہ ہوتا ہے جس کو ہم آنکھ میں دیکھتے ہیں۔

پتلیاں کالے رنگ کی ہوتی ہیں کیونکہ جب کوئی روشنی اس پر پڑتی ہے تب وہ روشنی، آنکھ میں داخل ہوتی ہے۔یہاں سے روشنی کے باہر آنے کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی۔ پتلی کے ذریعہ آنکھ کے اندر داخل ہونے والی روشنی کی مقدار کو قزحیہ کنٹرول کرتا ہے مدھم روشنی کے موقعوں پر قزحیہ پتلیوں کو کشادہ کرتا ہے تاکہ زیادہ روشنی اندر داخل ہوجائے اور تیز روشنی کے موقعوں پر یہ پتلیوں کو سکڑاتا ہے تاکہ زیادہ تیز روشنی آنکھ کے اندر داخل نہ ہوجائے یعنی نور کی شعاعوں کو آنکھ میں داخلے کے لیے قزحیہ 'پتلیوں کو بطور ''متغیر روزن'' (Variable Aperture) کا رول ادا کرتے ہیں۔عدسہ درمیان میں سخت ہوتا ہے اور رفتہ رفتہ اسکے باہری کنارے ملائم ہوتے ہیں۔ جب نور کی شعاع آنکھ میں داخل ہوتی ہے تو ریٹینا پر خیال بنتا ہے۔ یہ آنکھ کے ڈھیلے (Eye Ball) کے پچھلے حصے کو گھیرا ہوا ہوتا ہے۔عدسے اور ریٹینا کا درمیانی فاصلہ 2.5 سمر ہوتا ہے یعنی آنکھ کے سامنے شئے کے کسی بھی مقام سے خیال کا متعینہ فاصلہ تقریباً 2.5 سمر ہوتا ہے۔

- ہدبی عضلات جو بصری عدسے سے جڑے ہوئے ہوتے ہیں بصری عدسے کے نصف قطر انحنا کو تبدیل کرتے ہوئے بصری عدسے کو اسی کے ماسکی طور میں تبدیل کے لیے مدد کرتے ہیں۔
- جب بہت دور کی شئے پر آنکھ کو مرکوز کیا جاتا ہے تب ہدبی عضلات ڈھیلے پڑجاتے ہیں جس سے بصری عدسہ کا ماسکی طول اعظم ترین ہوجاتا ہے جو ریٹینا سے اس کے مساوی فاصلے کے ہوتا ہے۔متوازی شعاعیں جب آنکھ میں داخل ہوتی ہیں تو وہ ریٹینا پر کو مرکوز ہوتی ہیں اور ہم شئے کو واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں۔

- جب آنکھ قریب کی شئے پر نظر کو مرکوز کی جاتی ہے تب ہدبی عضلات میں تناؤ پیدا ہوتا ہیں جس سے بصری عدسے کا ماسکی طول گھٹ جاتا ہے۔ ہدبی عضلات ماسکی طول سے اس طرح مطابقت کر لیتے ہیں کہ ریٹینا پر خیال بن جائے اور ہم شئے کو واضح طور پر دیکھ سکیں۔ یہ ماسکی طول کے مطابقت کی صلاحیت کو تطبیق (Accommodation) کہتے ہیں۔ تاہم یہ عضلات حد سے آگے تناؤ کا پیدا نہیں کر سکتے۔ لہذا جب شئے کو آنکھ سے قریب تر لایا جاتا ہے تب ماسکی طول مطابقت نہیں کر پاتا تا کہ ریٹینا پر خیال بن جائے۔ لہذا کسی شئے کے واضح بصارت کا اقل ترین فاصلہ تقریباً 25 سمر ہوگا۔ جیسا کہ مشغلہ -1 میں دیکھا گیا ہے
- ریٹینا پر بصری عدسہ شئے کا ایک حقیقی اور الٹا خیال بناتا ہے۔ یہ ریٹینا دراصل ایک نازک جھلی ہوتی ہے جو تقریباً 125 ملین امکان محصیلی رکھتا ہے جنہیں rods 'اور Cones' کہتے ہیں جو کہ روشنی شعاعوں کو اور ان کے سگنل کو قبول کرتا ہے۔ (rods رنگوں کی نشاندہی کرتے ہیں جبکہ Cones روشنی حدت کی نشاندہی کرتے ہیں) یہ اشارے یا سگنلس تقریباً 1 ملین بصری عصبی ریشوں کے ذریعہ دماغ تک پیغامات پہنچتے ہیں۔ دماغ ان پیغامات کو توضیح کر کے اطلاعات کو حتمی شکل دیتا ہے جس کے نتیجہ میں ہم کسی جسم کو یا شئے کو اس کی جسامت، وضع اور رنگ میں پاتے ہیں۔
- سیلسیری عضلات کی مدد سے بصری عدسہ بہ اعتبار شئے کا فاصلہ خود اپنے ماسکی طول میں تبدیلی کا باعث بنتا ہے۔
- اگر شئے کا مقام لامتناہی اور واضح بصارت اقل ترین فاصلے کے درمیان ہو تب بصری عدسہ کا ماسکی طول 2.5 سمر اور 2.27 سمر کے درمیان ہوگا تا کہ ریٹینا پر واضح خیال بن جائے۔
- بصری عدسے کی وہ صلاحیت جس سے وہ اپنی ماسکی طول کو تبدیل کر لیتا ہے عدسہ کے تطبیق Accommodation of Lens کہلاتی ہے۔

❖ پیغامات پہنچتے ہیں دماغ ان پیغامات کو توضیح کر کے اطلاعات کو حتمی شکل دیتا ہے جس کے نتیجہ میں ہم کسی جسم کو یا شئے کو اس کی جسامت وضع اور رنگ میں پاتے ہیں۔

❖ حسی عضلات کی مدد سے بصری عدسہ بہ اعتبار شئے کا فاصلہ خود اپنے ماسکی طول میں تبدیلی کا باعث بنتا ہے۔

❖ اگر شئے کا مقام لامتناہی اور واضح بصارت اقل ترین فاصلے کے درمیان ہو تب بصری عدسہ کا ماسکی طول 2.5 سمر اور 2.27 سمر کے درمیان ہوگا تا کہ ریٹینا پر واضح خیال بن جائے۔

❖ بصری عدسے کی وہ صلاحیت جس سے وہ اپنی ماسکی طول کو تبدیل کر لیتا ہے عدسہ کی تطبیق Accomodation of Lens کہلاتی ہے۔

❖ بعض اوقات آنکھ بتدریج اپنی تطبیق کی صلاحیت کھو دیتی ہے۔ ایسے حالات میں انسان اشیاء کو واضح طور پر اور آسانی سے نہیں دیکھ پاتا ہے۔

❖ بعصری عدسے میں نقائص کی وجہ سے بصارت دھندلی پڑ جاتی ہے۔ عام طور پر بصارت کے تین نقص ہوتے ہیں وہ یہ ہیں۔

(1) مائیوپیا Myopia کوتاہ بینی

(2) ہائپرمیٹروپیا Hypermetropia نظر کی بعید بینی

(3) پرسبائیوپیا Presbyopia پیراں بینی

مائیوپیا Myopia (کوتاہ بینی)

❖ بعض اشخاص دور کی اشیاء واضح طور پر نہیں دیکھ پاتے جبکہ قریب یا نزدیک کی چیزوں کو صاف طور پر دیکھ پاتے ہیں۔ اس قسم کے بصری نقص کو مائیوپیا (دور کی نظر کی کمزوری) کہتے ہیں اس کو قریب نظری کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ ایسے اشخاص کا اعظم ترین ماسکی طول

2.5 سے کم ہوتا ہے۔ایسی صورت میں دور کی اشیاء سے آنے والی شعاعیں بصری عدسے سے انعطاف کے بعد ریٹینا کے سامنے خیال بناتی ہے۔

- ایک صحت مند شخص 25 سمر سے زیادہ دور والی اشیاء کو بھی واضح طور پر دیکھ سکتا ہے مگر مائیو پیا سے متاثر شخص کچھ فاصلے تک رکھی گئی اشیاء کو ہی واضح طور پر دیکھ پاتا ہے۔
- نقطہ کا اعظم ترین فاصلہ جہاں سے بصری عدسہ ریٹینا پر ایک خیال بناتا ہے۔اس کو نقطہ بعید (Far Point) کہتے ہیں۔اشخاص جو نقطہ بعید سے آگے کی اشیاء کو نہیں دیکھ پاتے وہ نقص مائیو پیا (Myopia) کہلاتا ہے۔

ہائپر میٹروپیا Hypermetropia (بعید بینی)

ہائپر میٹروپیا کو ''دور نظری'' کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ایک شخص جو ہائپر میٹروپیا سے متاثر ہے زیادہ فاصلے پر رکھی ہوئی اشیاء کو واضح طور پر دیکھ سکتا ہے لیکن قریب رکھی ہوئی اشیاء کو واضح طور پر نہیں دیکھ پاتا۔کیونکہ اس شخص کے لئے بصری عدسہ کا اقل ترین ماسکی طول 2.27 سمر سے زیادہ ہوتا ہے۔ایسی صورت میں قریب رکھی ہوئی شئے سے آنے والی روشنی کی شعاعیں ریٹینا کے پیچھے خیال بناتی ہے۔

- ہائپر میٹروپیا سے متاثرہ شخص نزدیکی نقطہ اور واضح بصارت کے اقل ترین فاصلے کے درمیان رکھی ہوئی شئے کو نہیں دیکھ سکتا۔
- ہائپر میٹروپیا نقص کی درستگی کے لئے ہمیں محدب الطرفین عدسہ کی ضرورت ہوگی جو نزدیکی نقطے کے پیچھے رکھی ہوئی شئے کا واضح خیال بنا سکے۔
- Presbyopia کی تصحیح کے لئے f مثبت ہوگا جو محدب عدسہ کی نشاندہی کرتا ہے۔
- پرسبائیوپیا ایک بصارتی نقص ہے جو ضعیفی میں آتا ہے جہاں آنکھوں کی تطبیقی طاقت میں کمی آتی ہے ایسے لوگ قریب کی اشیاء کو واضح اور بہ آسانی نہیں دیکھ سکتے۔
- کبھی کبھی ایک شخص ضعیفی کی وجہ سے مائیو پیا اور ہائپر میٹروپیا دونوں کا شکار ہو جاتا ہے۔
- پرسبائیوپیا نقص کی درستگی کے لئے دوہرا ماسکی عدسہ (bio-focal lens) کی ضرورت ہوگی ایک عام دوہرے ماسکی عدسے میں اوپری حصہ مقعر عدسہ اور نچلا حصہ محدب عدسہ ہوتا ہے۔
- روشنی کی شعاعوں کو مرکوز یا منحرف کرنے کی وہ نسبت جو کسی عدسے سے حاصل کی جاسکتی ہے عدسے کی طاقت کہلاتی ہے۔
- ماسکی طول کا مقلوب عدسہ کی طاقت کہلاتا ہے۔

منشور Prism

- منشور دراصل ایک شفاف واسطہ ہے جو اطراف سے دو ہموار سطحوں سے علحدہ ہوتا ہے اور یہ ایک دوسرے کی طرف کچھ زاویہ بناتے ہیں۔ جب نور کی شعاع ایک ہموار سطح سے گذرتی ہے تو دوسری ہموار سطح سے نکلتی ہیں۔
- شعاع وقوع اور عمود کے درمیان بننے والا زاویہ زاویہ وقوع کہلاتا ہے۔
- شعاع نمو اور عمود کے درمیان بننے والا زاویہ زاویہ نمو کہلاتا ہے۔
- شعاع وقوع اور شعاع نمو کے درمیان بننے والا زاویہ زاویہ انحراف (d) کہلاتا ہے۔
- Snell= $\frac{\text{Sini}}{\text{Sinr}}$ کا کلیہ
- منشور کے انعطاف نما کا ضابطہ

$$n = \frac{\text{Sin } \frac{(A+d)}{2}}{\text{Sin } A/2}$$

- سفید روشنی کا مختلف رنگوں میں بٹ جانا (VIBGYOR) انکسار نور کہلاتا ہے۔
- فرماٹ اصول (Fermat's Principle) کے مطابق روشنی کی شعاع ہمیشہ کم وقت درکار کا راستہ اختیار کرتی ہے۔
- سفید روشنی مختلف موجوں کا اجماع ہے جو مختلف طول موج رکھتی ہیں۔ یہ مانا جاتا ہے کہ بنفشی (Violet) رنگ کم طول موج رکھتا ہے جبکہ سرخ رنگ کا طول موج زیادہ ہوتا ہے۔
- انعطاف نما $=$ $\frac{\text{خلاء میں نور کی رفتار}}{\text{واسطے میں نور کی رفتار}}$
- انعطاف نما نور کے طول موج پر منحصر ہوتا ہے۔
- طول موج میں اضافہ سے انعطاف نما میں کمی واقع ہوتی ہے۔
- سرخ رنگ کا انعطاف نما سب سے کم ہوتا ہے اور یہ بہت کم منحرف ہوتا ہے۔
- نور کا تعدد مبدا کی خصوصیت ہے اور یہ ایک سکنڈ میں مبدا سے نکلنے والے موجوں کی تعداد کے مساوی ہوتا ہے یہ کسی بھی واسطہ میں تبدیل نہیں ہوتا۔
- انعطاف کی وجہ سے تعدد میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔
- رنگین روشنی کسی بھی شفاف واسطے سے گذرنے پر اس کے رنگ میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔
- نور کا تعدد مستقل ہوتا ہے جبکہ طول موج میں تبدیلی واسطے پر منحصر ہوتی ہے۔
- کسی بھی صورتحال میں انعکاس ہو تو رفتار V راست متناسب ہوتی ہے۔ طول موج کے موج کی رفتار میں اضافہ ہو تو طول موج میں بھی اضافہ ہوگا اور طول موج میں کمی ہو تو رفتار میں کمی واقع ہوگی۔
- قوس قزح کے خوبصورت رنگ سورج کی روشنی کے انتشار سے فضا میں موجود بیشمار چھوٹے چھوٹے پانی کے قطروں سے منتشر ہونے کی وجہ سے حاصل ہوتے ہیں۔
- جب پانی کے قطرے سے شعاع گذرتی ہے تب اس کا انعطاف واقع ہوتا ہے اور سورج کی شعاع طیف (Spectrum) کے رنگوں میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ بنفشی (Voilet) بہت زیادہ منحرف ہوتی ہے جبکہ سرخ میں انحراف بہت کم ہوتا ہے۔
- سورج کی شعاع قطرے کی دوسری سطح تک پہنچنے پر تمام رنگوں کی شعاعیں کلی داخلی انعکاس کی وجہ سے منعکس ہو جاتی ہیں اور پہلی سطح کو لوٹ آتی ہیں اور انعطاف کرتے ہوئے فضاء میں پھیل جاتی ہیں۔ دوسرے انعطاف کے دوران سرخ اور Voilet بنفشی شعاعوں کے درمیان زاویہ بڑھ جاتا ہے بہ نسبت پہلے انعطاف کے۔
- داخلی اور خارجی شعاعوں کے درمیان بننے والا زاویہ 0^o اور 42^o کے درمیان واقع ہوتا ہے۔ جب داخلی اور خارجی شعاعوں کا درمیانی زاویہ اعظم ترین زاویہ 42^o ہو تب قوس وقزح کے رنگ بہت گہرے نظر آتے ہیں۔ یوں تو ہر قطرہ رنگوں کے مکمل طیف کو ظاہر کرتا ہے لیکن مشاہدا اپنے مقام کے اعتبار سے کسی ایک قطرہ سے انعطاف کے ذریعہ حاصل ہونے والے رنگوں میں سے کسی ایک ہی رنگ کا مشاہدہ کر سکتا ہے۔
- اگر بنفشی (Voilet) شعاع کسی قطرہ سے خارج ہو کر مشاہد کی آنکھ تک پہنچتی ہے تب اسی قطرے سے سرخ روشنی اس کی آنکھ تک نہیں پہنچتی۔
- سرخ روشنی کا مشاہدہ کرنے کیلئے آسمان کی جانب اوپر کے قطرے کا مشاہدہ کرنا ہوگا۔ سرخ رنگ دیکھنے کے لئے سورج کی شعاع اور قطرے سے منعکس ہو کر حاصل ہونے والی شعاع کا درمیانی فاصلہ 42^o ہونا چاہیے جبکہ Voilet رنگ دیکھنے کے لئے یہ زاویہ 40^o ہونا چاہیے۔ اگر آپ 40^o اور 42^o کے درمیان واقع زاویہ کا مشاہدہ کریں تب آپ کو "VIBGYOR" رنگ دکھائی دیں گے۔

❖ سب سے پہلے تو ہم یہ واضح کرلیں کہ قوس قزح ایک دوابعادی قوس نہیں ہے۔حقیقت میں قوس قزح جوہمیں نظر آتا ہے ایک سہ ابعادی مخروط ہے جس کی نوک ہماری آنکھوں پر پڑتی ہے۔تمام قطرے جس کی روشنی کا اظہار مخروطی شکل میں ہوتا ہے یہ مخروط مختلف پرتوں پر مشتمل ہوتا ہے۔وہ قطرے جن سے سرخ رنگ ہماری آنکھوں تک پہنچتے ہیں۔مخروط کی انتہائی بیرونی پرت ہے۔اس طرح وہ قطرے جو نارنجی رنگ کا اخراج کرتے ہیں سرخ رنگ کے خارج کردہ قطروں کے اندر ہوتے ہیں اسی طرح اس مخروط میں زرد رنگ، نارنجی رنگ وغیرہ وغیرہ رنگ پائے جاتے ہیں جبکہ بنفشی (Voilet) رنگ کا اخراج کرنے والا مخروط سب سے اندرون ترین ہوتا ہے۔

انتشار نور

❖ جوہر یا سالمے جو کہ روشنی کی زد میں آتے ہیں دراصل نوری توانائی کو جذب کرکے اس کا کچھ حصہ مختلف سمتوں میں خارج کرتے ہیں۔یہ نور کے انتشار میں ہونے والا بنیادی عمل ہے۔جوہر یا سالمہ پر نور کا اثر جوہر یا سالمہ کی جسامت پر منحصر ہوتا ہے۔اگر ذرہ (جوہر یا سالمہ) کی جسامت کم ہو تب زیادہ تعدد یا (کم طول موج) سے متاثر ہوتا ہے اور اس کے برعکس۔فرض کیجئے کہ کچھ تعدد کی روشنی کسی جوہر پر گرتی ہے اس روشنی کی وجہ سے جوہر میں ارتعاش پیدا ہوتا ہے اسکی وجہ سے یہ روشنی کو مختلف حدت کے ساتھ تمام سمتوں میں خارج کرتا ہے۔

❖ نور کی حدت سے مراد نور کا تعدد ہے کسی اکائی رقبہ سے فی سکنڈ سے گزرتا ہے۔

فرض کیجئے کہ آزاد جوہر یا سالمہ فضاء میں کس مقام پر پایا جاتا ہے۔

اس جوہر یا سالمہ پر نور کی شعاع پڑتی ہے تب وہ جوہر یا سالمہ اس روشنی سے متاثر ہوتا ہے جبکہ جوہر یا سالمہ نور کی طول موج کے مطابق ہوتا ہے۔اگر یہ صورتحال اطمینان بخش رہی تب جوہر روشنی کو جذب کرتا ہے اس میں اہتزاز واقع ہوتا ہے۔اس اہتزاز کی وجہ سے جوہر توانائی کا اقل ترین حصہ تمام سمتوں میں خارج کرتا ہے جس کی کثافت مختلف ہوتی ہے۔روشنی کا اس طرح دوبارہ خارج کرنا نور کا انتشار کہلاتا ہے اور نور کے اخراج کا وہ عمل جس سے تمام سمتوں میں مختلف کثافت سے نور کی شعاعیں خارج ہوتے ہیں انتشار نور کہلاتا ہے۔جوہر یا سالمہ انتشاری مرکز کہلاتے ہیں۔فرض کیجئے کہ شعاع وقوع اور سمت جہاں انتشار نور کی حدت کا مشاہدہ کیا گیا اس کے درمیان زاویہ ہے۔تجربہ سے یہ مشاہدہ کیا گیا کہ نور کے انتشار کی حدت زاویہ انتشار پر مختلف ہوتی ہے اور یہ زاویہ انتشار پر زیادہ سے زیادہ 90^{o} درجہ ہوتی ہے۔

❖ یہی وجہ ہے کہ آسمان نیلے رنگ کا دکھائی دیتا ہے جس وقت ہم آسمان کی طرف سورج کی شعاعوں کے عمودی سمت میں دیکھتے ہیں۔اگر ہم زاویہ تبدیل کرتے ہوئے دیکھتے ہیں تب نیلے رنگ کی کثافت بھی تبدیل ہوتی ہے۔

❖ **انتشار سے نیلا رنگ نظر آنے کی وجہ:** ہم جانتے ہیں کہ ہمارا ماحول مختلف جوہروں اور سالمات کا حامل ہے۔آسمان نیلے ہونے کی وجہ N_2 اور O_2 کے سالمات کی موجودگی ہے۔ان سالمات کی جسامت نیلے رنگ کے طول موج کی جسامت کے متقابل ہوتی ہے۔اسی لئے یہ سالمات بطور انتشاری مرکز کا کام کرتے ہیں۔

❖ **بعض گرم ترین دنوں میں آسمان سفید دکھائی دینے کی وجہ:** ہمارا ماحول مختلف جسامت، جوہروں اور سالمات سے بھرا ہوا ہے۔ان کی جسامت کے اعتبار سے وہ مختلف طول موج کے انتشار کے قابل ہوتے ہیں۔مثال کے طور پر پانی کے سالمے کی جسامت N_2 اور O_2 کے سالمے کی جسامت سے زیادہ ہوتی ہے۔یہ بطور انتشار مرکز کام کرکے دوسری حدت کو جو کہ نیلے رنگ کی حدت سے کم ہوتی ہے ظاہر کرتے ہیں۔گرمی کے دن ہی درجہ حرارت زیادہ ہوتا ہے، پانی کے بخارات ماحول میں شامل ہوجاتے ہیں جس کی وجہ سے ماحول میں پانی کے سالمات کثیر تعداد میں واقع ہوجاتے ہیں یہ پانی کے سالمے انتشار کے ذریعہ نیلے رنگ کے بجائے دیگر رنگوں کو خارج کرتے ہیں یہ تمام رنگ انسانی آنکھ کو سفید رنگ کی ہیئت میں نظر آتے ہیں۔جس کی وجہ سے آسمان سفید دکھائی دیتا ہے۔

❖ **سورج طلوع اور غروب کے اوقات میں سرخ دکھائی دینے کی وجہ:** فضا میں مختلف جسامت کے جوہر اور سالمہ آزادانہ حالت میں پائے جاتے ہیں۔ یہ سالمہ اور جوہر اپنی جسامت کے مطابق مختلف طول موج والی نور کی شعاع کو منحرف کرتے ہیں۔ فضاء میں سرخ رنگ کی شعاعوں سے مطابقت رکھنے والے سالمات کم پائے جاتے ہیں۔ لہذا سرخ شعاعوں کا انحراف دیگر رنگوں کے بالمقابل کم ہوتا ہے۔ سورج سے نکلنے والی شعاعیں فضاء کو طویل فاصلہ طئے کر کے ہماری آنکھوں تک پہنچتی ہیں۔ طلوع اور غروب کے اوقات میں سرخ رنگ کو چھوڑ کر تمام رنگین شعاعیں منحرف ہو کر ہماری آنکھوں تک پہنچنے سے قبل ہی زائل ہو جاتی ہیں۔ سرخ شعاعیں چونکہ بہت کم منحرف ہوتی ہے ہماری آنکھوں تک پہنچ جاتی ہے۔ نتیجہ میں طلوع اور غروب کے موقع پر سورج لال رنگ کا دکھائی دیتا ہے۔

❖ **دوپہر کے وقت سورج سفید دکھائی دینے کی وجہ:** دوپہر کے اوقات میں سورج کی شعاعوں کو صبح اور شام کے اوقات کے بالمقابل کم فاصلہ طئے کرنا پڑتا ہے لہذا تمام رنگ کی شعاعوں میں بہت کم انتشار واقع ہوتا ہے۔ لہذا تمام رنگ کی شعاعیں آپ کی آنکھوں تک پہنچ جاتی ہیں نتیجہ میں سورج سفید دکھائی دیتا ہے۔

❖ ہمارے ہر دلعزیز سائنسداں اور نوبل انعام یافتہ ''سی وی رامن'' نے گیسوں اور مائعات میں انتشار نور کے مظہر کو سمجھایا ہے۔ انہوں نے تجرباتی طور پر یہ مشاہدہ کیا کہ مائعات کے ذریعہ منتشر ہونے والے نور کی شعاعوں کا تعدد زیادہ ہوتا ہے۔ بہ نسبت شعاع وقوع کے تعدد کے اسے ''رامن کا اثر'' (Raman Effect) کا نام دیا گیا ہے۔ اسی Raman Effect کے استعمال سے سائنسدانوں نے سالمات کے مختلف اشکال کو دریافت کیا۔

مشقی سوالات

انعکاس نور

1. زاویہ وقوع مساوی ہوتا ہے۔
   1) زاویہ فاضل کے 2) زاویہ انعطاف کے 3) زاویہ انعکاس کے 4) زاویہ ظہور کے
2. آئینہ سے بننے والے خیالات میں کسی شئے کا دایاں حصہ بایاں نظر آتا ہے۔ اور بایاں حصہ داریاں نظر آتا ہے اس کو کہتے ہیں۔
   1) اوپری تبدیلی 2) نچلی تبدیلی 3) طرفی تبدیلی 4) افقی تبدیلی
3. ایک مستوی آئینہ سے شخص کا فاصلہ اور آئینہ سے خیال کا فاصلہ
   1) مساوی نہیں ہوتا ہے 2) مساوی ہوتا ہے 3) کہا نہیں جا سکتا 4) کبھی کم اور کبھی زیادہ ہوتا ہے
4. کوئی بھی شئے جو ہم سے دور فاصلہ پر ہو جسامت میں چھوٹی نظر آتی ہے۔ اسی طرح مستوی آئینہ کے اندر.....دور فاصلہ کی وجہ سے چھوٹا نظر آتا ہے۔
   1) مستوی 2) زاویہ 3) شے 4) خیال
5. مستوی آئینہ میں خیال کی تعداد
   1) 2 2) 3 3) 4 4) 1
6. عقب بین آئینہ (Rear View Mirror) میں خیال ہوتا ہے۔
   1) بڑا 2) چھوٹا 3) الٹا 4) حقیقی
7. دانتوں کے ڈاکٹر کے استعمال کردہ مقعر آئینہ میں کسی شئے کا خیال حاصل ہوتا ہے۔
   1) بڑا 2) چھوٹا 3) سیدھا 4) حقیقی

8. چمچے کے اندرونی حصہ میں خیال ہوتا ہے۔

1) معکوس 2) سیدھا 3) حقیقی 4) چھوٹا

9. پردہ پر حاصل ہونے والے خیال کو کہا جاتا ہے۔

1) مجازی 2) حقیقی 3) معکوس 4) چھوٹا

10. ایسا خیال جو پردے پر حاصل نہ کیا جاسکتا ہو۔

1) حقیقی 2) باخیال 3) مجازی 4) بے خیال

11. ٹارچ لائٹ/موٹر گاڑیوں کی ہیڈ لائٹ کے بلب کے پیچھے ہوتا ہے

1) مقعر آئینہ 2) محدب آئینہ 3) مستوی آئینہ 4) مقعر مستوی آئینہ

12. چکنی سطح والے آئینوں سے ہوتا ہے۔

1) باقاعدہ انعکاس 2) بے قاعدہ انعکاس 3) سیدھا انعکاس 4) معکوس انعکاس

13. غیر سطح یا کھردری سطح سے ہونے والا انعکاس

1) باقاعدہ انعکاس 2) معکوس انعکاس 3) سیدھا انعکاس 4) بے قاعدہ انعکاس

14. منظر بین استعمال کیا جاتا ہے۔

1) فوجیوں کے ذریعہ 2) حجاموں کے ذریعہ 3) مٹھائی کی دوکانوں میں 4) دانتوں کے ڈاکٹروں کے پاس

15. اگر کسی شئے کو مقعر آئینے کے روبرو محور اصلی C پر رکھا جائے تو خیال کا مقام _____ ہوگا۔

1) لامتناہی فاصلے پر 2) F اور C کے درمیان 3) C پر 4) C سے پرے

16. مقعر آئینے میں ہمیں خیال چھوٹا اس وقت حاصل ہوتا ہے جب کہ شئے کو _____ پر رکھا جائے

1) F پر 2) قطب اور F کے درمیان 3) C پر 4) C سے آگے

17. مقعر آئینے میں غیر حقیقی عکس اس وقت بنتا ہے جب شئے کو _____ پر رکھا جائے۔

1) F پر 2) قطب اور F کے درمیان 3) C پر 4) C سے آگے

18. تکبیر m =

1) v/u 2) u/v 3) h_o/h_1 4) h_1/h_o

19. ایک شعاع محدب آئینے کے ماسکی نقطے سے بظاہر گزرتی ہے تو انعکاس کے بعد _____ سے گذرتی ہے( )

1) محور کے متوازی 2) اسی راستے پر مخالفت سمت میں 3) F سے 4) C سے

20. ذیل میں کونسی مساوات Snell's law کا اظہار ہے۔

1) $n_1 \sin i = \frac{\sin r}{n_2}$ 2) $\frac{n_1}{n_2}\frac{\sin r}{\sin i}$ 3) $\frac{n_2}{n_1}\frac{\sin r}{\sin i}$ 4) مستقل $= \frac{n_1 \sin i}{n_2 \sin r}$

21. ہوا کے تناسب سے شیشے کا انعطاف نما 2 ہے تب شیشہ۔ ہوا کے مشترکہ مستوی/سطح فاصل کا زاویہ فاصل کلیدی _____ ہوگا۔

1) 0^0 2) 45^0 3) 30^0 4) 60^0

22. اگر زاویہ فاصل 45^0 ہو تو انعطاف نما ہوگا

(1) 1.732 (2) 1.33 (3) 1.5 (4) 1.44

23. انعطاف کے عمل کو سمجھانے کے لئے یہ جاننا ضروری ہے

(1) نور کی رفتار (2) واسطے کی کثافت (c) انعطاف نما (4) یہ تمام

24. ہیرے کا زاویہ فاصل ہے

(1) 24^0 (2) 24.4^0 (3) 23.4^0 (4) 26.4^0

25. خلاء میں نور کی رفتار تقریباً اسکے مساوی ہوتی ہے

(1) $2\times10^8 m/s$ (2) $5\times10^8 m/s$ (3) $3\times10^8 m/s$ (4) $10^8 m/s$

26. شیشہ کا انعطاف نما $\frac{3}{2}$ ہے تب شیشے کی رفتار ہوگی

(1) $3\times10^8 m/s$ (2) $2\times10^7 m/s$ (3) $3\times10^6 m/s$ (4) $2\times10^8 m/s$

27. ایک مائیکرومیٹر Micro meter مساوی ہے

(1) $10^{-180} m$ (2) $10^{-4} m$ (3) $10^{-9} m$ (4) $10^{-6} m$

28. انعطاف کے دوران _____ تبدیل نہیں ہوتا)

(1) طول موج (2) تعدد (3) نور کی رفتار (4) اوپر کے تمام

29. کسی جوہر یا سالمہ کے ذریعہ مختلف حدتوں کی روشنی کا مختلف سمتوں میں جذب ہونے کا عمل کہلاتا ہے۔

(1) نور کا انتشار (2) نور کا پھیلنا (3) انعکاس نور (4) انعطاف نور

30. آنکھ سے دکھائی دینے والی شئے کی جسامت بنیادی طور پر منحصر ہوتی ہے۔

(1) شئے کی حقیقی جسامت پر (2) آنکھ سے شئے کے فاصلے پر

(3) پتلی کے روزن پر (4) اگر ریٹینا پر خیال بنتا ہے تو جسامت پر

31. حسب ذیل میں سے غلط بیان کی نشاندہی کیجئے

(1) محدب آئینہ شئے کے تمام مقامات سے مجازی خیال بناتا ہے

(2) مقعر آئینہ شئے کے تمام مقامات سے حقیقی خیال بناتا ہے

(3) ایک مقعر آئینے کو شئے کے سامنے مناسب مقام پر رکھنے پر یہ مجازی تکبیر شدہ خیال بناتا ہے

(4) محدب آئینے سے پیدا ہونے والا تکبیری خیال ہمیشہ اکائی سے چھوٹا ہوتا ہے

32. ایک مقعر آئینہ جس کا نصف قطر انحنا 20cm ہے جس کو اسکرین سے 35cm فاصلے سے رکھا گیا ہے شئے کا حقیقی خیال اسکرین پر حاصل کرنے کے لئے شئے کو کس مقام پر رکھا جائے۔ فاصلہ محسوب کیجئے

(1) 28cm (2) 20cm (3) 35cm (4) 14cm

33. پتے کا جب سورج کی روشنی میں مشاہدہ کیا جاتا ہے تو وہ سبز نظر آتا ہے کیونکہ

(1) اس میں سبز رنگ کا اخراج ہوتا ہے (2) اس میں سبز رنگ کا انجذاب ہوتا ہے

(3) یہ سوائے سبز رنگ کے تمام جذب کر لیتا ہے (4) یہ سوائے سبز رنگ کے تمام رنگوں کو انتشار کر دیتا ہے

34. اچھی طرح سے تراشیدہ ہیرا چمکتا ہے اس کی وجہ

(1) انعکاس نور (2) انتشار نور (3) کلی داخلی انعکاس (4) انعاف نور

35. ہوا میں سرخ رنگ سے نیلے رنگ کے انعطاف نما کی نسبت

(1) اکائی سے کم (2) اکائی سے زیادہ

(3) اکائی (4) تجربہ کے انعقاد پر کے موقع پر کم یا زیادہ ہوسکتا ہے

36. فوٹوگرافی کیمرہ میں کونسا عدسہ استعمال ہوتا ہے

(1) محدب عدسہ (2) مقعر عدسہ

(3) محدب اور مقعر عدسہ کی ملاوٹ سے (4) محدب آئینہ ایک طرف اور مقعر آئینہ دوسری طرف

37. ایک آدمی 3m دور کی شئے کو صاف طور سے دیکھ سکتا ہے اگر یہ 12m دور کی شئے کو دیکھنے کے لئے اسے کونسا عدسہ استعمال کرنا پڑے گا

(1) محدب عدسہ $f = 4m$ (2) مقعر عدسہ $f = 4m$

(3) محدب عدسہ $f = -4m$ (4) مقعر عدسہ $f = -4m$

38. ایک شخص 15cm سے کم اور 100 cm سے زیادہ دور کی اشیاء کو نہیں دیکھ سکتا یہ دور کی اشیاء کو صاف طور پر دیکھنے کے لئے مقعر عدسہ جس کا ماسکی طول 100 cm- ہوتا ہے استعمال کرتا ہے اس کا نیا نزدیکی پوائنٹ کیا ہوگا

(1) 25 cm (2) 17.64 cm (3) 21.64 cm (4) 25.74 cm

39. ایک شخص اخبار 40 سنٹی میٹر دور رکھ کر پڑتا ہے تو وہ شخص بصارتی نقص سے دوچار ہے

(1) Myopia (2) Astigmatism (3) Hypermetropia (4) Presbyopia

40. روشنی کے تمام رنگوں کی رفتار _____ میں یکساں ہوتی ہے

(1) پانی (2) خلاء (3) ہوا (4) شیشہ (glass)

41. ایک نقص والی آنکھ کے لئے بصارت کا اقل ترین فاصلہ 75 سنٹی میٹر ہے۔ 25 سنٹی میٹر فاصلہ سے واضح کتاب کے مطالعہ کے لئے کس ماسکی طول والے عدسہ کا استعمال کرنا چاہئے

(a) 75 سمر (b) 25 سمر (3) 37.5 سمر (4) 150 سمر

42. ایک Myopia سے متاثرہ آنکھ کا قریب نگاہی کا فاصلہ 15 سمر ہے۔30 سمر پر رکھی گئی کتاب کو واضح طور پر پڑھنے کے لئے عدسہ کی تکبیری طاقت کیا ہونی چاہئے

(1) 3.33 dioptre (2) -3.33 dioptre (3) 2.22 diptre (4) -2.22 dioptre

43. ایک شخص جو کہ آئینہ کے سامنے کھڑا اپنے عکس کو دیکھ رہا ہے اس کو اپنا عکس چھوٹا اور سیدھا نظر آرہا ہے۔تو یہ آئینہ کونسا ہوگا

(1) مستوی (2) مقعر (3) محدب (4) مستوی مقعر

44. سادہ آنکھ (Normal eye) کے عضلات کس وقت اقل ترین کساؤ سے گذرتے ہیں۔جب کہ آنکھ شئے کو دیکھنے کے لئے مرکوز ہو

(1) جب شئے آنکھ سے بہت دور ہو (2) شئے آنکھ سے بہت قریب ہو

(3) آنکھ سے 25 سمر پر ہو (4) تقریباً آنکھ سے 1 میٹر فاصلہ پر ہو

45. گیلیلیو کے دوربین سے متعلق حسب ذیل میں کونسا بیان صحیح نہیں ہے

(1) اس کا Objective' محدب عدسہ ہوتا ہے (2) اس کا eye piece مقعر عدسہ ہوتا ہے

(3) انتہائی آخری خیال/عکس سیدھا ہوتا ہے (4) انتہائی آخری خیال/حقیقی ہوتا ہے

46. حسب ذیل میں سے کون بیان فلکی دوربین (Astronomical Telescope) سے متعلق صحیح ہے

(1) اس میں دو غیر مرکوز عدسہ (Diverging lens) شامل ہوتے ہیں

(2) اس کا Objective مقعر عدسہ ہوتا ہے

(3) اس کا eye piece محدب ہوتا ہے اور یہ Objective کی بہ نسبت اعظم ترین ماسکی طول کا حامل ہوتا ہے

(4) دوربین کا انتہائی/آخری خیال الٹا ہوتا ہے

47. جب ہم خوردبین کی نلّی کے طول میں اضافہ کرتے ہیں تو تکبیری طاقت

(1) گھٹتی ہے (2) بڑھتی ہے (3) کوئی تبدیلی نہیں ہوتی

(4) بڑھ سکتی ہے یا گھٹ سکتی ہے۔اس کا انحصار مشاہد اور مقام مشاہدہ پر ہوتا ہے

48. دوربین میں لمبے شگاف (Aperture) کو ____ کے لئے استعمال کرتے ہیں

(1) اعظم ترین تکبیر (2) اعظم ترین (Resolution) تشریح

(3) عدسہ کے انحراف (Aberation) کو کم کرنے (4) تیاری کا معاملہ ہے

49. دور/انتہائی فاصلہ پر موجود شئے (جسم) کا عکس فلکی دوربین میں _____ نظر آتا ہے

(1) سیدھا (2) الٹا (3) مسخ شدہ (4) ان میں سے کوئی نہیں

50. فلکی دوربین عام بصارت کا فاصلہ_____

(1) $\frac{f_0}{f_e}$ (2) $-f_0 \times f_e$ (3) $\frac{f_e}{f_o}$ (4) $f_0 + f_e$

51. ایک دوربین کے Objective عدسہ کی تکبیری طاقت M_0 ہے اور eyepice کی M_e تو جملہ تکبیری طاقت کیا ہوگی

(1) M_0 (2) M_e (3) $M_0 \times M_e$ (4) $M_0 + M_e$

52. ایک منشور سے گذرنے والی روشنی کی کرن انحراف کرتی ہے تو انحراف کے زاویہ کا انحصار ہوتا ہے

(1) منشور کے زاویہ پر (2) مادہ کے انعطاف نما پر

(3) داخل ہونے والی شعاع کی رفتار پر (4) (1) اور (2) دونوں

53. منشور کے ذریعہ زاویہ انحراف (انکسار Dispersion) پیدا کرتا ہے

(1) اضافہ ہوتا ہے اگر اوسط انعطاف نما میں اضافہ ہو (2) اضافہ ہوتا ہے اگر اوسط انعطاف نما ہو گھٹتا ہو

(3) مستقل رہتا ہے چاہے اوسط انعطاف نما میں اضافہ ہو یا کمی ہو

(4) انعطاف نما سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے

54. ایک دیئے گئے واسطے انعطاف نما n اور اس سے گذرنے والی روشنی کی کرن کے طول موج کے درمیان رشتہ اس طرح ہوتا ہے

(1) $n \propto \frac{1}{\lambda}$ (2) $n \propto \lambda$ (3) $n \propto \frac{1}{\lambda^2}$ (4) $n \propto \lambda$

55. جب روشنی ایک انکساری واسطے میں داخل ہوتی ہے تو وہ مختلف طول موج اور مختلف رفتاروں کے ساتھ سفر کرتی ہے

(1) ہاں (2) نہیں (3) بعض موقعوں پر (4) جب کہ واسطہ فائبر کا ہو

56. منشور کے ذریعہ پیدا ہونے والا انحراف

(1) کم طول موج کے لئے کم ہوتا ہے (2) طول موج زیادہ ہو تو کم ہوتا ہے

(3) طول موج زیادہ ہو تو اعظم ترین ہوتا ہے (4) دونوں کے درمیان کوئی رشتہ نہیں ہے

57. جب سفید روشنی کی کرن منشور پر پڑتی ہے تو حسب ذیل میں سے کوئی شعاع کم منحرف ہوتی ہے

(1) سیاہ (2) سبز (3) بنفشی (4) زعفرانی

58. اسپکٹرومیٹر Collimator کو _____ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے

(1) انحراف کی پیمائش کے لئے (2) طیف کا مشاہدہ کرنے کے لئے

(3) روشنی کی متوازی شعاع کو حاصل کرنے کے لئے (4) Collimator اسپکٹرومیٹر کا حصہ نہیں ہوتا

59. الکٹرک بلب کی روشنی سے حاصل ہونے والا طیف

(1) اخراجی طیف (2) انجذابی طیف (3) مسلسل طیف (4) خطی طیف

60. ساخت کے اعتبار سے طیف کو _____ Categories میں تقسیم کیا گیا

(i) انجذابی طیف (ii) مسلسل طیف (iii) خطی طیف (iv) پٹی طیف

(1) صرف i (2) i، ii اور iii (3) ii، iii اور iv (4) چاروں i، ii، iii، iv

61. جب روشنی ایک واسطے سے گذرتی ہے جو کہ انتشاری اجزاء جیسے آبی بخارات، دھول کے ذرات پر مشتمل ہوتا ہے تو یہ کونسے رنگ کی روشنی کو زیادہ منتشر کرتا ہے

(1) بنفشی (2) سرخ (3) زرد (4) زعفرانی

62. بنیادی رنگوں کا سٹ کونسا ہے

(1) سرخ، نیلا، پیلا (2) سرخ، سبز، پیلا (3) نیلا، سبز، Cyan (4) سرخ، نیلا، سبز

63. حسب ذیل میں سے رامن اثر سے متعلق غلط بیان کونسا ہے

(1) رامن اثر کو ہم بینزین سے ایک لونی روشنی کو گذارتے ہوئے دیکھ سکتے ہیں

(2) انتشار کے دوران روشنی کے طول موج میں تبدیلی آتی ہے

(3) رامن اثر کو بتلانے کے لئے جو ایک لونی روشنی کی شعاع کو استعمال کیا جاتا ہے اس کا طول موج $4358A^{o}$ یونٹ ہوتا ہے

(4) رامن اثر کے انتشار میں انتشاری شعاع کا طول موج شعاع وقوع کے مساوی ہوتا ہے

64. حسب ذیل میں کن شعاعوں کا تعدد اعظم ترین ہوتا ہے

(1) ریڈیو شعاعیں (2) زیریں سرخ (3) گاما شعاعیں (4) ایکسرے

65. Microwave Oven میں مائیکروویو شعاعوں کو پیدا کرنے کے لئے ____ استعمال کیا جاتا ہے

(1) ہلانی پنکھا (Stirrer fan) (2) دھاتی دیوار (Metal wall)

(3) Magnetron (4) Cyclotron

66. لیزر حسب ذیل range سے تعلق رکھتی ہے

(1) زیریں سرخ (2) مرئی روشنی (3) بالائے بنفشی (4) X ریس

67. زیریں سرخ شعاعوں کو ____ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے

(i) حرارت پیدا کرنے کے لئے (ii) مختصر فاصلے کی ترسیل کے لئے (iii) رات میں فوٹوگرافی کے لئے

(1) (i) اور (ii) (2) (ii) اور (iii) (3) (iii) اور (iv) (4) (i)، (ii) اور (iii)

68. حسب ذیل بیانات میں کونسا بیان زیریں سرخ کے لئے غلط ہے

(1) زیریں سرخ شعاعوں کا طول موج مائیکرو موجوں سے زیادہ ہوتا ہے

(2) زیریں سرخ شعاعوں کا طول موج مائیکرو موجوں سے کم ہوتا ہے

(3) دونوں شعاعوں کا طول موج 10^{-4}m ہوتا ہے

(4) زیریں سرخ شعاعیں ہمیشہ قدرتی طور پر حاصل ہوتی ہیں

69. مائیکرو موجوں کے طول موج کی وسعت

(1) 10^{4} سے 10^{-2}m تک (2) 10^{-2} سے 10^{-4}m تک

(3) 10^{4} سے 10^{-2}m تک (4) 10^{-4} سے 10^{2}m تک

70. بالائے بنفشی شعاعوں کا ماخذ _____ ہیں

(1) سورج (2) مرکیوری (3) ہائیڈروجن سے اخراج (4) ان تمام سے

71. تمام رنگ یکساں رفتار سے سفر کرتے ہیں

(1) خلاء (2) شیشے (3) پانی (4) ان تمام میں

72. محدب عدسہ کا ماسکی طول ہمیشہ _____ ہوتا ہے۔

(1) تعدیل (2) مثبت (3) منفی (4) None

73. ارضی دوربین کا آخری خیال

(1) معکوس (2) استوار یا سیدھا (3) الٹا (4) انعطاف

74. جب سفید روشنی منشور میں سے گذرتی ہے تو _____ واقع ہوتا ہے۔

(1) انعطاف (2) انتشار (3) انعطاف اور انکسار (4) انکسار Diffraction

75. اسپکٹرواسکوپی (Spectro Scopy) _____ کے مطابعہ کا نام ہے۔

(1) منشور (2) نور (3) طیف (4) رنگوں

76. ابتدائی رنگ یہ ہے۔

(1) سرخ، سبز، نیلا (2) سرخ، سبز، زرد (3) سرخ، زرد، سفید (4) زرد، قرمزی، ارزقی

77. خوردبین سے خیال

(1) کی تصغیر ہوتی ہے (2) کی تکبیر ہوتی ہے (3) تبدیلی نہیں ہوتی (4) غایب ہوتا ہے

78. دوربینوں سے دور کی اشیاء

(1) دور معلوم ہوتی ہیں (2) قریب معلوم ہوتا ہے (3) بڑی معلوم ہوتی ہیں (4) غایب ہوتی ہیں

79. فلکی دوربین میں آخری خیال _____ معلوم ہوتا ہے۔

(1) معکوس (2) سیدھا (3) نہ معکوس نہ سیدھا (4) چھوٹا

80. جب روشنی کی شعاعیں ایک واسطہ سے دوسرے واسطہ میں سفر کرتی ہیں تو یہ کہلاتی ہے۔

(1) انعکاس (2) انعطاف (3) انتشار (4) تکبیر

81. اس واسطہ میں روشنی کی رفتار سب سے زیادہ ہوتی ہے۔

(1) خلاء (2) شیشہ (3) پانی (4) لکڑی

82. تاروں کی دمک (Twinkling) اس واقعہ کا نتیجہ ہوتا ہے۔

(1) انعکاس (2) انعطاف (3) انتشار نور (4) ان میں سے کچھ بھی نہیں

83. محدب عدسہ کو یہ بھی کہتے ہیں۔

(1) منفی عدسہ (2) روشنی کو پھیلانے والا عدسہ (3) روشنی کو مرکوز کرنے والا عدسہ (4) ان میں سے کوئی نہیں

84. اگر ایک شخص محدب عدسہ کے ماسکہ پر ٹھہرایا جائے تو اس کا خیال بنے گا۔

(1) لامتناہی مقام پر (2) F اور 2F کے درمیان (3) 2F پر (4) 2F کے پیچھے

85. اگر کسی سطح پر پڑنے والی شعاعیں اسی واسطے میں واپس ہو جائیں۔

(1) انعکاس نور (2) انعطاف نور (3) انتشار (4) انکسار

86. مستوئی آئینہ پر بننے والا خیال

(1) مجازی (2) سیدھا (3) جانبی طور پر معکوس (4) یہ تمام

87. پیری اسکوپ Periscope میں آئینہ کو کتنے زاویہ پر لگایا جاتا ہے۔

(1) 30^0 (2) 45^0 (3) 60^0 (4) 90^0

88. کروی آئینہ کا وہ فاصلہ ہے جو آئینے کے قطب اور ماسکہ اصلی کے درمیان ہوتا ہے۔

(1) طول موج (2) ماسکی طول (3) نصف قطر انجماد (4) ماسکہ اصلی

89. مقعر آئینہ سے حاصل ہونے والا خیال _____ ہوتا ہے۔

(1) مجازی (2) حقیقی (3) بڑا (4) سیدھا

90. آئینہ سے خیال کا فاصلہ اور آئینہ سے شئے کا فاصلہ کے درمیان نسبت کہلاتی ہے۔

(1) انعکاس (2) انعطاف (3) خطی تکبیر (4) ماسکی طول

91. محدب آئینہ سے حاصل ہونے والا خیال _____ ہوتا ہے۔

(1) سیدھا (2) مجازی (3) چھوٹا (4) یہ تمام

92. گاڑیوں میں پیچھے کی جانب دیکھنے کیلئے محدب آئینہ کیوں استعمال کرتے ہیں۔

(1) خیال چھوٹا نظر آتا ہے (2) خیال بڑا نظر آتا ہے (3) مجازی خیال ہوتا ہے (4) الٹا نظر آتا ہے

93. جب شعاع ایک واسطے سے دوسرے واسطے میں داخل ہوتی ہے تو وہ سطح فاصل پر رفتار کے بدلنے کی وجہ سے مڑ جاتی ہے۔

(1) انعکاس (2) انعطاف (3) انکسار (4) انتشار

94. u ، v اور f کے درمیان رشتہ

(1) $\frac{1}{f}=\frac{1}{u}+\frac{1}{v}$ (2) $f=u+v$ (3) $\frac{1}{f}=\frac{uv}{u+v}$ (4) ان میں سے کوئی نہیں

95. ابتدائی رنگوں سے مراد

(1) سرخ Red (2) سبز Green (3) نیلا Blue (4) یہ تمام

96. ہیروں کی چمک دمک کی وجہ

(1) انعکاس (2) انعطاف (3) انکسار (4) داخلی انعکاس

97. دائروی سطحوں کا نصف قطر جو عدسہ بناتی ہے۔

(1) نصف قطر (2) نصف قطر انحنا (3) ماسکی طول (4) ماسکہ اصلی

98. جب شخص محدب عدسہ کے 2F فاصلہ پر کھڑا ہو تو خیال بھی _____ واقع ہوتا ہے۔

(1) 2F پر (2) F پر (3) Fاور2F کے درمیان (4) None

99. کونسے خیال کو پردہ Screen پر حاصل کیا جاسکتا ہے۔

(1) حقیقی خیال (2) مجازی خیال (3) دھندلا (4) صاف

100. موجی نظریہ کے مطابق نور کے رنگ کی وجہ ہوتی ہے۔

(1) ذرات کی جسامت (2) ہیت کا فرق (3) راستہ کا فرق (4) موجی طول

101. موجی نظریہ کے مطابق نور کی رفتار کثیف واسطہ میں برخلاف لطیف واسطہ کے

(1) کم ہوتی ہے (2) مساوی ہوتی ہے (3) زیادہ ہوتی ہے (4) کبھی کم کبھی زیادہ ہوتی ہے

102. وہ اصول جس کو نیوٹن کے ذریچہ کے نظریہ نے ظاہر نہیں کیا۔

(1) انعکاس (2) انعطاف (3) تداخل (4) نور کی اشاعت

103. زاویہ وقوع ہوتا ہے۔

(1) زاویہ منعکس سے بڑا (2) زاویہ منعکس سے چھوٹا (3) زاویہ منعکس سے مساوی (4) یہہ ہمیشہ 90 ہوتا ہے

104. پانی کی موجیں ہمیشہ اس شکل میں سفر کرتی ہیں۔

(1) نشیب وفراز (2) تکثیف وتلطیف (3) عقدہ اور ضد عقدہ (4) لچھوں

105. لہری حوض میں موج کا فراز (Crest) نور کے مرکوز ہونے سے اس شکل میں حاصل ہوتا ہے۔

(1) چمکدار پٹیوں کی (2) سیاہ پٹیوں (3) کسی قدر سیاہ (4) پٹیوں کی طیف

106. ذیل کا اصول صرف پانی کے موجوں کیلئے محدود نہیں بلکہ ہر قسم کے موجوں کیلئے ہوتا ہے۔

(1) تداخل (2) انعطاف (3) انکسار (4) تقطیب

107. اگر سفید روشنی منشور سے گذاری جاتی ہے تو

(1) سرخ روشنی برخلاف ارغوانی (violet) رنگ کی شعاع سے زیادہ مڑتی ہے۔

(2) ارغوانی رنگ کی شعاع برخلاف سرخ روشنی کے زیادہ مڑتی ہے

(3) یہ دونوں شعاعوں کا مڑنا مساوی ہوتا ہے

(4) ان میں کوئی چیز بھی درست نہیں

108. اگر کسی شئے کو محدب عدسہ کے ٹھیک 2F پر کھڑا کیا جاتا ہے تو خیال بنے گا۔

(1) 2F پر (2) Fاور 2F کے درمیان (3) 2F کے پیچھے (4) لامتناہی فاصلہ پر

109. نور کے ذرہ بچی نظریہ کو کس سائنس داں نے پیش کیا۔

(1) نیوٹن (2) ہیوجن (3) پاسکل (4) میکس ول

110. نور کے ذرہ بچی نظریہ میں رنگوں کا انحصار ذرہ بچوں کے _____ پر ہوتا ہے۔

(1) رنگ (2) جسامت (3) کمیت (4) لچک

111. ذرہ بچی نظریہ کن مظاہر کی وضاحت نہیں کرسکتا۔

(1) تداخل (2) انکسار (3) تقطیب نور (4) تمام

112. نیوٹن کے مطابق نور کی فتار کثیف واسطہ میں _____ ہوتی ہے بہ نسبت لطیف واسطہ کے

(1) کم (2) زیادہ (3) مساوی (4) ان میں سے کوئی نہیں

113. نور کی موج کی اشاعت کیلئے ایک مساوی واسطہ ضروری ہے۔ ہیوجن کے مطابق تمام کائنات میں کونسا واسطہ موجود ہے۔

(1) ٹھوس (2) مائع (3) گیس (4) ایتھر

114. نور کے موجی نظریہ کے مطابق رنگوں کی وجہ

(1) جسامت (2) کمیت (3) وقت دوراں (4) طول موج

115. موج کا مڑنا یا اس کا ایک چھوٹی رکاوٹ سے ملنے پر اس کا اصلی اشاعتی سمت سے منحرف ہونا _____ کہلاتا ہے۔

(1) تداخل (2) انکسار (3) تقطیب (4) انعکاس

116. وہ سائنس دان جس نے Corpuscular کا نظریہ پیش کیا تھا۔

(1) Huygen (2) Bunsen (3) Snell (4) Newton

117. روشنی ہے۔

(1) ذروں کا عمل (2) موجوں کا عمل (3) ذروں اور موجوں کا عمل (4) میکانیکی موجیں

118. یہہ وہ خصوصیت ہے جو بتلاتی ہے کہ نور کی موجیں عرضی ہوتی ہیں۔

(1) انعکاس (2) تداخل (3) انکسار (4) تقطیب

119. موجی نظریہ اس سائنس داں نے پیش کیا تھا۔

Huygen (1) Raman (2) Newton (3) Snell (4)

120. سوڈیم لیمپ کے بخارات یہہ پیدا کرتے ہیں۔

(1) استوانی موجی اگلارخ (2) دائروی موجی اگلارخ (3) مخروطی موجی اگلارخ (4) تکونی موجی اگلارخ

جوابات KEY

1-3	2-3	3-2	4-4	5-4	6-2	7-1	8-1	9-2	10-3
11-1	12-1	13-4	14-1	15-3	16-2	17-2	18-4	19-1	20-4
21-3	22-4	23-3	24-2	25-3	26-4	27-4	28-2	29-1	30-1
31-2	32-4	33-3	34-3	35-1	36-2	37-4	38-2	39-3	40-2
41-3	42-2	43-3	44-1	45-4	46-4	47-1	48-2	49-2	50-4
51-3	52-4	53-1	54-1	55-1	56-2	57-4	58-3	59-3	60-3
61-1	62.4	63-4	64-3	65-3	66-2	67-4	68-3	69-4	70-4
71-1	72-2	73-1	74-3	75-3	76-1	77-2	78-2	79-1	80-2
81-1	82-3	83-3	84-1	85-1	86-4	87-2	88-2	89-2	90-3
91-4	92-1	93-2	94-1	95-4	96-4	97-2	98-1	99-1	100-4
101-3	102-3	103-3	104-1	105-1	106-1	107-2	108-1	109-1	110-2
111-4	112-2	113-4	114-4	115-4	116-4	117-3	118-4	119-1	120-1

بجلی اور زلزلے

- بعض اشیاء کو دوسری اشیاء سے رگڑ کر انہیں برقی بار بار دار بنایا جاسکتا ہے۔
- برقی بار دو قسم کے ہوتے ہیں مثبت بار، منفی بار
- موافق بار آپس میں دفع کرتے ہیں اور مخالف بار آپس میں کشش کرتے ہیں۔
- رگڑ کے ذریعے بننے والے برقی بار سکونی بار کہلاتے ہیں۔
- جب بار حرکت کرتے ہیں تو برقی بجلی تشکیل پاتی ہے۔
- کسی بھی جسم پر برقی بار کی موجودگی کو معلوم کرنے کیلئے الکٹرواسکوپ استعمال کیا جاتا ہے۔

- کسی بھی جسم پر برقی بار کی موجودگی کو پہچاننے کے لئے کشش حتمی جانچ نہیں ہے۔
- کسی بھی جسم سے زمین کی طرف برقی بار کا بہاؤ ارتھنگ (Earthing) کہلاتا ہے۔
- دو بادلوں کے درمیان یا بادل سے زمین کے درمیان برقی کے اخراج کی وجہ سے بجلی کی چمک ہوتی ہے

بجلی سے تحفظ

- **1۔ برق وباراں کے دوران محفوظ جگہ ہوتی ہے:**
  - ☆ ایک مکان یا کم بلندی والی عمارت
  - ☆ اگر آپ موٹر یا بس میں سفر کر رہے ہوں تو آپ اس وقت محفوظ ہیں جب کہ اسکے دروازے اور کھڑکیاں بند ہو۔
  - ☆ اگر آپ کسی جنگل میں ہوں تب برق وباراں کے دوران کم بلندی والے درختوں کے نیچے ٹھہر جانا زیادہ محفوظ ہوتا ہے۔
- **2۔ برق وباراں کے دوران غیر محفوظ جگہ:**
  - ☆ کھلے مقام پر سفر کرنا
  - ☆ کسی لانبے قد والے درختوں کے نیچے کھڑے ہونا یا کھلے میدانوں یا باغوں میں کھڑے رہنا
  - ☆ ہمہ منزلہ عمارتیں جن میں برقی موصل نہیں پائے جاتے ہوں۔
  - ☆ کسی برقی کھمبے یا ٹیلیفون کے کھمبے کے قریب ٹھہرنا۔
  - ☆ کسی فون پر بات چیت کرتے رہنا۔
  - ☆ برقی آلات جیسے ٹی۔وی یا کمپیوٹر کا استعمال

زلزلہ

- زلزلہ زمین کے اچانک تھرتھرانے کا عمل ہوتا ہے۔
- زمین کے اندر گہرائی میں زمین کی پرت میں خلل کی وجہ سے زلزلہ وقوع پذیر ہوتا ہے۔
- زلزلے کی پیش قیاسی ممکن نہیں ہے
- زلزلے زمین کی پلیٹ کی کناروں پر وقوع پذیر ہوتے ہیں جن کو Fault Zones کہا جاتا ہے۔
- زلزلہ کی توانائی کی پیمائش رچرڈ اسکیل پر کی جاتی ہے۔ رچرڈ اسکیل پر 7 یا اس سے زیادہ پیمائش والے زلزلوں سے جان و مال کا بھاری نقصان ہوسکتا ہے۔

زلزلے سے تحفظ

- عمارت سازی کے جدید فن سے یہ ممکن ہے۔ عمارت سادہ بنانا چاہئے تا کہ یہ زلزلہ سے محفوظ رہے۔
- ماہر انجینئر، آرکیٹیکچر، اسٹرکچرل انجینئر سے تجاویز حاصل کرنا چاہئے۔
- زلزلے والے خطہ میں لکڑی کے مکانات بنانا چاہیے۔
- الماری اور شلف دیواروں میں ہی بنائے جائیں تا کہ وہ آسانی سے نہ گر پائیں۔
- وزنی چیزوں کو چھت پر نہ لٹکائیں
- بلند عمارتوں میں آگ، بجھانے والے آلات رکھے جائیں۔

زلزلہ آنے کی صورت میں اپنے آپ کو بچاؤ کے لئے درج ذیل اقدامات کرنے چاہئیں۔

- لمبی وزنی اشیاء سے دور رہیں تا کہ وہ آپ پر نہ گریں۔
- کھلے میدان میں جہاں بلند عمارتیں، درخت اور بجلی کے تار نہ پائے جائیں ٹھہریں۔
- زلزلہ کے دوران میز کے نیچے پناہ لینا چاہئے اور زلزلہ رکنے تک وہیں ٹھہرے رہیں۔
- **رچرڈ اسکیل کی پیائش اور زلزلہ کے اثرات**

ریکٹر اسکیل پر شدت	زلزلہ کے اثرات
3.5 سے کم	عام طور پر محسوس نہیں ہوتے لیکن ریکارڈ ہوتے ہیں۔
3.5 سے 5.4	اکثر محسوس ہوتے ہیں لیکن بہت کم نقصان ہوتے ہیں۔
5.5 سے 6.0	چھوٹے خطہ میں بلند عمارتوں کو تھوڑا نقصان پہنچتا ہے اور خراب معیار کی عمارتوں کو زیادہ نقصان پہنچتا ہے۔
6.1 سے 6.9	تقریباً 100 کلومیٹر کے احاطہ میں تباہی پھیل سکتی ہے۔
7.0 سے 7.9	بڑے زلزلہ میں شمار ہوتا ہے۔ اس سے بڑے پیمانے پر زیادہ رقبہ والے علاقے تک تباہی پھیل سکتی ہے۔
8.0 یا اس سے زیادہ	بہت بڑا زلزلہ ہوتا ہے اس سے سینکڑوں کلومیٹر علاقہ تک بھیانک تباہی پھیل سکتی ہے۔

- ماہر ارضیات زلزلہ کی پیائش کے لئے دو آلے استعمال کرتے ہیں۔ ایک زلزلہ شناس (Seismograph) اور دوسرا زلزلہ پیما (Seismo Scope) زلزلہ کی وجہ سے بننے والی (Seismic Waves)، Seismograph سے معلوم کی جاتی ہیں۔
- زلزلہ پیما (Seismoscope) ایک آلہ ہے جس کی مدد سے زلزلہ کے وقت دوران کا پتہ چلایا جاتا ہے۔ اس آلہ کے کام کرنے کا طریقہ کار آسان ہوتا ہے اور یہ کہ اسے سمجھنے کے لئے کسی فنی مہارت کی ضرورت نہیں
- جھٹکے زمین کی سطح پر لہریں پیدا کرتے ہیں ان لہروں کو Seismic Wave کہتے ہیں اور انکو (Seismicgraph) زلزلہ شناسی کی اکائیوں میں محسوب کیا جاتا ہے۔

آواز (Sound)

تعداد (V) ⟶ ایک جسم کا ارتعاش ⟵ موجوں کا پیدا ہونا

↓ ↓ ↓

(ایک سکنڈ میں ہونے والے ارتعاشات کی تعداد) — آواز — طولی موجیں

↓ ↓ ↓

Pitch — واسطہ ہونا ضروری ہے — تکثیف اور تلطیف

↓ ↓ ↓

موسیقی (ترتیب دی ہوئی پسندیدہ آواز) — آواز خلاء میں سفر نہیں کر سکتی — طول موج λ (دو متصلہ تکثیفوں یا تلطیفوں کا درمیانی فاصلہ)

↓ ↓ ↓

شور (بے ترتیب نہ پسندیدہ آواز)	ٹھوس میں آواز اعظم ترین رفتار سے سفرتی کرتی ہے	آواز کی رفتار $C=v\lambda$
↓	↓	↓
صوتی آلودگی کا سبب	سنائی دینے والی آواز کا تعدد (20 ہرٹز سے 20 ہزار ہرٹز)	وقت دوران T (ایک ارتعاش کیلئے درکار وقت)
		تعداد/1=T
↓	↓	↓
(1) سماعت کا کم ہونا	عام انسانی سماعت کا دائرہ	Amplitude
(2) بے خوابی	↓	(موج سے اعظم ترین فاصلہ)
Hypertension(3)		
	سنائی نہیں دینے والی آواز کا تعدد (20 ہرٹز سے کم 20 ہزار ہرٹز سے زائد) عام انسانی سماعت کا دائرہ نہیں ہے	

آواز تاریخ کے آئینہ میں

- زمانہ قدیم ہی سے یہ امر کہ آواز ہوا میں کیسے سفر کرتی ہے سائنسدانوں کے لئے باعث تجسس رہا۔ فیثا غورث (570 ق م) نے جو ایک یونانی اسکالر اور سیاح تھا، نظریہ پیش کیا کہ آواز ہوا کے ذرات میں آگے پیچھے کی حرکت کے ذریعہ سفر کرتی ہے اور ہمارے کانوں پر احساس پیدا کرتی ہے۔ گیلیلی گیلیلیو نے (1564-1642) اور بیکن (1561-1625) نے اس نظریے سے اتفاق کیا تھا لیکن ہوا میں آواز کی اشاعت کی وضاحت کرنے کا سہرا نیوٹن کے سر جاتا ہے جس نے پہلی مرتبہ اس موضوع پر اپنا تحقیقاتی مقالہ پیش کیا۔
- مرتعش اجسام سے آواز پیدا ہوتی ہے۔
- انسان صوتی ڈوریوں کی مدد سے آواز پیدا کرتے ہیں۔
- آواز ٹھوس اور گیسوں میں سفر کرتی ہے۔ آواز خلاء میں سفر نہیں کر سکتی۔
- مرتعش جسم سے پیدا ہونے والی آواز جب ہمارے کان کے پردے کو مرتعش کرتی ہے تو ہمیں سماعت کا احساس ہوتا ہے۔
- آواز کے حیطہ ارتعاش سے اس کی حدت (بلندی یا پستی) کو معلوم کیا جاتا ہے۔
- آواز کی حدّت کی پیمائش ڈیسیبل dB میں کی جاتی ہے۔
- آواز کی حدّت اور کرختگی کو اس کے تعدد سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔
- ایک سکنڈ میں ہونے والے ارتعاشات کی تعداد، تعدد کہلاتی ہے۔
- عام آواز، (عام گفتگو وغیرہ) مختلف تعددوں کا آمیزہ ہوتی ہے۔
- انسان جن آوازوں کو سن سکتا ہے وہ آوازوں کے حدود ''سمعی حدود'' کہلاتے ہیں۔
- ایسی آوازیں ہمارے کان پر خوشگوار اثر ڈالتی ہیں موسیقی کہلاتی ہیں۔
- مخصوص انداز اور ترتیب میں پیدا کی جانے والی آوازوں کو زبان کہتے ہیں۔ یہ انداز یا ترتیب مختلف زبانوں کے لیے مختلف ہوتی ہے۔

- مرد حضرات میں صوتی ڈوری کی لمبائی 20mm ہوتی ہے اور عورتوں میں 5mm کم ہوتی ہے جبکہ بچوں میں مزید کم ہوتی ہے۔
- آواز کی حدت کو ناپنے کی اکائی ڈسی بل (Decibell) ہے اسکو dB سے ظاہر کیا جاتا ہے۔
- یہ اکائی الیکزینڈر گراہم بل کی یادگار میں اس کے نام سے موسوم کی گئی ہے۔اس نے آواز کی پیدائش اور اشاعت پر بنیادی تحقیقات کی تھیں۔
- کم سے کم قابل سماعت آواز (تقریباً) صفر odB ہے اور اس سے 10 گنا حدت والی آواز 10dB ہوتی ہے۔اور 100 گنا حدت والی آواز 20dB ہوتی ہے۔تقریباً خاموشی سے یعنی 0dB سے 1000 گنا زیادہ حدت والی آواز کی قیمت/قدر 30dB ہے۔ذیل میں چند آوازیں اور انکی ڈسی بل کی قدر دی گئی ہے۔
  - تقریباً خاموشی - 0dB
  - سرسراہٹ - 15dB
  - عام گفتگو - 60dB
  - گھاس کاٹنے کی مشین کی آواز - 90dB
  - کار کے ہارن کی آواز - 110dB
  - جٹ انجن کی آواز - 120dB
  - بندوق کی گولی - 140dB
- آواز کی باریکی، امتداد بلندی کہلاتی ہے۔
- ایک سکنڈ میں ہونے والے ارتعاشات کی تعداد تعدد کہلاتی ہے
- آواز کے امتداد بلندی کا انحصار اس کے ارتعاشات کے تعدد پر ہوتا ہے۔
- ہمارے حسی اعضاء میں سے ایک ''کان'' بھی ہے جو ہمیں آواز سننے کے قابل بناتا ہے۔
- وہ آوازیں جن کو عام انسان سن سکتے ہیں قابل سماعت آوازیں کہلاتی ہیں اور وہ آواز جو عام انسان نہیں سن سکتے نا قابل سماعت آواز کہلاتی ہیں۔قابل سماعت آواز کا تعدد 20Hz تا 20000Hz ہوتا ہے۔اور نا قابل سماعت آواز کا تعدد 20Hz سے کم یا 20000Hz سے زیادہ ہوتا ہے۔

صوتی آلودگی Sound pollution

- عام گفتگو میں پیدا ہونے والی آواز تقریباً 60dB ہوتی ہے۔اگر آواز کی حدت 80dB سے زیادہ ہو جائے تو یہ تکلیف دہ ہو جاتی ہے
- برقی آلات میکسر گرینڈر، واشنگ مشین، پانی کی موٹر وغیرہ سے پیدا ہونے والی آوازیں بھی صوتی آلودگی پیدا کرتی ہیں

صوتی آلودگی کے اثرات

- صوتی آلودگی سے ہونے والا نقص بہرہ پن، ہائی بلڈ پریشر بے خوابی بے چینی ہے۔

صوتی آلودگی کو کم کرنے کے طریقے

- ایسی مشینوں کو تیار کرنا جو کم آواز پیدا کرنے والی ہو
- گھروں میں TV اور ٹیپ ریکارڈر کی آوازوں کو کم کریں
- شجر کاری کریں

- آواز میکانیکی توانائی کی ایک شکل ہے جو سننے کی حس پیدا کرتی ہے۔
- ایک دوشاخہ آواز سے متعلق آلہ ہے جو ایک مستقل pitch پر ارتعاش پیدا کرتا ہے۔
- اگر واسطے کے ذرات آواز کی اشاعت کی سمت میں آگے پیچھے حرکت کریں تو ایسی موجوں کو طولی موجیں کہتے ہیں۔
- آواز کی موجیں طولی موجیں ہوتی ہیں۔
- واسطہ میں آواز کی اشاعت کے دوران ذرات کی کثافت کا علاقہ تکثیف اور کم کثیف یا لطیف علاقہ تلطیف کہلاتا ہے۔ متصل تکثیفوں یا متصل تلطیفوں کے درمیان کا فاصلہ طول موج ہوتا ہے۔
- واسطے کے ذرہ کا ساکن حالت سے اعظم ترین فاصلہ یا اس مقام سے دباؤ کی قدر امتداد یا بلندی کہلاتی ہے بلندی دراصل واسطے میں زیادہ سے زیادہ خلل ہوتا ہے۔
- موج کا ایک اہتزاز آواز کی موج کا وقت دوران کہا جاتا ہے۔
- اکائی وقت میں واسطے کی کثافت میں پیدا ہونے والے اہتزازات کی تعداد تعدد کہلاتی ہے۔
- تکثیف یا تلطیف اکائی وقت میں جو فاصلے طے کرتے ہیں اُسے آواز کی رفتار کہا جاتا ہے۔
- آواز کی وہ خصوصیت جس سے اس کی باریکی یا کرخت پن ظاہر ہوتا ہے' pitch کہلاتی ہے۔
- آواز کی بلندی، کان پر پیدا ہونے والی حساسیت کی حد ہوتی ہے۔
- کوالٹی آواز کی وہ خصوصیت ہے جس سے مختلف موسیقی کے آلات سے پیدا ہونے والے سُروں میں فرق محسوس کیا جا سکتا ہے۔
- دوشاخہ آواز پیدا کرنے والا ایک مخصوص آلہ (Acoustic Resonator) فولادی آلہ ہوتا ہے جس کی شکل U جیسی ہوتی ہے اس کا نچلہ سرا دستے پر مشتمل ہوتا ہے اسے ربر کے ہتھوڑے سے ہلکی ضرب لگانے پر دونوں شاخہ ایک خاص تعدد کے ساتھ ارتعاش کرنے لگتا ہے، دوشاخے کا تعدد شاخوں کی لمبائی پر منحصر ہوتا ہے۔ دوشاخے کا یہ سادہ سا آلہ موسیقی کے آلات میں آواز کے امتعداد کے معیار کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔
- اس طریقہ کار کو 1711ء میں سب سے پہلے ایک برطانوی موسیقار John Shore نے پیش کیا

رواں موجیں دو قسم کی ہوتی ہے

1۔ طولی موجیں 2. عرضی موجیں

1. اگر واسطے کے ذرات موج کی سمت میں حرکت کرتے ہوں تو ایسی موج کو طولی موج (longitudinal wave) کہتے ہیں۔
2. اگر واسطے کے ذرات موج کی سمت سے عموداً واقع ہوں تو اس طرح کی موج کو عرضی موج (transverse wave) کہا جائے گا۔

تعدد کی بڑی اکائیاں

Kilo Hertz (KHz)	10^3Hz
Mega Hertz (MHz)	10^6Hz
Giga Hertz (GHz)	10^9Hz
Tera Hertz (THz)	10^{12}Hz

آواز کی رفتار کی تعریف کے مطابق رفتار

(1)_____ $v = \lambda / T$

ہم جانتے ہیں کہ تعدد $v = 1/T$ _____(2)

بالائی سمعی موجوں (Ultra Sound) کے اطلاق

A۔ بالائے سمعی موجوں کے صنعتی اطلاق

- دھاتی سلاخوں میں الٹراسانک کٹنگ اور ڈرلنگ بہت ہی موثر ہوتی ہے۔
- کپڑے، برتن اور دیگر سامان کے مصفیٰ محلول میں بالائے سمعی موجیں داخل کر کے محلول میں بلند ارتعاش پیدا کیا جاتا ہے جس سے کپڑے برتن اور دیگر سامان کی دھلائی کی جاتی ہے۔

B۔ بالائے سمعی موجوں کے طبی اطلاق

- **اعضاء کی عکس کاری**
- Echo Cardiography میں بالائے سمعی موجیں دل کے حصوں سے منعکس کی جاتی ہے اور یوں دل کی عکس کاری کی جاتی ہے۔
- الٹراسونوگرافی وہ طریقہ عمل ہے جس میں جگر، مثانہ میں پتھر، رحم مادر میں جنین کی افزائش کے سلسلہ میں مریض کے اعضاء سے عکس کاری کی جاتی ہے۔

C۔ جراحی میں بالائے سمعی موجوں کا استعمال

- آنکھ کی بیماری موتیابند میں اس بالائے سمعی موجوں سے آپریشن کیا جاتا ہے۔
- الٹراساؤنڈ کا طریقہ گردوں میں پتھری توڑنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے
- SONAR= Sonography Navigation and Ranging
- Sonar سے سمندر کی گہرائی ناپی جاتی ہے۔

کثیر جوابی سوالات

1. آواز پیدا ہوتی ہے.....
   1) کسی بھی جسم سے 2) مرتعش جسم سے 3) حرکت کر رہے جسم سے 4) مختلف الشکل جسم سے
2. ہوا میں آواز کی شکل میں سفر کرتی ہے
   1) Pulses 2) ذرچے (Corpuscles) 3) موج 4) ذرات
3. طولی موجیں واسطے کی.....میں تبدیلی کا باعث بنتی ہیں۔
   1) کثافت 2) شکل 3) رفتار 4) تپش
4. عرضی موجیں واسطے کی.....میں تبدیلی کا باعث بنتی ہیں۔
   1) کثافت 2) ساخت/شکل 3) رفتار 4) تپش
5. طولی موج کی مثال ہے۔
   1) نور کی موج 2) پانی کی موج 3) آواز کی موج 4) ان میں سے کوئی نہیں
6. واسطے میں ذرہ کا اپنے مقام اصل سے اعظم ترین خلل.....کہلاتے ہے۔
   1) طول موج 2) تعدد 3) آواز کی رفتار 4) حیط ارتعاش

7. ایک اہتزاز کیلئے لیا گیا وقت.....کہلاتا ہے۔

1) تعدد 2) وقت دوران 3) طول موج 4) موج کی رفتار

8. آواز کی وہ خصوصیت جو آواز کی کراخت پن اور چرا چرہٹ والی آواز کو ظاہر کرتی ہے۔

1) Pitch 2) Loudness 3) کوالٹی 4) حیط ارتعاش

9. آواز کی بلندی (Loudness) کی پیمائش

1) Hertz 2) میٹرس 3) ڈسی بلس 4) سکنڈس

10. بازگشت منعکس آواز ہے جو ہمارے کانوں تک اصل آواز کے بعد

1) 0.1 سکنڈ سے بھی کم وقت میں پہنچتی ہے۔ 2) 0.1 سکنڈ سے بھی زیادہ

3) صرف 0.1 سکنڈ بعد 4) کسی بھی وقت

11. انسانی جسم کے اندرونی اعضاء جیسے جگر، مادر رحم، کی عکس کاری کے لئے بالائے سمعی آواز کو استعمال کرتے ہیں اس عمل کو.....کہتے ہیں۔

1) Radiography 2) Echography 3) Ultrasonography 4) مقناطیسی گمک عکس کاری

12. عام آدمی کی سمعی حدود

1) 20Hz - 200Hz 2) 20Hz - 20 KHz 3) 2KHz - 20 KHz 4) 2000 Hz - 200 KHz

13. زیر آب اشیاء کا پتہ لگانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

1) SONAR 2) Ultrasound 3) X-ray 4) نور کی موجیں

14. طبلہ اور Guitar کو بجانے کے دوران ہم کونسے ساز سے آواز آرہی ہے پہنچانتے ہیں۔

1) Pitch 2) Loudness 3) کوالٹی 4) آواز کی رفتار

15. آواز اس واسطہ میں سفر نہیں کرتی

1) ٹھوس 2) مائع 3) گیس 4) خلاء

16. آواز.....اجسام سے پیدا ہوتی ہے۔

1) مرتعش 2) ساکن 3) قیام پذیر 4) ان میں سے کوئی نہیں

17. آواز کی حدت کی پیمائش

1) ڈسیبل 2) میٹر 3) کیلوگرام 4) نیوٹن

18. اکائی وقت میں ارتعاشات کی تعداد کہلاتی ہے۔

1) طول موج 2) حیط ارتعاش 3) تعدد 4) ان میں سے کوئی نہیں

19. آواز کی بلندی کہلاتی ہے۔

1) ہیت 2) رفتار 3) طول موج 4) اس میں سے کوئی نہیں

20. ڈھول کا مرتعش حصہ

1) تار 2) جھلی 3) ہوا 4) یہ تمام

21. آواز سفر کرتی ہے۔

1) ٹھوس 2) مائعات 3) گیس 4) ان تمام

22. وہ آواز کا تعدد جو ہم سن سکتے ہیں۔

1) 5HZ　　2) 12HZ　　3) 15HZ ہزار　　4) 50KH

23. تعدد کی اکائی ہے

1) ڈسیبل　　2) ہرٹز　　3) پاسکل　　4) نیوٹن

24. تار والے موسیقی آلہ کی مثال ہے

1) گٹار　　2) ڈرم　　3) شہنائی　　4) طبلہ

25. آواز کے حسب ذیل خصوصیات کا انحصار ارتعاشوں کے حیطہ ارتعاش پر ہوتا ہے۔

1) رفتار　　2) ہیت　　3) بلند آواز　　4) معیار

26. آواز کی ہیت سب سے زیادہ ہوتی ہے۔

1) ببر　　2) مرد　　3) عورت　　4) حشرات

جوابات KEY

1-2	2-3	3-1	4-2	5-3	6-4	7-2	8-1	9-3	10-2
11-3	12-2	13-1	14-3	15-4	16-1	17-1	18-1	19-1	20-2
21-4	22-3	23-2	24-1	25-3	26-4				

حرارت

تپش اور اسکی پیائش

- کسی شئے کو گرم یا سرد قرار دینے کے لیے ہمیں ایک قابل اعتبار طریقہ کی ضرورت ہوتی ہے۔
- کوئی جسم گرم یا ٹھنڈی ہے، اظہار کا درجہ اس شئے کو ''تپش'' کہلاتی ہے۔
- حرارت توانائی کی ایک شکل ہے۔
- حرارت زیادہ تپش والے جسم سے کم تپش والے جسم میں منتقل ہوتی ہے۔
- جب ہم دھوپ میں یا آگ کے قریب کھڑے ہوں تو حراری توانائی ہمارے جسم میں داخل ہوتی ہے۔ اور ہم گرمی محسوس کرتے ہیں۔
- جب ایک برف کا ٹکڑا ہماری ہتھیلی پر رکھا جاتا ہے۔ تو حرارت برف میں منتقل ہوتی ہے۔ اسی لئے ہم ٹھنڈک محسوس کرتے ہیں۔
- توانائی کی وجہ سے کسی چیز کا سرد یا گرم ہونا حرارت ہے۔
- میکانیکی توانائی حراری توانائی میں تبدیل ہوتی ہے۔
- اگر ہم ہیٹر استعمال کرتے ہوئے پانی کو گرم کرتے ہیں تو برقی توانائی حراری توانائی میں تبدیل ہوگی۔
- اگر ہم گیس اسٹوا استعمال کریں تو کیمیائی توانائی حراری توانائی میں تبدیل ہوتی ہے۔
- شمسی چولہا میں شمسی توانائی حراری توانائی میں تبدیل ہوتی ہے
- حراری توانائی کئی ایک توانائیوں کی شکل اختیار کرسکتی ہے۔

- Thermal Power Station میں حراری توانائی برقی توانائی میں تبدیل ہوتی ہے۔
- بھاپ کے انجن میں حراری توانائی میکانی توانائی میں تبدیل ہوتی ہے۔جس کی حرکت سے انجن حرکت میں آتے ہیں۔
- جب ہلکے گرم اجسام ٹھنڈے اجسام کے قریب رکھے جائیں۔حراری توانائی گرم جسم سے ٹھنڈے جسم میں اس وقت تک منتقل ہوتی ہے۔جب تک کہ دونوں اجسام کی تپش یکساں نہ ہوجائے۔
- تپش کسی جسم کی حراری توانائی کی پیائش ہے
- یعنی یہ دونون اجسام حالت تعدل میں ہے۔
- ہم تھرمامیٹر(تپش پیما) کی مدد سے تپش کی پیائش کرتے ہیں۔
- گرم کرنے پر مادہ میں پھیلاؤ واقع ہوتا ہے۔
- پانی کو گرم کرنے سے پھیلتا ہے اور ٹھنڈا کرنے سے سکڑتا ہے۔
- پارہ کو تپش پیماء میں بطور مائع لیا جاتا ہے۔جو تپش کی نشان دہی کرتا ہے۔
- پارے کے علاوہ تپش پیماء میں بطور مائع الکوحل کو بھی لیا جاتا ہے۔
- پارے کی خصوصیت یہ ہے کہ ہموار پھیلاؤ واقع ہوتا ہے(مساویانہ تپش کی مقدار مساویانہ پھیلاؤ ہوتا ہے)
- پارہ غیر شفاف اور چمکدار ہے۔
- پارہ کانچ کی نلیوں کی دیواروں سے نہیں چمٹتا۔
- پارہ حرارت کا اچھا موصل ہے۔
- پارہ بہ آسانی خالص حالت میں دستیاب ہے۔
- پارہ کم تپش کو ریکارڈ کرسکتا ہے۔
- الکوحل کا پھیلاؤ فی درجہ سنٹی گریڈ اضافہ سے ہوتا ہے جبکہ تپش زیادہ ہو۔
- کسی شئے کی تپش دریافت کرنے کے لیے تپش پیماء کا بلب اس شئے کے قریب مس کرتا رہے۔
- نلی میں پارے کی چمکدار لکیر پر غور کریں۔
- پیمانے کا وہ اعظم نقطہ جہاں پارے کا چڑھاؤ رک جائے وہ نقطہ جسم کی تپش کو بتلاتا ہے۔
- مستقل تپش جس پر برف پگھلے گا اس کو برف کا نقطہ اماعت کہتے ہیں۔جو صفر درجہ سنٹی گریڈ (O^oC) ہے۔
- مستقل تپش کو پانی کا نقطہ جوش کہا جاتا ہے۔جو سوڈگری سنٹی گریڈ (100^oC) ہے۔
- چنانچہ وہ تپش جب برف پگھلتا ہے (یا) پانی میں ابال پیدا ہوتا ہے۔توانائی یا حرارت منتقل ہوتی ہے۔
- یہ قیمتیں علی الترتیب O^oC اور 100^oC ہوتی ہیں۔
- 100 مساوی حصوں کا ہر حصہ کا ایک درجہ سنٹی گریڈ 1^oC کو بتلاتا ہے۔
- مزید 1^oC کو 10 چھوٹے درجوں میں اس طرح تقسیم کریں کہ $0.1^oC=1/10$ کے۔
- 1593ء میں گیلیلیو نے پہلا تپش پیماء ایجاد کیا۔۔
- اس تپش پیماء میں تپشی شئے کے طور پر اس نے ہوا کو استعمال کیا۔کیونکہ ہوا گرم ہونے پر پھیلتی ہے اور ٹھنڈا کرنے پر سکڑتی ہے۔
- مزید یہ کہ یہ تپشی شئے تپش میں اضافہ سے ہموار پھیلنی اور کمی سے سکڑتی ہے۔

- لیبیاء(Libia) جو آفریقہ میں واقع ہے۔
- 1922ء میں ایک دن اتنا گرم ہوا کہ چھاؤں میں موجود ہوا کی تپش بھی $58^{o}C$ سے زیادہ تھی۔
- کچھ مقامات (کتہ گوڈیم، راما گنڈم جو تلنگانہ میں ہے وہاں بسا اوقات اعظم ترین تپش $48^{o}C$ یا زائد ہو جاتی ہے۔
- جب یہ کافی گرم ہو تو ہم بے چین اسلئے ہو جاتے ہیں کہ جسم کی طبعی تپش $37^{o}C$ ہوتی ہے۔
- دنیا میں سب سے اقل ترین تپش انتارتیکا (Antartica) جہاں ایک وقت ($-89^{o}C$) ریکارڈ کی گئی۔
- منفی کی علامت کو تپش صفر درجہ سے کم کے لئے استعمال کی گئی۔
- موسم سرما میں کرہ ہوائی کی تپش ہمارے اطراف $15^{o}C$-$20^{o}C$ ہو جائے تب ہم سردی محسوس کرتے ہیں۔
- کسی دن کی اعظم ترین (زیادہ سے زیادہ) اور اقل ترین کم سے کم تپش کی پیائش کے لیے استعمال ہونے والا تپش پیاء (Sixs) اعظم اور اقل ترین تپش پیا کہلاتا ہے۔
- طبی تپش پیاء پر دو طرح کے پیمانے کندہ ہوتے ہیں۔
- جس میں سے ایک 35 درجہ سے شروع ہو کر 4-5 درجہ پر ختم ہو جاتا ہے۔
- جس کو (Celsius Scale) سیلسیس پیمانہ کہا جاتا ہے۔
- جبکہ دوسرا 94 درجہ سے شروع ہو کر 108 درجے پر ختم ہوتا ہے۔
- اس کو فارون ہیٹ (Fahrenheit) پیمانہ کہا جاتا ہے۔
- بلب کے قریب شعری میں گرہ (Kink) کی وجہ سے پارے کی سطح خود سے گزرنے نہیں پاتی۔
- دو بڑے نشانوں کا درمیانی فرق ایک درجہ اور ان کے درمیان میں پانچ درجے دیکھے گئے تب ایک چھوٹا منقسیم شدہ عدد اس طرح ہوتا ہے $1/5=0.2^{o}F$
- طبی تپش پیاء کو اینٹی سپٹک (Antiseptic Solution) سے صاف کر لیا جاتا ہے۔
- خیال رہے کہ پارہ $35^{o}C(95^{o}F)$ کے نیچے رہے۔
- تپش پیاء کو زبان یا بغل کے نیچے رکھتے ہیں اور ایک منٹ بعد نکال کر (Reading) نوٹ کرتے ہیں، جس سے جسم کی تپش معلوم ہوگی۔
- انسانی جسم کی عام تپش $37^{o}C(98.6^{o}F)$ ہے جس کی طبی تپش پیاء سے پیائش کی جاتی ہے۔
- عام طور پر صحت مند شخص کے جسم کی اوسط تپش کو نارمل تپش ($98.6^{o}F$) کہا جاتا ہے۔
- Thermometer Thermister مارکٹ میں انسانی جسم کی تپش کی پیائش کے لئے دستیاب ہے۔خاص کر نونہالوں اور بچوں کیلئے۔
- تپش پیاء میں پارے کے استعمال پر بہت زیادہ تشویش پائی جاتی ہے۔
- پارہ ایک زہریلا مادہ ہے۔اگر تپش پیاء ٹوٹ جائے تو اس کو تباہ کرنا مشکل ہے۔
- ان دنوں میں عددی تپش پیاء (Digital Thermometer) دستیاب ہے جس میں پارہ کا استعمال نہیں ہوتا۔
- انسانی جسم کی تپش کی پیائش کے طبی تپش پیاء کا کہیں اور استعمال نہ کریں۔
- تپش پیا کو دھوپ میں یا آگ کے قریب نہ رکھیں۔
- دوسرے اشیاء کی تپش کی پیائش کرنے کے لیے دوسری قسم کے تپش پیاء دستیاب ہے۔ان تپش پیاء Laboratory Thermometer کہتے ہیں۔

- دو بڑ نشانات (Marks) کا درمیانی فرق دو بڑے نشانات کی دوری ایک درجہ سنٹی گریڈ اور درمیانی 10 درجے ہوں تب ایک چھوٹا درجہ مساوی ہوگا۔ $1/10=0.1^{o}C$
- اپنے جسم کی تپش معلوم کرنے تجربہ خانہ کے تپش پیماء کا استعمال نہ کریں۔ کیونکہ اس میں Kink نہیں ہوتا ہے۔
- **تپش:** پش جسم کے درجہ کو ظاہر کرتی ہے کہ وہ کتنا گرم اور ٹھنڈا ہے۔ تپش دراصل حرارت تعادل کی پیائش ہے۔
- **حرارت تعادل:** جب دو جسم حراری تماس میں ہوں' حراری توانائی گرم جسم سے ٹھنڈے جسم جب تک منتقل ہوتی رہتی ہے جب تک کہ دونوں کی حرارت مساوی ہو اس طرح دونوں اجسام حرارت تعادل میں ہوں گے۔
- **حرارت:** حرارت توانائی کی ایک شکل ہے جو زیادہ تپش والے جسم سے کم تپش والے جسم کی جانب بہتی ہے۔
- **مطلق تپش:** Kelvin پیمانے میں پیائش کی جانے والی تپش کو مطلق تپش کہتے ہیں۔
- **حرارت نوعی:** اکائی کمیت والی کسی شئے کی تپش کو ایک اکائی تک بڑھانے کے لئے درکار حرارت اس شئے کی حرارت نوعی کہلاتی ہے۔
  C.G.S نظام میں حرارت نوعی کی اکائی حرارے/گرام' سنٹی گریڈ ہے۔ اور S.I نظام میں جول/کلوگرام۔کلوین ہے۔
  $1\ Cal/g^{o}C = 1\ KCal / Kg - k = 4.2 \times 10^{3}\ J/Kg\text{-}k$
- **جسم کی داخلی توانائی:** جسم کے سالمات میں مختلف اجسام کی توانائی جیسے' خطی حرکی توانائی' گردشی حرکی توانائی' ارتعاشی توانائی اور توانائی بالقوہ ہوتی ہے۔ اس نظام کی جملہ توانائی جسم کی داخلی توانائی کہلاتی ہے۔
- **آمیزش کا طریقہ:** جب مختلف تپش کے حامل دو یا دو سے زیادہ اجسام کو حراری تماس میں رکھا جاتا ہے تب زیادہ تپش والے جسم کی کھوئی ہوئی کل حرارت ٹھنڈے اجسام کی کل حرارت کے مساوی ہوتی ہے۔ جب تک کہ وہ حراری تعدیل نہ بن جائے۔
  کھوئی ہوئی کل حرارت = حاصل کی ہوئی کل حرارت' یہ طریقہ عمل آمیزہ کا اصول کہلاتا ہے۔
- **عمل تبخیر:** مائع کی سطح سے سالموں کے اڑنے کا عمل جو کہ کسی بھی تپش پر ہو عمل تبخیر کہلاتا ہے۔ تبخیر کے دوران تپش میں کمی واقع ہوتی ہے۔ تبخیر ایک سطحی عمل ہے۔ یہ ایک ٹھنڈا کرنے کا عمل ہے۔
- **عمل تکثیف:** عمل تکثیف سے مراد حالت میں تبدیلی یعنی گیسی حالت سے مائع حالت میں تبدیلی۔
- **رطوبت:** ہوا میں موجود بخاری سالمات کی تعداد رطوبت کہلاتی ہے۔
- **شبنم:** موسم سرما میں صبح کی اولین ساعتوں میں پانی کی چھوٹی بوندیں یا قطرے کھڑکیوں' پھولوں' پتوں اور گھاس پر جم جاتے ہیں شبنم کہلاتے ہیں۔ پانی کے قطروں کی تکثیف کو شبنم کہتے ہیں۔
- **کہر:** عمل تکثیف کے ذریعہ پانی کے قطرے ہوا میں گھومتے ہوئے دھندلے پردہ کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں۔ جس کی وجہ سے سامنے رکھی چیزیں مشکل سے نظر آتی ہیں۔ یہ کہر کہلاتا ہے۔
- **جوش دینا:** جوش دنیا ایک ایسا عمل ہے جس میں مستقل تپش اور دئے ہوئے دباؤ پر مائع گیسی حالت میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس تپش کو مائع کا جوش کہا جاتا ہے۔
- **Latent heat of Vapourization:** درکار حراری توانائی جو '1' گرام مائع کو مستقل تپش پر گیس میں تبدیل کردے Latent heat of Vapourization کہلاتی ہے۔ اس کی CGS اکائی Cal/gm اور SI اکائی J/gm ہے۔ L=Q/M
- **پگھلنا:** وہ عمل جس میں مستقل تپش پر ٹھوس حالت کو مائع حالت میں تبدیل کیا جاتا ہے'' پگھلنا'' کہتے ہیں۔
- **Latent heat of Fusion:** درکار حراری توانائی جو مستقل تپش پر 1 گرام ٹھوس کو مکمل طور پر مائع میں تبدیل کردے Latent heat of Fusion کہتے ہیں۔

- **انجماد:** ایسا عمل جس میں کوئی شئے مائع حالت سے ٹھوس حالت میں توانائی کے کھونے پر تبدیلی واقع ہوتی ہے "انجماد" کہتے ہیں۔
- **سلسیس تپش پیما:** ایسا تپش پیما جس کی اقل ترین حد $0^{O}c$ اور آعظم ترین حد $100^{0}c$ ہو اور 100 حصوں میں منقسم ہو۔
- **کیلون تپش پیما:** ایسا تپش پیما جس کا اقل ترین نقطہ 273.15K اور آعظم ترین نقطہ 373.15K ہو' کیلون تپش پیما کہتے ہیں۔
- **کیلوری:** 1 گرام پانی کی تپش کو $1^{O}C$ تک بڑھانے میں حرارت کی جو مقدار درکار ہوتی ہے کیلوری کہلاتی ہے۔ 1 Cal = 4.18 J
- **جول:** کام کی اکائی۔ایک جول کام کے لئے درکار 1 نیوٹن قوت جو جسم کو 1 میٹر تک حرکت دے۔

$$K.E = \frac{1}{2}mv^2 \quad \text{یا} \quad \frac{2}{3}RT$$

- گرمی یا ٹھنڈک کی سطح ہی تپش کہلاتی ہے۔یا حالت تعادل پر تھرمامیٹر کی ریڈنگ تپش کہلاتی ہے۔
- S.I نظام میں حرارت کی اکائی جول (J) اور CGS نظام میں کیلوری Cal ہے۔
- ایک گرام پانی کی تپش میں $1^{O}c$ اضافہ کے لیے درکار حرارت کیلوری کہلاتی ہے۔
- S,I نظام میں تپش کی اکائی Kelwin ہے اس کو ڈگری سلسیس ($O^{O}C$) سے ظاہر کیا جاتا ہے $O^{O}C=273K$
- ڈگری کیلون تپش = ڈگری سلسیس میں تپش +273 دی گئی ڈگری سلسیس تپش میں 273 جمع کرنے پر تپش کیلون درجہ میں اضافہ ہوگا۔
- کیلون پیمانے میں پیائش کی جانے والی تپش کو مطلق تپش کہتے ہیں۔
- تپش کے اضافے کی شرح اشیاء کی نوعیت پر منحصر ہوتی ہے
- اکائی کمیت والی کسی شئے کی تپش میں $1^{O}C$ کا اضافہ کرنے کے لیے درکار حرارت اس شئے کی حرارت نوعی کہلاتی ہے۔

شئے	حرارت نوعی	
	Cal/g-^{O}C	J/Kg-K
سیسہ	0.031	130
پارہ	0.033	139
پیتل	0.092	380
جست	0.093	391
تانبہ	0.095	399
لوہا	0.115	483
گلاس (فلنٹ)	0.12	504
المونیم	0.21	882
مٹی کا تیل	0.50	2100
برف	0.50	2100
پانی	1	4180
سمندری پانی	0.95	3900

- جب ہم کام کرتے ہیں تب ہمارے جسم سے توانائی خا اخراج بطور حراری توانائی Heat energy کرتے ہیں نتیجہ میں جلد کی تپش بڑھتی ہے اور پسینہ کے غدود سے پانی کی تبخیر ہوتی ہے اس عمل سے ہمارا جسم ٹھنڈا رہتا ہے۔
- کسی مائع کی تبخیر کی شرح اس کی سطحی رقبہ تپش اور اطراف واکناف کی ہوا میں موجود بخارات پر منحصر ہوتی ہے
- اگر تپش میں مزید کمی واقع ہوتی ہے تب پورا ماحول بخارات سے بھر جاتا ہے جس سے بخارات کی شکل میں موجود پانی کے سالمات ہوا میں موجود دھول کے ہر ذرات میں جم جاتے ہیں پانی کے چھوٹے چھوٹے قطروں کی شکل میں پھیل جاتے ہیں۔
- جوش دینا وہ عمل ہے جس مستقل تپش اور دیئے ہوئے دباؤ پر مائع گیسی حالت میں تبدیل ہوتا ہے اس تپش کو نقطہ جوش Boiling Point کہتے ہیں۔

$$L = Q/m$$

- C.G.S نظام میں یہ Cal/grm اور S.I نظام میں J/Kg ہوئی ہے۔
- مستقل کرہ ہوائی کے دباؤ پر پانی کا نقطہ جوش 100^0C یا 373 اور پانی کی مخفی حرارت 540Cal/gram ہوتی ہے۔
- مستقل تپش پر ایک گرام ٹھوس کو مکمل مائع میں تبدیل کرنے کے لیے درکار حراری توانائی اماعت کی مخفی حرارت Latent heat of fusion کہلاتی ہے۔
- $L = Q/m$ اماعت کی مخفی حرارت ہونے کے لیے 80cal/grm رہے۔
- وہ عمل جس میں کوئی مادہ مائع حالت سے ٹھوس حالت میں تبدیل ہوتا ہے اور توانائی کا اخراج عمل میں آتا ہے انجماد Freezing کہلاتا ہے۔
- پانی کا انجماد 0^0C درجہ حرارت اور 1 کرہ ہوائی کے دباؤ پر واقع ہوتا ہے۔

کثیر جوابی سوالات

تپش اور اس کی پیمائش:

1. کسی جسم یا شئے کے گرمی یا سردی کے اظہار کا درجہ ہی شئے کی
   1) قوت 2) حرارت 3) توانائی 4) تپش
2. ایک طالب علم تین برتن لیتا ہے ایک میں ٹھنڈا پانی، دوسرے میں گرم پانی اور تیسرے میں نیم گرم پانی لیتا ہے۔ اپنے دائیں ہاتھ کو ٹھنڈے پانی میں اور بائیں ہاتھ کو گرم پانی میں 2 تا 3 منٹ رکھتا ہے بعد ازاں انہیں نکال کر نیم گرم پانی میں رکھتا ہے۔ تو
   1) دونوں ہاتھوں کو گرم محسوس ہوگا
   2) جو ہاتھ گرم پانی میں تھا اسکو یہ پانی ٹھنڈا اور جو ہاتھ ٹھنڈے پانی میں تھا اسکو گرم
   3) گرم پانی میں اسکو گرم اور ٹھنڈے پانی میں تھا اسکو ٹھنڈا 4) دونوں ہاتھوں کو ٹھنڈا
3. حرارت.....بہتی ہے۔
   1) گرم جسم سے ٹھنڈے جسم کی طرف 2) ٹھنڈے جسم سے گرم جسم کی طرف
   3) گرم جسم سے گرم جسم کی طرف 4) ٹھنڈے جسم سے ٹھنڈے جسم کی طرف

4. ایک طالب علم برف کو ہتھیلی میں پکڑتا ہے تو ٹھنڈک یا سردی محسوس کرتا ہے۔ کیونکہ

1) حرارت برف سے طالب علم کے جسم میں منتقل ہوتی ہے۔ 2) حرارت طالب علم کی ہتھیلی سے برف میں منتقلی ہوتی ہے

3) حرارت منتقل نہیں ہوتی 4) برف ٹھنڈا ہوتا ہے

5. توانائی کی وجہ سے کسی چیز کا سرد یا گرم ہونا کہلاتا ہے

1) تپش 2) قوت 3) رگڑ 4) حرارت

6. میکانیکی توانائی حراری توانائی میں تبدیل ہونے کی مثال نہیں ہے

1) کھانا پکانے کے دوران بگونے پر ڈھکی تھالی کا گر پڑتا 2) اپنی دونوں ہتھیلیوں کو رگڑنا

3) سلاخ کو ہتھوڑی سے بار بار مارنے اسکا گرم ہوجانا 4) ریٹھے کا بیج لے کر اسے پتھر پر رگڑنا

7. تھرمل پاور اسٹیشن میں.....تبدیل ہوتا ہے۔

1) حراری توانائی برقی توانائی میں 2) برقی توانائی حراری توانائی میں

3) میکانیکی توانائی حراری توانائی میں 4) میکانیکی توانائی برقی توانائی میں

8. بھاپ کے انجن میں

1) حرکی توانائی حراری توانائی میں 2) برقی توانائی میکانیکی توانائی میں

3) کیمیائی توانائی میکانیکی توانائی میں 4) حراری توانائی میکانیکی توانائی میں

9. گیس اسٹو میں تبدیل ہوتا ہے۔

1) برقی توانائی حراری توانائی میں 2) کیمیائی توانائی حراری توانائی میں

3) شمسی توانائی حراری توانائی میں 4) کیمیائی توانائی میکانیکی توانائی میں

10. حراری توانائی گرم جسم سے ٹھنڈے جسم کو اس وقت تک منتقل ہوتی ہے جب تک کہ دونوں اجسام کی تپش

1) میں بہت زیادہ نہ فرق ہوجائے 2) بہت کم نہ ہوجائے

3) یکساں نہ ہوجائے 4) میں زیادہ نہ ہوجائے

11. تپش پیمائش ہے کسی جسم کی حراری توانائی کی جو کسی اور جسم حرارت بہم پہنچائے یا دوسرے جسم سے حرارت جذب کرے

1) یہ بیان صحیح ہے 2) یہ بیان بالکل غلط ہے

3) کہا نہیں جاسکتا صحیح ہے یا غلط 4) 2 اور 3 دونوں

12. شکل میں نشاندہ حصہ کا نام



1) امتحانی نلی

2) شعری نلی

3) تھرمامیٹر

4) طرفک

13. پارہ کے علاوہ تپش پیماء میں کس کو لیا جاتا ہے؟

1) مائع الکوحل 2) کیروسین 3) بنزین 4) تیل

14. پانی کا نقطہ جوش سے

1) $100^{o}F$ 2) $100^{o}K$ 3) $100^{o}C$ 4) 273K

حرارت/تپش

15. پانی گرم کرنے پر پھیلتا ہے اور ٹھنڈا کرنے سے سکڑتا ہے۔ یہ بیان کس حالت کے لئے صحیح نہیں ہے؟

1) پانی کی مائع حالت (مائع) 2) پانی کی ٹھوس حالت (برف)

3) پانی کی بخاری حالت (گیس) 4) پانی کی بھاپ کی حالت (گیس)

16. پارہ سے متعلق یہ بیان صحیح نہیں ہے۔

1) ہموار پھیلاؤ واقع ہوتا ہے اور یہ غیر شفاف اور چمکدار ہوتا ہے

2) یہ کانچ کی نلیوں کی دیواروں سے نہیں چمٹتا

3) یہ حرارت کا اچھا موصل ہے یہ بآسانی خالص حالت میں دستیاب ہوتا ہے۔

4) یہ ٹھوس حالت میں ہوتا ہے۔

17. حسب ذیل میں الکوحل کی خصوصیت نہیں ہے۔

1) یہ کم تپش کو ریکارڈ کرسکتا ہے۔

2) اس کا پھیلاؤ فی درجہ سنٹی گریڈ میں اضافہ ہوتا ہے جبکہ تپش بہت زیادہ ہو

3) یہ ٹھوس حالت میں ہوتا ہے

4) اس کا رنگ کافی چمکدار ہوتا ہے اس لئے اس کو آسانی سے دیکھ سکتے ہیں

18. کسی شئے کی تپش دریافت کرنے کے لئے تپش پیما کا بلب اس شے

1) کے قریب رہے 2) سے دور رہے 3) سے مس کرتا رہے 4) 1اور3

19. جسم کی تپش

1) وہ نقطہ جہاں پارے میں چڑھاؤ رک جائے 2) وہ نقطہ جہاں سے پارے میں چڑھاؤ کا آغاز ہو

3) پیمانے کا وہ اقل ترین نقطہ جہاں پارے میں چڑھاؤ رک جائے 4) تپش پیماء پر منحصر ہوتی ہے

20. اگر تپش پیماء پر کندہ نشان مٹ جائیں تو آپ دوبارہ کس طرح نشان دہی کریں گے۔

1) برف میں تپش پیماء کو رکھیں گے اور وہاں سے 100 نشانات بنائیں گے

2) دو معین نقاط، نقطہ اماعت اور نقطہ جوش کا تعین کریں گے۔ ان نشانات کے درمیان 100 نشان بنائیں گے

3) ابلتے ہوئے پانی میں رکھ کر 100 کا نشان بنائیں گے

4) کندہ نشان مٹ جانے پر تپش پیماء ناکارہ ہوجاتا ہے

21. تپش پیما کے 100 مساوی حصوں کا ہر حصہ بتلاتا ہے۔

1) 1 سنٹی گریڈ 2) 1 سنٹی میٹر 3) 1 کلیوین 4) 1 فارن ہیٹ

22. $0.1^{o}C$ ظاہر کرتا ہے۔

1) سنٹی گریڈ کے دسویں حصہ کو 2) سنٹی گریڈ کے سویں حصہ کو

3) سنٹی گریڈ کے ہزارویں حصہ کو 4) سنٹی گریڈ کو

23. سب سے پہلا تپش پیما کس نے ایجاد کیا۔

1) نیوٹن 2) گیلیلیو 3) ارشمیدس 4) ایڈورڈ جینس

24. گیلیلیو نے اپنے تپش پیماء میں تپشی شئے کے طور پر استعمال کیا۔

1) پانی 2) پارہ 3) الکوحل 4) ہوا

25. گیلیلو نے اپنے تپش پیماء میں تپشی شئے کے طور پر ہوا استعمال کیا کیونکہ

1) ہوا گرم کرنے پر پھیلتی ہے اور ٹھنڈا کرنے پر سکڑتی ہے اور تپش کے اضافے سے غیر ہموار پھیلا کرتی ہے

2) ہوا گرم کرنے پر سکڑتی ہے۔ اور ٹھنڈا کرنے پر پھیلتی ہے

3) ہوا ہلکی ہوتی ہے بہ نسبت پارے کے

4) ہوا گرم کرنے پر پھیلتی ہے اور ٹھنڈا کرنے پر سکڑتی ہے تپش میں اضافہ یا کمی سے اس میں ہموار پھیلاؤ ہوتا ہے۔

26. Sixs کا تپش پیماء استعمال کیا جاتا ہے

1) اعظم ترین تپش معلوم کرنے کے لئے 2) چھ دنوں کی تپش معلوم کرنے کے لئے

3) کسی دن کی اعظم ترین اور اقل ترین تپش معلوم کرنے کے لئے 4) صرف کسی دن کی اقل ترین تپش معلوم کرنے کے لئے

27. Sixs کے تپش پیماء میں استعمال ہونے والی تپشی اشیاء ہیں

1) ہوا۔ پانی 2) پارہ۔ ہوا 3) پارہ۔ الکوحل 4) پارہ۔ بنزین

28. Sixs تپش پیماء کی شکل ہوتی ہے۔

1) I 2) Y 3) U 4) U

29. Sixs تپش پیماء میں کندہ نشان

1) $-10^{o}C$ سے $60^{o}C$ درجہ سنٹی گریڈ 2) $-20^{o}C$ سے $-60^{o}C$ سنٹی گریڈ

3) $-20^{o}C$ سے $60^{o}C$ درجہ سنٹی گریڈ 4) $20^{o}C$ سے $60^{o}C$ سنٹی گریڈ

30. طبی تپش پیما پر پیمانے کندہ ہوتے ہیں۔

1) 1 2) 2 3) 3 4) 4

31. طبی تپش پیما پر کندہ سنٹی گریڈ پیمانے کی تعداد ہوتی ہے۔ ( )

1) 10 2) 11 3) 12 4) 14

32. طبی تپش پیما پر کندہ سنٹی گریڈ پیمانہ ( )

1) $36^{o}C$ درجہ سے شروع ہوکر 46^{o} پر ختم ہوگا 2) 35 درجہ سے شروع ہوکر 45 درجے پر ختم ہوتا ہے

3) 94 درجہ سے شروع ہوکر 108 درجہ پر ختم ہوتا ہے 4) $O^{o}C$ درجہ سے شروع ہوکر $108^{o}C$ درجہ پر ختم ہوتا ہے

33. فارن ہیٹ تپش پیماء پر کندہ پیمانہ نشانات

1) $32^{o}F$ سے $180^{o}F$ 2) $32^{o}F$ سے $212^{o}F$

3) $32^{o}F$ سے $180^{o}C$ 4) $O^{o}F$ سے $212^{o}F$

34. طبی تپش پیماء پر فارن ہیٹ تپش پیمانہ

1) $106^{o}F$ سے $95^{o}F$ 2) $108^{o}F$ سے $94^{o}F$

3) $212^{o}C$ سے $32^{o}F$ 4) $100^{o}F$ سے $O^{o}F$

35. طبی تپش پیماء میں فارن ہیٹ تپش پیما کے دو بڑے نشانات کے درمیان اگر پانچ چھوٹے نشان ہوں تو نوٹ کی گئی تپش پر چھوٹا نشان ظاہر کرتا ہے۔

1) $0.2F^{o}$ 2) $0.5F^{o}$ 3) $0.1F^{o}$ 4) $2F^{o}$

36. طبی تپش پیما کو زبان یا بغل کے نیچے کتنی دیر رکھنے کے بعد نکال کر جسم کی تپش نوٹ کرنا چاہئے۔

1) 30 سکنڈ 2) 90 سکنڈ 3) ایک منٹ 4) 5 منٹ

37. طبی تپش پیماء میں بلب کے قریب شعری گرہ (Kink) کیوں لگائی جاتی ہے۔

1) خوبصورتی کے لئے 2) یہ ایک بناوٹی نقص ہے۔

3) پارے کی سطح خود سے گرنے نہیں پاتی 4) بلب کو چمکانے کے لئے

38. صحت مند شخص کے جسم کی اوسط تپش کو نارمل تپش کہتے ہیں۔

1) $98.8^{o}F$ 2) $96.6^{o}F$ 3) $37^{o}C$ $(98.6^{o}F)$ 4) $35^{o}C$

39. ایک طالب علم کے 3 سالہ بھائی کے جسم کی تپش میں ہاتھ سے چھونے پر اضافہ محسوس کیا گیا تو آپ اسکو کس تھرمامیٹر سے جسم کی تپش کی پیمائش کرنے کے لئے کہیں گے۔

1) Clinical Thermometer 2) Thermister Thermometer

3) Laboratory Thermometer 4) Farhenheit Thermometer

40. پارہ ہے۔

1) زہریلا مادہ 2) اچھا مادہ 3) حرارت کا حاجز 4) 1 اور 3 دونوں

41. Laboratory تپش پیماء کی حد ہے

1) $O^{o}C$ سے $100^{o}C$ سنٹی گریڈ 2) 0/C سے 273k

3) 32oC سے 212oC 4) 273k سے 300k

جوابات KEY

1-4	2-2	3-1	4-4	5-1	6-1	7-4	8-2	9-3	10-1
11-2	12-1	13-3	14-2	15-4	16-3	17-4	18-1	19-2	20-1
21-1	22-2	23-4	24-4	25-3	26-3	27-4	28-3	29-3	30-1
31-2	32-2	33-1	34-1	35-3	36-3	37-2	38-2	39-1	40-3
46-3									

4. حرکیات (Mechanics)

حرکت اور وقت

- دیئے گئے وقفہ میں جسم اس وقت حالت حرکت میں کہلائے گا جب بلحاظ مقام اس میں تبدیل واقع ہو۔
- کسی دیئے گئے وقفہ میں کوئی جسم اس وقت حالت سکون میں کہلائے گا جب بلحاظ مقام اس میں تبدیلی واقع نہ ہو۔
- ایک جسم بلحاظ مقام حالت سکون میں ہے تو اسی وقت بلحاظ دوسرے مقام کے وہ حالت حرکت میں ہوگا۔ یہ حرکت مشاہدہ کے لیے اضافی حرکت ہے۔
- اگر کوئی جسم سماوی وقفوں میں مساوی فاصلہ طئے کرے تب اس جسم کی حرکت ہموار حرکت Uniform Motion کہتے ہیں۔
- اگر کوئی جسم مساوی وقفوں میں مساوی فاصلہ طے نہ کرے تب اس جسم کی حرکت کو غیر ہموار حرکت Non Uniform Motion کہتے ہیں۔
- دوران حرکت اجسام کے اختیار کردہ راستہ کی بنیاد پر ان کی حرکت کی درجہ بندی کی گئی۔
- اگر جسم انتقالی حرکت کے ساتھ خط مستقیم میں حرکت کر رہا ہو تب اس حرکت کو مستقیمی حرکت (Rectilinear Motion) کہتے ہیں۔
- اگر جسم انتقالی حرکت کے ساتھ منحنی راستے پر حرکت کر رہا ہو تب اس حرکت کو منحنی حرکت کہتے ہیں۔
- وہ خیالی خطہ جو تمام متعینہ نقاط سے گزرے اس کو گردشی محور (Axis of Rotation) کہا جاتا ہے۔
- اور اس طرح کی حرکت کو گردشی حرکت Rotatory Motion کہا جاتا ہے۔
- گردشی حرکت کا مطلب یہ کہ حرکت کرنے والے جسم کے تمام ذرات متعینہ نقطہ کی نسبت سے دائری راستہ اختیار کرتے ہیں۔
- جسم کا طئے شدہ فاصلہ دیئے گئے وقت کے حصہ میں یہ طئے کرتا ہے کہ کونسا تیز تر (Faster) اور آہستہ (Slower) ہے۔
- وقت کی پیائش کی اکائی کے طور پر منٹ، گھنٹے، ہفتے، پندرہ روز، مہینے موسم لیے جاتے ہیں۔
- موٹر گاڑی یا کار کے رفتار پیما Speedometer طئے کردہ فاصلے کو کیلومیٹر میں ظاہر کرتا ہے۔

اوسط رفتار $= \frac{\text{جملہ طے شدہ فاصلہ}}{\text{فاصلہ طے کرنے کے لئے درکار وقت}}$

چنانچہ اکائی وقت میں کسی شئے کا طے شدہ فاصلہ ''رفتار'' کہلاتا ہے۔

- SI نظام میں رفتار کی اکائی میٹر فی ثانیہ m/s ہے۔
- رفتار کی عام استعمال شدہ اکائی کلومیٹر فی گھنٹہ (km/n) ہے۔
- 1km/h=5/18/m/s

کیا آپ جانتے ہیں یہ کس طرح حاصل ہوئی؟

1km = 1000m

1h = 3600s

1km/h=1000m/3600s

=5/18 m/s

❖ **فاصلہ**: کسی دیئے گئے وقت میں کسی جسم کی ابتدائی رفتار اور انتہائی رفتار کا اوسط حسابیہ رفتار کہلاتا ہے۔

لحاتی چال (Instantenous Speed): کسی لمحہ پر چال اس وقت لحاتی کہلاتی ہے جو کسی جسم کی تیزی کے ساتھ مقام کی تبدیلی کو ظاہر کرتی ہے۔

❖ **رفتار**: فی اکائی وقت میں کسی جسم کا نقل مقام رفتار کہلاتا ہے۔

❖ **اسراع**: اکائی وقت میں شرح رفتار میں تبدیلی کو اسراع کہتے ہیں۔

❖ **خطی رفتار**: جب کوئی جسم خط مستقیم میں سفر کرتا ہے تو اسے ہم خطی رفتار کہتے ہیں۔

قوت FORCE

❖ قوت، ڈھکیلنے یا کھینچنے کا عمل ہے۔

❖ قوت کسی جسم کو مس کرتے ہوئے یا نہ کرتے ہوئے بھی عمل کرتی ہے۔ کسی جسم پر عمل کرنے والی قوت تماسی یا غیر تماسی قوت ہوسکتی ہے

❖ میدان (مقناطیسی، برقی وغیرہ) وہ علاقہ ہوتا ہے جہاں اس میں رکھا ہوا جسم اس کے اثرات محسوس کرتا ہے۔

❖ رگڑ وہ قوت ہے جو مس کرنے کی سطحوں کی اضافی حرکت کی مخالفت کرتی ہے۔

❖ وہ قوت جس میں عضلات استعمال ہوتے ہیں، عضلاتی قوت کہلاتی ہے۔

❖ دو کمیتوں کے درمیان پائی جانے والی قوت کشش کو تجاذبی قوت کہتے ہیں۔

❖ مقناطیسی قوت لوہے جیسی، مقناطیسی اشیا کو کشش کرتی ہے لیکن یہ دوسرے مقناطیس کو یا تو کشش کرتی ہے یا دفع کرتی ہے۔

❖ برقی بار والے جسم کی جانب سے عمل کرنے والی ایسی قوت جو غیر برقی بار یا برقی بار والے جسم پر عمل کرتی ہے، برق سکونی قوت کہلاتی ہے

❖ قوت سمت کے ساتھ عددی ضریب دونوں کی حامل ہوتی ہے۔

❖ کسی جسم پر عمل کرنے والی تمام قوتوں کا الجبرائی مجموعہ حاصلہ قوت کہلاتا ہے۔ اسے F_{net} کے ذریعے ظاہر کرتے ہیں۔

❖ قوت کسی جسم کی حالت کو تبدیل کرسکتی ہے۔

❖ قوت کسی جسم کی ساخت میں بھی تبدیلی لاسکتی ہے۔

❖ کسی جسم کے اکائی رقبے پر عموداً عمل کرنے والی قوت کو دباؤ کہتے ہیں۔

❖ دباؤ = قوت / رقبہ

❖ رگڑ (Friction)

❖ رگڑ وہ قوت ہے جو مس کرنے کی سطحوں پر اضافی حرکت کی مخالفت کرتی ہے۔

❖ **اسراع**: حرکت کی سمت میں مسلسل اضافہ کلیہ اسراع کہلاتا ہے

❖ **ابطاع**: حرکت کی مخالفت سمت میں کام

❖ رگڑ حرارت پیدا کرتی ہے

- سائنس میں گیسوں اور مائعات کا ایک نام دیا گیا ہے انہیں سیال fluid کہتے ہیں
- مائعات کی قوت کو drag کہتے ہیں
- مائعات کی مزاحمتی قوت اس میں حرکت کرنے والے جسم اور اس کی ساخت کے علاوہ اس کی رفتار اور مائع کی خصوصیت پر منحصر ہوتی ہے
- رگڑ کی سطح کی خصوصیات اور اس عمادی قوت پر جس سے وہ جسم دوسری سطح پر دباؤ ڈالتا ہے منحصر ہوتی ہے۔

حرکیات

- حرکت اضافی ہے، جسم کی حرکت مشاہد پر منحصر ہوتی ہے۔
- کسی طبعی مقدار کو ظاہر کرنے کے لیے مقدار اور متعین سمت دونوں ہی پائے جاتے ہیں ایسی کسی طبعی مقدار کو سمتی مقدار Vector کہتے ہیں
- ایسی طبعی مقدار جو بغیر سمت کے ظاہر کی جاتی ہے غیر سمتی مقدار Scaler کہلاتی ہے
- فاصلہ غیر سمتی مقدار ہے فاصلہ راستہ کا طول ہے
- نقل مکان خاص سمت میں چھوٹا فاصلہ ہے۔
- اوسط چال فی اکائی وقت میں طے کردہ فاصلہ ہے۔ اوسط رفتار خاص سمت میں فی اکائی وقت میں طے کردہ نقل مکان ہے۔
- کسی لمحہ پر چال لمحاتی چال کہلاتی ہے جو کسی جسم کی تیزی کے ساتھ مقام کی تبدیلی کو ظاہر کرتی ہے۔
- رفتار خاص سمت میں چال ہے۔
- جب رفتار مستقل رہتی ہے تب حرکت ہموار کہلاتی ہے۔
- اگر کسی جسم کی اسراع مستقل ہو تب حرکت کو ہموار اسراع کی حرکت کہا جاتا ہے۔
- ہموار اسراع کی حرکت کی مساواتیں مندرجہ ذیل ہیں۔

حرکت کی مساوات:

$$v = u + at$$

$$s = ut + \frac{1}{2}at^2$$

$$v^2 - u^2 = 2as$$

کلیات حرکت

- حرکت کا پہلا کلیہ: ایک جسم حالتِ سکون ہی میں رہے گا یا پھر ہموار رفتار ہی سے حرکت کرے گا تاوقتیکہ کوئی محاصلہ قوت اس پر عمل نہ کرے۔
- اشیا کا فطری رجحان جس کے سبب وہ اپنی حالت کی تبدیلی کی مزاحمت کرتے ہیں، جمود کہلاتا ہے۔
- کسی شے کی کمیت اس کے جمود کا پیمانہ ہوتی ہے۔ کمیت کی S.I اکائی کلوگرام (kg) ہے۔
- معیارِ حرکت دو عوامل پر منحصر ہوتا ہے۔ ایک شے کی کمیت اور دوسرا شے کی رفتار۔ نیوٹن نے اس امر کی تشریح کے لیے کمیت بحالت

حرکت کی اصطلاح وضع کی ہے جو دراصل معیارِحرکت (momentum) ہے۔کسی جسم کا معیارِحرکت کمیت (m)اور رفتار (v) کا حاصلِ ضرب ہوتا ہے۔

(رفتار)×(کمیت)=معیارحرکت

$$P = mv$$

- اسے کمیت بحالتِ حرکت کہا جاسکتا ہے۔چوں کہ تمام اجسام کمیت رکھتے ہیں اگر کوئی جسم حالت حرکت میں ہوتب ہم کہہ سکتے ہیں کہ وہ معیارحرکت میں ہے۔
- رفتار چوں کہ سمتی مقدار ہے اس لیے معیارِحرکت بھی سمتی مقدار ہی ہوگی اور معیارِحرکت کی سمت بھی رفتار کی سمت میں ہوگی۔
- معیارحرکت کی S.I اکائی $Kg\text{-}m/s$ یا $N\text{-}S$ ہے۔
- حرکت کا دوسرا کلیہ: کسی جسم کے معیارحرکت کی تبدیلی کی شرح راست متناسب ہوتی ہے اس پر عمل کرنے والی کل قوت کے اور یہ حاصلہ قوت کی سمت میں عمل کرتی ہے۔
- قوت کی S.I اکائی $kg.m/s^2$ ہے۔اس اکائی کو نیوٹن کی یاد میں newton کا نام دیا گیا ہے۔اور $1N = 1kg.m/s^2$
- خطی معیارحرکت کسی جسم کی کمیت اور رفتار کا حاصل ضرب ہوتا ہے۔ $p = mv$
- **حرکت کا تیسرا کلیہ** : جب کوئی جسم دوسرے جسم پر قوت کا اثر ڈالتا ہے تو دوسرا جسم بھی پہلے جسم پر اتنی ہی قوت مخالف سمت میں ڈالتا ہے۔
- ایک علاحدہ نظام (Isolaled System) یعنی جہاں کوئی حاصلہ قوت نہ ہو، مجموعی معیارِحرکت قائم رہتا ہے۔
- معیارحرکت میں تبدیلی کا انحصار قوت کی شدت پر ہی نہیں بلکہ اس کے وقت پر بھی ہوتا ہے۔

کثیر جوابی سوالات

1. حرکت

1) بالحاظ مشاہدہ اضافی ہے 2) بالحاظ مقام اضافی ہے 3) بالحاظ جسم اضافی ہے 4) بالحاظ وقت اضافی ہے

2. سکون

1) بالحاظ اطراف واکناف تبدیلی نہ ہو 2) بالحاظ وقت تبدیل نہ ہو 3) بالحاظ جسم تبدیلی نہ ہو 4) ان میں سے کوئی نہیں

3. کوئی بھی جسم حرکت کرتا ہوا اس وقت کہلاتا ہے جبکہ اس کے مقام میں..... کے ساتھ تبدیلی آتی ہے۔

1) حرکت 2) وقت 3) اسراع 4) قوت

4. گھڑی کی سوئیوں (Hands) کی حرکت ہوتی ہے۔

1) ہموار 2) غیر ہموار 3) انتقالی 4) اہتزازی

5. ریل گاڑی جو اسٹیشن میں داخل ہو رہی ہو۔

1) ہموار 2) غیر ہموار 3) اسراع 4) ان میں سے کوئی نہیں

6. ہوامیں پتنگ کا اڑانا

1) ہموار 2) غیر ہموار 3) کوئی نہیں 4) 1اور2

7. دیواری گھڑ کے رقاص (Pendulum) کی حرکت



1) اہتزازی 2) انتقالی

3) گردشی 4) دائروی

8. کشتی میں بیٹھے آدمی کی حرکت کنارے کے لحاظ سے

.....ہےاور کشتی کے اعتبار سے وہ.....میں ہے۔

1) اضافی،سکون 2) حرکت،سکون

3) سکون،اضافی 4) کوئی نہیں

9. سیکل پر بیٹھی لڑکی.....میں ہے۔بلحاظ سڑک کے۔



اور یہ لڑکی.....میں ہے۔بلحاظ سیکل کے۔

1) اضافی،سکون 2) حرکت،سکون

3) سکون،اضافی 4) حرکت،اضافی

10. جھولے میں بیٹھی لڑکی.....میں ہے۔جھولے کے تختہ کے لحاظ سے یہ لڑکی.....



میں ہے۔بلحاظ باغ کے۔( )

1) سکون،حرکت 2) سکون،اضافی

3) حرکت،سکون 4) ان میں سے کوئی نہیں

11. کار کے حرکت کی سمت خط مستقیم ہے۔



1) انتقالی حرکت 2) دائروی حرکت

3) اہتزازی حرکت 4) دوری حرکت

12. چھت سے لگی پنکھے کی پتیوں کی حرکت



1) انتقالی حرکت 2) دائروی حرکت

3) اہتزازی حرکت 4) دوری حرکت

13. حالت حرکت میں سلائی مشین کی سوئی



1) انتقالی حرکت 2) دائروی حرکت

3) اہتزازی حرکت 4) دوری حرکت

14. پٹریوں پر ریل گاڑی کی حرکت

1) مستقیمی حرکت 2) منحنی حرکت 3) مستقیمی منحنی 4) گردشی حرکت

15. جھاڑ سے گرتے ہوئے آم کی حرکت

1) منحنی حرکت 2) مستقیمی حرکت 3) گردشی حرکت 4) دائروی حرکت

16. جب گیند کو حرکت دی جاتی ہے تو یہ ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک حرکت کرتی ہے تو گیند کی حرکت ہے

1) انتقالی 2) دائروی 3) انتقالی اور دائروی 4) اہتزازی

17. دائروی حرکت کا مطلب یہ کہ حرکت کرنے والے جسم کے تمام ذرات متعینہ نقطہ کی نسبت یا محور گردش کی نسبت سے دائروی راستہ اختیار کرتے ہیں۔ کیا یہ بیان

1) صحیح ہے 2) کہا نہیں جا سکتا ہے 3) غلط ہے 4) غیر متعلق ہے

18. دائروی حرکت نہیں ہے۔

1) پنکھے میں 2) لٹو 3) گھڑی 4) تیر کا کمان سے نکلنا

19. کمہار کے پہیے کی حرکت

1) دائروی 2) انتقالی 3) اہتزازی 4) منحنی

20. سورج کے اطراف زمین کی حرکت

1) انتقالی اور دائروی 2) انتقالی اور خط مستقیم 3) غیر ہموار 4) ہموار

21. ڈال مشین کی حرکت

1) انتقالی 2) دائروی 3) انتقالی اور دائروی 4) ان میں سے کوئی نہیں

22. سیکل سوار کی حرکت اور پہیے کی حرکت

1) انتقالی اور دائروی حرکت 2) دائروی 3) مستقیم 4) ان میں کوئی نہیں

23. اہتزازی حرکت کی نشاندہی کیجئے۔

1) لٹو کی حرکت 2) مڑتی کار کی حرکت 3) ستار کے تار کی حرکت 4) بندوق کے گولی کی حرکت

24. کسی جسم کی حرکت تیز ہے یا آہستہ ہے، طئے کرنے کے لیے کیا ہمیں یہ جاننا ضروری ہے۔

1) فاصلہ 2) طے شدہ فاصلہ 3) طے شدہ فاصلہ اور لیا گیا وقت 4) وقت

25. چل رکنی گھڑی

1) چلتی اور رکتی ہے 2) وقت کی پیائش صحت کے ساتھ کی جا سکتی ہے

3) خود سے چلتی ہے اور خود سے رکتی ہے 4) یہ ایک خراب گھڑی ہے

26. چل رکنی گھڑی میں زیادہ سے زیادہ کتنا وقت نوٹ کیا جا سکتا ہے۔

1) 24 گھنٹے 2) بارہ گھنٹے 3) 60 سکنڈ 4) 60 منٹ

27. قومی ترانہ پڑھنے کے لئے درکار وقت؟

1) 57 سکنڈ 2) 58 سکنڈ 3) 40 سکنڈ 4) 50 سکنڈ

28. ایک ملینیم سے مراد

1) ایک صدی 2) 10 صدی 3) 10 سال 4) نوری سال

29. موٹر گاڑی یا کار میں چال پیما (Speedometer) لگا ہوتا ہے۔ وہ چال کی پیائش اس طرح کرتا ہے

1) میٹر فی گھنٹہ 2) کلومیٹر فی گھنٹہ 3) کلومیٹر فی لیٹر 4) لیٹر فی میر

30. اکائی وقت میں کسی شئے کا طے شدہ فاصلہ کہلاتا ہے۔
1) رفتار 2) چال 3) اسراع 4) حرکت

31. SI نظام میں چال کی اکائی
1) میٹر فی سکنڈ 2) کلومیٹر فی سکنڈ 3) سنٹی میٹر فی سکنڈ 4) کلومیٹر فی گھنٹہ

32. اڑتے ہوئے ہیلی کاپٹر کی حرکت گھنٹے کے سوئی کی حرکت اور ٹیپ ریکارڈ کی کیسٹ میں ریل کی حرکت کیا مشترک ہے
1) تمام مثالیں انتقالی حرکت کی ہیں 2) تمام مثالیں اہتزازی حرکت کی ہیں
3) تمام مثالیں دائروی حرکت 4) ان میں سے کوئی نہیں

33. حسب ذیل میں کونسی حرکت اہتزازی نہیں ہے۔
1) برقی گھنٹی میں ہتھوڑی نمالیور کی حرکت 2) جھولے پر جھولتے ہوئے بچے کی حرکت
3) See Saw کی حرکت 4) گھوڑا گاڑی کی حرکت

34. ارون نے 100 میٹر کی دوڑ 16 سکنڈ میں مکمل کی جبکہ کارتک نے اس دوڑ کو 13 سکنڈ میں مکمل کیا۔
بتلایئے کہ کس نے تیز دوڑ لگایا
1) ارون نے 2) کارتک نے 3) دونوں نے 4) کسی نے بھی نہیں

35. (A) ایک ریل گاڑی نئی دہلی سے حیدرآباد کیلئے روانہ ہوئی اس نے پہلے 420 کلومیٹر فاصلہ کو، 7 گھنٹوں میں اور بعد کے 360 کلو میٹر کے فاصلہ کو 6 گھنٹوں میں طے کیا۔
(B) گوپی نے کار کی دوڑ میں حصہ لیا اور اس نے پہلے دوسرے اور تیسرے گھنٹہ میں 70 کلومیٹر کا فاصلہ طے کیا۔
حسب ذیل میں کونسا بیان صحیح ہے۔
1) A ہموار حرکت کی مثال B غیر ہموار حرکت کی مثال 2) A غیر ہموار حرکت کی مثال ہے B ہموار حرکت کی مثال ہے
3) A اور B مثالیں ہموار حرکت کی ہیں۔ 4) A اور B مثالیں غیر ہموار حرکت کی ہیں

36. حسب ذیل میں کونسا بیان غلط ہے۔
1) وقت کی بنیادی اکائی ثانیہ ہے 2) ہر جسم کی حرکت ہموار ہوتی ہے
3) کار کی رفتار کو کلومیٹر فی گھنٹہ میں ظاہر کیا جاتا ہے۔
4) دو کار تر تیب وار 5 منٹ اور دو منٹ میں پہنچتی ہیں دوسری کار تیزی سے چلتی ہے کیونکہ اس نے کم وقت لیا

37. دو اسٹیشنوں کا درمیانی فاصلہ 240 کلومیٹر ہے۔ایک ریل گاڑی اس فاصلہ کو طے کرنے کے لئے 4 گھنٹے لیتی ہے۔گاڑی کی رفتار محسوب کیجئے
1) 24 کلومیٹر فی گھنٹہ 2) 60 کلومیٹر فی گھنٹہ 3) 120 کلومیٹر فی گھنٹہ 4) 60 میٹر فی گھنٹہ

38. ''زمین پر کسی جسم کی طبعی طاقت، حالت سکون ہے''، اس خیال کو پیش کرنے والا ہے۔
1) گیلیلیو 2) ارسطو 3) نیوٹن 4) آئنسٹائن

39. ''کوئی متحرک جسم حالت حرکت ہی میں رہے گا تاوقتیکہ اس پر کوئی بیرونی طاقت عمل نہ کرے'' کس مشہور سائنس دان نے کہا ہے؟
1) گیلیلیو 2) ارسطو 3) نیوٹن 4) آئنسٹائن

40. کلیات حرکت کو پیش کیا ہے۔
1) گیلیلیو 2) ارسطو 3) نیوٹن 4) آئنسٹائن

41. جسم کی وہ خاصیت جو حالت تبدیلی کی مزاحمت کرتی ہے۔
1) قوت 2) معیارحرکت 3) جمود 4) بقاء

42. کلیہ جمود کا
1) نیوٹن کا پہلا کلیہ حرکت 2) نیوٹن کا دوسرا کلیہ حرکت 3) نیوٹن کا تیسرا کلیہ حرکت 4) بقاء مادے کا کلیہ

43. کسی جسم پر عمل کرنے والی قوت حاصلہ صفر ہو تو جسم۔
1) حرکت میں ہوگا 2) سکون میں ہوگا 3) تعدیل 4) ان میں سے کوئی نہیں

44. شئے کی کمیت دراصل جمود کا پیمانہ ہے۔
1) بقائے مادے کا کلیہ 2) قوت 3) معیارحرکت 4) جمود

45. کسی جسم پر عمل کرنے والی غیر صفری قوت حاصلہ.....حالت کو بدل دیتی ہے۔
1) تعدیلی 2) حرکت 3) سکون 4) ان میں سے کوئی نہیں

46. کس جسم پر عمل کرنے والی غیر صفری قوت حاصلہ کے اثر کو اس کلیہ سے سمجھایا جاسکتا ہے۔
1) نیوٹن کا پہلا کلیہ 2) نیوٹن کا دوسرا کلیہ 3) نیوٹن کا تیسرا کلیہ 4) بقائے مادے کا کلیہ

47. کسی جسم کی کمیت اور رفتار کا حاصل ضرب کہلاتا ہے۔
1) تعدیل (Equilibrium) 2) معیارحرکت 3) جمود 4) قوت

48. معیارحرکت ایک.....مقدار ہے۔
1) Scalar 2) Vector 3) خطی (Linear) 4) مستقل (Constant)

49. معیارحرکت کی سمت بھی.....کی سمت ہوگی۔
1) کمیت 2) قوت 3) رفتار 4) حرکت

50. اسراع راست متناسب.....کے۔
1) کمیت 2) رفتار 3) معیارحرکت 4) قوت

51. اسراع بالراست متناسب ہوتا ہے۔
1) کمیت 2) قوت 3) رفتار 4) حرکت

52. حاصلہ قوت (Net force) راست متناسب ہوتی ہے معیارحرکت کی تبدیلی کے یہ نیوٹن کا۔
1) پہلا کلیہ ہے 2) دوسرا کلیہ ہے 3) تیسرا کلیہ ہے 4) بقائے معیارحرکت کا کلیہ ہے

53. $=1kg.\ m/s^2$
1) 1 ڈائن 2) 1 ہرٹز 3) 1 نیوٹن 4) 1 ولٹ

54. ایک جسم کے دوسرے جسم پر قوت ڈالنا کے اثر کو اس کلیہ سے سمجھایا جاتا ہے۔
1) نیوٹن کا پہلا کلیہ حرکت 2) نیوٹن کا دوسرا کلیہ حرکت 3) نیوٹن کا تیسرا کلیہ حرکت 4) بقائے مادے کا کلیہ

55. کسی جسم کا جمود
1) راست متناسب ہوتا ہے جسم کی کمیت کے 2) بالراست متناسب ہوتا ہے جسم کی کمیت کے
3) جسم کی کمیت سے آزاد ہوتا ہے 4) راست متناسب ہوتا ہے جسم کے وزن کے

56. ایک کار 40 کیلومیٹر فی گھنٹہ کی ہموار رفتار سے حرکت کر رہی ہے ایک گھنٹہ بعد اس کا اسراع ہوگا
(1) 40 کیلومیٹر فی گھنٹہ (2) 20 کیلومیٹر فی گھنٹہ (3) 30 کیلومیٹر فی گھنٹہ (4) صفر کیلومیٹر فی گھنٹہ

57. فاصلہ اور وقت کی ترسیم میں جسم کو ظاہر کرنے والا خط وقت کے محور کے ساتھ متوازی ہوتا ہے تو جسم
(1) جسم مستقل چال سے حرکت میں ہے۔ (2) جسم مختلف چال سے حرکت میں ہے۔
(3) جسم حالت سکون میں ہے۔ (4) جسم خط مستقیم میں حرکت کر رہا ہے۔

58. رفتار اور وقت کی ترسیم کا رقبہ اس کے مساوی ہوگا۔
(1) جسم کی چال (2) جسم کا طئے کردہ فاصلہ (3) جسم کا نقل مکان (4) ان میں سے کوئی نہیں

59. ایک ذرہ 10 میٹر کے قطر والے دائرہ میں حرکت کر رہا ہے۔ دو گردشیں کرنے کے بعد ذرے کا طئے کردہ فاصلہ
(1) 40 میٹر (2) 20 میٹر (3) 20π (4) 0 صفر

60. ایک شخص 100 میٹر A نقطہ سے B نقطہ تک سفر کرتا ہے اور واپس B نقطہ سے A نقطہ تک سفر کرتا ہے تب اس کا نقل مکان
(1) 100 میٹر (2) 200 میٹر (3) 400 میٹر (4) صفر

61. حرکت کر رہے جسم کے لیئے نقل مکان اور فاصلے کے درمیان عددی نسبت
(1) ہمیشہ ایک سے کم (2) ہمیشہ ایک کے مساوی (3) ہمیشہ ایک سے زیادہ (4) ہمیشہ ایک کے مساوی یا کم

62. ''زمین پر کسی جسم کی طبعی طاقت، حالت سکون ہے، اس خیال کو پیش کرنے والا
(1) گیلیلیو (2) ارسطو (3) نیوٹن (4) آئنسٹائن

63. ''کوئی متحرک جسم حالت حرکت ہی میں رہے گا تاوقتیکہ اس پر کوئی بیرونی طاقت عمل نہ کرے'' کس مشہور سائنس دان نے کہا ہے؟
(1) گیلیلیو (2) ارسطو (3) نیوٹن (4) آئنسٹائن

64. کلیات حرکت کو پیش کیا ہے۔
(1) گیلیلیو (2) ارسطو (3) نیوٹن (4) آئنسٹائن

65. جسم کی وہ خاصیت جو حالت تبدیلی کی مزاحمت کرتی ہے۔
(1) قوت (2) معیار حرکت (3) جمود (4) بقاء

66. کلیہ جمود کا
(1) نیوٹن کا پہلا کلیہ حرکت (2) نیوٹن کا دوسرا کلیہ حرکت (3) نیوٹن کا تیسرا کلیہ حرکت (4) بقاء مادے کا کلیہ

67. عام کرۂ ہوائی کے دباؤ پر پارے کے کالم میں پارے کی بلندی
(1) 76 cm (2) 7.6 cm (3) 76 mm (4) 100 cm

68. انسان اور مشینوں کو کام کرنے کے لئے.....ضروری ہے۔
(1) توانائی (2) غذا (3) پٹرول (4) ایندھن

69. حسب ذیل کس صورت میں کام ہوا ہے۔
(1) رنگیا نے ایک بڑے پتھر پر قوت لگا کر ہٹانے کی کوشش کی۔ (4) سیتا کھلونا کار کو کھینچ رہی ہے۔
(3) پرینکا امتحان کے لئے محنت سے پڑھ رہی ہے۔
(4) ایک قلی ریلوے اسٹیشن کے پلاٹ فارم پر سامان اٹھائے کھڑا ہے۔

70. کام ہوا ہے کہنے کے لئے کن دو شرائط کا ہونا ضروری ہے۔

(1) شئے یا جسم پر قوت عائد کرنا (2) شئے کا نقل مکان کرنا لازمی ہے۔

(3) a اور b دونوں (4) کسی شرط کی ضرورت نہیں۔

71. کام.....مقدار

(1) سمتی (2) غیر سمتی (3) بے اکائی (4) کیا نہیں جا سکتا۔

72. W= F .S کو صرف .....حرکت کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(1) مثبت (2) منفی (3) صفر (4) کہا نہیں جا سکتا ہے۔

73. کسے ہوئے کھلونا کار کے اسپرنگ میں موجود توانائی

(1) توانائی بالحرکت (2) توانائی اسپرنگ (3) عضلاتی توانائی (4) توانائی بالقوہ

74. جب کسی نظام میں مثبت کام ہوتا ہے تو توانائی۔

(1) گھٹتی ہے۔ (2) بڑھتی ہے (3) صفر ہو جاتی ہے۔ (4) کوئی تبدیلی نہیں آئی

75. ایک بچہ دیوار کو ڈھکیلتا ہے تو اس کے ذریعہ کیا گیا کام

(1) مثبت (2) منفی (3) صفر (4) کہا نہیں جا سکتا

76. کسی جسم کی توانائی بالحرکت یا توانائی بالفعل کا انحصار

(1) کمیت ہوتا ہے۔ (2) چال پر ہوتا ہے۔ (3) رفتار (4) ان میں سے کوئی نہیں

77. کسی جسم کی توانائی بالقوہ میں اضافہ ہوتا ہے۔

(1) بلندی یا حالت کی وجہ سے (2) کمیت کی وجہ سے (3) رفتار (4) ان میں سے کوئی نہیں

78. کسی جسم کی توانائی بالحرکت اور توانائی بالقوہ کا مجموعہ.....کہلاتی ہے۔

(1) جملہ توانائی (2) حرکی توانائی (Mechanical energy)

(3) نظام کی توانائی (4) توانائی کی تبدیلی

79. مرکز جو قوت عمل کرتی ہے۔

(1) دائرے کے مرکز کی سمت (2) دائرے کے مرکز سے پرے

(3) دائرے کی مماسی سمت میں (4) دائرے کے راستے کے ساتھ

80. اسراع بوجہ جاذبہ زمین آزاد ہوتی ہے۔

(1) جسم کی چال سے (2) جسم پر عمل کرنے والی تجاذبی قوت سے

(3) جسم کی کمیت سے (4) زمین کی کمیت سے

81. آزادانہ گرنے والے جسم کا وزن

(1) 'g' کے مساوی ہوتا ہے (2) 'mg' کے مساوی ہوتا ہے۔

(3) صفر (4) mg+h کے مساوی ہوتا ہے۔

82. زمین کی سطح کے اطراف گردش کررہے سیارچے کے وقت دوران کا انحصار

(1) سیارچے کی کمیت پر ہوتا ہے۔ (2) زمین کی کمیت پر ہوتا ہے

(3) سیارچے کے نصف قطر پر ہوتا ہے (4) زمین کے نصف قطر پر ہوتا ہے

83. دواجسام کے درمیان پائے جانے والی قوت کشش یعنی تجاذبی قوت F_1 ہے۔

اگر ان دواجسام کی کمیت کو دوگنا کردیا جائے اوران کے درمیان کے فاصلہ کو آدھا کردیا جائے تو ان کے درمیان تجاذبی قوت F_2 کیا ہوگی۔

(1) $F_1 = F_2$ (2) $F_2 = 4F_1$ (3) $F_2 = 8F_1$ (4) $F_2 = 16F_1$

84. دواجسام کے درمیان تجاذبی قوت

(1) جب وہ مس کرتے ہوں۔ (2) جب وہ مس نہ کرتے ہوں

(3) ان دونوں صورتوں میں (4) ان میں سے کوئی نہیں۔

85. کیروسین پانی پر.....ہے۔

(1) تیرتا ہے (2) ڈوبتا ہے (3) معلق رہتا ہے (4) کہا نہیں جاسکتا ہے

86. کثافت کی تعریف

(1) کمیت / لیٹر (2) کمیت/حجم (3) کمیت/رقبہ (4) کمیت/احاطہ

87. کثافت کی اکائی

(1) kg/cm^3 (2) g/m^3 (3) kg/m^3 (4) m^3/kg

88. کرۂ ہوائی کے دباؤ کو اس پیمانے سے معلوم کیا جاتا ہے۔

(1) لائکٹومیٹر (2) ہائیڈرومیٹر (3) بائیرومیٹر (4) ہاگرومیٹر

89. حالت سکون سے آزادانہ گرنے والے جسم کی مساوات

(1) $h = ut + \frac{1}{2}gt^2$ (2) $h = ut - \frac{1}{2}gt^2$ (3) $h = \frac{1}{2}gt^2$ (4) $h = -\frac{1}{2}gt^2$

90. تجاذبی قوت کی مخالف حرکت کررہے جسم کا اسراع بہ وجہ جاذبہ زمین

(1) $9.8\,m/s^2$ (2) $-9.8\,m/s^2$ (3) $\pm 9.8\,m/s^2$ (4) $9.6\,m/s$

91. یکساں بلندی سے ایک سکہ اور پَر کو ایک ساتھ نیچے کی جانب گرایا جائے تو یہ دونوں زمین سے ایک ساتھ نہیں ٹکراتے کیونکہ

(1) ہوا کی مزاحمت کی وجہ سے (2) تجاذبی قوت کی وجہ سے (3) مسافت کی وجہ سے (4) کمیت کے فرق کی وجہ

92. 10 کلوگرام کمیت والے جسم کا وزن زمین پر

(1) 9.8N (2) 9.8kg (3) 98N (4) 98kg

93. 15 کلوگرام کمیت والے جسم کا وزن زمین کے مرکز پر کیا ہوگا

(1) 147 N (2) 147kg (3) صفر (4) 150N

94. کمیت ساری کائنات میں.....رہتی ہے۔

(1) متغیر (2) صفر (3) مستقل (4) منفی

95. وزن کی S.I نظام میں اکائی

(1) نیوٹن (2) Kg (3) wt (4) کلوگرام وزن

96. 100 kg wt = ...

980 N (a) 9.800N (2) 1000 N (3) 0.98 N (4)

97. اگر کسی جسم کا وزن زمین پر 196N ہو تو اس کی کمیت کیا ہوگی۔

20kg (1) 0.20kg (2) 1960kg (3) 2kg (4)

98. اگر ایک بال کی کمیت زمین پر 5 کلوگرام ہے تو بتلائیے کہ اس کی کمیت مشتری پر کتنی ہوگی

5kg (1) 5000kg (2) 40000 kg (3) 50 kg (4)

99. مصنوعی سیارچے میں بیٹھا ہوا شخص بے وزنی کو محسوس کرتا ہے کیونکہ وہ

(1) سیارچہ میں موجود جسم کو زمین کشش نہیں کرتی ہے۔

(2) سیارچہ میں موجود کرسی کی عمادی قوت ان کی قوت کشش کو توازن میں رکھتی ہے۔

(3) عمادی قوت صفر ہوتی ہے۔

(4) سیارچے میں موجود شخص میں اسراع نہیں ہوتا ہے۔

100. تجاذبی مستقل کی S.I نظام میں اکائی ہے۔

Nm^2kg^2 (1) Nm^2kg^{-2} (2) Nm^2S^{-2} (3) $Nmkg^{-2}$ (4)

101. تجاذبی مستقل کی قدر کیا ہے؟

(1) $6.6734\times10^{-11}\ Nm^2/kg^2$ (2) $6.6734\times10^{-10}\ Nm^2/kg^2$

(3) $6.6734\times10^{-11}\ Nm/kg^2$ (4) $6.6734\times10^{-11}\ Nm^2/kg$

102. اگر دونوں جسموں کے درمیان کا فاصلہ دوگنا کر دیا جائے تو ان کے درمیان عمل کرنے والی قوت F..... ہوگی۔

(1) $\frac{1}{4}F$ (2) 2F (3) $\frac{1}{2}F$ (4) F

103. کائنات میں کسی دو اجسام کے درمیان پائی جانے والی قوت کشش کا انحصار..... نہیں ہوتا ہے۔

(1) ان کے درمیان کے فاصلہ پر (2) ان کی کمیتوں کے حاصل ضرب پر

(c) ان کی کمیتوں کے مجموعہ پر (4) تجاذبی مستقل پر

104. اس بنیادی قوت کا نام بتلائیے جو سیاروں کو سورج کے اطراف اپنے مدار میں رکھے ہوئے ہیں۔

(1) تجاذبی قوت کشش (2) برقی سکونی قوت کشش (3) نیوکلیائی قوتِ کشش (4) الکٹرانک قوتِ کشش

105. جب کسی جسم کو اوپر کی جانب پھینکا جاتا ہے تو تجاذبی قوت

(1) حرکت کی مخالف سمت عمل کرتی ہے۔ (2) حرکت کی سمت میں ہی عمل کرتی ہے۔

(c) سب سے بلند نقطہ پر صفر ہو جاتی ہے۔ (d) جیسے جسم اوپر کی طرف حرکت کرتا ہے تجاذبی قوت بڑھتی ہے۔

106. تجاذبی قوت کے مخالف حرکت کر رہے جسم کی انتہائی رفتار کیا ہوگی جبکہ وہ انتہائی بلندی کو پہنچاتا ہے؟

(1) صفر (2) $\frac{u^2}{2g}$ (3) $\frac{h}{t}$ (4) 2gh

107. ایک بلند چوٹی سے ایک پتھر کو نیچے پھینکا گیا ہے۔100 میٹر تک نیچے گرنے کے بعد اس کی رفتار کیا ہوگی؟

(1) 9.8 s/m (2) 44.2 m/s (3) 19.6 m/s (4) 98 m/s

108. ایک بلند عمارت کی چھت سے ایک پتھر کو نیچے گرانے پر وہ پتھر 4 سکنڈ بعد زمین سے ٹکراتا ہے۔عمارت کی بلندی کتنے میٹر ہے۔

(1) 19.6 میٹر (2) 39.2 میٹر (3) 156.8 میٹر (4) 78.4 میٹر

109. اسراع بوجہ جاذبہ زمین صفر ہوتی ہے۔

(1) خط استوا پر (2) قطبین پر (3) سطح سمندر پر (4) زمین کے مرکز پر

110. اسراع بوجہ جاذبہ زمین 10 میٹر فی ثانیہ فی ثانیہ $(10m/s^2)$ ہو تو چاند پر اسرابہ وجہ جاذبہ چاند کیا ہوگا؟

(1) $1.66\,m/s^2$ (2) $16.6\,m/s^2$ (3) $10\,m/s^2$ (4) $0.166\,m/s^2$

111. اگر کسی جسم کا طئے کردہ فاصلہ صفر ہو تو جسم کا نقل مکان ہوگا

(1) صفر (2) صفر نہیں (3) منفی (4) صفر یا صفر نہیں

112. اسپیڈومیٹر (Spedometer) پیائش کرتا ہے

(1) چال (2) اوسط چال (3) لمحاتی چال (4) لمحاتی رفتار

113. ایک لڑکا 4 کیلومیٹر فی گھنٹہ کی چال سے اپنے گھر سے مدرسہ کو دوڑتے ہوئے آدھے گھنٹے میں پہنچتا ہے لڑکے کے گھر سے مدرسہ کا فاصلہ

(1) 2 کیلومیٹر (2) 8 کیلومیٹر (3) 4 کیلومیٹر (4) 6 کیلومیٹر

114. فاصلے کی پیائش کے لئے استعمال ہونے والا آلہ

(1) Speedometer (2) Sonometr (3) Odometer (4) Galvanometer

115. ایک کار 40 کیلومیٹر فی گھنٹہ کی ہموار رفتار سے حرکر کر رہی ہے ایک گھنٹہ بعد اس کا اسراع ہوگا

(1) 40 کیلومیٹر فی گھنٹہ (2) 20 کیلومیٹر فی گھنٹہ (3) 30 کیلومیٹر فی گھنٹہ (4) صفر کیلومیٹر فی گھنٹہ

116. فاصلہ اور وقت کی ترسیم میں جسم کو ظاہر کرنے والا خط وقت کے محور کے ساتھ متوازی ہوتا ہے تو جسم

(1) مستقل چال سے حرکت میں ہے (2) مختلف چال سے حرکت میں ہے

(3) حالت سکون میں ہے (4) خط مستقیم میں حرکت کر رہا ہے

117. رفتار اور وقت کی ترسیم کا رقبہ مساوی ہوگا

(1) جسم کی چال کے (2) جسم کے طئے کردہ فاصلہ کے (3) جسم کے نقل مکان کے (4) ان میں سے کوئی نہیں

118. ایک ذرہ 10 میٹر کے قطر والے دائرہ میں حرکت کر رہا ہے۔دو گردشیں کرنے کے بعد ذرے کا طئے کردہ فاصلہ

(1) 40 میٹر (2) 20 میٹر (3) 20π (4) صفر(0)

119. ایک شخص 100 میٹر A نقطہ سے B نقطہ تک سفر کرتا ہے اور واپس B نقطہ سے A نقطہ تک سفر کرتا ہے تب اس کا نقل مکان

(1) 100 میٹر (2) 200 میٹر (3) 400 میٹر (4) صفر

120. حرکت کر رہے جسم کے لیے نقل مکان اور فاصلے کے درمیان عددی نسبت

(1) ہمیشہ ایک سے کم (2) ہمیشہ ایک کے مساوی (3) ہمیشہ ایک سے زیادہ (4) ہمیشہ ایک کے مساوی یا کم

121. .S.I نظام میں کثافت اضافی کی اکائی ہے۔

(1) $Kg\ m^{-3}$ (2) $Gm\ Cm^{-3}$ (3) $Kg\ m^{3}$ (4) کوئی بھی نہیں

122. مادہ رقاص کے ایک مکمل اہتزاز کیلئے درکار وقت _____ کہلاتا ہے۔

(1) تعدد (2) وقت دوران (3) حیطہ ارتعاش (4) گمگ

123. رقاص کے ایک ثانیہ second میں اہتزاز کی مقدار کو _____ کہتے ہیں۔

(1) تعدد (2) وقت دوران (3) حیطہ ارتعاش (4) Hertz

124. ایک جسم کے مقام میں خاص سمت کے لحاظ سے تبدیلی _____ کہلاتا ہے۔

(1) نقل مکان (2) فاصلہ (3) رفتار (4) چال

125. ایک ایسی طبعی مقدار جو قیمت (مقدار) اور سمت دونوں رکھتی ہے۔ ____ کہلاتی ہے۔

(1) Scalar (2) Vector (3) اسراع (4) ابطاع

126. طبعی مقدار کا انتخاب کرو جو دوسروں سے مختلف ہے۔

(1) نقل مکان (2) رفتار (3) اسراع (4) کیا گیا کام

127. طبعی مقدار کا انتخاب کرو جو دوسروں سے مختلف ہے۔

(1) فاصلہ (2) نقل مکان (3) رفتار (4) اسراع

128. ایک جسم کا اکائی وقت میں طئے شدہ فاصلہ distance _____ کہلاتا ہے۔

(1) چال Speed (2) رفتار Velocity (3) اسراع (4) قوت

129. ایک جسم کا اکائی وقت میں طئے شدہ نقل مکان displacement _____ کہلاتا ہے۔

(1) چال Speed (2) رفتار Velocity (3) اسراع (4) ابطاع

130. اگر کسی جسم کی رفتار میں وقت کے ساتھ اضافہ ہو تو ایسے _____ کہتے ہیں۔

(1) چال Speed (2) رفتار Velocity (3) اسراع (4) ابطاع

131. ریلوے اسٹیشن پہونچنے پر ایک ٹرین کی رفتار میں بتدریج کمی واقع ہوتی ہے۔ اس کو _____ کہتے ہیں۔

(1) اسراع (2) ابطاع (3) قوت (4) مزاحمت

132. ذیل میں کونسی مقدار سمتی مقدار ہے۔

(1) کمیت (2) طول (3) وقت (4) قوت

133. ذیل میں کونسی رفتار کی قیمت زیادہ ہوتی ہے۔

(1) 10m/s (2) 200m/min (3) 30 Km/hour (4) سب مساوی ہیں

134. اگر جسم کا طئے کردہ فاصلہ وقت کے راست متناسب ہو تب یہ جسم حرکت کر رہا ہے۔

(1) صفر رفتار سے (2) ہموار رفتار سے (3) ہموار اسراع سے (4) غیر ہموار اسراع سے

135. نقل مکان۔ وقت کے ترسیم سے ڈھلان سے حاصل ہوتی ہے۔

(1) چال (2) رفتار (3) اسراع (4) ابطاع یا منفی اسراع

136. رفتار 54 Km / hour مساوی ہے۔

(1) 15 m/s (2) 15 m/min (3) 15 m/hr (4) 30 m/s

137. ایک شخص دور تک کودنے کیلئے بہت لمبا فاصلہ دوڑتا ہے۔ کیونکہ

(1) وہ اپنی توانائی بالفعل بڑھانا چاہتا ہے (2) وہ اپنے پٹھوں کو تیار کرنے والی توانائی کا ہے

(3) وہ متحرک جمود حاصل کرنا چاہتا ہے (4) وہ اپنی دوڑ کی طاقت بتانا چاہتا ہے

138. مادہ کی وہ خاصیت جو کسی جسم کی حالت سکون یا حالت حرکت کی مزاحمت کرتی ہے۔ اسکو کہتے ہیں۔

(1) قوت کشش (2) جمود (3) رگڑ (4) اسراع

139. جمود کا نظریہ اور قوت کی تعریف نیوٹن کے کس کلیہ میں موجود ہے۔ چھت سے لگی پنکھے کی پتیوں کی حرکت

(1) پہلا کلیہ (2) دوسرا کلیہ (3) تیسرا کلیہ (4) تجاذبی کلیہ

140. قوت میں ایک ایسا اثر ہے۔ جو اجسام میں _____ پیدا کرتا ہے۔

(1) جمود (2) اسراع (3) منفی اسراع یا ابطاع (4) اسراع اور ابطاع

حالت حرکت میں سلائی مشین کی سوئی

141. نیوٹن کے دوسرے کلیہ حرکت سے کونسی مساوات اخذ کی جاتی ہے۔

(1) $F = ma$ (2) $F = G\frac{m_1 m_2}{r^2}$ (3) $F_1 = F_2$ (4) $E = mc^2$

142. قوت کی اکائی کس سائنس داں کے نام سے مشہور ہے۔

(1) پاسکل (2) گلیلیو (3) نیوٹن (4) جیمس واٹ

143. کسی جسم کی کمیت اور رفتار کا حاصل ضرب _____ کہلاتا ہے۔

(1) قوت (2) اسراع (3) معیار حرکت Momentum (4) معیار اثر

144. ''ہر عمل کے لئے ایک ردعمل ہوتا ہے۔ جو اس کے مساوی اور مخالف ہوتا ہے۔ عمل اور ردعمل دو مختلف اجسام پر عمل کرتے ہیں''۔ نیوٹن کا کونسا کلیہ حرکت ہے۔

(1) پہلا کلیہ (2) دوسرا کلیہ (3) تیسرا کلیہ (4) تجاذبی کلیہ

145. وہ گاڑی جو نیوٹن کے تیسرے کلیہ حرکت کے اصول پر عمل کرتی ہے۔

(1) ہوائی جہاز (2) پانی کا جہاز (3) راکٹ (4) ریل گاڑی

146. _____ ایک جسم کے جمود کی پیمائش ہے۔

(1) کمیت (2) قوت (3) اسراع (4) رفتار

147. جب ہم چلتے ہیں تو نیوٹن کا کونسا کلیہ استعمال کرتے ہیں۔

(1) پہلا (2) دوسرا (3) تیسرا (4) تجاذبی کلیہ

148. جب ایک جسم میں اسراع پیدا ہوتا ہے تو

(1) ہمیشہ اس کی چال میں اضافہ ہوتا ہے (2) یہ ہمیشہ زمین پر گرتا ہے

(3) ایک قوت ہمیشہ اس پر عمل کرتی ہے (4) ہمیشہ اس کی رفتار میں اضافہ ہوتا ہے

149. ایک قوت ایک جسم پر عمل کرتی ہے۔ اگر ہم کو قوت اور کمیت کی قیمت معلوم ہو تو نیوٹن کا دوسرا کلیہ استعمال کرتے ہوئے۔ ہم جسم کی

(1) چال معلوم کر سکتے ہیں (2) پوزیشن معلوم کر سکتے ہیں

(3) وزن معلوم کر سکتے ہیں (4) اسراع معلوم کر سکتے ہیں

150. نیوٹن سکنڈ اکائی ہے۔

(1) جمود کی (2) قوت کی (3) معیار حرکت کی (4) دھکے کی Impulse

151. ایک جسم کی کمیت اور اس پر عمل کرنے والی قوت کو دوگنا کر دیا جائے تو اس کا اسراع ہو جائے گا۔

(1) دوگنا (2) نصف (3) چار گنا (4) کوئی تبدیلی نہیں ہوگی

152. طاقت کی دوسری عملی اکائی کہلاتی ہے۔

(1) ارگ (2) ڈاین (3) واٹ (4) پسی طاقت

153. کام کرنے کی صلاحیت کہلاتی ہے۔

(1) طاقت (2) توانائی (3) ایندھن (4) کمیت

154. اگر قوت کی سمت انتصابی (Vertical) ہو تو کام کی قیمت ہوگی۔

(1) صفر (2) 200 گرام (3) 20 جول (4) 10 واٹ

155. F x S کا مطلب ہوتا ہے۔

(1) توانائی (2) کام (3) قوت (4) مزاحمت

156. شرح تغیر معیار حرکت راست متناسب ہوتی ہے۔

(1) دھکے کے (2) جسم کے جمود کہ (3) پیدا ہونے والی اسراع کے (4) عائد کردہ قوت کے

157. لفظ توانائی Energy کو لاطینی لفظ En Ergia اخذ کیا گی ہے۔ جس کے معنی ہیں۔

(1) حرکت (2) عمل یا کام (3) کمیت (4) رفتار

158. جب قوت Force کے زیر اثر کوئی جسم حرکت کرتا ہے۔ تو اسے کہتے ہیں۔

(1) کام (2) طاقت (3) قوت (4) اسراع

159. کام کرنے کی شرح کو _____ کہتے ہیں۔

(1) کام (2) طاقت (3) قوت (4) توانائی

160. حرکت کی وجہ سے کسی جسم میں جو توانائی پائی جاتی ہے وہ _____ کہلاتی ہے۔

(1) توانائی بالقوہ (2) توانائی بالفعل (3) کام (4) طاقت

161. ''توانائی نہ تو پیدا کی جا سکتی ہے اور نہ ہی فنا کی جا سکتی ہے''۔

(1) کلیہ بقائے مادہ (2) کلیہ بقائے توانائی (3) نیوٹن کا پہلا کلیہ (4) تجاذبی کلیہ

162. ایک جسم جس کی کمیت 2 Kg ہے 10 m/s کی رفتار سے حرکت کر رہا ہے تو اس کی توانائی بالفعل

(1) 100J (2) 1000J (3) 20J (4) 5J

163. اگر جسم کی رفتار کو دوگنا کر دیا جائے تو توانائی بالفعل _____

(1) دوگنا اضافہ (2) چار گنا اضافہ (3) نصف (4) 1/4

164. ایک جسم کو اوپر اچھالا جائے یا نیچے پھینکا جائے ہر دو صورتوں میں اس کی _____ مستقل رہتی ہے۔

(1) توانائی (2) رفتار (3) سمت (4) طاقت

165. ایک گرتے ہوئے جسم کی

(1) توانائی بالفعل میں کمی ہوتی ہے (2) توانائی بالقوہ میں اضافہ ہوتا ہے

(3) مجموعی توانائی مستقل رہتی ہے (4) تمام جوابات صحیح ہیں

166. ایک جسم کو اوپر کی جانب پھینکا گیا۔ جو زمین پر واپس آتا ہے۔ تب اس کی توانائی بالقوہ اعظم ترین ہوگی۔

(1) جبکہ جسم اوپر جا رہا ہو (2) جبکہ جسم نیچے آ رہا ہو

(3) جبکہ جسم اعظم ترین بلندی پر ہو (4) جبکہ جسم زمین پر پہونچتا ہو

167. ایک ڈیم کے پانی میں موجودہ توانائی =

(1) توانائی بالقوہ (2) توانائی بالفعل یا حرکت (3) شمسی توانائی (4) نیوکلیائی توانائی

168. غلیل میں تنی ہوئی ربر کی ڈوری میں پائی جانے والی توانائی

(1) توانائی بالقوہ (2) توانائی بالفعل (3) شمسی توانائی (4) نیوکلیائی توانائی

169. ایسا کوئلہ جس میں 98% کاربن ہوتا ہے۔

(1) Lignite (2) Bituminous (3) Anthracite (4) Coke

170. پٹرولیم کے ذریعہ جو کیمیائی اشیاء تیار کی جاتی ہیں۔

(1) کھاد (2) دوائیں (3) صنعتی دھاگے اور پلاسٹک (4) یہ تمام

171. قابل تجدید توانائی کے ماخذ

(1) ہوائی توانائی (2) پانی کی طاقت (3) شمسی توانائی (4) یہ تمام

172. کوئلہ، پٹرولیم، اور قدرتی گیس _____ توانائی کی قسمیں ہیں۔

(1) قابل تجدید (2) ناقابل تجدید (3) شمسی توانائی (4) ہوا کی طاقت

173. ایک شئے درخت کی چوٹی سے گر رہی ہے تو اس میں توانائی _____ پائی جاتی ہے۔

(1) توانائی بالفعل (2) توانائی بالقوہ (3) قوت (4) طاقت

174. پودے _____ سے اپنی غذا تیار کرتے ہیں۔

(1) شعاعی ترکیب (2) ترکیب (3) تجزیہ (4) بیکٹریا

175. کس زبان میں petra کے معنی ''چٹان'' اور Oleum کے معنی تیل کے ہیں۔

(1) یونانی (2) لاطینی (3) انگریزی (4) اطالوی

176. ایک Radian مساوی ہوتا ہے۔

(1) $57^0 18'$ (2) 57.27^0 (3) 1 اور 2 دونوں (4) کوئی بھی نہیں

177. کار کو منحنی سڑک پر سفر کرنے کے لئے یہ قوت ضروری ہے۔

(1) مرکز جو (2) مرکز گریز (3) دونوں (4) کوئی بھی نہیں

178. زمین کی زاویائی رفتار =

(1) $rad/s\frac{\Pi}{86400}$ (2) $rad/s\frac{2\Pi}{86400}$ (3) $rad/s\frac{86400}{2\Pi}$ (4) $rad/s\frac{86400}{\Pi}$

179. اگر T وقت دوراں ہے تو $\frac{1}{T}$ کہلاتا ہے۔

(1) مرکز گریز (2) مرکز جو (3) تعدد (4) تمام

180. دوری حرکت کی مثالیں

(1) خطی حرکت (2) دائروی حرکت (3) اہتزازی حرکت (4) 2 اور 3

181. ایسی حرکت جو ایک ہی راستے پر وقت کے مساوی وقفوں میں دہرائی جاتی ہے۔

(1) دوری حرکت (2) خطی حرکت (3) انتقالی حرکت (4) ان میں سے کوئی نہیں

182. دوری حرکت میں اگر کوئی ذرہ ایک ہی راستے پر آگے پیچھے حرکت انجام دیتا ہے۔

(1) خطی حرکت (2) دائروی حرکت (3) اہتزازی حرکت (4) None

183. اہتزازی حرکت کی مثالیں

(1) دیوار کی گھڑی کا پنڈولم (2) ریڈیو موجیں (3) برقی مقناطیسی موجیں (4) یہ تمام

184. سادہ رقاص کی جملہ توانائی _____ کا مجموعہ ہے۔

(1) توانائی بالقوہ (2) توانائی بالحرکت (3) دونوں 2,1 (4) None

185. سادہ رقاص کی جملہ میکانکی توانائی _____

(1) بڑھتی ہے (2) گھٹتی ہے (3) مستقل (4) None

186. SHM کی خاصیت

(1) وقت دوران مستقل رہتا ہے (2) تعدد مستقل رہتا ہے (3) حیطہ ارتعاش مستقل رہتا ہے (4) تمام

187. ٹھوس کے جوہروں میں نظر نہ آنے والی حرکت کونسی ہے۔

(1) خطی حرکت (2) اہتزازی حرکت (3) دائروی حرکت (4) رفتار

188. 100cm طول والے سادہ رقاص دوران کتنا ہوتا ہے۔

(1) 1 سکنڈ (2) 2 سکنڈ (3) 2.5 سکنڈ (4) 9.8 سکنڈ

189. ہموار دایروی حرکت میں اگر نصف قطر کو دوگنا کر دیا جائے تو اس کی مرکز جو قوت (Centripetal force) درکار ہوگی۔

(1) پہلے سے 1/4 گنا زیادہ (2) پہلے سے نصف (3) پہلے سے دوگنی (4) پہلے سے چار گنی

KEY جوابات

1-1	2-2	3-2	4-1	5-2	6-2	7-1	8-1	9-2	10-1
11-1	12-2	13-3	14-1	15-2	16-3	17-1	18-4	19-1	20-1
21-3	22-1	23-3	24-3	25-2	26-4	27-1	28-2	29-2	30-2
31-1	32-3	33-4	34-2	35-3	36-2	37-2	38-2	39-1	40-3
41-1	42-3	43-3	44-4	45-1	46-2	47-2	48-2	49-3	50-4
51-1	52-2	53-3	54-3	55-4	56-4	57-3	58-3	59-3	60-4
61-2	62-1	63-3	64-3	65-1	66-1	67-2	68-3	69-2	70-3
71-2	72-4	73-2	74-3	75-3	76-1	77-2	78-3	79-3	80-4
81-4	82-3	83-1	84-2	85-3	86-3	87-1	88-2	89-1	90-3
91-3	92-3	93-1	94-1	95-1	96-1	97-3	98-1	99-1	100-1
101-3	102-1	103-1	104-1	105-2	106-4	107-4	108-1	109-3	110-1
111-3	112-1	113-3	114-4	115-3	116-3	117-3	118-4	119-4	120-2
121-4	122-2	123-1	124-1	125-2	126-4	127-1	128-1	129-2	130-3
131-2	132-4	133-1	134-3	135-4	136-1	137-3	138-2	139-3	140-4
141-1	142-3	143-3	144-3	145-3	146-1	147-3	148-4	149-4	150-4
151-4	152-4	153-2	154-1	155-2	156-3	157-2	158-1	159-2	160-2
161-2	162-1	163-2	164-1	165-3	166-3	167-1	168-1	169-3	170-4
171-4	172-2	173-1	174-1	175-3	176-3	177-1	178-2	179-3	180-4
181-1	182-3	183-4	184-3	185-3	186-4	187-2	188-2	189-2	

5. مقناطیسیت اور برق

مقناطیسیت

- وہ اشیاء جنہیں مقناطیس اپنی طرف کشش کرتا ہے۔ انہیں مقناطیسی اشیاء (Magnetic Material) کہا جاتا ہے۔
- وہ اشیاء جنہیں مقناطیس اپنی طرف کشش نہیں کرتا انہیں غیر مقناطیسی اشیاء (Non Magnetic Material) کہا جاتا ہے۔
- سلاخی مقناطیس اپنے آخری سروں سے زیادہ مقدار میں لوہے کے برادے کو کشش کرتا ہے بہ نسبت مقناطیس کے درمیانی حصے کے۔
- سلاخی مقناطیس کے دوسرے ہوتے ہیں جن میں کشش کرنے کی صلاحیت دوسرے حصوں سے زیادہ ہوتی ہے۔
- ان سروں کو مقناطیس کے قطب (Pole) کہتے ہیں۔
- مقناطیس ہمیشہ شمالاً جنوباً سمتوں پر ہی ٹھہرتا ہے۔
- مشاہدے میں رنگت کئے ہوئے حصہ کا سرا شمال کو بھی دکھلائے گا۔ اس سرے کو مقناطیس کا شمالی قطب کہا جاتا ہے۔
- دوسرا سرا جو جنوب کی جانب نشاندہی کرتا ہے اُس سرے کو مقناطیس کا جنوبی قطب کہا جاتا ہے۔
- مقناطیس کی اس خصوصیت کو سمتی خصوصیت (Directional Property) کہا جاتا ہے۔
- اسی خصوصیت کو ہم مقناطیسی قطب نما بنانے میں استعمال کرتے ہیں۔
- قطب نما عام طور پر ایک چھوٹا سا ڈبہ ہوتا ہے جس کا اوپری حصہ شیشے سے ڈھکا رہتا ہے۔
- ایک مقناطیسی سوئی ڈبے کے اندر محور پر اس طرح رکھی جاتی ہے کہ وہ بہ آسانی آزادانہ طور پر گھوم سکے۔
- قطب نما میں ایک ڈائیل لگا ہوتا ہے جس پر سمتوں کی نشاندہی ہوتی ہے۔
- کسی مقام پر قطب نما کو رکھ کر حسب خواہش سمت کو معلوم کیا جاسکتا ہے۔
- قطب نما کی سوئی شمالاً جنوباً سمتوں کو دکھلاتی ہے۔
- عام طور پر شمالی قطب کی نشاندہی کرنے والی مقناطیسی سوئی پر کوئی رنگ لگا دیا جاتا ہے۔
- اس طرح ہم قطب نما کے ذریعہ اُس مقام پر شمال اور جنوب کی سمتوں کی نشاندہی کر سکتے ہیں۔
- ان دونوں کے درمیان مشرق اور مغرب کی بھی نشاندہی کر سکتے ہیں۔
- قطب نما کو سمتوں کی نشاندہی معلوم کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔
- قطب نما کو زیادہ تر ہوائی جہازوں اور بحری جہازوں میں استعمال کرتے ہیں۔
- اس طرح پہاڑوں پر چڑھائی کرنے والے اور فوجی جوان اپنے ساتھ قطب نما رکھتے ہیں تاکہ وہ نامعلوم مقام پر راستہ بھٹکنے نہ پائیں۔
- قطب نما کو اور مقناطیس کو ایک دوسرے کے قریب نہ رکھیں۔
- مشابہ قطب ایک دوسرے کو دفع کرتے ہیں اور غیر مشابہ ایک دوسرے کو کشش کرتے ہیں۔
- زمین مقناطیسی خصوصیت رکھتی ہے۔
- اگر مقناطیسی شئے کو سلاخی مقناطیس کا ایک قطب کشش کرتا ہے اور دوسرا قطب دفع کرتا ہے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ مقناطیس ہے۔
- اس طرح ایک شئے جو سلاخی مقناطیس کے دونوں قطب کشش کرتی ہے لیکن دفع نہیں کرتی تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ مقناطیس تو نہیں ہے لیکن مقناطیسی شئے ہے۔

- اگر کسی شئے کو مقناطیس کشش کرتا ہے اور نہ ہی دفع کرتا ہے تو تب ہم کہہ سکتے ہیں کہ نہ تو یہ مقناطیس ہے اور نہ مقناطیسی شئے ہے۔
- مقناطیسی اشیاء کا قریب میں موجود مقناطیس کے ذریعہ مقناطیسی خصوصیت کو حاصل کرنا مقناطیسی امالہ (Magnetic Induction) کہلاتا ہے۔
- مقناطیسی امالہ کے سبب سیفٹی پن بطور مقناطیس عمل کر رہی ہے۔
- لوڈاسٹون (Load Stone) قدرتی مقناطیس ہے۔
- مقناطیس مختلف شکلوں کے ہوتے ہیں جیسے سلاخی مقناطیس، گھڑنعل مقناطیس وغیرہ۔
- حال ہی میں معلوم ہوا کہ ''نیاڈائی میم'' (Neadymium) بہت ہی طاقتور مقناطیس ہے۔
- ایک دفعہ یونان کے سائنسدان آرشمیدس نے جنگ میں دشمن پر فتح پانے کے لئے لوڈاسٹون (قدرتی مقناطیس) کو جہاز سے کیلے نکالنے کے لئے استعمال کیا تاکہ جہاز ڈوب جائے۔
- بعض حیوانات کے ماہر جانوروں کے پیٹ سے تاریادھات کو نکالنے کے لئے مقناطیس کا استعمال کرتے ہیں۔
- سو سال سے قبل چینی ملاح نے قطب نما کو استعمال کیا۔

مقناطیست اور برقی مقناطیست

- **مقناطیس کے قطب:** وہ سرے جہاں پر مقناطیس کی کشش قوت اعظم ترین ہو مقناطیس کا قطب (Pole) کہا جاتا ہے۔ ہر مقناطیس کے دو قطب ہوتے ہیں ایک شمال اور دوسرا جنوب
- **برقی مقناطیس کے استعمالات:**
  (1) برقی مقناطیس کو برقی موٹر، فیان، واشنگ مشین وغیرہ۔
  (2) برقی مقناطیس کو برقی گھنٹی میں استعمال کیا جاتا ہے۔
  (3) برقی مقناطیس کو لوہے کے بڑے Scrap سامان کو اٹھانے کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں۔
  (4) Surgeons زخموں میں چبھے ہوئے لوہے کی پرزوں کو نکالنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔
  (5) ٹیلی فون، ٹیلی ویژن، ٹیلی گرام، ریڈیو، لاوڈاسپیکر وغیرہ۔
  (6) صنعتوں میں بھاری اوزان اٹھانے کے لئے کرینس میں۔
- **مقناطیس کے استعمالات:**
  - ☆ مقناطیسی قطب نما میں سمت معلوم کرنے کے لئے۔
  - ☆ ریفریٹر کے دورازے میں دروازے کو ہوا بند رکھنے کے لئے۔
  - ☆ Ceramic مقناطیس کو بڑے Computers اور برقی موٹرس میں۔
  - ☆ برقی Dynamos میں
  - ☆ کھلونوں میں مقناطیس کو جادوئی اثر دکھانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
  - ☆ Maglev ٹرین میں مقناطیس دفع کو استعمال کر کے چلایا جاتا ہے۔
  - ☆ MRI (Magnetic Resonance Imaging) جو مقناطیس کے اصول پر کام کرتا ہے، انسانی اندرونی اعضاء کی عکس سازی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے جس سے بیماریوں کی نشاندہی ہوتی ہے۔

❖ **سلب مقناطیسیت (Demagnetising a Magnet)**

مقناطیس کی کشش کی خاصیت ختم ہو جاتی ہے جب ہم

(1) اس کو سرخ ہونے تک گرم کرتے ہیں۔

(2) ایک خاص بلندی سے کئی بار نیچے گرانے پر۔

(3) ہتھوڑے سے کئی دفعہ ضرب لگانے پر۔

(4) مقناطیس کو جب مشابہہ قطب کے ساتھ رکھا جاتا ہے

مشقی سوالات

1. قدرتی مقناطیس ہے

Magnet Stone (1) Load Stone (2) Heamatite (3) Ferromagnet (4)

2. کس نے قدرتی مقناطیس کو دریافت کیا

Waber (1) Magnus (2) Tesla (3) Coulomb (4)

3. Ring Magnet کا اندرونی قطب

(1) شمالی قطب (2) جنوبی قطب (3) تعدیلی (4) کہا نہیں جا سکتا

4. Ring Magnet کا بیرونی قطب

(1) شمالی (2) جنوبی (3) تعدیلی (4) شمالی جنوبی

5. سلاخی مقناطیس کو آزادانہ طور پر لٹکایا جائے تو یہ ہمیشہ شمالاً جنوباً ہی ٹھہرتا ہے۔ مقناطیس کی اس خاصیت کو..... کہا جاتا ہے

Pole Property (1) North pole South pole Property (2)

Direction Property (3) Magnetic Property (4)

6. قطب نما کو زیادہ تر کہاں استعمال کرتے ہیں۔

(1) موٹر گاڑیوں میں (2) بڑی بڑی لاریوں میں

(3) ہوائی جہازوں اور بحری جہازوں میں (4) صرف لیاب میں

7. پہاڑوں پر چڑھائی کرنے والے اور فوجی جوان اس آلہ کو اپنے ساتھ رکھتے ہیں کیونکہ وہ نامعلوم مقام پر راستہ بھٹکنے نہ پائیں۔

(1) راستہ نما (2) راہ نما (3) قطب نما (4) بادنما

8. مشابہ قطب ایک دوسرے کو دفع کرتے ہیں اور غیر مشابہہ قطب ایک دوسرے کو..... کرتے ہیں

(1) کشش (2) دفع (3) کہا نہیں جا سکتا (4) ان میں سے کوئی نہیں

9. زمین بھی _____ کی طرح کام کرتی ہے

(1) دائروی مقناطیس (2) حلقہ دار مقناطیس (3) سلاخی مقناطیس (4) گھڑ نعال مقناطیس

10. ایک سلاخ مقناطیس کو دھاگے کی مدد سے آزادانہ لٹکانے پر وہ سلاخ مقناطیس کا شمالی قطب زمین کے

(1) جنوبی کی طرف ہوتا ہے (2) شمالی کی طرف ہوتا ہے (3) عمودوار ہوتا ہے (4) انتصاباً ہوتا ہے

11. مقناطیس سے کیلے کے مقناؤ کے دوران

(1) مقناطیس کو کیلے پر خوب گھسیٹنا چاہئے (2) ہمیشہ مقناطیس کو ایک ہی سمت میں حرکت دینا چاہئے

(3) کبھی شمالی قطب سے رگڑنا چاہئے پھر جنوبی قطب سے (4) مقناطیس نیچے رکھ کر کیلے کو رگڑنا چاہئے

12. مقناطیسی اشیاء کا قریب میں موجود مقناطیس کے ذریعہ مقناطیسی خصوصیات کو حاصل کرنا.....کہلاتا ہے۔

(1) مقناطیسی قطب (2) مقناطیسی نفوذ (3) مقناطیسی امالہ (4) میدان

جوابات KEY

1-2	2-2	3-3	4-1	5-3	6-3	7-3	8-1	9-3	10-1
11-1	12-3								

برق رواں

سادہ برقی دور

- Cell برقی خانہ ایک دھاتی استوانی خول پر مشتمل ہوتا ہے۔جس میں چند وزنی کیمیائی اشیاء بھری ہوئی ہوتی ہیں۔
- ان اشیاء کے درمیان ایک کاربن کی سلاخ پائی جاتی ہے۔
- اس کا ایک سرا کسی قدر باہر نکلا ہوتا ہے جس پر دھاتی ٹوپی لگی ہوتی ہے۔
- یہ تمام اشیاء دھاتی استوانی خول میں بند کی جاتی ہے۔
- برقی سیل پر مثبت (+) اور منفی (-) علامتیں پائی جاتی ہیں جو برقی سیل کے مثبت اور منفی قطبوں کو ظاہر کرتے ہیں۔
- یونانی فلسفیوں تھیلس اور میلٹس نے (C-624-546 BCEC) سکونی برقی دریافت کیا۔
- کسی برقی خانہ کے دونوں سروں کو آپس میں تار سے نہ جوڑیں۔
- بلب کے اندر ایک اسپرنگ نما تار تانبے کے دونوں تاروں سے جڑی ہوتی ہے جسے ''فلامینٹ (باریک ریشہ) کہا جاتا ہے۔
- فلامینٹ سے روشنی نکلتی ہے۔
- انگریزی سائنسدان ولیم گلبرٹ (1544-1603) پہلا آدمی تھا جس نے لفظ برقی رو کا استعمال کیا یہ سمجھتا تھا کہ حرکت کرتے ہوئے سیال سے برقی رو پیدا ہوتی ہے۔
- ایک برقی دور میں ایک برقی سیل (برقی مبداء) ایک بلب اور ایصالی تار پائے جاتے ہیں۔
- برقی دور میں برقی رو کا بہاؤ مثبت قطب سے منفی قطب کی جانب ہوتا ہے۔
- برقی دور برقی سیل اور برقی قطب کے درمیان برقی رو کے بہاؤ کے لئے ایک مکمل راستہ فراہم کرتا ہے۔
- گھروں میں موجود برقی بلب میں اسی طرح کا دور پایا جاتا ہے۔جس میں دو تار بلب کے دو قطبوں سے جڑے رہتے ہیں۔
- جب سوئچ آن کیا جاتا ہے تو دور مکمل ہو کر برقی رو بہتی ہے اور بلب روشن ہوتا ہے۔
- امریکی پرنٹر جرنلسٹ سائنسدان بنجامن فرینکلن (1706-1790) نے مزید تجربات کئے اور دو حرکی برقی باروں کو مثبت اور منفی کا نام دیا۔
- جب بلب کا فیلامنٹ ٹوٹ جائے تو برقی رو کے گذرنے کا راستہ منقطع ہو جائے گا لہٰذا برقی رو کا بہاؤ ایک قطب سے دوسرے قطب کی جانب نہیں ہو پائے گا۔ اس کو ہم بلب کا فیوز (Fused) ہو جانا کہتے ہیں۔
- سوئچ آن کرنے سے برقی دور میں برقی رو بہتی ہے۔
- کسی برقی بار میں بہنے والی برقی رو کو برق (Current) کہتے ہیں۔
- اطالوی حیاتیات داں لوگ گیلوانی (1737-1798) نے دو دھاتی ٹکڑوں کو ایک مردہ مینڈک کے پیر کو مس کیا جس سے اس میں حرکت آئی۔اور سمجھا کہ جانوروں کے جسم میں برقی رو تیار ہوتی ہے۔

- Danish طبیعات داں ہانس کرسٹن اورسٹڈ (1851-1777) نے ایک برقی تار کے قریب کمپاس رکھا اور دریافت کیا کہ برقی رو سے مقناطیس بنایا جاسکتا ہے۔
- ایسی اشیاء جن سے برقی رو گذر سکتی ہے برقی موصل (Conductor) کہلاتی ہے۔
- ایسی اشیاء جن سے برقی رو نہیں گذر سکتی ''برقی غیر موصل'' یا ''حاجز'' (Insulater) کہلاتی ہیں۔
- مائیکل فیراڈے (1867-1791) ایک انگریز کیمیاء اور طبیعات داں نے پہلی برقی موٹر ایجاد کی۔
- ایڈیسن اپنی زندگی میں ایک ہزار سے زیادہ نئی ایجادات کا موجب بنا۔
- پہلی بار اس نے برق کو ایک دھاگہ نما پتلے پلاٹینم کے تار سے گذارا۔
- اس نے دیکھا کہ تار گرم ہونے پر روشنی پیدا ہوتی اور چند ہی سکنڈ کے بعد تار جل گیا۔
- اس نے سوچا کہ اگر تار کے اطراف پائی جانے والی ہوا نہ ہوتو یہ تار اتنا جلدی نہ جلتا۔
- ایک Light Emiting diode LED بلب
- سیل کے اندرونی حصے میں پائے جانے والے کیمیائی مادے ایک دوسرے سے تعامل کرتے ہوئے برقی توانائی پیدا کرتے ہیں۔
- خشک خانہ زنک دھات سے بنے ہوئے ایک خول پر مشتمل ہوتا ہے جو منفی سرے کے طور پر کام کرتا ہے جو خول کے وسط میں پایا جاتا ہے۔
- کاربن (گرافائیٹ) کی سلاخ جس پر دھاتی کیپ ہوتا ہے بطور مثبت سرے کا کام انجام دیتا ہے۔
- کاربن کی سلاخ کے اطراف کاربن کے ذرات اور امونیم کلورائیڈ کا آمیزہ رکھا جاتا ہے اور سیل کو اوپری جانب سے بند کردیا جاتا ہے۔
- خشک خانہ کسی بھی برقی دور میں مخصوص وقت تک ہی برقی رو فراہم کرسکتا ہے۔
- اس میں موجود کیمیائی اشیاء ختم ہونے کی وجہ سے اس کی برقی صلاحیت ختم ہوجاتی ہے۔
- ہم دوبارہ اس برقی خانے کو استعمال نہیں کرسکتے۔
- ایسا برقی دور جو علامتوں کے ذریعہ ظاہر کیا جاتا ہے Circiut Diagram کہلاتا ہے۔
- برقی دور میں داب کنجی کو کسی بھی مقام پر لگایا جاسکتا ہے۔
- اگر سوئچ آن ہوتو برقی دور کہلاتا ہے۔
- جب سوئچ آف ہوتو برقی دور نامکمل ہوتا ہے اور یہ کھلا برقی دور کہلاتا ہے۔
- اس وقت برقی دور کے کسی بھی حصہ میں برقی رو نہیں بہتی۔
- ہم سلسلہ دور میں برقی رو ایک ہی راستے سے گذر سکتی ہے۔
- تمام برقی آلے اسی راستے میں جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔
- اگر ان میں کوئی ایک آلہ کو نکال دیا جائے یا کوئی حصہ ناکارہ ہوجائے تو برقی دور نامکمل ہوجاتا ہے۔
- اس میں سے برقی رو نہیں گذر سکتی۔
- ہم متوازی دور میں برقی رو گذرنے کے لئے ایک سے زیادہ راستے پائے جاتے ہیں۔
- اس دور میں ہر بلب ایک الگ راستے پر ترتیب دیا جاتا ہے جس میں سے برقی رو گذر سکتی ہے۔
- برقی رو کے گذرنے سے بلب میں موجود فیلمنٹ (Filament) گرم ہوجاتا ہے۔
- برقی استری، برقی کولر اور برقی ہیٹر کا مشاہدہ کیا جائے۔

- ان تمام برقی آلات میں نائیکروم کا بنا ہوا ایک لچھا (Coil) پایا جاتا ہے۔
- اس لچھے کو اُس برقی آلے کا فلیمنٹ کہا جاتا ہے۔
- ان برقی آلات کو آن کیا جاتا ہے۔
- ان میں موجود فلیمنٹ سرخ اور گرم ہو کر حرارت خارج کرتے ہیں۔
- تار سے خارج ہونے والی حرارت کی مقدار کا انحصار اس تار کے مادے، طول اور موٹائی پر ہوتا ہے۔
- اسی لئے مختلف ضرورت کی تکمیل کے لئے مختلف مادوں طول اور موٹائی والے تار استعمال کئے جاتے ہیں۔
- برقی دور میں استعمال ہونے والے تار عام طور پر گرم نہیں ہوتے ہیں۔
- برقی بلب کے فلیمنٹ کو زیادہ تپش تک گرم کرنے پر وہ چمکتے ہیں اور روشنی خارج کرتے ہیں۔
- جب کسی تار سے برقی رو گذرتی ہے تو وہ گرم ہو جاتا ہے۔
- برقی بلب کی جگہ فلورسینٹ ٹیوب لائٹس کا استعمال کرتے ہوئے ہم بجلی کو ضائع ہونے سے روک سکتے ہیں۔
- CFL کمپیکٹ فلورسینٹ لیمپس کو استعمال کرنے سے بجلی کو ضائع ہونے سے روک سکتے ہیں۔
- یہ کسی بھی عام بلب کے ہولڈرس میں لگائے جاسکتے ہیں۔
- لیمپ پر موجود ISI کا نشان اس کی سلامتی کو ظاہر کرتا ہے۔
- اگر کسی برقی دور میں ضرورت سے زیادہ برقی رو گذرتی ہے تو برقی آلے یا تار گرم ہو کر ان میں آگ لگ جاتی ہے۔
- روک تھام کے لئے ایک حفاظتی آلہ ''فیوز'' کو برقی دور میں استعمال کیا جاتا ہے جو ہم سلسلہ ترتیب میں جڑا ہوتا ہے۔
- فیوز تار کا ایک چھوٹا ٹکڑا ہوتا ہے یہ ایک خاص بھرت (Alloy) سے تیار کیا جاتا ہے جو جلد گرم ہو کر پگھل جاتا ہے۔
- اگر برقی دور میں برقی رو زیادہ ہو جائے تو فیوز گرم ہو کر پگھلتا ہے۔
- جس کی وجہ سے برقی دور منقطع ہو جاتا ہے اور خود سے برقی رو کا بہاؤ بند ہو جاتا ہے۔
- یہ عمل برقی رو کے زیادہ بہاؤ کی وجہ سے برقی آلات کو جلنے سے محفوظ رکھتا ہے۔
- آج کل فیوز کی جگہ MCB کا استعمال کیا جارہا ہے۔
- ایسے سوئچ ہیں جو برقی دور میں ضرورت سے زیادہ بجلی کے بہاؤ پر خود سے بند ہو جاتے ہیں۔ دوبارہ آن کرنے پر برقی دور مکمل ہو کر برقی رو بہنے لگتی ہے۔
- فیوز کی بہ نسبت MCB کا فائدہ یہ ہے کہ یہ خود سے یا ہماری خواہش کے مطابق Reset ہو سکتا ہے۔
- جب کہ فیوز ایک مرتبہ جل جانے پر اسے تبدیل کرنا پڑتا ہے۔ MCB خریدتے وقت ISI کا نشان ضرور دیکھیں۔
- اکثر ہمارے گھروں اور اسکول میں استعمال کی جانے والی برقی رو متبادل رو کہلاتی ہے۔
- یہ متبادل برقی رو پاور اسٹیشنوں اور ذیلی اسٹیشنوں کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہے۔
- جدید میٹرس میں ڈیجیٹل طرز کا ڈسپلے (Display) پایا جاتا ہے۔
- بلب کی طاقت واٹیج میں کی جاتی ہے۔ اگر واٹیج زیادہ ہو تو بلب کی روشنی بھی زیادہ ہوگی اور زیادہ بجلی صرف ہوگی۔
- ایک کلوواٹ (KW) 1000 واٹس کے مساوی ہوتا ہے۔
- ایک کلوواٹ کا اگر کوئی برقی آلہ ایک گھنٹے تک استعمال ہوتا ہے۔ تو وہ ایک کلوواٹ گھنٹہ (KW-h) یا ایک یونٹ بجلی استعمال کرتا ہے۔
- اگر یہ دو گھنٹوں تک استعمال ہو تو دو یونٹ بجلی استعمال کرتا ہے۔

- مائیکل فیراڈے نے مشاہدہ کیا کہ ایک مقناطیس کو کسی لچھے کے اطراف حرکت دینے سے اس میں برقی رو پیدا ہوتی ہے۔
- اس اُصول کو استعمال کرتے ہوئے 1831ء میں اس نے پہلا برقی جنریٹر یا ڈائنمو ایجاد کیا۔
- اس کے علاوہ اس نے ٹرانسفارمر بھی ایجاد کیا۔

برقی ملمع کاری Electroplating

- ایک دھاتی شئے پر دوسری دھاتی شئے کی تہہ یا ملمع پایا جاتا ہے۔
- برقی ملمع کاری برق پاشیدگی کے ذریعہ ممکن ہے۔
- بہتر تہہ کو جمانے کے لئے مندرجہ ذیل چیزیں ضروری ہے۔

(1) جس شئے پر ملمع کاری کرنا ہے اس کی سطح پر چکنائی نہیں ہونا چاہئے۔

(2) اس کی سطح کھردری ہونا چاہئے تا کہ اس پر جمع ہونے والی دھات مستقل طور پر جم جائے۔

(3) بہتر تہہ جمانے کے لئے برق پاشیدگی کا ارتکاز برقرار رکھیں۔

(4) تمام عمل کے دوران برقی رو کا گذر ہموار ہو۔

ملمع کاری کے استعمالات

- صنعتوں میں بڑے پیمانے پر برقی ملمع کاری کے ذریعہ کم قیمتی دھات پر زیادہ قیمتی دھات کی پرت جمائی جاتی ہے۔ مثلاً لوہے کی اشیاء (جو فضا میں پائی جانے والی رطوبت اور آکسیجن سے جلد زنگ آلود ہو جاتی ہیں) پر جست یا کرومیم سے ملمع کاری کی جاتی ہے۔ جو دھات کو زنگ لگنے سے محفوظ رکھتی ہے۔ اکثر مشینوں کے پرزوں پر کرومیم کی ملمع کاری کی جاتی ہے تا کہ زنگ سے محفوظ رکھنے کے ساتھ ساتھ اس کی چمک میں بھی اضافہ ہے۔
- بعض اوقات خراب مشینی پرزوں کی درستگی کے لئے بھی برقی ملمع کاری کی جاتی ہے۔ اس صورت میں موزوں دھات' گھسے ہوئے پرزوں پر چڑھائی جاتی ہے۔
- برقی ملمع کاری آرائش اور مزین کاری کے لئے بھی کی جاتی ہے۔ مثلاً کوئی تانبہ یا اس کی آمیزش سے بنی ہوئی اشیاء جیسے کھانے کی میز کا سامان (برتن' طشتریاں' چمچے' چھری' کانٹے) اور آرائش کے سامان پر چاندی یا سونے کی تہہ چڑھائی جاتی ہے۔
- جب لوہے پر جست کی ملمع کاری کی جاتی ہے تب یہ زنگ سے محفوظ رہتا ہے اس لئے جست کی ملمع کاری کیا ہوا لوہا پلوں اور آٹو موبائیل کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔

کثیر جوابی سوالات

برقی کے کیمیائی اثرات

1. خشک خانے میں موجود کیمیائی مادے ایک دوسرے سے تعامل کرتے ہیں

(1) میکانکی توانائی (2) حیاتی توانائی (3) برقی توانائی (4) ضیائی کیمیائی توانائی

2. خشک خانے میں منفی سرا ہوتا ہے

(1) کاربن سے بنا بیرونی خول (2) زنک سے بنا بیرونی خول

(3) گرافائیٹ سے بنا بیرونی خول (4) لوہے سے بنا بیرونی خول

3. خشک خانے میں گرافائیٹ کی سلاخ پر ایک کیپ ہوتا ہے جو

(1) بطور منفی سرا کام کرتا ہے (2) مثبت سرا کام کرتا ہے (3) بطور تعدیلی سرا کام کرتا ہے (4) یہ غیر کارکرد ہوتا ہے

4. کاربن کی سلاخ کے اطراف ہوتا ہے

(1) کاربن کا سفوف (2) امونیم کلورائیڈ کا آمیزہ (3) زنک کا سفوف (4) امونیم ہائیڈروآ کسائیڈ کا سفوف

5. کاربن کی سلاخ کے اطراف ہوتا ہے کاربن کا سفوف اور

(1) کاربن کا سفوف (2) امونیم کلورائیڈ کا پیسٹ (3) زنک کا سفوف (4) امونیم ہائیڈروآ کسائیڈ کا سفوف

6. خشک سیل کو کس جانب سے بند کیا جاسکتا ہے۔

(1) نچلی جانب (2) جانبی (3) اوپری جانب (4) دونوں جانب سے

7. خشک خانہ میں برقی صلاحیت کب ختم ہوجاتی ہے۔

(1) کاربن کی سلاخ گل جانے پر (2) خول تحلیل ہوجانے پر

(3) (1) اور (2) دونوں (4) کیمیائی اشیاء ختم ہوجانے پر

8. برقی دور میں داب کنجی (Switch)

(1) صرف بلب اور مثبت سرے کے درمیان لگایا جاسکتا ہے (2) صرف بلب اور منفی سرے کے درمیان لگایا جاسکتا ہے۔

(3) کسی بھی مقام پر لگایا جاسکتا ہے (4) (1) اور (2) دونوں

9. سوئچ آن ہو تو برقی دور

(1) کھلا ہوگا (2) بند ہوگا (3) کہا نہیں جاسکتا (4) (1) اور (2) دونوں

10. بند برقی دور (4)

(1) بیاٹری کے منفی سرے سے مثبت سرے پر مکمل ہوتا ہے (2) بیاٹری کے منفی سرے سے بلب پر مکمل ہوتا ہے

(3) بیاٹری کے مثبت سرے سے سوئچ پر مکمل ہوتا ہے (4) بیاٹری کے مثبت سرے سے منفی سرے تک مکمل ہوتا ہے

11. برقی دور میں برقی رو

(1) کہیں زیادہ کہیں کم بہتی ہے (2) مستقل طور پر بہتی رہتی ہے

(3) نہیں بہتی (4) کہا نہیں جاسکتا ہے

12. سوئچ آف ہو تو برقی دور

(1) بند (2) کھلا (3) برقی رو نہیں بہتی (4) (1) اور (2) دونوں

13. ہم سلسلہ برقی دور میں برقی رو ایک ہی راستے سے گذر سکتی ہے۔ تمام برقی آلے اس راستے میں جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ اگر ان میں کوئی آلہ کو نکال دیا جائے یا کوئی حصہ ناکارہ ہوجائے تو

(1) برقی دور مکمل ہوتا ہے (2) نامکمل ہوتا ہے

(3) برقی دور کا ہم سلسلہ جوڑ سے کوئی تعلق نہیں ہے (4) برقی رو بہتی ہے

14. مدثر نے بالترتیب 15w‘ 40w‘ 60w‘ اور 100w کے چار بلب خریدے۔ ان میں سے وہ بطور نائٹ بلب کسے استعمال کرنا چاہئے

15w(1) 40w(2) 60w (3) 100w(4)

15. وہ آلہ جو کسی برقی دور کو کھولنے اور بند کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

(1) برقی بلب (2) خشک خانہ (3) سوئچ (4) فیوز

16. حسب ذیل میں سے کون سا آلہ روشنی کے مبداء کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

(1) کیسٹ پلیر (2) برقی مکسر (3) رائس کوکر (4) ٹیبل لیمپ

17. برقی دور میں استعمال ہونے والا حفاظتی آلہ

(1) برقی بلب (2) خشک خانہ (3) سوئچ (4) فیوز

18. بلب کے ہم سلسلہ جوڑ میں اگر بلب ناکارہ ہوجاتا ہے تو دیگر بلب کیوں بند ہوجاتے ہیں

(1) برقی دور بند کھلا ہوجاتا ہے (2) برقی دور بند ہوجاتا ہے

(3) برقی دور متوازی ہوجاتا ہے (4) برقی دور میں بلب روشن ہوتا ہے

19. برقی بند حالت میں

(1)

(2)

(3)

(4)

20. ایک طالب علم سادہ برقی دور میں ایک 3v کی بیاٹری جوڑتا ہے بعدازاں اس کے متوازی 1.5v کی مزید بیاٹری جوڑتا ہے تو حاصل ہونے والا وولٹیج

(1) 3v (2) 4.5v (3) 1.5v (4) 2.25v

21. بلب کو متوازی جوڑنے پر روشنی کی مدت میں

(1) اضافہ ہوتا ہے (2) یکساں رہتی ہے/تبدیلی نہیں آتی

(3) کوئی تبدیلی نہیں ہوتا (4) کبھی کمی آتی ہے اور کبھی اضافہ ہوتا ہے.

22. بلب کو ہم سلسلہ جوڑنے پر بلب کی روشنی کی مدت میں

(1) اضافہ ہوتا ہے (2) کمی آتی ہے (3) کوئی تبدیلی نہیں ہوتی (4) کہا نہیں جاسکتا

23. تین خشک خانوں کو لیا گیا اور انہیں ہم متوازی جوڑا گیا۔ ان کو بلب سے جوڑا گیا تو بلب روشن ہوا۔ بعدازاں تین خشک خانوں میں سے ایک خشک خانہ کو نکال دیا گیا تو بلب میں روشنی کی حدت میں

(1) اضافہ ہوگا (2) کمی آئے گی

(3) کوئی فرق نہیں آئے گا بلب پہلے کی طرح روشن ہوگا (4) بلب روشن نہیں ہوگا

24. ہم سلسلہ ترتیب کو کہاں پر استعمال کیا جاتا ہے

(1) شادیوں اور دیگر تقاریب میں روشنیاں کرنے کے لئے (2) گھروں کے برقی آلات کو جوڑنے کے لئے

(3) فیوز کے مقام پر (4) (1) اور (3) دونوں

25. جب برقی خانوں کو ہم سلسلہ ترتیب میں جوڑا جاتا ہے تو بلب زیادہ روشن ہوتا ہے۔ کیوں

(1) وولٹیج میں اضافہ ہوتا ہے (2) وولٹیج میں کمی آتی ہے

(3) برقی خانوں کی انفرادی قوت میں اضافہ ہوتا ہے (4) ان میں سے کوئی نہیں

26. برق بلب میں استعمال ہونے والا فلامنٹ اس شئے کا بنا ہوتا ہے

(1) نائیکروم (2) تانبہ (3) پلاٹینم (4) ٹنگسٹن

27. برقی استری، برقی کوکر اور برقی ہیٹر میں استعمال ہونے والا برقی لچھا یا فلامنٹ اس شئے کا بنا ہوتا ہے۔
(1) نائیکروم (2) ابرک (3) لوہا (4) ٹنگسٹن

28. برقی آلات کو آن کیا جاتا ہے تو ان میں موجود فلامنٹ سرخ اور گرم ہو کر خارج کرتا ہے
(1) پانی (2) توانائی (3) حرارت (4) گیس

29. کسی تار سے خارج ہونے والی حرارت کی مقدار کا انحصار اس تار کے مادے، طول اور موٹائی پر ہوتا ہے۔ یہ بیان
(1) صحیح ہے (2) غلط ہے
(3) مادے اور طول پر ہوتا ہے موٹائی پر نہیں ہوتا (4) موٹائی اور طول پر ہوتا ہے مادے پر نہیں

30. برقی دور میں استعمال ہونے والے تار عام طور پر
(1) گرم ہو جاتے ہیں (2) گرم نہیں ہوتے
(3) حاجز کی وجہ سے گرم نہیں ہوتے (4) کہا نہیں جا سکتا

31. برقی بلب کے فلامنٹ کو زیادہ تپش تک گرم کرنے پر وہ چمکتے ہیں اور خارج کرتے ہیں
(1) روشنی (2) روشنی اور حرارت (3) گیس (4) کہا نہیں جا سکتا

32. جب فلامنٹ تار سے برقی رو گذرتی ہے تو وہ
(1) گرم ہو جاتا ہے (2) سرد ہو جاتا ہے (3) کوئی تبدیلی نہیں آتی (4) حاجز ہو جاتا ہے

33. برق بلب کے بجائے اس بلب کو استعمال کر کے ہم بجلی کو ضائع ہونے سے روک سکتے ہیں
(1) سوڈیم (2) مرکیوری (3) ہیلوجن (4) CFL

34. اگر آپ کے پاس CFL اور LED ہے تو آپ کس کو روشنی کے لئے استعمال کرنا پسند کریں گے
(1) CFL (2) CFLS اور LED (3) صرف CFLS (4) LED

35. فیوز تار کا ایک چھوٹا ٹکڑا ہوتا ہے جو خاص..... سے تیار کیا جاتا ہے
(1) بھرت (2) تانبہ (3) کانسہ (4) پیتل

36. فیوز کے بجائے استعمال کیا جاتا ہے۔
(1) MCB (2) LED (3) CFLS (4) FUSE

37. مائیکل فیراڈے نے ایجاد کیا۔
(1) بلب اور ڈائنمو (2) ٹرانسفارمر اور ڈائنمو (3) بلب اور ٹرانسفارمر (4) بلب اور ڈائنمو

38. صحیح جوڑ کا انتخاب کیجئے۔
(1) خشک خانہ ( ) (a) سرکیوٹ کھولنے اور بند کرنے کے لے استعمال ہوتا ہے۔
(2) سوئچ ( ) (b) برقی دور میں بطور حفاظتی آلہ استعمال ہوتا ہے۔
(3) سرکیوٹ ( ) (c) برقی رو کو گذرنے کے لئے ایک راستہ
(4) MCB ( ) (d) ہاتھ سے Reset کرنے پر دوبارہ سرکیوٹ مکمل ہو جاتا ہے
(5) فیوز ( ) (e) کیمیائی توانائی کو برقی توانائی میں تبدیل کرنے والا آلہ
(1) e‘d‘c‘b‘a (2) a‘d‘c e‘b‘ (3) d‘e‘b‘a‘c (4) b‘d‘c‘a‘e

39. برقی قوت محرکہ کا ذریعہ(emf) ہے۔

(1) سیل (2) بیاٹری (3) جنریٹر (4) یہ تمام

40. کس سیل کے emf کی اس طرح تعریف کی جاسکتی ہے۔

(1) اکائی مثبت برقی بار کا برقی دور میں ایک چکر لگانے کے لئے کیا گیا کام (2) کھلے برقی دور کے سیل کا وولٹیج

(3) ٹرمینل کا وولٹیج جبکہ برقی رو صفر ہو (4) مندرجہ بالا تمام

41. دی گئی شکل میں Cell کے ٹرمینل پر تقافت قوہ V کیا ہوگی۔



(1) E – Ir (2) E+Ir (3) EI (4) $\frac{E}{I}$

42. دی گئی شکل میں Cell کے ٹرمینل پر تقافت قوہ V کیا ہوگی۔



(1) E – Ir (2) E + Ir (3) EI (4) $\frac{E}{I}$

43. Cell جس میں کیمیائی توانائی، برقی توانائی میں تبدیل ہونے پر برقی رو پیدا ہوتی ہے، کہلاتی ہے۔

(1) ابتدائی خانہ (2) ثانوی برقی خانہ (3) ضیائی خانہ (4) برقی سکونی مشین

44. برقی خانہ کی اندرونی مزاحمت کا انحصار _____ پر ہوتا ہے

(1) برقیروں کے سطحی رقبہ (2) برقیروں کے درمیان علیحدگی

(3) برق پاشیدہ کی فطرت، ارتکاز اور تپش (4) مندرجہ بالا تمام

45. مکان میں مختلف برقی آلات اور بلب وغیرہ کو جوڑا جاتا ہے۔

(1) پیچیدہ طریقہ سے (2) ہم سلسلہ طریقہ سے

(3) ہم متوازی طریقہ سے (4) بلب کو ہم سلسلہ اور باقی تمام کو ہم متوازی

46. تین مزاحمتیں جن کی مزاحمت 6Ω ہے ذیل کی شکل کے مطابق جوڑے گئے ہیں۔



تو بتلایئے A اور B کے درمیان موثر مزاحمت کتنی ہوگی

(1) 18Ω (2) 2Ω (3) 9Ω (4) 4Ω

.47



A اور C کے درمیان موثر مزاحمت

8Ω (4) 1Ω (3) 6Ω (2) 2Ω (1)

.48 دی گئی شکل میں معادل مزاحمت کیا ہوگی نقاط A اور B کے درمیان۔



$\frac{3R}{4}$ (4) $\frac{4R}{3}$ (3) $\frac{R}{2}$ (2) 4R (1)

.49 دی گئی شکل میں معادل مزاحمت کیا ہوگی نقاط A اور B کے درمیان۔



4R (4) $\frac{R}{2}$ (3) $\frac{R}{4}$ (2) 2R (1)

.50 نقاط A اور B کے درمیان دی گئی شکل میں معادل یا موثر مزاحمت کیا ہوگی۔



30Ω (4) 15Ω (3) 20Ω (2) 12Ω (1)

حل:



51. ذیل کی شکل میں معادل یا موثر مزاحمت کیا ہوگی دیئے گئے P اور Q نقاط کے درمیان



$\frac{R}{3}$ (4) $\frac{R}{2}$ (3) 2R (2) 3R (1)

حل:



52. عام طور پر سادہ ولٹائک برقی خانہ میں منفی برقیرے اور مثبت برقیرے کے طور پر ترتیب وار انہیں استعمال کیا جاتا ہے۔

(1) Cu اور Zn (2) Mu اور Zn (3) Zu اور Pb (4) Pb اور Cu

53. سادہ ولٹائک برقی خانہ میں تفاوت قوہ اس کی وجہ سے وجود میں آتی ہے۔

(1) برقیرے سے (2) emf کا بیرونی ذریعہ (3) برق پاشیدہ (4) محلول

54. سادہ ولٹائک خانہ جو کہ برقی کا ذریعہ ہے اس میں بلند تفاوت قوہ حاصل کرنا ہو تو کس دھات کا برقیرہ استعمال کرنا چاہئے۔

(2) تانبہ (2) زنک (3) میگنیز (4) سیسہ

55. سادہ ولٹائی خانہ میں Lead پر ہونے والا عمل۔

(1) برقی پاشیدگی کے عمل میں اضافہ کرتا (2) برقی خانہ کی صلاحیت میں اضافہ کرتا

(3) برقی خانہ کی صلاحیت میں گراوٹ لاتا ہے (4) چارج برداروں میں اضافہ کرتا

56. خشک خانہ میں استعمال ہونے ولا امونیم کلورائیڈ۔

(1) برق پاشیدے کی طرح عمل کرتا (2) تماسی عامل ہے (3) انتشار (4) (1) اور (3) دونوں

جوابات KEY

1-3	2-2	3-2	4-1	5-2	6-3	7-3	8-3	9-2	10-4
11-2	12-2	13-1	14-1	15-3	16-4	17-4	18-1	19-2	20-1
21-2	22-2	23-3	24-4	25-1	26-4	27-1	28-3	29-1	30-2
31-2	32-1	33-4	34-4	35-1	36-2	37-3	38-1	39-4	40-4
41-2	42-1	43-1	44-1	45-3	46-2	47-2	48-4	49-2	50-1
51-4	52-1	53-2	54-1	55-3	56-2				

6 (a). ہمارے اطراف واکناف مادہ (Matter around us)

- کچھ مادے ملائم اور کچھ سخت ہوتے ہیں۔
- کچھ چمکدار اور کچھ غیر چمکدار ہوتے ہیں۔
- ان خصوصیات کی بنیاد پر مادوں کو مختلف اشیاء میں استعمال کیا جاتا ہے۔
- ایسی اشیاء جن میں رکھی ہوئی شئے صاف طور پر نظر آتی ہیں شفاف (Transparent) کہلاتی ہیں۔
- ہم کچھ مادوں کے ذریعہ کچھ نہیں دیکھ سکتے جیسے لکڑی، اسٹیل، کارڈ بورڈ وغیرہ۔
- ایسے مادوں کی غیر شفاف (Opaque) کہتے ہیں۔
- وہ مادے جن سے اشیاء (Object) صاف طور پر نہیں بلکہ دھندلی دکھائی دیتی ہیں اُن کو نیم شفاف اشیاء کہتے ہیں۔
- تیل لگا ہوا کاغذ نیم شفاف شئے کی ایک مثال ہے۔
- کھردرے شیشے کھڑکیوں میں لگائے جاتے ہیں تاکہ روشنی آسکے لیکن ان میں سے دکھائی نہ دے۔ یہ نیم شفاف گلاس ہے۔
- کچھ مادے گرم کرنے پر اپنی ٹھوس حالت سے مائع سے حالت میں اور گیسی حالت میں تبدیل ہوجاتے ہیں اور ٹھنڈا کرنے پر یہ دوبارہ ٹھوس حالت میں آجاتے ہیں۔
- مادوں کی حالت اور تپش اُنہیں ٹھوس، مائع اور گیسی حالت میں تبدیل کرتی ہے۔
- آپ ایسے مادے (برف سے بنے ہوئے) کے بارے میں سوچیں جو ٹھوس سے مائع، مائع سے گیس بخارات میں تبدیل ہوتے ہیں۔
- گیسی حالت میں موم بتی کا دھواں بطور بتی (Candle wax) کے کام کرتا ہے۔
- کچھ ایسے مادے ہیں جن کو جس برتن میں ڈالا جائے وہی شکل اختیار کرتے ہیں۔
- اور کچھ اپنی شکل برقرار رکھتے ہیں۔
- وہ مادے جو شکل تبدیل کرتے ہیں مائعات (Liquids) کہلاتے ہیں جیسے پانی، دودھ، تیل، کیروسین وغیرہ۔
- وہ مادے جو شکل تبدیل نہیں کرتے ٹھوس (Solid) کہلاتے ہین جیسے لکڑی، پتھر، اینٹ، پلاسٹک، اشیاء اور ترکاریاں وغیرہ۔
- مائع کو جس برتن میں ڈالا جائے اُسکی شکل اختیار کرتا ہے۔
- کچھ مادے جو ایک شکل کے ہیں پانی میں ڈوب جاتے ہیں اور دوسری شکل کے پانی پر تیرتے ہیں۔
- وہ مادے جو پانی میں ڈوبتے ہیں اُن کو تیرنے کے لائق بنایا جاسکتا ہے۔ لیکن جو تیرتے ہیں اُن کو ڈوبنے کے لائق نہیں بنایا جاسکتا۔
- کچھ مادوں کو پانی کے ساتھ ملایا جائے تو وہ حل پذیر ہوجاتے ہیں ان کو پانی میں ''حل پذیر (Soluble) کہتے ہیں۔
- وہ مادے جن کو پانی کے ساتھ ملانے پر حل نہیں ہوتے اُن کو ''ناحل پذیر'' (Insoluble) کہا جاتا ہے۔
- روزمرہ زندگی میں ہم آمیزوں سے اشیاء علیحدہ کرتے ہیں۔
- اسی طرح پانی سے ناکارہ مادوں اور چائے سے پتی کو علیحدہ کیا جاتا ہے۔
- ایک سے زائد اجزاء کی ملاوٹ سے آمیزہ تیار ہوتا ہے۔
- کچھ آمیزے قدرتی ہوتے ہیں جیسے مٹی کچھ آمیزے انسانوں کے تیار کردہ ہوتے ہیں۔ جیسے لڈّو، لیموکارس وغیرہ۔
- دانے کے مقابل بھوسی ہلکی ہوتی ہے اور یہی خاصیت کو استعمال کر کے کسان دانوں کو علیحدہ کرتا ہے۔
- وہ طریقہ جس میں کیچڑ (Mud) اور ریت کو علیحدہ کریں، اس کو ترسیب (Sedimentaion) کہتے ہیں۔
- تہہ نشینی سے پانی علاحدہ ہوگا اس طریقے کو نتھارنا (Decantation) کہا جاتا ہے۔

- کسان چھلنی کو بڑی اور چھوٹی جسامت کے دانوں کو علیحدہ کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔
- بڑے دانوں کو بطور ربیج استعمال کرتے ہیں جس کو اعلیٰ دام پر فروخت کیا جاتا ہے۔
- تقطیری کاغذ ایک چھلنی کی طرح ہوتا ہے جو کاغذ سے ہی تیار کیا جاتا ہے۔
- اس طرح کی چھلنی کو استعمال کرتے ہوئے ہم باریک ذرات چھان سکتے ہیں۔
- تقطیری کاغذ کے سوراخ اتنے باریک ہوتے ہیں کہ ہم کو سادہ آنکھ سے دکھائی نہیں دیتے۔
- سورج کی روشنی میں عام طور پر پانی بخارات بن ہو جاتا ہے۔اس خاصیت کو سمندری پانی سے نمک بنانے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ سمندری پانی کو چوڑی کیاریوں میں جمع کرتے ہیں اور اس کو ہوا اور سورج کی روشنی میں کھلا رکھا جاتا ہے۔تب پانی بخارات بن کر اُڑ جاتا ہے اور کیاریوں میں نمک جمع ہو جاتا ہے۔
- عمل کشید میں پانی کے بخارات گلاس کی نلی کے ذریعے دوسری مخروطی بوتل میں داخل ہوتے ہیں۔آہستہ آہستہ یہ بخارات پانی میں تبدیل ہوتے ہیں۔مخروطی بوتل کا پانی کشیدہ کہلاتا ہے۔یہ ملاوٹ سے پاک ہوتا ہے۔
- آمیزے کے حصوں کو الگ کرنے کیلئے ہم اُن کے رنگ، شکل، جسامت، وزن اور حل پذیری میں پائے جانے والے فرق کو استعمال کریں گے۔
- وہ طریقہ جس میں کوئی شئے راست ٹھوس سے گیس اور گیس سے ٹھوس میں تبدیل ہو، اُس عمل کو تصعید کہا جاتا ہے۔
- اگر آمیزہ ہلکے اور بھاری اشیاء پر مشتمل ہو تو (Winnowing) کے طریقے سے علیحدگی کی جائے۔
- مائع میں ناحل پذیر اشیاء ہوں تو اُن کو تہہ نشینی اور نتھارنے کے ذریعے علیحدہ کیا جاسکتا ہے۔
- عمل تخیر کے ذریعہ پانی کی لوثین دور کی جاسکتی ہے۔
- **مادہ:** دنیا میں ہر وہ چیز جو جگہ گھیرتی ہے اور کمیت رکھتی ہے مادہ کہلاتی ہے۔
- مادہ نہایت چھوٹے ذرّات سے مل کر بنتا ہے۔مادہ کو نہ تو پیدا کیا جاسکتا ہے نہ ہی فنا کیا جاسکتا ہے۔
- **مادہ کی طبعی صورتیں:** مادہ طبعی طور پر تین حالتوں میں دستیاب ہے:

(1) ٹھوس (2) مائع (3) گیس۔یہ تینوں ایک دوسرے میں تبدیل ہوتے ہیں۔

- ٹھوس مائع گیس
- ٹھوس مائع گیس یہ تینوں اپنی خاص خصوصیت رکھتے ہیں۔جو مندرجہ ذیل ہیں:

سلسلہ نمبر	خصوصیت	ٹھوس	مائع	گیس
1	شکل	متعین	غیر متعین شکل برتن کی شکل اختیار کرنا	غیر متعین شکل
2	حجم	مخصوص حجم	مخصوص حجم	غیر مخصوص حجم
3	نقطہ اماعت و نقطہ جوش	زیادہ	کم	بہت کم
4	ذرّات کے درمیان	زیادہ	کم	بہت کم/ زیادہ
5	ذرّات کے درمیان جگہ	بہت کم	کم	بہت کم
6	ایجاد پذیری	بہت کم	ٹھوس سے زیادہ	بہت زیادہ
7	نفوذ پذیری	بہت کم	ٹھوس سے زیادہ	بہت زیادہ

- **Plasma:** مادہ کی چوتھی شکل پلازمہ ہے۔اور پانچویں شکل(BEC)- Einstein- Condensate Bose ہے۔
- **بخارات بننا(Vaporisation):** مائعات کا حرارت کو جذب کر کے گیس میں تبدیل ہونا Vaporisatin کہلاتا ہے۔
- **نقطہ جوش(Boiling Point):** وہ مستقل تپش جس پر مائع جوش کھا کر گیس حالت میں تبدیل ہوتا ہے۔نقطہ جوش کہلاتا ہے مثلاً پانی کا نقطہ جوش 100°C ہے۔
- **نقطہ اماعت(Melting Point):** وہ مستقل تپش جس پر ٹھوس شئے مائع میں تبدیل ہوتی ہے نقطہ اماعت کہلاتا ہے۔مثلاً برف کا نقطہ اماعت 0°C ہے۔
- **رطوبت(Humidity):** ہوا میں بخارات کی موجودگی رطوبت کہلاتی ہے۔
- **پارگی کی حراری توانائی:** کسی شئے کے ایک کیلوگرام کمیت کی حالت کو مکمل طور پر مائع میں تبدیل کرنے کیلئے مطلوبہ حرارت پارگی کی حراری توانائی کہلاتی ہے۔
- **عمل تصعید (Sublimation):** ٹھوس حالت سے راست طور پر گیسی حالت میں (یا پھر گیسی حالت سے راست طور پر ٹھوس حالت میں) تبدیلی کو عمل تعصید (Sublimation) کہتے ہیں۔
- **چند ناپنے کی مقداریں اور ان کی اکائیاں**

سلسلہ نمبر	مقداریں	اکائیاں	علامت
1	تپش	کیلون Kelvin	K
2	لمبائی	میٹر (Metre)	m
3	کمیت	کیلوگرام(Kilogram)	kg
4	وزن/ قوت	نیوٹن (Newton)	N
5	حجم	مکعب میٹر (cubic meter)	m^3
6	کثافت	کیلوگرام فی مکعب میٹر	kg/m^3
7	دباؤ	پاسکل	Pa

- **ذرّات(Particles) :** مادہ چھوٹے ذرّات سے مل کر بنتا ہے۔
- **تھرمامیٹر:** وہ آلہ جس سے تپش یا حرارت کی پیمائش کی جاتی ہے۔
- **(CNG):** Compressed Natural Gas
- **تکثیف/انجماد(Condensation) :** گیس کا مائع میں تبدیل ہونا تکثیف یا انجماد کہلاتا ہے۔
- **نفوذ پذیری:** گیس کا تمام سمتوں میں پھیلاؤ

یا

مادہ کی مختلف حالتوں کا ایک دوسرے کے مابین اختلاط

- مادے کے ذرات اتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ ہم ان کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔
- مادے کے ذرات کے درمیان جگہ ہوتی ہے۔
- مادہ کے ذرات (گیس اور مائعات میں) مسلسل حرکت کرتے رہتے ہیں۔
- ذرّات کے مابین کشش کی قوت ٹھوس اجسام میں اعظم ترین مائعات میں درمیانی اور گیسوں میں اقل ترین ہوتی ہے۔
- ٹھوس میں ذرات کی ترتیب سب سے زیادہ منظّم جب کہ گیسوں میں ذرات کی ترتیب ہی نہیں ہوتی۔یہ ذرات بے ہنگم حرکت کرتے ہیں۔

- مادے کی حالت تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ تپش اور دباؤ میں تبدیلی کے ذریعے مادے کی حالت کو تبدیل کیا جاسکتا ہے۔
تبخیر ایک سطحی تبدیلی ہے جس سطح میں پر کے ذرات مایع میں موجود دیگر ذرات کی کشش سے آزاد ہوکر ہوا میں اڑ جاتے ہیں۔
حرارت یا ہوا کی رفتار سے ان ذرات کو توانائی حاصل ہوتی ہے جو نچلے ذرات سے ان کی کشش کی توانائی سے زیادہ ہوتی ہے۔
- مایع کا جوش کھانا تمام ذرات کا یکبارگی عمل ہے جس میں ایک ساتھ تمام ذرات بخارات میں تبدیل ہوجاتے ہیں۔
- تپش ،سطح کے رقبہ اور ہوا کی رفتار میں تبدیلی تبخیر کی شرح پر اثر انداز ہوتی ہے۔
- رطوبت دراصل ہوا میں آبی بخارات کی موجودگی کو کہتے ہیں
- کسی آمیزے میں ایک سے زائد اشیا (عنصر اور مرکب) کسی بھی تناسب میں پائی جاتی ہیں۔
- آمیزوں کو موزوں طریقوں سے ان کے اجزا میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔
- ایک محلول دو یا زائد اشیا کا متجانس آمیزہ ہوتا ہے۔محلول کا اصل جز محلل اور ثانوی جز منحل کہلاتا ہے۔محلول کے اکائی حجم یا اکائی کمیت میں منحل کی مقدار کو محلول کا ارتکاز کہتے ہیں۔
- وہ اشیا جو کسی محلل میں نا قابل حل ہوتے ہیں اور وہ ذرات جو سادہ آنکھ سے دکھائی دیتے ہیں، سیال کہلاتے ہیں۔ایک سیال غیر متجانس آمیزہ ہوتا ہے۔
- سیال میں ذرات غیر متجانس آمیزوں کا جز ہوتے ہیں جن میں ان ذرات کی جسامت اتنی چھوٹی ہوتی ہے کہ انھیں سادہ آنکھ سے دیکھا نہیں جاسکتا لیکن یہ ذرات روشنی کو منتشر کردیتے ہیں۔ایسے ذرات صنعتوں کے علاوہ انسانی زندگی میں نہایت کارآمد ہیں۔انہیں کسی سیال کی انتشاری نوعیت سے تعبیر کیا جاتا ہے اور جس واسطے میں وہ موجود ہوتے ہیں، اس واسطے کو انتشاری واسطہ کہتے ہیں۔
- عناصر اور مرکبات کو خالص اشیا کہا جاسکتا ہے۔عنصر مادے کی وہ شکل ہے جسے کیمیائی تعاملات کے ذریعے مزید سادہ اشیا میں تقسیم نہیں کیا جاسکتا۔ایک مرکب ایسی شے ہے جو کیمیائی طور پر خاص تناسب میں دو یا زائد مختلف عناصر سے مل کر بنتا ہے۔
- مرکب کی خصوصیات اس کے عناصر کے اجزا کی خصوصیت سے مختلف ہوتی ہیں جب کہ کسی آمیزے میں اس کے اجزا یعنی عناصر اور مرکبات کی خصوصیات ہی آمیزے کی خصوصیات ہوتی ہیں۔
- کسی کیمیائی تعامل کے دوران محاصلات کی مجموعی کمیت متعاملات کی کمیت کے مساوی ہوتی ہے۔اسے بقائے مادہ کا کلیہ کہا جاتا ہے۔
- ایک کیمیائی شے میں اس کے عناصر بہ لحاظ وزن مستقل تناسب میں پائے جاتے ہیں۔اسے مستقل تناسبوں کا کلیہ کہا جاتا ہے۔
- ایک جوہر کسی عنصر کا وہ سب سے چھوٹا ذرہ ہے جو کیمیائی تعامل میں حصہ لیتا ہے اور اس کی خصوصیات بھی باقی رہتی ہیں۔
- ایک سالمہ کسی عنصر یا مرکب کا وہ سب سے چھوٹا ذرہ ہوتا ہے جو آزادانہ طور پر پایا جاتا ہے اور اس میں شے کی تمام خصوصیات ہوتی ہیں۔
- علامتیں، جوہر کو ظاہر کرتی ہیں۔جبکہ ضابطے، سالموں اور مرکبات کو ظاہر کرتے ہیں۔
- عناصر کے مختلف جوہروں کی کمیتوں کے تقابل کے لیے سائنس داں اضافی جوہری کمیت کی اکائی استعمال کرتے ہیں۔
- دیئے ہوئے عنصر کے ایک جوہر کی تعداد ^{12}c کی کمیت کے $\frac{1}{12}$ ویں حصے سے وزنی ہوتی ہے۔اس کو جوہر کی کمیت کہتے ہیں۔
- کسی شے کے ایک سلم میں موجود ذرات کی تعداد ایوگاڈرو کا مستقل (NA) کہلاتی ہے۔یہ مستقل 6.022×10^{23} ہے۔
- کسی شے کے ایک سلم کی کمیت کو سلمی کمیت کہتے ہیں۔

عنصر	سوڈیم	چاندی	ٹنگسٹن	پوٹاشیم	کاپر	گولڈ	آئرن	لیڈ	مرکیوری
دوسرا نام	نائٹریم	ارجنٹم	اولفران	کیالیم	کیوپرم	آئرم	فیرم	پلم بم	ہائیڈرارجنیم
	Natrium	Argentum	Wolfram	Kalium	Cuprum	Aurum	Ferrum	Plumbum	Hydrargynium

❖ **خالص اشیاء(Pure substance)**:ایسی اشیاء جوصرف ایک جیسے ذرّات سے مل کر بنتی ہیں۔یہ ذرّات جوہر یا سالمات ہوسکتے ہیں۔

❖ **آمیزہ(Mixture)** :دویادو سے زائداجزاء کا مجموعہ آمیزہ کہلاتا ہے۔اس میں اجزاء کا کوئی مستقل تناسب نہیں ہوتا۔

❖ آمیزوں کی قسمیں دو ہیں: (1) متجانس(Homogenous) (2) غیر متجانس(Heterogenous)

❖ **متجانس آمیزہ (Homogenous mixture)**: ایسا آمیزہ جس کے اجزاء آمیزے میں یکساں طور پر شامل رہتے ہیں۔متجانس آمیزہ کہا جاتا ہے۔

❖ **محلول(Solutions)**:دویازائداشیاء کا متجانس آمیزہ محلول کہلاتا ہے۔جس کے اجزاء کو عمل تقطیر سے علیحدہ کیا جاسکتا ہے۔محلول ٹھوس مائع گیس کی حالت میں ہوسکتا ہے۔

❖ **منحل(Solute)**:کسی محلول کے اندر جو جز کم مقدار میں ہوتا ہے اسے منحل کہتے ہیں۔یہ محلول کا ثانوی جز کہلاتا ہے۔

❖ **محلل(Solvent)**:کسی محلول کے اندر جو جز زیادہ مقدار میں ہوتا ہے اسے محلل کہتے ہیں یہ محلول کا اصل جز کہلاتا ہے۔

❖ **محلول کا ارتکاز(Concentration of Solution)** :محلول کے اکائی حجم کا اکائی کمیت میں منحل کی مقدار کو محلول کا ارتکاز کہتے ہیں۔

❖ **مستحلب (Emulsions)** :مستحلب ایک دوسرے میں ناحل پذیر مائع پر مبنی آمیزہ ہے۔
انہیں حالت سکون میں رکھ چھوڑتے ہیں تو یہ ایک دوسرے کے درمیان ایک پرت کے ذریعہ علیحدہ علیحدہ ہوجاتے ہیں۔کثیف مائع پیندے میں ہوتا ہے اس کے اوپر لطیف مائع ہوتا ہے۔

❖ **ٹینڈال اثر(Tyndall effect)**:غروانی(Colloids) ذرّات کا روشنی کی شعاع کو منتشر کرنا(Tyndal effect) کہلاتا ہے۔

❖ **تبخیر(Evaporation)**:کسی مائع کا گیسی حالت میں تبدیل ہونا تبخیر کہلاتا ہے۔یا ایسی تکنیک جو آمیزوں کے اجزاء کو علیحدہ کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔مثلاً: پانی سے نمک علیحدہ کرنا۔

❖ **مرکز گریز مشین(Centrifuge)** : مرکز گریز مشین ایک ایسی سادہ مشین ہے جسے آمیزوں کو علیحدہ کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً : دودھ سے ملائی کو حاصل کرنا۔

❖ **قابل حل مائعات (Miscible liquids)**:ایسے مائعات جو دیگر مائعات میں مکمل طور پر حل ہوجاتے ہیں قابل حل مائعات کہلاتے ہیں۔

❖ **ناقابل حل مائعات(Immiscible liquids)**:ایسے مائعات جو دیگر مائعات میں حل نہیں ہوتے بلکہ ایک دوسرے کے درمیان پرت بناتے ہیں جنہیں آسانی سے علیحدہ کیا جاسکتا ہے ناقابل حل مائعات کہلاتے ہیں۔

❖ **لون نگاری(Chromatography)** : لون نگاری آمیزوں کے اجزاء کو علیحدہ کرنے کی تجربہ گاہی تکنیک کا نام ہے۔جو رنگ اور حل پذیری کی شرح کو بنیاد بنا کر انجام دی جاتی ہے۔

❖ **کشید(Distillation)** : ایک دوسرے میں قابل حل مایعات کو علیحدہ کرنے کا طریقہ جن کے نقطہ جوش میں 25°C سے زیادہ فرق ہو جنھیں بخارات بنا کر دوبارہ ٹھنڈا کرتے ہوئے حاصل کرلیا جاتا ہے۔سادہ کشید کہلاتا ہے۔

❖ **کسری کشید(Fractional Distillations)**:دویادو سے زائد ایک دوسرے میں قابل حل مائعات کو علیحدہ کرنے کا طریقہ جن کے نقطہ جوش کا فرق 25°C سے بھی کم ہو جن میں صراحی اور Condensor کے درمیان کسری کشید کا لم ہوتا ہے۔کسری کشید کہلاتا ہے۔

❖ **عنصر(Element)** :عنصر مادے کی وہ شکل ہے جسے کیمیائی تعاملات کے ذریعہ مزید سادہ اشیاء میں تقسیم نہیں کیا جاسکتا ہے۔

❖ **مرکب(Compound)**:مرکب ایسی شئے ہے جو کیمیائی طور پر خاص تناسب میں دویادو سے زائد مختلف عناصر سے مل کر بنتا ہے۔

❖ **مستعلق (Suspensions)** :محلل میں ناحل پذیر ذرّات جو معلق حالت میں جھولتے ہوئے موجود ہوتے ہیں جنھیں سادہ آنکھ سے دیکھا جاسکتا ہے۔وہ مستعلق (Suspensions) کہلاتے ہیں۔مستعلق میں آمیزوں کو حالت سکون میں رکھنے پر ان میں موجود معلق ذرّات حجمی برتن کے پیندے میں تہہ نشین ہوجاتے ہیں۔مستعلق (Suspensions) پر مبنی سیال آمیزے غیر متجانس ہوتے ہیں۔

کثیر جوابی سوالات

(1) دودھ سے دہی کو علیحدہ کرنے طریقہ کیا جاسکتا ہے؟

(a) مرکز گریز (b) کسری کشید (c) کشید (d) لون نگاری

(2) ان میں خالص شئے ہے۔

(a) سوڈیم کلورائیڈ (b) کاپر سلفیت (c) سونا (d) ہوا

(3) شکر اور پانی کا آمیزہ

(a) مستعلق (Suspension) (b) غروانی (Colloid) (c) متجانس آمیزہ (d) غیر متجانس آمیزہ

(4) Tincture Iodine کے محلول میں الکوحل ہے۔

(a) محلول (b) محلل (c) منحل (d) موجود نہیں ہوتا

(5) محلول کے اجزاء۔

(a) منحل (b) محلل (c) a اور b دونو (d) کوئی جز نہیں

(6) ٹنڈال اثر کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

(a) Colloids (b) Suspensions (c) Emulsions (d) Solutions

(7) اگر منحل کی مقدار محلول میں سیر شدگی کی سطح سے کم ہو تو جب محلول کو کہتے ہیں۔

(a) سیر شدہ محلول (b) غیر سیر شدہ محلول (c) پر سیر شدہ محلول (d) غیر متجانس محلول

(8) حل پذیری پر اثر انداز ہونے والے عوامل۔

(a) محلل کا درجہ حرارت (b) منحل کے ذرّات کی جسامت (c) اجزاء کو ہلانا (d) مندرجہ بالا تمام

(9) محلل میں منحل کی حل پذیری کی پیائش۔

(a) حل پذیری (b) ہلکایا (c) ارتکاز (d) سیر شدگی

(10) حسب ذیل میں کونسا مستحلب (Emulsion) ہے۔

(a) نمک کا محلول (b) تیل اور پانی کا آمیزہ (c) نیل پالش (d) چیز

(11) حسب ذیل میں مستعلق (Suspension) کونسا ہے۔

(a) نمک کا محلول (b) تیل اور پانی کا آمیزہ (c) نیل پالش (d) چیز (Cheese)

(12) حسب ذیل میں غروانی انتشار (Colloidal Dispersion) کونسا ہے؟

(a) نمک کا محلول (b) تیل اور پانی کا آمیزہ (c) نیل پالش (d) چیز

(13) آئس کریم

(a) مستعلق (Suspension) (b) غزوانی (Colloid) (c) مستحلب (d) محلول

(14) پانی اور کافور (Camphor) کو علیحدہ کرنے کی تکنیک۔

(a) کشید (b) کسری کشید (c) تصعید (d) چٹا

(15) قابل حل مائع کی مثال۔

(a) پانی میں ریتی (b) پانی میں الکوحل (c) تیل میں پانی (d) ان میں سے کوئی نہیں

(16) نا قابل حل مائع کو علیحدہ کر سکتے ہیں۔

(a) Separating funnel (b) مرکز گریز (c) کسری کشیدی کالم (d) تقطیر

(17) قابل حل مائعات جن کے نقطہ جوش کے درمیان 25°C کا فرق کو ذیل کے طریقے سے علیحدہ کر سکتے ہیں۔

(a) کشید (b) کسری کشید (c) تبخیر (d) علیحدگی فنل (Separating funnel)

(18) ہوا میں موجود ان اجزاء میں سے کس کا نقطہ جوش زیادہ ہے۔

(a) نائٹروجن (b) آرگان (c) میتھین (d) آکسیجن

(19) مرکب کی مثال

(a) پارہ (b) کاپر سلفیٹ (c) المونیم (d) بوران

(20) عنصر (Element) کی تعریف سب سے پہلے اس نے کی۔

(a) Lavoisier (b) Hening Brand

(c) Sir Humphry Davy (d) Robert Boyle

جوابات

1-a	2-c	3-c	4-b	5-c	6-d	7-b	8-d	9-a	10-b
11-c	12-d	13-b	14-c	15-d	16-a	17-c	18-b	19-b	20-a

مشقی سوالات

(1) سولار کوکر میں یہ آئینے استعمال کئے جاتے ہیں۔

(a) محدب عدسہ (b) محدب آئینہ (c) مقعر عدسہ (d) مقعر آئینہ

(2) پانی اس تپش پر جوش کھاتا ہے۔

(a) 100K (b) Ok (c) 373k (d) 273k

(3) وہ عنصر جس کی الکٹرانی تشکیل $1S^2 2S^2 2P^6$ ہے اس گروپ سے تعلق رکھتا ہے۔

(a) IA (b) IIA (c) VIIIA (d) VIA

(4) جدید دوری جدول کی اس بنیاد پر درجہ بندی کی گئی۔

(a) جوہری جسامت (b) کثافت (c) جوہری عدد (d) جوہری کمیت

(5) 

متصلہ شکل میں انعکاسی زاویہ یہ ہے۔

(a) 30° (b) 60° (c) 90° (d) 150°

(6) 

نقطہ P پر حاصل برقی رو----- ہے۔

10A (a) 0A (b) 4A (c) 3A (d)

(7) چیونٹی کا نٹنے کے دوران اس ترشے کا اخراج کرتی ہے۔

(a) فارمک ایسڈ (b) مالک ایسڈ (c) سٹریک ایسڈ (d) ٹارٹا یک ایسڈ

(8) ذیل میں یہ آلہ برقی توانائی کو میکانکی توانائی میں تبدیل کرتا؟

(a) برقی موٹر (b) ڈائنمو (c) ایم پیا (d) ولٹامیٹر

(9) ذیل کی یہ جوڑی ہم وصف سلسلہ ہے۔

(a) CH_4, C_2H_6 (b) C_2H_4OH, C_3H_2Cl

(c) $C_4H_{10}C_{11}H_9OH$ (d) CH_3, CH_3COOH

(10) ایک عدسہ دو مختلف اشیاء سے بنایا گیا ہے اوپری حصہ Quartz گلاس اور نچلا حصہ Flint گلاس تب اس عدسہ سے بننے والے خیالوں کی تعداد ہوگی۔

1 (a) 2 (b) 3 (c) 4 (d)

(11) ہوا میں آبی بخارات کی موجودگی کہلاتی ہے۔

(a) تکثیف (b) رطوبت (c) نقطہ جوش (d) پگھلنا

(12) ایک نیوٹن_____

$10kg1ms^{-2}$ (a) $1kg.kms^{-2}$ (b) $1kgX1ms^{-2}$ (c) $1gms^{-2}$ (d)

(13) آکسیجن کی گرفت ہے۔

1 (a) 4 (b) 2 (c) 3 (d)

(14) ایک جسم کا وزن جسکی کمیت 10 کیلوگرام ہے۔

0.98N (a) 9.8N (b) 98N (c) 980N (d)

(15) پٹاشیم پرمیگنیٹ محلول کا رنگ ہوتا ہے۔

(a) کالا (b) جامنی (c) پیلا (d) ہرا

(16) پانی کی تحلیل کے تجربہ میں وہ H_2 اور O_2 گیسوں میں تحلیل ہوجاتے ہیں جن کی کمیتوں کی نسبت یہ ہے۔

1:2 (a) 2:1 (b) 3:2 (c) 1:1 (d)

(17) 

متصلہ شکل سے یہ معلومات ہوتے ہیں۔

چال (a) اسراع (b) کمیت (c) رفتار (d)

(18) ہائیڈروجن کی گرفت 1 ہے SO_4 کی گرفت 2 ہے تب ذیل میں ایک صحیح ہے۔

(a) HSO_3 (b) H_2SO_4 (c) $H_2(SO_4)_2$ (d) $H_2(SO_4)_4$

(19) SONAR اس کے لیئے استعمال ہوتا ہے۔

(a) سمندر کی گہرائی معلوم کرنے کے لئے (b) دھاتوں میں سوراخ کرنے کے لئے

(c) شئے کی کمیت معلوم کرنے کے لئے (d) وقت کی پیمائش کے لئے

(20) روی ایک دن تپش 36°C ریکارڈ کرتا ہے تب یہ تپش مساوی ہوگی۔

(a) 273K (b) 300K (c) 309k (d) 238k

(21) میدانی قوت یہ ہے۔

(a) قوت (b) مائل مستوی پر پھسلنا (c) کنویں سے پانی نکالنا (d) مقناطیسی قوت

(22) مائل مستوی سطح سے پھسلنے کی وجہ یہ ہے۔

(a) رگڑ کی کمی (b) رگڑ کی زیادتی (c) غیر ہموار سطح (d) مستوی سطح پر رگڑ میں اضافہ

(23) ذیل میں یہ حیاتیاتی غیر تحلیلی شئے ہے۔

(a) کاغذ (b) روئی (c) پلاسٹک (d) گائے کا گوبر

(24) آواز اس میں سفر نہیں کرتی ہے۔

(a) ٹھوس (b) مائعات (c) گیس (d) خلاء

(25) ذیل میں یہ حاجز ہے۔

(a) سونا (b) تانبہ (c) المونیم (d) ربر

(26) سورج اور اس کے اطراف گھومنے والے اجرام فلکی اس شکل میں گردش کرتے ہیں۔

(a) دودھیہ کہکشاں (b) کہکشاں (c) نظام شمسی (d) قطب تارا

(27) اگر شیشے کی سلاخ کو ریشم کے کپڑے سے رگڑا جاتا ہے۔

(a) شیشے کی سلاخ اور ریشم کا کپڑا دونوں مثبت بن جاتے ہیں

(b) شیشے کی سلاخ مثبت برقی بار حاصل کرتا ہے اور ریشم کا کپڑا منفی برقی بار حاصل کرتا ہے

(c) شیشے کی سلاخ اور ریشم کا کپڑا منفی برقی بار حاصل کرتا ہے

(d) شیشے کی سلاخ منفی برقی بار حاصل کرتی ہے اور ریشم کا کپڑا مثبت برقی بار حاصل کرتا ہے

(28) ربر کی لچک ہے۔

(a) مستقل تبدیلی (b) عارضی تبدیلی (c) حالت میں تبدیلی (d) کیمیائی تبدیلی

(29) زیورات میں دھات استعمال کی جاتی ہے۔

(a) سونا (b) لوہا (c) زنک (d) المونیم

(30) کالا سونا اس کو کہا جاتا ہے۔

(a) جلا ہوا سونا (b) سونا جو سیاہ رنگ میں ہو (c) کوئلہ (d) Dirt Slurry

(31) یہ جنگلات کی پیداوار نہیں ہے۔

(a) صابن (b) دیاسلائی کی تیلی (c) پلائیووڈ (d) کیروسین

(32) ہوا کی رفتار اس سے معلوم کی جاتی ہے۔

(a) بادپیما (b) Sphero meter (c) Speedo meter (d) بارپیما

(33) کپاس کی کھیتی اس میں ہوتی ہے۔

(a) کالی مٹی (b) لال مٹی (c) ریتیلی مٹی (d) ان میں سے کوئی نہیں

(34) سبز پودے ہیں

(a) خودتغذئی (b) غیرتغذئی (c) Parasit (d) Saprophytes

(35) آپ کی بستی میں موسم سے آپ کیا مراد لیتے ہیں۔

(a) رطوبت (b) تپش (c) سورج کا طلوع ہونا اور غروب ہونا (d) تمام

(36) اگر ایک بلب جل جاتا ہے جبکہ دوسرا منور رہتا ہے اسکے بارے میں آپ کیا سوچتے ہیں؟

(a) برقی بلب سلسلہ وار جوڑے گئے (b) بلب متوازی جوڑے گئے

(c) برقی بلب کو سلسلہ وار اور متوازی جوڑے گئے (d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(37) ایک محدب عدسہ کا ماسکی طول 10 سمر ہے۔ تجربہ کے دوران طالب علم شئے کو 20 سمر فاصلہ پر رکھنے پر خیال کا فاصلہ ہوگا۔

(a) 15 سمر (b) 20 سمر (c) 25 سمر (d) 5 سمر

(38) ترشے کی جانچ کے لئے اگر طالب علم کو نیلا لتمس اور میتھائیل آرینج مظہر دستیاب نہ ہو تو اس کا متبادل ہوگا۔

(a) گڈیل کا پھول (b) املی کا رس (c) لیموکا رس (d) نارنجی کا رس

(39) طالب علم عدسہ کے ذریعہ کتاب کے حروف کا مشاہدہ کرتا ہے تب حروف چھوٹے نظر آتے ہیں یہ کونسا عدسہ ہے۔

(a) مستوی سادہ آئینہ (b) مستوی محدب آئینہ (c) مقعر الطرفین عدسہ (d) محدب الطرفین عدسہ

(40) طالب علم کو یہ معلوم ہے کہ 3s آربیٹل کے لیے l کی قیمت 0 ہوتی ہے۔ تب 6s آربیٹل کے لیے l کی قیمت

(a) 3 (b) 1 (c) 0 (d) 6

(41) زاویہ فاصل پر انحرافی زاویہ کی قدر کیا ہوتی ہے۔

(a) 30° (b) 90° (c) 45° (d) 0°

(42) حسبِ ذیل میں اقل ترین طول موج والا نور ہے

(a) نیلا (b) نیلگوں (c) سرخ (d) سبز

(43) مینڈلیف کے دوری جدول کے eka-silicon کا موجودہ نام۔

(a) گیلیم (b) المونیم (c) جرمینم (d) اسکنڈیم

(44) حسبِ ذیل کے کونسے طریقے میں دھات کو اکسجن یا ہوا کی غیر موجودگی میں گرم کیا جاتا ہے۔

(a) Calcination (b) بھوننا Roasting (c) Smelting (d) تھرمائیٹ

(45) گرافائیٹ میں کاربن کا مخلوط کونسا ہوتا ہے۔

(a) Sp (b) Sp^2 (c) Sp^3 (d) Sp^3d

(46) 4°C پانی کو 0°C برف میں تبدیل کرنے پر پانی کے سالمات۔

(a) سکڑتے ہیں (b) پھیلتے ہیں (c) Aاور B (d) کوئی تبدیلی نہیں ہوتی

(47) اسراع بوجہ جاذبہ زمین ہمیشہ یہ سمت میں عمل کرتی ہے۔

(a) انتصاباً اوپر (b) اُفقی (c) انتصاباً نیچے (d) حرکت کی مخالف سمت

(48) قوت اچھال مساوی ہوتی ہے.....کہ

(a) پانی میں اوپری قوت (b) شئے کے وزن میں نقصان (c) شئے کے ذریعہ ہٹائے گئے پانی (d) شئے کا حقیقی وزن

(49) آکسیجن کی گرفت ہوتی ہے۔

(a) 4 (b) 3 (c) 2 (d) 1

(50) اگر کسی جسم کی چال نصف ہوجاتی ہے تب اس کی توانائی بالحرکت میں.....تبدیلی ہوتی ہے۔

(a) 4 گنا کم (b) 3 گنا کم (c) نصف (d) کوئی تبدیلی نہیں

(51) SONAR میں استعمال ہونے والی آواز۔

(a) 20Hz سے کم تعدد (b) 20Hz تا 200Hz تعدد

(c) 20000Hz سے زائد تعدد (d) 200Hz تا 20000Hz تعدد

(52) LPG استوانے میں گیس مائع حالت میں پائی جاتی ہے۔حالت میں تبدیلی کی بناء پر وجہ قیاس کیجئے۔

(a) استوانے کے اندر بلند دباؤ (b) استوانے کے اندر کم دباؤ

(c) استوانے کے اندر اور باہر مساوی دباؤ کی وجہ سے (d) استوانے کے اندر بلند تپش کی وجہ سے

(53) عمل کشید میں منجمد حباب نہ ہوتو کیا ہوگا۔

(a) اسیٹون کو مائع حالت میں جمع (b) پانی کو مائع حالت میں جمع

(c) اسیٹوں کو مائع حالت میں جمع نہیں (d) Aاور C

(54) ناقابل حل مائعات کی علیحدگی کے تجربہ میں یہ آلہ استعمال ہوتا ہے۔

(a) علیحدہ کرنے والی قیف (b) پیمائشی استوانہ

(c) گول پیندے والی صراحی (d) منقارہ

(55) دبائے ہوئے اسپرنگ پر عمل کرنے والی قوت کو ہٹانے پر اسپرنگ اُچھل جاتا ہے۔

(a) توانائی بالحرکت، توانائی بالقوہ میں تبدیل ہوتی ہے (b) توانائی بالقوہ میکانکی توانائی میں تبدیل ہوتی ہے

(c) توانائی بالقوہ، حراری توانائی میں تبدیل ہوتی ہے (d) توانائی بالقوہ، توانائی بالحرکت میں تبدیل ہوتی ہے

(56) حسب ذیل میں کونسی رگڑ کی قوت زیادہ ہوتی ہے۔

(a) سکونی (b) متحرک (c) گردشی (d) پھسلنے کی

(57) دیاسلائی کی تیاری میں یہ استعمال نہیں ہوتا۔

(a) اینٹمنی ٹرائی سلفائیڈ (b) پوٹاشیم کلوریٹ (c) سفید فاسفورس (d) سوڈیم

(58) حسب ذیل میں یہ ایک مائع موصل ہے۔

(a) شکر کا محلول (b) بنزین (c) ایسٹک ترشہ (d) کشید پانی

(59) بجلی کی چمک کی وجہ۔

(a) بادلوں کے درمیان برقی بار کا تبادلہ (b) بادلوں کا برسنا

(c) بادلوں کا ٹکراؤ (d) سورج کا رتھ پھسنے کی وجہ

(60) یہ سیارہ نہیں۔

(a) پلوٹو (b) زہرہ (c) زمین (d) مریخ

(61) یہ HDPE کی علامت ہے۔

(a)

(b)

(c)

(d)

(62) عمل تبخیر کی شرح _____ پر غیر منحصر ہے۔

(a) مائع کی سطحی رقبہ (b) تپش (c) مائع کی خاصیت (d) استوانہ

(63) مقعر آئینہ کا منحنی سطح کا نصف قطر 20 سمر ہے اگر کسی شئے کو محور اصلی پر 12 سمر کی دوری سے اصلی ماسک پر رکھیں تو خیال کہاں واقع ہوگا۔

(a) 'C' پر (b) F پر (c) Cاور F کے درمیان (d) Pاور E کے درمیان

(64) ان بجھے چونے میں پانی ملائے جانے پر۔ یہ تعامل ہوتا ہے۔

(a) کیمیائی تحلیل (b) کیمیائی تعامل (c) بردں حراری (d) دروں حراری

(65) ایک پتلے مقعر آئینے کا ماسک (Focus) 10 سمر ہے اسکا منحنی سطحی کا نصف قطر _____ ہوگا۔

(a) 20 سمر (b) 5 سمر (c) 10 سمر (d) 40 سمر

(66) ایک گرام برف کو پانی میں تبدیل کرنے کیلئے 80 حراری تپش درکار ہوتی ہے۔ تب 10g برف کو پگھلانے کے لئے کتنی حرارت کی مقدار درکار ہوگی۔

(a) 80 حرارے (b) 8 حرارے (c) 800 حرارے (d) 8000 حرارے

(67) کونسے کیمیائی جوڑے سے عام نمک حاصل ہوتا ہے۔

(a) نائٹروجن، کلورین (b) جست، ہائیڈروکلورک ترشہ

(c) سوڈیم سلفیٹ، بیریم کلورائیڈ (d) نائٹرک ترشہ، سوڈیم کاربونیٹ

(68) بدہضمی کے دوران مندرجہ ذیل میں سے _____ کو نہیں استعمال کرنا چاہئے

(a) Milk of Magnesia (b) ENO

(c) Baking Soda (d) لیمو کا پانی

(69) ٹریفک سگنل میں سرخ روشنی کو گاڑیوں کے روکنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ۔

(a) سرخ رنگ خطرناک ہوتا ہے (b) طول موج زیادہ سرخ رنگ کا ہے

(c) سرخ رنگ کا طول موج بہت کم ہوتا ہے (d) سرخ رنگ کا تعدد بہت زیادہ ہوتا ہے

(70) $2pb(NO_3)_2 \rightarrow 2pbO+4NO_2+O_2$ تعامل کی مثال ہے۔

(a) اتحاد (b) تحلیل (c) عمل بٹاؤ (d) دوہرا عمل بٹاؤ

(71) آواز کی وہ خصوصیت جس کا احساس آواز کی موجوں کے ذریعہ کانوں کے راستہ سے دماغ تک پہنچتا ہے۔
(a) آواز (b) بلندی (c) امتداد (Pitch) (d) کوالٹی

(72) ایک اسٹیتھیسکوپ میں دل کی دھڑکن سے پیدا ہونے والی آواز اسٹیتھیسکوپ ٹیوب سے گذرتی ہے۔
(a) ٹیوب کے ساتھ خم کھا کر (b) خط مستقیم میں (c) کثیر انعکاسی تبدیلیوں کے ذریعہ (d) یہ تمام

(73) گیند کی توانائی بالفعل کیا ہوگی جب کہ گیند کی رفتار دوگنی ہو۔
(a) مستقل (b) دوگنی (c) نصف (d) چارگنا

(74) Hertz کی اکائی ہے۔
(a) سکنڈ (b) منٹ (c) گھنٹہ (d) ملی سکنڈ

(75) جب ہم T.V کی آواز بڑھاتے ہیں، تو آواز کی وہ خصوصیت جو تبدیل ہوتی ہے۔
(a) بلندی (b) تعدد (c) طول موج (d) رفتار

(76) ذیل میں سوڈیم کی کونسی الکٹرانی تشکیل درست ہے۔
(a) 2,1,8 (b) 2,8,1 (c) 8,2,1 (d) 2,8

(77) m خول میں پائے جانے والے زیادہ سے زیادہ الکٹرانون کی تعداد
(a) 2 (b) 8 (c) 18 (d) 32

(78) ذیل میں یہ جوہر کا ذیلی ذرہ نہیں ہے۔
(a) فوٹان (b) الکٹران (c) نیوٹران (d) پروٹان

(79) مادہ کی فطرت پر بنیادی نظریہ..... نے پیش کیا۔
(a) تھامس (b) روتھرفورڈ (c) نیل بوہر (d) جان ڈالٹن

(80) ذیل میں کون سا سہ جوہری سالمہ ہے۔
(a) ہائیڈروجن (b) اوزون (c) آکسیجن (d) نائٹروجن

(81) Li،Na،K ڈابریز ثلیت ہے۔
Liاور K کا اوزان جوہر ترتیب وار 7 اور 39 ہے۔ تب Na کا جوہری وزن
(a) 11 (b) 22 (c) 23 (d) 46

(82) ذیل میں وہ کونسی دھات ہے جو ترشے اور اساس سے تعامل کر کے ہائیڈروجن گیس خارج کرتی ہے۔
(a) Na (b) Cu (c) Zn (d) Fe

(83) جب آپ سورج طلوع ہونے کے وقت کھڑے ہوتے ہیں اور اطراف کے ماحول کا مشاہدہ کر رہے ہیں تب درج ذیل میں یہ صحیح ہے۔
(a) آئرس پتلی کو پھیلاتا ہے (b) آئرس پتلی سے تعلق رکھتا ہے
(c) پتلی میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی (d) دونوں Aاور B

(84) گھر کے تاروں کو جیسے Fan، بلب، ٹی وی وغیرہ کو _____ برقی دور سے جوڑا جاتا ہے۔
(a) متوازی (b) عمودی (c) سلسلہ (d) دونوں Aاور B

(85) ایک طالب علم اپنے تجربے میں _____ عدسے کو استعمال کیا جو ہمیشہ حقیقی خیال دیتا ہے۔
(a) محدب الطرفین (b) مقعر الطرفین (c) متوی مقعر (d) مقعر آئینہ

(86) جھاگ تیرواطریقہ_____ کچدھات کی تخلیص میں استعمال کیا جاتا ہے۔

(a) سلفائیڈ (b) آکسائیڈ (c) کاربونیٹ (d) نائٹریٹ

(87) فرش پر پڑے ہوئے پانی کو کپڑے سے پونچھنے کے لئے استعمال ہونے والی قوت؟

(a) عضلاتی طاقت (b) علاقائی طاقت (c) تصادم کی طاقت (d) تجاذبی طاقت

(88) درج ذیل میں نہ جلنے والی شئے ہے۔

(a) کاغذ (b) لکڑی (c) پتھر (d) ربر

(89) KMNO4 کو گرم کرنے پر خارج ہونے والی گیس کو کاربن کے ساتھ ملانے پر خارج ہونے والی گیس۔

(a) کاربن ڈائی آکسائیڈ (b) کاربن مانو آکسائیڈ (c) نائٹروجن (d) آکسیجن

(90) درجِ ذیل میں کونسا جملہ صحیح ہے۔

(a) شعلہ کی حرارت تمام اشیاء کے لئے یکساں ہوتی ہے (b) شعلہ کی حرارت کم مقدار میں موجود اشیاء کو جلد جلاتی ہے

(c) پکوان گیس کے شعلہ کی حرارت زیادہ ہوتی ہے (d) موسم گرما میں اشیاء کے شعلہ کی حرارت زیادہ ہوتی ہے

(91) درجِ ذیل میں پٹرولیم کی پیداوار نہیں ہے؟

(a) گیسولین (b) کیروسین (c) ویاسلین (d) کلوروفارم

(92) مچھروں کے اڑنے کے وقت ان کے پروں سے نکلنے والی آواز کو ہم سُن سکتے ہیں اس کی وجہ۔

(a) پروں کی آواز کے سمعی حدود 20 سے زیادہ ہونے پر (b) 20 سے کم ہونے پر

(c) 2 ہزار سے زیادہ ہونے پر (d) ان میں سے کوئی نہیں

(93) مرتعش تار یہ کام انجام دیتے ہیں۔

(a) آواز پیدا کرنا (b) آواز کی اشاعت کرنا (c) آواز سُن کر دماغ کو پہنچانا (d) آواز کی حدت کو کم کرنا

(94) درجِ ذیل میں سے اس کو کیروسین میں رکھتے ہیں۔

(a) سلفر (b) سوڈیم (c) میگنیشیم (d) المونیم

(95) زاہد X شئے سے ہتھوڑی سے پیس کر پتلی پرت بناتا ہے۔X کی یہ خاصیت۔

(a) ملائمت (b) لچکیلی (c) موصل برق (d) برق پاشیدگی

(96) پالی وینائیل کلورائیڈ اس میں سے ایک ہے۔

(a) تھرموسٹینگ پلاسٹک (b) تھرموپلاسٹک (c) سیال ایندھن (d) مصنوعی دھاگہ

(97) سوت کی طرح سہولت بخش اور پالسٹر کی طرح مضبوط ملبوسات تیار کرنے کے لئے اُنھیں___ کیا جاتا ہے۔( )

(a) Texture (b) Blending (c) Syrup (d) Spinning

(98) Drag Force کو کم کرنے کے لئے ہوائی جہاز کی تیاری میں اس کا خیال رکھنا ہوگا۔( )

(a) سیٹوں کی تعداد میں کمی (b) پرندہ کی شکل میں تیار کرنا

(c) ایندھن کی صلاحیت بڑھانا (d) بناء ٹائر کے ٹیوب استعمال کرنا

(99) 5 نیوٹن تجاذبی قوت رکھنے والے ایک پتھر پر زمین 5 نیوٹن افقی طاقت فراہم کرتی ہے متوازی سمت میں وقوع پذیر حاصلہ قوت کیا ہوگی۔

(a) 5 نیوٹن (b) 25 نیوٹن (c) صفر (d) آخری

(100) ایک دھاگہ پر متعینہ وزن لٹکانے پر وہ 68 کے مقام پر ٹوٹ جاتا ہے۔

(a) تجاذبی قوت سے تناؤ کی طاقت (b) تناؤ کی طاقت تجاذب کی قوت زیادہ

(c) افقی طاقت کام نہیں کرسکی (d) حاصلہ قوت صفر

(101) چند اقسام کے کپڑے پہننے پر جسم کے بال کھڑے ہو جاتے ہیں۔اس موقع پر ہونے والا عمل۔

(a) قوت کشش (b) سکونی برق کی کشش (c) برق رواں کی کشش (d) مقناطیسی کشش

(102) مشینوں میں بال بیرنگ استعمال کرنے کی وجہ۔

(a) رگڑ کو کم کرنا (b) قوت حاصلہ کو بڑھانا (c) پھسلنے والی (d) سیالی رگڑ

(103) نائیلان کس سے تیار ہوتا۔

(a) پالی امائیڈ (b) پالیسٹر (c) اکرالک (d) سیلولوز

(104) زیادہ گرم کی ہوئی سوئی کو بیکسلائیٹ سے تیار کی ہوئی شئے سے رگڑنے سے اس طرح کی بو آتی ہے۔

(a) ترشئی (b) اساسی (c) گندی (d) چبھتی ہوئی

(105) لوہے کی اشیاء ہوا میں موجود اس گیس سے تعامل کرنے پر زنگ لگتا ہے۔

(a) نائٹروجن (b) آکسیجن (c) کاربن ڈائی آکسائیڈ (d) آبی بخارات

(106) درجِ ذیل میں ختم نہ ہونے والا ایندھن کونسا ہے۔

(a) پٹرولیم (b) کوئلہ (c) آبی توانائی (d) شمسی توانائی

(107) آواز کی حدت کی ان اکائیوں میں پیائش کی جاتی ہے۔

(a) کیلوری (b) نیوٹن (c) ڈیسی بل (Decible) (d) جول

(108) کوئلہ کو گرم کرنے پر خارج ہونے والی گیس کو اس تجربہ سے پہچان سکتے ہیں۔

(a) صابن کے پانی میں گذار کر (b) چونے کے پانی سے گذار کر

(c) جلا کر (d) بُو سے

(109) درجِ ذیل تعامل میں ٹھوس شئے میں پائی جانے والی اشیاء کونسی ہیں۔$2Mg + O_2 g 2MgO_2$

(a) Mg (b) O_2 (c) MgO (d) Mg, MgO

جوابات

1-d	2-c	3-c	4-c	5-b	6-b	7-a	8-a	9-a	10-c
11-b	12-	13-c	14-c	15-b	16-a	17-b	18-b	19-a	20-c
21-d	22-a	23-c	24-d	25-d	26-e	27-b	28-b	29-a	30-c
31-d	32-a	33-a	34-a	35-d	36-b	37-b	38-a	39-c	40-c
41-b	42-b	43-c	44-a	45-b	46-b	47-c	48-c	49-c	50-a
51-c	52-a	53-d	54-a	55-b	56-a	57-d	58-c	59-a	60-a
61-b	62-d	63-	64-c	65-a	66-c	67-c	68-d	69-b	70-b
71-b	72-c	73-d	74-a	75-a	76-b	77-c	78-a	79-d	80-b
81-c	82-c	83-a	84-a	85-a	86-a	87-a	88-c	89-a	90-c
91-d	92-a	93-a	94-b	95-b	96-b	97-b	98-b	99-c	100-b
101-b	102-a	103-a	104-d	105-b	106-d	107-c	108-c	109d	

ریشے ۔ پلاسٹک

- ہم کپڑے اپنے آپ کو موسموں کے حالات سے محفوظ رکھنے کیلئے انہیں ڈھال کی طرح استعمال کرتے ہیں۔
- ہمارے تحفظ کے ساتھ ساتھ کپڑوں کا استعمال ہماری خوبصورتی میں اضافہ کرنے کے علاوہ ہمارے معیار کی ایک علامت بنتا ہے۔
- سادہ (Casual wear) کپڑے عام طور پر پہنے جاتے ہیں اور چند رسمی لباس (formal wear) موقع کی مناسبت سے پہنے جاتے ہیں۔
- موزوں اور مناسب کپڑوں کا انتخاب انفرادی ہوتا ہے۔ اور یہ اُس کی شخصیت، کپڑوں کی قیمت جیسے اہم عوامل پر منحصر ہوتا ہے۔
- اسکول بیاگ کی تیاری میں بھی ایک قسم کا کپڑا استعمال کیا جاتا ہے جو دبیز ہوتا ہے۔
- کپڑے نہ صرف پہننے کیلئے استعمال کیئے جاتے ہیں بلکہ جھنڈے، بیانر، جوتے، پردے، کتابوں کی بائنڈنگ وغیرہ بھی استعمال ہوتے ہیں۔
- کیا لیکو (Calico) بھی ایک قسم کا کپڑا ہی ہوتا ہے جو (Book Binding) میں استعمال ہوتا ہے۔
- سوتی کپڑے، پالسٹر کپڑوں کے مقابلے میں کچھ زیادہ ہی دبیز ہوتے ہیں۔
- موٹے سوتی کپڑے وزنی ہوتے ہیں۔
- سوتی کپڑے دھونے کے بعد اُس پر سلوٹیں آجاتی ہیں۔
- سلک کے کپڑے چھونے پر نرم ملائم ہوتے ہیں۔
- اونی کپڑے سلک کپڑوں کے مقابلے میں وزنی محسوس ہوتے ہیں۔
- کپڑے میں ریشے نما ساختیں ہوتی ہیں ان ریشوں سے بنا ہوا دھاگا (Yarn) بھی کہا جاتا ہے۔
- پتلے بٹے ریشے دھاگے (fibers) کہلاتے ہیں۔
- اگر کوئی سوتی کپڑا لیں تو آپ دیکھیں گے کہ وہ سوتی کپڑا Yarn سے بنا ہوگا جو کہ سوتی fiber سے حاصل کیا ہوا ہوتا ہے۔
- ریشے ← بٹے ہوئے دھاگے ← کپڑا
- پٹ سن کو پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔
- ریشم اور اُون جانوروں سے حاصل کئے جاتے ہیں۔ اُنھیں قدرتی ریشے کہا جاتا ہے۔
- آج کل کپڑے کیمیائی طور پر تیار کئے گئے دھاگوں سے بنائے جارہے ہیں جیسے پالسٹر، ٹرلین، نائی لان، اکرایلک (acrylic) وغیرہ اُنھیں مصنوعی دھاگے کہا جاتا ہے۔
- قدیم زمانوں میں لوگ درخت کے پتوں اور جانوروں کے چمڑوں کو کپڑوں کی طرح استعمال کرتے تھے۔
- جنگ کے دوران لوہے کے جاکٹ پہنا کرتے تھے۔ ایسے لباس، آپ تاریخی میوزیم میں یا (Television) پر دیکھ سکتے ہیں۔ انھیں زرہ بکتر کہتے ہیں۔
- سلک کے کپڑے چکنے اور چمکدار ہوتے ہیں۔
- سوتی کپڑے نرم اور کھردرے ہوتے ہیں۔
- وہ کپڑے جو مصنوعی دھاگوں سے بنائے جاتے ہیں اُن کے جلانے سے ناگوار بو آتی ہے۔
- سوتی، پٹ سن، اُون اور ریشم قدرتی کپڑوں کی چند مثالیں ہیں۔
- سوت سوتی گولے یا کپاس کے پھلوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔

- عام طور پر روئی کے پودے ریگڑی زمینوں میں اگائے جاتے ہیں۔
- ہماری ریاست میں روئی کی فصل زیادہ تر اضلاع جیسے، عادل آباد، نلگنڈہ اور دیگر تلنگانہ کے اضلاع میں اُگائی جاتی۔
- جب روئی اُس کے بیجوں سے الگ کی جاتی ہے تو اُسے روئی کے بنولے نکالنا (Ginning) کہتے ہیں۔
- روئی کے پھل (Cotton ball) سے روئی کے بیج یا بنولے نکال لیئے جاتے ہیں اور ان بنولوں سے لپٹی روئی کو علیحدہ کیا جاتا ہے۔
- یہ روئی کے ریشوں کو صاف کرلیا جاتا ہے اور انھیں دھوکر اُن میں کنگھی چلاتے ہیں۔
- ان صاف ستھرے روئی کے ریشوں سے دھاگا بنایا جاتا ہے۔
- اس دھاگوں کو رنگ دیا جاتا ہے اور اس پر کیمیائی اشیاء کے روغن چڑھائے جاتے ہیں۔
- اب یہ ریشے ایک دھاگے سے مضبوط ریشوں میں بدل جاتے ہیں۔
- ریشے سے بنے دھاگے کو مضبوط بنانا ہو تو قدیم دور میں تکلی یا چرخے کا استعمال کیا جاتا تھا۔
- وہ طریقہ کار جس میں ریشے سے دھاگا بنایا جاتا ہے اُسے سوت کاتنا کہتے ہیں۔
- تھیلے (Gunny Bags) کو پٹ سن سے تیار کیا جاتا ہے۔
- چاول، مرچ اور دوسرے تجارتی اجناس کو ان تھیلوں میں رکھا جاتا ہے۔
- یہ تھیلے وزنی چیزوں کو لے جانے کیلئے موزوں ہوتے ہیں۔
- روئی کی طرح پٹ سن کے دھاگے بھی کپڑا بنانے کیلئے مفید ہوتے ہیں ان کو ہم سنہری دھاگا (Golden fibre) بھی کہتے ہیں۔
- پٹ سن ریشے پٹ سن پودوں سے حاصل کئے جاتے ہیں۔
- پٹ سن کے پودوں کو پانی میں چند دنوں کیلئے رکھا جاتا ہے۔
- جب یہ تنے پانی میں بھیگ کر نرم ہوجاتے ہیں تو پٹ سن کو آسانی سے کھینچ نکالا جاسکتا ہے۔
- جب اس طرح ریشے علیحدہ ہوجاتے ہیں تو ان میں پٹ سن کے دھاگے بنالیئے جاتے ہیں۔
- اس طرح بمبو اور امباڑے کے ریشے بنائے جاتے ہیں۔
- Hemp اور Flex بھی ریشہ دار پودے ہیں۔
- ان سے بھی کپڑے بنائے جاتے ہیں۔ لیکن روئی کے مقابلے میں بہت کم۔
- دھاگا جو ریشوں سے بنایا جاتا ہے اُسے کپڑوں کے بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔
- بٹے ہوئے دھاگوں کو آڑھے اور کھڑے طور پر کرگھے (loom) میں جمادیا جاتا ہے تاکہ اُسے بنا جاسکے۔
- دھاگوں کو بڑے پیمانے پر کاتنے کا کام اب برقی مشینوں کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔
- دو آڑھے اور کھڑے دھاگوں کو آپس میں ترتیب دے کر کپڑا بنانے کے عمل کو بُنتا (Weaving) کہتے ہیں۔
- بُننے کا عمل کرگھوں پر ہوتا ہے۔
- ایسے کرگھے جو آدمی کی مدد سے چلتے ہیں انھیں دستی کرگھے (Handloom) کہتے ہیں۔
- برقی کرگھے (Powerloom) مشینوں کے ذریعہ چلائے جاتے ہیں۔

حیوانی ریشے

- پودوں اور جانوروں سے ریشے کئی قسم کے حاصل کرتے ہیں۔
- پٹ سن، امباڑا، ناریل کے ریشے کئی قسم کے کپڑے بنانے کے کام آتے ہیں۔
- ٹھیک اسی طرح ریشم اور اُون جیسے ریشے ہم ریشم کے کپڑوں، مویشیوں، بھیڑوں، اونٹوں اور تبتی بیلوں (Yalk) سے حاصل کرتے ہیں۔
- ریشم کے کیڑے تتلی جیسے ہوتے ہیں۔
- ہم انھیں چلا کالو (Chilakalu) کہتے ہیں۔
- اِن کا ایک اور نام (Bombyxmori) بامبکس موری بتایا ہے۔
- انڈے دینے کے دنوں میں ہم سفید کپڑے یا کاغذ استعمال کرتے ہیں۔
- یہ پتنگے اُن پر کئی سو انڈے دیتے ہیں۔
- ایک مادہ کیڑا ایک وقت میں 500 انڈے دیتی اور مر جاتی ہے۔
- یہ انڈے جسامت میں بہت چھوٹے ہوتے ہیں۔
- ان انڈوں کو خریدتے ہیں۔
- کیڑوں کو مخصوص مقامات جیسے چٹائی، اور شہتوت کے کٹے پتوں کی تہوں پر ان انڈوں کو سینے دیتے ہیں۔
- جس سے چھوٹے چھوٹے کیڑے (Worms) پیدا ہوتے ہیں۔
- کرنول، کڑپہ، محبوب نگر اور کچھ دوسرے علاقوں میں ریشم کے کیڑوں کو بھی فروخت کیا جاتا ہے۔
- انڈوں کو پیدا کرنے کے لئے ان کیڑوں کو خریدتے ہیں۔
- مراکز کو "Grinages" کہا جاتا ہے۔
- چتور ضلع کے Hoorsely Hills میں ایک وسیع تخم پیدا کرنے والے مرکز موجود ہے۔
- Cocoon حاصل کرنے کے لئے ریشم کے کیڑوں کی پرورش کرتے ہیں۔
- سال میں کیڑوں کی 5 تا 6 پیداواریں حاصل کرتے ہیں۔
- ہم شہتوت کی فصل حاصل کرنے کے لئے اس کی قلمیں لگاتے ہیں۔
- کیڑوں کو کشتیوں میں رکھتے ہیں اور شہتوت کے پتوں کو باریک باریک کاٹ کر ان کشتیوں میں رکھتے ہیں تاکہ یہ کیڑے ان پتوں کو بطور غذا استعمال کر سکیں۔
- یہ کیڑے دِن رات اِن پتوں کو کھاتے ہیں۔
- ان کیڑوں کو پرورش پانے کے لیے صحت مند حالات اور موزوں روشنی کی ضرورت پڑتی ہے۔
- جب وہ بڑے ہو جاتے ہیں تو اُنہیں ایک بڑی کیان نما کشتی میں منتقل کیا جاتا ہے۔
- جس کو چندری کالو (Chandrikalu) کہتے ہیں۔
- 30-35 دنوں میں کیڑے (حشرات پہلی پشت) پتے کھانا چھوڑ دیتے ہیں اور ایک مخصوص جگہ جم جاتے ہیں۔
- اپنے آپ کو اس جگہ جمے رہنے کے لیے ایک جالا بنتے ہیں۔

- کیڑے اِدھر اُدھر اپنا منہ گھماتے ہوئے اپنے منہ کے لعاب سے دھاگہ نما تار بناتے ہیں۔
- جب یہ مادہ ہوا اور حرارت سے تماس میں آتا ہے تو مضبوط ہو جاتا ہے۔
- یہ دھاگے کیڑے کے جسم کے اطراف لپٹے جاتے ہیں۔
- اب یہ ایک بند تھیلے (Close sack) کی طرح نظر آنے لگتے ہیں۔
- اسی کو (Pattukayalu) یا ککون یا قوقون (Cocoon) کہا جاتا ہے۔
- 2-3 ہفتوں میں نوخیز کیڑا قوقون سے باہر نکل کر اُڑ جاتا ہے۔
- قوقون کے بننے کے 2-3 دنوں بعد ہم اُن کو کشتیوں سے نکال لیتے ہیں۔
- ان Larva کو قوقون کے اندر ہی مار دیتے ہیں اس طریقہ کو خنق (Sniffing) کہتے ہیں۔
17. مرحلہ(1): بیکٹیریا حیوانی فضلہ کو تحلیل کر کے حیاتی گیس بناتے ہیں۔
مرحلہ(2): اس گیس کو بطور ایندھن جلایا جاتا ہے۔

(1) صرف مرحلہ(1) ایک کیمیائی تغیر ہے (2) صرف مرحلہ(2) ایک کیمیائی تغیر ہے
(3) مرحلہ(1) طبعی تغیر ہے (4) مرحلہ(1) اور(2) دونوں کیمیائی تغیرات ہیں۔

18. ایک کاغذ کے چار ٹکڑے کیجئے یہ کونسی تبدیلی کو ظاہر کرتی ہے۔

(1) طبعی تغیر (2) کیمیائی تغیر (3) طبعی اور کیمیائی تغیر (4) کوئی بھی تبدیلی واقع نہیں ہوئی

19. فیضان ایک ربر بینڈ کو کھینچ کر چھوڑتا ہے۔ ربر بینڈ میں ہونے والی تبدیلی کس قسم کا تغیر ہے۔

(1) طبعی تغیر (2) کیمیائی تغیر (3) طبعی اور کیمیائی تغیر (4) کوئی بھی تبدیلی واقع نہیں ہوئی

20. جوڑ ملایئے۔

(1) بالوں کا بڑھنا	( )	(a) کیمیائی تغیرات سے۔
(2) شیشے کا ٹوٹنا	( )	(b) اسٹیک ترشہ۔
(3) ملمع کاری	( )	(c) آہستہ ہونے والی تبدیلی
(4) سرکہ	( )	(d) طبعی تغیر
(5) فضائی آلودگی	( )	(e) ایک دھاتی شئے پر دوسری دھاتی پرت کا چڑھانا

b (5) ‘d (4) ‘e (3) ‘a (2) ‘c (1) e (5) ‘c (4) ‘d (3) ‘b (2) ‘b (1)

a (5) ‘e (4) ‘b (3) ‘d (2) ‘c (4) e (5) ‘d (4) ‘c (3) ‘b (2) ‘a (3)

جوابات KEY

1-2	2-1	3-2	4-2	5-2	6-1	7-2	8-3	9-2	10-4
11-1	12-4	13-4	14-1	15-3	16-4	17-4	18-1	19-1	20-4

8. جوہر کی ساخت (Atomic Structure)

- **جوہر (Atom):** جوہر کی عنصر کا سب سے چھوٹا ذرہ ہوتا ہے جس میں عنصر کی خصوصیت موجود ہوتی ہے۔
- **سالمات (Molecules):** جب جوہر آپس میں مل جاتے ہیں تو سالمات وجود میں آتے ہیں۔
- عنصر (Elements): جب کبھی کسی شئے کے ذرات ایک ہی قسم کے ذرات ہوں تو اس شئے کو عنصر کہا جاتا ہے۔
- **جوہریت (Atomicity):** سالمے میں جوہروں کی تعداد کو جوہریت Atomicity کہا جاتا ہے۔
- **ہشتہ:** ایسا جوہر جس کے بیرون ترین خول میں 8 الکٹرون ہو تو یہ کیمیائی طور پر قیام پذیر ہوتا ہے اور دوسروں سے تعامل نہیں کرتا۔

ڈالٹن کا نظریہ:

- مادہ ناقابل تقسیم ذرات پر مشتمل ہوتا ہے جنہیں جوہر کہا جاتا ہے۔
- کسی کیمیائی تعامل کے دوران نہ ہی نئے جوہر بنتے ہیں اور نہ ہی جوہر فنا ہوتے ہیں۔ کیمیائی تعاملات میں جوہروں کی ترتیب جدید ہوتی ہے۔
- کسی عنصر کے تمام جوہر مماثل طبعی اور کیمیائی خواص رکھتے ہیں لیکن مختلف عناصر کے جوہر اپنی خصوصیات میں مختلف ہوتے ہیں۔

- مرکبات اس وقت بنتے ہیں جب مختلف عناصر کے جوہر کامل عدد کے طور پر مل جاتے ہیں۔(یعنی جوہر کسر میں نہیں پایا جاتا) دوسرے الفاظ میں کیمیائی تبدیلی جوہروں کے ملنے یا جوہروں کے جدا ہونے سے ہوتی ہے۔
- **رواں (Ions):** مرکبات دھاتوں اور ادھاتوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ان میں غیر تعدیلی ذرے یا مثبت یا منفی رواں ہوتے ہیں ان ذرات کو رواں یا Ions کہا جاتا ہے۔مثبت بار کا حامل رواں مثبت رواں Cation اور منفی بار کا حامل رواں منفی رواں Anion کہلاتا ہے۔
- **جوہری کمیت (Atomic Mass):** ایک جوہری کمیت کی اکائی دراصل ایک کاربن۔12 جوہر کی کمیت کا 1/12 حصہ ہوتا ہے۔ دیئے ہوئے عنصر کے ایک جوہر کی تعداد C_{12} کی کمیت کے 1/12 سے بھی وزنی ہوتا ہے۔اسے جوہری کمیت کہا جاتا ہے۔کسی عنصر کی جوہری کمیت ایک نسبت ہے اور اس لئے اس کی کوئی اکائیاں نہیں ہوتیں۔اسے جوہری کمیت کی اکائی Atomic mass unit (amu) سے ظاہر کیا جاتا ہے۔دورِ حاضر میں amu کو μ سے ظاہر کیا جارہا ہے جسے یکجا کمیت کہیں گے۔
- **گرفت (Valency):** بعض عناصر کے جوہر عناصر کے دوسرے جوہروں سے ملنے کا رجحان رکھتے ہیں اس رجحان کو گرفت Valency کہتے ہیں۔کسی جوہر کے تعامل کرنے کے میلان کو گرفت کہتے ہیں۔
- **سالمی کمیت (Molecular Mass):** اشیاء کی سالمی کمیت اس شئے کے سالمے میں تمام جوہروں کی کمیتوں کا حاصل جمع ہوتی ہے۔
- **سلم کا تصور (Mole Concept):** ایک سلم کسی نمونے کی وہ مقدار ہوتی ہے جس میں جو عدد ظاہر کیا جاتا ہے' وہ عدد اس کی جوہری کمیت یا سالمے کے مساوی ہوتا ہے اسے گرام میں لکھا جاتا ہے۔
- کسی شئے کے ایک سلم میں ذرات کی تعداد 6.022×10^{23} ہوتی ہے۔اس کو ایوگاڈرو Avogadro کا مستقل کہتے ہیں۔یہ مستقل اٹلی کے ماہر کیمیائی Amedeo Avogadro کی یادگار کے طور پر رکھا گیا ہے۔
- **سلم کی کمیت (Molar Mass):** شئے کے ایک سلم کی کمیت کو گرام میں ظاہر کیا جائے تو اسے سلم کی کمیت Molar mass کہتے ہیں (یا) کسی شئے کے ایک سلم کی کمیت کو سلمی کمیت کہتے ہیں۔
- **جوہر کے ذیلی ذرات:** الکٹران' پروٹان اور نیوٹران جوہر کے اہم ذیلی ذرات ہیں۔
- **الکٹران:** جوہر کا منفی بار رکھنے والا ذرہ ہے اسے جے جے تھامسن نے دریافت کیا۔یہ جوہر میں مرکزے کے اطراف گردش کرتا رہتا ہے یہ نہایت ہلکا ہوتا ہے۔
- **پروٹان:** پروٹان جوہر کا مثبت بار رکھنے والا ذرہ ہے جو جوہر میں مرکزے کا حصہ ہوتا ہے۔اس کی کمیت الکٹران کی کمیت کا 2000 گنا ہوتی ہے۔
- **نیوٹران:** یہ ایک تعدیلی ذرہ ہے اس کو چیڈوک نے 1932ء میں دریافت کیا۔اس کی کمیت پروٹان کی کمیت کے تقریباً مساوی ہوتی ہے۔

تھامسن کا جوہری نمونہ (Thomson Model of Atom)

- یہ جوہری نمونہ 1898 میں جے جے تھامسن نے تجویز پیش کیا۔اسے ''آلو چوں کی ہڈنگ'' Plub pudding model کہتے ہیں جو کہ میووں سے تیار کئے جانے والے پڈنگ کے نمونے کے طور پر ہوتا ہے۔اس نمونے کے مطابق
- ایک جوہر ایک ایسا ہموار مثبت بار کا حامل کرہ تصور کیا جاتا ہے جس میں الکٹران پھیلے ہوئے ہیں۔
- جوہر کی جملہ کمیت اس کی مکمل سطح پر ہموار انداز میں منقسم ہوجاتی ہے۔
- مثبت اور منفی ذرات ایک دوسرے کی تعدیل کرتے ہیں جس سے الکٹران برقی طور پر تعدیلی ذرہ ہوجاتا ہے۔

تھامسن کے جوہری نمونے کو ایک اور مشہور مثال تربوز کی مثال کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔مثبت ذرات تربوز میں اس کے سرخ گودے جیسے پوری جسامت میں پھیلے ہوتے ہیں جب کہ سیاہ بیج سارے گودے میں الکٹران کی حیثیت رکھتے ہیں۔

روتھرفورڈ کا نظریہ جوہر (Rutherford Model of Atom)

❖ روتھرفورڈ نے طلائی اوراق پر اپنے تجربات انجام دیئے روتھرفورڈ نے اپنے تجربے کی بنیاد پر ذیل کے نتائج اخذ کئے:

1. اندرون جوہر فضا زیادہ تر خالی ہوتی ہے۔ یہ اس لئے کہ زیادہ تر الفاذرات بغیر کسی انحراف کے طلائی ورق سے گزر جاتے ہیں۔
2. الفاذرات کی بہت معمولی تعداد اپنے راستے پر واپس ہوجاتی ہے جس سے یہ کہا جائے گا کہ ایک بڑے مثبت حصے (کمیت) سے ان کا ٹکراؤ ہوا۔ اس وجہ سے یہ مثبت ذرات اپنے راستے پر واپس ہوگئے۔ لہٰذا جوہر کے اندر تھوڑی سی جگہ میں تمام مثبت ذرے مجتمع ہوں گے۔

اس تجربے کی اساس پر روتھرفورڈ نے جوہر کا ایک نیوکلیائی نمونہ پیش کیا جس کے نکات یہ ہیں:

1. جوہر کا پورا مثبت مادہ مرکز کی ایک چھوٹی سی جگہ میں مجتمع ہوتا ہے۔ اسے مرکزہ یا Nucleus کہتے ہیں۔ الکٹران مرکزے کا حصہ نہیں ہوں گے۔
2. اس نے یہ قیاس بھی پیش کیا کہ منفی بار کے حامل الکٹران مرکزے کے اطراف متعینہ راستے (Orbit) میں گھومتے ہیں۔ تو تھرفورڈ کے نمونہ جوہر کو بعض دفعہ شمسی نظام میں سیارہ کی حرکت سے تعبیر کیا جاتا ہے' کیونکہ مرکز کے اطراف الکٹران کی گردش سورج کے اطراف سیاروں کی گردش جیسی ہوتی ہے۔
3. جوہر کی جسامت کے مقابلے میں مرکزے کی جسامت بہت چھوٹی ہوتی ہے۔

❖ **روتھرفورڈ کے نقائص:** اگر کوئی ذرہ مرکزے کے اطراف مسلسل گردش کرتا رہے تو اس کی توانائی کم ہوجائے گی لہٰذا مرکزے کے اطراف گھومنے والا الکٹران مسلسل توانائی کھودے گا اور مثبت بار کے حامل مرکزے میں کشش کی وجہ سے جا گرے گا اگر ایسا ہوگا تو جوہر فنا ہوجائے گا لیکن ہم جانتے ہیں کہ جوہر قیام پذیر ہے۔

❖ **بوھر کا نمونہ جوہر (Bohr's Model of Atom):** روتھرفورڈ کے نمونہ جوہر کی خامیوں کو دور کرنے کے لئے 1913ء میں نیل بوھر نے وہ قیاسیات پیش کئے جس میں کہا گیا کہ الکٹران مرکز کے اطراف ایک خاص توانائی کی سطح پر قائم رہتے ہیں۔ ان الکٹرانوں کو آگے کی توانائی کی سطح پر چھلانگ لگانے کے لئے توانائی حاصل کرنا پڑتا ہے یا اگر وہ نچلی توانائی کی سطح پر واپس ہوتے ہیں تو ان کی موجودہ توانائی میں کمی واقع ہوگی۔

❖ جوہر میں الکٹران کے راستے کو متعین کرتے ہوئے نیل بوھر نے اپنے نمونہ جوہر کے بعض مفروضات پیش کئے جو ذیل میں دیئے جارہے ہیں۔

1. اندرونِ جوہر الکٹران خصوصی اور منفرد مدار میں ہی حرکت کریں گے۔ ان مداروں کو خول یا Shell کہا جاتا ہے جن کی توانائی متعین ہوگی۔
2. ایسے متعین مداروں میں حرکت کرتے ہوئے الکٹران توانائی خارج نہیں کریں گے اور یہی وجہ ہے کہ الکٹران مرکزے میں جا نہیں گریں گے۔
3. ان خولوں یا Shell کو K,L,M,N یا اعداد n=1,2,3, سے ظاہر کیا جائے گا۔

بوھر کا نمونہ جوہر ہی ایک قطعی نمونہ جوہر ہے۔ نیل بوھر نے اپنے نمونہ جوہر کے ذریعے ہائیڈروجن کے جوہر کی خصوصیت کی کامیاب تشریح کی جیسے اس نمونے سے روشنی کی پٹیوں کے اخراجات کی وجہ قابل فہم ہے۔ لیکن اس کا نمونہ زیادہ وزنی جوہروں میں رشنی کی پٹی سے متعلق خاموش ہے۔

مدار کا عدد (n)	مدار میں زیادہ سے زیادہ الکٹران کی گنجائش
1. K۔مدار	$2 = 2(1)^2$
2. L۔مدار	$8 = 2(2)^2$
3. M۔مدار	$18 = 2(3)^2$
4. N۔مدار	$32 = 2(4)^2$

عنصر کا نام	علامت	جوہری عدد	پروٹان کی تعداد	نیوٹران کی تعداد	الکٹرون کی تعداد	K	L	M	N	گرفت
ہائیڈروجن	H	1	1	-	1	1	-	-	-	1
ہیلیم	He	2	2	2	2	2	-	-	-	0
لیتھیم	Li	3	3	4	3	2	1	-	-	1
بیری لیم	Be	4	4	5	4	2	2	-	-	2
بوران	B	5	5	6	5	2	3	-	-	3
کاربن	C	6	6	6	6	2	4		-	4
نائیٹروجن	N	7	7	7	7	2	5	-	-	3
آکسیجن	O	8	8	8	8	2	6	-	-	2
فلورین	F	9	9	10	9	2	7	-	-	1
نیان	Ne	10	10	10	10	2	8	-	-	0
سوڈیم	Na	11	11	12	11	2	8	1	-	1
میگنیشیم	Mg	12	12	12	12	2	8	2	-	2
المونیم	Al	13	13	14	13	2	8	3	-	3
سلیکان	Si	14	14	14	14	2	8	4	-	4
فاسفورس	P	15	15	16	15	2	8	5	-	5.3
سلفر	S	16	16	16	16	2	8	6	-	2.6
کلورین	Cl	17	17	18	17	2	8	7	-	1
آرگان	Ar	18	18	22	18	2	8	8	-	0

❖ **جوہری عدد (Atomic Number):** کسی جوہر کے مرکز میں پروٹان کی تعداد کو جوہری عدد کہتے ہیں۔ جوہری عدد کو Z سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

❖ **جوہری وزن (Atomic Weight):** مرکزے میں پروٹان اور نیوٹران کے حاصل جمع یعنی نیوکلیان (Nucleons) کی تعداد کو

جوہری وزن کہتے ہیں۔اس کی علامت A ہے۔

جوہری وزن = جوہری عدد + نیوٹران کی تعداد

$$A = Z + N$$

❖ **ہمجاء (Isotopes)**: ایک ہی عنصر کے مختلف جوہر جن میں پروٹان کی تعداد تو ایک ہی ہوتی ہے لیکن نیوٹران کی تعداد مختلف ہوتی ہے۔ ہم جاء Isotopes کہلاتے ہیں۔

12	13	14
↓	↓	↓
C	C	C
↑	↑	↑
6	6	6

❖ **ہم جا کے استعمالات**: بعض ہمجا کو کیمیائی تعاملات کی پیچیدگیوں اور شعبہ طب میں استعمال کیا جاتا ہے۔ کیمیائی تعاملات کے وقوع پذیر ہونے میں ہر مرحلے کی جانچ کے لئے بھی تحقیقاتی لیاب میں ان کا استعمال عام طور پر ہوتا ہے۔

1. یورانیم کا ہمجا نیوکلیر ری ایکٹر میں بطور ایندھن استعمال کیا جاتا ہے۔
2. آیوڈین کے ہمجا کو غوتر Goitre (گردن کی سوجن کی مرض) کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے۔
3. کوبالٹ کے ہمجا کو کینسر کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے۔

❖ **کوانٹم نظریہ (Quantum Theory)**: کسی بھی جوہر میں ہر الکٹران کو تین اعداد n,l,m سے ظاہر کیا جاسکتا ہے۔ انہیں مقادیری اعداد کہتے ہیں یہ اعداد مرکزے کے اطراف الکٹران کی ممکنہ موجودگی کو ظاہر کرتے ہیں۔ مقادیری اعداد چار قسم کے ہوتے ہیں۔

❖ **صدر مقادیری عدد (n) (Principal Quantum Number)**: صدر مقادیری عدد کسی خول کی جسامت اور توانائی کو ظاہر کرتا ہے۔ n مثبت اور مکمل اعداد کی قیمت یعنی (n=1,2,3,.....) ہوتی ہے۔ جیسے جیسے n کی قیمت میں اضافہ ہوتا ہے خول کی جسامت میں بھی اضافہ ہوتا ہے اور ان خولوں میں موجود الکٹرانس مرکزے سے دور ہوتے جاتے ہیں۔ n کی قیمت میں اضافے کا مطلب خول کی توانائی میں بھی اضافہ ہے۔

❖ n=1,2,3,..... کو زیادہ تر K,L,M,..... سے بھی ظاہر کرتے ہیں۔ ہر n کی قیمت کے لئے ایک اصل خول پایا جاتا ہے۔

خول	K	L	M	N
n	1	2	3	4

❖ **زاویائی معیار حرکت مقادیری عدد (*l*) The Angular Momentum Quantum Number**: ہر n کی قیمت کے لئے *1* کی قیمتیں 0 تا n-1 ہوگی ہر *1* کی قیمت ایک ذیلی خول کو ظاہر کرتی ہے۔ ہر ''*l*'' کی قیمت مرکزے کے اطراف موجود ذیلی خول کی ساخت سے متعلق معلومات فراہم کرتی ہے۔ کسی ذیلی خول کے لئے '' *1* '' کی قیمت کو عام طور پر انگریزی حرف s,p,d,..... سے ظاہر کرتے ہیں۔

l	0	1	2	3
ذیلی خول کا نام (آربیٹل)	s	p	d	f

اگر n=1 ہوتو l=0 کے لئے ایک ہی ذیلی خول ہوگا جسے 1s آربٹل کہتے ہیں۔
اگر n=2 ہوتو l=0 کے لئے دو ذیلی خول ہوتے ہیں۔جس میں l=0 کے لئے 2s ذیلی خول اور l =1 کے لئے 2p ذیلی خول پایا جاتا ہے۔

- **مقناطیسی مقداری اعداد:** مقناطیسی+مقداری عدد کی m_1 کی قیمتیں بشمول صفر l۔تا l کے درمیان ہوتی ہے۔
کسی بھی l کی قیمت کے لئے m_1 کی قیمتیں (2l+1) کے مطابق ہوتی ہیں۔
- یہ قیمتیں جوہر میں موجود دیگر آربٹل کے محل وقوع کو ظاہر کرتی ہے۔
- **الکٹرانی تشکیل:** جوہر میں مرکز کے اطراف خول اور ذیلی خولوں میں الکٹرانوں کی ترتیب الکٹرانی تشکیل کہلاتی ہے۔
- ایک سے زیادہ الکٹران رکھنے والے جوہروں کی الکٹرانی تشکیل بیان کرنے کے لئے تین اصولوں کو جاننا ضروری ہے۔ پالی کا استثنائی اصول، آف باء کا اصول، ہنڈ کا اصول
- **پالی کا استثنائی اصول:** کسی بھی دو الکٹرانوں کے لئے چاروں مقداری اعداد یکساں نہیں ہوتے۔
- **آف باء کا اصول:** الکٹران اسی آربٹل کو پہلے پر کرتا ہے جس کی توانائی سب سے کم ہو۔
- **ہنڈ کا اصول:** الکٹران میں جوڑیاں اس وقت تک نہیں بنتی ہیں جب تک کہ موجودہ تمام یکساں توانائی والے آربٹل میں ایک ایک الکٹران پہلے داخل نہ ہو جائے۔

کثیر جوابی سوالات

1. برقی مقناطیسی موج کب پیدا ہوتی ہے۔
(1) جب جسم مرتعش ہو (2) جب برقی چارمرتعش ہو یا اہتزاز کرے
(3) جب پانی میں موج اٹھے (4) جب کوئی جسم مرتعش ہو

2. کسی جسم کو اچھی طرح گرم کرنے پر کیا ہوتا ہے۔
(1) حرارت خارج ہوتی ہے (2) روشنی یا نور خارج ہوتا ہے
(3) صرف جسم گرم ہوتا ہے (4) کہا نہیں جا سکتا

3. مسلسل طیف کی مثال
(1) قوس قزح (2) خطی طیف (3) ہائیڈروجن طیف (4) سیاہ طیف

4. خطی طیف کی مثال ہے۔
(1) قوس قزح (2) ہائیڈروجن طیف (3) سیاہ طیف (4) نیلی طیف

5. طول موج اور نور کی رفتار میں رشتہ
(1) C=V (2) Y=C/V (3) Y/V=V (4) یہ تمام

6. کسی گروپ کے عناصر Noble gas کہا جاتا ہے
(1) VIII A (2) 18 (3) VIII (4) (1) اور (2) دونوں

7. الکٹران کی رفتار
(2) تقریباً نور کی رفتار کے مساوی (2) تقریباً آواز کی رفتار کے مساوی
(3) تقریباً ایک لاکھ کلومیٹر (4) تقریباً دونوں ہی آواز کی رفتار کے مساوی

8. مرئی روشنی

(1) مقناطیسی موج ہے (2) برقی موج ہے (3) برقی مقناطیسی موج ہے (4) میکانکی موج ہے

9. روشنی کی رفتار

(2) 3×10^{8} m/s (2) 3×10^{8} km/s (3) 3×10^{11} m/s (4) 3×10^{9} m/s

10. تعدد میں اضافہ کرنے سے طول موج میں.....واقع ہوتا ہے۔

(1) اضافہ (2) کمی (3) استحکام (4) تعدیل

11. برقی مقناطیسی موجوں میں مختلف اقسام کے تعدد پائے جاتے ہیں۔ برقی مقناطیسی موجوں کے تعدد کا یہ مجموعہ.....کہلاتا ہے۔

(2) برقی مقناطیسی موج (2) میکانیکی موج (3) آواز کی موج (4) سمندری موج

12. سرنگ کا طول موج' نیلگوں رنگ کے طول موج سے

(1) کم ہوتا ہے (2) زیادہ ہوتا ہے (3) مساوی ہوتا ہے (4) کبھی بڑھتا ہے کبھی گھٹتا ہے

13. Radar.....موجیں ہوتی ہیں۔

(2) Micro (2) Radio (3) UV (4) IR

14. Strontium Chloride سے پیدا ہونے والے شعلے کا رنگ

(1) سرخ (2) نیلا (3) سبز (4) Apple Green

15. Stark effect اس سے متعلق ہے۔

(1) مقناطیسی میدان میں خطی طیف میں بگاڑ (2) برقی میدان میں رکھنے پر خطی طیف میں بگاڑ

(3) دونوں (4) ان میں سے کوئی نہیں

16. کلورین نیچر میں کتنے ہمجاؤں کی صورت میں پایا جاتا ہے۔

1 (1) 2 (2) 3(3) 4(4)

17. کاربن کے کتنے قیام پذیر ہمجاء ہیں

2 (1) 3 (2) 4(3) 1(4)

18. ہائیڈروجن کے ڈیوٹیریم الکٹران کی تعداد

2 (1) 1 (2) 4(3) 3(4)

19. ٹریٹیم میں پائے جانے والے نیوٹرانوں کی تعداد

2 (1) 1(2) 4(3) 3(4)

20. ہمجا کی کیمیائی خصوصیات ایک ہی ہوتی ہیں لیکن.....مختلف ہوتی ہے۔

(1) طبعی (2)بندشی (3)الکٹرانی (4)عاملی

21. Pulp Pudding Model

J.J. Thomson (1) J. Chadwick (2) Rutherfords (3) Bhor (4)

22. "f" مدار میں الکٹرانوں کی تعداد

2 (1) 8 (2) 18 (3) 32 (4)

23. کسی عنصر کا جوہری عدد اس جوہر کے مرکزے کے اندر پروٹان کی تعداد یا..... کے مساوی ہوتا ہے۔

(1) نیوٹران (2) الکٹران (3) مرکزہ (4) خول

جوابات KEY

1-2	2-2	3-1	4-2	5-4	6-4	7-1	8-3	9-1	10-2
11-1	12-2	13-1	14-1	15-2	16-2	17-2	18-2	19-1	20-1
21-1	22-4	23-2							

9. دوری جدول (Periodic Table)

عناصر کو ترتیب دینے کی ضرورت کیوں ہے؟

- رابرٹ بائیل 1661ء کے مطابق ایسی شئے جو کسی طبعی یا کیمیائی تغیر کی وجہ سے مزید سادہ شئے میں تحلیل نہیں ہوسکتی عنصر Element کہلاتی ہے۔ اس وقت تک صرف 13 عناصر دریافت ہوئے تھے۔ 18 ویں صدی کے اختتام تک لیوشیر (Leavisor) کے زمانے میں مزید 11 عناصر دریافت ہوئے وار 1865ء تک تقریباً 63 عناصر دریافت ہوئے۔ 1940ء تک 91 عناصر قدرتی وسائل سے اور مزید 17 عناصر مصنوعی طور پر حاصل کئے گئے۔
- مصنوعی عناصر کے منجملہ اب تک 115 عناصر دریافت ہو چکے ہیں۔ جوں جوں ان کی تعداد میں اضافہ ہوتا گیا ہر عنصر اور اس کے مرکبات کی کیمیائی ترکیبوں کو یاد رکھنا بہت مشکل ہوگیا۔
- عناصر کو دھاتوں اور ادھاتوں میں تقسیم کیا گیا ہے لیکن اس درجہ بندی میں بہت سے نقائص پائے جاتے ہیں۔ لہٰذا کسی دوسرے طریقے سے عناصر کی درجہ بندی کرنا اشد ضروری ہوگیا تھا۔ اس لئے کیمیاء دانوں نے ان عناصر اور مرکبات کو ان کو مکمل اعداد میں ظاہر کیا جانا ضروری تھا۔ اور اس کے لئے ہائیڈروجن کا جوہری وزن '1' تصور کیا گیا تھا۔
- **ڈابرینر کا کلیہ ثلیث (Dobereiner's Law of Triads):** جوہان وولف گانگ ڈابرینر Dobereiner 1829 نامی جرمن کیمیادان نے یکساں کیمیائی خواص رکھنے والے تین تین عناصر کے گروپ بنائے جنہیں ثلیث Triads کہا جاتا ہے، اس نئے عناصر کی خصوصیات اور ان کے جوہری اوزان کے درمیان رشتے کو ظاہر کرنے کی کوشش کی۔

  ڈابرینر نے کہا کہ جب یکساں خصوصیات کے حامل 3 عناصر کو لے کر انہیں بڑھتے ہوئے اوزان جوہر کے لحاظ سے ترتیب دینے پر درمیانی جوہر کا وزن پہلے اور آخری عناصر کے اوزان جوہر کے مجموعہ کا اوسط ہوتا ہے۔ یہ بیان ڈابرنیر کا کلیہ ثلیث کہلاتا ہے۔
- **نیولینڈ کا ہشتہ کا کلیہ (Newland's Law of Octaves):** جان نیولینڈ ایک برطانوی کیمیادان تھا۔ نیولینڈ 1865ء نے بتایا کہ جب عناصر کو ان کے بڑھتے ہوئے اوزان جوہر کے حساب سے ترتیب دینے پر یہ 7 گروپس میں ظاہر ہوئے ہیں ہر گروپ میں یکساں کیمیائی خواص کے حامل عناصر پائے جاتے ہیں۔ ان مشاہدات کی بنیاد پر نیولینڈ کے ہشتہ کا کلیہ پیش کیا۔
- **ہشتہ کا کلیہ:** بیان کرتا ہے کہ جب عناصر کو ان کے بڑھتے ہوئے اوزان جوہر کے حساب سے رکھا جائے تو ان کی ایک خاص ترتیب دکھائی دیتی ہے۔ جس میں ان کے خواص مساوی وقفوں پر دہرائے جاتے ہیں۔ اس ترتیب کا ہر آٹھواں عنصر پہلے عنصر کی خوصیات سے مشابہت رکھتا ہے۔
- یکساں کیمیائی خواص والے عناصر کو افقی صف کی سمت میں بتلایا گیا ہے۔ نیولینڈ پہلا شخص تھا جس نے عناصر کو جوہری اعداد تفویض کیا۔
- **نیولینڈ کے جدول میں بھی خامیاں پائی جاتی ہیں:** نیولینڈ نے دو عناصر کو ایک ہی خانے میں رکھا مثلاً کوبالٹ (Co) اور نکل (Ni) غیر یکساں خواص رکھنے والے چند عناصر کو ایک ہی گروپ میں رکھا گیا۔

اس نے کوبالٹ (Co) اور نکل (Ni)' پلاڈیم Pd' اڑیڈیم i' اور پلاٹینم Pt جن کے خواص مختلف ہیں لیکن انہیں ہیلوجنس F,Ci, Br, I کی صف میں رکھا۔

ہشتہ کا کلیہ کیلشیم (Ca) تک کے تمام عناصر کے لئے یہ غیر موزوں ہے۔ نیولینڈ کا دوری جدول صرف 56 عناصر تک ہی محدود ہے۔ جدید عناصر کے لئے کوئی موقع نہیں دیا گیا۔

ہندوستانی موسیقی میں سات سُر پائے جاتے ہیں وہ سا' رے' گا' ما' پا' دا' نی' سا ہیں۔ مغربی ممالک کی موسیقی میں ڈوری' کی' فا' سو فلا' ٹی وغیرہ سُر پائے جاتے ہیں۔ عام طور پر چند سُر دہرائے جاتے ہیں ہر آٹھواں سُر پہلے سر کے مماثل ہوتا ہے۔ اور وہیں سے اگلے سُر کی ابتداء ہوتی ہے۔

- **مینڈلیف کا دوری جدول (Mendeleeff's Peroidic Table)**: مینڈلیف نے اس وقت تک دریافت شدہ عناصر کو باقاعدہ طور پر ان کے بڑھتے ہوئے اوزان جوہر کے لحاظ سے ایک چارٹ کی شکل میں ترتیب دی۔
- اس نے چارٹ کو آٹھ عمودی کالم میں تقسیم کیا جنہیں گروپ کہا جاتا ہے۔ ہر گروپ کو A' B ذیلی گروپ میں تقسیم کیا گیا۔ مثلاً پہلے کالم کے عناصر آکسیجن سے تعامل کر کے R_2O عام ضابطے والے مرکبات بناتے ہیں۔ یعنی Li' Na اور K ۔ جب آکسیجن سے تعامل کرتے ہیں تو بالترتیب Li_2O' Na_2O اور N_2O جیسے مرکباب بناتے ہیں۔
- دوسرے کالم کے عناصر آکسیجن کے ساتھ تعامل کر کے Ro عام ضابطے مرکبات بناتے ہیں۔ مثلاً Be' Mg اور Ca جب آکسیجن سے تعامل کرتے ہیں تو BeO' MgO اور CaO بناتے ہیں۔ مینڈلیف نے ایک ہی گروپ کے عناصر میں مشابہت ان کے عام گرفت کی بنیاد پر بیان کرنے کی کوشش کی ہے۔
- **دوری کلیہ (Periodic Law)**: عناصر کے طبعی اور کیمیائی خواص ان کے اوزان جوہر کے دوری فعل ہوتے ہیں۔ اسے مینڈلیف کا کلیہ دوریت کہتے ہیں۔
- **گروپ اور ذیلی گروپ**: مینڈلیف کے دوری جدول میں 8 عمودی کالم پائے جاتے ہیں جنہیں گروپ کہا جاتا ہے۔ انہیں رومن اعداد I تا VIII سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ کسی ذیلی گروپ میں موجود تمام عناصر کی خصوصیات یکساں ہوتی ہیں۔ ہر گروپ کو دو ذیلی گروپس A اور B میں تقسیم کیا گیا ہے۔ کسی ذیلی گروپ میں موجود تر ایک دوسرے سے مشابہت رکھتے ہیں۔
- **ادوار Periods**: مینڈلیف کے دوری جدول میں افقی صفون کو ادوار یا پیریڈس کہا جاتا ہے۔ جدول میں جملہ 7 پیریڈس پائے جاتے ہیں۔ جنہیں ہندعربی اعداد 1 تا 7 سے ظاہر کیا جاتا ہے۔
- مینڈلیف کا دوری کلیہ اس طرح ہے عناصر کے طبعی و کیمیائی خواص ان کے اوزان جوہر کے دوری فعل ہوتے ہیں۔
- جدید دوری کلیہ کے بموجب عناصر کے طبعی و کیمیائی خواص ان کے جوہری اعداد کے دوری فعل ہوتے ہیں۔
- جدید دوری کلیے کی بنیاد پر جدید دوری جدول تشکیل دیا گیا ہے۔ یہ جدول مختصر دوری جدول کہلائے جانے والے مینڈلیف کے اصل دوری جدول کی توسیعی شکل ہے یہ جدید جدول کہا جاتا ہے۔ کسی عنصر کا جوہری عدد Z نہ صرف مثبت برقی باروں عنصر کے جوہر کے مرکز میں پروٹانوں کو ظاہر کرتا ہے بلکہ اس عنصر کے تعدیلی جوہر میں الکٹرانوں کی جملہ تعداد بھی بتاتا ہے۔
- عناصر کے جوہروں کے طبعی و کیمیائی خواص پروٹانس کی تعداد پر نہیں بلکہ الکٹرانس کی تعداد اور جوہروں میں اس کی ترتیب (الکٹرانی تشکیل) پر منحصر ہوتے ہیں۔ لہٰذا جدید دوری کلیہ کو اس طرح بیان کیا جاسکتا ہے۔ ''عناصر کے طبعی و کیمیائی خواص ان کے جوہروں کی الکٹرانی تشکیل کے دوری فعل ہوتے ہیں۔''

❖ **دوری جدول میں عناصر کا مقام:** جدید دوری جدول میں اٹھارہ عمودی کالم ہوتے ہیں۔جنہیں گروپس کہا جاتا ہے۔اور سات افقی صف ہوتی ہیں جنہیں پیریڈس کہا جاتا ہے۔کسی عنصر کے جوہر میں پائے جانے والے آخری الکٹران یعنی خیلی خول میں Differentianting electron کے ادخال کے لحاظ سے عناصر کو f'd'p's بلاک میں تقسیم کیا گیا ہے۔

❖ قلویانہ دھاتوں کا خاندان: Planthashes' Aliquli Na' K وغیرہ۔تمام پودا راکھ Plant ash سے حاصل کئے جاتے تھے۔ گروپ 1A عناصر قلویانہ دھاتوں کا خاندان کہلاتا ہے۔

❖ **ہالگوجن خاندان (Chaliogens are Product):** چونکہ گروپ VIA16 کے عناصر دھاتوں کے ساتھ مل کر کچدھات بناتے ہیں۔اس لئے انہیں چالگوجن خاندان کہا جاتا ہے۔

❖ **ہالوجن خاندان (Genus Produsd 1 Halos Sea Salt):** گروپ VIIA17 کے بیشتر عناصر قدرت میں سمندری نمک کے طور پر حاصل کئے جاتے ہیں۔

❖ **نوبل گیس:** جیسا کہ گروپ VIIIA18 کے عناصر کیمیائی طور پر کم چست ہوتے ہیں انہیں نوبل گیس کہا جاتا ہے۔

4F عناصر کو لنتھانائیڈس (Lanthunides یا Lanthanoids) کہتے ہیں۔ $_{58}$Le to $_{71}$Lu $_{58}$Le عناصر کی طرح یکساں خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں۔اس لئے Lanthanoide ان عناصر کے لئے بہت ہی موزوں نام ہے۔

ساتواں پیریڈ نامکمل ہے جس میں 2 عناصری بلاک میں 14,7s عناصر f بلاک میں 10'5f عناصر d بلاک میں 6d اور p بلاک میں 7p چند پائے جاتے ہیں۔5f عناصر کو اکیانیڈس Actinids یا Actinides کہا جاتا ہے۔یہ $_{103}$Lr $_{90}$Th to fo ہوتے ہیں۔

❖ Lanthanoids اور Actinoids کہلائے جانے والے f بلاک کے عناصر کو دوری جدول کے نیچے علیحدہ بتایا گیا ہے۔

❖ **نامعلوم عناصر کے خواص کی پیش قیاسی (Predicting Properties of Missing Elements):** مینڈلیف کا یہ ایقان تھا کہ مستقبل میں چند عناصر ضرور دریافت ہوں گے۔اس لئے اس نے اپنے جدول کی بنیاد پر ان عناصر کی پیش قیاسی کی۔مستقل میں دریافت ہونے والے عناصر ضرور دریافت ہوں گے اس نے اپنے جدول کی بنیاد پر ان عناصر کی قبل از وقت نے عارضی طور پر ایک سابقہ لفظ ''ایکا (Eka) کے ساتھ چند نام تجویز کئے۔ایکا'یوران'ایکا المونیم'ایکا سلیکان وغیرہ۔ایکا ایک سنسکرت لفظ ہے جس کے معنی'' ایک'' کے ہیں۔

❖ **اوزان جوہر کی تصحیح:** مینڈلیف کی دوری جدول میں عناصر کی مناسب ترتیب کی وجہ سے بیریلیم Be'انڈیم Ir اور سونا Au جیسے چند عناصر کی جوہری کمیتوں کی تصحیح کرنے میں مدد حاصل ہوئی۔مینڈلیف کے دور میں بیریلیم Be کا جوہری وزن 13.5 تھا۔

جوہری وزن = معاول وزن x گرفت

❖ **بے قاعدگی کا سلسلہ:** مینڈلیف کے دوری جدول میں ٹیلوریم Te اور ایوڈین I جیسے عناصر کی بے قاعدگی کا سلسلہ دیکھا جاسکتا ہے۔بے قاعدگی کے سلسلہ میں ٹیلوریم 127.64 Te جیسے زیادہ جوہری وزن والے عناصر'ایوڈین 126.94 I جیسے کم جوہری وزن کے عناصر سے پہلے رکھے گئے ہیں۔

مینڈلیف کے دوری جدول کے نقائص

❖ **عناصر کے بے قاعدہ جوڑ:** زیادہ جوہری وزن کے چند عناصر کم جوہری وزن کے عناصر سے قبل پائے گئے ہیں۔ٹیلوریم Te (جوہری وزن 127.64'ایوڈین I جوہری وزن 126.94 سے قبل پایا گیا۔

❖ **غیر مشابہ عناصر کا ایک ساتھ رکھنا:** غیر مشابہ خواص رکھنے والے عناصر کو ایک ہی گروپ سے تعلق رکھنے والے Au‘ Ag‘ Lu وغیرہ عناصر سے بہت کم مشابہت رکھتے ہیں اسی طرح V11A گروپ سے تعلق رکھنے والا کلورین Ci عنصر ایک دھات ہے۔

❖ **جدید دوری جدول:** ایچ جے موسلے نے 1913ء میں دریافت کیا کہ جب کسی عنصر کو بلند توانائی والے الکٹران کے ذریعہ بمبار کیا جاتا ہے تو وہ عنصر مخصوص قسم کی لاشعاعوں کا اخراج کرتا ہے۔ ان لاشعاعوں کی ترتیب کا تجزیہ کرتے ہوئے موسلے ان عناصر میں مثبت برقی بار کی تعداد کو محسوب کر سکا۔ کسی عنصر کے جوہر میں موجود مثبت برقی باروں کی جملہ تعداد پروٹان اس عنصر کا جوہری عدد کہلاتی ہے۔ اس تجزیے کے ذریعہ موسلے نے یہ محسوس کیا کہ کسی بھی عنصر کے جوہری عدد میں اس کی جوہری کمیت سے زیادہ بنیادی خصوصیت ہوتی ہے۔

❖ عناصر کے جوہری اعداد کی مکمل آگہی کے بعد یہ نشاندہی کی گئی کہ عناصر کی دوری جدول میں بڑھتے ہوئے جوہری عدد کے لحاظ سے ترتیب بہتر ہوگی۔ دوری کلیہ جوہری کمیت کے تصور سے جوہری عدد کے تصور تک تبدیل ہو گیا ہے۔ جو جدید دور کی کلیہ Modern Periodic Law کہلاتا ہے۔

❖ **دھاتیں اور ادھاتیں:** بیرونی خول میں تین یا چار الکٹران کے حامل عناصر کو دھاتیں تصور کیا جاتا ہے۔ اور پانچ یا اس سے زائد الکٹران اگر بیرونی خول میں ہوں تو انہیں تین یا ادھاتیں تصور کیا جاتا ہے۔

❖ نیم دھاتیں یا Metalloids وہ عناصر ہیں جن کی خصوصیات دھاتوں اور ادھاتوں کے درمیان ہوتی ہیں۔

کثیر جوابی سوالات

عناصر کی درجہ بندی دوری جدول

1. ایسی شئے جو کسی طبعی یا کیمیائی تغیر کی وجہ سے مزید سادہ شئے میں تحلیل نہیں ہوسکتی (Element) کہلاتی ہے‘ کس نے کہا تھا۔
(1) لیوتر (2) رابرٹ بائیل (3) ڈالٹن (4) پروسٹ

2. رابرٹ نائیل 1661ء کے زمانے میں کتنے عناصر دریافت ہوئے تھے۔
15 (1) 19 (2) 13 (3) 63 (4)

3. لیوشیر کے زمانے تک مزید کتنے عناصر دریافت ہوئے۔
11 (1) 15 (2) 63 (3) 91 (4)

4. لیوشیر کے زمانے تک جملہ کتنے عناصر دریافت ہوئے۔
23 (1) 24 (2) 63 (3) 91 (4)
(اشارہ 24=11+13)

5. 1865ء تک تقریباً کتنے عناصر دریافت ہوئے۔
24 (1) 63 (2) 91 (3) 11 (4)

6. 1940ء تک قدرتی وسائل سے کتنے عناصر دریافت ہوئے۔
24 (1) 63 (2) 91 (3) 11 (4)

7. 1940ء تک مصنوعی طور پر کتنے عناصر حاصل کئے گئے۔
11 (1) 17 (2) 12 (3) 63 (4)

8. مصنوعی عناصر کے منجملہ اب تک کتنے عناصر دریافت ہو چکے ہیں۔
105 (1) 93 (2) 91 (3) 115 (4)

9. ہائیڈروجن کا جوہر ایک تعمیری شئے ہے اور دیگر تمام عناصر کے جوہر ہائیڈروجن کے کئی جوہروں کے اشتراک سے وجود میں آتے ہیں' یہ کس نے کہا تھا

(1) لیوثر (2) نیولینڈ (3) جوزف لیوس پراسٹ (4) ڈابرنیر

10. 16ویں صدی میں تمام عناصر کے جوہری اوزان کو مکمل عدد میں ظاہر کیا جاتا تھا اور ہائیڈروجن کا جوہری وزن.....تصور کیا جاتا تھا

(1) 2 (2) 1 (3) بے وزن (4) صفر

11. 16 جب یکساں خصوصیات کے حامل 3 عناصر کو لے کر انہیں بڑھتے ہوئے اوزان جوہر کے لحاظ سے ترتیب دینے پر درمیانی جوہر کا وزن پہلے اور آخری عنصر کے اوزان جوہر کے مجموعے کا اوسط ہوتا ہے۔

(1) نیولینڈ (2) ڈابرنیر (3) موسلے (4) پروسٹ

12. ہر صف میں موجود عناصر ایک ثلیث کو ظاہر کرتے ہیں اُس صف کی شناخت کیجئے۔ ڈابرنیر کی ثلیث نہیں ہو

A.	Lithium	Sodium	Potassium
B.	Manganese	Chromium	Iron
C.	Sulpher	Bromine	Lead

(1) A (2) B (3) C (4) تمام کے تمام

13. ڈابرنیر سے یہ غیر متعلق ہے۔

(1) جوہری اوزان اور ان کی خصوصیات کے درمیان رشتہ پایا جاتا ہے۔

(2) جوہری عدد دوری جدول کا اساس ہے۔

(3) یکساں طبعی و کیمیائی خواص کے حامل عناصر کو چند گروپس میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

(4) یہ جرمن کیمیاء دان تھا۔

14. یہ نظریہ اقل ترین اور اعظم ترین کمیت رکھنے والے عناصر سے متعلق ناکام رہا ہے۔

(1) ڈابرنیر (2) موسلے (3) نیولینڈ (4) ڈالٹن

15. ڈابرنیر کے نظریہ کے نام ہونے کی وجوہات

(1) اس زمانے میں معلوم شدہ عناصر کو ثلیث کی شکل نہیں دیئے پانا

(2) اقل ترین اور اعظم ترین اوزان میں عناصر سے متعلق ناکامی

(3) جوہری کمیت کی صحت کے ساتھ پیمائش (4) یہ تمام

16. کیلشیم (Ca) اور بیریم (Ba) کی کثافتیں بالترتیب 1.55 اور 3.51gr/cm ہے۔ ڈابرینز کے کلیہ ثلیث کی بنیاد پر کیا آپ اسٹرانشیم دوری کی کثافت بنا سکتے ہیں

(1) 2.53 (2) 3.2 (3) 2 (4) 2.60

17. نیولینڈ کتنے گروپس ترتیب دیئے۔

(1) 8 (2) 7 (3) 3 (4) 18

18. جب عناصر کو ان کے بڑھتے ہوئے اوزان جوہر کے حساب سے ترتیب دینے پر یہ 7 گروپس میں ظاہر ہوتے ہیں۔ ہر گروپ میں یکساں کیمیائی خواص کے حامل عناصر پائے جاتے ہیں۔

(1) ثلیث (2) ہشتہ (3) دوری جدول (4) جدید دوری جدول

19. ہشتہ کے کلیہ میں۔

(1) ہر ساتواں عنصر پہلے عنصر کی خصوصیات سے مشابہت رکھتا ہے۔ (2) ہر آٹھواں عنصر پہلے عنصر کی خصوصیات سے مشابہت رکھتا ہے۔

(3) ہر تیسرا عنصر درمیانی عنصر کی خصوصیات سے مشابہت رکھتا ہے۔ (4) مندرجہ بالا تمام

20. نیولینڈ کے ہشتہ کے کلیہ میں یکساں کیمیائی خواص والے عناصر کو.....صف کی سمت میں رکھا گیا

(1) جانبی (2) افقی (3) عموداً (4) مائل

21. عناصر کو جوہری اعداد تفویض کیا۔

(1) نیولینڈ (2) ڈابرنیر (3) پروسٹ (4) ڈالٹن

22. ہشتہ کا کلیہ کن عناصر تک کے لئے موزوں ہے۔

(1) Ca تک (2) Ce تک (3) Ar تک (4) Av تک

23. نیولینڈ کے دوری جدول میں کل عناصر کی تعداد۔

(1) 56 (2) 63 (3) 91 (4) 24

24. نیولینڈ کے جدول کی خامی سے غیر متعلق ہے۔

(1) نیولینڈ نے دو عناصر کو ایک ہی خانہ میں رکھا مثلاً کوبالٹ اور نکل۔

(2) غیر یکساں خواص رکھنے والے چند عناصر کو ایک ہی گروپ میں رکھا گیا۔

(3) بعض اوقات تمام عناصر کو ان کے خواص میں پائے جانے والی یکسانیت کی پرواہ کئے بغیر موسیقی کے سروں کی بنیاد پر درجہ بندی کرنے کی کوشش کی۔

(4) اس نے انگریزی سُروں کی بنیاد پر انہیں ترتیب دیا اگر ہندوستانی سُروں پر ترتیب دیتا تو اس کا کلیہ کامیاب ہو جاتا ہے۔

25. موسیقی میں

(1) پہلا اچھا ہوتا ہے (2) ہر آٹھواں سر پہلے سُر کی خصوصیات کو دہراتا ہے

(3) صرف ہندوستان میں ایسا ہوتا ہے (4) انگریزی موسیقی میں سُر نہیں پائے جاتے

26. مینڈیلیف نے ایک ہی گروپ کے عناصر میں مشابہت ان کی بنیاد پر بیان کرنے کی کوشش کی۔

(1) عام گرفت (2) اوزان جوہر (3) جوہری عدد (4) کیمیائی خواص

27. مینڈیلیف نے عناصر کے چارٹ کو.....کالم میں تقسیم کیا۔

(1) آٹھ عمودی کالم (2) سات عمودی کالم (3) آٹھ افقی کالم (4) سات افقی کالم

28. مینڈیلیف کے عمودی کالم میں کس قسم کے عناصر پائے جاتے ہیں۔

(1) غیر مشابہہ طبعی خواص والے (2) مشابہہ طبعی خواص والے

(3) یکساں کیمیائی خواص والے (4) غیر مشابہہ کیمیائی خواص والے

29. مینڈیلیف نے کسی گروپ میں عناصر کی مشابہت اس بنیاد پر بیان کرنے کی کوشش کی۔
(1) اوزان جوہر (2) گرفت (3) جوہری عدد (4) موسیقی کے سُر

30. مینڈیلیف کا کلیہ ہے۔
(1) عناصر کے طبعی اور کیمیائی خواص اور ان کے اوزان جوہر کے دوری فعل ہوتے ہیں۔
(2) عناصر کو ان کے بڑھتے ہوئے اوزان جوہر کے حساب سے رکھا جائے تو ان کی ایک خاص ترتیب دکھائی دیتی ہے جس میں ان کے خواص مساوی وقفوں سے دہرائے جاتے ہیں ۔ ہر آٹھواں عنصر کی خصوصیت پہلے عنصر کے مشابہت رکھتی ہے۔
(3) جب یکساں خصوصیات کے حامل 3 عناصر کو لے کر انہیں بڑھتے ہوئے اوزان جوہر کے لحاظ سے ترتیب دینے پر درمیانی جوہر کا وزن پہلے اور آخری عناصر کے اوزان جوہر کے اوسط کا مساوی ہوتا ہے۔
(4) عناصر کے طبعی و کیمیائی خواص ان کے اوزان جوہر کے دوری فصل ہوتے ہیں۔

31. مینڈیلیف کے دوری کلیہ میں۔
(1) 8 گروپ اور 17 ادوار ہیں (2) 7 گروپ اور 8 ادوار ہیں
(3) 6 گروپ اور 7 ادوار ہیں (4) 18 گروپ اور 7 ادوار ہیں

32. مینڈیلیف جس نے نامعلوم عناصر کے خواص کی پیش قیاسی کی اس میں ایک ایکا المونیم ہے اب وہ عنصر کونسا ہے۔
(1) جرمانیم (2) گالیم (3) سلیکان (4) فاسفورس

33. ایکا المونیم یعنی گیلیم (Ga) کا نقطہ اماعت۔
(1) $30.2^{o}C$ (2) $37^{o}C$ (3) $48^{o}C$ (4) $25^{o}C$

34. اوزان جوہر کی تصحیح کے لئے ضابطہ۔ جوہری وزن = معادل وزن x.....
(1) گرفت (2) الکٹرانوں کی تعداد (3) پروٹانوں کی تعداد (4) مرکزہ

35. یہ بیان میڈلیف سے غیر متعلق ہے۔
(1) عناصر کے بے قاعدہ جوڑ زیادہ جوہری وزن کے چند عناصر کم جوہری وزن کے عناصر کے قبل پائے گئے۔
(2) غیر مشابہہ عناصر کا ایک ساتھ رکھنا۔
(3) اعزاز میں 101 جوہری عدد والے عنصر کا نام مینڈالیوم رکھا گیا ہے۔
(4) یہ سب نیولینڈ کا کلیہ ہشتہ سے متعلق ہے۔

36. یہ جدید دوری جدول سے متعلق صحیح بیان ہے۔
(1) عناصر کے طبعی و کیمیائی خواص ان کے اوزان جوہر کے دوری فصل ہوتے ہیں۔
(2) عناصر کے طبعی و کیمیائی خواص ان کے جوہری اعداد کے دوری فصل ہوتے ہیں۔
(3) عناصر کے طبعی و کیمیائی خواص ان کے جوہروں کی الکٹرانی تشکیل کے دوری فصل ہوتے ہیں۔
(4) عناصر کے طبعی و کیمیائی خواص موسیقی کے سروں کے دوری فصل ہوتے ہیں۔

37. جدید دوری جدول کس کلیہ کی بنیاد پر تشکیل دیا گیا۔
(1) ہشت کا کلیہ (2) مینڈلیف کا کلیہ (3) موسلے کا کلیہ (4) ڈابرنیر کا کلیہ

38. ایچ جے موسلے۔
(1) کسی عنصر کے جوہر میں موجود مثبت برقی باروں کی جملہ تعداد (پروٹان) اُس عنصر کا جوہری عدد کہلاتی ہے۔
(2) جب کسی عنصر کو بلند توانائی والے الکٹران کے ذریعہ بمبار کیا جاتا ہے تو وہ عنصر مخصوص قسم کے لاشعاعوں کا اخراج کرتا ہے۔
(3) کسی بھی عنصر کا جوہری عدد اس کی جوہری کمیت سے زیادہ بنیادی خصوصیت ہوتی ہے۔
(4) عناصر کے طبعی و کیمیائی خواص اس کے جوہروں کی الکٹرانی تشکیل کے دوری فصل ہوتے ہیں۔

39. جدید دوری جدول میں ہوتے ہیں
(1) سات پیریڈ آٹھ گروپ (2) سات پیریڈ 18 گروپ (3) سات گروپ 18 پیریڈ (4) آٹھ گروپ سات پیریڈ

40. جدید دوری جدول میں کتنے بلاک ہیں۔
(1) 2 (2) 3 (3) 4 (4) 1

41. جدید دوری جدول میں گروپس کو IUPAC کی سفارشات کی بنیاد پر اس سے ظاہر کیا جاتا ہے۔
(1) رومن اعداد (2) رومن اور انگریزی حروف تہجی (3) ہندعربی اعداد (4) تلگو اعداد

42. جدید دوری جدول میں گروپ کو.....بھی کہتے ہیں
(1) کیمیائی خاندان (2) عنصر کا خاندان (3) (1) اور (2) دونوں (4) کچھ کہا نہیں جاسکتا

43. قلویانہ دھاتوں کا خاندان۔
(1) Li سے Fr (2) Bc سے Ra (3) F سے At (4) B سے Ti

44. جدید دوری جدول میں پیریڈ کسی مخصوص عنصر کے جوہر میں پائے جانے والے.....کی تعداد اُس عنصر کے پیرڈس کا تعین کرتی ہے۔
(1) اصل خول (2) ذیلی خول (3) بیضوی خول (4) کوانٹم خول

45. Aliquili سے مراد۔
(1) Bone ashes (2) Coal ashes (3) Planto ashes (4) Flesh ashes

46. Chalcogens سے مراد۔
(1) نمک بنانے والے عناصر (2) کچدھات بنانے والے عناصر
(3) راکھ بنانے والے عناصر (4) سمندر سے حاصل ہونے والے عناصر

47. ''4f'' عناصر۔
(1) Halogen (2) Lanthanoids (3) Chalcogens (4) Actinoids

48. ''5f'' عناصر۔
(1) Actinoides (2) Lathanoids (3) Chalcogens (4) Hallogens

49. بیرونی خول میں تین یا چار الکٹران کے حامل عناصر کو.....تصور کیا جاتا ہے۔
(1) دھاتیں (2) ادھاتیں (3) مائع (4) گیس

50. پانچ یا اُس سے زائد الکٹران اگر بیرونی خول میں ہوں تو انہیں.....تصور کیا جاتا ہے۔
(1) دھاتیں (2) ادھاتیں (3) مائع (4) گیس

51. Ge, Al, Si, B۔

(1) ادھات ہیں (2) نیم دھات (3) گیس (4) مائع

52. کسی عنصر کی.....سے مراد اُس عنصر کی ہائیڈروجن یا آکسیجن کے ساتھ مل کر بند بنانے کی طاقت ہوتی ہے۔

(1) گرفت (2) بند (3) الکٹرانی تشکیل (4) جوہری عدد

53. جوہری نصف قطر کی پیمائش.....اکائیوں میں کی جاتی ہے۔

(1) Nanometer (2) Picometer (3) Decameter (4) Hectameter

54. Clاور Cl^- میں کس کی جسامت زیادہ ہوتی ہے۔

(1) Cl (2) Cl^-

(3) دونوں کی جسامت مساوی ہوتی ہے (4) یہ تمام

55. Na^+اورNa میں کس کی جسامت زیادہ ہوتی ہے۔

(1) Na (2) Na^+

(3) دونوں کی جسامت مساوی ہوتی ہے (4) یہ غیر متعلق ہے

56. Na‘Mg^{+2} میں کس کی جسامت بڑی ہے۔

(1) Mg^{+2} (2) Na (3) دونوں مساوی ہیں (4) کہا نہیں جاسکتا

57. کسی بھی گیسی تعدیلی جوہر کے سب سے بیرونی خول سے ایک الکٹران کو نکالنے کے لئے درکار توانائی

(1) بند کی توانائی (2) روانی توانائی (3) اخراجی توانائی (4) انجذابی توانائی

58. کسی بھی گیسی تعدیلی جوہر کے سب سے بیرونی خول سے ایک الکٹران کو نکالنے کے لئے درکار توانائی.....کہلاتی ہے۔

(1) روانی توانائی (2) پہلی روانی توانائی (3) دوسری روانی توانائی (4) اخراجی توانائی

59. کسی بھی عنصر کی اکائی مثبت رواں سے ایک الکٹران کو نکالنے کے لئے درکار توانائی اس عنصر کی.....توانائی کہلاتی ہے۔

(1) انجذابی توانائی (2) پہلی روانی توانائی (3) دوسری روانی توانائی (4) اخراجی توانائی

60. روانی توانائی کو ظاہر کرتے ہیں۔

(1) $KJmol^{-1}$ (2) $KCalmol^{-1}$ (3) $Jmol^{-1}$ (4) $Calmol^{-1}$

61. کسی عنصر کی الکٹرانی رغبت کو اس عنصر کی حاصل کرنے کی.....کہا جاتا ہے۔

(1) توانائی (2) enthalpy (3) emilsion (4) Discharge

62. کسی گیسی تعدیلی جوہر میں ایک الکٹران داخل ہونے پر آزاد ہونے والی توانائی کہلاتی ہے

(1) روانی توانائی (2) الکٹرانی رغبت (3) پہلی روانی توائی (4) اخراجی توانائی

63. جب کسی عنصر کے اکائی منفی رواں میں الکٹران کو داخل کرنے پر خارج ہونے والی توانائی اس عنصر کی۔

(1) پہلی enthalpy (2) دوسری روانی توانائی (3) دوسری الکٹرانی رغبت (4) پہلی الکٹرانی رغبت

64. $\frac{\text{روانی توانائی} + \text{الکٹرانی رغبت}}{2} =$ _____

(1) بندشی توانائی (2) الکٹرانی توانائی (3) اخراجی توانائی (4) برقی منفیت

65. سب سے زیادہ برقی منفیت والا عنصر ہے

Cl (1) Br (2) F (3) I (4)

66. ہالوجنس میں سب سے زیادہ الکٹرانی رغبت 4.0 رکھنے والا عنصر ہے

Cl (1) Br (2) F (3) I (4)

67. برقی منفیت کو تجویز کرنے والا۔

(1) روتھرفورڈ (1) ملیکن (3) موسلے (4) مینڈلیف

68. سب سے کم برقی منفیت والا اقیام پذیر عنصر۔

Cs (1) F (2) Li (3) B (4)

69. IVA گروپ میں C, Si, Ge,Sn,Pb میں ادھات۔نیم دھات اور دھات ترتیب وار

C,sI,Ge,Sa,Pb (1) Si,Ge,C,Su,Pb (2) Su,Pb,Ge,Si,C (3) Pb,Su,Ge,Si,C (4)

70. نائیٹروجن (Z=7) دوری جدول کے گروپ V کا عنصر ہے۔درج ذیل میں اس گروپ اگلے عنصر کا جوہری عدد کونسا ہے۔

9 (1) 14 (2) 15 (3) 17 (4)

71 ایک جوہر کی الکٹرانی تشکیل 2,8,7 ہے۔درج ذیل کا عنصر کیمیائی طور پر اس سے مشابہ ہوتا ہے۔

(1) نائیٹروجن (Z=7) (2) فلورین (Z=9) (3) فاسفورس (Z=15) (4) (Z=18)

72 درج ذیل میں سب سے زیادہ عامل دھات کونسی ہے۔

(1) لیتھیم (2) سوڈیم (3) پوٹاشیم (4) روبیڈیم

جوابات KEY

1-2	2-3	3-1	4-2	5-2	6-2	7-2	8-4	9-3	10-2
11-2	12-3	13-	14-1	15-4	16-1	17-2	18-2	19-1	20-2
21-1	22-1	23-1	24-4	25-2	26-1	27-1	28-3	29-2	30-4
31-1	32-2	33-1	34-1	35-4	36-3	37-3	38-4	39-2	40-3
41-3	42-3	43-1	44-1	45-3	46-2	47-2	48-1	49-1	50-2
51-2	52-1	53-2	54-2	55-1	56-2	57-2	58-2	59-2	60-2
61-2	62-1	63-3	64-3	65-3	66-1	67-2	68-1	69-1	70-3
71-2	72-3								

کیمیائی بندش Chemical Bonding

1. گرفت کا الکٹرانی نظریہ پیش کیا

(1) لیوس اور کوسل (2) آف باؤ (3) ہنڈ (4) فائی ہوم

2. ایک عنصر $_{11}X^{23}$ دوسرے عنصر Y سے مل کر روانی مرکب بناتا ہے۔تب x عنصر پر ظاہر ہونے والا بار ہوگا۔

+1 (1) +2 (2) -1 (3) -2 (4)

3. ایک عنصر 'A' ، کلورین سے مل کر ACl_4 سالمہ بناتا ہے جو ہر 'A' ، گرفتی خول میں موجود الکٹران کی تعداد ہوتی ہے۔

(1) 1 (2) 2 (3) 3 (4) 4

4. کسی جوہر کے بیرونی خول میں زیادہ سے زیادہ آٹھ الکٹران کی گنجائش ہوتی ہے۔ یہ کونسا اصول ہے

(1) ہشتہ کا اصول (2) آف بو کا اصول (3) ہنڈ کا اصول (4) سومر فیلڈ کا اصول

5. دو مختلف عناصر کے جوہروں کے درمیان ایک جوہر سے دوسرے جوہر میں الکٹران کی منتقلی کی وجہ سے بنتا ہے۔

(1) شریک گرفتی بند (2) قطبی بند (3) روانی بند (4) سالمی بند

6. کمیاب گیسوں کے آخری خول میں الکٹرانوں کی تعداد سوائے ہیلیم کے

(1) 6 (2) 12 (3) 14 (4) 8

7. دھاتیں جن کے بیرونی خول میں ایک، دو یا تین الکٹران ہوتے ہیں ان کو خارج کر کے.....رواں میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور یہ کمیاب گیسوں کی طرح اپنے بیرونی خول میں آٹھ الکٹران حاصل کر لیتے ہیں اور قیام پذیر ہو جاتے ہیں۔

(1) منفی (2) مثبت (3) تعدیلی (4) ان میں سے کوئی نہیں

8. دھاتی جوہر کے خارج کردہ الکٹران کی تعداد ان عناصر کی گرفت ہوتی ہے اور یہ اس عنصر کے.....بھی ہوتا ہے۔

(1) گروپ کا عدد (2) سالمی عدد (3) گرفتی عدد (4) جوہری عدد

9. روانی بند کو.....بھی کہتے ہیں۔

(1) برقی سکونی ب بند (2) شریک گرفتی بند (3) سالمی بند (4) قطبی بند

10. ادھاتی جوہر کے حاصل کردہ الکٹران کی تعداد ان عناصر کی.....ہوتی ہے۔

(1) گرفت (2) جوہری عدد (3) وزن (4) کمیت

11. Cl^- کی الکٹرانی تشکیل۔

(1) 2,8,8 (2) 2,8,6 (3) 2,8,7 (4) 2,8,9

12. Na^+ کی الکٹرانی تشکیل۔

(1) 2,8,1 (2) 2,8,2 (3) 2,8 (4) 2,8,8,5

13. سوڈیم کی الکٹرانی تشکیل (Na)۔

(1) 2,8,1 (2) 2,8 (3) 2,8,8,5 (4) 2,8,4

14. $MgCl_2$ میں Cl^- کی الکٹرانی تشکیل۔

(1) 2,8,7 (2) 2,8,8 (3) 2,8,12 (4) 2,8,6

15. Mg اور Mg^{+2} کی الکٹرانی تشکیل ترتیب وار۔

(1) 2,8,2 2,8,1 (2) 2,8,2 2,8 (3) 2,8 2,8,1 (4) 2,8 2,8,2

16. آکسیجن کی الکٹرانی تشکیل۔

(1) 2,6 (2) 8 (3) 2,2,2,2 (4) 2,8

17. O^{-2} کی الکٹرانی تشکیل۔

(1) 2,6 (2) 2,8 (3) 2,7 (4) 2,4

18. $AlCl_3$ سے متعلق یہ بیان صحیح ہے۔

(1) المونیم کا ایک جوہر تین الکٹران کھوتا ہے۔

(2) کلورین کا ہر ایک جوہر ایک ایک الکٹران کو حاصل کرتا ہے۔

(3) المونیم الکٹران کھو کر مثبت رواں بنتا ہے اور کلورین الکٹران حاصل کر کے منفی رواں بنتا ہے۔

(4) یہ تمام۔

19. $NaCl$، $MgCl_2$، Na_2O، $AlCl_3$، CH_4 میں روانی بند اس مرکب میں نہیں پایا جاتا۔

(1) CH_4 (2) $MgCl_2$ (3) $NaCl_2$ (4) $AlCl_3$

20. برقی سکوتی قوت۔

(1) سمتی قوت ہے (2) غیر سمتی قوت ہے (3) سکونی قوت ہے (4) بندشی قوت ہے

21. روانی مرکبات ہوتے ہیں

(1) قلمی (2) نقلمی (3) سخت (4) ملائم

22. $NaCl$ کے قلم سے Na^+ اور Cl^- کا ربطی عدد ترتیب وار۔

(1) 4,6 (2) 5,6 (3) 6,6 (4) 6,5

23. ایسے عناصر کے جوہر جن کی برقی منفیت کا فرق..... کے مساوی یا اس سے زیادہ ہوتا ہے روانی بند بناتے ہیں۔

(1) 1.4 (2) 1.8 (3) 1.9 (4) 4

24. ایسے عناصر کے جوہر جن کی جوہری جسامت زیادہ، روانی قوہ کم برقی رغبت اور برقی منفیت کم ہوتی ہے.....رواں بناتے ہیں۔

(1) منفی (2) مثبت (3) تعدیلی (4) شدید تعملی

25. ایسے عناصر کے جوہر جن کی جوہری جسامت کم، روانی قوہ زیادہ، برقی رغبت زیادہ اور برقی منفیت زیادہ ہوتی ہے.....رواں بناتے ہیں

(1) منفی (2) مثبت (3) تعدیلی (4) شدید عاملی

26. دھاتوں کی الکٹران کھو کر ہشتہ حاصل کرنے کی خاصیت کو۔

(1) Electronegetivity (2) Electropositivity

(3) Electron Affinity (4) یہ تمام

27. ادھاتوں کی الکٹران حاصل کر کے ہشتہ حاصل کرنے کی خاصیت کہلاتی ہے

(1) Electronegetivity (2) Electropositivity

(3) Electron Affinity (4) یہ تمام

28. شریک گرفتی بند میں لفظ ''شریک'' کے معنی۔

(1) دونوں مل کر بند بنانا (2) دونوں جوہر اپنے مساوی الکٹران شامل کرتے ہوئے بند بنانا

(3) ایک جوہر زیادہ اور ایک جوہر کم الکٹران شریک کرنا (4) یہ تمام

29. کیمیائی طور پر عامل عناصر کے گرفتی خول میں ہشتہ.....ہوتا ہے۔

(1) مکمل (2) نامکمل (3) کچھ کہا نہیں جا سکتا (4) گرفتی خول

30. برقی سکونی قوتِ کشش کی وجہ سے Cation اور anion رواں ایک دوسرے سے مل کر ایک تعدیلی اکائی (سالمہ) بناتے ہیں جس کو ..... کہتے ہیں۔

(1) روانی بند (2) شریک گرفتی بند (3) قطبی بند (4) تعدیلی بند

31. روانی بند عموماً قلمی ٹھوس ہوتے ہیں اور ان کا..... زیادہ ہوتا ہے۔

(1) نقطہ اماعت (2) نقطہ جوش (3) نقطہ انجماد (4) نقطہ بخارات

32. سوڈیم جوہر اور سوڈیم رواں۔

(1) کیمیائی طور پر یکساں ہوتے ہیں (2) ان میں پروٹانوں کی تعداد مساوی ہوتی ہے

(3) ان میں الکٹرانوں کی تعداد مساوی ہوتی ہے (4) یہ شریک گرفتی بند بناتے ہیں

33. دھاتی جوہر بناتے ہیں۔

(1) منفی رواں (2) مثبت رواں (3) شریک گرفتی بند (4) دھاتی بند

34. حسب ذیل میں سب سے زیادہ عامل

(1) فلورین (2) کلورین (3) برومین (4) آئیوڈین

35. ایک عنصر آکسیجن سے تعامل کر کے بلند نقطہ اماعت کا حامل مرکب بنتا ہے اور یہ پانی میں مکمل طور پر حل ہوتا ہے جبکہ بنزین میں یہ ناقابل حل ہے یہ عنصر ہوسکتا ہے۔

(1) کیلشیم (2) سلفر (3) سلیکان (4) آرسنک

36. ذیل میں دیئے گئے اس سالمہ میں دوہرا بند پایا جاتا ہے۔

(1) N_2 (2) C_2H_4 (3) CH_3 (4) CCl_4

37. حسب ذیل میں وہ کونسا عنصر ہے جو دو الکٹران کو کھو کر آرگان کی الکٹرانی تشکیل اپناتا ہے۔

(1) Mg (2) برومین (3) سلفر (4) کیلشیم

38. دھاتیں اور ادھاتیں مل کر جو بند بناتے ہیں۔

(1) شرک گرفتی بند (2) روانی بند (3) قطبی بند (4) قطبی شریک گرفتی بند

39. حسب ذیل میں کمزور بند کونسا ہے۔

(1) ہائیڈروجن بند (2) وانڈروال قوتیں (3) الکٹرانی بند (4) رواں اور دو قطبی اشتراک

40. سیندیم اور فلورین C_5F میں بند کی نوعیت ہوتی ہے۔

(1) روانی (2) دھاتی (3) شریک گرفتی (4) گرفتی بند

41. ذیل میں کس مرکب کا بند کا تراوید بڑا ہوتا ہے۔

(1) Co_2 (2) NH_3 (3) CH_4 (4) CO_2

42. حسب ذیل میں روانی مرکب ہے۔

(1) CO_2 (2) HCl (3) HO_2 (4) CaO

43. شریک گرفتی بند بنتا ہے۔
(1)الکٹران کی منتقلی سے (2)الکٹران کے اشتراک سے (3)الکٹران کے عطیہ سے (4) الکٹران کے قبول کرنے سے

44. کاربن کا جوہری عدد 6 ہے تو اس کی گرفت۔
(1) 2 (2) 4 (3) 6 (4) 5

45. ذیل کے مرکبات میں کس میں شریک گرفتی بند نہیں پایا جاتا۔
(1) O_2 (2) CCl_4 (3) $CHCl_3$ (4) $MgCl_2$

46. حسب ذیل میں کونسا عنصر شریک گرفتی ہے۔
(1) H_2 (2) CaO (3) KCl (4) Na_2S

47. H_2O بند میں پایا جانے والا انطباق۔
(1) سرے سے سرا (2) سرا سے پہلو (3) پہلو سے سرا (4) پہلو سے پہلو

48. جذب کی گئی توانائی کہاں جاتی ہے۔
(1) سالمہ میں موجود کیمیائی بند کو توڑنے کے لئے (2) سالمہ میں موجود کیمیائی بند کو جوڑنے کے لئے
(3)جوہر میں موجود کیمیائی بند کو بنانے کے لئے (4) جوہر میں موجود کیمیائی بند کو توڑنے کے لئے

49. امونیا NH_3 کے سالمہ کی شکل۔
(1)مستطیلی مخروطی (2) مثلثی مخروطی (3) مربع مخروطی (4) مکعب مخروطی

50. $BeCl_2$ کے سالمہ میں بند کا زاویہ۔
(1) 90^o (2) 36^o (3) 180^o (4) 45^o

51. H_2O کے سالمہ کی شکل۔
(1) مخروطی (2) V کی طرح (3) خطی (4) مثلثی

جوابات KEY

1-1	2-1	3-4	4-1	5-3	6-4	7-2	8-1	9-1	10-1
11-1	12-3	13-1	14-2	15-2	16-1	17-2	18-4	19-1	20-1
21-1	22-3	23-3	24-2	25-1	26-2	27-1	28-2	29-2	30-1
31-1	32-2	33-2	34-1	35-1	36-2	37-1	38-2	39-2	40-1
41-4	42-4	43-2	44-2	45-4	46-1	47-1	48-1	49-2	50-3
51-2									

10. فلزکاری کے اصول

قشرہ ارض/زمین کی اوپری پرت (Crust) دھاتوں کا اہم ذریعہ ہے۔ سمندری پانی میں بھی چند حل پذیر نمک جیسے سوڈیم کلورائیڈ اور میگنشیم کلورائیڈ وغیرہ پائے جاتے ہیں۔ چند دھاتیں جیسے سونا (Au)، چاندی (Ag) اور تانبہ (Cu) وغیرہ بہت کم عامل ہوتے ہیں اسی لیے یہ قدرت میں آزادانہ حالت میں پائی جاتی ہیں۔

دیگر دھاتیں چونکہ بہت زیادہ عامل ہوتی ہیں اس لئے قدرت میں مرکب حالت میں پائی جاتی ہیں۔ قدرتی طور پر زمین کی اوپری پرت (Crust) میں پائی جانے والی دھاتوں کے عناصر یا مرکبات ''معدنیات'' (Mnierals) کہلاتے ہیں۔

بعض مقامات پر دستیاب معدنیات میں ایک خاص دھات کا فیصد بہت زیادہ پایا جاتا ہے جس سے دھات کی تخلیص منافع بخش طریقہ سے کی جاسکتی ہے۔ ایسی معدنیات جس سے دھات کو معاشی نقصان کے بغیر حاصل کیا جاسکتا ہے، کچ دھاتیں (Ores) کہلاتی ہے۔

مثال کے طور پر المونیم کو باکسائیٹ (Bauxite) نامی کچ دھات سے حاصل کیا جاتا ہے جس میں 50 تا 70 فیصد المونیم آکسائیڈ پایا جاتا ہے۔

کچ دھات	ضابطہ	دھات	کچ دھات	ضابطہ	دھات
Bauxite	$(Al_2O_3 2H_2O)$	Al	**Zincite**	(ZnO)	Zn
Copper Iron Pyrites	$(CuFeS_2)$	Cu	**چٹانی نمک (Rocksalt)**	$(NaCl)$	Na
Zine Blende	(ZnS)	Zn	**شنگرف (Cinnabar)**	(HgS)	Hg
Magnesite	$(MgCO_3)$	Mg	**Magnetite**	(Fe_3O_4)	Fe
Epsom Salt	$(MgSO_4\ 7H_2O)$	Mg	**Galena**	(PbS)	Pb
Horn Silver	$(AgCl)$	Ag	**سنگ گچ (Gypsum)**	$(CaSO_4 2H_2O)$	Ca
Pyrolusite	(MnO_2)	Mn	**چونے کا پتھر (Lime Stone)**	$(CaCO_3)$	Ca
Haematite	(Fe_2O_3)	Fe	**Carnallite**	$(KClMgCl_2 6H_2O)$	Mg

کئی دھاتوں کی متعلقہ کچ دھاتیں آکسائیڈس اور سلفائیڈس پر مشتمل ہوتی ہیں۔ اسی لئے آکسیجن اور سلفر (16واں گروپ) کا گروپ چالکوجن خاندان (Chalcogen family) کہلاتا ہے جہاں پر چالکو کے معنی کچ دھات اور جینس کے معنی پیدا ہونے کے ہیں۔

(Chalco = Ore, Genus = produce)

- K، Na، Ca، Mg اور Al جیسی دھاتیں انتہائی عامل ہوتی ہیں۔ اسی لئے یہ قدرت میں آزادانہ حالت میں نہیں پائی جاتی ہیں؟
- جب کہ Zn، Fe، Pb وغیرہ جیسی دھاتیں معتدل عامل ہوتی ہیں۔ اس لیے یہ قشرہ ارض زمین کی اوپری پرت (Crust) میں خاص طور سے آکسائیڈس، سلفائیڈس اور کاربونیٹس کی شکل میں پائی جاتی ہیں۔
- Au، Ag جیسی دھاتیں بہت کم عامل ہوتی ہیں اس لیے یہ قدرت میں آزادانہ حالت میں پائی جاتی ہیں۔ ہم دھاتوں کو عاملیت

کی بنیاد پر حسب ذیل طریقے سے نزولی ترتیب میں لکھ سکتے ہیں۔

K, Na, Ca, Mg, Al	Zn, Fe, Pb, Cu	Ag, Au
انتہائی عاملیت	معتدل عاملیت	بہت کم عاملیت

کچدھاتوں سے دھاتوں کی تخلیص/(Extraction of metals from the ores):

کچدھاتوں سے دھاتوں کی تخلیص کا عمل تین اہم مراحل پر مشتمل ہوتا ہے

(1) مرتکز کرنا یا ڈریسنگ کرنا (2) خام دھات نکالنا یا حاصل کرنا (3) دھات کو خالص بنانا یا ریفائننگ کرنا

- عام طور پر زمین سے کانکنی کے ذریعہ نکالی جانے والی کچدھات میں مٹی اور ریتی کی کثیر مقدار لوٹوں کی شکل میں پائی جاتی ہے۔
- مرتکز کرنا یا ڈریسنگ کرنے سے مراد کچدھات سے دھات حاصل کرنے کے دوران غیر ضروری پتھریلی اشیاء کا ممکنہ حد تک علیحدہ کرنے کا عمل ہے۔ان مٹی کی لوٹوں کو Gangue کہا جاتا ہے۔اس مرحلہ میں ہمیں جتنا ممکن ہو سکے خالص یا زیادہ مرتکز کچدھات حاصل ہونی چاہیے



❖ کچدھات کی افزودگی کے لیے جوطبعی طریقے استعمال کیے جاتے ہیں۔اکثر موقعوں پر غیرضروری پتھریلی موادکو دھاتی مرکب سے علیحدہ کرنے کے لیے طبعی طریقے سودمند ہوتے ہیں۔مثلاً جھاگیلا تیراؤ (Froth floatation) ایک عام طبعی طریقہ ہے۔

❖ کچدھات کی ڈریسنگ اورافزودگی کے لیے اپنائے جانے والے طبعی طریقوں یا تکنیک کا انحصار کچدھات اوراس میں شامل Gangue کی طبعی خصوصیت کے درمیان پائے جانے والے فرق پر ہوتا ہے۔

طریقہ کا نام	طریقہ کار
ہاتھوں سے چھانٹنا (Hand Picking)	اگر کچدھات اور لوٹوں کے درمیان رنگ، جسامت، ساخت جیسی خصوصیات کا فرق ہوتو تب کچدھات کے ٹکڑوں یا ذروں کو ہاتھوں سے چن کر دیگر لوٹوں سے علاحدہ کرلیا جاتا ہے
دھونا (Washing)	کچدھات کے ٹکڑوں کو پیس کر مائل سطح پر رکھا جاتا ہے بعدازاں پانی کے باقابو بہاؤ کے ساتھ دھولیا جاتا ہے۔کم کثافت والے لوٹوں کے ذرات پانی کے بہاؤ کے ساتھ بہہ جاتے ہیں جبکہ زیادہ کثافت والے کچدھات کے ذرات بچے رہتے ہیں۔
جھاگ تیراؤ (Froth Floatation)	یہ طریقہ خاص طور سے سلفائیڈس کی کچدھاتوں کے لیے سودمند ہوتا ہے جوکہ گیلے پن کی خصوصیت نہیں رکھتے جب کہ ان میں شامل لوٹیں گیلے پن کا شکار ہوجاتیں ہیں۔اس لیے ان لوٹوں پر مشتمل کچدھات کا سفوف بنالیا جاتا ہےاوراس کو پانی کے ساتھ تیراؤ خانہ (Floataion cell) میں داخل کیا جاتا ہے۔پانی میں مناسب دباؤ کے ساتھ ہوا گذاری جاتی ہے۔ہوا گذرنے سے پانی میں کف رجھاگ پیدا ہوتا ہے۔کف کے ساتھ کچدھات کے ذرات سطح پر آتے ہیں جب کہ لوث تہہ نشین ہوجاتے ہیں۔کف علاحدہ کرلیا جاتا ہے۔بعدازاں علاحدہ کردہ جھاگ سے کچدھات کے ذرات حاصل کرنے کے لیےاسے دھولیا جاتا ہے۔(شکل۔1 دیکھئے)
مقناطیسی علحدگی (Magnetic Separation)	اگر کچدھات یا لوث میں کوئی ایک شئے مقناطیسی اور دوسری غیر مقناطیسی ہوتو کچدھات کو برقی مقناطیسوں کے استعمال کے ذریعہ علیحدہ کیا جاتا ہے۔(شکل۔2 دیکھئے)

- کچدھات کی تحویل سے دھات نکالنے کے لیے استعمال کیے جانے والے طریقہ کار کا انحصار دھات کے عامل سلسلہ میں پائے جانے والے مقام پر منحصر ہوتا ہے۔
- (زنک،لوہا،ٹن، سیسہ اورتانبہ): عام طور پران دھاتوں کی کچدھاتیں قدرت میں سلفائیڈس اورکاربونیٹس کی شکل میں پائی جاتی ہیں۔ان کچدھاتوں کو دھات میں تبدیل کرنے سے قبل انھیں دھاتی آکسائیڈس میں تبدیل کرنا ضروری ہوتا ہے۔
- سلفائیڈ کی کچدھاتیں زائد ہوا کی موجودگی میں بلند تپش تک گرم کرنے پر آکسائیڈس میں تبدیل ہوجاتی ہیں۔یہ عمل بھوننا (Roasting) کہلاتا ہے۔عام طور پر سلفائیڈ کچدھاتوں سے دھات کی تحویل سے قبل بھون کر آکسائیڈ میں تبدیل کرلیا جاتا ہے۔

Eg: $2PbS + 3O_2 \rightarrow 2PbO + 2SO_2$

دھات	آکسیجن کے ساتھ تعامل	ٹھنڈے پانی سے تعامل	بھاپ سے تعامل	ہلکا یہ طاقتور ترشوں سے تعامل	کلورین کے ساتھ تعامل
K Na	آکسیجن کی محدود فراہمی پر Na_2O، K_2O بناتی ہیں جب کہ وافر فراہمی پر O_2 کے پر آکسائیڈ حاصل ہوتے ہیں۔	K سے Mg تک ٹھنڈے پانی سے تعامل میں H_2 کا عمل ہٹاؤ میں آتا ہے۔ K سے Mg تک یہ عاملیت گھٹتی ہے K بہت ہی شدت کے ساتھ جب کہ Mg بہت آہستہ سے ہٹاتے ہیں	K سے Fe تک بھاپ سے تعامل پر عاملیت میں کمی کے بغیر H_2 کا ہٹاؤ عمل میں آیا (K بہت ہی شدت کے ساتھ جب کہ Fe بہت ہی آہستہ سے)	K سے Pb تک ہلکا یا طاقتور ترشے سے تعامل کرانے پر عاملیت میں کمی کے ساتھ H_2 کا ہٹاؤ عمل میں آتا ہے۔ (K۔ دھماکے کے ساتھ، Mg۔ بہت ہی شدت کے ساتھ Fe۔ اعتدال کے ساتھ اور Pb بہت ہی آہستہ سے)	تمام دھاتیں کلورین سے گرم کرنے پر متناظر کلورائیڈس بناتے ہیں لیکن ان کی عاملیت اوپر سے نیچے کی جانب گھٹتی ہے۔ اس سے ہمیں یہ سمجھنے میں مدد ملتی ہے کہ جب دھات ایک مول کلورین گیس سے کلورائیڈ بنانے کے لیے تعامل کرتی ہے تو حرارت خارج ہوتی ہے
Ca Mg Al Zn Fe	نزولی ترتیب میں جلتے ہیں اور آکسائیڈس بنانے کے لیے مستعد (Vigour) ہوتے ہیں۔ CaO, MgO, Al_2O_3, ZnO, Fe_2O_3	Al سے Au تک ٹھنڈے پانی سے H_2 کا ہٹاؤ نہیں ہوتا۔			
Pb Cu Hg	جلتے نہیں ہیں بلکہ سطح پر آکسائیڈ کی تہہ بناتے ہیں۔ PbO, CuO, HgO		Pb سے Au تک بھاپ سے H2 کا ہٹاؤ عمل میں نہیں آتا ہے۔	Cu سے Au تک ہلکا یا طاقتور ترشے سے تعامل کرانے پر H_2 کا ہٹاؤ عمل میں نہیں آتا۔	
Ag Pt Au	جلتے نہیں ہیں اور نہ ہی سطح پر آکسائیڈس بناتے ہیں۔				KCl, $NaCl$, $CaCl_2$, $MgCl_2$, Al_2Cl_3, $ZnCl_2$, $FeCl_3$, $PbCl_2$, $CuCl_2$, $HgCl_2$, $AgCl$, $PtCl_3$ اور $AuCl_3$ بنتے ہیں۔

- بند بھٹی (Furnance) میں (کوئلہ) coke سے دھاتی آکسائیڈس کی تحویل کی جاتی ہے جس سے ہمیں دھات اور کاربن موٹو آکسائیڈ (CO) حاصل ہوتی ہے۔

مثال: $PbO + C \xrightarrow{\text{at } 1400\,^{o}C} Pb + CO$

ii) آکسائیڈ کچدھات کی CO سے تحویل (Reduction of oxide ores with CO) :

مثال: $Fe_2O_3 + 3CO \xrightarrow{\text{جھکڑ بھٹی}} 2Fe + 3CO_2$

iii) سلفائیڈ کچدھات کی خودکار تحویل (Auto reduction of sulphide ores): تانبہ (Cu) کی تخلیص کے دوران اس کی متعلقہ سلفائیڈ کچدھات کو جزوی طور پر ہوا میں بھوننے (Roasting) پر یہ متعلقہ دھاتی آکسائیڈ حاصل ہوتا ہے۔

$$2Cu_2S + 3O_2 \rightarrow 2Cu_2O + 2SO_2$$

جب ہوا کی سربراہی کو بند کر دیا جاتا ہے اور تپش بڑھا دی جائے تو باقی سلفائیڈ آکسائیڈ کے ساتھ تعامل کر کے دھات اور SO_2 بناتی ہے

$$2Cu_2O + Cu_2S \rightarrow 6Cu + 2SO_2$$

iv) شدید عامل دھاتوں سے کچدھاتوں (مرکبات) کی تحویل
(Redcution of ores (compounds) by more reactive metals):

- تھرمائیٹ عمل (Thermite Process) میں المونیم کے ساتھ دھاتی آکسائیڈ کے تعامل کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب شدید عامل دھاتوں جیسے سوڈیم، کیلشیم اور المونیم وغیرہ کو بطور تحویلی عامل استعمال کیا جاتا ہے تو وہ مرکب میں شامل کم عامل دھات کو ہٹا کر ان کی جگہ لے لیتے ہیں۔ یہ عمل ہٹاؤ کے تعاملات اعلیٰ بروں حراری (Exothermic) ہوتے ہیں جس کے نتیجہ میں بہت زیادہ حرارت خارج ہوتی ہے۔ اسی لیے دھاتیں پگھلی ہوئی حالت میں حاصل ہوتی ہیں۔

Eg: $TiCl_4 + 2Mg \xrightarrow{850\,^{o}C} Ti + 2MgCl_2$

$TiCl_4 + 4Na \xrightarrow{850\,^{o}C} Ti + 4NaCl$

- آئرن (III) آکسائیڈ (Fe_2O_3) اور المونیم کے سفوف کے درمیان ہونے والے تعامل کو ریل پٹریوں اور مشینوں کے شکستہ پرزوں کو جوڑنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ تعامل عام طور پر ''تھرمائٹ تعامل'' (Thermite reaction) کہلاتا ہے۔

$$2Al + Fe_2O_3 \rightarrow Al_2O_3 + 2Fe + Heat$$
$$2Al + Cr_2O_3 \rightarrow Al_2O_3 + 2Cr + Heat$$

- عامل سلسلہ کے نچلی دھاتوں کی تلخیص (*Ag*، *Hg* وغیرہ) (Extraction of metals at the bottom of the activity series):

- عامل سلسلہ کی نچلی ترتیب میں پائی جانے والی دھاتیں عام طور پر آزادانہ حالت میں دستیاب ہوتی ہیں۔ان کی عاملیت دیگر جوہروں سے بہت ہی کم ہوتی ہے۔صرف ان دھاتی آکسائیڈ کو گرم کرنے پر بھی یہ دھات میں تحویل ہوجاتے ہیں اور بعض مرتبہ ان کے آبی محلول کے ساتھ عمل ہٹاؤ کے تعامل کے ذریعہ بھی حاصل کئے جاتے ہیں۔
- جب شنگرف(Cinnabar)(HgS) جوکہ پارے کی کچدت ہے کو ہوا کی موجودگی میں گرم کیا جاتا ہے تو یہ ابتداء میں HgO میں تبدیل ہوجاتا ہے۔بعدازاں مزید گرم کرنے پر تحویل پاکر پارے میں تبدیل ہوجاتا ہے۔

$$\text{Eg: } 2HgS + 3O_2 \xrightarrow[\text{Heat}]{} 2HgO + 2SO_2 \xrightarrow[\text{Heat}]{} 2HgO \xrightarrow[\text{Heat}]{} 2Hg + O_2$$

- دھاتوں کو زنگ لگنے کا مطلب اس پر آکسائیڈس کی تہہ آہستہ سے جمتی ہے، جمنے والی پرت میں پایا جانا والا مرکب ان کے کچدھاتوں کے مرکبات میں سے ہوتا ہے۔
- کانسہ،لوہے کو زنگ لگنا(آئرن آکسائیڈ)، چاندی کا سیاہ ہوجانا(سلورسلفائیڈ)،تانبہ پر سبز رنگ کی سطح کا بننا(کاپرکاربونیٹ) وغیرہ زنگ لگنے کی چند مثالیں ہیں۔

Refining تخلیص کے مختلف مراحل:

(a) کشید Distillation)، (b) پولنگ(Poling)، (c)اماعت(Liquation) (d) برق پاشیدگی (Electrolysis)وغیرہ۔ دی گئی دھات کی تخلیص کے لیے اپنائے جانے والے عمل کا انحصار دھات اور اس کی لوثوں کی نوعیت پر ہوتا ہے۔

- **کشید(Distillation):** یہ طریقہ اقل ترین نقطہ اماعت رکھنے والی دھاتوں جیسے زنک اور مرکیوری کی تخلیص کے لیے نہایت ہی سودمند ہے جن میں بلند تمیش والی دھاتیں بطور لوث شامل ہوتی ہیں۔کشیدہ خالص دھات (distillate pure metal) حاصل کرنے کے لیے پگھلی ہوئی حالت میں موجود extracted metal کی کشید کی جاتی ہے۔
- **پولنگ(Poling) :** اس طریقہ میں پگھلی ہوئی دھات کو سبز لکڑی کی ہلانی (poles of green wood) سے ہلایا جاتا ہے۔مختلف قسم کی لوثیں گیسی شکل میں خارج ہوتی ہیں یا پھر تکسید پاکر پگھلی ہوئی دھات کی سطح پر بطور تلچھٹ(slag/scum) تیرتی ہیں۔آبلے دار تانبہ (Blister copper) کی اسی طریقہ سے تخلیص کی جاتی ہے۔سبز لکڑی سے خارج ہونے والی تحویلی گیسس کاپر کی مزید تکسید کو روکتی ہے۔
- **اماعت(Liquation):** اس طریقہ سے ٹن جیسی کم نقطہ اماعت والی دھات کو ایک ڈھلوان سطح پر بہایا جاتا ہے۔اس طرح سے یہ زیادہ نقطہ اماعت والی لوث سے علاحدہ ہوجاتی ہے۔
- **برق پاشیدہ تخلیص(Electrolytic refining):** اس طریقہ میں غیر خالص دھات کو بطور مثبت برقیرہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اسی دھات کی خالص پٹی کو بطور منفی برقیرہ استعمال کیا جاتا ہے۔انھیں ایک مناسب برق پاشیدہ محلول(Electrolytic bath) میں رکھا جاتا ہے جس میں اس دھات کا حل پذیر نمک موجود ہوتا ہے۔مطلوبہ دھات خالص شکل میں منفی برقیرہ پر جمع ہوتی ہے اور لوث اور دوسری دھاتیں مثبت برقیرہ کا کیچڑ (Anode mud) کی طرح حاصل ہوتی ہیں برق پاشیدگی کے دوران تعاملات اس طرح ہوتے ہیں۔

$$M \rightarrow M^{n+} + ne^{-} \qquad \text{مثبت برقیرہ}$$

$$M^{n+} + ne^{-} \rightarrow M \quad \text{منفی برقیرہ}$$

جہاں پر n=1،2،3 ہے اور (M= خالص دھات ہے)

ہم تانبہ کی تخلیص کے لیے برق پاشیدگی کے عمل کو استعمال کرتے ہیں۔

زنگ سے محفوظ رکھنا (Prevention of corrosion):

- اشیاء کو زنگ سے محفوظ رکھنا بہت ضروری ہے۔ یہ عمل صرف پیسے ہی نہیں بچاتا ہے بلکہ یہ ہمیں حادثات سے بھی بچاتا ہے جیسے پلوں کا گر جانا اور قفل وغیرہ کا زنگ کی وجہ سے کام نہ کرنا۔
- کسی چیز کو زنگ لگنے سے محفوظ رکھنے کا سب سے سادہ طریقہ دھاتی شئے کی سطح کو فضاء سے تماس سے بچانا ہے۔ ایسا ہم شئے کی سطح پر روغن یا پینٹ یا چند کیمیائی اشیاء کی تہہ چڑھا کر انجام دے سکتے ہیں۔ (مثلاً بسفینال Bisphenol)۔
- دوسرا آسان طریقہ دھات کی سطح پر دوسری دھات کی تہہ چڑھانا جیسے (*Zn*، *Sn* وغیرہ) وغیرہ عامل ہوتے ہیں یا پھر فضاء سے خود تعامل کرتے ہیں اور شئے کو محفوظ رکھتے ہیں۔
- برقی کیمیائی طریقے سے چڑھائی گئی دھات (*Zn*، *Mg* وغیرہ) خود متاثر ہوتی ہے لیکن اصل دھات کو زنگ آلود ہونے سے بچاتی ہے۔
- دھاتوں کی خصوصیات میں بہتری لانے کے لیے بھرتیانا (Alloying) (بھرت بنانا) کا طریقہ استعمال کیا جاتا ہے جس سے حسب خواہش خصوصیت کی حامل دھات حاصل ہوتی ہے۔ مثلاً لوہا وسیع پیمانے پر استعمال ہونے والی دھات ہے جب کہ اسے اس کی خالص حالت میں استعمال نہیں کیا جاسکتا ہے کیوں کہ یہ بہت ہی نرم ہوتا ہے اور گرم کرنے پر آسانی سے خم ہو جاتا ہے۔ اس لیے اس میں دیگر دھاتوں کی تھوڑی سی مقدار یا لوثیں ملائی جاتی ہیں اس میں کاربن کی تھوری مقدار ملانے پر یہ سخت اور مضبوط ہو جاتا ہے۔ اسی طرح جب لوہے کے ساتھ نکل اور کرومیم کو ملایا جاتا ہے تو ہمیں اسٹین لس اسٹیل حاصل ہوتا ہے جس میں زنگ نہیں لگتا ہے۔ خالص سونا 24 قیراط سونے کے طور پر جانا جاتا ہے جو کہ بہت ہی نرم ہوتا ہے۔ اس حالت میں یہ زیور بنانے کے لیے موزوں نہیں ہوتا ہے، اس لیے اس میں چاندی اور تانبہ کی لوثیں شامل کر کے اسے سخت بنایا جاتا ہے۔ عام طور پر ہندوستان میں 22 قیراط سونے کو زیور بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے مراد خالص سونے کے 22 حصوں کے ساتھ 2 حصہ چاندی یا تانبہ ملائے جاتے ہیں۔
- ایسے معدنیات جن سے دھاتوں کو فائدہ بخش طریقے سے اخذ کیا جاتا ہے کچدھات (Ore) کہلاتے ہیں
- قشرہ ارض (Earth Crust) میں پائے جانے والے لوثوں پر مشتمل دھاتی مرکبات کو معدنیات (Minerals) کہتے ہیں۔
- کچدھات مس ے پائی جانے والی لوثوں کو (Gangue) کہا جاتا ہے۔
- Gangue کو علیحدہ کرنے کے لیے ملایا جانے والا مادہ Flux کہلاتا ہے۔

- دھاتوں کی تخلیص کے تین اہم مراحل ہیں۔ کچدھات کا ارتکاز، خام دھات کی تخلیص، دھات کی تخلیص۔
- کچدھات کی ڈرسینگ کرنے کے لیے استعمال کیے جانے والے طبعی طریقے حسب ذیل ہیں۔
ہاتھوں سے چانٹنا(Hand Picking)، دھونا(Washing)، جھاگیلا تیراؤ، مقناطیسی علاحدگی وغیرہ۔
- خام دھات کی تخلیص کے لیے استعمال کیے جانے والے طریقے:
Calcination، Roasting، کیمیائی تحویل، خودکار تحویل، عمل ہٹاؤ، برق پاشدہ تحویل۔
- Calcination ایک ایسا کیمیائی حراری عمل ہے جس میں کچدھات کو ہوا آکسیجن کی عدم موجودگی میں حرارت پہنچائی جاتی ہے۔
- Calcinations کے دوران کاربونیٹ اس کے متناظر آکسائیڈ میں تبدیل ہوجاتی ہے۔
- بھوننا(Roasting) وہ عمل ہے جس میں آکسیجن یا ہوا کی وافر سربراہی کے ساتھ کچدھات کو گرم کیا جاتا ہے۔
- Calcination اور Roasting کے عمل کو پلٹاؤ بھٹی میں انجام دیا جاتا ہے۔
- زنگ اور زنگ آلودہ ہونے سے محفوظ رکھنا۔
- **Calcination:** Calcination ایک ایسا کیمیائی حراری عمل (Pyrochemical Process) ہے جس میں کچدھات کو ہوا کی عدم موجودگی میں حرارت پہنچائی جاتی ہے یا بھونا جاتا ہے۔
- **فلکس:** Flux کچدھات سے تعامل کرکے gangue کو علیحدہ کرنے کے لیے ملایا جاتا ہے۔ اگر لوثیں (gangue) ترشی مادہ کی ہوں تو SiO_2 اور اساسی مادے کی ہوں یا CaO کو بطور Flux استعمال کرتے ہیں۔ اگر لوثیں اساسی نوعیت جیسے FeO ہو تو ترشی فلکس SiO_2 کو gangue حاصل کرنے کے لیے ملایا جاتا ہے۔
- **بھٹی (Furnace):** فلزکاری میں حراری کیمیائی عمل (Pyrochemical Process) کو انجام دینے کے لیے استعمال کی جانے والی بھٹی ہے۔ بھٹی کے تین اہم حصہ ہوتے ہیں۔ جنھیں Hearth، چمنی (Chimney) اور شعلہ دان (firebox) کہا جاتا ہے۔

کثیر جوابی سوالات

1. کچدھات میں پائی جانے والی لوث _____ کہلاتی ہے۔

(a) Gangue (b) Flux (c) Slag (d) معدن

2. حسب ذیل میں کاربونیٹ کچدھات کونسی ہے۔

(a) میگانا سائیٹ (b) باکسائیٹ (c) جپسم (d) گیلینا (Galena)

3. حسب دیل میں جپسم کا صحیح ضابطہ کونسا ہے۔

(a) $CuSO_4.2H_2O$ (b) $CuSO_4.5H_2O$
(c) $CaSO_4.1/2\ H_2O$ (d) $CaSO_4.2H_2O$

4. جھاگ تیراؤ کے عمل میں اس تیل کو استعمال کرتے ہیں۔

(a) کیروسین (b) پائن آئیل (Pine Oil)
(c) کھوپرے کا تیل (Coconut Oil) (d) زیتون کا تیل (Olive Oil)

5. جھاگ تیراؤ کا طریقہ _____ کچدھات کی تخلیص کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

(a) سلفائیڈ (b) آکسائیڈ (c) کاربونیٹ (d) نائٹریٹ

6. گیلینا (Galena) کچدھات ہے۔

Zu (a) Pb (b) Hg (c) Ag (d)

7. آزادانہ حالت میں پائی جانے والی دھات۔

Pb (a) Au (b) Fe (c) Hg (d)

8. قشرہ ارض (Crust) میں سب سے زیادہ پائی جانے والی دھات _____ ہے۔

(a) آکسیجن (b) المونیم (c) زنگ (d) آئرن

9. تھرماڈیٹ عمل میں تحویل عامل _____ ہوتا ہے۔

Al (a) Mg (b) Fe (c) Si (d)

10. Smelting کرنے کا اہم مقصد کچدھات کی _____ کرنا ہے۔

(a) تکسید (b) تحویل (c) تعدیل (d) ان میں سے کوئی نہیں

جوابات

1-a	2-a	3-d	4-b	5-a	6-b	7-b	8-b	9-1	10-1

11. کاربن اوراس کے مرکبات

- ❖ غذا جو ہم کھاتے ہیں، کپڑے جو ہم پہنتے ہیں، آرائش حسن کی اشیا، موٹر گاڑیوں کو چلانے کے لیے استعمال کیے جانے والے ایندھن وغیرہ سب کے سب کاربن کے مرکبات پر مشتمل ہوتے ہیں۔
- ❖ **کاربن** ایک ادھات ہے یہ جدید دوری جدول کے 14 ویں گروپ یا IVA گروپ سے تعلق رکھتی ہے۔اس گروپ کے عناصر کے گرفتی خول میں چار الکٹران موجود ہوتے ہیں۔
- ❖ کاربن کا جوہری عدد 6 ہے۔
- ❖ کاربن کی الکٹرانی تشکیل (زمینی حالت Ground state):$_6C: 1s^2\ 2s^2\ 2p^2$ ہے۔کاربن کو اپنے بیرونی خول میں ہشتہ (Octet) کی تکمیل کے لیے مزید چار الکٹرانوں کی ضرورت ہوتی ہے۔تاکہ C^{-4} رواں بنا سکے کاربن کی برقی منفیت صرف 2.5 ہوتی ہے جب کہ اس کے مرکزے میں صرف 6 پروٹان ہوتے ہیں۔کاربن کے 6 پروٹان پر مبنی مرکزے کو 10 الکٹران کو سنبھالے رکھنا مشکل ہوتا ہے۔اسی لیے کاربن آسانی سے C^{-4} رواں نہیں بنا سکتا۔
- ❖ اگر کاربن اپنے بیرونی خول سے چار الکٹران کھو دیتا ہے تو اس کو C^{+4} رواں بنانا پڑے گا۔ایسا کرنے کے لیے توانائی کی ایک بہت بڑی مقدار کی ضرورت ہوتی ہے جو عام طور پر دستیاب نہیں ہوتی۔اس لیے C^{+4} رواں بننے کے امکانات بہت ہی کم ہوتے ہیں۔کاربن اپنی چوگرفتی حالت کی تسکین کے لیے اپنے چار الکٹران کو دیگر جوہروں سے اشتراک کرتا ہے۔اس کے لیے اسکو اپنے ہی جوہروں یا دیگر عناصر کے جوہروں کے ساتھ شریک ہوکر چار شریک گرفت بند بنانا پڑتا ہے۔

کاربن کے بند بنانے کے ممکنات کو ذیل میں بتلایا گیا ہے۔

a) (i) ایک ہی عنصر کے جوہروں کے ساتھ چار شریک گرفتی بند جیسے ہائیڈروجن کے جوہروں کے ساتھ اور کلورین کے جوہروں کے ساتھ

Eg: CH_4, CCl_4 or  ,

(ii) مختلف عناصر کے جوہروں کے ساتھ چار اکہرے شریک گرفتی بند

Eg: 

b) کاربن کا جوہر ایک دوہرا بند اور 2 اکہرے بند بنا سکتا ہے۔

Eg:  ;

c) کاربن ایک اکہرا اور ایک تہرا بند بنا سکتا ہے۔

مثلاً: $H–C\equiv C–H$ or $CH_3–C\equiv N$ یا کاربن کے جوہر دو دوہرے بند بناتے ہیں۔ $CH_2=C=CH_2$

کاربن کی الکٹرانی تشکیل (عام حالت Ground state)

$1s^2\ 2s^2\ 2p^2$ (or) $1s^2\ 2s^2\ 2p_x^{\ 1}\ 2p_y^{\ 1} 2p_z^{\ 0}$



کاربن کی الکٹرانی تشکیل (اُکسائی حالت Excited state)

$1s^2\ 2s^1\ 2p_x^{\ 1}\ 2p_y^{\ 1}\ 2p_z^{\ 1}$ 

❖ میتھین (CH_4) کے سالمے میں چار مماثل کاربن۔ ہیڈروجن بند موجود ہوتے ہیں اور ان کے $H\hat{C}H$ بند کا زاویہ $109^o28'$ ہوتا ہے۔

❖ لینس پاولنگ ہی وہ واحد شخص ہیں جنھیں اب تک دو غیر اشتراکی نوبل انعام حاصل ہوئے ہیں۔ پہلا نوبل انعام 1954ء میں کیمیاء کے لیے اور دوسرا 1962ء میں امن کے لیے۔

الکٹران کے درجہ میں اضافہ (Promotion of an electron)

❖ جب بند بنتے ہیں تو توانائی کا اخراج عمل میں آتا ہے اور جوہر بہت ہی قیام پذیر ہو جاتے ہیں۔ اگر کاربن دو بند بنانے کے بجائے چار بند بناتا ہے تو بہت زیادہ توانائی کا اخراج عمل میں آتا ہے۔ جس کے نتیجہ میں بننے والا سالمہ بہت ہی قیام پذیر ہوتا ہے۔

❖ اختلاط کے تصور کو لینس پاولنگ نے 1931ء میں متعارف کیا۔ کسی جوہر کے تقریباً مساوی توانائی رکھنے والے ذیلی خولوں کی ترتیب نو کی وجہ سے ایک جیسی خصوصیات (مساوی توانائی اور مساوی جسامت) کے حامل انحطاطی ذیلی خولوں کا حاصل ہونا ''اختلاط'' کہلاتا ہے۔

SP^3اختلاط:

❖ میتھین میں کاربن کے ایک جوہر اور ہائڈروجن کے چار جوہروں کے درمیان چار sp^3 - s سگما بند بناتا ہے۔ان تمام بندوں کی توانائی مساوی ہوتی ہے۔

SP^2اختلاط:

❖ ایتھین $CH_2 = CH_2$ کی تیاری کے لیے کاربن کے جوہر میں Sp^2 اختلاط ہوتا ہے۔ایتھین کا عام نام ایتھلین ہے۔

SPاختلاط:

❖ ایسٹیلین (Acetylene) کے سالمہ میں کاربن کے جوہروں کے درمیان ایک تہرا بند پایا جاتا ہے اور ہر کاربن کی چوتھی گرفت ایک ایک ہائیڈروجن کے جوہر سے ضرورت پوری ہوتی ہے۔ $(H–C \equiv C–H)$

کاربن کے بہروپی اشکال

کسی عنصر کی وہ صفت جس کی وجہ سے وہ دو یا دو سے زائد طبعی حالتوں میں پایا جاتا ہے اور اس کے طبعی خواص مختلف لیکن کیمیائی خواص ایک جیسے ہوتے ہوں بہروپیت (Allotropes) کہلاتی ہے۔جوہروں کی ترتیب میں فرق کی وجہ سے اس خاصیت کا اظہار ہوتا ہے۔

کاربن کے بہروپی اشکال کی دو قسموں میں درجہ بندی کی گئی ہے جو حسب ذیل ہیں۔

- نقلمی اشکال : کوئلہ، کوک، کاجل، گیاس، کاربن، پٹرولیم، کوک
- قلمی اشکال : ہیرا، گرافائیٹ، میٹر فلرین

نقلمی اشکال: کاربن کے مختلف نقلمی بہروپی اشکال: کوئلہ، کوک، کاجل، نباتی چارکول، حیوانی چارکول، گیسی کاربن، پٹرولیم کوک، شوگر چارکول وغیرہ ہیں۔

قلمی اشکال: کاربن کے جوہر از خود مختلف مخلوط کیمیائی بندوں میں اپنے آپ کو ترتیب دیتے ہیں۔اسی لیے وہ مختلف طبعی اور کیمیائی ساختوں جیسے ہیرا اور گرافائیٹ وغیرہ کا مظاہرہ کرتے ہیں۔کاربن ٹھوس ہیئت میں تین قلمی بہروپی اشکال میں پایا جاتا ہے۔ہیرا، گرافائیٹ اور بک منسیئر فلرین۔

ہیرا اور گرافائیٹ کی ساخت شریک گرفتی جالی کی مانند ہوتی ہے جب کہ بک منسٹر فلرین ٹھوس سالمی ساخت ہے جس میں C_{60} سالمے علاحدہ ہوتے ہیں۔یہ تمام قلمی بہروپی اشکال اپنی ساخت کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں اور یہ اپنی طبعی خصوصیات علیحدہ ظاہر کرتے ہیں۔

ہیرا Diamond: ہیرے میں ہر ایک کاربن جوہر اپنی اُکسائی ہوئی حالت میں sp^3 اختلاط (Hybridisation)

سے گذرتا ہے اس لیے ہر کاربن کے جوہر کو چار سطحی (tetrabedral) ماحول فراہم ہوتا ہے ہیرے کی سہ ابعادی ساخت (Threedimensional Structure) ذیل میں دی گئی ہے۔

ہیرے میں C-C بند بہت ہی طاقتور ہوتے ہیں۔ ہیرے کی ساخت میں موجود بندوں کو توڑنے کے لیے بہت زیادہ توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔اس لیے ہیرا بہت ہی سخت شئے کے طور پر شمار کیا جاتا ہے۔

گرافائیٹ (Graphite): گرافائیٹ دوابعادی پرت کی ساخت پر مشتمل ہوتا ہے۔اس پرت میں C-C بند موجود ہوتے ہیں۔ یہ پرتیں نسبتاً بہت کمزور قوتوں کے ساتھ ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہوتی ہیں۔

گرافائیٹ پرت کی ساخت میں کاربن کے جوہر مثلثی مستوی (Trigonal planar) کے ماحول میں واقع ہوتے ہیں ایسے ماحول میں ہر کاربن کا جوہر یکساں طور پر sp^2 اختلاط سے گذرتا ہے۔ sp^2 مخلوط انحطاطی ذیلی خول باہمی انطباق سے C-C بند بناتے ہیں اور ہر کاربن کا جوہر ایک 'p' غیر مخلوط انحطاطی ذیلی خول رکھتا ہے۔ غیر مخلوط 'p' انحطاطی ذیلی خول باہمی طور پر π نظام تیار کرتے ہیں جو مکمل پرت پر غیر متعین (delocalised) ہوتا ہے۔ گرفائیٹ کی ہر دو پرتوں کے درمیان لندن انتشاری قوتوں (London dispersion forces) کی باہمی عمل آوری کی وجہ سے یہ ایک دوسرے سے $3.35A^{o}$ کا فاصلہ بناتی ہوئی علیحدہ ہوجاتی ہیں۔ یہ پانی کے سالمہ کی موجودگی میں بہت ہی کمزور ہوتی ہیں۔اسی لیے گرافائیٹ کی پرتیں آسانی سے پھسل سکتی ہیں اور انھیں آسانی سے توڑا جاسکتا ہے۔اسی بناء پر گرافائیٹ کو چکنائی (lubricant) اور پنسل میں بطور "lead" استعمال کرتے ہیں۔

- جب ہم پنسل سے لکھتے ہیں تو بین پرتی کشش ٹوٹ جاتی ہے جس کی وجہ سے گرافائیٹ اپنی پرت کو کاغذ پر چھوڑتا ہے اسی طرح پنسل کے نشانات کو کاغذ سے آسانی سے مٹایا جاسکتا ہے کیوں کہ یہ پرتیں کاغذ سے مضبوطی کے ساتھ بندھی ہوئی نہیں ہوتی ہیں۔ غیر متعین (delocalised) π الکٹرانی نظام کی وجہ سے گرافائیٹ ایک اچھا موصل برق ہے۔

بک منسٹر فلرین Buckminster fullerence (C60)

- بک منسٹر فلرین صرف کاربن سے بنے مختلف جسامت والے سالموں پر مبنی ہوتے ہیں۔ان سالموں کی ترتیب کی وجہ سے کھوکھلے کرہ (hollow sphare)، بیضوی یا نلکی (tube) نما ساخت کے نظر آتے ہیں۔ جب کاربن کے بخارات (veporized carbon) غیر عامل گیسوں کی فضاء میں انجماد (Condense) کیا جاتا ہے تو فلرین تشکیل پاتے ہیں۔
- بک منسٹر فلرین کو عام طور پر فلرین کہا جاتا ہے۔اس کی دریافت 1985ء میں سائنس دانوں کی ایک ٹیم Robert F.Curl، Harold W.Kroto اور Richand E.Smalley نے کی جو Rice University اور University of Sussex سے تعلق رکھتے تھے۔ان تینوں کو سال 1996 میں کیمیاء میں نوبل انعام سے نوازا گیا۔انھوں نے اپنی دریافت کردہ ساخت جو Georeric Structure کے مشابہ تھی۔اس ساخت کو پیش کرنے والے سائنس داں اور آرکیٹک Richard Buckminister "Bucky" fuller کے نام پر رکھا ہے۔

Bucky balls: کروی فلرینس عام طور پر "Bucky balls" کہلاتی ہے۔

- Buckminister fullerene (C_{60}) میں تقریباً کروی C_{60} سالمے پائے جاتے ہیں۔ جو ایک فٹ بال کی شکل بناتے ہیں۔
- فلرین، C_{60} سالمہ کی اس فٹ بال کی شکل میں تقریباً 12 تخمسی (pentagonal) اور 20 مسدسی (Hexagonal) سطحیں پائی جاتی ہیں۔ اس میں ہر کاربن کا جوہر sp^2 مخلوط ذیلی خول (Hybridized orbitals) پر مشتمل ہوتا ہے۔
- فلرینس پر قابل اعتبار طبی استعمالات سے متعلق تحقیق کی جارہی ہے جیسے مزاحمتی بیکٹیریا (Resistant bacteria) کو نشانہ بنانے کے لیے خصوصی ضد حیاتیوں (Antibiotics) کی تیاری اور سرطان سے متاثر خلیوں جیسے (melanoma) کو نشانہ بنانے کے لیے استعمال کررہے ہیں۔

نانو ٹیوبس Nanotubes: نانو ٹیوبس کاربن کی اور ایک بہروپی شکل ہے جس کو 1991 میں سومیولی جیما (Sumiolijima) نے دریافت کیا ہے۔ نانو ٹیوبس شریک گرفتی بند پر مبنی کاربن جوہروں کے مسدسی صف (Hexagonal arrays) پر مشتمل ہوتے ہیں جو کہ گرافائیٹ پرت کے مماثل ہوتے ہیں۔ یہاں پر یہ پرتیں گرافائیٹ کی طرح چپٹی نہیں ہوتیں بلکہ ناٹو ٹیونس میں یہ ایک استوانے (Cylinder) کی شکل میں لپیٹی ہوئی ہوتی ہیں۔ اسی وجہ سے انھیں ''نانو ٹیوبس'' کہتے ہیں۔ ناٹو ٹیوبس بھی گرافائیٹ کی طرح موصل برق ہوتی ہیں اور انھیں بطور سالمی تار کے استعمال کرسکتے ہیں۔ Integrated Circuits میں پرزوں کو ایک دوسرے سے جوڑنے کے لیے تانبہ کے بجائے نانو ٹیوبس کو استعمال کیا جارہا ہے۔ سائنس دانوں نے نانو ٹیوبس کو ایک واحد خلیہ میں تبدیل کرنے کے لیے حیاتی سالموں (Bio molecules) کو اس میں داخل (inject) کیا ہے۔

گرافائین Graphene: نیا عجوبہ مادہ

نام سے ہی ظاہر ہے کہ گرافائین کو گرافائیٹ ہی سے اخذ کیا جاتا ہے جو کہ پنسل میں استعمال ہوتا ہے۔ گرافائیٹ کی طرح گرافائین بھی مکمل طور پر کاربن کے جوہروں سے ترتیب پایا ہوا ہوتا ہے۔ ایک ملی میٹر (1mm) موٹے (thickness) گرافائیٹ میں تقریباً 3 ملین گرافائین کی پرتیں پائی جاتی ہیں۔ اس میں کاربن کے جوہر مکمل طور پر تقسیم ہوکر 0.3 نانو میٹر (0.3 nano meters) موٹے (Thick) مسدسی چھتہ (Hexagonal honey comb) تشکیل دیتے ہیں۔

گرافائین، تانبہ سے بہتر موصل برق ہے اور یہ فولاد (steel) سے 200 گنا مضبوط ہوتا ہے اور اس سے 6 گنا ہلکا بھی ہوتا ہے اور یہ روشنی کے لیے مکمل شفاف ہوتا ہے۔

کاربن کی ہمہ گیر فطرت (Versatile nature of carbon)

اٹھارویں صدی عیسوی میں سائنس دانوں نے مرکبات کے درمیان پائے جانے والے فرق کو وسیع پیمانے پر سمجھانے کی کوشش

کی ہے۔ جے جے برزلیس (J.J.Berzelius) (1807) نے مرکبات کی تعریف اس طرح کی کہ ایسے مرکبات جو زندہ اجسام سے حاصل ہوتے ہیں انھیں نامیاتی مرکبات (Organic Compounds) کہا جاتا ہے اور بے جان اشیاء سے حاصل ہونے والے مرکبات کو غیر نامیاتی مرکبات (inorganic compoounds) جسم میں پائی جانے والی حیاتیاتی قوت (Vital force) (جو کہ زندگی کی روح ہے) کی وجہ سے تیار ہوتے ہیں جب کہ زندہ اجسام کے باہر یہ قوت غیر موجود ہوتی ہے۔ اسی لیے اس کا خیال تھا کہ نامیاتی مرکبات (Organic compounds) کی تجربہ گاہ (laboratories) میں تالیف (synthesized) نہیں کی جاسکتی ہے۔

حیرت انگیز طریقے سے ایف وہلر (F.Wohler) 1828ء نے نامیاتی مرکب یوریا (Urea) کو غیر نامیاتی نمک امونیم سایانیٹ کو گرم کر کے تجربہ گاہ میں تیار کیا۔



وہلر فریڈرچ Wohler Fridrich (1800 سے 1882)

- جرمن ماہر کیمیاء تھا جو برزلیس کا شاگرد تھا۔ سال 1828ء میں اس نے سلور سائنائیڈ (Sliva Cyanide) اور امونیم کلورائیڈ (Ammonium chloride) کی مدد سے امونیم سائنائیڈ (ammonium cyanate) کی تیاری کی کوشش کے دوران حادثاتی طور پر یوریا (Urea) کی تالیف (synthesized) انجام دی۔ یہ دنیا کی سب سے پہلی نامیاتی تالیف (Organic Synthesis) تھی جو نظریہ روحیت کو پاش پاش کر دی تھی۔
- وہلر نے اس سلسلہ میں مزید پیش رفت کی اور یہ دریافت کیا کہ امونیم سائنانیڈ اور یوریا کا سالمی ضابطہ مشابہ ہے لیکن ان کے کیمیائی خواص مختلف ہیں۔ یہ ہم ترکیبیت (isomerism) کی پہلی دریافت تھی جب کہ یوریا کا سالمی ضابطہ $CO(NH_2)_2$ اور امونیم سایانیٹ کا ضابطہ NH_4CNO تھا۔
- ہم جانتے ہیں کہ تمام سالمہ جو زندگی کے لیے ضروری ہیں جیسے کاربوہیڈریٹس، پروٹین، نیوکلک ایسیڈس، Lipids (چربی)، ہارمونس اور وٹامنس، ان سب میں کاربن ہوتا ہے۔
- زندہ عضویہ کے نظاموں میں جو کیمیائی تعاملات وقوع پذیر ہوتے ہیں یہ تمام کے تمام کاربن کے مرکبات ہوتے ہیں۔ قدرت سے ہمیں جو غذاء حاصل ہوتی ہے اُس میں مختلف ادویات، کپاس، ریشم اور ایندھن جیسے قدرتی گیس اور پٹرولیم وغیرہ میں کاربن کے مرکبات ہوتے ہیں۔ مصنوعی ریشے، پلاسٹکس، مصنوعی ربر وغیرہ میں بھی کاربن کے مرکبات ہوتے ہیں۔ اس لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ کاربن ایک خصوصی عنصر ہے جو کثیر تعداد میں مرکبات رکھتا ہے۔

زنجیری خاصیت (Catenation)

- اگر کوئی عنصر اپنے ہی جوہروں کے درمیان بند بنا کر بڑے سالمہ بناتا ہو تو اس خاصیت کو ہم عنصر کی زنجیری (catenation) خاصیت کہتے ہیں۔ کاربن کی ہی وہ منفرد خاصیت ہے جو طویل زنجیری سلسلہ بناتا ہے جس میں کاربن کے لاکھوں جوہر پائے جاتے ہیں جیسا کہ چند پروٹین کے سالمے وغیرہ۔ سلفر اور فاسفورس اور دیگر ادھاتوں میں بھی یہ خصوصیت ہوتی ہے لیکن بے حد کم پائی جاتی ہے۔

کیا آپ نے سمجھا ہے کہ کاربن کیسے بند تشکیل دے سکتا ہے۔

(a) چار اکہرے شریک گرفتی بند



(b) ایک دوہرا اور دو اکہرے شریک گرفتی بند ($>C=C$)

(c) ایک اکہرا شریک گرفتی بند اور ایک تہرا بند $(-C \equiv C)$ یا دو دوہرے بند (C=C=C) کاربن کے جوہروں سے یا پھر دیگر عناصر کے جوہروں سے اپنی چار گرفتی خاصیت (tetravalancy) کو مطمین کرنے کے لیے بند بناتا ہے۔

مختلف طریقوں سے بند بنانے کی منفرد صلاحیت ہی کاربن کو قدرت کا انوکھا عنصر بناتی ہے۔ دراصل کاربن کا (1) کثیر تعداد میں مرکبات بنانا (2) زنجیری خاصیت (Catenation) کا مظاہرہ کرنا اور (3) مختلف قسم کے کثیر بند بنانے کی خصوصیت ہی اسے انوکھا عنصر بناتی ہے۔

ہائیڈروکاربنس (Hydrocarbons)

- ایسے مرکبات جن کے سالموں میں صرف کاربن اور ہیڈروجن کے جوہر پائے جاتے ہیں کاربنی مرکبات / ہائیڈروکاربنس کہلاتے ہیں۔
- ہائیڈروکاربنس کی دو قسموں میں درجہ بندی کی گئی ہے جنھیں کھلی زنجیری ہیڈروکاربنس (Open Hydrocarbons) اور بند زنجیری کاربن مرکبات / ہائیڈروکاربنس (Close Hydrocarbons) کہتے ہیں۔ کھلی زنجیری مرکبات کو عام طور پر چربی دار کاربنی مرکبات (Aliphatic Hydrocarbons) یا غیر حلقی کاربنی مرکبات / غیر حلقی ہیڈروکاربنس (Acyclic Hydrocarbons) کہتے ہیں۔

کھلے اور بند زنجیر کاربنی مرکبات Open and Closed chain hydrocarbons

مختلف ہائیڈرکاربنس کے ساختی ضابطہ

(1) $CH_3\text{-}CH_2\text{-}CH_2\text{-}CH_2\text{-}CH_3$ n پنٹین سیدھی زنجیری مرکب

(2) آئی سوپینٹین، شاخ نما زنجیری مرکب



(3) سائیکلوپنٹین، ایک حلقی مرکب



- تمام کاربن کے جوہر ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہوتے ہیں ے نتیجہ میں ایک خطی ساخت (Linear Structure) بنتی ہے جب کہ دوسری مثال میں چار کاربن کے جوہر خطی طور پر ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں جب کہ پانچواں کاربن کا جوہر مادر زنجیر سے جڑتا ہے جس کے نتیجہ میں شاخ بنتی ہے۔ تیسری مثال میں ہم نے پایا کہ کاربن کی زنجیر بند ہوکر ایک حلقہ بناتی ہے۔ اس لیے اسے ہم بند زنجیری ہائیڈروکاربن یا چھلہ/حلقہ ہائیڈروکاربن کہتے ہیں۔

تمام ہائیڈروکاربنس { چربی دار (Aaliphatic) اور حلقہ دار (Cyclic Hydrocarbons) } کو مزید Alkane، Alkenes اور Alkynes میں درجہ بند کیا گیا ہے۔

(1) ایسے ہائیڈروکاربنس جس میں کاربن کے جوہروں کے درمیان صرف اکہرا بند پایا جاتا ہے "Alkanes" کہلاتے ہیں۔

(2) ایسے ہائیڈروکاربنس جس میں کاربن کی زنجیر کم از کم ایک دہرا بند پایا جاتا ہے انھیں ہم "Alkenes" کہتے ہیں اور

(3) ایسے ہائیڈروکاربنس جس میں کاربن کی زنجیر میں کم از کم ایک تہرا بند پایا جاتا ہے "Alkynes" کہلاتے ہیں۔

سیرشدہ اور ناسیر شدہ ہائیڈروکاربنس (Saturated and Unsaturated Hydrocarbons)

ایسے مرکبات جن میں صرف کاربن۔ کاربن (C-C) اکہرا بند پایا جاتا ہے سیرشدہ ہائیڈروکاربنس (Saturated Hydrocarbons) کہلاتے ہیں۔ تمام Alkanes، سیرشدہ ہائیڈروکاربنس ہوتے ہیں۔ ایسے ہائیڈروکاربنس جن میں کاربن کے جوہروں کے درمیان کم از کم ایک (C = C) دوہرا بند یا تہرا بند ($C \equiv C$) پایا جاتا ہے انھیں ناسیرشدہ ہائیڈروکاربنس (Unsaturated Hydrocarbon) کہا جاتا ہے۔ Alkenes اور Alkynes ناسیرشدہ ہائیڈروکاربنس ہیں۔

سیدھی زنجیر، شاخ دار زنجیر اور بند زنجیر والے مرکبات سیرشدہ اور ناسیرشدہ ہوسکتے ہیں۔

کاربن کا دیگر عناصر کے ساتھ بند بنانا Binding of Carbon with other elements

- کاربن اور ہائیڈروجن کے مرکبات کو ہائیڈروکاربن کہتے ہیں۔
- کاربن صرف ہائیڈروجن ہی سے بند نہیں بناتا بلکہ دیگر عناصر جیسے آکسیجن، نائٹروجن، سلفر، فاسفورس اور لوہنی عناصر کے ساتھ بھی

بند بناتا ہے۔

- ایسے مرکبات جس میں C,H,X موجود ہو جہاں پر "X" لونجنی عناصر (*Cl*، *Br* وغیرہ) کے جوہر کو ظاہر کرتا ہے انھیں لونجنی ہیڈروکاربنس (Halohydrocarbons) یا Halogen derivatives کہلاتے ہیں۔
- C,H,O سے بنے مرکبات مختلف قسم کے ہوتے ہیں

(1) الکوہلس (Alcohols)

اگر پانی کے سالمے (H2O) کے ایک ہیڈروجن جوہر کو "R" سے بدل دیا جائے تو ہمیں R-O-H الکوحل (Alcohols) حاصل ہوتے ہیں۔ ایسے ہائیڈروکاربن جن میں -OH گروپ پایا جاتا ہو الکوہل (Alcohols) کہلاتے ہیں۔ حسب ذیل مثالوں پر غور کیجیے۔

الکوہل کا عام ضابطہ R-OH ہے جہاں پر "R" الکائیل (Alkyl) گروپ ہے۔

(2) ایلڈیہائیڈ (Aldehydes)

ایسے ہائیڈروکاربنس جن کے فعلی گروپ۔ -CHO ہیں۔ ایلڈیہائیڈ (Aldehydes) کہلاتے ہیں۔ ذیل کی مثالوں کا مشاہدہ کیجیے۔

ایلڈیہائیڈ کا عام ضابطہ R-CHO ہے جہاں پر "R" الکائیل گروپ یا ہائیڈروجن ہے اور -CHO فعلی گروپ ہے۔

(3) کیٹون (Ketones) ایسے ہیڈروکاربنس ہیں جن میں فعلی گروپ موجود ہو کیٹون (Ketons) کہلاتے ہیں۔



$\begin{matrix} C \\ C \end{matrix}\!\!>\!C=O$ گروپ کو کیٹون گروپ (عام نظام میں) کہا جاتا ہے۔

کیٹون (Ketones) کا عام ضابطہ $\begin{matrix} R \\ R^1 \end{matrix}\!\!>\!C=O$ ہے جہاں پر R اور R^1 الکائیل (Alkyl) گروپ ہیں۔ جو مشابہہ بھی ہو سکتے ہیں اور مختلف بھی ہو سکتے ہیں۔

کاربوآگزلک ایسڈس (Carboxylic Acids)

کاربوآگزلک ایسڈ کا عام سالمی ضابطہ R-COOH ہے جہاں پر R الکائیل گروپ (Alkyl) یا H جوہر ہے۔



$-\underset{\underset{OH}{|}}{C=O}$ گروپ کاربوآ گزائیل گروپ کہلاتا ہے۔

ایتھرز (Ether): ایتھرز کاربن کے ایسے مرکبات ہیں جو H_2O کے دونوں ہیڈروجن جوہروں کو الکائیل (Alkyl) گروپ سے بدل دینے پر حاصل ہوتے ہیں۔ یہ گروپ شابہہ یا مختلف ہو سکتے ہیں۔

Eg: $\underset{\text{Di methyl ether}}{CH_3-O-CH_3}$, $\underset{\text{ethyl methyl ether}}{CH_3-CH_2-O-CH_3}$, $\underset{\text{methyl vinyl ether}}{CH_2=CH-O-CH_3}$ etc.

ایسٹرس Esters: یہ مرکبات کاربوآ گزلک ایسڈس سے اخذ کیے جاتے ہیں۔

اگر COOH- کے ہیڈروجن جوہر کو 'R' الکائیل گروپ سے بدل دینے پر ہمیں ایسٹرس (esters) حاصل ہوتے ہیں۔

N, H, C پر مبنی مرکبات Compounds containing C, H, N

امائنس Amines: اگر امونیا NH_3 کے سالمے سے ایک ہائیڈروجن کے جوہر کو R (الکائیل گروپ) سے بدلنے سے امائنس حاصل ہوتے ہیں

Eg: CH_3-NH_2, $CH_3-\underset{\underset{CH_3}{|}}{CH}-NH_2$, $CH_3CH_2NH_2$, $CH_3-CH_2-\underset{\underset{CH_3}{|}}{\overset{\overset{NH_2}{|}}{C}}-CH_3$

$-NH_2$ امائین گروپ کہلاتا ہے۔

$-NH_2$ گروپ امائن گروپ کہلاتا ہے ہم امائنس کا NH_3 سے تقابل کر سکتے ہیں جیسا کہ ہم نے ROH اور R-O-R' سے H2O کا تقابل کیا ہے۔ اگر ہم NH_3 کے ایک ہائیڈروجن جوہر کو *Alkyl* گروپ سے بدل دیتے ہیں تو ہمیں ابتدائی امائنس (*Primary amines*) حاصل ہوتے ہیں۔ اگر دو ہائیڈروجن جوہروں کو دو الکائیل گروپ مشابہہ یا مختلف سے بدل ڈالیں تو ہمیں ثانوی امائنس (*Secondry amines*) حاصل ہوتے ہیں۔ اگر ہم NH_3 کے تینوں ہیڈروجن جوہروں کو الکائیل گروپ (مشابہہ یا مختلف) سے بدل ڈالتے ہیں تو ہمیں ثالثی امائنس (*Tertiary amines*) حاصل ہوتے ہیں۔

ہم وصف سلسلہ (Homologous series)

اب تک ہم نے نامیاتی مرکبات کی کاربن زنجیر اور فعلیاتی گروپ کی بنیاد پر ہی درجہ بندی کی ہے۔ یہاں پر مزید ایک اور درجہ بندی ہم وصف سلسلہ کی بنیاد پر کی جارہی ہے۔

کاربن مرکبات کا ایسا سلسلہ جس میں دو متواتر مرکبات (Successive compound) کے درمیان ایک CH_2- اکائی کا فرق پایا جاتا ہے ''ہم وصف سلسلہ'' (Homologous series) کہلاتا ہے۔

Eg: 1) $CH_4, C_2H_6, C_3H_8 \ldots$
2) $CH_3OH, C_2H_5OH, C_3H_7OH \ldots$

اگر آپ مندرجہ بالا مرکبات کا مشاہدہ کرتے ہیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ سلسلہ میں پائے جانے والے متواتر مرکبات میں ایک CH_2- اکائی کا فرق پایا جاتا ہے۔

نامیاتی مرکبات کا ہم وصف سلسلہ حسب ذیل خواص کا حامل ہوتا ہے۔

(1) ان کا ایک عام ضابطہ ہوتا ہے۔

مثلاً الکین (alkanes) (C_nH_{2n+2})، (C_nH_{2n})Alkenes، Alkynes (C_nH_{2n-2})، الکوحل $(C_nH_{2n+1})OH$ وغیرہ۔

(2) سلسلہ میں پائے جانے والے متواتر مرکبات میں $(-CH_2-)$ اکائی کا فرق پایا جاتا ہے۔

(3) یہ مشابہہ فعلی گروپ کی وجہ سے ایک جیسے کیمیائی خواص کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

مثلاً الکوحلس، ایلڈ ہیڈس اور کاربوآکزلک ایسڈس کے فعلی گروپ ترتیب وار C-OH، C-CHO اور C-COOH ہوتے ہیں۔

(4) ان کی طبعی خصوصیت میں بتدریج اضافہ نظر آتا ہے۔ (جدول کا مشاہدہ کیجیے)

مثال: الکین، الکائین، الکیین، الکوحلس، الیہائیڈس اور کاربوآکزلک ایسڈس وغیرہ ہم وصف سلسلہ (Homologous series) کی مثالیں ہیں۔ ہم وصف سلسلہ کا انفرادی رکن homologs کہلاتا ہے۔

ذیل میں دیئے گیے جدول 1، 2 اور 3 کا مشاہدہ کیجیے۔ ان میں تین مختلف ہم وصف سلسلے (homologous series) دیئے گیے ہیں۔

الکین کا ہم وصف سلسلہ (homologous series of Alkanes)

Alkane	Molecular formula	Structure	No. of carbons	Boiling Point (°C)	Melting Point (°C)	Density (gml $^{-1}$at20°C)
Methane	CH_4	$H\text{-}CH_2\text{-}H$	1	–164	–183	0.55
Ethane	C_2H_6	$H\text{-}(CH_2)_2\text{-}H$	2	–89	–183	0.51
Propane	C_3H_8	$H\text{-}(CH_2)_3\text{-}H$	3	–42	–189	0.50
Butane	C_4H_{10}	$H\text{-}(CH_2)_4\text{-}H$	4	0	–138	0.58
Pentane	C_5H_{12}	$H\text{-}(CH_2)_5\text{-}H$	5	36	–136	0.63

اس ہم وصف سلسلے الکین (Alkanes) کا عام ضابطہ C_nH_{2n+2} جہاں پر $n = 1, 2, 3$ ہے۔

الکین (Alkenes) کا ہم وصف سلسلہ

Alkane	No. of Carbons	Structure	Formula
Ethene	2	$CH_2=CH_2$	C_2H_4
Propene	3	$CH3\text{-}CH=CH_2$	C_3H_6
Butene	4	$CH_3\text{-}CH_2\text{-}CH=CH_2$	C_4H_8
Pentene	5	$CH_3\text{-}CH_2\text{-}CH_2\text{-}CH=CH_2$	C_5H_{10}

الکین کا عام ضابطہ C_nH_{2n} ہے جہاں پر $n = 2, 3, 4$ ہے۔

الکائین(Alkynes) کا ہم وصف سلسلہ

Alkane	No. of Carbons	Structure	Formula
Ethyne	2	$HC \equiv CH$	C_2H_2
Propyne	3	$CH_3- C \equiv CH$	C_3H_4
Butyne	4	$CH_3-H_2C-C \equiv CH$	C_4H_6
Pentyne	5	$CH_3-CH_2-CH_2-C \equiv CH$	C_5H_8

الکائین (Alkynes) کا عام ضابطہ C_nH_{2n-2} ہے جہاں پر n = 2, 3, 4 ہے۔

کاربن مرکبات کا تسمیہ (Nomenclature of organic compounds)

ہمارے پاس لاکھوں نامیاتی مرکبات موجود ہیں۔ نامیاتی مرکبات کے ہر رکن کے نام کو انفرادی طور پر یاد رکھنا بہت ہی مشکل کام ہے۔ اس مسئلہ پر قابو پانے کے لیے انھیں مناسب طریقے سے نام دیئے جاتے ہیں۔ اس کے لیے بین الاقوامی یونین برائے خالص اور اطلاقی کیمیاء (international Union of Pure and applied Chemistry) کو تشکیل دیا گیا ہے۔ اس کی چند ذمہ داریوں میں سے ایک ذمہ داری نامیاتی اور غیر نامیاتی مرکبات کو منظّم ترتیب میں نام دینا ہے۔ منظّم تسمیہ دینے کا اہم مقصد کسی ایک ساخت کے لیے ساری دنیا میں ایک ہی نام دیا جائے اور اس طریقہ سے ایک نام کے لیے ایک ہی ساخت ہو۔

کسی نامیاتی مرکب کے IUPAC نام میں یہ تین اجزا شامل ہوتے ہیں

(1) Word root (2) Prefix سابقہ (3) Suffix لاحقہ

(1) **Word root**: مرکب کے سالمے میں موجود کاربن کے جوہر کی تعداد یا مرکب کی مادر زنجیر میں پائے جانے والے کاربن کی تعداد Word root کہلاتی ہے۔۔

C_1 - Meth;	C_2 - eth;	C_3 - prop;	C_4 - but ;	C_5-pent; C_6 - hex;
C_7 - hept;	C_8-oct;	C_9-non;	C_{10} - dec	and so on.

(2) **Prefix سابقہ**: کسی کاربن کے مرکب کی سالمی ساخت میں موجود عوضی (Substituents) کو سابقے کے طور پر لکھا جاتا ہے۔ سابقے کے بھی مختلف اجزاء ہیں۔ جن میں اہم ابتدائی سابقہ، ثانوی سابقہ، عددی سابقہ اور شماری سابقہ ہیں۔

ابتدائی سابقہ (Primary Prefix): ابتدائی سابقہ "Cyclo" ہے جو صرف حلقی مرکبات (Cyclic compounds) کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اگر مرکبات حلقی نہ ہوں تو نام کا یہ حصہ غیر موجود ہوتا ہے۔

ثانوی سابقہ (Secondry prefix): ہمیں دوسرے درجہ فعلیاتی گروپ سے متعلق بتلاتا ہے جسے عوضی (Substituents) کہا جاتا ہے۔ مثلاً لونجنی (hologens) عناصر، alkyl group (R)، الک آکسی گروپس alkoxygroup (-OR) وغیرہ انھیں بالترتیب *halo*، *Alkyl* اور *Alkoxy* لکھتے ہیں۔

عددی سابقہ (Numerical prefix): جب ایک ہی عوضی یا کثیر بند یا فعلیاتی گروپ دہرایا جاتا ہے تب نام کے اس حصے کو استعمال کیا جاتا ہے، جہاں پر دو مرتبہ دہرانے پر''di''، تین مرتبہ دہرانے پر''tri''، چار مرتبہ دہرانے پر''tetra'' اور پانچ مرتبہ دہرانے پر''penta'' وغیرہ لکھا جاتا ہے۔

شماری سابقہ (Number prefix): نام کا یہ حصہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ مادر زنجیر کے کس کاربن پر عوضی یا کثیر بند یا فعلیاتی گروپ موجود ہے۔

(2) **Suffix لاحقہ**: کسی کاربن کے مرکب کی سالمی ساخت میں موجود فعلیاتی گروپ کو لاحقے کے طور پر لکھا جاتا ہے۔ اس کے بھی کئی مختلف اجزاء ہیں۔ جن میں اہم ابتدائی لاحقہ، ثانوی لاحقہ، عددی لاحقہ، شماری لاحقہ ہیں۔

ابتدائی لاحقہ (Primary Suffix): یہ ہمیں مرکب کی سیر شدہ حالت سے متعلق بتلاتا ہے۔ اگر (C-C) بند سیر شدہ ہو تو "ane" سے ظاہر کرتے ہیں۔ ایسے مرکبات جس میں کاربن کے جوہر صرف ایک دوسرے سے اکہرے بند سے جڑے ہوئے ہوتے ہیں جب کہ ناسیر شدہ (C=C) دہرے بند پر مبنی مرکبات کو "ene" اور ناسیر شدہ ($C \equiv C$) تہرے بند والے مرکبات کو "yne" لاحقہ کے اضافہ سے ظاہر کرتے ہیں۔

ثانوی لاحقہ (Secondry suffix): یہ ہمیں فعلیاتی گروپ کی موجودگی کو مخصوص حروف کے ذریعہ بتلاتا ہے۔

مثلاً اگر ہیڈرو کاربن ہو تو 'e'

اگر الکوحلس ہو تو '-ol'

ایلڈیہائیڈ ہو تو '-al'

کیٹون ہو تو '-one' اور

کاربوآکزلک ایسڈ ہو تو 'oic acid' وغیرہ۔

کاربن مرکبات کو نام دینے کے دوران حسب ذیل ترتیب اپنائی جاتی ہے۔

Numbers - Numerical Prefixes – Secondary Prefix – Primary Prefix - Word Root – Numbers					
1	2	3	4	5	6
-Numerical Prefix, Primary Suffix, numbers, numerical Prefixes and Secondary Suffixes.					
7	8	9	10	11	

(1)، (2) اعداد اور شماری درجہ (numerical designations) ہے جو ثانوی سابقوں (secondry prefixes) کے لیے لکھتے ہیں، جو ہمیں دوسرے درجہ کے فعلیاتی گروپس کے دہرائے جانے کو اور مقام کو ظاہر کرتے ہیں جنھیں عوضی یا ترتیب وار قائم مقام (substituents) کے طور پر جانا جاتا ہے۔

Eg: $\overset{1}{CH_3}-\overset{2}{\underset{Cl}{CH}}-\overset{3}{\underset{Cl}{CH}}-\overset{4}{CH_3}$ $\underset{(1)}{2,}\ \underset{(2)}{3}-\underset{(2)}{di}\ \underset{(3)}{chloro}\ \underset{(5)}{but}\ \underset{(8)}{an}\ \underset{(11)}{e}$

(6)اور(7) ہمیں مرکب کی سالمی ساخت میں پائے جانے والے کثیر بندوں کا مقام اوران کے دہراؤ/تکرار کو بتلاتے ہیں۔ یہ ابتدائی لاحقوں(suffix) سے متعلق ہوتے ہیں جب کہ (8) سے ہمیں ان کی ناسیر شیدگی کا پتہ چلتا ہے۔

Eg: $\overset{5}{CH_3}\text{-}\overset{4}{C}\text{=}\overset{3}{CH}\text{-}\overset{2}{CH} \equiv \overset{1}{CH}$ but – 3 – ene – 1 – yn – e

(5) (6) (8) (9) (8) (11)

(9) اور(10) ہمیں فعلی گروپ(fuctional group) یا اہم فعلی گروپ(principal functional group) کے مقام اور دہرائے جانے سے متعلق بتلاتے ہیں جب کہ (11) کثیر فعلی مرکب(poly fucntional compound) کو ظاہر کرتا ہے۔اس سے یہ بات کا پتہ چلتا ہے کہ کونسا کاربن جوہر اس کی نمائندگی کررہا ہے یا کونسے کاربن جوہر سے فعلی گروپ منسلک ہے اور یہ کتنی بار دہروایا گیا ہے ۔ اگر یہ ایک دفعہ ہی موجود ہو تو ہمیں "mono" لکھنے کی ضرورت نہیں ہے کیوں کہ عددی سابقہ (numerical prefix) موجود نہ ہو تو سمجھا جائے کہ فعلی گروپ دوہرایا نہیں گیا ہے۔اسی طرح چربی دار مرکبات aliphatic) (compounds کے نام میں بھی (5)wordroot، (8)ابتدائی لاحقہ (primary suffix) اور (11) ثانوی لاحقہ (secondry suffix) لازمی طور پر موجود ہوتے ہیں جب کہ دیگر تمام موجود ہو بھی سکتے ہیں اور نہیں بھی۔

Eg: $CH_3\text{-}CH_2\text{-}\underset{\displaystyle OH}{\underset{|}{CH}}\text{-}CH_2\text{-}OH$ but ane – 1,2 – di ol

(5) (8) (9) (10) (11)

رموز واوقاف(Punctuation): شمار کو کاما(,)(commas) اوراعداد اور درجوں(designations) کو سکتہ (hyphens) (-) سے علیحدہ کرتے ہیں۔

اگر آپ ساخت میں ایک سے زیادہ عوضی گروپ(substituents) کو پاتے ہوں تو نام دینے کے لیے آپ کو حرف تہجی کی ترتیب(alphabetical order) کو اختیار کرنا پرے گا۔ یہاں پر عددی سابقہ (numerical prefixed) کو لکھنے کی گنجائش نہیں ہے یا لکھا نہیں جائے گا۔

قائم مقام گروپ(Substituents) : X (لونجی Halo)، R (الکائیل Alkyl)، -OR (الکائیل آکسی Alkyloxy)، -NO2 (نائٹرو Nitro)، NO (نائٹروسو Nitroso) وغیرہ ہیں۔

اگر آپ ساخت میں ایک سے زیادہ فعلی گروپ پاتے ہوں تو آپ اس میں سے اہم فعلی گروپ (Principal functional group) کا انتخاب کریں اور اسے ثانوی لاحقہ (secondry suffix) کے طور پر لکھیں یہاں پر ماباقی تمام فعلی گروپس عوضی گروپ (subsituents) بن جائیں گے۔

اہم فعلی گروپ کے انتخاب اوران کا نام دینے کے لیے ترجیح کی گھٹتی ہوئی ترتیب حسب ذیل میں دی گئی ہے۔اس کو ثانوی لاحقہ (secondry suffix) کے طور پر لکھا جاتا ہے۔

-COOH > -COOR > -CHO > >C=O > R-OH > -NH_2

Acid ester aldehydes ketones alcohols amines

مسلسل جامع جانچ (C.C.E)۔ سائنس

مضمون واری تعلیمی معیارات

1. تصورات کی تفہیم
2. سوالات کرنا مفروضات قائم کرنا
3. تجربات وحلقۂ عمل کے مشاہدات
4. معلومات اکٹھا کرنے کی مہارت/منصوبہ کام
5. شکلیں اتارنا/نمونے تیار کرنا/مظاہرہ
6. توصیف/ جمالیاتی حس/ اقدار، روزمرہ زندگی میں اطلاق/ حیاتی تنوع

بچوں کی شراکت، ردعمل

معلم کمرہ جماعت میں تدریس کے وقت یا مختلف مواقع پر بچوں کا مشاہدہ کرتے رہنا چاہیے۔اس مشاہدہ کے بعد انھیں مختلف نکات میں گریڈ دینا چاہیے۔آیئے بچوں کی شراکت اور انکے ردعمل کا کن نکات کے تحت مشاہدہ کرنا ہے، جانیں گے۔

- تجربات کرتے وقت بچوں کے شامل ہونے کے طریقہ کا مشاہدہ کرنا۔
- کمرہ جماعت میں دورانِ تدریس شک وشبہ پیدا ہوتے ہی فوراً سوال کرنا (اسکول میں، پودے، جانوروں کے تئیں، رحمدلی کا جذبہ رکھنا)۔
- مختلف چیزوں کے اکٹھا کرنے میں، ڈاٹا حاصل کرنے میں حصہ لینے کے طرز کا مشاہدہ کرنا۔
- تصاویر اتارنا، نمونے بنانے میں شامل ہونے کے طرز کا مشاہدہ کرنا۔
- منصوبہ کام کے اہتمام کے ضمن میں گروہی کام میں حصہ لینے کے طرز کا مشاہدہ کرنا۔
- معلم کے پوچھے گئے سوالات کا جواب دینے کے طرز کا مشاہدہ کرنا۔
- بحث ومباحثہ میں بچوں کے حصہ لینے کا مشاہدہ کرنا۔
- سبق کے دوران، آخر میں موجود مشقوں کے جوابات معلومات حاصل کرنے کی کوشش میں جدوجہد کا مظاہرہ دیکھنا۔
- قیاس کرنا، سوال کرنا، تجربات سے متعلق وضاحت کرنا، نمونے، تصاویر کی بنیاد پر بات کرنے کا طریقہ۔

مضمون واری تحریر کردہ نکات

- درسی کتب میں موجود مشقیں، جدول پُر کرکے رہنا۔
- سبق میں موجود تصورات کی بنیاد پر تصاویر اتارنا، دیواری رسالہ میں مظاہرہ کرنا۔
- ہم نے کیا سیکھا، مشق کے مشاغل کے جوابات اپنے طور پر لکھ کر رکھنا۔
- مختلف اسباق سے متعلق نعرے تحریر کرکے مظاہر کرنا۔
- اکٹھا کردہ مختلف معلومات کے جدول سے متعلق تفصیلات نوٹ بکس میں درج رہنا۔
- سبق کے درمیان، آخر میں دیئے گئے سوالات، مشقوں کو اپنے طور پر جوابات لکھ کر رکھنا۔

منصوبہ کام

- منصوبہ کی تشکیل۔
- اکٹھا کردہ معلومات کو سلیقہ سے درج کرنا۔
- درج کردہ معلومات کا مظاہرہ کرنا، تجزیہ کرنا، وضاحت کرنا۔
- رپورٹ تیار کرکے پیش کرنا۔

جانچ کے آلات:

سائنس (Science)

سلسلہ	استعداد	تدریسی واکتسابی طریقہ	جانچ کے آلات	شواہد
1	تصورات کا فہم	کلیدی سوالات پوچھنا۔ گفتگو، ذہنی ذہنی القاء (Brain storming) کے ذریعہ Concept mapping کروانا۔ درسی کتاب کا مطالعہ کرتے ہوئے گروہی مباحثہ کرنا۔ تجربات، مشاغل منعقد کرنا۔ نتائج پر بحث کرنا۔ سبق کے درمیان اور آخر میں دیے گئے سوالات پر بحث اور فہم حاصل کرنا۔ اکٹھا کرنا، انکشافات جیسے مشاغل منعقد کرنا۔ انفرادی گروہی اور کل جماعتی مشاغل کا انعقاد، مظاہرہ۔	زبانی سوالات۔ مشاہدات۔ نوٹ بکس۔ پورٹ فولیو۔ تجرباتی پرچہ۔ گروہی رپورٹ۔ پیپر پنسل ٹسٹ۔ نوٹ بکس۔ Slip test۔	معلم کی ڈائری۔ نوٹ بکس۔ پورٹ فولیو۔ چک لسٹ۔ تجرباتی رپورٹ۔ جوابی بیاضات۔ نوٹ بکس۔ CCE رجسٹر
2	سوالات کرنا۔ مفروضات قائم کرنا۔	تصورات کو سوچنے پر راغب کرنا۔ بچوں سے سوالات تیار کروانا۔ مضمون، مسائل سے متعلق مفروضات قائم کرنے کی ترغیب دینا۔ سبق کے اختتام پر دی گئی مشقوں پر بحث ومباحثہ کروانا اور انہیں جماعت میں مظاہرہ کروانا۔ مظاہراتی نکات پر مباحثہ کرنا فہم پہنچانا۔	مشاہدات۔ تحریری امتحان۔ زبانی امتحان۔ بچوں کے نوٹ بکس۔ Slip test	چک لسٹ۔ معلم کی ڈائری۔ جوابی بیاضات۔ نوٹ بکس۔
3	تجربات اور حلقہ عمل کے تجربات	ہدایات دینا، مسئلہ کی نشاندہی کرنا۔ مفروضات قائم کروانا۔ آلات کو ترتیب دینا۔ تجربات کا انعقاد۔ رپورٹ تیار کرنا۔ مظاہرہ، مباحثہ، فہم۔	نوٹ بکس۔ پورٹ فولیو۔ مشاہدات۔ رپورٹ۔ تحریری امتحان۔ زبانی امتحان۔ Slip test	نوٹ بکس۔ پورٹ فولیو۔ معلم کی ڈائری۔ مخصوص تفصیلات کا رجسٹر (Annecdotes) CCE رجسٹر۔
4	معلومات اکٹھا کرنا کی مہارتیں اور منصوبہ کام۔	تدریسی نکات کی بنیاد پر مسئلہ نشاندہی کرنا۔ معلومات اکٹھا کرنا۔ ہدایات، مشغلاتی پرچہ فراہم کرنا۔ انفرادی، گروہی مشاغل کرنا۔ رپورٹس تیار کرنا۔ مظاہرہ، مباحثہ، فہم۔	نوٹ بکس۔ پورٹ فولیو۔ مشاہداتی رپورٹ۔ زبانی امتحان۔ منصوبہ کام کی رپورٹ۔	مشغلاتی پرچے۔ پراجکٹ رپورٹ۔ معلومات کے تجزیہ کا پرچہ۔ گراف/ترسیم۔ CCE رجسٹر۔

5	تصاویر' گراف اور نمونوں کے ذریعہ معلومات فراہم کرنا۔	تصورات کی بنیاد پر تصاویر' ترسیم کھینچنا' وضاحت کرنا۔ سبق کے نکات' منعقد کیے گئے تجربات کے دوران آلات کی ترتیب ظاہر کرنے والی اشکال اتارنا' حصوں کی نشاندہی کرنا۔ دی گئی معلومات کو تصویری شکل دینا۔ خوردبین کے ذریعہ مشاہدہ کی گئیں اشیا کی تصاویر اتارنا۔ Flowchart' ترسیم' Working Models تیار کرنا۔ مظاہرہ' مباحثہ' فہم۔	تحریری امتحان۔ زبانی امتحان۔ Slip test تجزیے۔ پورٹ فولیو۔ تجرباتی کتابچہ۔ چک لسٹ۔ مظاہرے۔	جوابی بیاضات۔ پورٹ فولیو۔ نوٹ بکس۔ تجرباتی کتابچہ۔ چک لسٹ۔ معلم کی ڈائری۔ سمینار کی رپورٹ۔ اسکراپ بکس۔ ہربیریم۔ CCE رجسٹر۔
6	جمالیاتی حس' توصیف' اقدار۔	تدریسی نکات کے مطابق ہدایات دینا۔ انفرادی رگروہی مشاغل کروانا۔ سیر وسیاحت کروانا۔ کہانیاں' گیت لکھوانا۔ فطرت اور ماحول کا مشاہدہ کرنا۔ نئے رشتوں کی شناخت کرنا۔ رپورٹس تیار کرنا۔ مظاہرہ' بحث اور فہم۔ مختلف پروگرام وتقاریب کا انعقاد کرنا۔ اچھے کاموں اور افراد کی تعریف وتوصیف کرنا۔	چک لسٹ۔ سمینار۔ پورٹ فولیو۔ دیواری رسالہ۔ مخصوص تفصیلات کا رجسٹر Case study (مطالعہ متفرقات) پوسٹ باکس۔(ٹپہ خانہ) رپورٹس۔ مشاہدات۔ زبانی امتحان۔ تحریری امتحان Slip test	چک لسٹ۔ سمینار۔ پورٹ فولیو۔ اکٹھا کرنا۔ کمرۂ جماعت۔ مظاہرے۔ آرائش کرنا۔ مضامین۔ نوٹ بکس۔ CCE رجسٹر۔
7	نجی زندگی میں استعمال کرنا اور حیاتی تنوع کے تئیں حساس ہونا	تدریسی نکات کا نجی زندگی سے متعلق تعلقات کی شناخت کرنا۔نشاندہی کرنا۔ گروہ' کمرۂ جماعت میں تمام مباحثہ میں حصہ لینا۔ سمینار میں حصہ لینے کی ترغیب دینا۔ منصوبہ کام کا انعقاد۔ مقامی سیر وتفریح۔ ویب سائٹ میں مشاہدہ کر کے رپورٹس لکھنا۔ مدارس کے درمیان اور طلبا کے درمیان تعلقات استوار کروانا۔ مظاہرہ۔مباحثہ' فہم۔ حیاتی تنوع' قدرتی وسائل کے تحفظ میں ہماری ذمہ داری پر مباحثہ اور اپنے خیالات کا اظہار کرنا۔	نوٹ بکس۔ مشاہدات۔ بچوں کی ڈائری۔ رپورٹس۔ مشاہدات۔ زبانی امتحان۔ تحریری امتحان۔ Slip test	چک لسٹ۔ سمینار۔ اکٹھا کرنا۔ کمرۂ جماعت میں مظاہرہ۔ آرائش کرنا۔ نوٹ بکس۔ CCE رجسٹر۔

طریقہ تدریس فزیکل سائنس

Method of Teaching Physical Science

-1 لفظ Science لاطینی لفظ Scientia سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں۔

(1) معلومات (2) تفہیم (3) ادراک (4) ان میں سے کوئی نہیں

-2 سائنس کا مطلب ہے۔

(1) معلومات کا مجموعہ (2) تحقیق کا طریقہ (3) اندازفکر (4) یہ تمام

-3 سائنسی طریقہ کو کس نے دریافت/ایجاد کیا۔

(1) Karl Pearson (2) Frobel (3) Armstrong (4) ان میں سے کوئی نہیں

-4 سائنسی طریقہ کے _____ مراحل یا اقدام ہیں۔

(1) 8 (2) 9 (3) 6 (4) 7

-5 مسئلہ کی شناخت کرنا۔ سائنسی طریقہ کا کونسا مرحلہ ہے۔

(1) 1 (2) 2 (3) 3 (4) 4

-6 سائنسی ذہن یا سائنسی نظریہ رکھنے والا شخص کن خوبروں کا حامل ہوتا ہے۔

(1) کھلا ذہن رکھتا ہے (2) حقیقت پسند ہوتا ہے (3) وہم وگمان سے آزاد (4) یہ تمام

-7 کسی بھی اشیاء کی جماعت کے بنیادی خیالات کو _____ کہا جاتا ہے۔

(1) تصور concept (2) مفروضہ (3) کلیہ (4) اصول

-8 "Taxonomies of Educational Objectives" نامی کتاب کس نے لکھی۔

(1) Krothwall (2) Bloom (3) Dhave (4) Elizibath

-9 لفظ Taxonomy سائنس کی کس شاخ سے لیا گیا ہے۔

(1) طبیعیات (2) کیمیاء (3) Botany (4) Zoology

-10 Dr. Benjamin Bloom کس یونیورسٹی سے تعلق رکھتے ہیں۔

(1) Oxford (2) Chicago (3) Cambridge (4) ان میں سے کوئی نہیں

-11 Bloom نے ادرا کی حلقہ Cognitive Domain کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا۔

(1) 4 (2) 5 (3) 6 (4) 7

-12 ادرا کی حلقہ Cognitive domain کا تیسرا حصہ کونسا ہے۔

(1) تفہیم (2) معلومات (3) اطلاق (4) تعین قدر

-13 ادرا کی حلقہ کا سب سے اعلیٰ حصہ کونسا ہے۔

(1) معلومات (2) تفہیم (3) اطلاق (4) تعین قدر

14- حاصل شدہ معلومات کو نئے، نامعلوم و نامانوس حالات میں استعمال کرنا کہلاتا ہے۔
(1) معلومات (2) اطلاق (3) تفہیم (4) تعین قدر

15- جذباتی حلقہ Affective domain کو پانچ زمروں میں کس نے تقسیم کیا۔
(1) Bloom (2) Krothwall (3) Dhave (4) ان میں سے کوئی نہیں

16- نفسی حرکی حلقہ Psychomotor domain کو پانچ زمروں میں کس نے تقسیم کیا۔
(1) Bloom (2) Krothwall (3) Elizabeth & Dhave (4) ان میں سے کوئی نہیں

17- ایک طالب علم کیمیائی تعاملات و طبعی تعاملات میں فرق کرتا ہے۔ کونسا مقصد پورا ہوتا ہے۔
(1) معلومات (2) تفہیم (3) اطلاق (4) تعین قدر

18- ایک طالب علم اپنے طور پر سائنسی آلات یا ماڈلس تیار کرتا ہے۔ یہ اس کی _____ ہے۔
(1) معلومات (2) دلچسپی (3) اطلاق (4) تفہیم

19- نیوٹن کی زندگی کے مطالعہ کے بعد ایک طالب علم نیوٹن کی سائنسی خدمات کو سراہتا ہے۔
(1) قدر شناسی (2) معلومات (3) تفہیم (4) مہارت

20- طلبہ میں مندرجہ ذیل مہارتوں skills کو فروغ دینا چاہئیے۔
(1) تجربی مہارت (2) تعمیری مہارت (3) اشال بنانے کی مہارت (4) یہ تمام

21- ایک طالب علم آکسیجن کی تیاری کے تجربہ کا بغور مشاہدہ observation کرتا ہے۔
(1) معلومات (2) تفہیم (3) اطلاق (4) مہارت

22- Edgar Dail نے اکتسابی تجربوں کو _____ کی شکل میں پیش کیا۔
(1) مخروط (2) مثلث (3) دائرہ (4) مربع

23- جرمن ماہر تعلیم ہربارٹ Herbart کے سبق کی منصوبہ بندی کے کتنے اقدام ہیں۔
(1) 4 (2) 5 (3) 6 (4) 7

24- ہربارٹ کے سبق کی منصوبہ بندی کا چوتھا قدم کونسا ہے۔
(1) تعارف (2) پیش کشی (3) تعمیم (4) اطلاق

25- ہندوستان میں کلکتہ سے پہلی بار ریڈیو پر تعلیمی پروگرام اس سال شروع ہوئے۔
(1) 1947 (2) 1937 (3) 1927 (4) 1957

26- لفظ Museum میوزیم Mouseion سے اخذ کیا گیا ہے جس کے معنی تعلیمی خداؤں کا گھر ہے۔ کس زبان سے ہے۔
(1) لاطینی (2) جرمن (3) یونانی (4) فرانسیسی

27- HRD منسٹری کی جانب سے فراہم کی جانے والی Integrated Science Kit میں کتنے اشیاء پائے جاتے ہیں۔
(1) 76 (2) 107 (3) 110 (4) 95

28- لفظ Curriculum لفظ "Currere" سے اخذ کیا گیا ہے جس کے معنی بھاگنے کا راستہ ہے۔ کس زبان کا ہے۔
(1) لاطینی (2) یونانی (3) انگریزی (4) ان میں سے کوئی نہیں

-29 انکشافی طریقہ کے کتنے اقدام ہیں۔

6 (4) 3 (3) 4 (2) 5 (1)

-30 Prof - Armstrong نے لفظ Heuristic یونانی زبان کے لفظ ____ سے اخذ کیا ہے۔

(4) ان میں سے کوئی نہیں Heuristic (3) Heuris (2) Hero (1)

-31 Kilpatrik کے Project طریقے کو کس نے ترقی دی۔

Bloom (4) Stevenson (3) Frobel (2) Dewey (1)

-32 اس طریقہ تدریس میں اکتساب کے تمام کلیات شامل ہوتے ہیں۔

Playway (4) Lecture (3) Project (2) Heuristic (1)

-33 Project Method کو فلسفہ عملیت Pragmatiosm سے اخذ کیا گیا ہے جس کا بانی ہے۔

(4) ارسطو Frobel (3) Lock (2) Dewey (1)

-34 تجربہ خانہ میں اگر ایک طالب علم غلطی سے ترشہ پینے پر اس کو پلانا چاہیئے۔

(1) پانی + ملک آف میگنیشیا (2) پانی میں لیموکارس (3) اساس (4) ان میں سے کچھ نہیں

-35 تجربہ خانہ میں اگر ایک طالب علم غلطی سے اساس پینے پر اس کو پلانا چاہیئے۔

(1) پانی + ملک آف میگنیشیا (2) پانی میں لیموکارس (3) اساس (4) ان میں سے کچھ نہیں

-36 2 Activated Charcoal + Magniseum Oxide + Tonic Acid کو نامعلوم زہر کھانے پر استعمال کرتے ہیں جس کو _____ کہتے ہیں۔

(4) ان میں سے کوئی نہیں Antidote (3) Base (2) Acid (1)

-37 آنکھ میں ترشہ گرنے پر _____ استعمال کرنا چاہیئے۔

(4) ان میں سے کوئی نہیں Boric Acid (3) $10\%\ NaHCo_3$ (2) $1\%\ NaHCo_3$ (1)

-38 آنکھ میں اساس گرنے پر _____ استعمال کرنا چاہیئے۔

(4) ان میں سے کوئی نہیں Boric Acid (3) $10\%\ NaHCo_3$ (2) $1\%\ NaHCo_3$ (1)

-39 سائنس کلب کا اہم مقصد ہے۔

(4) طلبہ کو ذمہ داری دینا (3) طلبہ کو خوش کرنا (2) معلومات فراہم کرنا (1) طلبہ میں دلچسپی پیدا کرنا

-40 سائنس فیر Fair کا اہم مقصد ہے۔

(4) ان میں سے کوئی نہیں (3) تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینا (2) معلومات فراہم کرنا (1) طلبہ میں دلچسپی پیدا کرنا

-41 سائنس کلب میں sponsor نگران کار کی حیثیت رکھتا ہے۔

(4) کلاس لیڈر (3) سائنس کا معلم (2) صدر مدرس (1) طالب علم

-42 H^3 یعنی (Head, Heart, Hand) میں Heart کا مطلب۔

(4) ان میں سے کوئی نہیں (3) نفسی حرکی حلقہ (2) جذباتی حلقہ (1) ادراکی حلقہ

43- Edger dail کے تجرباتی اکتساب کے مخروط میں اعلی درجہ پر ہے۔

(1) بالراست تجربات (2) راست تجربات (3) سمعی وبصری (4) ڈرامے

44- Labaratory میں مندرجہ ذیل کا ہونا بہت ضروری ہے۔

(1) ابتدائی طبی امداد کا بکس (2) پانی کے سنک (3) آگ بجھانے کا آلہ (4) یہ تمام

45- سر سی۔وی۔رامن کی رامن ریسرچ انسٹیٹیوٹ کی شروعات کب ہوئی۔

1930 (1) 1940 (2) 1943 (3) 1948 (4)

46- طالب علم نیلے لیمس کو HNo_3 ، H_2So_4 اور HCl میں ڈبو کر یہ نتیجہ اخذ کرتا ہے۔ترشے Acid نیلے لیمس کو سرخ رنگ میں تبدیل کرتے ہیں۔یہ کونسا طریقہ تدریس ہے۔

(1) استقرائی Inductive (2) استخراجی Deductive (3) دونوں (4) کوئی بھی نہیں

47- ایک طالب علم مساوات $E = mc^2$ تشریح کرتا ہے۔

(1) معلومات (2) تفہیم (3) اطلاق (4) تعین قدر

48- Principia of Mathematica کو کس نے لکھا۔

(1) گلیلو (2) نیوٹن (3) برنالی (4) ارشمدس

49- National Science Day کس تاریخ کو منایا جاتا ہے۔

21-Jan (1) 26-Feb (2) 28-Feb (3) 28-Jan (4)

50- Micro Teaching کے کتنے مرحلے ہیں۔

7 (1) 8 (2) 9 (3) 10 (4)

51- ایک طالب علم اپنی غلطی کو بلا جھجک قبول کرتا ہے۔اس میں پائی جانے والی خوبی

(1) اطلاق (2) رویہ (3) دلچسپی (4) تفہیم

52- ہندوستان کی جانب سے سائنس میں پہلا نوبل انعام پانے والی شخصیت

(1) سی۔وی۔رامن (2) چندر شیکھر (3) کھورانہ (4) امرتیہ سین

53- اس سائنس داں نے بتلایا کہ سائنس کا مضمون ایک مسلسل مشاہدہ اور تجرباتی مضمون (Emprical and Cumilative) ہے۔

Conant (1) Fitz Patric (2) Campbell (3) Fisher (4)

54- سائنس کے اہم functions یہ ہیں۔

(1) تجرباتی اور مشاہداتی معلومات کا فراہم کرنا (2) ہمارے اطراف کے واقعات کی تشریح کرنا

(3) قدرتی حالات اور سائنسی کلچر کو پیدا کرنا اور بتلانا (4) یہ تمام

55- "Syntactic Structure" کا مطلب ہوتا ہے۔

(1) سائنسی دریافت کے ذریعہ معلومات کا اکٹھا کرنا (2) اہم اور طاقت اور Ideas کو جمع کرنا

(3) مشاہدات کے (observation) کو جمع کرنا (4) نظریاتی معلومات حاصل کرنا

-56 Concepts کا مطلب ہوتا ہے۔

(1) Building block (2) Elements of Memory

(3) Vehicles of Thought (4) یہ تمام

-57 "All reports of Aids are not correct" یہ بیان اس ظاہر کرتا ہے۔

(1) Theory (2) Hypothesis (3) Experiment (4) Inference

-58 ''حرارت کسی زیادہ تپش والے جسم سے کم تپش والے جسم میں منتقل ہوتی ہے''۔ یہ concept کی یہ قسم کہلاتی ہے۔

(1) Conjuctive Concept (2) Disjunctive Concept

(3) Relational Concept (4) Emprical Concept

-59 Electro Magnetism (برقی مقناطیسی میدان) کے میدان میں اس نے نمایاں کام انجام دیا تھا۔

(1) J.C. Maxwell (2) Michael Faraday (3) H.Davy (4) J.J. Thomson

-60 "Analytica Posteriora" نامی کتاب اس سائنس داں نے لکھی تھی۔

(1) Copernicus (2) Newton (3) Einsten (4) Aristotle

-61 "Theory of Relativity" کو پیش کرنے والے سائنس داں کا نام

(1) Aristotle (2) Newton (3) Albert Einsten (4) Chadwick

-62 "Psychometer Domain" کا مطلب ہے۔

(1) Thinking (2) Feeling (3) Values (4) Performing

-63 "Metals are good conductors of heat electricity" یہ نتیجہ جو اس مثال میں دھاتوں کے متعلق قایم کیا گیا اس کی بنیاد اس قسم کے Reasoning یا Approach کی ہے۔

(1) Inductive (2) Deductive (3) Informative (4) Creativity

-64 ایک معلم ''مقناطیس کے خواص'' کو ایک ہے کی کہانی کی مدد سے طلباء کو سمجھاتا ہے۔ اس قسم کا طریقہ تدریس کہلاتا ہے۔

(1) Lecture - Cum - Demontration (2) Historical Method

(3) Heuristic Method (4) Project Method

-65 سائنس کے مضمون کو سمجھانے کے لیے یہ طریقہ سب سے زیادہ مفید ثابت ہوتا ہے۔

(1) Project Method (2) Heuristic Method

(3) Lecture Method (4) Historical Method

-66 ایک معلم کو ہر وقت Psychometer talents, Affective, Cognitive talents اور کو ترقی دینے (develop) کے لیے سب سے اچھا "Plan" یہ ہوتا ہے۔

(1) Year Plan (2) Unit Plan (3) Lesson Plan (4) General Plan

67- "Anxillary Aids" کی ایک مثال

77۔ یہ پودے قدرتی موسمی تغیرات، کیڑوں اور بیماریاں پھیلانے والے عضویوں کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔

(1) جنگلی پودے (2) فصلی پودے (3) گھانس پوس کے پودے (4) یہ تمام

78۔ چاول کی جنگلی انواع کی قسمیں

(1) 10 (2) 15 (3) 18 (4) 25

79۔ فصلی پودوں میں بہتری لانے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔

(1) انتخاب (2) دوغلی نسل (3) نسلی انتخاب (4) 1 اور 2

80۔ اس طریقہ میں دو قسم کے پودوں میں پارزیرگی کا عمل کرایا جاتا ہے۔

(1) نسلی طریقہ (Pedigree method) (2) انتخاب (3) مجموعی انتخاب (4) یہ تمام

81۔ دوغلی نسل کی مثالیں ہیں۔

(1) آم (2) سیب (3) سپوٹہ (4) یہ تمام

82۔ جرم مایہ جمع کرنے (Germ Plasm collection) سے مراد

(1) بیجوں کو جمع کیا جاتا ہے (2) پھولوں کو جمع کیا جاتا ہے

(3) پودوں کو جمع کیا جاتا ہے (4) پتوں کو جمع کیا جاتا ہے

83۔ یک لا پودوں Haploid کو اس طرح حاصل کیا جاتا ہے۔

(1) انباری انتخاب (2) ہمزاد انتخاب (3) بافتی کلچر (4) ان میں کوئی نہیں

84۔ مصنوعی انتخاب کا یہ طریقہ ہے۔

(1) انباری انتخاب (2) نسل خالص انتخاب (3) ہمزاد انتخاب (4) یہ تمام

85۔ قرنطینہ ٹیسٹ (Quarantine Test) میں اس کی جانچ کی جاتی ہے۔

(1) مرض آفرین (2) بیجوں میں حشرات کے داخلے کو روکنا

(3) 1 اور 2 (4) پسندیدہ جنس کی جانچ

86۔ ہمزاد انتخاب ان فصلوں کے لئے موزوں ہے۔

(1) گنا (2) انگور (3) آم (4) یہ تمام

87۔ اگر پودوں میں دو سے زائد کروموزمس کے مکمل سیٹس ہوں تو اسے کہا جاتا ہے۔

(1) Haploid (2) Polypoid کثیر گنیت (3) Ploidy (4) Diploid

88۔ اس کے ذریعے حسب مرضی کثیر لونوسیہ پیدا کیا جاسکتا ہے۔

(1) پالی پلائیڈس (2) تبدل (3) کولکیاسن (Colchicine) (4) ان میں کوئی نہیں

89۔ قدرتی انتخاب کا نظریہ پیش کرنے والا۔

(1) جارج اسٹیفنسن (2) چارلس ڈارون (3) چارلس براؤن (4) ان میں کوئی نہیں

90۔ کسی عضویئے میں اچانک توارث پذیر نسلی تبدیلی کو کہا جاتا ہے۔

(1) انتخاب (2) کثیر گنیت (3) تبدل (4) ٹکنالوجی

91۔ اس بیماری میں پتے کے حاشیوں پر ایک لانبی زرد یا بھورے رنگ کی لکیر نمودار ہوتی ہے۔

(1) Blast of Rice (2) Leaf Blight (3) وھیٹ رسٹ Wheat Rust (4) ان میں کوئی نہیں

92۔ Blast of Rice بیماری اس کی وجہ سے ہوتی ہے۔

(1) فنگس (2) بیکٹریا (3) کیڑے (4) پرندے

93۔ فنگس جو بذرے (Spores) پیدا کرتے ہیں ان کو کہا جاتا ہے۔

(1) Hyphae (2) Conidia کونیڈیا (3) 1 اور 2 (4) Vector

94۔ گیہوں میں ہونے والی بیماری "Wheat Rust" کا باعث۔

(1) Vector (2) الجی (3) فنگس (4) یہ تمام

95۔ تکا بیماری (Tikka Disease) اس میں ہونے والی عام بیماری ہے۔

(1) چاول (2) گیہوں (3) مونگ پھلی (4) مکئی

ANSWERS

1-2	2-2	3-1	4-4	5-1	6-1	7-2	8-3	9-2	10-3
11-1	12-2	13-3	14-1	15-4	16-2	17-1	18-3	19-1	20-2
21-1	22-4	23-4	24-4	25-4	26-4	27-3	28- 3	29-4	30-2
31-2	32-4	33-1	34-2	35-1	36-2	37-4	38-4	39-4	40-1
41-2	42-3	43-1	44-4	45-3	46-1	47-1	48-1	49-3	50-2
51-4	52-1	53-3	54-3	55-1	56-2	57-2	58-1	59-1	60-1
61-2	62-4	63-1	64-2	65-2	66-1	67-2	68-1	69-3	70-2
71-3	72-1	73-3	74-1	75-1	76-2	77-1	78-3	79-4	80-1
81-4	82-1	83-3	84-4	85-3	86-4	87-2	88-3	89-2	90-3
91-2	92-1	93-2	94-3	95-3					

- Book Binding میں کیالیکو (Calico) نامی کپڑا استعمال ہوتا ہے۔
- روئی کو اس کے بیجوں سے علیحدہ کرنے کے عمل کو روئی کے بنولے نکالنا (Ginning) کہا جاتا ہے۔
- ضلع نلگنڈہ میں بڑے پیمانے پر اونی کی کاشت کی جاتی ہے۔
- پٹ سن کے دھاگے کو سنہری دھاگہ (Golden Fibre) کہا جاتا ہے۔
- Hemp اور Flex ریشہ دار پودے ہیں۔
- ریشم، اون، سوت، پٹ سن وغیرہ پودوں اور جانوروں سے حاصل ہوتے ہیں۔ انھیں قدرتی ریشے کہتے ہیں۔
- وہ ریشے جن کو ہم کیمیائی مادوں سے تیار کرتے ہیں انھیں مصنوعی ریشے کہتے ہیں۔
- چھوٹی چھوٹی دھاگہ نما ساختوں کو ریشے کہا جاتا ہے۔
- ریشوں سے دھاگہ بنانے کے عمل کو Spinning کہا جاتا ہے۔
- برقی کرگھے یا دستی کرگھے کپڑوں کو بننے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
- پالیسٹر، لی نن (Linen) ریان (Rayon) ٹریلین، نائی لان اکراسٹک (Acrylic) مصنوعی دھاگے ہوتے ہیں۔
- روئی کی فصل زیادہ تر عادل آباد، نلگنڈہ، اور دیگر تلنگانہ کے اضلاع میں اگائی جاتی ہے۔
- عام طور پر ریگڑی زمینوں میں روئی کے پودے اگائے جاتے ہیں۔
- ریشے سے بنے دھاگے کو مضبوط بنانے کیلئے دور قدیم میں تکلی اور چرخے کا استعمال ہوتا تھا۔
- وہ طریقہ جس کے ذریعہ ریشے سے دھاگہ بنایا جاتا ہے سوت کاتنا کہتے ہیں۔
- دو آڑے اور کھڑے دھاگوں کو آپس میں ترتیب دے کر کپڑا تیار کرنے کے عمل کو بننا (Weaving) کہا جاتا ہے۔
- 1823ء میں اسکاٹ لینڈ کا سائینسدان چارلس میکن توش نے بارش ہونے پر نہ بھیگنے والے کپڑے کو تیار کیا۔
- Flexy کے تیاری کے لئے ولڈوایل سیمن نامی سائنسداں نے پالی وینائل کلورائیڈ (Ploy Vinyl Chloride) کو دریافت کیا۔
- پالسٹر کو پٹرولیم سے تیار کیا جاتا ہے۔
- ایک روئی کے بیج سے تقریباً پانچ سو میٹر دھاگہ بنایا جاسکتا ہے۔
- ہماری ریاست تلنگانہ میں پوچم پلی، نارائن پیٹ، گدوال، سری سلہ میں کپڑوں کی صنعتیں موجود ہیں۔

❁❁❁❁❁

1۔ چھوٹی چھوٹی دھاگہ نما ساختوں کو کہا جاتا ہے۔

(1) ریشہ (2) دھاگہ (3) Hemp (4) سنہری دھاگہ

2۔ اس ضلع میں روئی کی کاشت بڑے پیمانے پر کی جاتی ہے۔

(1) کریم نگر (2) ورنگل (3) نلگنڈہ (4) رنگاریڈی

3۔ Book Binding میں یہ کپڑا استعمال ہوتا ہے۔

(1) ریشم (2) سوت (3) کیالیکو (4) ٹرائی لین

4۔ ریشوں سے دھاگہ بنانے کے عمل کو کہا جاتا ہے۔

Ginning (1) Spinning (2) Weaving (3) Lenin (4)

5۔ اس سے حاصل ہونے والے دھاگہ کو سنہری دھاگہ (Golden Fibre) کہا جاتا ہے۔

(1) ریشم (2) روئی (3) پٹ سن (4) اون

6۔ وہ ریشے جن کو کیمیائی مادوں سے تیار کئے جاتے ہیں۔

(1) قدرتی ریشے (2) منصوعی ریشے (3) سنہری ریشے (4) دھاگے

7۔ پالیسٹر لی نن ریان ٹرلین نائی لان وغیرہ مثالیں ہیں۔

(1) قدرتی دھاگے (2) مصنوعی دھاگے (3) سنہری دھاگے (4) دھاگے

8۔ روئی کی پیداوار عام طور پر اس مٹی میں ہوتی ہے۔

(1) ریتلی (2) کالی مٹی (3) ریگڑی (4) لال مٹی

9۔ دو آڑے اور کھڑے دھاگوں کو آپس میں ترتیب دے کر کپڑا تیار کیا جاتا ہے۔

Ginning (1) Spining (2) Weaving (3) Lenin (4)

ANSWERS	1-1	2-3	3-3	4-2	5-3	6-2	7-2	8-3	9-3

14۔ حیوانات کی دنیا۔حرکات

عضوی نظام اور اس کے افعال ۔ ہضمی نظام ۔ تنفّسی نظام ۔ تنقیلی نظام ۔ اخراجی نظام ۔ عصبی نظام ۔ تولیدی نظام ۔ انسان کے حسی اعضاء ۔ انسان میں قلتی بیماریاں ۔ ابتدائی طبی امداد۔ جانوروں کی معاشی اہمیت ۔ افزائش مویشیان ۔ سمکیات ۔ ریشم سازی

❁❁❁❁❁

- Alimentary canal:۔ نالی نما راستہ جو ہاضمے میں مدد کرتا ہے، دہن سے شروع ہوتا ہے ہضمی نالی، اور Anus مبرز پر ختم ہوتا ہے
- Salivary glands لعابی غدود:۔ بوقی کیھے میں موجود ہوتے ہیں جو لعاب کا افراز کرتے ہیں۔
- Peristaltic Movement موجی حرکت:۔ ہضمی نالی میں موج جیسی حرکت واقع ہوتی ہے جس کے ذریعہ غذا آگے کی سمت میں حرکت کرتی ہے۔
- Amylase امائے لیز۔ کاربوہائیڈریٹس کو توڑنے والا خامرہ
- Ptyalin ٹیالین۔ لعاب میں موجود خامرہ Carbohydrates پر عمل کرتا ہے۔
- Pepsin پیپسن۔ وہ خامرہ جو Proteins کو توڑ کر Amion acids میں تبدیل کرتا ہے۔
- Chyme کیموس۔ نیم ٹھوس غذا جو معدے سے چھوٹی آنت میں داخل ہوتی ہے۔

❖ Sphincter عاصرہ۔ وہ عضلہ جو ایک روزن یا راستے کے گرد موجود ہوتا ہے۔

❖ Digestion ہاضمہ۔ جسم میں غذا کے انجذاب کے لئے پیچیدہ سالمات کو توڑ کر سادہ سالمات میں تبدیل کرنے کا عمل۔

❖ Pancreas لبلبہ۔ پتہ نما عضو جو لبلبی رس کا افراز کرتا ہے۔

❖ Enzymes خامرے۔ Bio-Catalysts جو ہاضمے میں مدد کرتے ہیں۔

❖ Villi انگشتی ابھار۔ چھوٹی آنت میں انگلی نما اُبھار ہاضمی غذا کو جذب کرتے ہیں۔

❖ Bile Juice پت رس۔ جگر کے ذریعے افراز ہونے والا رس جو چربیوں کو شحمی ترشوں میں تبدیل کرتا ہے۔

❖ Lipase لائی پیز۔ خامرہ جو چربیوں کو توڑتا ہے۔

❖ Fat چربی۔ عمل ہاضمہ میں یہ شحمی ترشوں اور گلیسرال میں تبدیل ہوتی ہے۔

❖ Liver جگر۔ ایک بڑا سرخ مائل غدودی عضو جو شکم کی دائیں جانب ہوتا ہے۔

❖ Emulsification شیرہ سازی۔ عمل ہاضمہ چربیوں کی سادہ مرکبات میں تبدیلی کو کہا جاتا ہے۔

❁❁❁❁❁

1۔ پالتو مرغی ایک سال میں تقریباً انڈے دیتی ہے۔

(1) 300 (2) 600 (3) 400 (4) 200

2۔ مویشیوں کو آج سے تقریباً سال قبل گھریلو بنایا گیا۔

(1) 7000 سال قبل (2) 6000 سال قبل (3) 4000 سال قبل (4) 8000 سال قبل

3۔ ہماری ریاست میں روزآنہ تقریباً کروڑ انڈوں کی پیدائش ہوتی ہے۔

(1) 2 کروڑ (2) 4 کروڑ (3) 1.2 کروڑ (4) 3.5 کروڑ

4۔ ہمارے ملک میں یہ مرغیاں مقبول عام ہے۔

(1) لیگ ہارن (Leghorn) (2) The Rhode Island (3) 1 اور 2 (4) Broilers

5۔ بکریوں کی یہ نسل ملائم چمکدار اور ریشمی اون کیلئے بہت مشہور ہے۔

(1) Angora انگورا (2) Meroni (3) 1 اور 2 (4) لیگ ہارن

6۔ Karakul کاراکل نسل کی بھیڑیں اس کے لئے مشہور ہیں۔

(1) دودھ (2) چمڑا (3) اون (4) گوشت

7۔ Corridale ''کوریڈیل'' نسل کی بھیڑ کا تعلق اس ملک سے ہے۔

(1) نیوزی لینڈ (2) اسپین (3) چین (4) ہندوستان

8۔ جو جانور گھانس کھاتے ہیں وہ اپنی غذا کو ان دانتوں سے چباتے ہیں۔

(1) اگلے دانت (2) پچھلے دانت (3) 1 اور 2 (4) کوئی بھی نہیں

9۔ کتے کے یہ دانت مضبوط ہوتے ہیں۔

(1) کچلی دانت (2) داڑھ (3) اگلے دانت (4) پچھلے دانت

10۔ ایک عضلاتی تھیلی جو ڈایفرم کے نیچے شکمی کہفہ کے بائیں جانب پائی جاتی ہے کہا جاتا ہے۔
(1) گردہ (2) جگر (3) معدہ (4) لبلبہ

11۔ معدی رس میں پائے جانے والے خامرے
(1) پیپسن (2) لی پیز (3) 1 اور 2 (4) ٹرپسن

12۔ آنتی رس میں پائے جانے والا ترشہ
(1) نائٹرک ترشہ (2) سلفیورک ترشہ (3) ہائیڈروکلورک ترشہ (4) Acetic Acid

13۔ کیموس (Chyme) ہے۔
(1) جزوی طور پر ہضم شدہ غذا (2) غیر ہضم شدہ غذا (3) بغیر پکائی ہوئی غذا (4) خراب کی ہوئی غذا

14۔ وہ ہضمی رس جس میں کوئی خامرہ نہیں پایا جاتا ہے۔
(1) پت رس (2) آنتی رس (3) لبلبی رس (4) لعاب

15۔ 'U' نمانالی ہوتی ہے۔
(1) ایلم (2) اثنائے عشری (3) لبلبہ (4) پتہ

16۔ انگشت نما زایدے ہیں جو چھوتی آنت کی اندرونی دیوار میں پائے جاتے ہیں۔
(1) ولی (Villi) (2) جسمی کہفہ (3) ایلم (4) باقیاتی عضو

17۔ ایلم جس مقام پر بڑی آنت سے ملتی ہے وہاں ایک انگلی نما ساخت پائی جاتی ہے جس کو کہا جاتا ہے۔
(1) ڈایفرم (2) کنٹھ (3) زائدہ (4) لبلبہ

18۔ لبلبی رس میں یہ زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے۔
(1) بائی کاربونیٹ (2) سوڈیم (3) سوڈیم کولیٹ (4) کوئی بھی نہیں

19۔ لعاب میں یہ خامرے پائے جاتے ہیں۔
(1) ایمی لیز (2) ٹیالین (Ptyalin) (3) 1 اور 2 (4) پیپسن Pepsin اور لی پیز

20۔ اثنائے عشری میں حاجبی معدہ جہاں کھلتا ہے وہاں پر ایک حفاظتی مصرعہ پایا جاتا ہے جسے کہا جاتا ہے۔
(1) حاجبی عاصرہ (2) ڈایفرم (3) بلعوم (4) یہ تمام

21۔ چربیوں کو مکمل پر ہضم کرنیوالا خامرہ۔
(1) سوکریز (2) مالٹیز (3) ایمی لیز (4) یہ تمام

22۔ گلوکوز، شحمی ترشے اور پروٹین کی کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی میں تکسید کا عمل کہلاتا ہے۔
(1) تنفس (2) اخراج (3) ہاضمہ (4) دوران خون

23۔ احتراق (Combustion) کے دوران اس کی ضرورت ہوتی ہے۔
(1) آکسیجن (2) توانائی (3) 1 اور 2 (4) کوئی بھی نہیں

24۔ وہ حیوانات جن میں ہاضمہ کا عمل خلیے کے باہر انجام پاتا ہے۔
(1) پروٹوزونس (2) Metazoan Animals میٹازون حیوانات (3) 1 اور 2 (4) Amphibian

25۔ ہضمی نظام میں خامرہ کا افراز اس سے ہوتا ہے۔
(1) غدودی خلیوں (2) سرحلمی خلیوں (3) عامل (4) یہ تمام

26۔ PH سے مراد اس رواں کا ارتکاز ہے۔

(1) ہائیڈروجن رواں (2) کلورائیڈ رواں (3) سوڈیم رواں (4) سلفیٹ رواں

ANSWERS

1-1	2-2	3-3	4-3	5-1	6-2	7-1	8-2	9-1	10-3
11-3	12-3	13-1	14-1	15-2	16-1	17-3	18-1	19-3	20-1
21-3	22-1	23-1	24-2	25-1	26-1				

- ہم جو غذا استعمال کرتے ہیں اس میں کاربوہائیڈریٹس پروٹین چربیاں وٹامن اور نمکیات موجود ہوتے ہیں جنھیں ہم لازمی اجزاء کہتے ہیں۔
- ہمیں پھلوں اور ترکاریوں سے بھی پانی حاصل ہوتا ہے۔
- وہ غذا جس میں پروٹین کاربوہائیڈریٹس، چربیاں، وٹامن اور نمکیات وغیرہ مناسب مقدار میں موجود ہوں تو اسے متوازن غذا کہا جاتا ہے
- غذائی اشیاء میں ہر قسم کے اجزاء موجود ہوتے ہیں مگر ان اجزاء کی مقدار ہر شئے میں مختلف ہوتی ہے۔
- کاربوہائیڈریٹس ہمارے جسم کو توانائی مہیا کرتی ہیں۔
- پروٹینس ہمارے جسم کی نشوونما کیلئے معاون ہوتی ہیں۔
- چربیاں بڑی تعداد میں جسم کو توانائی کو مہیا کرنے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔
- وٹامن ہمارے جسم کو قلیل مقدار میں ضرورت ہوتی ہے۔
- لوازئیر آج سے 170 سال قبل تغذیہ پر تحقیقات کئے اور یہ سائنسداں کا تعلق فرانس سے تھا۔
- 1743ء تا 1793ء تک لوازئیر نے تغذیہ پر تحقیقات کیں۔
- نشاستہ کی جانچ کے دوران آئیوڈین (Iodine) کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جو نشاستہ سے تماس میں آنے کے بعد گہرا نیلا یا سیاہ ہو جاتا ہے
- پروٹین کی موجودگی کا پتہ چلانے کیلئے 2% کاپرسلفیٹ کا محلول اور 10% سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ (NaoH) کے محلول کو استعمال کیا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے پروٹین سرخی مائل یا بنفشی رنگ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔
- عام طور پر غذائی اشیاء جیسے چاول میں نشاستہ کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔
- تیل میں چربیوں (Fats) کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔
- گوشت اور دودھ میں پروٹین کی مقدار زیادہ پائی جاتی ہے۔
- غذائی ریشے بھی غذا کے ہی جز ہوتے ہیں اور یہ مختلف ترکاریوں اور پھلوں میں پائے جاتے ہیں۔
- ریشے دار غذا قبض (Indigestion) کو روکتی ہے۔
- ریشے دار غذائی اجزاء کی مثال، ترائی، بھینڈی، سیم ابلا ہوا رتالو وغیرہ ہیں۔
- ریشے دار غذائی اجزاء غذا کو آنتوں میں آسانی سے گذارنے میں مددگار ہوتی ہے اور قبض سے بھی بچاتی ہیں۔
- پھلوں اور ترکاریوں کو بغیر چھلے ہوئے کھانے سے پہلے انھیں نمک کے پانی سے اچھی طرح دھو لینا چاہئے تاکہ حشرات کش ادویات سے یہ پاک ہو جائیں۔
- چند پھل جیسے پپائی، سیب، نارنگی، تربوز وغیرہ اور ترکاریوں جیسے، ککڑی، ترائی اور آلو وغیرہ میں پانی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔

- پانی غذا کو ہاضمی نالی میں بآسانی حرکت کرنے میں مدد دیتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ یہ جسم کی حیاتی افعال میں بھی معاون ہوتا ہے۔
- غذائی اشیاء کو زیادہ ابالنے تلنے بھننے اور بار بار گرم کرنے پر ان میں موجود غذائی اجزاء ضائع ہو جاتے ہیں۔
- ترکاریوں کو کاٹ کر دھونے سے ان میں موجود مقویات اور وٹامن ضائع ہو جاتے ہیں۔
- کسی علاقے کے لوگوں کی غذائی عادتوں کا انحصار وہاں کی آب و ہوا تہذیب اور رسم و رواج پر ہوتا ہے۔
- ریشم کے کپڑے کا لاروا ریشوں کو اپنے اطراف لپیٹتا ہے جو دو قسم کے پروٹین (Protiens) یعنی Sirisine and Fibroin سے بنے ہوتے ہیں۔
- قوقون سے ریشم کے ریشوں کو حاصل کرنے کے عمل کو Reeling کہا جاتا ہے۔
- یہ کام ایک مخصوص مشین Reelers and twister کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔
- انڈے، لاروا، پیوپا (Pupa) اور بالغ یہ چار مدراج ریشم کے کیڑوں کے دور حیات میں مشاہدہ کیا جا سکتا ہے۔
- حیوانی ریشے قدرتی ریشے ہوتے ہیں۔
- بھیڑ کے جلد سے بل یا پشم (Fleece) کو نکالنا Shearing کہا جاتا ہے۔ پشم کو صاف کرنے کا طریقہ Scouding کہلاتا ہے
- حیوانی ریشوں میں پروٹین ہوتے ہیں اور پودوں کے ریشوں میں نشاستہ ہوتا ہے۔
- انگورا بکری کے بال نرم ہوتے ہیں ان سے کئی قسم کے کپڑے بنائے جاتے ہیں۔ جیسے شال اور سوئٹر وغیرہ۔
- پشم (Fleece) کو صاف کرنے کا طریقہ Scouding کہلاتا ہے۔
- محکمہ آثار قدیمہ کے شواہد کے مطابق گھروں میں اونی بھیڑ کو پالنے کا معاملہ تقریباً 6000 قبل مسیح میں ایران سے شروع ہوا۔
- اون کو بن کر کپڑے تیار کرنے کا عمل 3000-2000 سال قبل شروع ہوا۔
- صنعتی انقلاب کی وجہ سے اون کی کثیر مقدار کی پیداوار ہوئی اور آسٹریلیا اور چین اس میں سب سے آگے ہیں۔
- پودوں کے سبز حصے سورج کی روشنی میں پانی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کو استعمال کرنے کیلئے گلوکوز، یا نشاستہ تیار کرتے ہیں اس عمل کو شعاعی ترکیب (Photosynthesins) کہا جاتا ہے۔
- ایسے جاندار جو اپنی غذا آپ تیار کرتے ہیں انھیں خود تغذئی (Autotrophs) کہا جاتا ہے۔
- کسی مقام پر پودے دستیاب نہ ہوں تو ماہر نباتات ان پودوں کے حصوں کو دستیاب مقام سے حاصل کر کے محفوظ کرتے ہیں اس طریقہ کو
- عام طور پر Herbarium کہا جاتا ہے۔
- پودوں کو قلیل مقدار میں نائٹروجن، پوٹاشیم اور فارسفورس وغیرہ جیسے عناصر بھی درکار ہوتے ہیں جنھیں ہم خورد مقویات Mircronutrients کہتے ہیں۔
- لیگومینس (Leguminous) خاندان سے تعلق رکھنے والے پودوں کی جڑوں میں گانٹھیں (Nodules) موجود ہوتے ہیں۔
- گندخور جاندار سڑے گلے نامیاتی مادوں پر پائے جاتے ہیں۔
- حشرات خور پودے نائٹروجن کی کمی کو پورا کرنے کیلئے حشرات کو پھانستے ہیں۔
- وہ اشیاء جو غذا کی تیاری کے لئے ضروری ہیں انھیں اجزائے ترکیبی کہا جاتا ہے۔
- بند ڈبوں میں موجود تیار شدہ غذا جیسے کولڈ رنک، بسکٹ وغیرہ کے اجزائے ترکیبی ان پر لکھے ہوئے ہوتے ہیں۔

- ہم غذائی اشیاء عام طور پر ترکاریوں، پھلوں، انڈے دودھ اور جانوروں کے گوشت سے حاصل کرتے ہیں۔
- ہم پودوں کے مختلف حصوں جیسے پتوں، جڑوں، بیجوں اور پھلوں کو بطور غذا استعمال کرتے ہیں۔
- ہماری ریاست جغرافیائی اور موسمی حالات کے اعتبار سے دھان کی کاشت کیلئے بہت ہی موزوں ہے۔
- راجستھان میں چاول سے زیادہ مکئی، باجرہ اور گیہوں زیادہ پیدا ہوتا ہے۔
- اڈلی چاول اور دال کی تخمیر کر کے بھاپ کے ذریعہ بنوائی جاتی ہے۔
- مزے دار غذا کا انحصار اجزائے ترکیبی، پکوان کے طریقے اور ہماری تہذیبی عادتوں پر دارومدار ہے۔
- ٹماٹر میں وٹامن "C" موجود ہوتا ہے۔
- ساحلی علاقوں میں مچھلی کو محفوظ رکھنے کیلئے Smoking کا طریقہ اپنایا جاتا ہے۔
- جام اور دیگر پھلوں کے رس کو شکر کے ذریعہ محفوظ رکھا جاتا ہے۔
- ابالنا، بھاپ دینا، خمیر وغیرہ غذا کو تیار کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔
- موز میں پوٹاشیم کی وافر مقدار موجود ہوتی ہے۔
- پیاز میں موجود Antioxidants ہمیں مختلف بیماریوں سے بچاتا ہے۔
- شلجم میں کاربوہائیڈریٹس کی وافر مقدار موجود ہوتی ہے۔
- ترکاریوں کے ذریعہ مختلف قسم کے ڈیزائین اور ڈیکوریشن کرتے ہیں جس کو ترکاری کا نقش (Vegetable Carving) کہا جاتا ہے

پودوں کے وہ حصے جنھیں ہم غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں

سلسلہ نشان	پودے کا نام	وہ حصے جسے ہم کھاتے ہیں	سلسلہ نشان	پودے کا نام	وہ حصے جسے ہم کھاتے ہیں
1	گنا	تنہ	8	کوتھمیر	پتے
2	آم	کچا پھل پکا ہوا پھل	9	پالک	پتے
3	گیہوں	بیج	10	موز	پھل، پھول
4	چاول	بیج	11	آلو	تنہ
5	پھول گوبھی	پھول	12	پتہ گوبھی	پتے
6	مولی	جڑ	13	پالک	پتے
7	گاجر	جڑ	14	سیم	پھل

1۔ موز میں یہ وافر مقدار میں پائی جاتی ہے۔

(1) لوہا (2) میگنشیم (3) پوٹاسیم (4) مالبڈیم

2۔ ٹماٹر میں یہ وٹامن پایا جاتا ہے۔

A (1) C (2) D (3) K (4)

3۔ وہ اشیاء جو غذا کی تیاری میں استعمال ہوتے ہیں۔

(1) اجزائے ترکیبی (2) وٹامن (3) معدنی نمک (4) لوہا

4۔ ہماری ریاست جغرافیائی اور موسمی حالات کے لحاظ سے اس کے لئے موزوں ہے۔

(1) گیہوں (2) جوار (3) چاول (4) بارلی

5۔ ساحلی علاقوں میں مچھلی کو محفوظ کرنے کیلئے یہ طریقہ اختیار کیا جاتا ہے۔

(1) ابالنا (2) Smoking (3) بھاپ دینا (4) خمیر

ANSWERS

1-3	2-2	3-1	4-3	5-2

❁❁❁❁❁

- وہ جانور جو غذا کیلئے صرف پودوں پر انحصار کرتے ہیں انھیں نبات خور (Herbivores) کہا جاتا ہے۔
- ایسے جانور جو غذا کے لئے دوسرے جانوروں پر انحصار کرتے ہیں انھیں گوشت خور (Carnivores) کہا جاتا ہے۔
- ایسے جانور جو غذا کے لئے پودوں اور جانوروں دونوں پر منحصر ہوتے ہیں انھیں ہمہ خور (Omnivores) کہا جاتا ہے۔
- جانور بو، بصارت، سننا، مزہ اور چھونا جیسی حسیات کا استعمال غذا کو حاصل کرنے کے دوران کرتے ہیں۔
- گدھ اپنی بصارتی حس کا زیادہ استعمال کرتا ہے۔
- چمگاڈر زیادہ تر اپنی سماعتی حس کا زیادہ سے زیادہ استعمال کرتا ہے۔
- رینگنے والے جانور یا پتانئے اپنی غذا کو ذائقہ کی بنیاد پر منتخب کرتے ہیں۔
- Pond skater ایک کیڑا ہے جو کسی تالاب میں کیڑوں کو ہی بطور غذا استعمال کرتا ہے اور وہ پانی میں پیدا ہونے والی ان چھوٹی لہروں کو محسوس کرتا ہے جو کسی دوسرے کیڑے کی ہوتی ہیں اور وہ بآسانی یہ اندازہ بھی کر لیتا ہے کہ شکار اس سے کتنی دوری پر ہے۔
- مینڈک غذا کو زبان کے ذریعہ قابو میں کر کے نگل جاتا ہے۔
- مختلف پرندوں کی چونچیں مختلف قسم کی غذا کو کھانے میں استعمال ہوتی ہے۔
- کٹھ پھوڑا (Wood Pecker) کی مضبوط اور لانبی چونچ ہوتی ہے جو دانت کی چھال میں چھپے کیڑوں مکوڑوں اور چیونٹیوں کا شکار کرنے میں مدد دیتی ہے۔
- بگلے کی چونچ کافی لمبی ہوتی ہے جو مچھلیوں کے پکڑنے میں مدد دیتی ہے۔
- طوطے کی چونچ حلقہ دار ہوتی ہے جو پھلوں اور مونگ پھلی وغیرہ کو توڑنے میں مددگار ہوتی ہے۔
- Humming bird کی چونچ پتلی اور لانبی ہوتی ہے جو پھولوں سے رس چوسنے میں مدد دیتی ہے۔
- گدھ اور کووں کو قدرتی خاکروب (Natural Scavengers) کہا جاتا ہے۔

- کوے اور گدھ عام طور پر سڑی گلی بیکار اور مردہ جانوروں وغیرہ کو بطور غذا استعمال کرتے ہیں۔
- مینڈک کی زبان چپچپی ہوتی ہے جس کی وجہ سے غذا اس سے چپک جاتی ہے۔
- گائے بھینس اونٹ وغیرہ جگالی (Rumination) کرتے ہیں۔
- کرین فلائی (Crane Fly) کا لاروا بہت زیادہ مقدار میں غذا استعمال کرتا ہے۔لیکن جب یہ بالغ ہوجاتا ہے تو اسے کھانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔
- مچھلی اور بطخ کے دانت غذا کو چبانے یا پانی پینے میں مددگار نہیں ہوتے بلکہ یہ دانت پانی سے غذا حاصل کرنے کے لئے بطور فلٹر کام کرتے ہیں
- جھینگر، ریگستانی چپکلی چوہے اُلّو چمگاڈر اور پروانے وغیرہ کو شبینہ (Nocturnals) کہا جاتا ہے۔
- غذائی رنجیر (Food Chain) وہ راستہ ہے جس کے ذریعہ غذا ایک جانور سے دوسرے جانور میں ایک زنجیر کی طرح منتقل ہوتی ہے اور زیادہ تر غذائی زنجیروں کی ابتدائی پودوں سے شروع ہوکر عام طور پر نبات خوروں پر ختم ہوتی ہے۔
- غذائی زنجیر قدرت میں مختلف عضویوں کے باہمی انحصار کو ظاہر کرتی ہے۔
- جانوروں کو بنیادی طور پر چھ گروہوں میں تقسیم کیا گیا ہے یعنی جل تھیلے پرندے مچھلیاں غیر فقریئے پستانئے اور رینگنے والے جانور۔
- اسفنج (Sponge) ایک ایسا جانور ہیں جو اپنی مکمل دورحیات میں صرف مقیم (Sedentary) رہتا ہے۔
- Blue Whale مچھلی تمام جانوروں کے مقابلہ جسامت میں سب سے بڑی ہوتی ہے۔
- اودی وہیل مچھلی کا وزن تقریباً 160-110 ٹن اور لانبائی 30-20 فٹ ہوتی ہے۔
- چیتا کی عمر یا عرصہ حیات تقریباً 17-12 سال ہوتی ہے۔
- پرندوں کی ہڈیاں کھوکھلی (Pneumatic Bones) ہوتی ہے۔
- چند پرندے جیسے پنگوین Emu اور شتر مرغ وغیرہ اڑ نہیں سکتے۔
- فقریئے دار جانداروں میں ریڑھ کی ہڈی (Vertebral Column) پایا جاتا ہے۔
- ہاتھی اور چیونٹیاں وغیرہ کالونیا (Colonies) بنا کر زندگی گذارتے ہیں۔
- کیچوا زمین کی زرخیزی کو بڑھانے میں مدد دیتا ہے۔
- تتلی پھولوں سے شہد (Nectar) چوسنے کے لئے اپنا سونڈ استعمال کرتی ہے۔
- چونٹیاں (Ants) کو عام طور پر مزدور، سپاہی، مادہ اور نر چونٹیوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔
- ہم فصلوں کے تحفظ کے لئے کیڑا مار ادویات (Insecticides) اور جراثیم کش ادویات (Pesticides) کا استعمال کرتے ہیں۔
- چھ سو ملین سال قبل Precambium era میں سب سے پہلے جانور کا ارتقاء ہوا تھا۔
- پودوں میں تنفسیلی نظام اور عمل سریان (Transpiration) کے درمیان رشتہ پایا جاتا ہے۔
- پودے زمین کو جڑوں سے عمل ولوج (Osmosis) کے ذریعہ جذب کرتے ہیں۔

❁❁❁❁❁

قلیاسات	پودے کا نام	پودے کا حصہ	استعمالات
1۔ کونین	Cinchona Officinalis سنکونا	چھال	ملیریا بخار کی دوا
2۔ نکوٹین	Nicotiana tobacum تمباکو	پتے	حشرات کش
3۔ مارفین	Papaver somniferum	پھل	درد سے آرام کے لئے
4۔ ریسرپین	Rauwolfia serpentina	جڑ	سانپ کے کاٹنے پر
5۔ کیفین	Coffea arabica کافی کا پودا	بیج	مرکزی عصبی نظام میں مہیج پیدا کرنے کے لئے
6۔ نمبن	Azadirachta indica نیم کا پودا	بیج، چھال، پتے	Antiseptic
7۔ کوکین	Erythroxylon coca	پتے	بے ہوشی
8۔اسکوپولومائین (Scopolomine)	Datura stramonium	پھل، پھول	اعصاب پر اثر انداز ہوتی ہے (Sedative)

1۔ ایسے جاندار جو پودوں اور جانوروں دونوں کو بطور غذا استعمال کرتے ہیں۔

(1) گوشت خور (2) ہمہ خور (3) نبات خور (4) شبینہ

2۔ یہ جانور جگالی کرتا ہے۔

(1) بلی (2) اونٹ (3) مرغی (4) کتا

3۔ یہ جانور شبینہ (Nocturnal) ہے۔

(1) اونٹ (2) جھینگر (3) مرغی (4) بکری

4۔ یہ جانور زبان کو غذا کے حاصل کرنے میں مدد لیتا ہے۔

(1) طوطا (2) چڑیا (3) چمگادڑ (4) شیر

5۔ اس جانور کے دانت پانی کو فلٹر کرنے میں مدد دیتے ہیں۔

(1) مرغی (2) بطخ (3) خرگوش (4) طوطا

6۔ انھیں قدرتی خاکروب کہا جاتا ہے۔

(1) کٹھ پھوڑا (2) کوا (3) بطخ (4) Humming bird

7۔ چمگادڑ اس حس کو بہت زیادہ استعمال کرتا ہے۔

(1) بصارتی (2) جلدی (3) سماعتی (4) سونگھنے

8۔ پانی میں کیڑوں کی حرکت سے بننے والی لہروں کو یہ کیڑا محسوس کرتا ہے اور ان کا شکار کرتا ہے۔

(1) مچھلی (2) Aphids (3) وہیل (4) Pond Skater

9۔ چیونٹیاں شہد نما چیز کے لئے ایک کیڑا کو رکھتی ہیں۔

(1) مچھلی Aphids (2) Dragonfly (3) Pond Skater (4)

ANSWERS

1-2	2-2	3-2	4-3	5-2	6-2	7-3	8-4	9-2

❖ ہمارے جسم میں حرکت عضلات اور ہڈیوں کی مدد سے ہوتی ہے۔

❖ وہ چھوٹی چھوٹی ہڈیاں جو ایک دوسرے سے مل کر ریڑھ کی ہڈی بناتی ہیں۔انھیں فقرہ (Vertebrae) کہا جاتا ہے۔

❖ ریڑھ کی ہڈی کے وسط سے نخاعی ڈور (Spinal Cord) گذرتی ہے۔

❖ پرندوں کی ہڈیاں کو کھلی اور ہلکی ہوتی ہے۔

❖ وتر (Tendons) عضلات کو ہڈیوں سے جوڑتے ہیں۔

❖ رباط (Ligaments) ایک ہڈی کو دوسری ہڈی سے جوڑتے ہیں۔

❖ اوپری جبڑے اور کھوپڑی کے درمیان موجود جوڑ غیر متحرک ہوتا ہے۔

❖ مختلف قسم کے افعال کو انجام دینے کیلئے ہمارے جسم میں مختلف قسم کے ہڈیوں کے جوڑ پائے جاتے ہیں جیسے چول نما جوڑ، گیند و پیالہ نما جوڑ گھومنے والا جوڑ وغیرہ۔

❖ نچلے جبڑے کی ہڈی کھوپڑی سے جڑی ہوئی ہوتی ہے جس کی غیر متحرک جوڑ (Fixed Joint) کہا جاتا ہے۔

❖ کاندھے کی ہڈی ابھری ہوئی ہوتی ہے اور اس کے پچھلے حصہ میں جو ہڈی ہوتی ہے اس کو شانے کی ہڈی (Shoulder Blade) کہا جاتا ہے۔

❖ پسلیاں کافی مڑی ہوئی حالت میں ہوتی ہیں۔یہ سینے کی ہڈی اور ریڑھ کی ہڈی کو ایک دوسرے سے جوڑ کر ایک بکسہ نما حصہ کو تشکیل دیتی ہیں جنھیں ہم Ribcage کہتے ہیں۔

❖ شیر خوار بچے کی ریڑھ کی ہڈی میں 33 فقرے ہوتے ہیں اور چند عرصہ بعد جملہ 9 زیریں حصہ میں پائے جانے والے فقرے آپس میں ملکر واحد ہڈی بناتے ہیں۔

❖ کمر کے نچلے حصے میں جسم کے دونوں جانب یکساں شکل کی ہڈیاں موجود ہوتی ہیں جن کو عانی گھیرا (Pelvic Girdle) کہا جاتا ہے۔

❖ کان اور ناک غفراف (Cartilage) سے بنی ہوتی ہے جو ایک نرم اور لچکدار ہڈی ہوتی ہے۔

❖ پسلی کی ہڈی (Ribs) سینہ کی ہڈی (Sternum) کا درمیانی حصہ فقرے (Vevtebrae) اور نخاعی ڈور (Spinal Cord) کا درمیانی حصہ غضروف (Cartilage) سے بنا ہوا ہوتا ہے۔

❖ گھونگھا اپنے پیروں کی لہر دار حرکت کی وجہ سے آہستہ آہستہ حرکت کرتا ہے۔

1۔ وہ چھوٹی چھوٹی ہڈیاں جو ایک دوسرے سے مل کر ریڑھ کی ہڈیاں بناتی ہیں۔

(1) وتر (2) ریشہ (3) فقرہ (4) غضروف

2۔ شیر خوار بچے کی ریڑھ کی ہڈیوں کی تعداد ہوتی ہے۔

(1) 22 (2) 33 (3) 44 (4) 32

3۔ نرم اور لچکدار ہڈی جس ناک اور کان بنی ہوتی ہیں۔

(1) ریشہ (2) وتر (3) غضروف (4) فقرہ

4۔ یہ ایک ہڈی کو دوسرے ہڈی سے جوڑتی ہے۔

(1) رباط (2) وتر (3) غضروف (4) ریشہ

5۔ یہ عضلات کو ہڈیوں سے جوڑتے ہیں۔

(1) وتر (2) رباط (3) غضروف (4) فقرہ

6۔ ان جانوروں کی ہڈیاں کھوکھلی اور ہلکی ہوتی ہیں۔

(1) مچھلی (2) مینڈک (3) پرندے (4) پستانئے

7۔ کمر کے نچلے حصے میں جسم کے دونوں جانب یکساں شکل کی ہڈیاں کہلاتی ہیں۔

(1) غضروف (2) Pectoral Girdle (3) Pelvic Girdle (4) Sternum

8۔ ریڑھ کی ہڈی کے درمیان سے یہ گذرتی ہے۔

(1) نخاعی ڈور (2) ریشہ (3) نیوران (4) نیفران

ANSWERS

1-3	2-2	3-3	4-1	5-1	6-3	7-3	8-1

❖ جسم سے ناکارہ مادوں کا خارج کرنے کا عمل اخراج کہلاتا ہے۔

❖ ایسے پرندے اور حیوانات جو انڈے دیتے ہیں انھیں بیضہ زا (Oviparous) کہا جاتا ہے۔

❖ وہ جانور جو بچے پیدا کرتے ہیں انھیں بچہ زا (Vivi parous) کہا جاتا ہے۔

❖ ایسے جاندار جنھیں ہم سادہ آنکھ سے نہیں دیکھ سکتے انھیں خردبینی جاندار کہا جاتا ہے۔

❖ ایسا آلہ جن کی مدد سے ہم خردبینی اجسام جیسے بیکٹر یا یا وائرس وغیرہ کو دیکھ سکتے ہیں اسے خردبین (Microscope) کہا جاتا ہے۔

❖ ہم سانس لینے کے دوران جو آکسیجن حاصل کرتے ہیں وہ خون میں موجود ہیموگلوبن سے مل کر پودے جسم میں گھومتا ہے۔

❖ جب سانس لینے پر باہری ہوا جسم کے اندر داخل ہوتی ہے تو اس کو دم کشی (Inspiration) کہا جاتا ہے۔

❖ سانس چھوڑنے پر اندر کی ہوا باہر خارج ہونے کے عمل کو دم براری (Expiration) کہا جاتا ہے۔

❖ پودے اور حیوانات مہیج پر ردعمل کو ظاہر کرتے ہیں۔

❖ جگدیش چندر بوس نامی ہندوستانی سائینسداں نے بتلایا کہ پودوں میں بھی جان موجود ہوتی ہے۔

❖ پودے سورج کی روشنی اور درجہ حرارت میں تبدیلی پر ردعمل ظاہر کرتے ہیں۔

❖ خوردبین کے دو حصے ہوتے ہیں (1) ساختی حصہ (2) مرئی حصہ

❖ ساختی حصہ سر (Head) جسم (Body) قاعدہ (Base) اور بازو (Arm) پر مشتمل ہوتا ہے۔

❖ مرئی حصہ میں Eye piece مشاہداتی عدسہ (Objective lens) کلاں ماسکہ (Coarse Focus) خورد ماسکہ (Fine Focus) اور اسٹیج وغیرہ موجود ہوتے ہیں۔

❖ پھپھوند چھوٹی چھوٹی دھاگہ نما ساختیں ہوتی ہیں۔

❁❁❁❁❁

1۔ جسم سے ناکارہ مادوں کو خارج کرنے کا عمل کہلاتا ہے۔

(1) دوران خون (2) عمل اخراج (3) تنفّسی نظام (4) کالبدی نظام

2۔ نمو، تنفس، اخراج، حرکت، مہیج کا ردعمل اور بچے پیدا کرنے کی صلاحیت ان میں پائی جاتی ہے۔

(1) پتھر (2) جاندار (3) بے جان (4) لکڑی

3۔ باہری ہوا جسم کے اندر داخل ہونے کے عمل کو کہا جاتا ہے۔

(1) دم کشی (2) دم براری (3) بقائے اصلح (4) رکاز

4۔ اس سائینسداں نے بتلایا کہ پودوں میں بھی جان موجود ہوتی ہے۔

(1) ایوان پاؤلاؤ (2) آئینسٹائین (3) سبھاش چندر بوس (4) سرسی وی رامن

ANSWERS

1-2	2-2	3-1	4-3

❁❁❁❁❁

❖ ہواباش تنفس۔ ایسا عمل تنفس جس میں ہوا (آکسیجن) وافر مقدار میں دستیاب ہو تب گلوکوز کے سالمات ٹوٹ کر کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی میں تبدیل ہوتے ہیں جس کے دوران بڑی مقدار میں توانائی کا اخراج ہوتا ہے۔

❖ غیر ہواباش تنفس۔ ایسا عمل تنفس جس میں ہوا (آکسیجن) دستیاب نہ ہو یا درکار مقدار میں موجود نہ ہو تب گلوکوز کے سالمات ٹوٹتے ہیں اور کم مقدار میں توانائی کا اخراج ہوتا ہے۔

❖ جوفیزہ۔ شش میں موجود نہایت ہی چھوٹے چھوٹے ہوائی تھیلیاں جو گچھوں کی شکل میں شعبیہ خلیوں (Branchioles) کے راس پر موجود ہوتے ہیں۔

❖ نرخرہ۔ یہ ایک نالی نما ساخت ہے جس کو عام طور پر ہوائی نالی (Wind pipe) کہا جاتا ہے جس میں نتھنوں سے آنے والی ہوا گذر کر شش میں داخل ہوتی ہے۔

❖ شعبیہ۔ نرخرہ نچلی جانب دو نالی نما حصوں میں تقسیم ہوتا ہے جو دونوں شش میں کھلتے ہیں ان دو نالیوں کو شعبیہ کہا جاتا ہے۔

- شعبیہ خلیے۔ ہر شعبیہ شش میں مزید چھوٹے چھوٹے نالیوں میں تقسیم ہوتا ہے جسے شعبیہ خلیے کہا جاتا ہے۔
- برمزمار۔ یہ ایک ڈھکن نما عضلاتی صمام ہے جو ہوا اور غذا کی حرکت کو ان کے متعلقہ راستہ کی طرف کنٹرول کرتا ہے اور یہ غذا کو ہوائی نالی میں داخل ہونے سے روکتا ہے۔
- پائیرویٹ۔ گلوکوز کا سالمہ (C_6) دو مراحل میں تکسید پاتا ہے۔ پہلے مرحلے میں یہ پیروک ترشہ (C_3) کے دو سالموں میں تبدیل ہوتا ہے جو کہ ایک تین کاربن کا مرکب ہوتا ہے اسی پیروک ترشہ کو پیرویٹ کہا جاتا ہے۔
- تعمیری تحول۔ ایسا تحولی عمل جس میں پیچیدہ اشیاء کی تالیف (تیاری) ہوتی ہے۔ مثلاً ضیائی تالیف (Photosynthesis)۔
- تخریبی تحول۔ ایسا تحویلی عمل جس میں پیچیدہ مرکبات سادہ اشیاء میں تبدیل ہوتے ہیں مثلاً عمل تنفس۔
- عمل تنفس۔ وہ عمل جس میں غذا تکسید ہوتی ہو جس کی وجہ سے توانائی کا اخراج عمل میں آتا ہے اس کے دوران آکسیجن جسم کے خلیوں تک پہنچ کر غذا کی تکسید کرنے سے توانائی کا اخراج ہوتا ہے اور کاربن ڈائی آکسائیڈ جسم سے باہر خارج کی جاتی ہے۔
- چارکول۔ ایک سیاہ کاربن کی بنی شئے جس میں 85 تا 95 فیصد کاربن موجود ہوتا ہے، اس کو ہوا کی قلیل مقدار میں دھیرے دھیرے جلانے پر حاصل ہوتی ہے۔
- احتراق۔ ایسا کیمیائی عمل جس میں اشیاء آکسیجن کی موجودگی میں جلتی ہیں جس کی وجہ سے حرارت اور روشنی پیدا ہوتی ہے۔
- Vitiated Air۔ ایسی ہوا جس میں سے آکسیجن کو نکال دیا گیا ہو یا ایسی ہوا جس میں آکسیجن موجود نہ ہو۔
- Chalky Acid Gas۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ کو ابتداء میں Chalky Acid Gas کہا جاتا ہے۔
- ڈائفرام۔ ایسی عضلاتی پرت جو شش اور معدہ کے درمیان موجود ہوتی ہے اور یہ خاص طور پر عمل تنفس میں مدد دیتی ہے۔
- دم کشی (Inhalation/Inspration)۔ عمل تنفس کا وہ مرحلہ جس میں ہوا یا پانی جاندار کے تنفّسی اعضاء میں داخل ہوتی ہے۔
- زفیر (Exhalation/Exspiration)۔ عمل تنفس کا وہ مرحلہ جس میں ہوا یا پانی جاندار کے تنفّسی اعضاء سے باہر خارج کر دی جاتی ہے۔
- جانبی صفاق (Pleura)۔ ایک خاص لچکدار اسفنجی پرت جو شش کو ڈھکے رکھتی ہے۔
- قصبیی تنفس (Tracheal Respiration)۔ ایسا عمل تنفس جو سلسلہ وار نلی نما (tubes) ساختوں پر مشتمل ہوتا ہے جو حشرات میں موجود ہوتے ہیں۔
- جلدی تنفس۔ ایسا عمل تنفس جو جلد کے ذریعہ انجام پائے۔ مثلاً مینڈک۔
- خشیومی تنفس (Branchial Respiration)۔ ایسا عمل تنفس جو گلپھڑوں یا خشیوم کی مدد سے انجام پاتا ہے مثلاً مچھلیاں۔
- Diazine Green یا Janus Green کا محلول۔ یہ محلول آکسیجن کی موجودگی کا پتہ لگانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
- عمل تنفس سے مراد وہ عمل جس کے دوران غذا میں موجود بند کے ٹوٹنے سے توانائی کا اخراج ہوتا ہے۔
- لوازیر کے ابتدائی تجربات کے دوران اس نے سمجھا کہ چارکول کو جلانے پر خارج ہونے والی گیس Fixed ہوا کی طرح ہی ہے۔
- لوازیر نے بتلایا کہ کرہ ہوائی میں موجود شئے فاسفورس کے جلنے میں مدد دیتی ہے۔
- لوازیر نے یہ معلوم کیا کہ ہم جس ہوا کو خارج کرتے ہیں وہ چونے کے پانی کو دودھیا بنا دیتی ہے۔ جب کہ دھات کے گرم کرنے پر خارج ہونے والی ہوا کا اس پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔

- ہمارے جسم کے تنفّسی نظام میں ہوا کا راستہ

نتھنے ⇆ انفی کہفہ ⇆ بلعوم ⇆ حنجرہ ⇆ نرخرہ ⇆ شعبیہ ⇆ شعبیہ خلیہ ⇆ جوفیرے ⇆ خون

- شش میں کئی ملین چھوٹی چھوٹی ہوائی تھیلیاں ہوتی ہیں جو گیسوں کے تبادلہ میں مدد دیتی ہیں جنھیں جوفیرے کہا جاتا ہے۔
- ڈائفرام ایک ایسی عضلاتی پرت ہے جو شش اور معدہ کے درمیان موجود ہوتی ہے۔
- نرخرہ ایک نالی نما ساخت ہے جس کو عام طور پر ہوائی نالی کہا جاتا ہے جس میں نتھنوں سے آنے والی ہوا گذر کر شش میں داخل ہوتی ہے۔
- نرخرہ نچلی جانب دو نالی نما حصوں میں بٹ جاتا ہے جن کو شعبیہ کہتے ہیں ہر شعبیہ ایک ایک پھیپھڑے میں داخل ہوتا ہے۔
- ہر شعبیہ شش میں مزید چھوٹے چھوٹے نالیوں میں تقسیم ہوتا ہے جسے شعبیہ خلیے کہا جاتا ہے۔
- وہ ڈھکن نما عضلاتی صمام جو ہوا اور غذا کی حرکت کو ان کے متعلقہ راستہ کی طرف کنٹرول کرتا ہے برمزمار کہلاتا ہے۔ اور یہ غذا کو ہوائی نالی میں داخل ہونے سے روکتا ہے۔
- حنجرہ میں صوتی ڈور موجود ہوتے ہیں جو ایک سخت صندوق کی شکل کا ہوتا ہے اور ہوا شش کے ذریعہ ان صوتی ڈور پر سے گذرتی ہے تو ان میں ارتعاش پیدا ہوتا ہے جس کی وجہ سے آواز پیدا ہوتی ہے۔
- اگر ہمارے شش میں موجود تمام جوفیزوں کو پھیلا دیا جائے تو یہ تقریباً $160m^2$ کے رقبہ کا احاطہ کریگا۔
- آکسیجن کی وافر مقدار میں دستیابی پر اگر گلوکوز کا سالمہ ٹوٹتا ہو اور توانائی کا اخراج عمل میں آئے تو ایسے عمل کو غیر ہواباش تنفس کہا جاتا ہے۔
- اگر آکسیجن کی موجودگی میں گلوکوز کی تکسید واقع ہوتی ہے تو گلوکوز کا سالمہ پہلے مرحلہ میں دو پیروک ترشہ کے سالموں میں تبدیل ہوتا ہے جس کو پائیرویٹ بھی کہا جاتا ہے۔
- آکسیجن کی عدم موجودگی یا کم دستیابی پر دوسرے مرحلے میں پیروک ترشہ یا تو ایتھنال یا لیا کٹک ترشہ میں تبدیل ہوتا ہے اور نہایت ہی کم مقدار میں توانائی کا اخراج عمل میں آتا ہے۔
- ATP سے مراد Adenosine Triphosphate
- ہر ATP کے سالمہ سے 7200 کیلوری توانائی کا اخراج عمل میں آتا ہے۔
- عضلات میں لیا کٹک ترشہ کے پیدا ہونے سے عضلاتی درد پیدا ہوتا ہے۔
- قصبیی تنفّسی نظام حشرات جیسے جھینگر اور مکڑی وغیرہ میں موجود ہوتا ہے۔
- جلدی تنفّسی نظام مینڈک، کیچوا وغیرہ میں واقع ہوتا ہے۔
- ششی تنفّسی نظام انسان، بندر وغیرہ میں موجود ہوتا ہے۔
- خشیومی تنفّسی نظام مچھلیوں میں پایا جاتا ہے۔
- شعاعی ترکیب/ضیائی تالیف ایک تعمیری تحول ہے جو پودوں کے سبز مایہ میں واقع ہوتا ہے جب کہ تنفّسی عمل خلیہ کے توانیہ میں واقع ہوتا ہے جو کہ ایک تخریبی تحول ہے۔
- شعاعی ترکیب/ضیائی تالیف کے عمل کے ذریعہ پودے شکر، نشاستہ اور دوسرے کاربوہائیڈریٹس تیار کرتے ہیں۔
- خلیہ کے توانیوں میں خلوی تنفس انجام پاتا ہے۔۔ جہاں کاربوہائیڈریٹس کی تکسید عمل میں آتی ہے اور توانائی آزاد ہو کر ATP کی شکل میں محفوظ کر لی جاتی ہے۔ اسلئے توانیہ کو توانائی کا گھر (Power house of the cell) بھی کہا جاتا ہے۔

- ضیائی تالیف کے آخری محاصل گلوکوز، پانی اور آکسیجن ہیں۔
- شعاعی/ضیائی تالیف کے عمل کو حسب ذیل مساوات سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

روشنی

$$6CO_2+12H_2O \rightarrow C_6H_{12}O_6+6H_20+60_2 \uparrow$$

کلورافل

- پودے خودتغذئی (Autotrophs) کہلاتے ہیں۔
- شعاعی ترکیب کا مرکز سبز مایہ (Chloroplast) ہوتا ہے۔
- Cellulose ایک کاربوہائیڈریٹ ہے۔ پودوں کی خلوی دیوار اس سے بنتی ہے۔
- سبز مایہ کی ساختی اکائیاں Grana کہلاتی ہے۔
- ضیائی تالیف کے دوران آکسیجن کا اخراج عمل میں آتا ہے۔
- Roughages کاربوہائیڈریٹس اور پروٹینس کے ریشے ہوتے ہیں۔ جو عمل ہاضمہ میں معاون ہوتے ہیں اور قبض کو دور کرتے ہیں۔
- کواشیورکر (Kwashiorkar) بیماری لحمیوں کے کمی کے باعث واقع ہوتی ہے۔
- مراسمس لحمیوں اور کاربوہائیڈریٹس کی کمی کی وجہ سے یہ بیماری لاحق ہوتی ہے۔
- شعاعی تعاملات کے اختتام پر O_2، ATP اور $NADPH_2$ تیار ہوتی ہے۔
- لبلبہ سے خارج ہونے والا خامرہ Trypsin لحمیوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔
- غذا مکمل طور پر چھوٹی آنت میں جذب ہوتی ہے۔
- انتونی لواشیر نے آکسیجن کے کیمیائی خصوصیات کی وضاحت کی۔
- جوزف پریسٹلی نے بتلایا کہ ہوا مختلف گیسوں کا آمیزہ ہوتی ہے۔
- گلوکوز کا سالمہ دو مراحل میں تکسید پاتا ہے اور آخر کار پیروک ترشہ میں تبدیل ہوتا ہے۔
- شش ایک لچکدار سفنجی پرت سے ڈھکا ہوتا ہے جس کو جانبی صفاق (Pleura) کہا جاتا ہے۔
- آکسیجن کی عدم موجودگی یا کم دستیابی پر دوسرے مرحلے میں پیروک ترشہ ایتھنال (Ethanol) یا لیاکٹک ترشہ میں تبدیل ہوتا ہے۔
- کیکڑے، غوکچہ (Tadpole) اور مچھلیوں میں تنفّسی عمل گلپھڑوں کے ذریعہ ہوتا ہے۔
- مارسیلو فالپجی نے خون کی چھوٹی چھوٹی نالیوں کو شعریات (Blood Capillaries) کا نام دیا۔
- خون کی وہ نالیاں جو خون کو جسم کے مختلف حصوں سے دل کو پہنچاتی ہیں ورید (Veins) کہلاتی ہیں۔
- خون کی وہ نالیاں وخون کو دل سے جسم کے مختلف حصوں کو پہنچاتی ہیں شریان (Arteries) کہلاتی ہے۔
- وہ آلہ جس کے ذریعہ دل کی دھڑکن کی پیمائش کی جاتی ہے اس کو مسمع الصدر (Stethoscope) کہا جاتا ہے۔
- دل گرد قلبیہ (Pericardium) نامی دو جھلیوں سے گھرا ہوتا ہے۔
- دل کے چار خانے ہوتے ہیں اوپری دو اذین (Auricles) اور نچلے دو بطین (Ventricles) کہلاتے ہیں۔
- اذین بین اذینی فاصل (Inter Auricular Septum) اور بطین بین بطینی فاصل (Inter Ventricular Septum)

کے ذریعہ علیحدہ رہتا ہے۔

- حیاتین K کی کمی کی وجہ سے خون کے منجمد ہونے میں تاخیر ہوتی ہے۔
- پودوں میں تنفسی نظام اور عمل سریان (Transpiration) کے درمیان رشتہ پایا جاتا ہے۔
- پودے زمینی پانی کو جڑوں سے عمل ولوج (Osmosis) کے ذریعہ جذب کرتے ہیں۔
- جس دباؤ کے ساتھ خون دموی وعاؤں (Blood Vessels) میں پہنچتا ہے اسے خون کا دباؤ (Blood Pressure) کہا جاتا ہے اور ایک صحت مند انسان یا نارمل آدمی میں خون کا دباؤ 120/80mm ہوتا ہے۔
- بیج کی تنبیت کے دوران بیج سے نکلنے والا پہلا حصہ کومول (Radical) کہا جاتا ہے۔
- پودوں میں پانی اور معدنیات کو منتقل کرنے والی بافتوں کو خشبہ (Phloems) کہا جاتا ہے۔
- ڈاکٹر چارلس ہفنگل نے مصنوعی دل اور شش کو (Open Heart Surgery) کے وقت تیار کیا۔
- ولیم جان کوف نے مصنوعی ڈائیلاسیس (Artificial Dialysis Machine) کو ایجاد کیا۔
- بومینی کیسہ میں ایک مرغولہ موجود ہوتا ہے جس کی دیوار واحد پرت والی چوکور سرحلی بافت (Epithelial tissue) پر مشتمل ہوتی ہے جس کو پوڈوسائیٹس (Podocytes) کہا جاتا ہے۔
- مرغولہ سے نکلنے والی شریانک کو برآندہ شریانک (Efferent Arteriole) کہا جاتا ہے۔
- کیمیائی شئے جو خون کے انجماد کو روکتی ہے مانع انجماد (Anti Coagulent) کہلاتی ہے۔
- نیفران کا پیالہ نما چوڑے حصے کو بومینی کیسہ (Bowman's Capsule) کہا جاتا ہے۔
- گردے کا اندورنی حصہ نخاع (Medulla) کہلاتا ہے جس میں 9 تا 12 مخروطی اجسام پائے جاتے ہیں۔ جنھیں عافی کاسہ (Pelvis) کہا جاتا ہے۔
- Vasopressin ہارمون کی کمی کی وجہ سے پیشاب کے مقدار میں زیادتی اور بار بار پیشاب آنا اور ہلکا یا پیشاب کا آنا دراصل پھیکی ذیابیطس (Diabetes insipidus) کی وجہ سے ہوتا ہے۔
- عضویئے کا ماحول میں ہونے والی تبدیلی یا مہیج کے تئیں عمل کرنے کی صلاحیت ردعمل (Respons) کہلاتی ہے۔
- پودوں میں موجود ہارمونس کو نباتی ہارمونس کہا جاتا ہے۔
- عصبی خلیہ (Neuron) عصبی نظام کی ساختی وفعلیاتی اکائی ہے۔
- دو عصبی خلیوں کے درمیان فعلی رابطہ کا مقام معانقہ (Synapse) کہلاتا ہے۔
- مرکزی عصبی نظام دماغ اور نخاعی ڈور پر مشتمل ہوتا ہے۔
- محیطی عصبی نظام میں 43 جوڑا اعصاب ہوتے ہیں۔ ان میں 12 جوڑ قحفی اعصاب (Cranial nerves) اور 31 جوڑ نخاعی اعصاب ہوتے ہیں۔
- Charles Darwin اور Francis Darwin نے ضیارخیت (Phototropism) پر تجربات انجام دیئے۔
- نیفران میں محوریئے کے اطراف ایک حفاظتی حاجزی غلاف موجود ہوتی ہے جس کو میالن غلاف (Myelin Sheath) کہا جاتا ہے۔
- انعکاس عمل (Reflex Action) میں دماغ (Brain) کا کوئی دخل نہیں ہوتا۔

❖ والتھر فلیمنگ نے مرکزہ میں موجود جال نما حصہ کو سب سے پہلے کرومیاٹن (Chromatin) کا نام دیا۔

❖ مادہ زواجہ کا بغیر باروری کے جفتہ میں نمو پانا باکرہ ثمرت (Parthenogenesis) کہلاتی ہے۔

❖ خیطی تقسیم کے اختتام پر دو دختر خلیے تیار ہوتے ہیں۔ جن میں کروموزومس کی تعداد ان کے والدین کے مساوی ہوتی ہے۔

❖ نخز مایہ کی تقسیم کو سائٹیو کائینس (Cytokinesis) کہا جاتا ہے۔

❖ مصنوعی نباتی اشاعت کا وہ طریقہ جس میں مولد پودے کا ایک حصہ پر کلی موجود ہو اصل پودے سے کاٹ کر علیحدہ کر کے نم مٹی میں بویا جاتا ہے تو ایک نئے پودے میں تبدیل ہوتا ہے اس کو قلم کاری (Cutting) کہا جاتا ہے۔ مثلاً: گلاب۔

❖ جنین کو گھیرے رہنے والی بیرونی پرت کو سلی (Chorion) کہا جاتا ہے۔

❖ کوئی آلہ یا کیمیائی شئے جو حمل کو روکتا ہے مانع حمل یا (Contraceptives) کہلاتا ہے۔

❖ منویئے نہایت چھوٹے خوردبینی فعال نر زواجے ہوتے ہیں۔

❖ انسانوں میں باروری کا عمل فیلوپی نالیوں (Fallopian tubes) میں واقع ہوتا ہے۔

❁❁❁❁❁

1۔ ان میں صوتی ڈور پائے جاتے ہیں۔

(1) حنجرہ (2) بلعوم (3) انفی کہفہ (4) نرخرہ

2۔ شش میں ہوائی تھیلیوں کے گچھے کہلاتے ہیں۔

(1) جوفیزے (2) شعبیہ (3) شعبیہ (4) ہوائی خالئے

3۔ ذیل میں کونسا بیان صحیح ہے؟

(1) جب ڈائفرام سکڑتا ہے۔ صدری کہفہ کے حجم میں اضافہ ہوتا ہے۔

(2) جب ڈائفرام سکڑتا ہے۔ صدری کہفہ کے حجم میں کمی واقع ہوتی ہے۔

(3) جب ڈائفرام پھیلتا ہے۔ صدری کہفہ کے حجم میں اضافہ ہوتا ہے۔

(3) جب ڈائفرام پھیلتا ہے۔ صدری کہفہ کے حجم میں کمی واقع ہوتی ہے۔

4۔ عمل تنفس تخریبی عمل ہے کیونکہ

(1) پیچیدہ غذائی سالمات ٹوٹتے ہیں (2) شعاعی توانائی میں تبدیلی واقع ہوتی ہے

(3) کیمیائی توانائی کی تالیف ہوتی ہے (4) توانائی ذخیرہ کی جاتی ہے

5۔ خون کا ہیموگلوبن منتقل کرتا ہے۔

(1) صرف آکسیجن (2) صرف Co_2 (3) صرف نائٹروجن (4) آکسیجن اور کاربن ڈائی آکسائیڈ

6۔ وہ ساخت جو تنفّسی حرکت میں اہم رول انجام دیتی ہے۔

(1) برمزمار (2) وریدی جوف (3) مونوسائیٹ (4) ڈائفرام

7۔ حنجرہ ہے۔

(1) نرخرہ کا حصہ (2) شش کا حصہ (3) شعبیہ خلیہ کا اوپری حصہ (4) شعبیہ

8۔ وہ ساخت جو بلعوم پر ڈھکن کا کام انجام دیتی ہے۔

(1) زبان (2) برمزمار (3) خشیوم (4) جانبی صفاق

9۔ مکڑی میں اس کی مدد سے تنفس کا عمل انجام پاتا ہے۔

(1) گلپھڑے (2) جلد (3) قصیب (4) شش

10۔ عمل تنفس میں اس کیمیائی مادے کی تکسید واقع ہوتی ہے۔

(1) نشاستہ (2) گلوکوز (3) سیلولوز (4) چربی

11۔ اس کی وجہ سے تنفس احتراق سے مختلف ہوتا ہے۔

(1) ابتدا میں اشیاء کا جلنا (2) مختلف مرحلوں میں حرارت کا اخراج

(3) ابتداء میں آکسیجن کی دستیابی (4) کل حرارت کا ایک ساتھ اخراج

12۔ ATP میں فاسفیٹ سالموں کی تعداد ہوتی ہے۔

(1) 2 (2) 3 (3) 4 (4) 5

13۔ نوزائد بچے میں عمل تنفس کی شرح رفتار۔

(1) 20مرتبہ (2) 32مرتبہ (3) 25مرتبہ (4) 40مرتبہ

14۔ ضیائی تالیف کے دوران پودوں میں ذخیرہ کی جانے والی توانائی حاصل ہوتی ہے۔

(1) گلوکوز کی تکسید سے (2) سورج کی روشنی سے (3) Co_2 کی تحویل سے (4) پیرویٹ کی تحویل سے

ANSWERS

1-1	2-1	3-1	4-1	5-4	6-4	7-1
8-2	9-3	10-2	11-2	12-2	13-2	14-2

❖ Ghrelin۔ معدے کی دیواروں کے مخصوص خلیوں سے تیار ہونے والا ہارمون جو بھوک کا احساس کراتا ہے۔

❖ Leptin۔ یہ ایک ہارمون ہے جو بھوک کو دباتا ہے۔

❖ Gustatory چکھنے۔ ذائقے کے احساس سے تعلق رکھتا ہے۔

❖ کیمیائی محصلی۔ وہ حسی خلیے جو کیمیائی محرک پر عمل کرتے ہیں اور یہ ذائقہ اور بو کا احساس کرتے ہیں۔

❖ بھٹنیاں۔ زبان پر موجود ابھار جن میں مختلف قسم کے ذوقی کلیاں پائی جاتی ہیں جو مختلف ذائقوں جیسے میٹھا نمکین، کھٹا، کڑوا کا احساس کرتے ہیں بھٹنیاں کہلاتے ہیں۔

❖ غذائی بولس۔ دہن میں غذا کو چبانے سے غذا ایک لیس دار تودے کی شکل اختیار کرتی ہے جسے غذائی بولس کہا جاتا ہے۔

❖ موجی حرکت۔ آنت یا کوئی نالی میں عضلات کے سکڑنے اور پھیلنے کی وجہ سے پیدا ہونے والی موج جیسی حرکت جو نالی کے اجزاء کو آگے کی طرف ڈھکیلتی ہے موجی حرکت کہلاتی ہے۔

❖ کیموس۔ جزوی طور پر ہضم شدہ غذا جو معدے سے چھوٹی آنت میں داخل ہوتی ہے۔

- حاجبی عاصرہ۔ معدے کا چھوٹی آنت کے پہلے حصے یا اثنائے عشری میں کھلنے کے مقام پر موجود عضلات حاجبی عاصرہ کہلاتے ہیں۔
- ولی۔ چھوٹی آنت کے اندرونی سطح پر موجود انگشت نما ابھار جو انجذاب کے سطحی رقبے میں اضافہ کرتے ہیں ولی کہلاتے ہیں۔
- نخاع مستطیل۔ یہ دماغی تنے کا نچلا حصہ ہوتا ہے جو نخاعی ڈور کے طور پر جاری رہتا ہے اس میں جسم کے اہم افعال کے مراکز پائے جاتے ہیں جو تنفس، دل کی دھڑکن B.P وغیرہ کو کنٹرول کرتے ہیں۔
- دماغی تنہ۔ دماغی تنہ پچھلے دماغ کا حصہ ہوتا ہے جو وارولی جسم اور نخاع مستطیل پر مشتمل ہوتا ہے۔
- مناسب ہاضمے، تحلیل Assimilation اور توانائی خارج کرنے والے اعمال کے لئے ہمارے ذریعہ حاصل کی گئی غذا کو اس کے اجزائے ترکیبی میں توڑنا ضروری ہے۔
- انسانی ہضمی نظام دونوں عضلاتی اور عصبی نظاموں کو شامل کرتا ہے۔
- ہضمی نالی میں موجود ایک مخصوص عصبی نظام تقریباً 100 (بلین) دس کھرب اعصاب پر مشتمل ہوتا ہے جو عضلاتی سرگرمی، خون کا بہاؤ، ہاضمہ، مقویات کا انجذاب اور ہضمی نالی کے دیگر سرگرمیوں (معدنی آنتی نالی Gastro intesinal tract) کو مربوط کرتا ہے۔
- ذائقے کو آسانی سے صرف اس وقت شناخت کیا جاسکتا ہے جب زبان کو حتک (Palate) کی مخالف سمت دبایا جاتا ہے۔
- ذائقے اور بو کے درمیان قریبی تعلق پایا جاتا ہے ناک میں موجود کیمیائی محصلی اور زبان اشارات کو اکساتے ہیں اور عصبی ہیجان کی شکل میں دماغ تک ترغیب دیتے ہیں۔ جہاں پر بو اور ذائقے کی شناخت کی جاتی ہے۔
- لعاب کا افراز اساسی واسطے کو برقرار رکھتے ہوئے نشاستے کے ہاضمے میں مدد کرتا ہے۔ ہمارا دہن ترشے (Acid) کا بھی افراز کرتا ہے یہ ترشے ہمارے دہن کو نقصاندہ بیکٹر یا وغیرہ سے محفوظ رکھتے ہیں۔ خودکار عصبی نظام کے عمل کے تحت لعابی غدودوں کے ذریعہ لعاب کا افراز غذا کو بھگوتا ہے تاکہ چبانے اور نگلنے میں آسانی ہوسکے۔
- دہنی کہفے (Oral cavity) میں موجود عضلاتی اور حسی عضو زبان (Tongue) ہے۔ جو نہ صرف چکھنے (Gustatory) کا فعل انجام دیتی ہے بلکہ مختلف افعال بشمول دہنی کہفے میں غذا کی تبدیلی اور ملانے اور نگلنے (Swallowing) میں اہم رول ادا کرتی ہے۔
- نگلنے کی میکانیت دماغی تنے میں موجود نگلنے کے مرکز کے ذریعہ مربوط ہوتی ہے۔
- ہضمی نالی میں عضلات کے سکڑنے اور پھیلنے سے پیدا ہونے والی سلسلہ وار موجی شکل کی حرکت جو غذا کو آگے کی طرف ڈھکیلتی ہے موجی حرکت یا Peristalsis کہلاتی ہے۔ یہ ایک عضلاتی موج ہوتی ہے جو غذائی نالی کی مکمل لمبائی تک سفر کرتی ہے۔ یہ غیر ارادی ہے اور خودکار عصبی نظام اور آنتی عصبی نظام کے کنٹرول میں ہوتا ہے۔
- معدے کے عضلاتی انقباض سے غذا کے بلونے (Churn) کا عمل ہوتا ہے جس کی وجہ سے ایک نیم مائع غذائی شئے تیار ہوتی ہے جس کو کیموس (Chyme) کہا جاتا ہے۔ اثنائے عشری میں Chyme کے داخلے کو ایک عضلا باقاعدہ کرتا ہے اور اس عضلا کو حاجبی عاصرہ (Pyloric sphincter) کہا جاتا ہے۔
- طاقتور (Hcl) معدے میں P^H کی ترجمانی کرتا ہے۔ اس ترشہ سے لحمی ہضمی خامرے زور اور شور سے افعال انجام دیتے ہیں۔
- معدے میں افراز کردہ رسوں سے غذا کو توڑا جاتا ہے معدئی رس سے ملایا جاتا ہے اور ایک ملائم مکسچر تیار ہوتا ہے جو کیموس Chyme کہلاتا ہے معدے کی مخاطی استرکاری اس کے خود کے ترشوں کے نقصان سے اس کی حفاظت کرتی ہے۔
- ہاضمہ تنفس اور دوران کے اعمال کے درمیان ارتباط ہونا ضروری ہے تاکہ غذا کا استعمال، غذا کی تکسید اور مقویات کی منتقلی واقع ہوسکے۔ یہ عضلاتی اور عصبی کنٹرول کو باقاعدہ طریقے سے انجام دینے میں مدد کرتے ہیں۔

1۔ Secretin, Gastrin, Grehlin, Leptin

2۔ Gastrin, Secretin, Leptin, Grehlin

3۔ گہرے عضلات سطحی عضلات دائری عضلات، دھاری دار عضلات۔

4۔ سطحی عضلات گہرے عضلات گردن کے عضلات، لمبے عضلات

5۔ پانچویں قحفی عصب، دوسری قحفی عصب، پانچویں چہرے کی عصب، نخاعی عصب

6۔ مرکزی عصبی نظام، محیطی عصبی نظام، خودکار عصبی نظام

7۔ Amylase, Galactase, Sucrase, Lipase

8۔ نخاعی مستطیل، مخ، 8th خصوصی عصب، قحفی عصب، ساتویں قحفی عصب

9۔ Pons voroli، دماغی تنہ، نخاعی مستطیل، وسط دماغ

10۔ 6th قحفی عصب، 5th قحفی عصب، 10th قحفی عصب، بصارتی عصب۔

❁❁❁❁❁

1۔ حسب ذیل میں سے کونسی حالت میں آپ ذائقے کو فوراً پہچان سکتے ہیں۔

(1) شکر کی قلموں کو زبان پر رکھ کر (2) شکر کے محلول کو زبان پر ڈال کر

(3) زبان کو آہستہ سے حنک کی مخالف سمت دبا کر (4) ٹکڑے کرنے اور پیسے بغیر راست نگلنا

2۔ موجی حرکت اس کی وجہ سے ہوتی ہے۔

(1) طولی عضلات کا انقباض (2) دائری عضلات کا انقباض

(3) خودکار عصبی نظام کے کنٹرول کے تحت (4) ہضمی افرازات

3۔ وہ عاصرہ جو معدے کو اثنائے عشری میں کھولنے میں مدد کرتا ہے۔

(1) قلبی (2) حاجبی (3) مبرز (Anal) (4) معدئی

4۔ وِلّی (Villi) کے حسب ذیل حصے سے گلوکوز اور امینو ترشوں کا انجذاب عمل میں آتا ہے۔

(1) سرحلمی خلیے (2) خون کے شعریات (3) لمفائک وعائیں (4) تمام

5۔ دماغ کا وہ حصہ جو بھوک کے اشارات کو کنٹرول کرتا ہے۔

(1) نخاعی (2) دماغی ساقین (3) مخ (4) وسط دماغ

6۔ پانی اور مقویات کا انجذاب یہاں عمل میں آتا ہے۔

(1) معدہ (2) چھوٹی آنت (3) بڑی آنت (4) یہ تمام

7۔ غذا کی تکسید اور توانائی کے اخراج کے لئے اس عمل کی ضرورت ہے۔

(1) اخراج فضلہ (2) دوران (3) تنفس (4) ان میں کوئی نہیں

8۔ غذا جب آنت میں داخل ہوتی ہے تو اس کی نوعیت ہوتی ہے۔

(1) ترشئی (2) قلوی (3) نہ ترشئی نہ قلوی (4) یہ تمام

9۔ موجی حرکت ہضمی نظام کے اس حصہ میں واقع ہوتی ہے۔

(1) مری (2) معدہ (3) چھوٹی آنت (4) یہ تمام

10۔ ہم روزآنہ اتنا لعاب افراز کرتے ہیں۔

(1) 1.25۔1لیٹر (2) 1.5۔1لیٹر (3) 2.25۔2لیٹر (4) 1.75لیٹر

11۔ جبڑے میں عضلات کی حرکت کو قابو کرنے والی قحفی عصب ہے۔

(1) پہلی (2) تیسری (3) چوتھی (4) پانچویں

12۔ ہماری غذا کا کونسا جز ایک ایسا خامرہ کی مدد سے ہضم کیا جاتا ہے جو لعاب اور لبلبی رس میں موجود ہوتا ہے۔

(1) چربی (2) لحمیہ (3) حیاتین (4) معدنیات

13۔ ترتیب اسنان (دانتوں کی ترکیب) Dental formula کی نشاندہی کیجئے۔

(1) $\frac{3,1,3,2}{3,1,3,2}$ (2) $\frac{2,1,3,2}{2,1,2,3}$ (3) $\frac{2,1,3,2}{2,1,3,2}$ (4) $\frac{2,3,1,2}{2,3,1,2}$

14۔ معدہ کی دیواروں سے افراز ہونے والی ہضمی رس میں یہ ترشہ ہوتا ہے۔

(1) HCL (2) نائٹرک ترشہ (3) سلفیورک ترشہ (4) امینو ترشہ

15۔ آنتی عصبی نظام میں عصبیے اس میں مدد دیتے ہیں۔

(1) غذا کو توڑنے کی تحریک وارتباط (2) مقویات یا انجذاب (3) فضلات کا اخراج (4) یہ تمام

16۔ بھوک کا احساس اور غذا کھانے کی رغبت اسوجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

(1) Ghrelin کی سطح میں اضافہ (2) Ghrelin کی سطح میں کمی

(3) Leptin کی سطح میں اضافہ (4) افراز کی سطح میں اضافہ

ANSWERS

1-1	2-1	3-1	4-1	5-2	6-4	7-1	8-2
9-2	10-3	11-3	12-13	13-2	14-2	15-1	16-2

- ❖ Creatinine کریاٹینن۔ نائٹرجنی فاسد مادہ جو خون اور پیشاب میں موجود ہوتا ہے۔
- ❖ Tubular fluid نالچی سیال۔ یہ سیال ڈائیلائیس میشین کے نالچی حصہ (Tubular Part) میں موجود ہوتا ہے یہ خون کی مانند ہوتا ہے جس میں نائٹروجنی فاسد مادے موجود نہیں رہتے۔
- ❖ Peritubular Capillaries گردنالچی شعریات۔ گردوی نالچے Renal tubules کے اطراف گرو برآندہ شریانک (Efferent arteriole) خون کی شعریات کا جال بناتی ہے جس کو گردنالچی شعریات کہا جاتا ہے۔
- ❖ Podocyte پوڈوسائیٹس۔ بومینی کیسہ میں ایک مرغولہ موجود ہوتا ہے جس کی دیوار واحد پرت والی چوکوری سرحلمی بافتوں پر مشتمل ہوتی ہے جس کو (Podocyte) خلیے کہا جاتا ہے۔
- ❖ Hyper Osmotic interstitial fluids۔ یہ سیال مرغولہ Glomerulus میں موجود ہوتا ہے تقطیر Filtration میں مدد دیتا ہے۔

- Glomerulus مرغولہ۔ بومین کیسہ میں بڑی تعداد میں شعریات کا گچھا موجود ہوتا ہے جس کو مرغولہ کہا جاتا ہے۔
- Afferent Arteriole درآندہ شریانک ۔ درآندہ شریانک دراصل وہ شریانک ہے جو مرغولہ میں داخل ہونے کے بعد شعریات کا جال بناتی ہے یہ مرغولہ میں خون کے دباؤ کو بناتی ہے۔
- Efferent arteriole برآندہ شریانک۔ مرغولہ سے نکلنے والی شریانک کو برآندہ شریانک کہا جاتا ہے۔
- Calyces اکمامے۔ گردے کا اندرونی حصہ نخاع کہلاتا ہے جس میں 9یا12 مخروط نما ساختیں ہوتی ہیں جیسے عانی کاسہ Pelvis کہا جاتا ہے اس مخروط کا چوڑا سرا شاخدار ہوکر پھول کی پتیوں کی طرح نظر آتا ہے جسے اکمامے Calyces کہا جاتا ہے۔
- Micturation پیشاب کا خارج ہونا۔ پیشاب کے اخراج کے عمل کو Micturation کہا جاتا ہے۔
- Urochrome یوروکروم۔ یہ ایک قسم کا Pegment ہے جو پیشاب کے رنگ کو ہلکے زرد رنگ میں تبدیل کرتا ہے۔
- Dialyser ڈائیلائیزر۔ وہ آلہ جو مصنوعی طور پر مریض میں خون کی تقطیر کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ڈائیلائزر کہلاتا ہے۔
- Haemodialysis ہیموڈائیلاسیس۔ جب کسی شخص کے دونوں گردے ناکارہ ہوجائیں تو اس کے خون کی Dialyser مشین سے تقطیر کرنے کا عمل ہیموڈائیلاسیس کہلاتا ہے۔
- Anti coagulant مانع انجماد۔ وہ کیمیائی شئے جو انجماد خون کو روکتی ہے مانع انجماد کہلاتی ہے۔مثلاً ہپارن (Heparin)
- Alkaloids قلیاسات۔ یہ ثانوی تحولی مرکبات ہیں جو پودوں کے مختلف حصوں میں ذخیرہ کیئے جاتے ہیں اور یہ نائٹروجنی ذیلی حاصل ہیں۔مثلاً کوینن۔
- حیاتی ڈیزل۔ چند پودے جس میں ثانوی تحولی مرکبات جیسے دودھ پیدا ہوتا ہے جس سے ڈیزل کی کشید گی عمل میں آتی ہے اس طرح کے پودوں کو حیاتی ڈیزل کہا جاتا ہے مثلاً۔Jatropa کا پودا۔
- Hilus ناف۔ گردے کے مقعر سطح پر ایک کھانچہ پایا جاتا ہے جسے ناف Hilus کہا جاتا ہے جہاں سے گردوی شریان گردہ میں داخل ہوتے ہیں۔
- Cortecx قشرہ۔ گردے کا بیرونی حصہ قشرہ کہلاتا ہے۔
- Medulla نخاع۔ گردے کا اندرونی حصہ نخاع کہلاتا ہے جس میں 9یا12 مخروطی اجسام پائے جاتے ہیں جنھیں عانی کاسہ Pelvis کہا جاتا ہے۔
- Nephron نیفران۔ یہ گردے کی ساختی وفعلیاتی اکائی ہے جو ہزاروں کی تعداد میں گردے میں پائی جاتی ہیں۔
- Urinary Bladder بولی مثانہ۔ یہ ایک عضلاتی تھیلی ہے جو مبال (Urethra) کے ذریعہ جسم کے باہر کی جانب کھلتی ہے۔
- Bowman's Capsule بومین کیسہ۔ نیفران کا چوڑا حصہ جو پیالہ نما ہوتا ہے بومین کیسہ کہلاتا ہے۔
- Excretion اخراج۔ وہ حیاتیاتی عمل جس کے دوران فاسد مادّے جسم سے علیحدہ اور خارج کیئے جاتے ہیں، اخراج کہلاتا ہے۔
- Diabetes insipidus پھیکی ذیابطیس ۔ Vasopressin ہارمون کی کمی کی وجہ سے پیشاب کی مقدار میں زیادتی، بار بار پیشاب آنا اور ہلکا یا پیشاب کا آنا پھیکی ذیابطیس کہلاتی ہے۔
- Vasopressin۔ یہ ہارمون پیشاب کی مرتکزیت میں معاون ہوتا ہے یہ جسمی سیال کے ولوجی ارتکاز کو برقرار رکھتا ہے۔
- Ureter حالب۔ یہ ایک جوڑ سفید پتلی لچکدار اور عضلاتی نالیاں ہیں جو ہر ایک گردے سے ناف کے مقام سے نکلتی ہیں۔جنکی لمبائی 30 سمر ہوتی ہے جو پیشاب کو گردے سے مثانہ میں پہنچاتی ہے۔

- Urethra مبال۔ یہ ایک نلی ہے جو پیشاب کو مثانہ سے باہر کی جانب لے جاتی ہے۔اسکو مبال یا مجری البول بھی کہتے ہیں۔
- Uremia یوریمیا۔ کسی شخص میں اگر گردے مکمل طور پر ناکارہ ہو جاتے ہیں تو ہمارا جسم زائد پانی اور فاسد مادوں سے بھر جاتا ہے جس کی وجہ سے ہمارے ہاتھ پاؤں میں سوجن پیدا ہو جاتی ہے اس حالت کو یوریمیا Uremia کہا جاتا ہے۔
- مختلف جاندار مختلف اشیاء کو تحولی سرگرمیوں میں استعمال کرتے ہیں جس کی وجہ سے مختلف قسم کے فاسد مادوں کا اخراج عمل میں آتا ہے۔
- انسانوں میں خارج ہونے والے فاسد مادے کاربن ڈائی آکسائیڈ پانی نائٹروجنی مرکبات جیسے امونیا، یوریا، یورک ترشہ پت الوان اور زائد نمک وغیرہ ہیں۔
- انسان میں اخراجی نظام ایک جوڑ گردے، ایک جوڑ حالب، مثانہ اور مبال پر مشتمل ہوتا ہے۔
- گردے میں تقریباً ایک ملین سے زائد خوردبینی پتلی نلی نما ساختی اور فعلیاتی اکائیاں موجود ہیں جنھیں بولی نالیاں یا نیفران کہا جاتا ہے۔
- نیفران دو حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ (1) مالفجی جسم (2) گردوی نالچے۔
- گردے ناکارہ نائٹروجنی مادوں کا اخراج کرتے ہیں۔اس کے علاوہ یہ جسم میں پانی کے توازن کو برقرار رکھتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ یہ نمک کی مقدار، PH اور جسم میں خون کے دباؤ کو برقرار رکھتے ہیں۔
- پیشاب کی تیاری چار مرحلوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ (1) مرغولی تقطیر (2) نالچی انجذاب (3) نالچی افراز (4) پیشاب کا ارتکاز۔
- مختلف جانوروں میں مختلف اخراجی اعضاء پائے جاتے ہیں جیسے امیبا میں سکڑے والے خالیئے چپٹے دودھیے میں شعلہ نما خلیے انیلیڈا میں نفریڈیا حشرات میں مالفجی نلیاں رینگنے والے جانور، پستانیے اور پرندوں میں گردے موجود ہوتے ہیں۔
- پودوں میں اخراج کے لئے کوئی مخصوص اعضاء نہیں پائے جاتے پودے اپنے مختلف فاسد مادوں کو پتوں، چھال، جڑ اور بیج میں ذخیرہ کرتے ہیں۔
- پودوں میں تحولی مادے دو قسم کے ہوتے ہیں۔ (1) ابتدائی تحولی مرکبات مثلاً پروٹین کاربوہائیڈریٹس اور چربی (2) ثانوی تحولی مرکبات مثلاً قلیاسات، ٹیانن دودھ اور ریسنس وغیرہ۔
- جانوروں میں فاسد مادوں کو خارج کرنے کے عمل کو اخراج کہتے ہیں اور اشیاء کے ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرنے کے عمل کو افراز کہتے ہیں۔
- انسانوں میں گردوں کے علاوہ شش، جلد، جگر اور آنت بھی اخراج کا عمل انجام دیتے ہیں۔

مختلف عضویوں میں کونسے اخراجی اعضاء پائے جاتے ہیں

عضویہ	اخراجی نظام
پروٹوزوا	جسم کی سطح سے سادہ نفوذ پذیری کے ذریعہ پانی میں خارج ہوتا ہے
پوری فیرا	ان کے تقریباً تمام خلیے پانی میں نہائے جاتے ہیں۔
آرتھروپوڈا	سبز غدود، مالفجی نالیاں
مولسکا	میٹانیفریڈیا
ایکھائینوڈرامیٹا	آبی وعائی نظام
رینگنے والے جانور، پرندے، پستانے	گردے

1۔ پھیپھڑے جھلیوں سے گھرے ہوئے ہوتے ہیں جس کو یہ کہا جاتا ہے۔
(1) توانائی تھیلی (2) نرخرہ (3) مری (4) جنبیہ

2۔ نوذائدہ بچہ میں فی منٹ تنفس کی شرح ہوتی ہے۔
(1) 18مرتبہ (2) 32مرتبہ (3) 26مرتبہ (4) 16مرتبہ

3۔ ایک پٹی جو ڈھکن کا کام انجام دیتی ہیں اور غذا کو خجرہ (Larynx) میں داخل ہونے سے روکتی ہے۔
(1) مزمار (2) بلعوم (3) مدلی (4) نرخرہ

4۔ اخراج کا اہم مقصد۔
(1) بیکار مادوں کا اخراج (2) جسم میں روانی توازن کو برقرار رکھنا (3) 1 اور 2 (4) عمل تکسید کو برقرار

5۔ کاربوہائیڈریٹس، چربیوں اور پروٹینس کی تکسید میں پیدا ہونے والے اشیاء۔
(1) پانی (2) کاربن ڈائی آکسائیڈ (3) نائٹروجنی بے کار مادے (4) یہ تمام

6۔ گردے کی ساختی اکائیاں ہیں۔
(1) نیفران (2) مخروط (3) بومینس کیسہ (4) یہ تمام

7۔ گردے کا بیرونی اور اندرونی حصہ کہلاتا ہے۔
(1) قشرہ اور نخاع (2) مبال اور حالب (3) ہنلی حلقے (4) یہ تمام

8۔ بیکار مادوں سے مراد۔
(1) امونیا (2) یوریا (3) یوریک ترشہ (4) یہ تمام

9۔ جسم میں کاربوہائیڈریٹس، پروٹینس اور چربی کی عمل تکسید سے پیدا ہونے والے مادے۔
(1) پانی (2) کاربن ڈائی آکسائیڈ (3) غیر گیاسی نائٹروجنی مادے (4) یہ تمام

10۔ پرندے ان اخراجی مادوں کا اخراج کرتے ہیں۔
(1) امونیا (2) یوریا (3) یوریک ترشے (4) کاربن ڈائی آکسائیڈ

11۔ ٹیانن کو ان پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔
(1) Cassia (2) Accacia (3) 1 اور 2 (4) Nerium

12۔ قلیاسات (Alkaloids) ہے۔
(1) نائٹروجنی مرکبات (2) ناکارہ نامیاتی مادے (3) کاربن کے مرکبات (4) یہ تمام

13۔ Nicotina نکوٹین کو کس پودے سے حاصل کیا جاتا ہے۔
(1) Nicotiana Taboccum (2) Rauwolfa (3) Neem (4) Cinchona

14۔ نیم کے پتے میں پائے جانے والے قلیاسات
(1) مارفین (2) کیاسین (3) نمبن (4) یہ تمام

15۔ کیافین (Caffeine) ہے۔
(1) قلیاسات (Alkaloids) (2) تیل (3) رنگ (4) گوند

16۔ Latex کا تعلق خاندان سے ہے۔

(1) Euphorbiaceae (2) Apocyanaceae (3) Asclepadiaceae (4) یہ تمام

17۔ پروٹوزوا میں اخراج اس کے ذریعہ انجام پاتا ہے۔

(1) عمل نفوذ Diffusion (2) Cilia (3) Tentacles (4) کاذب پیر Pseudopodia

18۔ یہ ساری عمر نہ ہی پانی پیتے ہیں اور نہ ہی بیکار مادوں کا اخراج کرتے ہیں۔

(1) سی لن ٹریٹا (2) Silver fish سلورفش (3) نیفریڈیم (4) یہ تمام

19۔ حشرات جیسے جھینگر، بچھو، مکڑی وغیرہ میں یہ اخراجی اعضاء ہوتے ہیں۔

(1) شعلہ نما خلیے (2) Cilia (3) مالفجی نالیاں Malphigian tubules (4) ان میں کوئی نہیں

20۔ Nephridia ان کے اخراجی اعضاء ہیں۔

(1) جونک (2) امیبا (3) ہائیڈرا (4) سلورفش

21۔ شعلہ نما خلیے ان کے اخراجی اعضاء ہیں۔

(1) پلانیریا Planeria (2) Annelida (3) حشرات (4) یہ تمام

22۔ تمام فقریوں میں اخراجی اعضاء یہ ہیں۔

(1) شعلہ خلیے (2) عام جسمانی سطح (3) گردے (4) ان میں کوئی نہیں

23۔ گردے کا بیرونی حصہ کہلاتا ہے۔

(1) نخاع Medulla (2) قشرہ Cortex (3) 1 اور 2 (4) بومینس کیسہ

24۔ نخاع Medulla میں مخروطی بنڈل Pyramids ہوتے ہیں۔

(1) 9 تا 12 (2) 12 تا 8 (3) 9 تا 15 (4) 9 تا 14

24۔ ایک منٹ میں گردہ تقریباً ملی لیٹر پیشاب تیار کرتا ہے۔

(1) 150 ملی لیٹر (2) 120 ملی لیٹر (3) 160 ملی لیٹر (4) 110 ملی لیٹر

26۔ دروں افرازی غدود Adrenal Gland کے افعال یہ ہیں۔

(1) تناؤ یا بلڈ پریشر پر قابو (2) اخراج میں حصہ نہیں لیتے (3) 1 اور 2 (4) توازن کو برقرار رکھنا

27۔ گردے پر پائے جانے والا غدود۔

(1) لبلبہ (2) Adrenal Glands (3) Pituitary Glands (4) تھائرائیڈ

28۔ گردے کا وہ حصہ جو پیشاب کو تقطیر Filtration کرتا ہے۔

(1) نیفران (2) حالب (3) قشرہ (4) یہ تمام

29۔ پستانیے Mammals کے گردہ میں نیفران کی تعداد۔

(1) 15,000 (2) 1,00,000 (3) 2,00,000 (4) 5,00,000

30۔ نیفران کا وہ حصہ جو پیالہ نما ساخت پر مشتمل ہوتا ہے۔

(1) شعریاتCapillaries (2) گویگGlomerulus (3) کیالیسیس Bowman's Capsule (4)

ANSWERS

1-4	2-2	3-1	4-3	5-4	6-1	7-1	8-4	9-4	10-3
11-3	12-1	13-1	14-2	15-1	16-4	17-1	18-2	19-4	20-3
21-1	22-1	23-3	24-2	25-1	26-2	27-1	28-2	29-1	30-3

1۔ جھینگر کے اخراجی نظام سے متعلق عضو ہے۔

(1) مالفجی نالیاں (2) Raphides (3) حالب (4) نیفر یڈیا

2۔ ہمارے جسم میں پیشاب کے گذرنے کا صحیح راستہ ہے۔

(1) گردے۔حالب۔مثانہ۔مبال۔مثانہ (2) گردے۔حالب۔مثانہ۔مبال

(3) گردے۔حالب۔مثانہ۔مبال۔حالب (4) گردے۔مثانہ۔حالب۔مبال

3۔ پیشاب میں یہ زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے۔

(1) یوریا (2) سوڈیم (3) پانی Creatinine (4)

4۔ مخصوص اخراجی اعضاء غیر موجود ہوتے ہیں۔

(1) پرندے (2) امیبا Sponges (3) 1 اور 2 (4)

5۔ پیشاب کے اخراج میں مندرجہ ذیل ہارمون کا راست اثر ہوتا ہے۔

(1) ایڈرینال Vasopressin (2) Creatinine (3) Oestrogen (4)

6۔ پیشاب کے زرد مائل رنگ کی وجہ ہے۔

Urochrome (1) Bilirubin (2) Biliverdin (3) کلورائیڈس (4)

7۔ نیفران میں پیشاب بننے کی ترتیب ہے۔

(1) مرغولی تقطیر، نالچی بازانجذاب، نالچی افراز (2) نالچی بازانجذاب، نالچی افراز، مرغولی تقطیر

(3) نالچی افراز، مرغولی تقطیر، نالچی بازانجذاب (4) نالچی بازانجذاب، پیشاب کا ارتکاز، نالچی افراز

8۔ نیفران کا یہ حصہ گردے کے بیرونی خلیے میں پایا جاتا ہے۔

(1) ہنلی کا حلقہ PCT (2) DCT (3) بومینی کیسہ (4)

9۔ دوپہر یا رات کے کھانے کے بعد کسی بھی شخص کو پیشاب خارج کرنے کا احساس اس وجہ سے ہوتا ہے۔

(1) مثانہ پر معدہ کا دباؤ (2) ٹھوس کا مائع میں تبدیل ہونا (3) غذا میں پانی کی مقدار (4) عاصرہ کا پھیلنا

10۔ وہ جانور جو نفوذ پذیری کے ذریعہ فاسد مادوں کو خارج کرتے ہیں۔

(1) کیچوا (2) بچھو (3) امیبا (4) جونک

11۔ گردے کا وہ حصہ جو پیشاب کی تقطیر کرتا ہے۔

(1) نیفران (2) بولی مثانہ (3) حالب (4) گردوی شریان

12۔ Hevea braziliensis کے دودھ سے حاصل ہوتا ہے۔

(1) قلیاسات (2) گوند (3) رنگ (4) ربر

13۔ نیم کے پتے میں پائے جانے والے قلیاسات

(1) کونین (2) کیفین (3) نمبن (4) نکوٹین

14۔ پھیکی ذیابطیس (Diabeties insipidus) مندرجہ ذیل ہارمون کی کمی سے واقع ہوتا ہے۔

(1) انسولین (2) Vasporessin (3) ایڈرینالن (4) ٹیسٹوسٹیران

15۔ ملیریا کے علاج کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

(1) نمبن (2) ریزرپائین (3) کونین (4) نکوٹین

10۔ پودوں میں عمل سریان اور بوندوں (Guttation) کی شکل میں خارج کیا جاتا ہے۔

(1) گوند (2) مائع آکسیجن (3) پانی (4) قلیاسات

17۔ گردوں کا مکمل طور پر ناکارہ ہوجانا ہے اور فاسد مادوں اور پانی کا جسم میں بھر جانا کہلاتا ہے۔

(1) ذیابطیس (2) یوریمیا (3) لیوکیمیا (4) انیمیا

ANSWERS

1-1	2-2	3-1	4-2	5-2	6-1	7-1	8-1	9-1	10-3
11-1	12-4	13-3	14-2	15-3	16-3	17-2			

- ❖ ردعمل۔ عضویئے کے ماحول میں ہونے والی تبدیلی یا مہیج کے تئیں عمل کرنے کی صلاحیت۔
- ❖ محرکات۔ عضویئے کے جسم کے باہر یعنی ماحول میں ہونے والی تبدیلیاں۔
- ❖ عصبیہ۔ عصبی نظام کی بنیادی ساختی اور فعلیاتی اکائی عصبیہ ہے۔
- ❖ محوریہ۔ عصبیے کے خلوی جسم سے نکلنے والا ایک واحد لمبا زائدہ جو ہمارے جسم کے مختلف حصوں تک پھیلا ہوا ہوتا ہے محوریہ کہلاتا ہے۔
- ❖ معانقہ۔ دو عصبی خلیوں کے درمیان فعلی رابطہ کا مقام معانقہ کہلاتا ہے جہاں اطلاعات ایک عصبیے سے دوسرے کو منتقل کئے جاتے ہیں
- ❖ درآرندہ یا حسی اعصاب۔ یہ اعصاب حسی اعضاء اور محصلیوں سے حاصل کردہ اطلاعات کو دماغ اور نخاعی ڈور کے مخصوص مقامات تک پہنچاتے ہیں۔
- ❖ برآرندہ یا حرکی اعصاب۔ یہ اعصاب تحریکات کو دماغ یا نخاعی ڈور سے نافذ (Effectors) تک لیجاتے ہیں۔
- ❖ اشترا کی اعصاب۔ یہ اعصاب درآرندہ اور برآرندہ اعصاب کو ایک دوسرے سے جوڑتے ہیں۔
- ❖ مرکزی عصبی نظام۔ یہ نظام دماغی اور نخاعی ڈور پر مشتمل ہوتا ہے اور تمام عصبی افعال کو مربوط کرتا ہے۔

- ❖ دماغ۔ یہ ایک بہت ہی نازک اور ملائم عضو ہے اور یہ ہڈی کے صندوق سے گھرا رہتا ہے جسے قحفہ کہا جاتا ہے۔ دماغ تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ (1) اگلا دماغ (2) درمیانی دماغ (3) پچھلا دماغ
- ❖ نخاعی ڈور۔ یہ ایک لمبی استوانہ نما ساخت ہوتی ہے جو فقری ستون میں سے گذرتی ہوئی پشت کی تمام لمبائی تک پھیلی رہتی ہے۔
- ❖ دماغی نخاعی سیال۔ دماغ اور نخاعی ڈور دونوں تین جھلیوں سے ڈھکے رہتے ہیں اندرونی پرتوں کے درمیان کی خلا ایک سیال سے بھری ہوتی ہے جسے دماغی نخاعی سیال کہا جاتا ہے۔ یہ سیال دھچکا برداشت کرنے والے واسطے کی طرح کام کرتا ہے۔
- ❖ محیطی عصبی نظام۔ یہ ظہری اور بطنی جڑ عصبی خلوی سروں اور نخاعی قحفی اعصاب کے جال کا ایک وسیع نظام ہے جو دماغ اور نخاعی ڈور سے ایک سرے پر اور عضلات سے دوسرے سرے پر رابطے میں ہوتا ہے۔
- ❖ انسولین۔ درون افرازی لبلبہ کے آئیلیٹس آف لینگر ہانس خلیے انسولین نامی ہارمون کا افراز کرتے ہیں Insulin گلوکوز کی فاضل مقدار کو Glycogen میں تبدیل کرتا ہے۔
- ❖ دروں افرازی غدود۔ یہ غدود کیمیائی اشیاء کا افراز کرتے ہیں جنھیں ہارمونس کہا جاتا ہے جو راست خون میں شامل ہوتے ہیں مثلاً (1) نخامی غدود (2) تھائیرائیڈ غدود۔
- ❖ ہارمونس۔ درون افرازی غدود کے ذریعے افراز ہونے والے کیمیائی اشیاء ہارمونس کہلاتے ہیں۔ خون ہارمونس کی منتقلی کے لئے بطور واسطہ کام کرتا ہے۔ ہارمونس کاربوہائیڈریٹس پروٹین اور چربیوں کے تحول میں کمی یا زیادتی کرتے ہیں۔ ہارمونس کی بہت ہی کم مقدار (ایک گرام کا 1/10,00,000 حصہ یا اس سے کم) ہدف بافت میں بڑی تبدیلیاں پیدا کرتے ہیں۔
- ❖ بازرسائی میکانیت۔ دروں افرازی غدودوں سے افراز کئے جانے والے ہارمونس کی مقدار اور اوقات بازرسائی میکانیت کے ذریعہ کنٹرول کی جاتی ہے۔ جسم میں ہارمونس کی تیاری اور ان کے افرازات کو باقاعدہ کرنے کا طریقہ کار بازرسائی طریقہ کار کہلاتا ہے۔
- ❖ نباتی ہارمونس۔ پودوں میں موجود ہارمونس کو نباتی ہارمونس کہا جاتا ہے یہ ہارمونس مختلف محرکات جیسے روشنی، تپش، پانی، لمس، دباؤ، کیمیائی اشیاء ثقل وغیرہ پر قابو کرتے ہیں نباتی ہارمون پودے کی بالیدگی کے ایک یا دیگر پہلو کو کنٹرول کرتے ہوئے پودے کی سرگرمیوں کو مربوط کرتے ہیں۔
- ❖ رخی یا سمتی حرکات۔ بیرونی محرکات کے زیر اثر پودوں کے انفرادی حصوں کی حرکت یا ردِعمل کو رخی یا سمتی حرکت کہا جاتا ہے۔
- ❖ اُجالی حرکات۔ جب محرکات کی سمت سے حرکت کا تعین نہیں کیا جا سکتا تب اس قسم کے ردِعمل کو اُجالی حرکت کہا جاتا ہے۔
- ❖ عصبی نظام اور دروں افرازی نظام دو تکمیلی نظام ہیں جو جسم کے مختلف افعال کو کنٹرول اور مربوط کرتے ہیں۔
- ❖ عصبی نظام کے ردِعمل کی معکوس، ارادی اور غیر ارادی حرکات میں درجہ بندی کی جا سکتی ہے۔
- ❖ انسانی عصبی نظام کا مطالعہ دو زمروں کے تحت کیا گیا ہے۔ مرکزی عصبی نظام اور محیطی عصبی نظام۔
- ❖ مرکزی عصبی نظام دماغ اور نخاعی ڈور پر مشتمل ہوتا ہے جبکہ محیطی عصبی نظام کو جسدی عصبی نظام اور خودکار عصبی نظام میں تقسیم کیا گیا ہے۔
- ❖ خودکار عصبی نظام کے دو حصہ ہیں۔ مشارکی اور غیر مشارکی، جو ایک دوسرے کے مخالف طبعی ردِعمل کا باعث ہوتے ہیں۔
- ❖ معانقہ ایک درز ہے جہاں اشارات ایک عصبیے سے دوسرے کو منتقل کئے جاتے ہیں۔
- ❖ خاطر خواہ من پسند اثر حاصل کرنے کے لئے جسم کے ایک حصے میں پیدا ہونے والے ہارمونس دوسرے حصے تک منتقل کئے جاتے ہیں۔

- ہارمونس کے عمل کو فیڈ بیک میکانیت باقاعدہ کرتی ہے۔
- مخصوص محرکات جیسے روشنی، کیمیائی اشیاء وغیرہ پر ردِعمل کے لئے پودوں میں رخی حرکات کو سمتی حرکات کہا جاتا ہے۔
- نباتی ہارمون عموماً نمو پر اثر انداز ہونے والے (Effectors) یا نمو کو روکنے والے (Inhibitors) ہوتے ہیں۔ نمو پر اثر انداز ہونے والے چند نافذ آکزنس اور گبرلینس ہیں جب کہ Abscisic acid نمو کو روکنے والا Inhibitor ہے۔
- ہر عصبی خلیہ خلوی جسم، شجریئے اور محوریے پر مشتمل ہوتا ہے۔
- درآرندہ عصبیوں کو حسی اعصاب بھی کہا جاتا ہے۔ برآرندہ عصبیوں کو حرکی اعصاب بھی کہا جاتا ہے۔
- وہ اکہرا راستہ جو Detectors سے نخاعی ڈور تک پہنچ کر نافذ کی طرف لوٹتا ہے معکوس کمان Reflex arc کہلاتا ہے۔
- ہمارے جسم کے زیادہ تر افعال دراصل ارادی اور غیر ارادی راستوں سے کنٹرول کئے جاتے ہیں۔
- دماغ سے نکلنے والے قحفی اعصاب کے 12 جوڑ ہوتے ہیں اور نخاعی ڈور سے نکلنے والے نخاعی اعصاب کے 31 جوڑ ہوتے ہیں۔
- اگر انسولین مناسب مقدار میں تیار نہیں کی جاتی ہے تو خون میں گلوکوز کی سطح بڑھ جاتی ہے۔ اسے ذیابطیس شکری کہا جاتا ہے۔

❁❁❁❁❁

1۔ ایک شخص میں جذبات پر قابو کے کھو جانے سے دماغ کا کونسا حصہ افعال انجام دینا روکتا ہے۔

(1) مخ (2) دماغی ساقین (3) درمیانی دماغ (4) ان میں کوئی نہیں

2۔ انسان میں محیطی اعصاب کے جوڑ کی جملہ تعداد ہوتی ہے۔

(1) 41 (2) 42 (3) 43 (4) 44

3۔ درآرندہ اعصاب (Afferent nerves) یہ بھی کہلاتے ہیں۔

(1) حسی اعصاب (2) حرکی اعصاب (3) مخلوط اعصاب (4) ان میں کوئی نہیں

4۔ دماغ کا وزن جسم کے جملہ وزن کا تقریباً ہوتا ہے۔

(1) 2% (2) 3% (3) 4% (4) 5%

5۔ اعصابی نظام کا کونسا حصہ غیر ارادی حرکتوں کو قابو میں رکھتا ہے۔

(1) نخاعی مستطیل (2) پچھلا دماغ (3) زیرعرشہ (4) نخاعی ڈور

6۔ ارادی حرکات پر قابو رکھتا ہے۔

(1) مخ (2) دمیغ (3) نخاعی ڈور (4) نخاعی مستطیل

7۔ قحفی اعصاب کے جوڑ پائے جاتے ہیں۔

(1) 10 (2) 12 (3) 15 (4) 31

8۔ سانس کی نلی کے قریب پایا جانے والا غدود ہے۔

(1) لبلبہ (2) جگر (3) درقیہ (4) برگردوی

9۔ آئیلٹس آف لانگر ہنس اس میں پائے جاتے ہیں۔

(1) گردہ (2) جگر (3) سانس کی نلی (4) لبلبہ

10۔ افرازی غدود جو سر میں موجود ہوتا ہے۔

(1) برگردوی (2) نخامی (3) درقی (4) نزددرقی

11۔ اعصاب جو پیغامات کو حسی اعضا سے دماغ یا نخاعی ڈور تک لے جاتے ہیں۔

(1) شجریئے (2) حرکی اعصاب (3) برآرندہ عصبیے (4) درآرندہ عصبیے

12۔ عصبیے کا وہ حصہ جو عموماً عصبی ریشہ کہلاتا ہے۔

(1) شجریہ (2) مائی لین غلاف (3) محوریہ (4) Cyton

13۔ عصبی نظام اس قسم کے خلیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

(1) عصبیے (2) سریشی خلیے (3) 1 اور 2 (4) حرکی عصب

14۔ عصبیوں میں یہ حصے پائے جاتے ہیں۔

(1) خلیے کا جسم (2) شجریہ (3) محوریہ (4) یہ تمام

15۔ محوریہ Axon کو عام طور سے یہ کہا جاتا ہے۔

(1) عصبی ریشے (2) پلازمہ (3) شجریے (4) عصبی مختتم

16۔ اس بیماری میں وائرس حرکی عصبیوں کو تباہ کر دیتے ہیں۔

(1) ملیریا (2) پولیو (3) بخار (4) کینسر

17۔ وہ نظام جو جسم کے اندر اور باہر ہونے والی دونوں تبدیلیوں کے ردِعمل کو ظاہر کر سکتا ہے۔

(1) ہضمی نظام (2) قناتی نظام (3) عصبی نظام (4) دورانی نظام

18۔ نیسل کے دانے (Nissel Granules) موجود ہوتے ہیں۔

(1) ایوسی نوفل (2) سریشی خلیے (3) عصبیے Erythrocytes (4)

ANSWERS

1-2	2-3	3-1	4-1	5-4	6-2	7-2	8-3	9-4	10-2
11-4	12-3	13-3	14-4	15-1	16-2	17-3	18-3		

- ❖ نسل۔ اولاد/موجودہ نوع کی مستقبل کی اولاد۔
- ❖ کیسہ۔ ایک دبیز حفاظتی دیواری پرت جو کسی خلیہ، لاروا یا عضویہ کو گھیرے رہتا ہے۔
- ❖ Fragmentation ۔ چند جاندار مادر جسم کے بالکل علیحدہ شدہ ایک ٹکڑے کے ذریعہ نمو پا سکتے ہیں۔ اس عمل کو Fragmentation کہا جاتا ہے۔ مثلاً الجی۔
- ❖ Regeneration بازنمو۔ کئی عضویوں میں یہ صلاحیت موجود ہوتی ہے کہ وہ اپنے جسم کے کسی بھی ایک حصہ سے ایک نیا عضویہ بناتے ہیں جس کا بازنمو کہا جاتا ہے

- Vegetative Propagation نباتی اشاعت۔ کئی پودوں میں اپنے نباتی حصوں جیسے تنہ، جڑ اور پتہ وغیرہ سے نئے پودے نمو پاتے ہیں نباتی اشاعت کہا جاتا ہے۔ مثلاً آلو، رتالو وغیرہ۔
- Parthenogenesis باکرہ ثمریت۔ یہ ایک غیر جنسی طریقہ تولید کی شکل ہے جس میں مادہ زواجہ بغیر باروری کے جفتہ میں نمو پاتا ہے۔
- Cutting قلم کاری۔ یہ مصنوعی نباتی اشاعت کا ایک طریقہ ہے جس میں مولد پودے کا ایک حصہ جس پر کلی موجود ہو اصل پودے سے کاٹ کر علیحدہ کر کے نم مٹی میں بویا جاتا ہے جس پر جڑ اور کونپلیں نکل کر ایک نئے پودے میں نمو پاتا ہے۔ مثال۔ گلاب، گنا وغیرہ۔
- Layering داب لگانا۔ اس طریقہ میں کرایب (node) رکھنے والی ایک شاخ کو زمین جھکا کر زمین سے مس کیا جاتا ہے جس کو نم مٹی سے ڈھانک دیا جاتا ہے۔ شاخ کی راس کو زمین سے اوپر کھلا رکھتے ہیں۔ چند دن بعد زمین میں موجود شاخ کے حصے سے جڑیں نمو پاتی ہیں اور شاخ کو مولد پودے سے علیحدہ کیا جاتا ہے وہ حصہ جہاں سے جڑیں نمو پاتی ہیں ایک نئے پودے میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ مثال چنبیلی، گنیر وغیرہ
- Grafting پیوند کاری۔ اس طریقہ میں دونوں پودوں کو کچھ اس طرح جوڑ دیا جاتا ہے کہ وہ تنے آپس میں جڑ جائیں اور ایک واحد پودے کی طرح نمو پاتے ہیں۔ وہ پودا جو زمین میں لگا رہتا ہے اصل (Stock) اور دوسرے پودے کا کاٹا ہوا تنہ بغیر جڑوں کے پیوند (Scion) کہا جاتا ہے۔ اصل اور پیوند دونوں کو ایک دھاگے سے باندھ دیا جاتا ہے اور اس پر ایک پالی تھین Cover چڑھا دیا جاتا ہے۔ مطلوبہ خصوصیات کے حال پودے کو حاصل کرنے کے لئے پیوند کاری کا طریقہ مفید ہوتا ہے۔ مثال۔ سیب، آم وغیرہ۔
- مطلوبہ خصوصیات۔ پودے کے متوقع بہتر خصوصیات جیسے لمبائی، مزہ، رنگ اور پیداوار وغیرہ مطلوبہ خصوصیات کہلاتے ہیں۔
- Tissue Culture ساختی کلچر (بافتی مزرعہ)۔ انفس (Amnion) اور جنین کے درمیان کی خلاء ایک سیال سے بھری رہتی ہے جس کو انفسی سیال کہا جاتا ہے۔ یہ سیال طبعی دھکوں یا میکانکی دھکوں سے جنین کی حفاظت کرتا ہے۔
- Placenta میشمیہ۔ یہ ایک بافت ہے جو جنین اور ماں کے خلیوں سے مل کر بنتی ہے اور یہ حمل کہ تقریباً 12 ہفتوں کے بعد بنتا ہے اس کا اہم فعل جنین کو غذا فراہم کرنا ہوتا ہے۔
- Umbilical cord نافی ڈور۔ یہ ایک نالی نما ساخت ہے جو Allantois سے نکلتی ہے جس کو نافی ڈور کہا جاتا ہے۔ یہ میشمیہ کو جنین سے جوڑتی ہے۔
- Mitosis خیطی تقسیم۔ خیطی تقسیم دراصل جسمی خلوی تقسیم ہے اور دختر خلیے ہر لحاظ سے مادر خلیے کے مشابہ ہوتے ہیں۔ کسی بھی عضوئے میں عضوی نظام میں نمو خیطی تقسیم کے ذریعہ خلیوں کی تعداد بڑھنے سے ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اس تقسیم میں دختر خلیوں میں پائے جانے والے کروموزومس کی تعداد مادر خلیوں میں پائے جانے والے کروموزمس کے مساوی ہوتی ہے۔
- Meiosis تخفیفی تقسیم۔ تخفیفی تقسیم دراصل جنسی خلیوں (Germ Cells) میں واقع ہوتی ہے۔ اور دختر خلیوں میں کروموزومس کی تعداد مادر خلیوں کی تعداد کا نصف ہوتی ہے۔
- Chromatid کروماٹڈ۔ ہر کروموزومس طولی طور رپ تقسیم ہو کر دھاگہ نما دو بازو (Strands) میں بٹ جاتے ہیں جنھیں کروماٹڈ کہا جاتا ہے جو سینٹرومیر (Centromere) کے ذریعہ باہم جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔
- کروموزوم۔ خلیے کے مرکزہ میں چند منتشر دھاگہ نما ساختیں موجود ہوتی ہیں جنھیں کروموزومس کہا جاتا ہے۔ جس میں جینی مادہ (Genetic material) موجود ہوتا ہے۔

- Foeticide جنین کشی۔ حمل کو ساقط کرنا یا ختم کرنا جنین کشی کہلاتا ہے۔
- HIV-AIDS۔ Human Immuno Virus (HIV) انسان کے مامونیتی نظام (Immune System) کو تباہ کرتا ہے جس کی وجہ سے Acquired Immuno Defficiency Syndrome (AIDS) نامی بیماری لاحق ہوتی ہے۔
- Vasectomy۔ یہ طریقہ برتھ کنٹرول کے لئے عمل جراحی کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ جس میں مردوں کے ناقل قنات کا چھوٹا سا حصہ علیحدہ کر کے اس کے دونوں سروں کو اچھی طرح سے باندھ دیا جاتا ہے۔ جس کو Vasecotomy کہا جاتا ہے۔
- Tubectomy۔ یہ طریقہ عورتوں میں برتھ کنٹرول کے لئے عمل جراحی کے ذریعہ کیا جاتا ہے جس میں ان کے فیلوپی نالی (بیضہ نالی) کے چھوٹے حصہ کو کاٹ کر علیحدہ کر کے دونوں سروں کو اچھی طرح باندھ دیا جاتا ہے۔ یہ بیضہ کو بیضہ نالی میں داخل ہونے سے روکتا ہے اس طریقہ کو Tubectomy کہا جاتا ہے۔
- STD۔ Sexually Transmitted Diseases (STD) یعنی جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں کو کہا جاتا ہے۔ مثال۔ سوزاک، AIDS وغیرہ۔
- Contraceptive مانع حمل۔ کوئی آلہ یا کیمیائی شئے جو عورتوں میں حمل کو روکتا ہے Contraceptive کہلاتا ہے۔
- Cytokinesis:۔ خلیہ کی تقسیم کے دوران خلیہ مایہ کی تقسیم سائیٹو کائینس کہلاتا ہے جو دو دختر خلیے بننے میں مددگار رہوتی ہے۔
- Binary Fission دو پارگی۔ یہ ایک غیر جنسی طریقہ تولید ہے جس میں جاندار دو مساوی حصوں میں تقسیم ہوتا ہے مثال۔ بیکٹیریا، پیرامیشیم وغیرہ۔
- Sporophyll۔ فرن کے پتہ کے نچلی جانب بذرے (Spores) موجود ہوتے ہیں اس لئے اس پتہ کو Sporophyll کہا جاتا ہے مثال فرن، ماس کا پودا وغیرہ۔
- Testis انثیہ۔ نر تولیدی عضو جو منویہ کو تیار کرتا ہے یا نر تولیدی خلیے تیار کرتا ہے۔ انثیہ یا خصیہ کہلاتا ہے۔
- Scrotum فوطہ۔ نر کے جسم کے باہر ایک تھیلی نما ساخت موجود ہوتی ہے جس میں دو انثئے موجود ہوتے ہیں اس تھیلی کو انثی تھیلی Scrotum کہا جاتا ہے۔
- Chorion سلی۔ یہ بیرونی پرت ہے جو جنین کو گھیرے رکھتی ہے۔
- Amnion انفس۔ یہ ایک تھیلی نما ساخت ہے جو راست طور پر جنین کو گھیرے رہتی ہے۔
- Colostrum۔ پستانوی غدود سے پہلی مرتبہ بچہ کی پیدائش کے بعد افراز ہونے والا مادہ ہے جس میں بھرپور مقدار میں Anti bodies پائے جاتے ہیں۔
- تولید سے مراد عضویوں کی وہ صلاحیت ہے جو مشابہہ نوع کے افراد کی نئی نسل کو پیدا کرتی ہے۔ اس کے ذریعہ والدین کی خصوصیات نئی نسل میں منتقل کی جاتی ہیں اور یہ زندگی کے تسلسل اور نسل کی برقراری کے لئے ضروری ہے۔
- جنسی تولید میں والدین کے تولیدی خلیوں میں کروموزومس کی تعداد گھٹ کر نصف ہو جاتی ہے۔
- اعلیٰ پودوں میں جنسی تولیدی عضو پھول ہوتا ہے جس کے چار گھیرے یعنی اکمامہ، اکلیلچہ، نر کوٹ اور مادہ کوٹ ہوتے ہیں۔
- زر ریشے اور مادگین نر اور مادہ زواجوں کو تیار کرتے ہیں۔ بیض خانہ کے اندر بویضہ پایا جاتا ہے۔

- جانداروں میں جنسی تولید کے ساتھ ساتھ غیر جنسی تولید کا عمل بھی انجام پاتا ہے۔
- پارگی، کلیاؤ، زیرگی، بازنمو، بذروں کا بننا وغیرہ غیر جنسی تولید کے اقسام ہیں۔
- نباتی اشاعت قدرتی یا مصنوعی بھی ہوتی ہے اور اس کی معاشی اہمیت ہے۔
- خیطی تقسیم کے وجہ سے دو دختر خلیے حاصل ہوتے ہیں اور کروموزومس کی تعداد ان کے والدین کے مساوی ہوتی ہے۔ جس میں پروفیز، مٹیا فیز، انافیز اور ٹیلوفیز مراحل ہوتے ہیں۔
- تخفیفی تقسیم کی وجہ سے چار دختر خلیے حاصل ہوتے ہیں اور ان کے کروموزومس کی تعداد والدین سے نصف ہوتی ہے۔
- انٹرفیز کو تین مراحل میں تقسیم کیا جاسکتا ہے یہ S، G1 اور G2 مراحل ہیں۔
- منوئیے نہایت چھوٹے خوردبینی فعال نرز واجے ہوتے ہیں اس کی گردن بہ ہی چھوٹی ہوتی ہے اور یہ سر اور درمیانی ٹکڑے کو جوڑتی ہے۔
- منوی خلیہ لمبی دم کے ساتھ ایک سوطیاتی ساخت ہوتا ہے ہے یہ دُم بیضہ کی جانب حرکت کرنے میں مدد دیتی ہے۔
- بیض دان میں بے شمار تھیلی نما ساختیں پائی جاتی ہیں جنھیں گرافی جرابیں کہا جاتا ہے ہر جراب کے مرکزہ میں ایک بڑا خلیہ ہوتا ہے جس کو بیضہ کہا جاتا ہے۔
- نمو پانے والے جنین کے اطراف دو پرتیں، انفسی پرت اور سلی پرت پائی جاتی ہیں جن کے درمیان ایک سیال پایا جاتا ہے جس کو انفسی سیال کہا جاتا ہے،
- مشیمیہ ایک بافت ہے جو جنین اور ماں کے خلیوں سے تیار ہوتا ہے۔ جو جنین کو مقویات اور آکسیجن وغیرہ پہنچاتا ہے۔
- برآرندہ قناتیں Vasaefferentia منی بردار نالیچے Seminiferous tubules سے منویوں کو حاصل کر کے برنج Epididymis بناتی ہیں جہاں منوئیے عارضی طور پر ذخیرہ کیئے جاتے ہیں۔
- نر تولیدی نظام میں معاون غدودوں میں ایک قدامیہ غدود Prostate gland دو کوپر غدود Cowper Gland ایک سیال کا افراز کرتے ہیں جسے منی Semen کہا جاتا ہے۔
- نر تولیدی عضو کا نمو Testosterone ہارمون کی وجہ سے ہوتا ہے جو ثانوی جنسی خصوصیات کو قابو میں رکھتے ہیں۔
- نافی ڈور جنین کو مشیمیہ سے جوڑتی ہے۔
- پودوں میں جنین ایک یا کئی بیج پتیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان میں ایک اوپری تخم برگ Epicotyl اور دوسرا زیر تخم برگ Hypocotyl کہلاتا ہے۔ یہ دونوں ایک سلاخ نما محور کے حصے ہیں جو بیج پتے سے جڑا رہتا ہے۔
- وہ جانور جو بچوں کو جنم دیتے ہیں بچہ زا (Viviparous) کہا جاتا ہے۔
- وہ جانور جو انڈے دیتے ہیں انہیں بیضہ زا (Oviparous) کہا جاتا ہے۔
- بچہ زا جانوروں سے بیرونی کان اور جلد پر برادی بال موجود ہوتے ہیں۔
- جانوروں میں تولید کے دو طریقے ہوتے ہیں۔ ایک صنفی تولید دوسرا غیر صنفی تولید۔
- غیر صنفی تولید میں زواجوں کا ملاپ نہیں ہوتا۔
- غیر صنفی تولید کی مثال کلیاؤ اور پارگی وغیرہ ہے۔
- نر اور مادہ زواجوں کے ملاپ سے واقع ہونے والا تولیدی عمل صنفی تولید کہلاتا ہے۔

- نرتولیدی اعضاء انثیئے منوی نالی اور عضویئے تناسل پر مشتمل ہوتے ہیں۔
- مادہ تولیدی اعضاء بیض دان نالی اور رحم پر مشتمل ہوتے ہیں۔
- دو پارگی میں ایک واحد دختر خلیہ عام طور پر دو دختر خلیوں میں تقسیم ہوتا ہے مثلاً بیکٹیریا، یوگلینا وغیرہ۔
- جنسی تولید میں والدین کے تولیدی خلیوں میں کروموزومس کی تعداد گھٹ کر نصف ہو جاتی ہے۔
- عرشہ پر موجود پھولی ہوئی ساخت بیض خانہ (Ovary) کہلاتی ہے جس میں بیج (Seeds) تیار ہوتے ہیں۔
- بیض خانہ کے اندر بیض دان پایا جاتا ہے۔
- مینڈک کے منویوں کے گروپ کو ملٹ (Milt) کہا جاتا ہے۔
- مینڈک کے انڈوں کے مجموعہ یا ڈھیر کو Spawn کہتے ہیں۔
- انسانی نرتولیدی نظام ایک جوڑا انثیوں کئی معاون غدودوں اور قناتوں پر مشتمل ہوتا ہے یعنی نرتولیدی اعضاء انثیئے منولی نالی اور عضویئے تناسل پر مشتمل ہوتا ہے۔
- بارورشدہ بیضہ جفتہ (Zygote) کہلاتا ہے۔
- مادہ جسم کے باہر ہونے والی باروری (External Fertilization) کہلاتی ہے مثلاً مینڈک، مچھلی وغیرہ۔
- مادہ جسم کے اندر ہونے والی باروری کا عمل اندرونی باروری (Internal Fertilization) کہلاتی ہے مثلاً بندر، کتا، انسان وغیرہ۔
- ایسا طریقہ تولید جہاں زواجوں کا ملاپ نہیں ہوتا غیر صنفی تولید کہلاتا ہے۔
- مینڈک یا دوسرے جانوروں کے لاروے کا کئی تبدیلیوں کے بعد بالغ عضویئے میں تبدیل ہونے کا عمل تقلب (Metamorphosis) کہلاتا ہے۔
- جفتہ کی مسلسل تقسیم سے جنین (Embryo) تیار ہوتا ہے۔
- جنین مزید نمو پانے کے بعد مادر رحم کی دیوار میں پیوست (Implant) ہو جاتا ہے۔
- جنین (Embryo) کا وہ مرحلہ جس میں جسم کے تمام اعضاء کی شناخت ہو پاتی ہے اسے مضغیہ (Foetus) کہا جاتا ہے۔
- مضغیہ (Foetus) کے مکمل نمو پانے تک کی مدت کو ''مدت حمل'' یا Pregnancy کا دور کہا جاتا ہے۔
- مدرت حمل کا دور تقریباً 280-270 دن ہوتا ہے۔
- انسانی منویہ تین حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ (1) سر (2) درمیانی تکڑا (3) دم
- مینڈک کے دور حیات میں مچھلی نما جاندار کو غوکچہ (Tadpole) کہا جاتا ہے۔
- ایان ولمٹ (Ian Wilmut) اور اس کے ساتھیوں نے 5/جولائی 1996ء کو ایک بھیڑ کو کلوننگ کے ذریعہ تیار کیا جس کا نام ڈولی (Dolly) تھا۔
- 13 تا 19 سال کی عمر کے دور کو نوبلوغت یا سن بلوغ کہا جاتا ہے۔
- سن بلوغ کے دوران لڑکوں اور لڑکیوں میں ثانوی جنسی خصوصیات نمودار ہوتے ہیں۔
- لڑکوں کے گلے (Throat) کے ابھار کو کنٹھ (Adam's Apple) کہا جاتا ہے۔
- نوبالغوں میں پسینہ کے غدود (Sweat Glands) اور شحمی غدود (Sabaceous Glands) بہت زیادہ فعال (Active) ہوتے ہیں۔

❖ لڑکیوں میں حیض کے دور کے آغاز کو حیض اول (Menarch) کہتے ہیں جس کے دوران بیض دان سے بیضہ کا اخراج عمل میں آتا ہے۔

❖ لڑکیوں میں 10 تا 12 سال کی عمر میں ثانوی جنسی تولیدی عمل کا آغاز ہوتا ہے۔ خصوصاً حیض کا دور جو 45 تا 50 سال کی عمر تک برقرار رہتا ہے۔

❖ ثانوی جنسی خصوصیات کا نمو اور ان کی پختگی کو ہارمونس (Hormones) کنٹرول کرتے ہیں۔

❖ ہارمونس (Hormones) درون افرازی غدود سے افراز ہوتے ہیں جو راست طور پر خون (Blood Stream) میں افراز ہوتے ہیں۔

❖ بلغمی غدود (Pituitary Gland) ' Growth Hormones کا افراز کرتا ہے جو دوسرے غدود کے ہارمونس کے افراز کو Stimulate متحرک کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

❖ بلغمی غدود (Pituitary Gland) کو استادی غدود (Master Gland) بھی کہا جاتا ہے۔

❖ اگر رحم میں باروری کا عمل واقع نہ ہوا تو غیر بارور شدہ بیضہ اور رحم کی دیوار پرت ٹوٹ کر خون کے نالیوں سمیت جسم سے باہر نکل جاتے ہیں جس کو حیض (Menstruation) کہا جاتا ہے۔

❖ Testis سے Testosterone ہارمون کا افراز ہوتا ہے جو مردانہ ثانوی جنسی خصوصیت کے لئے ذمہ دار ہوتا ہے۔

❖ National Programme for Education of girl child at Elementary level (NPEGEL) کے تحت ہماری ریاست میں Sanitary Napkins مہیا کئے جارہے ہیں۔

❖ Standly Hall کے مطابق نوبلوغت کا دور دراصل ''دباؤ اور تناؤ'' (Stress and Strain) کا دور ہوتا ہے۔

❖ برگردوی غدود (Adrenal Gland) سے Adrenalin نامی ہارمون کا اخراج عمل میں آتا ہے جو جذبات پر قابو پانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

❖ بیض دان (Ovary) سے دو نسوانی ہارمونس کا اخراج ہوتا ہے۔ (1) Estrogen (2) Progesterone

❖ Estrogen ہارمون لڑکیوں میں پستانوں کے نمو اور دودھ کے افراز میں مدد دیتا ہے۔

❖ نوبلوغت کے دور کے بعد فرد کے قد میں اضافہ ہونا رک جاتا ہے۔

❖ ہارمونس انسانوں میں شکر کی سطح (Sugar Level) نمک اور کیلشیم اور پانی کی سطح پر کنٹرول کرنے کے علاوہ یہ تولیدی نظام کے نمو میں اہم کردار کرتے ہیں۔

❖ حیض کا دور تقریباً 28 تا 30 دن میں ایک دفعہ واقع ہوتا ہے اور 45 تا 50 سال کی عمر کے بعد یہ دور ختم ہوجاتا ہے جس کو انقطاع حیض (Menopause) کہا جاتا ہے۔

❖ نوبلوغت کے دور میں متوازن غذا کا استعمال نہایت مفید ہوتا ہے۔

❖ نوبالغ چٹ پٹی، بازاری اور Junk foods سے پرہیز کرنا چاہئے جو ان کے نشوونما پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

✡✡✡✡✡

1۔ عضویئے کی وہ صلاحیت جو مشابہہ نوع کے افراد کی نئی نسل کو پیدا کرتی ہے۔

(1) تولید (2) تنفس (3) اخراج (4) ہاضمہ

2۔ نرتولیدی نظام اس پر مشتمل ہوتا ہے۔

(1) Testes (2) امدادی غدود (3) قناتی نظام (4) یہ تمام

3۔ نرجنسی اعضا اس ہارمونس کا اخراج کرتے ہیں۔

(1) ٹسٹوسٹیرون (2) لیوٹنیزنگ ہارمون (3) پروجیسٹرون (4) یہ تمام

4۔ باروری کے دوران مادہ تولیدی نظام میں منوئے گھنٹوں تک زندہ رہتے ہیں۔

(1) 40 تا 60 گھنٹے (2) 24 تا 72 گھنٹے (3) 14 تا 20 گھنٹے (4) 28 تا 60 گھنٹے

5۔ مادہ جنسی تولیدی اعضا ان ہارمونس کا افراز کرتے ہیں۔

(1) ایسٹروجن (2) پروجسٹرون (3) 1 اور 2 (4) ٹسٹواسٹیرون

6۔ جینی Embryonic اور مضغے (Foetus) کی نشوونما کے لئے جملہ ہفتوں کا وقت درکار رہوتا ہے۔

(1) 32 (2) 40 (3) 25 (4) 45

7۔ مضغہ (Foetus) اس کے ذریعہ ماں کے رحم سے جڑا رہتا ہے۔

(1) نافی ڈور (2) Placenta (3) Embryonic Membrance (4) یہ تمام

8۔ بیضہ دانی جرابوں (Ovarian Follicle) سے بیضے کا اخراج کہلاتا ہے۔

(1) باروری (2) بیض ریز (3) تنصیب (4) کوئی بھی نہیں

9۔ واحد خلیہ دو دختر خلیوں میں تقسیم ہوجاتا ہے یہ عمل کہلاتا ہے۔

(1) دوپارگی Binary Fission (2) Budding (3) تولید (4) خیطی تقسیم

10۔ کس طرح منویہ بیضہ خلیے کی جھلی کو توڑتا ہے؟ اس جواب کو منتخب کیجئے جو آپ صحیح سمجھتے ہیں۔

(1) جھلی میں ایک سوراخ بناتا ہے (2) جھلی کو کیمیائی اشیاء کی مدد سے حل کرتا ہے

(3) موٹی جھلی کو دانتوں سے کترتا ہے (4) جھلی میں موجود خلاء سے گذرتا ہے

11۔ بیضہ خلیہ منوی خلیوں سے بڑے کیوں ہوتے ہیں اس جواب کو منتخب کیجئے جو آپ صحیح سمجھتے ہیں۔

(1) بیضہ خلیوں میں بہت زیادہ خلیے پائے جاتے ہیں (2) باروری کے بعد نمو کے لئے معاون ذخیرہ شدہ

(3) موٹی خلوی پرت کی وجہ سے (4) بڑے مرکزے کی وجہ سے

12۔ مضغیہ کے نمو میں ذیل کی کونسی چیز رکاوٹ بنتی ہے۔

(1) سگریٹ کے دھویں میں موجود کیمیکلس (2) الکوہل (3) ڈرگس (4) اوپر کے تمام

13۔ انسانی دور حیات میں ذیل کا کونسا تسلسل صحیح ہے۔

(1) نوزائیدہ، بچپن، نوبالغ، بالغ (2) بچپن نوزائیدہ بالغ، نوبالغ

(3) نوبالغ نوزائیدہ بالغ بچپن (4) ان میں سے کوئی نہیں

14۔ جنسی تولید کا اہم حصہ ہوتا ہے۔

(1) ایک واحد عضویہ (2) صرف خیطی تقسیم میں

(3) زواجوں کا بننا (4) مشابہ نسل کی پیدائش جو والدین کے مماثل ہو

15۔ پھول کے وہ حصے جو باروری کے بعد بھی کارآمد رہتے ہیں۔

(1) بیضدان (2) نرکوٹ (3) نئے اور کلغی (4) اکمامہ اور اکلیلچہ

16۔ باروری کے دوران جنینی تھیلی (Embryo Sac) کے اندر دوگونہ حالات دیکھے جاسکتے ہیں۔

(1) انڈے (2) سہکار (3) ثانوی مرکزہ (4) Antipodals

17۔ بیضدان کے اندر گدی نما حصہ جہاں سے بویضہ نکلتے ہیں کہلاتا ہے۔

(1) مرکزینہ (2) کلازا (3) مشیمیہ (4) سوراخچہ

18۔ کس میں تخفیفی تقسیم واقع ہوتی ہے۔

(1) زرریشہ (2) زردان فص (3) زیرہ مادر خلیے (4) زیرہ دانے

19۔ ثمر برگ میں موجود ہوتے ہیں۔

(1) نرکوٹ (2) مادہ کوٹ (3) بیض دان (4) بیج

20۔ ان میں بیرونی باروری واقع ہوتی ہے۔

(1) مینڈک، چوہا (2) کوا، مچھلی (3) سانپ، مچھلی (4) مینڈک، مچھلی

21۔ ان میں اندرونی باروری واقع ہوتی ہے۔

(1) پرندے، مچھلی (2) ہوام مینڈک (3) پستانیے مینڈک (4) ہوام، پستانیے

22۔ گرافی جرابین (Graffian follicle) پائی جاتی ہے۔

(1) فیلوپی نالی میں (2) رحم میں (3) مبال میں (4) بیض دان میں

23۔ ایسے حیوانات جن میں نر اور مادہ تولیدی اعضاء ایک ہی جسم میں موجود ہوتے ہیں کہلاتے ہیں۔

(1) Hermophrodite دوجنسیا (2) ثانوی جنسی

(3) دوجنسی Bi-Sexual (4) ان میں سے کوئی بھی نہیں

24۔ ایک جفتہ تقسیم ہوتا ہے۔

(1) تخفیفی تقسیم (Meiosis) (2) خیطی تقسیم (Mitosis) (3) Meiosis اور Mitosis (4) سنجوگ

25۔ سنجوگ کا ایک طریقہ ہوتا ہے۔

(1) غیر جنسی تولید (2) جنسی تولید (3) کلیاو (4) دوپارگی

26۔ جراب (Follicle) سے تحریکی ہارمون افراز کیا جاتا ہے۔

(1) تھائیرائیڈ (2) لبلبہ (3) مخاطہ Pituitary (4) Adrenal

27۔ لیوٹینائزنگ ہارمون (Leutinizing Hormones) افراز کیا جاتا ہے۔

(1) Parathyroid (2) برگردہ Adrenal (3) لبلبہ (4) مخاطہ Pituitary

28۔ گرافی جرابین Graffian Follicle پائی جاتی ہے۔

(1) فیلوپی نالی میں (2) رحم میں (3) مبال میں (4) بیضدان میں

29۔ اس جانور میں جنس کے اعتبار سے غذا بھی مختلف ہوتی ہے۔

(1) تتلی (2) Catepiller (3) مچھر (4) انسان

30۔ امیبا غذا حاصل کرنے اور شکار پکڑنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

(1) کاذب پیر Pseudopodia (2) Tentacles (3) Cilia (4) یہ تمام

31۔ کلاں خور Macrophagous کی مثالیں ہیں۔

(1) انسان (2) شیر (3) بلی (4) یہ تمام

32۔ Plankton feeder اپنی غذا ان سے حاصل کرتے ہیں۔

(1) سمندری حیوانات ونباتات (2) بڑے غذائی مادے (3) حشرات وکیڑے (4) صرف حیوانات

33۔ جرابے (Follicle) سے خارج کیا جانے والا بیضہ داخل ہوتا ہے۔

(1) برنج (2) ناقل قنات (Vasadeferens)

(3) فیلوپی نالی (4) رحم

34۔ منی بردار نالیچے (Seminiferous Tubules) ان میں پائے جاتے ہیں۔

(1) بے شمار نالیچے (Lobules) (2) Acrosome (3) مبال Urethera (4) یہ تمام

35۔ ایسی کیمیائی اشیاء توانائی پیدا کرنے، نمودار جسم کی تعمیر کے لئے ضروری ہوتی ہیں کہلاتی ہیں۔

(1) مقویات (2) Nutrient (3) چربیاں (4) پروٹینس

36۔ حیاتین اور معدنیات جیسے لوہا، مالبڈ نیم خورد مقویات کو حاصل کرنا کہلاتا ہے۔

(1) نگلنا (2) تغذیہ (3) انجذاب کرنا (4) ان میں کوئی نہیں

37۔ ایک گرام گلوکوز سے پیدا کی جانے والی حرارہ توانائی۔

(1) 4 کلوحرارہ (2) 8 کلوحرارہ (3) 12 کلوحرارہ (4) 3 کلوحرارہ

38۔ ہڈیوں اور دانتوں پر مینا کاری (Enamel) کی تیاری کے لئے یہ ضروری ہوتا ہے۔

(1) کلورین (2) فلورین (3) آیوڈین (4) سوڈیم

39۔ کواشیارکر اس تغذیہ کی کمی کے سبب ہوتا ہے۔

(1) ناقص تغذیہ (2) لحم حراری ناقص تغذیہ (3) حراری ناقص تغذیہ (4) ان میں کوئی نہیں

40۔ جس میں آیوڈین کی کمی کے نتیجے میں یہ غدود بڑھ جاتے ہیں۔

(1) Pitutary gland (2) درقی غدود (3) لعابی غدود (4) یہ تمام

41۔ لوہا Iron کی جسم میں کمی سے یہ بیماری ہوتی ہے۔

(1) فقرالدم (2) گلہڑ Goitre (3) بلڈ پریشر (4) دق

42۔ وٹامن C کی کمی سے یہ بیماری ہوتی ہے۔

(1) اسقربوط (2) شب کوری (3) خون کی کمی (4) کوئی بھی نہیں

43۔ حیاتین E کو یہ کہا جاتا ہے۔

(1) ٹوکوفیزال (2) مخالف عقم (3) 1 اور 2 (4) ان میں کوئی نہیں

44۔ بچوں میں حیاتین D کی کمی سے یہ بیماری ہوتی ہے۔

(1) کساح (2) یرقان (3) ہیضہ (4) ملیریا

45۔ مقویات Nutrients وہ کیمیائی اشیاء ہے جو اس کے لئے ضروری ہے۔

(1) جسم کی نشوونما (2) جسمانی بالیدگی (3) a اور b (4) ان میں کوئی نہیں

46۔ Macronutrients کلاں مقویات ہیں۔

(1) کاربوہائیڈریٹس (2) سوڈیم (3) لوہا (4) 1 اور 2

47۔ پروٹین Proteins اس سے بنے ہوتے ہیں۔

(1) امینو ترشے Amino Acids (2) Simple Carbohydrates (3) لوہا (4) 1 اور 2

48۔ Non-Essential Amino Acids غیر اہم امینو ترشے کی مثالیں ہیں۔

(1) Isoleucine (2) ویلاین Valine (3) Methionine میتھونائن (4) یہ تمام

49۔ گلوٹامائین Glutamine سیس ٹائن، اسپارٹک ترشہ وغیرہ اس کی مثالیں ہیں۔

(1) غیر اہم امینو ترشے (2) اہم امینو ترشے (3) وٹامن (4) پروٹین

50۔ چربیاں Fats اس سے بنی ہوئی ہوتی ہے۔

(1) شحمی ترشے (2) گلیسرال (3) معدنیات (4) 1 اور 2

51۔ آئیوڈین کی کمی سے یہ بیماری ہوتی ہے۔

(1) اندھاپن (2) دق (3) Goitre گلھڑ (4) خون کی کمی

52۔ چربیاں اس سنٹی گریڈ پر مائع حالت میں پائے جاتے ہیں۔

(1) $100^{o}C$ (2) $80^{o}C$ (3) $20^{o}C$ (4) $30^{o}C$

53۔ ایک گرام چربی سے اتنی کلوحرارہ توانائی خارج ہوتی ہے۔

(1) 5.49 (2) 4.49 (3) 9.45 (4) 5.94

54۔ قلیل عناصر (Trace elements) ہیں۔

(1) میگنیشیم، میگنیز، سوڈیم (2) جست، سیلینم، پوٹاشیم (3) تانبہ (4) فلورین، سلیینم، جست

55۔ ایک گرام گلوکوز سے خارج ہونے والی توانائی ہوتی ہے۔

(1) 4 کلوحرارہ (2) 5 کلوحرارہ (3) 8 کلوحرارہ (4) 3 کلوحرارہ

56۔ یہ خامرے گلوکوز کی آب پاشیدگی کرتے ہیں۔

(1) Amylase ایمی لیز (2) نشاستہ (3) 1 اور 2 (4) لی پیز

57۔ وہ کاربوہائیڈریٹس جو جگر (Liver) میں ذخیرہ کئے جانے پر انہیں کہا جاتا ہے۔

(1) گلوئیکوجن Glycogen (2) Lactogen (3) لیاکٹوز (4) یہ تمام

58۔ سیلولوز ہوتا ہے۔

(1) معدنیات (2) لحمیہ (3) چربی (4) کاربوہائیڈریٹ

59۔ انسانی جسم کیلئے روزآنہ تقریباً اتنی کیلشیم کی ضرورت ہوتی ہے۔

(1) 800 ملی گرام (2) 500 ملی گرام (3) 700 ملی گرام (4) 400 ملی گرام

60۔ سادہ کاربوہائیڈریٹس کی مثالیں ہیں۔

(1) گلوکوز (2) فرکٹوز (3) ڈی آکسی رائبوز (4) یہ تمام

61۔ ایسے حیوانات جو ایک ہی قسم کے غذائی مادوں کو بطور غذا استعمال کرتے ہیں کہا جاتا ہے۔

(1) Heterotrophs (2) Monophagous animals

(3) گندخوری Saprozoic (4) Holozoic ہمہ حیوانی

62۔ مائع غذا کو استعمال کرتا ہے۔

(1) مکھی (2) گھونگھا (3) مینڈک (4) مچھلی

63۔ وہ حیوانات جو ہمہ اقسام کی غذا استعمال کرتے ہیں کہلاتے ہیں۔

(1) ہمہ خور (2) نبات خور

(3) کثیراہاری Poly Phagus (4) خردخور Microphagous

64۔ دانتوں جیسی ساختیں جیسے Radula کہا جاتا ہے ان میں موجود رہتا ہے۔

(1) مچھر (2) گھونگھا (3) مینڈک (4) مچھلی

ANSWERS

1-1	2-4	3-1	4-2	5-3	6-2	7-1	8-2	9-1	10-1
11-2	12-4	13-1	14-3	15-1	16-3	17-3	18-3	19-2	20-4
22-4	22-4	23-1	24-2	25-2	26-3	27-4	28-1	29-3	30-1
31-4	32-1	33-3	34-1	35-1	36-2	37-1	38-2	39-1	40-2
41-1	42-1	43-3	44-1	45-3	46-4	47-1	48-4	49-2	50-4
51-3	52-3	53-3	54-4	55-2	56-3	57-1	58-4	59-2	60-4
61-2	62-2	63-3	64-2						

❁❁❁❁❁

- دوران۔ خون کی وہ حرکت جو دل اور دموی نالیوں کے ذریعہ جسم کے مختلف حصوں کو پہنچتا ہے دوران کہلاتا ہے۔
- دایاں اذیں۔ دل کا اوپری خانہ دایاں اذین کہلاتا ہے۔
- بایاں اذیں۔ دل کا اوپری خانہ بایاں اذین کہلاتا ہے۔
- دایاں بطین۔ دل کا نچلا بایاں خانہ دایاں بطین کہلاتا ہے۔
- بایاں بطین۔ دل کا نچلا بایاں خانہ بایاں بطین کہلاتا ہے۔
- نبض۔ ورید میں خون کی حرکت نبض کہلاتی ہے۔
- نبض شریاں۔ خون کی وہ نالیاں جو خون کو دل سے جسم کے مختلف حصوں تک پہنچاتی ہے۔
- ورید۔ خون کی وہ نالیاں جو خون کو جسم کے مختلف حصوں سے دل کو پہنچاتی ہے۔
- Stethoscope مسمع الصدر۔ وہ آلہ جس کے ذریعہ دل کی دھڑکن سن سکتے ہیں۔
- آورطہ۔ دل سے نکلنے والی بڑی شریان کو آورطہ کہا جاتا ہے۔
- شعریات۔ شریانک اور وریدک کو جوڑنے والے چھوٹے چھوٹے خون کی نالیوں کا جال شعریات کہلاتا ہے۔
- انقباض۔ دل کے سکڑنے کے مرحلے کو انقباض کہتے ہیں۔
- انبساط۔ دل کا اصل حالت میں لوٹ آنے کے عمل کو انبساط کہا جاتا ہے۔
- قلبی دور۔ دل کی دھڑکن کے سلسلہ وار مراحل جس میں خون کا دوران واقع ہوتا ہے قلبی دور کہلاتا ہے۔
- خون کا دباؤ۔ جس دباؤ کے ساتھ خود ن دموی وعاؤں (Blood Vessels) میں بہتا ہے اسے خون کا دباؤ (Blood Pressure) کہا جاتا ہے۔ایک صحت مند نارمل آدمی میں خون کا دباؤ 120/80mmHg ہوتا ہے۔
- لمف۔ لمف دراصل ایک بافتی سیال ہے۔
- اکہرا دوران۔ اگر دوران کے وقت دل سے خون صرف ایک مرتبہ ہی گزرتا ہو تو اسے اکہرا دوران کہا جاتا ہے۔
- دوہرا دوران۔ اگر دوران کے وقت دل سے خون دو مرتبہ گزرتا ہو تو اسے دوہرا دوران کہا جاتا ہے۔
- انجماد خون۔ زخم لگنے پر خون کا منجمد ہونا انجماد خون کہلاتا ہے۔
- اسفگمومیانومیٹر۔ خون کے دباؤ کی پیائش کرنے والے آلہ کو اسفگمومیانومیٹر کہا جاتا ہے۔
- پروتھرومبین۔ خون کے پلازمہ میں ایک قسم کا پروٹین موجود ہوتا ہے، جسے پروتھرومبین کہا جاتا ہے جو انجماد خون کے دوران یہ فعال Thrombin میں تبدیل ہوتا ہے۔
- فائبرنوجن۔ خون کے پلازمہ میں موجود ہوتا ہے جو انجماد خون میں مدد کرتا ہے اور فائبرنوجن دراصل فائبرین میں تبدیل ہوتا ہے۔
- فائبرین۔ یہ ایک ناحل پذیر پروٹین ہے جو فائبرنوجن سے انجماد خون کے دوران پیدا ہوتا ہے یہ ریشہ تیار کرتا ہے جو زخم کے کونوں سے جڑ جاتے ہیں اور ایک دوسرے کے قریب آتے ہیں۔جس کی وجہ سے خون کا بہاؤ رک جاتا ہے۔
- جڑ بال۔ پتلے دھاگہ نما ساختیں جو جڑوں سے لگی رہتی ہیں جو پودے کی غذا کو جذب کرنے میں مدد دیتی ہیں یعنی پانی اور معدنیات

- جڑ دباؤ۔ یہ وہ ولوجی دباو ہے جو پودوں کے خشبی وعاؤں میں پانی کو اوپری جانب ڈھکیلتا ہے۔
- نباتی مقویات۔ وہ ضروری معدنیات جو پودے کے عام نمو کے لئے درکار ہیں نباتی مقویات کہلاتے ہیں۔
- خشبہ۔ پودوں کی وہ بافتیں جو پانی اور معدنیات کو منتقل کرتی ہے۔
- لحاء۔ پودوں کی وہ بافتیں جو غذائی مادوں کو منتقل کرتی ہیں۔
- Vascular Bundles وعائی حزمے۔ خشبہ اور لحاء دونوں بافتوں کو ملا کر وعائی حزمے کہا جاتا ہے یہ بافتیں پودوں میں پانی غذا اور معدنیات کو منتقل کرتے ہیں۔
- Serum دماب۔ یہ خون میں پایا جانے والا مائع پروٹین ہے جو خون کے انجماد کے بعد علیحدہ ہوتا ہے۔
- Gastro Vascular Cavity معدئی وعائی کہفہ۔ Cnidarians میں یہ تھیلی نما ساخت ہے جو عمل ہاضمہ اور غذائی مادوں کو جسم کے تمام حصوں کو پہنچاتی ہے۔
- Aphids روکھ جوں:۔ یہ کیڑے اپنی لمبی سوئی نما سونڈ کی مدد سے پودوں میں چھید کر کے انکارس حاصل کرتے ہیں۔
- انسانوں میں آکسیجن، کاربن ڈائی آکسائیڈ، غذا اور اخراجی مادوں وغیرہ جیسی اشیاء کی منتقلی کے لئے تنقیلی نظام موجود ہوتا ہے۔
- دورانی نظام دل، خون کی نالیاں اور خون پر مشتمل ہوتا ہے۔
- حشرات میں خون کی نالیاں غیر موجود ہوتی ہیں اس لئے دل سے خون جسیمی کہفے میں پائی جانے والی جگہوں کو پمپ کیا جاتا ہے اس قسم کے دورانی نظام کو کھلا دورانی نظام کہا جاتا ہے۔
- بہت سے جانوروں میں خون کی نالیاں موجود ہوتی ہیں اس کو بند دورانی نظام کہا جاتا ہے۔
- خون دراصل پانی، نمکیات اور خلیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ خون کا رنگ ہیموگلوبین نامی پروٹین کی وجہ سے سرخ ہوتا ہے۔
- شریانین خون کو دل سے جسم کے مختلف حصوں کو پہنچاتی ہیں اور وریدین خون کو جسم کے مختلف حصوں سے دل کو لاتی ہیں۔
- نبض کی حرکت دل کی دھڑکن کے مساوی ہوتی ہے۔ دل کی دھڑکن کو مسمع الصدر (Stethoscope) کی مدد سے پیائش کر سکتے ہیں
- دل گرد قلبیہ دو جھلیوں سے گھرا ہوتا ہے۔ جس کے درمیان گرد قلبی سیال موجود ہوتا ہے جو دل کو میکانکل شاک سے حفاظت کرتا ہے۔
- اذین یں اذینی فاصل اور بطین میں بطینی فاصل کے ذریعہ علیحدہ موجود ہوتے ہیں۔
- دل کا ایک مرتبہ سکڑاؤ انقباص اور پھیلاؤ انبساط کہلاتا ہے اسی کو قلبی دور کہا جاتا ہے۔
- جانوروں میں خون جسمانی اعضاء کو پہنچنے سے قبل ایک مرتبہ اگر دل سے گذرے تو اکہرا دوران اور اگر کون دو مرتبہ دل سے گذرے تو دوہرا دوران کہلاتا ہے۔
- عمل ولوج کے ذریعہ پودے زمینی پانی کو جڑوں کے ذریعہ جذب کرتے ہیں۔
- ولیم ہاروے جو ایک انگریز ڈاکٹر تھا اس نے مردہ انسان کے دل کی تقطیع کی اور بتلایا کہ اذین اور بطین کے درمیان کھلمندن پائے جاتے ہیں جو کہ ایک جانبی موجود ہوتے ہیں۔ جو خون کے بغیر کسی روکاوٹ کے اذین سے بطین کی جانب بہنے دیتے ہیں۔
- مارسلو مالفجی نے خوردبین کے ذریعہ یہ معلوم کیا کہ خون کی نہایت ہی چھوٹی چھوٹی نالیاں موجود ہوتی ہیں، اور شریاں اور وریدیں اس سے جڑی ہوئی ہوتی ہیں اور اس نے ان کو شعریات کا نام دیا۔
- یک خلوی جانداروں جیسے امیبا میں نخز مایہ براؤنی حرکت (Brownian movement) عمل میں آتی ہے۔

❁❁❁❁❁

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کونسا بیان صحیح ہے۔

(1) روی نے کہا کہ خشبہ اور لحاء ایک دوسرے کے اوپر نلی نما ساخت کی طرح ترتیب دیئے ہوئے ہوتے ہیں۔

(2) جان نے کہا کہ خشبہ اور لحاء علیحدہ نلی نما ساخت ہے۔

(3) سلمہ نے کہا کہ خشبہ اور لحاء ایک دوسرے سے جڑ کر نلی نما ساخت بناتے ہیں۔

(4) ہری نے کہا کہ ان کی ساخت کی بناء پر ہم انہیں نلی نما ساختیں کہتے ہیں۔

2۔ روکھ جوں Aphids اپنے سونڈ (Proboscis) کو پودے کے اس حصہ میں چبھو کر پودے سے رس حاصل کرتے ہیں۔

(1) خشبہ (2) لحاء (3) Cambium (4) وعائی حزمے

3۔ دایاں اذین حاصل کرتا ہے۔

(1) آکسیجنی خون (2) لمف (3) ملواں خون (4) غیر آکسیجنی خون

4۔ ششی ورید یہاں سے خون لاتی ہے۔

(1) قلب (2) دماغ (3) گروہ (4) شش

5۔ انبساط سے مراد۔

(1) اذینی پھیلاؤ (2) لمفی دباؤ (3) خون کا دباؤ (4) دل کا پھیلاؤ

6۔ نارمل خون کا دباؤ mmHg ہوتا ہے

(1) 80/120 (2) 100/120 (3) 120/100 (4) 120/80

7۔ دوشرفی صمام خون کو بہنے دیتا ہے۔

(1) دائیں اذین سے بائیں اذین کو (2) بائیں اذین سے دائیں بطین کو

(3) بائین بطین سے دائیں بطین کو (4) بائین اذین سے بائیں بطین کو

8۔ انسان میں فوق وریدی جوف (Superior Venacava) خون کو جمع کرتی ہے۔

(1) جسم کے تمام حصوں سے (2) سر، پیر (3) ہاتھ، پیر (4) سر، گردن

9۔ انسان میں وریدی جوف اس میں کھلتا ہے۔

(1) دائیں اذین (2) بائین اذین (3) دائیں بطین (4) بائیں بطین

10۔ وہ خون کی نالی جو دل کو آکسیجنی خون لاتی ہے۔

(1) ششی شریان (2) زیریں جوفی ورید (3) اکلیلی ورید (4) ششی ورید

11۔ اس کے بند ہو جانے سے قلب پر حملہ (Heart attack) ہوتا ہے۔

(1) ششی شریاں (2) اکلیلی شریان (3) اکلیلی ورید (4) ششی ورید

12۔ انسان میں سہ شرفی صمام ان کے درمیان ہوتا ہے۔

(1) دایاں اذین اور بایاں بطین (2) بایاں اذین اور دایاں بطین (3) بایاں اذین اور بایاں بطین (4) دایاں اذین اور بایاں اذین

13۔ لمف اس نظام کا ایک حصہ ہے۔

(1) ہضمی نظام (2) تنفسی نظام (3) طبعی نظام (4) اخراجی نظام

14۔ اگر جسم پر زخم آجائے تو خون منجمد ہوتا ہے۔

(1) 3-6منٹ (2) 4-6منٹ (3) 2-5منٹ (4) 5-6منٹ

15۔ انسان میں فی منٹ دل کی دھڑکن ہوتی ہے۔

(1) 7مرتبہ (2) 46مرتبہ (3) 76مرتبہ (4) 72مرتبہ

16۔ نخرمایہ کی فطری براؤنی حرکت اس میں موجود ہوتی ہے۔

(1) امیبا (2) چپٹے دودھیہ (3) گول دودھیہ (4) اسفنج

17۔ دل سے غیر آکسیجنی خون کو حاصل کرتا ہے۔

(1) گردہ (2) شش (3) گردن (4) معدہ

18۔ انسان میں آکسیجن کا دباؤ کس آلہ سے معلوم کیا جاتا ہے۔

(1) بارپیما (2) اسفگمومیانومیٹر (3) تپش پیما (4) حراری پیما

19۔ آورطہ کے بائیں بطین میں داخلے پر جانے والے صماموں کی تعداد ہوتی ہے۔

(1) 2 (2) 3 (3) 4 (4) 5

20۔ گردقلبیہ کا تعلق اس سے ہوتا ہے۔

(1) شش (2) دماغ (3) دل (4) گردے

21۔ دائیں بطین میں ششی آورطہ کے داخلے پر پائے جانے والے صمام۔

(1) سہ شرفی صمام (2) دوشرفی صمام (3) تاجی صمام (4) نیم ہلالی صمام

ANSWERS

1-3	2-2	3-4	4-4	5-4	6-4	7-4	8-4	9-1	10-4	
11-3	12-4	13-4	14-1	15-4	16-1	17-2	18-2	19-3	20-3	21-4

❖ اشکی غدود (Lacrymal Gland) چکنا کرنے والے Lubricants کا افراز کرتے ہیں جو آنکھ کی حرکت میں مددگار رہتا ہے۔

❖ آنکھ میں پائے جانے والے Rods نیم اندھیرے اور Cones روشنی میں رنگین بصارت کے لئے مددگار رہوتے ہیں۔

❖ کور نقطہ Blind Spot ایک No Vision علاقہ ہے۔ جہاں سے بصارتی عصب Optical nerve ہر آنکھ سے باہر کی جانب نکلتی ہے۔

- جوہنس کیپلر Johannes Kepler علم فلکیات کا ماہر تھا۔
- آنکھ کے ڈھیلے کا 1/6 واں حصہ ہی ہمیں بیرونی طور پر دکھائی دیتا ہے۔
- شبکیہ Retina عصائیے Rods اور مخروطے Cones پر مشتمل ہوتا ہے۔
- عصائیوں Rods میں Rhodopsin Pigment موجود ہوتا ہے جو تاریکی میں دیکھنے میں مددگار رہوتا ہے۔
- ہدبی عضلات Ciliary Muscles اور Suspensory Ligament عدسہ کے طول ماسکی کو Adjust کرتے ہیں۔
- AADHAR شناختی کارڈ کے لئے ہماری آنکھ میں موجود Iris کے Pattern کو لیا جاتا ہے جو ہر فرد میں منفرد ہوتے ہیں۔
- آشوب چشم، کوتاہ نظری، دور نظری، شب کوری Night blindness، موتیابند Cataract اور پتلی پھیل جانا Glucoma وغیرہ آنکھ کی اہم بیماریاں ہیں۔
- بیرونی کان میں Ceruminous Glands اور روغنی غدود Sebaceous Glands ہوتے ہیں،
- کان میں دہلیز Vestibule اور نصف دائروی نالیاں مل کر Vestibular Asyaratus بناتی ہیں جو جسم کے توازن کو برقرار رکھنے میں مددگار رہوتی ہیں۔
- ہمارے ناک میں موجود Nasal receptors بو پیدا کرنے والے سالمات کی ساخت کی شناخت کرتی ہیں۔
- زبان پر موجود محصلی Receptors کے علاوہ ایک مخصوص عصب Hot Line ذائقہ سے متعلق پیغامات کو دماغ کے مخصوص حصوں تک لاتی ہے۔
- جلد کی نچلی پرت Dermis میں پسینہ کے غدود، روغنی غدود، جڑ بال Hair follicle خون کی نالیاں اور چربیاں وغیرہ موجود ہوتی ہیں۔
- زبان پر تقریباً 10,000 ذوقی کلیاں Papillae موجود ہوتے ہیں۔

✡✡✡✡✡

1۔ پہلی طبی امداد کو سب سے پہلے جرمنی کے اس باشندے نے متعارف کروایا۔

(1) Esmarch ایزمارچ (2) Alexandar (3) واٹسن (4) ایڈیسن

2۔ اس سرویس Service نے پہلی طبی امداد کو مقبول عام بنایا۔

(1) سینٹ جانس امبولنس (2) برٹش ریڈ کراس (3) سینٹ انڈریوس (4) یہ تمام

3۔ پہلی طبی امداد کا مقصد۔

(1) متاثرہ شخص کو زندہ رکھنے کے لئے (2) درد یا تکلیف سے نجات دلانے کے لئے

(3) ڈاکٹر سے رجوع ہونے تک (4) یہ تمام

4۔ منصوعی تنفس ان مرحلوں میں انجام دیا جاتا ہے۔

(1) مصنوعی دم درکشی (2) مصنوعی دم براری (3) 1 اور 2 (4) دونوں بھی نہیں

5۔ ادویات کے چھوٹے صندوقچے دیئے جاتے ہیں۔

(1) دیہی رہنمائے صحت کو (2) دایہ کو (3) کمپونڈر کو (4) آنگن واڑی کے کارندوں کو

6۔ 3000 تا 5000 کی آبادی کیلئے قائم کیا جاتا ہے۔

(1) ابتدائی صحت کا مرکز (2) ذیلی مرکزی دواخانہ (3) کمیونٹی مراکز صحت (4) دیہی دواخانہ

7۔ صحت کی نگہداشت نظام کا ایک مقصد ہے۔

(1) آبادی میں اضافہ کرنا (2) شرح اموات میں اضافہ

(3) آبادی کے اضافے میں کمی کرنا (4) لوگوں کو روزگار فراہم کرنا

8۔ سماج اور حکومت کے حفاظتی نظام کے درمیان رابطہ کے طور پر کام کرتا ہے۔

(1) دایہ (2) کمپونڈر (3) دیہی رہنمائے صحت (4) آنگن واڑی کا کارندہ

9۔ دو ہڈیاں ایک مخصوص طریقہ سے ریشوں Fibers کے ذریعہ جڑتی ہیں یہ

(1) Ligaments (رباط) (2) clavicle (3) Ribcage (4) یہ تمام

10۔ یہ جسم کی سب سے لمبی اور مضبوط ہڈی ہوتی ہے۔

(1) کاندھے کی ہڈی (2) ران کی ہڈی Femur (3) ریڑھ کی ہڈی (4) لچکدار ہڈیاں

11۔ Pelvic Girdle یہاں پر پائی جاتی ہے۔

(1) کمر کا نچلا حصہ (2) گردن میں (3) کہنی کے جوڑ میں (4) ران کے حصے میں

12۔ غضروف Cartilage جسم کے ان حصوں میں پائی جاتی ہے۔

(1) کان اور ناک (2) پسلی Rib اور نخالی ڈور (3) سینے کی ہڈی (4) یہ تمام

13۔ محوری جوڑ Pivotal Joint پایا جاتا ہے۔

(1) گردن (2) کہنی (3) ہاتھ (4) پسلی

14۔ Tendons وتر کی ساخت اس طرح ہوتی ہے۔

(1) رسی نما (2) دھاگہ نما (3) دائری (4) چپٹی

15۔ غیر فقریوں میں محصلی خلیے جو روشنی کے لئے حساس ہوتے ہیں۔

